UNIVERSAL
LIBRARY
OU_226533
UNIVERSAL
LIBRARY

سلسلۂ انجمن ترقی اردو

نمبر ۱۹

تاریخ اخلاق یورپ

جلد اول

یعنی لیکی کی مشہور کتاب "ہسٹری آف یورپین مارلس" کا ملخص ترجمہ

جس مین

فلسفۂ معاشرت، تمدن، مذہب و اخلاق کے باہمی تعلقات پر
یورپ قدیم کی تاریخ کی روشنی مین بحث کی گئی ہے۔

از

عبدالماجد بی۔ اے۔

ممبر رائل ایشیاٹک سوسائٹی آف گریٹ برٹن (لندن) و ایشیاٹک سوسائٹی آف بنگال (کلکتہ)

مصنف "فلسفۂ جذبات" و "فلسفۂ اجتماع" وغیرہ

باہتمام اسحاق علی علوی

الناظر پریس واقع چوک لکھنؤ مین طبع ہوئی

(جملہ حقوق محفوظ)

مطبوعات انجمن ترقی اردو

فلسفۂ تعلیم - ہربرٹ اسپنسر کے متعلق یورپ و امریکہ کے ارباب علم کا متفقہ فیصلہ یہ تھا کہ ارسطو کے بعد اس پایہ کا دوسرا شخص پیدا نہیں ہوا۔ یہ اسی کی لاجواب کتاب کا نہایت اعلیٰ درجہ کا ترجمہ ہے جسکے مطالعہ سے مسئلہ تعلیم پر نہایت صاف روشنی پڑتی ہے اور بڑی حد تک اس منزل میں رہنمائی ہوتی ہے قیمت ۸ عہ

القول الاظہر ترجمہ فوز الاصغر (ابن مسکویہ) اس کتاب میں تین نہایت مسائل بیان کیے گئے ہیں پہلا صانع عالم کا ثبوت نہایت عمدہ دلائل سے۔ دوسرا مسئلہ نفس اور اسکے ادراکات کے بیان میں، اور تیسرا اثبات نبوت میں ہے۔ اس میں مسئلہ ارتقاء جزواً کی تھیوری کی جاتی ہے موجود ہے۔ قابل دید کتاب ہے قیمت ۱۲ عہ

رہنمایان ہند جس میں بتایا گیا ہے کہ ہندوؤں کا اصل مذہب کیا ہے اور اس میں ہر زمانہ میں کیا کیا تبدیلیاں ہوئی ہیں اسکے رشی کرشن جی۔ سدھارتھ۔ گوتم بدھ کی جامع و مقدس عمری فلسفہ آموز تعلیمات و دیگر رہنمایان مثل شنکر اچارج۔ رامانج۔ رامانند۔ گورکھ ناتھ۔ اور کبیر کے مختصر تذکرات و تلقینات اور رامانند کے سرپرآوردہ مرید شعراء باکمال باوا جی سورداس، تلسی داس اور دیو کے حالات نہایت خوبی کیساتھ درج کیے گئے ہیں قیمت عہ

نپولین اعظم - قیصر ولیم جو یورپ کی موجودہ مصیبتوں کا بانی سمجھا جاتا ہے اسی نامور فاتح اور شہنشاہ کے نقش قدم پر چلنے کی کوشش کر رہا ہے جسکی مکمل سوانح عمری دیکھنے سے انسان کے حیرت انگیز کمالات اور قابلیتوں کا کسی قدر اندازہ کیا جا سکتا ہے قیمت جلد اول عہ جلد دوم عہ جلد سوم ہے، جلد چہارم عہ۔ جلد پنجم عہ

امرائے ہنود - اس کتاب میں عہد مغلیہ کے ہندو علماء و زراء۔ اکابر و مشاہیر عہد دارانِ امراء کے مفصل حالات ہیں جس سے معلوم ہوتا ہے کہ سلاطین کے عہد حکومت میں ہندوؤں کے ساتھ کیسی مساوات برتی جاتی تھی قیمت عہ

قرآن یعنی سر ہنری طامس بکل کی مشہور تصنیف "ہسٹری آف سویلزیشن" کا اردو ترجمہ۔ فلسفہ تاریخ کی یہ بہترین کتاب ہے جسمیں تاریخ کے اصول اسی طرح مرتب کیے گئے ہیں جیسے کہ طبعیات کے اصول مرتب ہو چکے ہیں۔ قیمت عہ

القمر - میں جیسا کہ اس کے نام سے ظاہر ہے چاند کی حقیقت و ماہیت پر علم ہیئت و ریاضی کی رو سے بحث کی گئی ہے جدید معلومات کے لحاظ سے یہ کتاب نہایت قابل قدر ہے قیمت ۸ عہ

مطبوعات جدید

مبادی سائنس - اس کتاب میں حیوانات، نباتات، جمریات و معدنیات کے تمام ابتدائی مسائل نہایت شرح و بسط کے ساتھ لکھے ہیں اور مولوی معشوق حسین خان بی اے (علیگ) کا نام نامی اس بات کی کافی ضمانت ہے کہ کتاب کے مطالب نہایت آسانی کے ساتھ ذہن میں آجائیں گے۔ قیمت مجلد عہ

فلسفۂ جذبات - علم النفس کے مضمون پر اردو کیا معنی عربی فارسی میں بھی کوئی کتاب موجود نہ تھی۔ حالانکہ معیشت کامل کے جتنے عناصر و شعبہ جات ہیں سب کے لیے اس علم کی تحصیل لازمی ہے۔ نیز راز ہستی کے انکشاف میں سب سے زیادہ اسی علم سے مدد ملتی ہے۔ یہ کتاب اسی علم کے شعبۂ جذبات کے متعلق ہے جس کے مصنف ملک کے لائق انشا پرداز مسٹر عبدالماجد بی اے ہیں۔ آخر کتاب میں اس علم کے متعلق جسقدر اصطلاحات علمیہ بنائی گئی ہیں انکی فرہنگ دیدی گئی ہے قیمت عہ مجلد عہ

مقدمات الطبیعات، مولفہ عالیجناب مرزا مہدیخان صاحب کوکب ایم۔ آر۔ ایس۔ ایم۔ ایم۔ آر۔ اے۔ ایس۔ ای۔ ایف جی۔ ایس، سابق ناظم محکمۂ مردم شماری ریاست حیدرآباد دکن مرزا صاحب موصوف کو دولت آصفیہ نے خاص علوم طبیعیہ کی اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کیلیے یورپ بھیجا تھا یہ لاجواب تالیف جو اردو زبان میں اپنی صنف کی پہلی ہی کتاب ہے تکمیل تعلیم کے بعد عرصہ تک اس فن

تاریخ اخلاق یورپ

جلدِ اوّل

از

عبدالماجد بی اے

فہرست مضامین

مضمون	صفحہ
دیباچہ	(الف) تا (ج)
باب اول - اخلاق کی تاریخ طبیعی	۱ تا ۱۳۰
فصل (۱) تمہید	۱ تا ۷
فصل (۲) مسلک افادیت	۷ — ۲۷
فصل (۳) افادیت پر اعتراضات	۲۷ - ۳۶
فصل (۴) افادیت پر عملدرآمد کے نتائج	۳۶ - ۴۴
فصل (۵) محرکات افادیت	۴۴ — ۶۰
فصل (۶) ضمیریت	۶۰ - ۷۲
فصل (۷) حسن اخلاق کے نام نہاد تناقضات	۷۳ - ۹۵
فصل (۸) ضمیریت و افادیت کا تعلق سطح تمدن کے ساتھ	۹۵ - ۱۳۰
باب دوم - اخلاق قبل مسیح	۱۳۱ - ۲۸۷
فصل (۱) اخلاقی حیثیت سے مذہب مرقج کی ضعیف الاثری	۱۳۱ — ۱۴۳
فصل (۲) رواقیت	۱۴۳ - ۱۸۴
فصل (۳) رومہ کے اخلاق میں لینت و لطافت کی آمیزش	۱۸۴ — ۱۹۸
فصل (۴) اخلاقیین اقلیطیقی کا دور	۱۹۸ - ۲۱۲

مضمون	صفحہ

فصل (۵) اخلاقی انحطاط کے اسباب ---------- ۲۱۲-۲۴۵

فصل (۶) ملک کی بداخلاقی پر رواقیت کے اصلاحی اثرات ---- ۲۴۵-۲۶۹

فصل (۷) مشرقی مذاہب کا پرجوش استقبال ---------- ۲۶۹-۲۷۸

فصل (۸) اشراقیت جدید ---------- ۲۷۸-۲۸۶

باب سوم۔ رومہ کا قبول مسیحیت ۲۸۷-۳۹۲

فصل (۱) ---------- ۲۸۷-۲۹۲

فصل (۲) متاخرین اخلاقیین رومہ پر مسیحیت کا اثر ------ ۲۹۲-۲۹۴

فصل (۳) معجزات اور رومہ کا قبول مسیحیت ---------- ۲۹۴-۳۳۴

فصل (۴) مذہبی تعدی کی نوعیت ---------- ۳۳۴-۳۶۰

فصل (۵) تعدیون کی تاریخ ۳۶۱-۳۹۲

دیباچہ

ایڈورڈ ہارٹ پول لیکی (۱۸۳۸ء تا ۱۹۰۳ء) برطانیہ کے مشاہیر فضلا مین سے ہوا ہے، اس کا ذوق بحیثیت علمی تھا۔ واقعات کی تحقیق و تنقید مین یہ اپنے معاصرین مین خاص امتیاز رکھتا تھا۔ اس کی ساری زندگی تصنیف و تالیف مین گذری، اور اس نے ہزارہا مطبوعہ صفحے اپنی یادگار چھوڑے ہین[1] شروع شروع اسکی تصانیف مذہبی رنگ کی ہوتی تھین، لیکن اسکے بعد اس نے اپنا موضوع تاریخ کو بنالیا، اور بقیہ ساری عمر اسی مین گذاری۔ مگر تاریخ سے امرا و سلاطین کے سوانح مراد نہین، بلکہ قومون کے عروج و زوال کا فلسفیانہ مطالعہ مراد ہے۔ تاریخ جسے قدماء ادب مین شامل کرتے تھے، درحقیقت فلسفہ کی ایک مستقل شاخ ہے، جسکے ڈانڈے سوشیالوجی (عمرانیات) و پالٹیکس (سیاسیات) سے ملے ہوے ہوتے ہین۔ لیکی کے پیش نظر بھی تاریخ کا یہی تخیل تھا۔ وہ جامع واقعات نہ تھا، مورخ تھا۔ وہ تذکرہ نگار نہ تھا، حیات اجتماعی کا مصور تھا۔ اس نے اشخاص کی سوانح عمریان نہین لکھی ہین، مختلف اقوام کی علمی و اخلاقی زندگیون کا مرقع تیار کیا ہے۔

اسکی تصانیف مین "تاریخ اخلاق یورپ" کو ایک ممتاز درجہ حاصل ہے۔ اس مین اس نے بیحد وسعت نظر، تلاش و تفحص سے کام لیکر یورپ قدیم کی جس سے رومہ مراد ہے، اخلاقی زندگی

[1] ایڈورڈ ہارٹ پول لیکی، ایم اے (ڈبلن) ڈی سی ال (آکسفرڈ) ال ال ڈی (ڈبلن۔ گلاسگو) لٹ ڈی (کیمبرج) وغیرہ کی مخصوص تصانیف حسب ذیل ہین:-

(۱) "دور حاضرہ کا مذہبی رخ" سال طبع (سنہ ۱۸۷۲ء)

(۲) "قایدین آیرلینڈ"..... " (سنہ ۱۸۷۱ء) (سنہ ۱۹۰۳ء مین نظر ثانی کے بعد اسکی دو جلدین شائع کین)

(۳) یورپ مین عقلیت کی تاریخ " (سنہ ۱۸۶۵ء) ۲- جلدین-

(۴) تاریخ اخلاق یورپ..... " (سنہ ۱۸۶۹ء ۲- جلدین-

(۵) "اٹھارویں صدی کی تاریخ انگلستان" سال طبع (سنہ ۱۸۷۸ء تا سنہ ۱۸۹۰ء ۸ جلدین-

(۶) "اٹھارویں صدی کی تاریخ آیرلینڈ"..... " (سنہ ۱۸۹۲ء) ۱۲ جلدین- یہ اسی تاریخ انگلستان ہی کا حصہ ہے-

(۷) "جمہوریت و حریت" سال طبع (سنہ ۱۸۹۶ء)

(۸) "نقشۂ حیات" " (سنہ ۱۹۰۰ء)

(۹) "تاریخ کی سیاسی اہمیت" (مجموعۂ مقالات) سال طبع (سنہ ۱۸۹۲ء)-

کے جزئیات کا استقصا کرکے ان سے نہایت اہم نتائج نکالے ہین۔ رومہ کی حیات اخلاقی مین عہد بہ عہد جو تغیرات ہوتے رہے ہین ان کے اسباب وعلل کی بہ کمال دقت نظر تحقیق کی ہے، اور ہر عامل مؤثر سے جو جو اثرات پیدا ہوے ہین انھین تفصیل سے دکھلایا ہے۔ اسی تصنیف کا ملخص ترجمہ اس وقت ناظرین کے ہاتھون مین ہے۔

اس ترجمہ کو صحیح معنی مین ترجمہ کہنا درست نہین، اسلیے کہ اسمین مصنف کے الفاظ کی پابندی ایک مقام پر بھی نہین کی گئی ہے۔ صرف اسکے مفہوم کو پیش نظر رکھکر اسکے اصل خیال کو اردو مین ادا کردیا گیا ہے، اور پھر اس مین جابجا جزئی تصرفات سے کام لیا گیا ہی۔ یہ تصرفات عموماً اقسام ذیل کے ہوئے ہین۔

(۱) مصنف نے حواشی ذیلی (فٹ نوٹس) مین کثرت سے اپنے ماخذ کا حوالہ دیا تھا، اور کہین کہین اپنے دعاوی کی مزید تائیدی شہادتین درج کی تھین جو اصل مبحث کے لیے چندان ضروری نہ تھین۔ یہ حواشی تقریباً سب حذف کردیے گئے ہین۔

(۲) بعض ایسی مثالین جو خالص اردو دان پبلک اور ہندوستان کے رہنے والون کے لیے ناقابل فہم تھین، نظر انداز کردی گئی ہین۔

(۳) فٹ نوٹ کے جو مضامین بہت ضروری معلوم ہوے، انھین متن ترجمہ مین جگہ دیدی گئی ہے۔

(۴) بعض معتقدات وجماعات کے مفہوم کو میسحی نقطۂ خیال سے ادا کرنے مین ایسی مصطلحات سے کام لیا گیا ہے، جو اب تک اسلامی لٹریچر کے ساتھ مخصوص سمجھی جاتی ہین (مثلاً منافق، مشرک، اہل بدعت وغیرہ)

(۵) بعض مشاہیر اشخاص کے نامون پر فٹ نوٹس کا اضافہ کردیا گیا ہے۔

اس تصریح سے غرض یہ ہے کہ لوگ اسے لفظی ترجمہ سمجھ کر حرف بہ حرف اصل کتاب سے مطابقت دینے کی زحمت گوارا فرمائین۔ اگر ایسے ٹھیٹھ ترجمے کی کوشش کی جاتی، تو عبارت

اردو نہ رہتی بلکہ انگریزی ہوجاتی، گو الفاظ اردو رہتے۔

باین ہمہ مترجم کو اعتراف ہے کہ اس کی عبارت کو ہر جگہ یکسان روان وسلیس رکھنے کی کوشش پوری طرح کامیاب نہیں ہوئی ہے اور ممکن ہے کہ دو چار مقامات پر عبارت مین انگریزیت کی جھلک آگئی ہو۔ بعض جگہ قصداً بھی انگریزی اسلوب ادا کو قائم رکھا گیا ہے، تاکہ خالص اردو دان ناظرین انگریزی کی طرز انشا سے بھی بالکل ناواقف نہ رہین مگر اسکی مثالین شاذ ملین گی۔

اس کتاب کی جلد ثانی کا ترجمہ بھی مدت سے تیار ہے، لیکن جن لوگون کو خود اردو کے مطابع سے سابقہ نہین پڑا ہے، وہ اس کا اندازہ ہی نہین کر سکتے، کہ کتاب کے طبع وشائع کرنے مین کتنی شدید دشواریون اور رکاوٹون کا سامنا کرنا ہوتا ہے۔ جلد ہذا کا ترجمہ آخر ۱۹۱۵ء سے تیار تھا، مگر دسمبر ۱۹۱۷ء مین، یعنی پورے دو سال کے بعد اس کے شائع ہونے کی نوبت آرہی ہے۔ اس بنا پر جلد ثانی کے جلد شائع ہونے کی بابت ناظرین کو کوئی امید نہین دلائی جا سکتی۔

اس کتاب مین یوروپین اور رومی نام کثرت سے آئے ہین۔ جلد ہذا کے آخر مین ان سب کی فہرست انگریزی حروف مین دیدی گئی ہے، جسے دیکھکر ناظرین تلفظ کی تصحیح کے علاوہ اُن اشخاص کے متعلق مزید معلومات انگریزی کتابون سے حاصل کر سکتے ہین۔

۳۔ دسمبر ۱۹۱۷ء

عبدالماجد

باب اوّل

اخلاق کی تاریخ طبعی

فصل (۱)

تمہید

یورپ کے ارتقاء اخلاقی کا اگر صحیح سراغ چلانا ہی، تو اس کا بہترین بلکہ ناگزیر مقدمہ یہ ہی، کہ پہلے خود اخلاق کی ماہیّت و اساس پر ایک سرسری نظر ڈال لی جائے لیکن بدقسمتی سے یہ کام آسان نہین، بلکہ دشواریون سے لبریز ہی۔ ان دشواریون کے دو سبب ہین۔ ایک تو یہ ہی، کہ ہمارے درمیان جو نظامات اخلاق متعارف ہین، اُن کی جزئیات و تفصیلات مین شدت سے تنوع ہی، اور دوسرے یہ کہ مذاہب اخلاقیات کے خود اصول ہی باہم اسقدر متناقض ہین، کہ حکماء اخلاق کی حیثیت اچھی خاصی بالکل دو فریقون کی سی ہوگئی ہی اور یہ تفریق و تضاد کچھ آج سے نہین، مدت سے قائم ہی۔ اختلاف کا اصل الاصول ضمیریت و افادیت کی رقابت ہی۔ یعنے ایک گروہ اس کا قائل ہی، کہ افعال کے حسن و قبح کا اصل فارق ہمارے ضمیر کا فتویٰ ہی، اور دوسری جماعت اس کی مدعی ہی، کہ نہین، بلکہ اُن اعمال کی حیثیت افادی اس اختلاف کی پہلی جھلک ہمین فلاطون و ارسطو کے درمیان نظر آتی ہی، مگر ابھی یہ جھلک

بہت ہی دُھندلی ہی، اس کے بعد پھر اس کا ظہور واقعیت[1] و لذتیت[2] کی معرکہ آرائیون مین ہوتا ہی، مگر اب یہ حیثیت اختلاف ذرا زیادہ اُجاگر ہو جاتی ہی، یہان تک کہ رفتہ رفتہ فلسفۂ جدید کا دور شروع ہوتا ہی، اور اب ایک طرف کڈورتھ[3]، کلارک[4]، و بٹلر[5] کی سرکردگی مین، اور دوسری طرف ہابس[6]، ہلویٹیس[7] و بنتھم[8] کے زیر قیادت، یہ معرکہ آرائی، پورے فریقانہ جوش و قوت کے ساتھ زور پکڑ جاتی ہی، باتون مین شاخین نکلتی ہین، اصول سے فروع پیدا ہوتے ہین، تا آنکہ اس مسئلہ کی اہمیت غیر معمولی حدود تک پہونچ جاتی ہی۔

خیر، اس طرح کی عام علمی و نظری دقتین تو تھین ہی، اس پر ستم یہ کہ جو شخص اس موضوع پر قلم اُٹھانا چاہتا ہی، اس کی ذاتیات سے متعلق ایک ناگوار بحث چھڑ جاتی ہی، گویم اس کا شروع ہی مین سدّباب کیے دیتے ہین۔ شخصیات سے متعلق یہ سوال پیدا ہوتا ہی کہ ایک حکیم اخلاق جب اپنے عقاید و اصول کی توضیح کرنے لگتا ہی، تو اسے لامحالہ یہ بھی کہنا پڑتا ہی کہ اگر ان کے مخالف نظریات کو مانا جاے، تو ان سے فلان فلان اخلاق کش نتائج لازم آتے ہین۔ اس تعریض کا در پردہ یہ منشا ہوتا ہی، کہ جو لوگ ان اخلاق شکن عقاید و اصول کی تعلیم دیتے ہین، وہ خود بد اخلاق ہوتے ہین۔ گویا اس طرح ذاتیات پر حملے ہونے لگتے ہین، اور حکماے اخلاق قدرتی طور پر اپنی جانب بد اخلاقی کے انتساب سے بیزار ہوتے ہین۔ زیادہ وضاحت درکار ہو

---

[1] یونانی فلسفۂ اخلاق کا وہ مذہب، جس کی تعلیم یہ تھی، کہ انسان کو رنج و راحت، غم و مسرت دونون سے غیر متاثر رہنا چاہیے اور جو کچھ پڑے اُسے صبر و سکون کے ساتھ جھیلنا چاہیے، اس کا بانی زینو ہوا ہی، (۳۰۸ ق۔م)

[2] یونانی فلسفۂ اخلاق کا وہ مذہب، جس کی تعلیم یہ تھی، کہ افعال انسانی کا محرک اولی حصول لذت ہی، اس کا بانی اپیکورس ہوا ہی۔ (۳۴۱ تا ۲۷۰ ق۔م)

[3] الف کڈورتھ (۱۶۱۷ء تا ۱۶۸۸ء) [4] سموئل کلارک (۱۶۷۵ء تا ۱۷۲۹ء) [5] جوزف بٹلر (۱۶۹۲ء تا ۱۷۵۲ء) [6] ٹامس ہابس (۱۵۸۸ء تا ۱۶۷۹ء) [7] ہلویٹیس (۱۷۱۵ء تا ۱۷۷۱ء)

[8] جرمی بنتھم (۱۷۴۸ء تا ۱۸۳۲ء)

تو اسے یوں سمجھو کہ فلسفۂ اخلاق کا اصل مقصد ہمارے حاسات اخلاقی کی ایک حسن تعبیر کے ساتھ توجیہ کرنا، یا دوسرے الفاظ میں ان سوالات کا جواب دینا ہوتا ہے کہ ہم میں احساس فرائض کیونکر پیدا ہوتا ہے؟ اور اس کی تعمیل ہم پر کس بنا پر واجب ہے؟ اب اگر کسی نظام اخلاق نے ان سوالات کے تشفی بخش جوابات دیدیے، تو بس پھر اس پر اعتراض کی کوئی گنجایش ہی نہیں رہ جاتی۔ اس واسطے جب کوئی فلسفی کسی نظام اخلاق کی مخالفت کرتا ہے، تو اسے یہ خواہ مخواہ ظاہر کرنا ہوتا ہے، کہ وہ نظام اخلاق اپنے اصول کی رو سے احساس فرض اور پھر اس کی تعمیل کی کوئی توجیہ کرنے میں قاصر ہے۔ مثلاً ایک افادی اپنے مخالف پر یہ الزام لگاتا ہے، کہ وہ اپنے نظام اخلاق کی بنیاد ایک ایسے حاسہ پر رکھتا ہے جس کا کوئی وجود ہی نہیں، اور ایسے اصول کی تعلیم دیتا ہے جس کو تسلیم کر لینے سے معیار اخلاق ہر ملک و ہر زمانہ میں متغیر ہوتے رہنے کے ساتھ ایک من مانی چیز رہ جاتی ہے۔ اسی طرح ایک ضمیری اپنے حریف پر یہ چوٹ کرتا ہے کہ اس کا اصول اخلاق یعنی نظریۂ افادیت، تو فلاں فلاں اسباب کی بنا پر جن کی تفصیل آگے آئے گی سرتاسر بداخلاقی کی تعلیم دیتا ہے۔ غرض اس طرح ہر فریق اپنے مخالف اصول کے اخلاق شکن نتائج کے متعلق رد و قدح کرتا ہے لیکن کیسی شدید غلط فہمی ہے، کہ اس نوک جھونک طنز و تعریض کا اثر، حکماء اخلاق سمجھتے ہیں کہ ان کی ذاتیات تک پہونچتا ہے اور آں حالیکہ ایسا خیال کرنا اپنے تئیں اس حقیقت سے بالکل لاعلم ظاہر کرنا ہے، کہ انسان کی عملی زندگی میں فلسفۂ اخلاق کا کیا درجہ ہوتا ہے۔ درحقیقت، ہمارے حاسات اخلاقی کبھی اصول اخلاق سے موخر نہیں ہوتے بلکہ اس پر مقدم ہوتے ہیں یعنی پہلے انسان اپنی سیرت و اخلاق قائم کر لیتا ہے، تب جا کر وہ فلسفۂ سیرت و اخلاق پر غور و خوض شروع کرتا ہے۔ اس بنا پر یہ ہونا بالکل ممکن ہے، اور ممکن کیا معنی اکثر ہوتا ہی یہ ہے، کہ اصول اخلاق تو بہت ہی لوے اور کمزور ہوتے ہیں لیکن جو اشخاص ان اصول کے پیرو ہوتے ہیں، ان کے دامن اخلاق پر کوئی دھبہ نہیں ہوتا۔

اخلاق کے یہ دو متضاد نظریات، مختلف ناموں سے موسوم کیے جاتے ہیں اور پھر یہ متعدد

شاخون مین منقسم ہین - چنانچہ ان مین سے ایک مذہب کے اتنے سارے نام ہین
رواقی، ضمیری، لاافادی، اور حاسی، اسی طرح اس کے مقابل مذہب کو کوئی لذتیہ
کہتا ہی، کوئی نافعی سے موسوم کرتا ہی، کوئی استقرائی کے لقب سے یاد کرتا ہی، اور کوئی خود غرضانہ
کہکر پکارتا ہی - فریق اول الذکر کے عقاید کو اگر اجمالاً ایک کلیہ کی صورت مین بیان کرنا چاہین
تو یون کہہ سکتے ہین، کہ ہم مین فطرۃً ایک ایسی اندرونی بصیرت ودیعت ہی، جو ہمین یہ سمجھاتی
رہتی ہی، کہ بعض خصوصیات اخلاق، مثلاً فیاضی، عصمت، راست بازی، وغیرہ، دوسرے
خصایص اخلاق کے مقابلے مین بہتر و قابل اختیار ہین، اور ان کے اضداد لائق ترک ہین - اسے دوسرے
الفاظ مین یون کہنا چاہیے، کہ فرض کے احساس کے ساتھ اس کی تعمیل بھی بشر کی سرشت
مین داخل ہی، یعنی فرض کی بجاآوری اس کے نتایج کے پسندیدہ و ناپسندیدہ ہونے سے
قطعاً مستغنی ہی، اور شاہراہ فرض پر چلنے کے لیے ہمارے باطن و ضمیر کا یہ فتویٰ بالکل کافی ہی،
کہ وہ فرض ہی - اس کے مقابلے مین فریق مخالف کسی اخلاقی حاسۂ باطنی کے وجود سے یکسر منکر
ہی - وہ اس کا قایل ہی کہ طبعاً - تو ہمارے پاس حسن و قبح کی شناخت کا کوئی ذریعہ ہی، اور نہ ہم
کسی حسِّ باطنی کی مدد سے اپنے افعال و جذبات مین اخلاقی حیثیت سے کوئی ترتیب مدارج
قایم کر سکتے ہین، بلکہ ہم ان نتایج پر صرف تجربہ و مشاہدہ کی وساطت سے پہونچ سکتے ہین - اور
وہ اس معنی کر کے کہ جن افعال کو ہم یہ دیکھتے ہین، کہ اُن سے نوع انسان کی مجموعی راحت و مسرت
مین اضافہ ہوتا ہی، یا انسانی درد و کلفت مین اُن سے کمی ہوتی ہی، اُنھین ہم افعال حسنہ
قرار دیتے ہین، اور جن افعال کے متعلق ہم یہ پاتے ہین، کہ وہ اس کے برعکس اثر ڈالتے ہین،
اُنھین افعال مذموم سے تعبیر کرتے ہین - مختصر یہ کہ "بڑی سی بڑی تعداد افراد کو بڑی سی بڑی
مسرت"، بس یہ کلیہ ہر ماہر اخلاقیات کے لیے شمع ہدایت ہونا چاہیے، کہ یہی حسن اخلاق کا
بہترین مظہر، اور کمال تزکیۂ نفس کا اعلیٰ ترین معیار ہی -

لیکن اگر اس آخر الذکر فریق کا سدرۃ المنتہیٰ یہی ہی، تو اس کے نظام اخلاقیات مین

ایک بہت ہی کھلی ہوئی خامی رہ جاتی ہی، یہ ہم بلا تامل مانے لیتے ہین کہ افعال کا مؤدی الی المسرت، اور اس لیے اُن کا پاکیزہ ترین ہونا ہمین تجربہ کی وساطت ہی سے معلوم ہوتا ہی، لیکن پھر فلسفۂ اخلاق کا مقصد اکیلا یہی بتانا تو نہین۔ ایک اہم سوال تو یہ ہی کہ ہم ان افعال کو اختیار کس بنا پر کرین؟ کیا شی ہی، جو ہمارے لیے حُسن اخلاق کی محرک ہو سکتی ہی؟ اب اگر اس اسکول کے نام لیوا، یعنی وہ لوگ جو دوسرون کو نفع پہونچانے والے فعل کو خیر العمل قرار دیتے ہین، یہ تسلیم کر لین کہ ایسے مواقع پر جبکہ اجتماعی و شخصی منافع ٹکرا جاتے ہین جبکہ افادۂ عام اور ذاتی لذت و راحت مین تصادم واقع ہو جاتا ہی۔ انسان اس پر مجبور ہی کہ منافع اجتماعی کی پاسداری کرے، اور یہ اس کی سرشت مین داخل ہی کہ وہ طبعًا افادۂ عام ہی کی پیروی کرے، تو پھر افادیت و استقرائیت کا، بہ حیثیت اخلاق کے ایک مستقل اسکول کے، خاتمہ ہو جاتا ہی، اور افادیین ایک حاسۂ اخلاقی کے وجود کے تسلیم کرنے مین بالکل ٹیلر اور کڈورتھ کے ہم دوش ہو جاتے ہین۔ چنانچہ بعض ضمیریین کا مسلک واقعۃً بعینہٖ یہی گزرا ہی مثلاً ہیچسن[1] ہی کہ وہ زمانۂ حال مین ضمیریت کا بانی اول ہوا ہی، اور اس سے زیادہ کسی حکیم اخلاق نے اخلاق کی لاافادیت پر اپنے زور و قوت کو نہین صرف کیا ہی، وہ تک، ایک طرف تو تمام محاسن اخلاق کا سرچشمہ فیاضی یا نفع رسانی عامہ کو قرار دیتا ہی، لیکن دوسری طرف یہ بھی مانتا ہی، کہ اس فیاضی کے وجوب و فرضیت کا ہمارے لیے کاشف صرف ہمارا "حاسۂ باطنی" ہی۔ اسی طرح ہیوم[2] بھی، جو اس معنی مین قطعی افادی ہی، کہ وہ افادۂ افعال ہی کو ان کے استحسان کا معیار قرار دیتا ہی لیکن اسی کے ساتھ یہ بھی اعتراف کرتا ہی، کہ نیکی و نیک کرداری کی محرک، ہمارے نفس کے اندر عقل سے علیحدہ کوئی باطنی قوت ہوتی ہی، جسے نیکی و بدی کے تصور سے معًا تحریک ہوتی ہی، اور اسی کے قریب قریب ابھی حال مین میکنٹاش[3] کا مذہب ہوا ہی۔ اکثرون کے نزدیک افادیت اخلاقی کی تعریف بس اسی قدر کافی ہی، کہ وہ وہ نظریۂ اخلاقیات ہی

---

[1] فرانسس ہیچسن (سنہ ۱۶۹۴ء تا سنہ ۱۷۴۷ء)، [2] مشہور فلسفی، ڈیوڈ ہیوم (سنہ ۱۷۱۱ء تا سنہ ۱۷۷۶ء)

[3] سر جیمس میکنٹاش (سنہ ۱۷۶۵ء تا سنہ ۱۸۳۲ء)

جو تمام افعال کے حُسن و قبح کا معیار ان کے نتائج کو قرار دیتا ہی یعنے جس تناسب سے افعال مسرت انسانی مین اضافہ کرتے ہین، اُسی تناسب سے محمود و مستحسن ہین، اور جس نسبت سے اُسکو نقصان پہونچاتے ہین اسی نسبت سے قبیح و مذموم ہین لیکن درحقیقت، یہ خلاصۂ بیان تمامتر ناقص ہی کیونکہ اس مین منجملہ اخلاقیات کے دو مسائل مہمہ کے، صرف ایک سے تعرض کیا گیا ہی کسی نظام اخلاق کا تنہا یہی فرض تو نہین ہی، کہ وہ "فرض" کی تعریف کرے، بلکہ اُسے یہ بھی بتانا چاہیے، کہ ہم مین فرض کی فرضیت کا احساس کیونکر پیدا ہوتا ہی؟ اور فلسفۂ اخلاق کا مقصد محض اس قدر بتا دینے پر ختم نہین ہوجاتا، کہ فلان راستہ اختیار کرنا ہم پر واجب ہی، بلکہ اس کی تصریح کرنا بھی اُس پر عین فرض ہی، کہ اس "وجوب" کے معنے کیا ہین؟ اور یہ وجوب ہم پر عاید کیونکر ہوتا ہی؟

چنانچہ جو فریق اخلاق کو تمامتر تجربہ کا معلول سمجھتا ہی، وہ اپنی ذمہ داری سے غافل نہین رہا ہی۔ اُس نے اس سوال کا جواب دیا ہی، اور جرأت کے ساتھ وہی جواب دیا ہی، جو اس کے لیے دینا ممکن تھا۔ وہ کہتا ہی، کہ نفس مین کسی ایسے حاسۂ اخلاقی کا وجود فرض کرنا، جو افعال کے پیدا کردہ لذت یا الم سے متاثر ہو محض ایک وہم ہی۔ بلکہ جب ہم کسی فعل کے بابت یہ کہتے ہین، کہ وہ واجب ہی، تو اس کا منشا ہمیشہ اسی قدر ہوتا ہی، کہ اگر ہم اس پر عمل نہ کرین گے، تو خود ہمین تکلیف پہونچے گی۔ گویا محرک افعال صرف خواہش دفع اذیت و جلب مسرت ہوتی ہی۔ اور نیک کرداری، یا افادۂ عام کی تحریک کا دارمدار، اس توقع، اور محض اسی توقع پر ہوتا ہی، کہ ایسا کرنے سے بالآخر خود ہمین فائدہ ہوگا۔ دوسرون کی راحت رسانی انجام کار مین، خود ہماری ذاتی راحت کا باعث ہوگی۔

یہ ہی خلاصہ اُس نظریۂ اخلاق کا، جو اخلاق کی اساس و بنیاد، تجربہ کو قرار دیتا ہی۔ اگر یہ سوال کیا جائے، کہ افعال حسنہ کون ہین اور افعال سیئہ کون؟ تو اس اسکول سے اس کا یہ جواب ملے گا، کہ اول الذکر وہ ہین جن سے نوع انسانی کی مجموعی راحت مین اضافہ ہوتا ہی، اور آخر الذکر وہ ہین، جن سے اس مین تقلیل ہوتی ہی۔ اگر یہ دریافت کیا جائے، کہ نیک کرداری کا محرک کیا ہی؟

تو اس کا یہ جواب ملے گا، کہ خود غرضی (یعنے اپنے ذاتی نفع و راحت کی توقع) مگر ایسی خود غرضی جو انجام بینی و دور اندیشی پر مبنی ہو۔ لیکن خود غرضی، افادہ، مسرت و راحت، وغیرہ مبہم ذی استعمال الفاظ ہین، جن کے اختلاف تعبیر سے یہ اسکول، بجاے خود کئی ٹکڑیون پر منقسم ہو گیا ہے۔

فصل (۲)

مسلک افادیت

نظریہ افادیت کی شاید سب سے زیادہ پست اور سب سے زیادہ مکروہ تعبیر وہ ہے، جو اس کے ایک مشہور وکیل، بینڈیول نے اپنی تصنیف "تحقیق اساس محاسن اخلاق" مین کی ہے، وہ کہتا ہے کہ دنیا مین اخلاق کی بنیاد اول، تاجدارون کی مصلحت و حکمت عملی کی ممنون ہے حکمرانون کو اثنا جہانبانی مین یہ نظر آیا، کہ اگر رعایا اپنے جذبات کو قابو مین رکھے، تو بہت سی سیاسی دشواریون اور قانونی خرخشون سے نجات مل جائے۔ اس مقصد کے حصول کی تدبیر انھون نے یہ سوچی، کہ انسان کے جذبۂ خود نمائی و شہرت پسندی کو متاثر کیا جائے۔ یہ سوچ کر انھون نے خلق کے یہ ذہن نشین کرنا شروع کیا، کہ فطرت بشری، فطرت حیوانی سے بدرجہا ممتاز و اشرف ہے اور انسان کی عظمت و شرافت کا اصل راز یہ ہے، کہ وہ اپنی ذات کے مقابلہ مین جماعت کے حقوق کو ترجیح دیتا ہے۔ مدح و تعریف، القاب خطابات، اور ہر دیگر ممکن طریقہ سے انھون نے عوام کے ذہن مین یہ بات بٹھا دی، کہ جو لوگ اپنی ذاتی لطف اندوزی کے لیے غیر نفع بخش مشاغل کو ترک کر کے عیش پرستیون مین پڑے رہتے ہین، وہ ایک پست و قابل تحقیر مخلوق ہین، اور اس طرح ان لوگون کے دل مین بھی یہ اُمنگ پیدا ہوئی، کہ اُن لوگون کی، جو شریف و صاحب اخلاق خیال کیے جاتے ہین تقلید کرین، اور خود بھی انھین کی طرح غیر خود غرضانہ افعال انجام دین، اس سے نئے نئے نتائج ظہور پزیر ہونے لگے۔ لوگون نے ابتداءً تو ضبط جذبات، جلب شہرت و عظمت کے لیے شروع کیا تھا، مگر اب انھین یہ نظر آنے لگا، کہ

اسی ضبط نفس کے باعث، وہ اِن تکالیف و آلام سے محفوظ رہتے ہین، جو عدم ضبط نفس کی حالت مین، اپنی عیاشیون اور جذبات پروریون کے پاداش مین اُنھین یقیناً برداشت کرنا پڑتے، اور یہ انکشاف حال قدرۃً نیک کرداری کے لیے ایک مزید محرک ثابت ہوا۔ اس سے بھی بڑھ چڑھ کر اس حقیقت سے لوگ روشناس ہونے لگے، کہ ہر فرد، دوسرون کے ایثار سے منتفع ہوتا ہی، اور ہر فرد کی خود غرضی دوسرے فرد کے راستہ مین رکاوٹ پیدا کرتی ہی، اور اس کا اقتضاء طبعی یہ تھا، کہ ہر شخص خود غرضی کو معیوب، اور ایثار کو مستحسن قرار دینے لگے۔ ان سب چیزون کا مل ملا کر نتیجہ عملی یہ نکلا کہ جو کچھ سوسائٹی کے حق مین مفید تھا، اُسے "نیکی" اور جو کچھ سوسائٹی کے حق مین مُضر تھا، اُسے "بدی" سے تعبیر کیا جانے لگا۔

مینڈویل کی یہ مذکورۂ بالا رائین جب اول اول شایع ہوئین، اُس وقت انھین ان کے استحقاق سے زیادہ قبول حاصل ہوا لیکن آج یہ اس کس مپرسی کے قعر مین گر رہی ہین جس کی یہ بالکل بجا طور پر مستحق ہین لیکن خود مینڈویل نے اپنی ایک نظم "افسانۂ نحل" اور اس کی شرح مین نظریۂ بالا سے بالکل متناقض، اس انوکھے خیال کا اظہار کیا ہی، کہ "ذاتی معائب اجتماعی محاسن ہوتے ہین"، اور نہایت کمزور، بودے، بلکہ بالکل پوچ و بیحد دلائل کی بنا پر یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہی کہ بداخلاقی، نوع انسانی کے لیے مفید ترین شی ہی۔ مگر اس سے قبل ایک نازہ بلند پایہ جلیل القدر مصنف، ہابس ایک نظام اخلاق تیار کر چکا تھا، جو شاید مکروہ تو اتنا نہ ہو مگر خود غرضی پر مبنی ہونے کے لحاظ سے مینڈویل کے نظریہ سے ذرا بھی کم نہ تھا۔ اور ہابس ہی کا نظریہ متعلق بہ اساس و جوہر اخلاق، وہ ہی، جو جزوی ترمیمات کے ساتھ افادیین کے حلقے مین آج بھی مسلّم و متداول ہی۔

ان مصنفون کے نزدیک، ہماری زندگی کا تمامتر ہمارے ذاتی نفع کی محکوم ہوتی ہی۔ ہمارا مقصد وحید حصول لذت ہوتا ہی، اور اخلاقی نیکی و بدی کی حقیقت اس سے زائد کچھ نہین کہ ہم ارادۃً ایسے قانون کی پابندی کر رہے ہین، جس سے ہمین حصول لذت ہوگا، باقی رہا نیکی کو خالص نیکی کی حیثیت سے برتنا تو یہ ایک امر محال ہی، بلکہ ہم جب کسی فعل کو نیک کہتے ہین، تو اس سے ہمارا ہمیشہ مدعا

یہ ہوتا ہی، کہ اس سے ہمین کسی طرح کی مسرت یا راحت حاصل ہوگی۔ یہانتک کہ جب ہم خدا کی نیکی کا ذکر کرتے ہین، تو اس کا منشا بھی یہی ہوتا ہی کہ وہ ہمارے واسطے نفع رسان ہی۔ یا مثلاً جس شخص کے متعلق ہم مین جذبۂ تعظیم و احترام پیدا ہوتا ہی، تو اس سے بھی ہمارے ذہن مین سوا اس کے اور کوئی مفہوم نہین ہوتا، کہ اُس شخص مین ہمین نفع و نقصان دونون کے پہنچانے کی قوت ہی، لیکن وہ اپنے ارادہ و نیت سے ہمین صرف فائدہ ہی پہنچائے گا یا پھر مثلاً زہد و اتقا کی محرک بجز اس اعتقاد کے کوئی شے نہین ہوتی، کہ زاہدانہ نفس کشی عذاب الٰہی کے حق مین سپر کا کام دے گی۔ اسی طرح تمام جذبات انسانی کی، بہ قول اس مسلک کے مصنفین کے، بنیاد خود غرضی و خود پسندی ہی کسی نہ کسی صورت پر ہوتی ہی۔ ذیل مین ہم مثال کے لیے، ایک آدھ جذبہ کی تعریف، اس گروہ کے مذاق کے موافق درج کرتے ہین:-

(۱) جذبۂ فیاضی تین عناصر پر مشتمل ہوتا ہی، جزو اول یہ ہوتا ہی، دوسرون کے ذہن مین ہماری وقعت پیدا ہو۔ جزو دوم توقع معاوضہ ہی، یعنی یہ خیال کہ ہم اگر دوسرون کے کام آئین گے، تو دوسرے ہمارے بھی کام آئین گے۔ تیسرا عنصر یہ ہی فیاضی سے ہماری اس قدر قوت و طاقت ثابت ہوتی ہی، کہ ہم نہ صرف اپنی ذاتی ضروریات کے پورا کرنے پر قادر ہین، بلکہ اتنی استطاعت رکھتے ہین، کہ دوسرون کے حوائج بھی رفع کر سکتے ہین۔

(۲) رحم و ہمدردی کی ماہیت یہ ہی، کہ دوسرون کو درد و مصیبت مین مبتلا دیکھ کر ہمین یہ خیال پیدا ہوتا ہی، کہ کہین ہم بھی انھین مصائب مین نہ گرفتار ہو جائین۔ اُن لوگون کو دیکھ کر، جو بلا وجہ مبتلائے آفت ہو جاتے ہین، ہمین جو اور زیادہ رحم آتا ہی، اس کا باعث بھی یہی ہی، کہ ہم اپنے تئین ہمیشہ بے قصور سمجھتے ہین۔ یا اسی طرح کسی کو بلائے ناگہانی مین گرفتار دیکھ کر ہمین یہ یاد آجاتا ہی، کہ کہین ہم پر بھی ناگہان اور دفعۃً کوئی مصیبت نہ آجائے۔

(۳) دوستی سے مدعا یہ ہی، کہ ہر شخص کو اپنی ضروریات و کاروبار کے لیے دوسرون کی اعانت و امداد کی احتیاج ہوتی ہی، اور وہ اس جذبہ کے ذریعہ سے پوری ہو جاتی ہی۔

جن دماغون نے فطرت بشری کی یہ تشخیص کی ہی، اُن کے نزدیک نظام اخلاق کی جو نوعیت ہوگی، اُس کا اندازہ آسانی سے کیا جا سکتا ہی۔ اس کا سرسری خاکہ، اگر چاہین تو یون پیش کر سکتے ہین۔ تمام جذبات و افعال طبعًا یکسان و ہم رتبہ ہوتے ہین، اور فطرۃً کسی خاص سیرت کو دوسری سیرت پر ترجیح و تفوق حاصل نہین، چنانچہ انسان جس وقت تک عہد توحش مین رہتا ہی، اخلاق کا وجود ہی نہین ہوتا۔ لیکن خود ہمارے ذاتی نفع و راحت، آرام و لذت کی بہت سی صورتین ایسی ہین، جو دوسرون کی مشارکت و معاونت کی محتاج ہین، یعنی دوسرون کی شرکت کے بغیر ہماری مسرتین ناقص اور ہماری خوشیان ادھوری رہ جاتی ہین۔ اس سے اخوت، رفاقت، و معاونت کی بنیاد پڑی، لیکن اجتماعیت کی ادنیٰ سی ادنیٰ شکل بھی بلا اس کے ناممکن ہی کہ افراد کی شخصی خواہشین محدود و مقید کی جائین۔ اس غرض سے قوانین نافذ کیے گئے، اور تعزیر کا خوف اور انعام کی چاٹ لاکر ایسا کچھ انتظام کیا گیا، کہ شخصی و اجتماعی منافع کی تفریق و تضاد مٹا کر دونون کو ایک کر دیا گیا۔ اب چونکہ بہ قول ہابس کے، نفس انسانی بیحد سرکش واقع ہوا ہی، اور جذبات ذاتی کو مسخر کرنا کوئی معمولی کام نہین، اس واسطے حکومت کے لیے استبداد لازمی ہی۔ فرمان روائے خود مختار و غیر مسئول کی زبان سے جو احکام صادر ہون گے، وہ قطعی و ناقابل ترمیم ہون گے، اور انھین سے ضابطۂ اخلاق تمام تر مدون ہونا چاہیے۔ یہ قول ہابس کا تھا، اس کے اور رفقا اس حد تک تو اس کا ساتھ نہین دیتے تاہم اسے وہ بھی نہایت شد و مد سے بیان کرتے ہین، کہ تدوین ضابطۂ اخلاق مین قانون کو دخل عظیم ہونا چاہیے کیونکہ جب یہ مسلم ہی کہ محرکات عمل صرف ہمین اپنے ذاتی نفع کے توقعات ہوتے ہین، جب یہ بھی مسلم ہی، کہ نیک کرداری، شخصی و اجتماعی منافع کے توافق و اتحاد کا نام ہی، اور پھر جب یہ بھی مسلم ہی، کہ وضع قانون کا مقصد اصلی بھی اسی توافق منافع شخصی و اجتماعی کا حصول ہوتا ہی، تو ان مقدمات سے یہ لازمی نتیجہ نکلتا ہی، کہ حکما اخلاق و واضعان قانون کے فرایض بالکل ایک ہی سے ہوتے ہین۔ البتہ فرق یہ ہوتا ہی، کہ نیک کرداری کی محرک، علاوہ ضابطۂ تعزیرات کی دفعات کے، گرد و پیش کے لوگون کا رد و قبول، تحسین و تنفرین بھی ہوتی ہی، اور اس طرح ایک طرف قانون کی پاسداری، اور دوسری طرف

فرد و جماعت کے اغراض و منافع کے اشتراک کا احساس، یہ دونون قوتین مل ملاکر ایک ایسی رائے عام (Publice Opinion) پیدا کر دیتی ہین، جو اُن خصوصیات اخلاق کی تائید کرتی رہتی ہے، جو ایک پُرامن و راحت آگین طرز معاشرت کی جان ہوتے ہین۔ مثال کے لیے اِن خصایص اخلاق کو لیجیے:- عدل و انصاف، حیا و غیرت، رحم و دردمندی، منت پزیری و احسان مندی، عصمت و پارسائی؛ یہ تمام محاسن اخلاق، اپنے اضداد، انتہائی بے غیرتی و شہوت پرستی وغیرہ کے مقابلہ مین بجاے خود ذرا بھی وقیع نہین، اور قدرۃً ان کی اور اُن کی دونون کی حالت بالکل ایک درجہ کی ہے، البتہ انھین فوق و فضیلت جو کچھ حاصل ہے، وہ صرف اس لحاظ سے ہے کہ ان سے ہیئت اجتماعیہ کی مسرتون مین اضافہ ہوتا ہے۔ درحقیقت وہ انھین کے دم سے قائم ہے۔ اور محض اسی بنا پر انھین "محاسن" سے موسوم کیا جاسکتا ہے۔ تمدن و شایستگی کے نشوونما کے ساتھ راے عام کی یہ قوت بھی ترقی کرتی جاتی ہے، یہانتک کہ رفتہ رفتہ اس کی حیثیت ایک سانچے کی سی ہوجاتی ہے، جس مین ڈھل کر، افراد کی سیرت خودغرضی و انانیت سے پاک ہوکر نکلنے لگتی ہے۔ تو گویا ایک نیک نفس، شریف الخصال، و پابند اخلاق شخص کی تعریف یہ ہوئی، کہ وہ وہ فرد ہے، جو کیسر اپنے ذاتی منافع و لذات کی فکر حصول مین سرگرم رہتا ہے، مگر اس اعتدال و احتیاط کے ساتھ کہ ذاتی منافع سے خود بخود اجتماعی منافع بھی پیدا ہوتے جاتے ہین۔

یہ مقولہ تو نہایت قدیم ہے، کہ جو شخص عقل و احتیاط کے ساتھ اپنے ذاتی نفع کی تلاش مین رہتا ہے، وہ نیکی و نیک کرداری کے معیار پر پورا اُترتا ہے، لیکن اسے اپنے دستور العمل کا ملخص اُن افادیین نے بنالیا ہو مذہبی محرکات اعمال کی طرف چندان اعتنا نہین کرتے۔ یہ لوگ چونکہ اس کے قایل ہین، کہ ہر فرد ناگزیرانہ اپنے ذاتی نفع ہی کو ڈھونڈھتا ہے، لہذا ان کے اس قول سے ہم ایک طرح پر فلاطون کے اس عقیدہ پر واپس آجاتے ہین، کہ بداخلاقی جہالت کا نام ہے۔ جلب منفعت کا طریق عمل اگر دانشمندانہ ہے، تو اس کا نام "نیکی" ہے، اور اگر غیر دانشمندانہ ہے، تو وہی "بدی" ہے گویا "نیکی"، دوراندیشی و انجام بینی کی ایک صنف ہے، اور "بدی"، نتائج افعال کے غلط اندازہ

کرنے کی مرادف ہی، پس اگر کوئی شخص، انسان کی اخلاقی زندگی مین اصلاح کرنا چاہتا ہی، تو اس کے لیے دو، اور صرف دو ہی راستہ کھلے ہوئے ہین:- ایک یہ کہ منافع شخصی و اجتماعی کو بالکل متحد، بلکہ مرادف کردے؛ اور دوسرے یہ کہ اُس جہالت و لاعلمی کا ازالہ کرے، جس کے باعث افراد اپنے حقیقی نفع کی شناخت کرنے مین غلطی کرتے ہین۔ اگر عصمت و عفت، راستبازی یا کسی ایسی دوسری خصوصیت کے متعلق، جسے ہم عرف عام مین خوش اخلاقی کی مظہر سمجھتے ہین، یہ تحقیق ہوجائے کہ اس کے مضار کا پلہ اُس کے منافع سے بھاری ہی، یا انسان کو اُس سے جتنی مسرت و راحت ملتی ہی، اُس سے زاید تکلیف و اذیت پہنچتی ہی تو ہم بلا تامل اُسے محاسن اخلاق کی فہرست سے خارج کرکے ذمائم اخلاق کے طبقہ مین رکھ دین گے۔ یا اگر ہمین متعارف اخلاق حسنہ کے بابت یہ تحقیق سے معلوم ہوجائے کہ وہ ہمارے ذاتی نفع رسانی مین ذرا بھی معین نہین، تو ان کی پابندی فوراً ہم پر ساقط ہوجائے گی۔ درحقیقت افادیین کے سارے نظام اخلاق کا نچوڑ، اپیکورس کے ان اصول اربعہ مین آگیا ہی:-

(۱) ہر وہ راحت (یا لذت) جو الم و کرب کی آمیزش سے پاک ہی، لائق اخذ و تحصیل ہی۔

(۲) ہر وہ درد و الم جو راحت و لذت کی آمیزش سے پاک ہی، قابل ترک ہی۔

(۳) ہر وہ راحت جو کسی عظیم تر راحت کے حصول مین سدّ راہ ہوگی، یا جو کسی عظیم تر اذیت کا باعث بنے گی، قابل ترک ہی۔

(۴) ہر وہ اذیت، جو اہون البلیات ہی یعنے جو ایک عظیم تر اذیت کے مقابلہ مین ہلکی ہی اور اس کی سپر کا کام دے گی، یا جو کسی عظیم تر راحت کا باعث ہوگی، قابل اخذ و تحصیل ہی۔

یہانتک ہم نے صرف دنیوی و مادی محرکات کی تشریح و تفصیل کی، جن کی قوت اکثر مشاہیر افادیین کے نزدیک تحریص عمل کے لیے کافی ہی، لیکن اسی اسکول کی ایک جماعت ایسی بھی ہی، جو اس سے مختلف الرائے ہی۔ یہ لوگ عالم عقبیٰ کے جزا و سزا کو بھی پیش نظر رکھتے ہین، اور انھین کے خیال کو حقیقی محرک عمل قرار دیتے ہین، فلسفۂ خود غرضی کی جتنی ترمیم شدہ صورتین ہین

اُن مین سے صرف اسی نظریہ کے متعلق یہ کہنا درست ہی کہ یہ نیک کرداری کے لیے ایسے محرکات عمل مہیا کرتا ہی جن کی قوت قطعاً ناقابل تغییر و مسلم ہوتی ہی۔ اگر انسان واقعی یہ سمجھ لے، کہ اسے اپنے اعمال کا معاوضہ ایک دایمی عذاب، یا دایمی ثواب، کی صورت مین کسی ہمہ دان و ہمہ بین حاکم کی عدالت سے ملے گا، تو یہ خیال، نیک کرداری کا ایسا زبردست محرک ہوگا، جس کے سامنے ارتکاب معصیت کی کوئی تاویل چل ہی نہین سکتی۔ پس اگرچہ یہ مصنفین اس پر پورا پورا زور دیتے ہین، کہ بغیر کسی صلۂ مستقبل کے موجودہ مسرت سے دست بردار ہونا ایک ایسی شدید حماقت، بلکہ جنون ہی جو ایک حیوان ناطق کے کسی طرح شایان نہین، تاہم یہ اس کے معتقد ہین کہ اس مادّی دنیا کی لذات سے، اُس صلہ کی توقع مین دست بردار ہونا بالکل بجا و جائز ہی، جو عالم عقبیٰ مین ملنے والا ہی، اس لحاظ سے، جنت کا لالچ اور دوزخ کا خوف ہی، ہماری حیات عملی کی علت غائی ہی، اور نیک کرداری، نام ہی اس انجام بینی کا، جو حیات بعد الممات تک محیط ہی۔ اس انجام بینی کو دوسرے لفظون مین محرک مذہبی سے تعبیر کر سکتے ہین۔ رہا یہ عقیدہ کہ نیکی، کبھی محض نیکی کی حیثیت سے قابل اختیار ہو سکتی ہی، سو یہ اس جماعت کے نزدیک بھی ایسا مہمل عقیدہ ہی، جس کا قایل صرف ایک غیر متمدن و وہم پرست دماغ ہی ہو سکتا ہی۔

یہ جو نظریہ ہم نے ابھی بیان کیا، اس پر بہ حیثیت فلسفۂ خود غرضی کے ایک نظریہ کے، دو اعتراضات ممکن ہین، پہلا اعتراض یہ ہو سکتا ہی، کہ اس نظریہ مین حصول جنت کے لیے نیک کرداری کی کوئی خاص مقدار نہین ٹھہرائی گئی ہی، اسلیے یہ بالکل ممکن ہی، کہ انسان حصول جنت کا حق سوخت کیے بغیر اس دنیا مین بعض معاصی کا مرتکب ہوتا رہے۔ مگر اس کا جواب یہ ہی، کہ اول تو مقتضائے احتیاط یہ ہی کہ مقدار نکوئی کی عدم تعیین ہی ہم کو نیک کرداری کے لیے اور زیادہ برانگیختہ کرے گی، دوسرے یہ کہ سزا و جزا ایک کلی و مجموعی طور پر نہین ملے گی، بلکہ اس کے مدارج مختلف ہون گے اور ہر شخص کو اس کے مدارج محاسن و معاصی کے مطابقت مین ملے گی۔ اعتراض دوم یہ ہی، کہ "آج تو چین سے گزرتی ہی ✻ عاقبت کی خبر خدا جانے" یعنی موجودہ لذات تو بہر نوع قطعی

ویقینی ہین، پس اُن سے آیندہ لذات ومسرات کے توقع پر متلذذ نہ ہونا، یا نقد کو نسیہ پر چھوڑ دینا، کونسا پُر منفعت اصول تجارت ہی؟ اس کا جواب یہ ہی کہ وہان کے نعایم ولذائذ یہان سے اسقدر بیحد وحساب ارفع وبرتر ہین، کہ ان کے مشتبہ وممکن وجود خیال کو بھی حیات موجودہ کے یقینی ومحسوس نعایم ولذائذ پر مقدم رکھنا یکسر دانشمندی ہی۔

اسی فرقہ کے بعض علما، افادیت کے عام شاہراہ سے کچھ ہٹ سے گئے ہین، ان لوگون کا قول یہ ہی، کہ اساس اخلاق، افادہ نہین، بلکہ تقدیر الٰہی ہی، جسکی علت مجہول ومستور ہوتی ہی، یہ مسلک، جسکی بنا، ازمنہ متوسطہ مین اوکہم اور اسکے بعض معاصرین نے ڈالی تھی، آج کل ذرا زیادہ چمک گیا ہی، اور اس کی اس جدید مقبولیت کے متعدد اسباب ہین۔ بعض اس کی تائید مین فلسفیانہ حیثیت سے یہ استدلال پیش کرتے ہین، کہ ہر قانون کے لیے کوئی مقنن لازمی ہی، پس قانون اخلاق اس سے مستثنےٰ نہین ہوسکتا، اور بعض حلقون مین اس کی حمایت کا محرک محض یہ جذبہ ہی، کہ اخلاق کو مستقلاً مذہب کا ماتحت ہوکر رہنا چاہیے۔ کچھ لوگ ایسے بھی ہین، جو اسے اس لیے مانتے ہین کہ اس سے اُن مخالفین کے مقابلہ مین جواب الزامی ہاتھ آتا ہی، جو عیسائیت پر یہ اعتراض کرتے ہین، کہ اس نے فرمان ربّانی کی آڑ مین بعض بداخلاقیون کو جائز کر رکھا ہی۔ یا پھر آخر مین اُن لوگون نے بھی یہ بین بین کا مسلک اختیار کیا، جو اپنے بعض اعتقادی حاسات کی بنا پر، ایک طرف تو نظام اخلاق افادی سے نفور تھے، اور دوسری جانب یہ بھی اُنھین تسلیم کرتے نہین بنتا تھا، کہ انسان جیسی شرارت سرشت مخلوق مین رہنمائی صراط مستقیم کی کوئی فطری قوت ودیعت ہی۔

تاہم یہ مصنفین بھی ہین بہرحال افادی ہی، اور ہیر پھیر کر کہتے وہی بات ہین جو افادیین ہی کی کہنے والی ہی۔ چنانچہ جب ان سے یہ دریافت کیجیے، کہ آخر اس تقدیر الٰہی یا مشیت ربانی کا ہمارے پاس کیا ذریعہ علم ہی؟ تو یہ جواب دینے لگتے ہین، کہ یہ یا تو الہام کے ذریعہ سے خاصان خدا کو منکشف ہوجاتا ہی، اور یا پھر اس کا پتہ ہم افادۂ عام کے معیار سے چلا سکتے ہین۔ دلیل اس کی یہ ہی، کہ مطالعہ فطرت سے ہمین معلوم ہوتا ہی کہ خدا، انسان پر حد سے زیادہ مہربان اور اس کا اعلیٰ ترین بہی خواہ ہی،

اس لیے جس فعل سے عامۂ خلایق کو نفع ہوسکتا ہی، وہ یقیناً منشاے الٰہی کے مطابق ہوگا۔
اس کے بعد جب یہ سوال کیجیے، کہ منشاے الٰہی کی تعمیل کیون واجب ہی؟ تو دو مختلف جماعتین
اس کے دو مختلف جوابات دیتی ہین۔ ضمیریین تو یہ کہتے ہین، کہ ہم خود اپنی فطرت و ساخت کے
لحاظ سے اپنے محسن حقیقی و خالق کی تعمیل ارشاد پر مجبور ہین۔ افادیین یہ جواب دیتے ہین کہ قادر مطلق
کو ہر طرح کے عذاب و عقوبت، اور صلہ و انعام کی قدرت حاصل ہی، اس لیے ہماری جان کی عافیت
اسی مین ہی کہ اس کے احکام کی تعمیل کرتے رہین۔ اب جس گروہ مصنفین کا ہم ان سطور مین
ذکر کر رہے ہین، اُس نے بھی آخر الذکر جواب اپنے لیے پسند کیا ہی، چنانچہ اس گروہ کا سب سے
زیادہ رودار رُکن پیلی[1] ان الفاظ مین اپنے عقیدہ کا لب لباب رکھتا ہی:-

"نیک کرداری کا مدعا، افادۂ عام ہی؛ معیار، منشاء الٰہی ہی؛ اور محرک و غایت خود
فاعل کی ذاتی مسرت ابدی ہی"

اس تمام تفصیل و تصریح سے ناظرین کو معلوم ہوگیا ہوگا، کہ افادیین (یا استقرائیین) کا اصل الاصول
کسی ایسی باطنی حس اخلاقی کے وجود سے یکسر انکار ہی، جو از خود و بلا واسطہ ہمین راہ راست کی
ہدایت کرسکے، یا ہم مین احساس فرض پیدا کرسکے۔ نیز یہ کہ یہ لوگ خود، جس واحد اصول کے قائل
ہین، وہ ان کا یہ اصول موضوعہ ہی، کہ حصول مسرت ایک عالمگیر جذبہ ہی، اور خواہش مسرت ایک
منتہاے مقصود یا غایۃ الغایات کا حکم رکھتی ہی، اس لیے حسن عمل کا انحصار اُس عمل کی مسرت
افزائی ہی، اور حسن عمل کا محرک، فاعل کی ذاتی مسرت ہی، جو اُسے خواہ واقعۃً حاصل ہو رہی ہو، خواہ
اس کے حصول کی توقع ہو۔ گویا اس لحاظ سے نیک کرداری کے جو محرکات ہین، وہی اُس کے
وجوب و فرضیت کے بھی ضامن ہین، اور اگر اُن سے قطع نظر کرلی جائے، تو کسی امر نیک کا وجوب
ایک بے معنیٰ لفظ رہ جائے گا۔ پھر صفحات گزشتہ مین ہمین یہ بھی معلوم ہوچکا ہی، کہ یہ محرکات اخلاق
مختلف افادیین کے نزدیک، اپنے درجہ و نوعیت کے لحاظ سے مختلف ہوتے رہتے ہین، مثلاً

[1] ولیم پیلی (۱۷۴۳ء تا ۱۸۰۵ء)

پیلی کے نزدیک گو نیک کرداری کے بعض اور ضمنی و فرعی محرکات بھی ہین، لیکن مذہبی محرک اس قدر افضل و اعظم ہی، کہ اگر اُسی کو محرک وحید کہین، تو بھی کچھ بیجا نہین۔ یا مثلاً لاک[1] کے نزدیک محرکات اخلاق کی تین قسمین ہین۔ عالم آخرت کی جزا و سزا، قانون کی پابندیان، ہیئت اجتماعیہ کی جکڑبند۔ اور یا مثلاً بنتھم کے نزدیک محرکات اخلاق، اِن عنوانات اربعہ کے ماتحت رکھے جاسکتے ہین:۔ اولاً جسمانی، یعنی وہ امراض جو بدکرداریون سے پیدا ہوجاتے ہین ثانیاً سیاسی یعنی تعزیرات قانونی۔ ثالثاً اجتماعی یا عمرانی، یعنے شہرت و رسوائی کا خیال۔ رابعاً روحانی یعنی آخرت کی سزا و جزا۔

سولھوین اور سترھوین صدی کے انگلستان مین، یہ معرکہ ایک عرصۂ دراز تک نہایت شدومد سے اُن دو فریقون کے درمیان جاری رہا، جن مین سے ایک عقل و تجربہ کو اساس اخلاق قرار دیتا تھا، اور دوسرا ضمیر یا ایک مستقل باطنی حس اخلاقی کو۔ ضمیریت کی بنا تو شیفٹسبری[2] ہی کے ہاتھون پڑچکی تھی، لیکن اب جس مستحکم و ناقابل دفاع قوت کے ساتھ ہچیسن نے اسے ثابت کیا، اس کی نظیر پیشتر کبھی نہین گزری تھی، اسی طرح بٹلر، ایڈم اسمتھ، وہیوم نے بھی اپنے تصانیف کے اکثر مقامات پر اس مسئلہ کے مختلف پہلوون پر ردوقدح کی ہی، ہابس نے اپنے مسلک کی بنیاد جس خودغرضی پر رکھی تھی، اس کی جھلک کسی قدر خفت کے ساتھ بنتھم تک کے ہر صفحہ مین نظر آتی ہی۔ البتہ اس کے اتباع اس بارۂ خاص مین اپنے پیشرو سے کچھ منحرف ہوگئے، اور منحرف کیا ہوگئے، یہ کہنا چاہیے، کہ ان کے ہاتھ مین پڑکر افادیت کا رنگ ہی سرے سے بدل گیا۔ اس تغیر یا استحالہ کے اسباب خاص یہ ہوے، ایک تو نفس انسانی مین جذبۂ ہمدردی (یا بےغرضی) کے وجود کا اعتراف اور دوسرے مسئلہ ائتلاف افکار۔

انسان کی خلقت کچھ ایسی واقع ہوئی ہی، کہ دوسرون کی مسرت سے وہ بھی مسرور ہوتا ہی، اور دوسرون کو راحت مین دیکھ کر اُس کے دل کو بھی ٹھنڈک حاصل ہوتی ہی۔ یہ ایک ایسا مسئلہ ہی، جسے آج عام ناظرین چاہے ایک بدیہی حقیقت کی طرح پر بےچون وچرا تسلیم کرلین، لیکن ہم اس سے

---

[1] جان لاک (۱۶۳۲ء تا ۱۷۰۴ء) [2] لارڈ شیفٹسبری (۱۶۷۱ء تا ۱۷۱۳ء)

ناواقف نہین، کہ ہابس اس کا شدید منکر ہوا ہی، اور اٹھارویں صدی مین ہلوٹیس کے اتباع کا بڑا زور یہ ثابت کرنے پر صرف ہوا کیا ہی، کہ وہ جذبات الفت، جن پر علایق خانگی و اجتماعی کا دار مدار ہی، کوئی اپنا مستقل بالذات وعلیحدہ وجود نہین رکھتے، بلکہ شخص محبوب کی ضرورت کے پیدا کردہ ہوتے ہین۔ بنتھم، اس سے ایک قدم آگے بڑھاتا ہی یعنی وہ اُن مسرات و آلام کے وجود محض سے کم از کم انکار تو نہین کرتا، جو بلا اغراض شخصی کے واسطہ کے محض جذبۂ ہمدردی سے پیدا ہوتے ہین، اگرچہ وہ اُن کی اہمیت کو اس درجہ خفیف گردانتا ہی، کہ (جیسا اوپر عرض کیا جا چکا ہی) محرکات نیک کرداری کی فہرست مین وہ انھین کوئی جگہ نہین دیتا۔ بنتھم کے تلامذہ و متبعین اس سے کچھ اور ترقی کرتے ہین۔ یعنے وہ اس طرح کے غیر خود غرضانہ جذبات کے وجود کو پوری صفائی کے ساتھ تسلیم کرنے لگتے ہین، گو اس کے بعد اس سوال پر وہ خود آپس ہی مین جھگڑنے لگتے ہین، کہ ان جذبات کا اصل ماخذ کیا ہی؟ ان مین سے ایک گروہ تو یہ کہتا ہی، کہ ہمارے ان غیر خود غرضانہ جذبات، ہمارے ان جذبات ایثار، کا اصلی منبع و ماخذ وہی جذبۂ خود غرضی و انانیت ہی ہوتا ہی، اور اسی سے یہ سب، قوانین ایتلاف افکار کی ماتحتی مین جن کی تفصیل آگے آتی ہی، ماخوذ و مرکب ہوتے ہین۔ دوسرا فریق اس کے مقابلہ مین، یہ تسلیم کرتا ہی، کہ یہ جذبات، بلا واسطہ و مستقلاً خود ہماری فطرت و سرشت کا ایک جزو ہوتے ہین۔ غرض یہ کہ گو ان کے طریق تولید و تکوین مین اختلاف آرا ہو، لیکن اس پر اجماع ہو جاتا ہی کہ یہ وجود رکھتے ہین، ان کی تہذیب و تربیت فلسفۂ اخلاق کا مقصود حقیقی ہی، اور یہ کہ ان سے جو مسرت پیدا ہوتی ہی، وہی نیک کرداری کی محرک اصلی ہوتی ہی، اب یہان سے ضمیریئین و افادیئین کے درمیان جو امور مابہ النزاع رہ جاتے ہین، وہ دو عنوانات کے تحت مین رکھے جا سکتے ہین (۱) ہین پر تو دونون متفق ہین، کہ سرشت بشری مین شرافت و رذالت دونون طرح کے جذبات موجود ہین، اور ہم بلا کسی خارجی توسط کے، اُن کے درمیان از خود امتیاز کر سکتے ہین اختلاف جو کچھ ہی، وہ یہ ہی کہ بہ قول ضمیریین کے، ہمین اس کا علم بھی فطرۃً ہو جاتا ہی کہ طبقہ اول الذکر کے

جذبات طبقۂ آخر الذکر کے مقابلہ مین بہتر و قابل ترجیح ہین، لیکن افادئین کو یہ مسلم نہین۔ (۲) دوسرے عنوان کے تحت مین، اس حد تک فریقین کا اتفاق ہی، کہ دوسرون کے ساتھ نیکی کرنے مین خود فاعل کو بھی لذت حاصل ہوتی ہی، لیکن مختلف فیہ یہ جزو ہی، کہ ضمیرئین کے نزدیک، یہ لطف و مسرت فاعل کی نیت مین داخل نہین ہوتی۔ بلکہ حسن عمل سے بطور نتیجہ کے خود بخود پیدا ہو جاتی ہی، بہ خلاف اس کے افادئین اس کے مدعی ہین کہ توقع حصول مسرت، شروع سے فاعل کی جزو خیال ہوتی ہی، بلکہ درحقیقت یہی توقع اسلئے اوّل اُسے حسن عمل پر آمادہ کرتی ہی، اور نیک کرداری کے لیے اصل محرک کا کام دیتی ہی۔

لیکن مذہب افادئیت کے سلسلہ مین سب سے زیادہ پُر اثر و قابل قدر وہ نظام اخلاق ہی، جو ہارٹلی کے قانون ایتلاف افکار پر مبنی و متفرع ہی، اس مسئلہ کی اہمیت، افادیت کے نقطۂ خیال سے اسی قدر عظیم الشان ہی، جیسی ضمیرئین کے لیے ایک فطری حس اخلاقی کی ہی، قدما اس مسئلہ سے بالکل ناواقف تو نہین کہے جا سکتے تاہم اس کی یقیناً انھین خبر نہ تھی، کہ اس کے حدود کس قدر وسیع ہین، اور اس سے نتائج کس قدر مہتم بالشان اخذ کیے جا سکتے ہین۔ جستہ جستہ اس کا ذکر ارسطو کے صفحات مین آگیا ہی، اسی طرح بعض اُن متاخرین نے دوستی کی تحلیل و تجزیہ اسی مسئلہ کے بل پر کی ہی۔ وہ کہتے ہین، کہ جب ہم کسی سے دوستی کرتے ہین تو اول اول اس کی بنیاد اُس لذت پر حاصل ہوتی ہی، جو اس کی دوستی سے ہمین حاصل ہوتی ہی، لیکن چند ہی روز مین ہم دوستی کے منافع و لذائذ سے قطع نظر کرکے، دوست کو محض اُسی کے خاطر محبوب رکھنے لگتے ہین۔ پھر دور جدید کے آغاز مین لاک اس مسئلہ کی تجدید کرتا ہی، اور درحقیقت "ایتلاف افکار" کی اصطلاح اُسی کی وضع کردہ ہی، لیکن وہ غلطی سے اس کا دائرۂ عمل بہت ہی محدود خیال کرتا ہی، اور اسے محبت و عداوت کی چند صورتون پر منطبق کرنے کے بعد آگے نہین بڑھتا۔ اس کے بعد ہچسن پیدا ہوتا ہی، جو صحیح معنی مین ہارٹلی کا پیشرو کہا جا سکتا ہی۔ بہ قول اس کے مشاہدہ کی اس حقیقت سے شاید کوئی انکار نہین کر سکتا، کہ بعض چیزین، اپنی لذت بخشی کے لحاظ سے ہمارے لیے مقصود بالذات

ہوتی ہین اور بعض چیزین ایسی ہوتی ہین، جو ان اشیا مقصودہ کے لیے آلہ یا وساطت کا کام دیتی ہین، لیکن پھر رفتہ رفتہ یہی موخرالذکر خواہشات آلیہ یا ثانویہ، خواہشات اصلیہ ہی جیسی قوی ہوجاتی ہین۔ مثلاً دولت، یاقوت، کا اصلی مقصد اس سے زائد کچھ نہ تھا، کہ خواہشات اصلیہ واوّلیہ کے پورا کرنے مین ہماری معین ہون، لیکن رفتہ رفتہ اس کا یہ اثر ہوا کہ یہ چیزین خود مقصود بالذات ہوگئین۔ چنانچہ زر ومال، جاہ وقوت کی اُن کی حیثیت آلی تک کوئی محدود نہین رکھتا، بلکہ حُب جاہ وحب زر کا مرض عالمگیر ہوگیا ہی۔ ہچیسن کے بعد گے نامی ایک پادری کی ایک چھوٹی سی تصنیف نمودار ہوتی ہی، جسے آج تو کوئی پوچھتا بھی نہین، لیکن جس مین درحقیقت اس مسئلہ کے اکثر پہلوون پر محققانہ نظر کی گئی ہی، اور جس کے بابت خود ہارٹلے کو اعتراف ہی، کہ اس کا ایک ماخذ وہی ہی، وہ کہتا ہی، کہ ہچیسن کی یہ رائے تو صحیح نہین، کہ نفس بشری مین طبعًا وفطرةً کوئی حس اخلاق موجود ہی، ہان یہ ضرور ہی، کہ جن دلائل کی بنا پر ہچیسن یہ دعویٰ کرتا ہی، کہ ایک عاقل وبالغ شخص حس اخلاقی رکھتا ہی، وہ بلاشبہ ناقابل تردید ہین، اور اس مین اور لاک کے مسئلہ "خواہشات ثانویہ" مین کوئی تعارض نہین۔ اس کے بعد وہ لکھتا ہی، کہ جس طرح حیات عقلی مین اکثر ہم اپنے استدلالات مین بناے اصلی، بدیہیات واولیات کو نہین قرار دیتے، حالانکہ اصولاً ہمین یہی چاہیے تھا، بلکہ اُن کی بنیاد ایسے قضایا پر رکھ دیتے ہین، جو خود ہی محتاج ثبوت ہوتے ہین، بعینہ اسی طرح حیات اخلاقی مین، ہم اکثر اپنے اعمال حسنہ کی واجبیت پر یہ استدلال نہین کرتے، کہ ان سے مسرت مین اضافہ ہوتا ہی، حالانکہ صحیح استدلال یہ ایک ہوسکتا ہی، بلکہ اکثر ان کی سند مین یہ پیش کردینا کافی سمجھتے ہین، کہ ان سے فلان فلان وسایط مسرت پیدا ہوتے ہین۔ اب چونکہ یہ وسایط مسرت، اعمال حسنہ کی سند مین متواتر پیش ہوتے رہے، اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ رفتہ رفتہ یہ خود مقصود بالذات سمجھے جانے لگے، چنانچہ اکثر ہم ایسی نیک کرداریون کی مدح وستایش کرنے لگے، جن سے ہمارے علم مین، ہمارے منافع ولذات کو کوئی واسطہ نہ تھا، اس طرح نیکی بذاتہ ایک محمود ولپندیدہ شے قرار پاگئی۔

ہارٹلے کی[1] وہ مشہور کتاب جس مین انھین نظریات کا بیان ہی، ۱۷۴۹ء مین شائع ہوئی اس مین مسائل عضویات کا اس کثرت سے ذکر ہی، اور اعصاب وجذبات کے تعلقات وتعامل کی اس قدر تفصیل ہی، کہ باوجود اس کے، کہ پریسٹلے، بلشم، وٹکر، (علما، سائنس) نے اس کا زور وشور سے خیر مقدم کیا تھا، اُس وقت خالص اخلاقی حلقون مین اس کی کچھ قدر ووقعت نہ ہوسکی، اور اس کی اخلاقی حیثیت مدت تک دبی دبائی رہی، تا آنکہ اُنیسوین صدی کے بعض اکابر افادیین، مثلاً جیمس[2] مل نے اسے چمکا دیا، ہارٹلے کے نظریات کو چاہے ہم مانین یا نہ مانین، لیکن اس سے انکار نہین ہوسکتا، کہ اس کے نظام فلسفہ کی عظمت و باقاعدگی یقیناً مستحق داد ہی، خیال کرنے کی بات ہی، کہ ایک شخص اپنے نظام کا سنگ بنیاد، ہابس، ومانڈیول کے اس کلیہ پر رکھتا ہی، کہ نفس بشری مین فطرۃً کسی طرح کی ایثار وعالی ظرفی کا وجود نہین، پھر اس مین وہ کسی شریفانہ وغیر خود غرضانہ عنصر کی آمیزش نہین ہونے دیتا، لیکن باین ہمہ محض قوت استدلال اور فلسفیانہ لف ونشر کی مدد سے، وہ انتہائی خود غرضی ونفس پرستی کی بنیاد پر اعلیٰ ترین ایثار، اعلیٰ ترین نفس کشی، کی عمارت کھڑی کردیتا ہی! اس استحالۂ جذبات کی توضیح درکار ہو، تو حریص وبخیل شخص کی مثال پیش نظر رکھنی چاہیے۔ ظاہر ہی کہ دولت مین فی نفسہ کچھ بھی دلکشی یا لذت بخشی نہین ہوتی، لیکن چونکہ وہ آلہ ہوتا ہی، یا قیمت ہوتی ہی، جس سے ہم منافع ولذائذ خرید کرسکتے ہین، اس لیے اُس کا تصور ہمارے ذہن مین لذت ومسرت کے تصور کے ساتھ وابستہ ہوجاتا ہی، یعنی ہمین خود دولت سے محبت ہوجاتی ہی، جو بعض حالات مین ایسی فوق الحد ہوجاتی ہی، کہ خود اُن چیزون کا شوق، جن کی خرید کے لیے دولت صرف قیمت کا کام دے سکتی ہی، اس کے سامنے دب جاتا ہی، یہانتک کہ زر پرست کو اُن سب چیزون سے دست بردار ہوجانا منظور ہوتا ہی، لیکن یہ نہین گوارا ہوتا کہ اپنی دولت کا کوئی چھوٹا سا حصہ بھی صرف کرے۔ انسان کے لیے اپنی جان سے زیادہ تو کوئی محبوب شی نہین ہوسکتی، لیکن زر پرست جان دیدیگا، پر ایک حبہ نہ خرچ کریگا۔

---

[1] ڈیوڈ ہارٹلے (۱۷۰۵ء تا ۱۷۵۷ء) [2] جیمس مل (۱۷۸۳ء تا ۱۸۳۶ء)

اور اکیلی دولت پر کیا موقوف ہی، ہر چیز کا یہی حال ہی۔ جاہ و اقتدار، ابتداءً ہمین اسلیے مرغوب ہوتا ہی کہ اس سے ہم اپنے مرغوبات اصلیہ حاصل کر سکتے ہین، لیکن کچھ عرصہ تک ان دونون تصورات کے ارتباط کے بعد آخر مین کیا حالت ہو جاتی ہی؟ یہ کہ اُن مرغوبات اصلیہ کا شوق تو یون ہی سارہ جاتا ہی، البتہ نفس مین جاہ پرستی و اقتدار پرستی پیدا ہو جاتی ہی۔ مدح کا منشا یہ ہوتا ہی کہ مداح کو ہم سے محبت ہی، اور چونکہ دوسرون کی محبت و الفت، ہمارے اغراض اصلیہ کے حصول مین ہماری معین ہوتی ہی، اسلیے ہم ابتداءً اُسے بہ طور ایک واسطہ کے پسند کرتے ہین لیکن رفتہ رفتہ بہ حیثیت آلی ساقط ہو کر مدح و ستایش فی نفسہ ایک محبوب شی ہو جاتی ہی، اور بعض اوقات یہ خواہش ہم مین اس درجہ تک پہنچ جاتی ہی، کہ ہم اسے حاصل کرنے کے پیچھے اپنی عزیز سی عزیز شی کو قربان کر دین گے، اور یہ صرف اسلیے کہ موت کے بعد بھی ہماری شہرت و ستایش قائم رہے، حالانکہ ظاہر ہی کہ اُس وقت اس کی آواز ہمارے کانون تک نہ پہنچ سکے گی۔ اور آگے بڑھیے، تو ایتلاف افکار کی وسعت اثر کا اس سے بھی زیادہ دلکش تماشہ نظر آتا ہی۔ ہم ستایش کو پہلے اسلیے پسند کرتے ہین کہ اس سے ہمین منافع حاصل ہوتے ہین، اسکے بعد ستایش کو ہم خود اُن منافع سے زیادہ عزیز رکھنے لگتے ہین۔ پھر وہ درجہ آتا ہی، کہ ہم اپنے شوق و خواہش کو بجاے ستایش کے اُن اعمال کی طرف منتقل کر دیتے ہین، جو قابل ستایش ہوتے ہین۔ آخری مرتبہ یہ ہی، کہ ہم قابل ستایش اعمال کے اخذ و اکتساب مین اس قدر محو و منہمک ہو جاتے ہین، کہ ہمین دائمی بدنامی و رسوائی قبول ہوتی ہی، مگر اُن اعمال کو ترک کرنا گوارا نہین ہوتا، جنھین ہم قابل ستایش فرض کر چکے ہین۔ اِن مثالون سے اُکتا نہ جائیے۔ ذرا نظر کو اور وسیع کیجیے، تو ایتلاف افکار اپنے عموم اثر و ہمہ گیری کے اس سے بھی زیادہ شان دار مناظر آپ کے سامنے کر دیگا۔ بلکہ سنتے تو یہ ہین، کہ اس کا حلقۂ اثر، تمام تر احساسات اخلاقی پر محیط ہی۔ ماں کے پیٹ سے کوئی بچہ احساسات اخلاقی ساتھ لیکر نہین آتا، اور شروع شروع اس کے اعمال کی محرک تمام تر اس کی خود غرضی ہوتی ہی۔ لیکن رفتہ رفتہ بچہ اپنے ذاتی نفع کو اپنی والدہ کے تصور سے، لڑکا اپنے ذاتی نفع کو

اپنے خاندان کے تصور سے، اور بالغ انسان اپنے ذاتی منافع کو اپنی جماعت، اپنے مذہب، اور اپنے ملک کے تصورات کے ساتھ وابستہ کرنے لگتا ہی، اور اس طرح مستقل وعلیحدہ اُلفتون کا سلسلہ قائم ہوجاتا ہی۔

اسی طرح، بچہ جب دوسرون کو کسی دُکھ درد مین مبتلا دیکھتا ہی، تو اُسے خود اپنی گزشتہ تکالیف یاد آجاتی ہین، اور یہ یادداشت بجاے خود دردناک ہوتی ہی۔ اس پر مائین بچون کی تخئیل کو متاثر کرکر کے اُن کی قوت ہمدردی کو اور تقویت پہنچاتی ہین۔ پھر جب چند بچے یک جا ہوکر تعلیم پاتے ہین، تو جو مصیبت کسی ایک پر آتی ہی، وہ تمام رفقا پر کم وبیش متعدی ہوتی ہی۔ غرض مآل کار ان تمام موثرات کا یہ ہوتا ہی، کہ دوسرون کی تکلیف کا تصور ہمارے ذہن مین، ہمارے ذاتی تکلیف کے تصور سے وابستہ ہوجاتا ہی، اور یون بالآخر جذبۂ ہمدردی کی تکوین ہوجاتی ہی۔ علیٰ ہذا القیاس فیاضی وعدل، ہمارے ذہن مین ابتداءً ان خیالات کے ساتھ وابستہ ہوتے ہین، کہ ان سے اپنے ابناے جنس کی نگاہ مین ہماری وقعت ہوگی، اور آیندہ ان کی طرف سے ان کا صلہ ملے گا، چنانچہ اول اول، ہم انھین اسی بنا پر عزیز رکھتے ہین، لیکن آخرکار وہ بذات خود ہمین محبوب ہوجاتے ہین۔ برخلاف اس کے ان کے متضاد علاقات ایتلاف، ہم مین متضاد جذبات پیدا کردیتے ہین، جیسا کہ ذنات ونا انصافی کے متعلق ہم مین جذبات ناملایم پیدا ہوجاتے ہین۔ غرض، اسی طرح ایتلاف افکار کے واسطہ سے بالآخر نیکی، ہماری تمام خواہشات کا منتہاے مقصود قرار پاجاتی ہی، اور ہماری مسرتین جس قدر اُن افعال سے پیدا ہوتی ہین، جنھین نیک کہا جاتا ہی، اتنی اور کسی سے نہین پیدا ہوتین۔ دوسرے اگر اعمال نیک کرتے ہین، تو ہم اُن کے فوائد مین شریک ہوتے ہین، ہم خود اگر نیکی کرتے ہین، تو اس سے دوسرون کی نظر مین ہماری وقعت بڑھتی ہی۔ مدح وستایش کے جتنے الفاظ لغت مین مل سکتے ہین، سب نیکی ہی کے لیے مستعمل ہین، ہجو وذم کے جتنے الفاظ ہین، سب بدی کے لیے ہین، خود مذہب، نیکی کے صلہ مین غیر محدود لذائذ ونعائم کی توقعات

دلاتا ہے اور بدی کی پاداش مین لاانتہا عذاب وعقوبت کی وعید سناتا ہی۔ خلاصہ یہ کہ راحت ومسرت کے جس قدر بھی تصورات ہوسکتے ہین، سب کے ساتھ نیکی ونیک کرداری کا تصور وابستہ ہوجاتا ہی۔ اب دنیا کی جس شی کو بھی اس قدر مویدات ومحرکات مل جائین گے، اُس کی قوت کا کیا ٹھکانا رہے گا۔ چنانچہ نیک کرداری کے متعلق بھی ہم یہی پاتے ہین۔ یعنی ان متعدد عوامل کی مجموعی قوت کا یہ اثر پڑا کہ نیک کرداری، جو پہلے حصول مسرات مختلفہ کا ایک آلہ وذریعہ تھی، اب بذات خود ہمارے اعمال کے لیے ایک منتہاے مقصود وغایت حقیقی بن گئی، اور اُس نے ہمارے نفس کے اندر ایسی جڑ پکڑلی، کہ اُس کے اکتساب وعمل مین ہمین انتہائی لطف اور اُس کے ترک وخلاف ورزی سے انتہائی اذیت ہونے لگی۔ یہی معنی ہین ضمیر یا کانشنس یا وجدان اخلاقی کے۔ اور یہین سے ضمیر کی طاقت، تمام دیگر محرکات عمل کی طاقت پر غالب آجاتی ہی، اور شدشد یہ اس حد تک پہنچ جاتی ہی، کہ ایک مجاہد اخلاق یا ہیرو اپنی جان تک کو قربان کردیتا ہی، لیکن فرمان ضمیر سے سرتابی نہین کرسکتا ہی۔ یہ ہی ایتلاف افکار کی قوت اثر!

ارتقاء حاسات اخلاقی کا یہ دلچسپ، گو بعض حیثیات سے محض خیالی، نظریہ، انگلستان کے باہر تو نہین، لیکن خود انگلستان مین خوب مقبول ہوا۔ اس سے وہ لوگ بھی متاثر ہوئے، جو باہم نہایت مختلف الخیال تھے۔ اور اس کے مان لینے سے استقرائین اخلاقی پر سے کم ازکم بعض اعتراضات تو ضرور ساقط ہوجاتے ہین۔ مثلاً جب ضمیر ہمین، معترضانہ لہجہ مین کہتے ہین، کہ "اتنی بات کا ہر شخص بجاے خود اپنے ذاتی تجربہ سے اطمینان کرسکتا ہی، کہ نیک کام کرتے وقت کوئی شخص کبھی اس کے نتائج کی لذت بخشی کا اندازہ نہین کرتا، بلکہ زیادہ صحیح یہ ہی، کہ کسی کام کے کرتے وقت اتنی فرصت ہی کس کو ہوتی ہی، کہ وہ نتائج کا حساب کرے، ہر عمل کی تحریک دفعۃً ہوتی ہی، پس اتنا موقع کسی کو کہان مل سکتا ہی کہ نتائج اعمال کی لذت بخشی یا الم انگیزی کا فیصلہ کرے، اور اس سے یہ معلوم ہوتا ہی، کہ عمل کی فوری وقطعی تحریک ایک فطری حس اخلاقی کا نتیجہ ہوتی ہی، نہ کہ تجربہ واندازہ نتائج کا" تو اس کے جواب مین افادیین کی

یہ مخصوص جماعت، جس کے نظریات کو ہم ابھی بیان کر چکے ہین، کہتی ہی، کہ ایسے مواقع پر ہمارے اخلاقی فیصلون کی علت قریبہ یہی ایتلاف افکار ہوتا ہی، جس کی بنا پر ہم بجاے اعمال حسنہ کے نتائج مسرت انگیز کے، خود اُنھین اعمال کو محبوب رکھنے لگتے ہین، اور اس کو چاہے ضمیر کہو خواہ جس نام سے تعبیر کرو، مگر ہی سب اُسی ایتلاف فکری کی کارفرمائی۔

عملی نقطۂ خیال سے دیکھیے، تو یہ نظریہ، مسئلہ تعلیم کے لیے تخصیص کے ساتھ ایک اہمیت رکھتا ہی۔ اسے سمجھنے کے لیے پہلے یہ غور کر لینا چاہیے، کہ نیکی و بدی مین سے کسی ایک راستہ کے انتخاب کرتے وقت ہوتا کیا ہی؟ ایسے موقع پر ہوتا یہ ہی، کہ دو متضاد سمتون سے لذات و مسرات کی کشش ہوتی ہی، اور جس سمت کی لذات سے ہماری قوت ارادی، زیادہ متاثر ہوتی ہی، بس وہی راستہ وہ اختیار کر لیتی ہی۔ یعنی اگر ہماری قوت ارادی کو بدی مین زیادہ لطف حاصل ہونے کی توقع ہی، تو ہم بدی پر مائل ہو جائین گے، اور اگر اُسے نیکی کا سررشتہ زیادہ پُرلطف نظر آتا ہی تو ہم جادۂ نیک کرداری پر پڑ لین گے۔ لیکن ان دو پہلوون مین سے کسی ایک کی تقویت بجاے خود، ہمارے ابتدائی ایتلاف فکری کی نوعیت پر منحصر ہی، اگر بچپن سے ہم اپنے لطف و لذت کو نیک کرداری کے تصور کے ساتھ وابستہ کرنے کے عادی ہین، تو لامحالہ ہمارے ذہن مین نیک کرداری کا پلہ وزنی رہے گا، اور اگر اس کے برخلاف ہم شروع سے بدکرداری کے تصور سے لطف اندوزی کے خوگر ہین، تو یقیناً بدکرداری کو تقویت حاصل رہے گی۔ اور یہ شی، (بہ قول ان افادیین کے) بداہۃً ایسی ہی، جو تمام تر ابتدائی تعلیم و تربیت کے بس کی ہی۔ اگر شروع مین کوئی دور اندیش معلّم و مربی مل گیا، تو اس نے ہمارے تصورات لطف و لذت کو نیک کرداری کے ساتھ منسلک و وابستہ کر کے ہماری طبیعت مین نیکی کی جڑ بٹھا دی، اور اگر معلم نااہل ہوا تو اس نے بدی کی خواہش استلذاذ ہمارے خمیر مین داخل کر دی۔

اس سلسلہ مین ناظرین نے غالباً یہ نکتہ نظرانداز نہ کیا ہوگا، کہ یہ نظریہ بھی باوجود اپنی ظاہری ایثار آموزی و شایستگی کے، ہے اصولاً اُسی خودغرضی ہی پر مبنی۔ یہ مانا کہ ایک شخص، راہ ثواب

ہر طرح کے نقصان برداشت کرنے کو تیار ہی، اپنے ادائے فرض کے لیے ہر قسم کے ایثار، ہر قسم کی قربانی پر آمادہ ہی، لیکن پھر اس سے کیا ہوتا ہی؟ کیا ان چیزون کی اصل محرک اس کی خواہش لطف اندوزی نہین ہی؟ کیا اُس کو اس تمام ایثار مین لطف نہین آتا ہی؟ اور اگر آتا ہی، تو اُس مین اور ایک جاہ طلب، ایک عیش پرست، ایک شہوت رانی شخص مین کیا فرق ہی؟ جس طرح ان کو جاہ طلبی، عیش پرستی، شہوت رانی مین لذت حاصل ہوتی ہی، اُسی طرح اُسے ایثار مین لذت حاصل ہوتی ہی۔ دونون کی حالت بالکل یکسان ہی۔ کہہ سکتے ہو، کہ یہ عیش و لطف عاجل و مادی ہین، اور وہ بعید و خیالی، لیکن اول تو یہ کوئی نوعی و اصولی فرق نہین، دوسرے یہ کہ جن لوگون کی بداخلاقی و بدکرداری مسلم ہی، خود اُن کی لذات کب ہمیشہ مادی و عاجل ہوتی ہین؟ ایک قارون وقت کو جو ہر لحظہ روپیہ کے اکٹھا کرنے مین مصروف رہتا ہی، کون سی مادی و عاجل لذت نصیب ہوتی ہی؟ اس کا لطف بھی محض خیالی ہوتا ہی پھر اس پر ایک نیک کردار شخص کے خیالی لطف کو کیون ترجیح دی جائے؟

بعض ذہین طبایع (مثلاً مل[1]) اس کی یون تاویل کرتے ہین، کہ نیک کرداری کے ابتدائی چند اعمال تو حصول لطف کی توقع پر قصداً اختیار کیے جاتے ہین، مگر اُس کے بعد تمام اعمال حسنہ عادۃً سرزد ہوتے چلے جاتے ہین، جن مین خواہش استلذاذ کو مطلق دخل نہین ہوتا۔ علیٰ ہذا بدکرداری بھی اسی قانون کی پابند ہی، لیکن مصنف ہذا کے نزدیک ایسی تاویلات سے اعتراض کی قوت مطلق ہلکی نہین ہوتی۔ مانا کہ انسان کسی فعل کو بلا خیال حصول لذت، عادۃً کرتا چلا جا رہا ہی، لیکن سوال یہ ہی، کہ کسی فعل کے بربناے عادت کرتے رہنے کے معنے کیا ہین؟ سوا اس کے اور کچھ نہین، کہ افعال عادیہ کو ترک کرنے مین ہمین سخت اذیت ہوتی ہی۔ اس اذیت سے بچنے ہی کے لیے ہم افعال عادیہ کے ترک پر قادر نہین ہو سکتے۔ اور یہ دفع اذیت کا خیال جو اعمال حسنہ عادیہ کا محرک ہوتا ہی، حصول لذت ہی کی ایک دوسری شکل ہی۔

---

[1] مشہور فلسفی جان اسٹوارٹ مل (۱۸۰۶ء تا ۱۸۷۳ء)

جن ناظرین نے افادئین کی اصل تصانیف کا مطالعہ کیا ہی، وہ واقف ہون گے کہ یہ لوگ کس شدومد سے اپنے نظام اخلاق کو فلسفۂ خودغرضی سے تعبیر کیے جانے پر اظہار بیزاری کرتے ہین۔ مگر میرے نزدیک، جو اعمال محض دفع اذیت وحصول لذت کی غرض سے کیے جاتے ہین، اُنھین خودغرضانہ کے لقب سے موسوم کیے جانے مین زبان یا اصطلاح کی کسی طرح کی غلطی نہین ہی، اور اگر میرا یہ خیال صحیح ہی، تو نظام افادئیت کی جملہ اصناف کو فلسفۂ خودغرضی سے موسوم کرنا بالکل دُرست ہی۔ لیکن اسی کے ساتھ دو باتون کا اعتراف کرنا بھی مین ضروری سمجھتا ہون۔ ایک یہ کہ قدیم افادئین، مثلاً ہابس، مینڈیول، پیلی وغیرہ کے معتقدات اور موجودہ شایستۂ لذتیت کے درمیان عظیم الشان فرق ہی، دوسرے یہ کہ خود متعدد ضمیرئین وروا قعئین، نیک کرداری کے مسرت بخش نتایج کا ذکر کرتے ہوئے اکثر افادئین ہی کی بولی بول گئے ہین۔ اصل یہ ہی کہ قدیم وجدید افادئین کے طریق نظر ہی مین کسی قدر اختلاف ہی۔ قدما افادئین نے اپنے مسلک کی اس طرح تائید کی کہ خود نفس بشری کو یون پست ودنی کرکے دکھایا کہ تمام اعمال انسانی، خودغرضی کے سانچے مین ڈھلے ہوئے معلوم ہون۔ برخلاف اس کے جدید اساتذۂ افادئیت نے نفس بشری کی انانیت پر اپنی تحلیل مین زور دینا مناسب نہین خیال کیا، بلکہ اُنھون نے خود لذت ومسرت کی تعریف اس قدر وسیع کردی، کہ اس کے تحت مین اجتماعی لذات، اور نفس کشی وایثار کی مسرات سما گئین۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ جیسا ہم پیشتر کہہ چکے ہین، یہ متاخرین افادئین ضمیر کے وجود کے پوری طرح قایل ہین، اعمال انسانی پر اسکو جو حاکمانہ اقتدار حاصل ہی، اُسے بھی تسلیم کرتے ہین، اور پھر نفس بشری مین جذبات ہمدردی وایثار کے بھی منکر نہین، البتہ یہ ضرور ہی وہ ان چیزون کو وہبی وفطری نہین سمجھتے، بلکہ اتلاف افکار کا معلول قرار دیتے ہین۔ اپنے اصول کے لحاظ سے وہ یہ تو کس طرح مان سکتے ہین، کہ انسان ایسے اعمال پر قادر ہی، جو سرے سے غیر خودغرضانہ ہین، یعنی جن مین فاعل کے ذاتی لطف ومسرت کی آمیزش تک نہ ہو لیکن

اس قدر وہ علانیہ تسلیم کرتے ہین، کہ انسان کو ایثار مین صرف انتہائی لطف حاصل ہوسکتا ہی، بلکہ نیک کرداری اور مسرت کے درمیان وہی ایتلاف کامل کہا جاسکتا ہی، جو انسان سے عادۃً دوسرون کے لیے نفع بخش اعمال صادر کراتا رہتا ہی، اور جس شخص کو ترک معصیت مین بہ نسبت ارتکاب کے زیادہ لذت نہ ملتی ہو، اُس کی اخلاقی صحت کبھی درست نہین کہی جاسکتی۔ غرض یہ کہ گو قدما و متاخرین دونون اپنے تئین، افادئیت کا نام لیوا اقرار دیتے ہین، لیکن ان کے معتقدات و آرا مین زمین و آسمان کا فرق ہوجاتا ہی۔

صفحات بالا مین افادئیت کی تاریخ، یعنے عہد بہ عہد اُس کے تغیرات کی داستان بیان ہوچکی، جو اگرچہ مختصر و سرسری تھی، مگر شاید غیر واضح و غیر صحیح نہ تھی۔ اب مین چند اُن اہم اعتراضات کا ذکر کرتا ہون، جو اس نظریہ پر وارد ہوئے ہین، یا وارد ہوسکتے ہین اس کے بعد مین اُن لوگون کا ذکر اور اُن کی تائید کرون گا، جن کا یہ خیال ہی، کہ حاسات اخلاقی روز ازل سے ہماری سرشت کا ایک جزو ہین، اور گو تعلیم و تربیت اُن مین اصلاح و تہذیب پیدا کرسکتی ہی، مگر وہ اُنھین خلق نہین کرسکتی۔ اور پھر اس باب کے خاتمہ پر اِن احساسات اخلاقی کے ارتقا، یعنے ان کی ترتیب تاریخی کا بیان کرونگا تاکہ اخلاق کی تاریخ طبعی کو سمجھ لینے کے بعد ناظرین کو، ابواب آیندہ مین یہ دریافت کرنے مین سہولت ہو، کہ اخلاق کی طبعی تاریخ پر سیاسی و مذہبی تاریخ کے کیا کیا اثرات پڑے اور ارتقاء اخلاق، اِن خارجی مؤثرات سے کہانتک متاثر ہوا۔

فصل (۳)

افادئیت پر اعتراضات

بہ قول سر ولیم ہملٹن[۱] کے علم النفس، شعور ہی کی ایک منضبط و تربیت یافتہ شکل کا

---

[۱] سر ولیم ہملٹن (سنہ ۱۷۸۸ء تا سنہ ۱۸۵۶ء)۔

نام ہی۔ یعنے نفسیات کے جتنے مباحث ہین، ان کی صحت کا معیار اس کے سوا کچھ نہین کہ وہ ہمارے حالات و کیفیات شاعرہ کے عین مطابق ہون پس جب بعض حکماء اخلاق، نفسیات کے سرحد مین داخل ہوکر یہ دعویٰ کرتے ہین، کہ نیک کرداری کا معیار، اعمال کی حیثیت افادی، اور اس کی محرک، فاعل کی مسرت و لذت ہوتی ہی، تو ہم مین قدرۃً یہ سوال پیدا ہوتا ہی، کہ اس دعویٰ کی تائید، خود ہمارا شعور کہان تک کرتا ہی؟ اس کے جواب مین مطالعۂ باطن کا نتویٰ یہ ملتا ہی، کہ اس سے زیادہ بے بنیاد کوئی دعویٰ نہین ہوسکتا۔ بلکہ سچ یہ ہی، کہ یہ ایک ایسا عجیب و غریب ادعا ہی، جس کی ہر ملک و ہر زمانہ مین تمام اُن طریقون سے تردید ہوتی رہی ہی، جن سے انسان اپنے مافی الضمیر کا اظہار کرسکتا ہی۔ ہر زبان مین نیک کرداری اور اعمال افادی کے لیے جُدا جُدا الفاظ موجود ہین، اور ہر وہ دماغ، جس مین کچھ بھی عقل و فہم ہے، اِن دونون کے مفاہیم مین فرق کرتا ہی۔ خود خیال کرو، کہ دنیا کا کون شخص ایسا ہی، جس کے نزدیک مسرت افزائی اور نیک کرداری دو متباین چیزین نہین؟ دنیا کی کون زبان ایسی ہی، جس مین دور اندیشی، اور ایثار کا فرق نظر انداز کردیا گیا ہی؟ یہ بے شبہ بالکل ممکن ہی، کہ کبھی کبھی ایک ہی فعل سے یہ دونون نتائج حاصل ہوجائین، یعنی وہ عمل نیک بھی ہو اور پُر منفعت بھی، لیکن اس سے یہ نتیجہ تو نہین نکلتا کہ یہ دونون الفاظ مرادف ہوجائین، یا دونون کا اصولی و حقیقی تباین مٹ جائے، فرض کرو، ہم کسی شخص کے متعلق یہ کہہ رہے ہین، کہ وہ کبھی جادۂ اخلاق سے منحرف نہین ہوتا، تو اس کے یہ معنی کبھی کوئی بھی نہین لیتا، کہ وہ اپنے کردار مین ہمیشہ اپنے ذاتی یا اجتماعی منافع کو مدنظر رکھتا ہی۔ اور یہ معنی لے کیسے سکتا ہی، جبکہ دوسری طرف نفس بشری کے نزدیک، بہ طور علوم متعارفہ کے، یہ مسلم ہی کہ نیک کرداری کا عنصر حقیقی، ایثار ہی، اور ایثار کے معنی ہین کسی طریق عمل کو بلا ادنیٰ شائبۂ منفعت و لذت اختیار کرنا۔ یہ تو ہوسکتا ہی کہ کوئی شخص محض ذاتی لطف کے لیے کسی فعل کا مرتکب ہو، اور اس مین کسی قسم کی بد اخلاقی نہ ہو،

لیکن اس سے یہ نہیں ہو سکتا، کہ ہم لطف افزائی و منفعت بخشی کے پیدا کردہ اعمال کو نیک کرداری کا مرادف قرار دینے لگیں۔ ایسا نہ کرنا اُس واقعیت سے نہ صرف علیحدہ، بلکہ اُس کے بالکل منافی ہوگا، جو نفس بشری کے نزدیک مسلم ہے۔ اپنی جگہ پر ذرا یہ تصور کرو، کہ کوئی اپیکورین، یعنی تابع مسلک لذتیہ، ایک مجمع عام کے سامنے یہ تقریر کر رہا ہے، کہ "میری زندگی کی غرض و غایت حصول لطف و لذت ہے"۔ تو حاضرین پر کیا اثر پڑے گا؟ یقیناً وہ اسے نفس پرست سمجھیں گے۔ یا اسی طرح جو شخص اپنی زندگی کا رہبر، فلسفۂ خود غرضی کو ظاہر کرتا ہے، اُس کو سوسائٹی کن نظروں سے دیکھتی ہے؟ وقعت و احترام سے یا ذلت و تحقیر سے؟ یقیناً ذلت و حقارت سے۔ اور اصل تو یہ ہے، کہ ہم اپنے دوست یا دشمن، اشخاص فرضی یا تاریخی، غرض جس کسی کی بھی قدر و قیمت کا اندازہ لگانا چاہتے ہیں، تو ہمیشہ ہمارے ہاتھ میں ایک ہی پیمانہ ہوتا ہے، یعنی جس قدر اُس شخص کے محرکات عمل میں ذاتی لطف و لذت کو دخل ہوتا ہے، اُسی قدر ہم اُس کے اخلاق کو پست خیال کرتے ہیں، اور جس قدر اُن کا عنصر کم ہوتا ہے، اُسی تناسب سے ہم اُس کے اخلاق کو بلند و اعلیٰ قرار دیتے ہیں، یہ ایک ایسی واضح و مسلم حقیقت ہے، جس سے کوئی شخص مجال انکار نہیں رکھتا، اور جس کی تصدیق و توثیق ہر ہر لحظہ ہمارے مطالعہ باطنی سے ہوتی رہتی ہے۔ لیکن بعینہٖ یہی وہ حقیقت ہے، جس سے افادئین کو انکار ہے۔ اب جائے غور ہے، کہ جو فلسفہ اپنی بنیاد، مطالعۂ باطنی کے فتویٰ اور حالات شاعرہ کی مطابقت پر رکھتا ہے، اور ساتھ ہی ایک ایسا دعویٰ بھی پیش کر دیتا ہے، جس کی تردید قدم قدم پر ہمارا شعور و مطالعہ باطن کر رہا ہے، وہ کہاں تک اپنی صحت دنیا سے تسلیم کرا سکتا ہے؟ کم از کم اس کی صحت مشتبہ تو ضرور ہو جاتی ہے۔

بعض افادئین یہ کہتے ہیں، کہ "ہم جس لطف و مسرت کے قایل ہیں وہ کوئی مادی لذت نہیں، بلکہ، صرف وہ روحانی حظ ہوتا ہے، جو ہر نیک عمل کے انجام دینے پر ہم میں از خود پیدا ہو جاتا ہے"۔ لیکن میرے نزدیک یہ تاویل کچھ بیکار سی ہے، کیونکہ اگر فی الواقع

نیکی کی محرک یہ توقع ہی ہوتی ہی، کہ اس سے ہمین بالآخر اس قدر وجدانی لذت حاصل ہوگی، جس کا پلہ اُس اذیت و تکلیف کے مقابلہ مین بہت بھاری ہوگا، جو ہمین اس وقت ضبط نفس یا ایثار مین اُٹھانی پڑ رہی ہی، تو اس کے معنے یہ ہوئے، کہ ہمین نیک کرداری مین کوئی تکلیف ہی نہین اُٹھانی پڑی۔ یا بہ الفاظ دیگر نیک کرداری یہ ہوئی کہ دو لذتون مین سے ہم نے لذت عاجل کے مقابلہ مین اُس لذت کو ترجیح دی جو گو دیر مین پیدا ہوگی، مگر بڑی ہوگی۔ اور اس صورت مین یہ تاویل بیکار گئی، کیونکہ جو اعتراض اصل نظریۂ افادیت پر عائد ہوتا تھا، وہ اس پر بھی بدستور قایم رہا۔

بات یہ ہی، کہ اس بحث مین جو نکتہ، اصل الاصول کا درجہ رکھتا ہی، افادیین اُسی کو نظر انداز کر گئے ہین۔ وہ نکتہ، جس کی تصدیق ہر شخص اپنے ذاتی تجربہ سے کر سکتا ہی، یہ ہی، کہ نیکی، اگر حصول لذت و حظ کی توقع مین کی جاتی ہی، تو پھر اُس سے لذت کبھی حاصل ہی نہین ہوتی؛ بلکہ حصول لذت کے لیے ضرور ہی کہ نیکی کرتے وقت ہمین صرف اُس عمل کا خیال ہونا چاہیے، اُس کے نتائج کی لذت بخشی کی طرف دھیان ہی نہ کرنا چاہیے۔ مثال کے لیے ہم دُعا کو لیتے ہین۔ دعا کے متعلق اتنا ہر فریق کو مسلم ہے، کہ خواہ اُس کی تاثیر ہوتی ہو یا نہ ہو، لیکن دعا کے بعد کم از کم طبیعت ضرور ہلکی ہو جاتی ہی، اور تسکین، طمانیت، و شگفتگی یقیناً پیدا ہو جاتی ہی، لیکن یہ حالت صرف اُن لوگون پر طاری ہوتی ہی، جو قبول دعا کے قائل ہین، اور حضور قلب و خضوع و خشوع کے ساتھ ایک قادر مطلق کے آگے التجا کرتے ہین۔ بہ خلاف اس کے جو لوگ استجابت دعا کے منکر ہین، وہ لاکھ دعائین کیا کرین، اُنھین کسی قسم کی تسکین و فرحت نہین حاصل ہوتی، ایک ہندو، اپنے مندر مین قدم رکھتے ہی، ایک خاص روحانی جذبہ سے متاثر ہونے لگتا ہی، لیکن مسلمان پر اس طرح کا کوئی اثر نہین پڑتا۔ ارباب تصوف پر مزارات مین جانے سے ایک وجد کی کیفیت طاری ہو جاتی ہی، لیکن معتزلہ و اہل حدیث قطعاً غیر متاثر رہتے ہین۔ اسی طرح کی صدہا مثالین مل سکتی ہین۔ غرض یہ کہ جو نیکی بہ طمع استلذاذ کی جاتی ہی،

اس مین بالآخر کوئی لذت نہین ملتی، لیکن جو نیکی محض نیکی کی غرض سے، تمام نتائج سے مستغنی ہوکر خلوص قلب کے ساتھ کی جاتی ہی، صرف اُسی کا نتیجہ لذت بخش ہوتا ہی۔ زیادہ غور کرو، تو معلوم ہوگا، کہ نیک کرداری کے نتائج کے طور پر جو حظ حاصل ہوتا ہی، وہ دراصل صرف یہی خیال ہوتا ہی، کہ ہم نے ایک نیک کام کیا۔ لیکن اگر ہمین شروع ہی سے یہ خیال ہو کہ ہم کوئی نیک کام، نیکی کی خاطر نہین، بلکہ کسی معاوضہ، صلہ، یا لذت، کی طمع مین کر رہے ہین، تو یہ تو ایک طرح کی معاملت، یا روش داد و ستد ہوجاتی ہی، اور اس پر ہمارا ضمیر وہ تسکین و تفریح کبھی نہین حاصل کرسکتا، جو احساس ادائے فرض کے ساتھ مخصوص ہی۔

ان سب باتون سے قطع نظر کرکے، یہ امر بھی قابل غور ہی، کہ ہماری سرشت کا اخلاقی پہلو، دیگر تمام پہلوون سے متمایز و متباین ہی، اور یہ تباین کیفی و کمی دونون حیثیات سے نہایت نمایان و عمیق ہی۔ لیکن اگر افادیین کے اقوال کو تسلیم کرلیا جائے، تو یہ تباین کالعدم ہوجاتا ہی۔ چنانچہ اگر یہ اصول تسلیم کرلیا جائے، کہ نیک کرداری کا معیار افعال کی مسرت افزائی ہی، تو لامحالہ ہمین بہت سے ایسے افعال کو محاسن اخلاق کی فہرست مین داخل کرنا ہوگا، جنکی جانب حسن اخلاق کا انتساب اب تک کسی کے وہم و گمان مین بھی نہین آیا ہی۔ فلسفہ، تاریخ، اقتصادیات، وغیرہ تمام وہ علوم، جو حیات اجتماعی کی تحلیل و تجزیہ کرتے ہین، ان کا بہ امعان نظر مطالعہ کرنے سے معلوم ہوتا ہی، کہ نوع انسانی کی مجموعی راحت و مسرت کی تکوین مین جن افعال نے حصۂ غالب لیا ہی، وہ اعمال نفس کشی و ایثار نہین، بلکہ وہ اعمال ہوئے ہین، جن کی محرک خود غرضی یا ذاتی نام و نمود کی خواہش تھی۔ ارتقاء اقوام ترقی و تمدن، و نشو تہذیب، جن افراد کی کوششون کا شرمندۂ احسان ہی، وہ وہی لوگ ہوئے ہین، جن کا محور اعمال اغراض ذاتی تھے، اور اس سے اجتماعی فوائد جو کچھ پہنچے، وہ محض ضمناً و تبعاً پیدا ہوگئے۔ اس کو ایک موٹی مثال کی مدد سے یون سمجھنا چاہیے، کہ فیاضی و سخاوت کا اخلاقی حیثیت سے محمود ہونا، اور بخل کا مذموم ہونا مسلم ہی، لیکن واقعہ یہ ہی، کہ عام اجتماعی ثروت و دولت کے حق مین، یہ جذبۂ بخل، جو دولت کو یکجا رکھنے کا ضامن ہی، بہ نسبت جذبۂ

سخاوت کے، جو دولت کو چھوٹے چھوٹے ٹکڑون مین تقسیم کرادیتی ہی، زیادہ مفید ثابت ہوا ہی۔ انھین شواہد کو دیکھ کر ایک فاضل مورخ نے پُرزور طریقہ پر یہ رائے قائم کی ہی کہ جماعات کے حق مین عقلی نشوونما (یا ارتقاء ذہنی)، بہ مقابلہ ارتقاء اخلاقی کے مفید تر ہی۔ بااینہمہ اس سے کون انکار کرسکتا ہی، کہ اخلاقی ترقی عقلی ترقی سے ممتاز، اور اس سے ارفع و اعلیٰ ہی! اس موقع پر بعض ناظرین شاید یہ کہ اُٹھین، کہ محاسن عقلی و اخلاقی کی بنا امتیاز محرک کی نوعیت ہی لیکن افادیت کی بوالعجبی اسے تسلیم کرنے کے لیے تیار نہین، کہ نوعیت محرک کا فعل کے اخلاقی وغیر اخلاقی ہونے پر کچھ بھی اثر پڑتا ہی۔ بہ قول بنتھم کے، محرک اعمال تو صرف ایک ہی ہونا ممکن ہی، یعنی وہی فاعل کی ذاتی لذت کی خواہش۔ پس جب محرکات مین تنوع و اختلاف کیفی کی گنجایش ہی نہین، اور جملہ محرکات ایک ہی نوعیت کے ہوتے ہین، تو ان کی بنا پر کسی فعل کو کسی دوسرے فعل پر، کسی محاسن اخلاق کو کسی ذمائم اخلاق پر، ترجیح و فضیلت دینے کی کیا وجہ ہوسکتی ہی؟ اس لحاظ سے تو تمام اعمال مساوی الرتبہ ہوتے ہین، غرض یہ کہ ہم خواہ کوئی سا معیار بھی قائم کرین، اس سوال کا کوئی تشفی بخش جواب نہین ملتا، کہ کردار انسانی کے اخلاقی پہلو کو اس کے دوسرے پہلوون پر فضیلت کیون ہی؟ اگر معیار اخلاق، اعمال کی منفعت رسانی و لذت بخشی کو قرار دیجیے، تو ایسے اعمال کو محاسن اخلاق مین رکھنا ہوگا، جن کی جانب کسی کا شان گمان بھی نہین ہوسکتا تھا۔ اگر معیار نیت و محرک اعمال کو فرض کیجیے، تو پھر دانشمندی و نیک کرداری مین کوئی حد فاصل نہین رہنے پاتی۔ اور اگر پھر اعمال کی غرض و مدعا ہی کو معیار حسن و قبح فرض کرلیجیے، تو اس صورت مین یہ تو صاف ظاہر ہی، کہ دیانت داری و عفت مآبی سے نوع انسانی کو خواہ کتنا ہی فائدہ پہنچ گیا ہو۔ خواہ ان سے اس کی راحت مین کتنا ہی اضافہ ہوا ہو۔ لیکن یہ کون کہہ سکتا ہی، کہ ان خصائص کو اختیار کرنے سے انسان کی غرض و مدعا، اپنے ابنائے جنس کو نفع رسانی یا لذت بخشی ہوتا ہی؟

افادئین، اپنی تائید مین، ضمیرئین کے مقابلہ مین بہ طور حجت الزامی کے یہ دعویٰ بھی پیش

کرتے ہین، کہ "تم لوگ خود اپنے مسلمات پر قائم نہین رہتے ہو۔ یعنی جب کسی فعل کو محمود و مستحسن ثابت کرنا چاہتے ہو، تو خواہ مخواہ یہ بھی کہنے لگتے ہو کہ اس فعل کو اختیار کرنے سے فلان فلان انسانی فواید و اسباب راحت مین اضافہ ہوگا، حالانکہ نیک کرداری کے اس طرح پر علل و اسباب بتانا، صریحًا تمھارے اصول کے منافی ہی" اسی کے ساتھ ضمیر مین سے یہ بھی ادعا و تحدی کے لہجہ مین کہا جاتا ہی، کہ "جو نیکیان سب کے نزدیک مسلم و متعارف ہین، اُن مین سے کون ایسی ہی، جس سے انسان کی راحت و مسرت مین اضافہ نہین ہوتا" یہ اعتراض دو مختلف اعتراضات پر مشتمل ہی، اور ہم بھی اس کے دو علیحدہ جوابات دیتے ہین:۔

اولًا یہ کہ فیاضی، سخاوت، و دیگر نفع رسان اعمال کے نیک و محمود ہونے سے ضمیر مین انکار کب کرتے ہین؟ وہ تو اسے برابر تسلیم کرتے ہین، ہان اس کے ساتھ اتنا اضافہ کر دیتے ہین، کہ یہ اعمال اپنی نفع رسانی کی بنا پر محمود نہین، بلکہ اس لیے محمود ہین، کہ ہمارا ضمیر ان کے محمود و مستحسن ہونے کا فتویٰ دیتا ہی۔ پس اس لحاظ سے ضمیر مین کو بھی افادیین کے مساوی ہی اس کا حق حاصل ہی، کہ وہ اعمال حسنہ کی نفع رسانی کو ان کے استحسان کی تائید مین پیش کرین۔ البتہ وہ اس کے قائل نہین، کہ کسی فعل کو محمود قرار دینے کا معیار وحید اُس کی نفع رسانی ہی ہی، اور جو اعمال نفع رسان نہین، وہ محمود بھی نہین، کیونکہ جہان عام افراد کے ہمزبان ہو کر وہ یہ تسلیم کرتے ہین، کہ سخاوت صرف اس بنا پر محمود ہی کہ اُس سے دنیا کو نفع پہنچتا ہی، وہان اُن کے ساتھ وہ اس عقیدہ مین بھی متحد ہین، کہ راستبازی و عفت شعاری کا مدار اُن کی نفع رسانی و راحت افزائی پر نہین، بلکہ براہ راست و بلا واسطہ اُن کی ذاتی محمودیت پر ہی۔

ثانیًا یہ کہ ہر مسلمہ نیکی کے نتائج نفع بخش کا صحیح اندازہ کرنا تو خود معترضین کے لیے بھی آسان نہین۔ کیونکہ جو اعمال حسنہ متعارف ہین، اُن کے نتائج اس قدر مجہول و مخفی ہوتے ہین، کہ افادیین تک، بہ این ادعاے پیمایش نتائج و اندازہ اثرات، ان کا اندازہ نہین کر سکتے۔ پھر افادیین نے اندازۂ نتائج کا جو پیمانہ مقرر کیا ہی، وہ خود کہان تک قابل قبول ہی؟

وہ کہتے ہین، ہر شے کا اندازہ، اس کی پیدا کردہ مسرت افزائیون سے کرنا چاہیے، لیکن کیا مسرت، وراحت، سے زیادہ اضافی، اور زیادہ تغیر پزیر کسی لفظ کا مفہوم ہوسکتا ہی؟ کیا دو قومین، نہین، دو افراد، مسرت کی تعریف پر کبھی متفق ہوسکے ہین؟ اور جب دو شخص، مسرت کی کسی جامع ومانع تعریف، یا مسلم تشریح پر متفق نہین ہوسکتے، تو یہ کیونکر ممکن ہی کہ ماضی و مستقبل مین نوع انسانی کی حقیقی وخیالی مسرت کی مقدار ٹھہرا کر اُس کے مطابق ہر فرد بشر کے ایک ایک کام کی نیکی یا بدی پر حکم لگایا جاسکے؟

یہ بے شبہ بالکل صحیح ہی کہ عموماً اعمال حسنہ سے اگر فاعل کی مسرت مین نہین، تو کم از کم دنیا کی راحت مین تو ضرور اضافہ ہوتا ہی، لیکن جیسا کہ پیشتر بار بار کہا جاچکا ہی، اس اعتراف سے یہ کہان لازم آتا ہی، کہ افادیت ونیک کرداری، مرادف، یا لازم وملزوم ہین؟ حالانکہ افادیین یہی اعتقاد رکھتے ہین۔ اچھا اسے بھی چھوڑیے، اور آگے بڑھ کر اعمال کا، اُن کے نتائج کی بنا پر اندازہ کرنے کی کوشش کیجیے، تو اور بھی عجیب وغریب تماشا نظر آئے گا۔ ظاہر ہی کہ اصول افادہ کے مطابق، اگر اعمال حسنہ کی کوئی ترتیب مدارج قائم کرنا ہی، تو سب سے اونچے درجہ مین اُن اعمال کو رکھنا پڑے گا، جو سب سے زیادہ مفید ہین، اُس کے بعد اُن سے کمتر مفید، اس کے بعد اُن سے بھی غیر مفید تر، تا آنکہ سب سے نیچے اُن افعال کا نمبر آئے گا جو بالکل غیر نفع رسان ہین۔ اور یہ فہرست ایسی جامع ومکمل ہوگی، جو چھوٹے سے بڑے تک ہر طرح کے اعمال پر حاوی ہوگی لیکن اگر یہ اصول صحیح ہی، تو جانتے ہو کہ اس پر عملدرآمد کا کیا نتیجہ ہوگا؟ یہ ہوگا کہ بہ لحاظ نقصانات نتائج کے، خفیف تلون مزاجی یا زود رنجی وغیرہ نہایت معمولی کمزوریون کو شہوت پرستی کے اُن شدید ترین جرائم کے ہم پلہ رکھنا ہوگا، جن کا نام لینا ہی معیوب ہی۔ اسی طرح ایک منکسر مزاج گوشہ نشین ومتواضع شخص کو جو ہر طرح کے شور وشغب سے علیحدہ رہتا ہی، اور اس لیے لامحالہ اس کی نفع رسانی کا دائرہ بہت محدود ہوتا ہی، اُس مغرور وفخار شخص کے ماتحت رکھنا ہوگا، جو اپنی قوت کے بل پر ہر ایک سے اُلجھتا،

اور اپنے جوش تکبر مین سب کو روندتا جاتا ہی، کیونکہ عموماً کام یہی آخر الذکر زیادہ کرتا ہی۔ یا پھر مثلاً اس اصول کی مطابقت مین جب انتقام کو مہنت پزیری و احسانمندی پر فضیلت دینا ہوگی کیونکہ یہی جذبہ انتقام پرستی، صدیون تک شیرازۂ قومی کی جمعیت کا ضامن رہا ہی، اور آج بھی ارتکاب جرائم کے انسداد مین سب سے بڑی قوت ہی۔ ابھی اس سررشتۂ اصول کو ہاتھ سے نہ چھوڑیئے، اور آگے بڑھیے، تو یہ بھی ماننا پڑے گا، کہ تماشا گاہ عالم مین جس وقت شورش انگیز و انقلاب خیز مناظر کا پارٹ ہوتا ہی، اُس وقت بہ نسبت اُس شخص کے جو جادۂ دیانت سے اپنے قدم کو منحرف نہین ہونے دیتا، اور غایت اعتدال، احتیاط، خدا ترسی، و نیک نفسی سے پھونک پھونک کر قدم اُٹھاتا ہی، وہ چالاک مدبر یقیناً نیک کرداری و حسن اخلاقی کے زیادہ قریب ہی، جو اپنے حصول مقصد کے لیے دیانت و بددیانتی مین کوئی امتیاز نہین کرتا، اور جسے اپنی دُھن مین ملامت ضمیر و پاس صداقت کی کچھ پروا نہین ہوتی، کیونکہ ظاہر ہی کہ نازک مواقع پر عمل کے لیے مفید یہی آخر الذکر ہوتا ہی۔ یہ سچ ہی کہ ابھی تک اس طرح کی موقت کامیابیون کی بنا پر، جن مین دنائت کو شرافت کے مقابلہ مین، اور پست خیالی کو عالی ظرفی کے مقابلہ مین فتح حاصل ہوتی ہی، افادیین تک نے شرافت و عالی ظرفی کو مذموم نہین قرار دیا ہی، لیکن اگر افادیت کے اصول صحیح ہین، تو کیا عجب ہی کہ آگے چل کر دُنیا کو اپنی رائے واپس لینا پڑے۔

ان صفحات کے مطالعہ سے ناظرین کو معلوم ہوا ہوگا، کہ نظریۂ افادیت پر حسب ذیل اعتراضات وارد ہوتے ہین:-

(۱) یہ اصول اس لحاظ سے غیر صحیح معلوم ہوتا ہی، کہ تمام زبانین، اور ہر ملک و قوم کے جذبات انسانی اس کے مخالف ہین۔

(۲) ایک عیب اس مین یہ ہی، کہ اگر نیکی کی پیروی طمع استلذاذ مین کی جائے، تو آخر مین کوئی لذت ملتی ہی نہین۔

(۳) اخلاقی لذائذ و منافع، عام دنیوی لذائذ و منافع سے بداہتہً مختلف و ممتاز ہین، لیکن افادیت کو تسلیم کر لینے سے یہ تفریق و امتیاز اُٹھ جاتا ہے۔

(۴) محاسن اخلاق کے نفع رسان ہونیکا کسی فریق، حتیٰ کہ ضمیر مین کو بھی انکار نہین، اسلیے افادیین جو حجت الزامی پیش کرتے ہین وہ صحیح نہین۔

(۵) آخری اعتراض یہ ہے کہ نیکی و بدی کے مدارج، مدارج افادہ و ضرر کے متناسب نہین تشریح ان اعتراضات کی، اوپر گزر چکی۔

فصل (۴)

افادیت پر عملدرآمد کے نتائج

اب فرض کیجیے کہ کسی شخص نے اعتراضات بالا سے غیر متاثر رہ کر یہ ٹھان لی ہے کہ اپنی حیات عملی مین وہ افادیت ہی کو مشعل راہ بنائے گا۔ یہ بھی فرض کر لیجیے کہ ادائے فرض اور اغراض ذاتی کے درمیان جو تناقض ہے، اُس کی طرف سے بھی اُس نے چشم پوشی کر لی ہے۔ پھر دیکھیے، کہ جادۂ افادیت پر چلنے سے کیا کیا مناظر نگاہ سے گزرتے ہین۔ اُسے یہ تو معلوم ہی ہو چکا ہے کہ کردار انسانی کا محرک، بجز فاعل کی فرحت و مسرت کے کسی اور شے کو قرار دینا، ایک شدید غلطی و غلط فہمی کا مرتکب ہونا ہے، نیز یہ کہ معیار اخلاق، تمام و کمال افعال کی حیثیت افادی ہی ہے، ورنہ فی نفسہ کوئی شے نہ مذموم و قبیح ہے اور نہ محمود و مستحسن، اب اس کے بعد، جو سوال اس کے ذہن مین غالباً سب سے پہلے پیدا ہوگا، وہ یہ ہوگا، کہ قتل، چوری، بددیانتی وغیرہ ذمائم اخلاق، بعض خاص حالات مین تو نہایت مفید ثابت ہوتے ہین، پس کیون نہ ان مخصوص حالات مین ان کا ارتکاب کیا جائے؟ افادیت کی زبان سے غالباً اس کا یہ جواب ملے کہ ان افعال کو کسی حالت مین بھی مفید سمجھنا غلطی ہے، کیونکہ افعال کے حسن و استحسان کا اندازہ

کرتے ہوئے ہمین اُن کے نتائج بعیدہ اور اُن کے اُن اثرات کو بھی پیش نظر رکھنا چاہیے
جو واسطہ در واسطہ اُن سے مترتب ہوتے ہون اور اس واسطے کسی عام مضرت رسان
فعل کو بعض حالات مین مفید سمجھ لینا آسان نہین، اور پھر تحفظ جان ومال وپاس صداقت
بالعموم منافع دنیوی کے لیے اس قدر ضروری ثابت ہو چکے ہین، کہ ان کے احترام کو
قطعیت وعدم استثناء کے ساتھ ہی فرض کر دینا زیادہ مناسب ہی۔ لیکن یہ جواب، خود افادیت
کے نقطۂ خیال سے، چندان مسکّن نہین۔ کیونکہ اس کا کیا ثبوت مل سکتا ہی، کہ جس حد تک
کسی خاص جرم، مثلاً قتل، سرقہ، بد دیانتی سے بعض استثنائی حالات مین مسرت افزائی ہوگی
وہ مقدار مین اُس مضرت واذیت سے قلیل ہی، جو تحفظ جان ومال وپاس صداقت کی احترام
شکنی سے پیدا ہوگی، اور جب تک اس کا کوئی قطعی ثبوت نہین ملتا، ہر شخص یہ ماننے
پر بالکل حق بجانب ہی، کہ بعض مخصوص حالات مین ارتکاب جرائم سے جو مسرت ومنفعت ہوتی ہی، اُسکی
بنا پر اُن کا ارتکاب بالکل بجا وجائز ہی۔

پھر اگر کوئی شخص اِن اعمال مجرمانہ کا ارتکاب، پردۂ خفا مین کرنا چاہتا ہی، تب افادیت
کیا ہی کہ اس کا دامن پکڑ سکتی ہی؟ ایک معمولی وغیر معروف شخص اگر اس طرح کے اعمال
علانیہ انجام دے، تب بھی ان کا اثر چندان متعدی نہین ہو سکتا، لیکن اگر وہ انھین اخفاء
کے اہتمام بلیغ کے ساتھ انجام دے رہا ہی، تو تو اس پر اور بھی کوئی آنچ نہین آسکتی، اس
صورت مین اس کا بھی احتمال نہین کہ دوسرے اس کی تقلید کرنا شروع کر دین گے۔ کہ سکتے ہو
کہ جرائم مخفی کی اباحت کا فتوی دیدینا، صریحاً اُن جرایم کو پھیلا دیتا ہی، لیکن یہ کہتا ہی کون ہی
کہ آپ علی الاعلان اس طرح کا کوئی فتوی بھی تو دیجیے؛ پبلک مین تو ہم بھی آپ کے ساتھ یہ بآواز
بلند کہنے کو آمادہ ہین، کہ ہرگز یہ اعمال جائز نہین، البتہ ہم صرف یہ چاہتے ہین۔ کہ عملی زندگی
مین ہم بہ غایت اہتمام اخفاء کبھی کبھی اس طرح پر ان لذائذ سے بہرہ اندوز ہو لیا کرین، کہ
کسی کو کانون کان خبر نہ ہو، اور اسلیے اُن کے سرایان وعدوی کا احتمال ہی نہین، پس اس

قبیل کے جرائم جس قدر زیادہ سعی اخفاء کے ساتھ انجام دیے جائین گے، اور جس قدر اُن کے راز رہنے کا یقین زیادہ قوی ہوتا جائے گا، اُسی قدر اُن کی "جرمیت"، اُن کی "معصومیت" مین اور اُن کی قباحت، اُن کی اباحت مین مبدل ہوتی جائے گی، ہان ایک بات البتہ کسی قدر لگتی ہوئی ہے، اور وہ یہ ہے کہ ان جرائم مخفی کے ارتکاب سے خود فاعل کی سیرت متاثر ہوتی ہے، یعنی اُس کی عادت پڑجاتی ہے، جس کی بنا پر ممکن ہے کہ وہ بے دھڑک ان افعال کا علانیہ مرتکب ہونے لگے۔ لیکن یہ جواب بھی پوری طرح تشفی بخش نہین۔ کیونکہ اولاً تو کسی جرم کے صرف ایک دو مرتبہ کے ارتکاب سے انسان اُس کا خوگر فتہ نہین ہوسکتا، خصوصاً ایسی حالت مین تو اُسے اور بھی معصیت خصال نہین کہا جاسکتا، جبکہ وہ اُن افعال کو جرائم سمجھ کر نہین بلکہ بالکل مستحسن سمجھ کر کرتا ہے؛ ثانیاً کہ اگر عادت پڑے گی بھی، تو کس چیز کی؟ صرف اس کی کہ نتائج افعال کا نہایت دقت نظر و باریک بینی کے ساتھ اندازہ کرکے اُنھین غایت احتیاط و اہتمام اخفاء کے ساتھ حصول مسرت کے لیے انجام دینا چاہیے، جو افادی نقطۂ خیال سے، غایت اعمال انسانی ہے۔ پس اس صورت کو بھی معیوب نہین کہا جاسکتا۔

اسے بھی جانے دیجیے اب فرض کیجیے، کہ جو شخص جادۂ افادیت پر منازل حیات طے کرنا چاہتا ہے، وہ بجاے عام مادی مشاغل کے تخیلی دنیا مین زیادہ رہتا ہے، اور اس کا متخیلہ نہایت قوی ہے۔ ایسے شخص کے حظوظ و آلام، لذات و تکالیف بھی بداہتہً زیادہ تر تخیلی ہون گے۔ وہ اکثر تصور و تخیل مین غرق رہتا ہوگا، اور اسی عالم خیال مین طرح طرح کے معاصی و جرائم کا مرتکب ہوتا ہوگا۔ اب عام انسانی حس اخلاق کا فتویٰ تو یہ ہے، کہ ہم کو نہ صرف معصیت سے، بلکہ خیال معصیت سے بھی، نہ صرف بُرے اعمال سے بلکہ بُرے خیالات سے بھی بچنا چاہیے لیکن افادیت کے نقطۂ خیال سے دیکھیے، تو صورت حال بالکل برعکس نظر آئے گی، وہان تو یہ ارشاد ہوتا ہے، کہ صرف وہ اعمال معاصی ہین، جن سے مسرت مین کمی ہوتی ہے، اور ظاہر ہے کہ افکار و تصورات کو اعمال نہین قرار دے سکتے۔ پس افکار و تصورات خواہ کتنے ہی گندہ

وناپاک ہون، خواہ عام رائے مین کتنے ہی مخرب اخلاق ہون، لیکن تاوقتیکہ اُن سے کوئی عملی نقصانات منتج نہین ہوتے، اور اُن سے صرف خیال کرنے والے کی طبیعت محظوظ ہو رہی ہو، اُن پر اعتراض کیے جانے کا کوئی حق نہین۔

اور آگے قدم بڑھائیے، تو افادئین کو اپنے نظریۂ نتائج بعید، مین بھی ترمیم کرنا پڑے گی جس پر وہ خاص زور دیا کرتے تھے۔ وہ کہتے یہ ہین، کہ قتل انسانی، جن مخصوص صورتون مین بظاہر مفید معلوم ہوتا ہی، اُن مین بھی اس لیے مذموم ہی کہ اس سے حیات انسانی کے عام تقدس وعظمت واحترام مین فرق آتا ہی۔ لیکن تجربہ کی شہادت اس کے بالکل برعکس ہی تجربہ یہ شہادت دیتا ہی کہ حیات انسانی کے ایک خاص حصہ کی عظمت واحترام سے بغیر دوسرے حصون پر اثر ڈالے، بے تعلقی بالکل ممکن ہی۔ اس کی مثالین تاریخ مین کثرت سے ملتی ہین۔ قدماے یونان مین یہ دستور جاری تھا کہ مفلس والدین کی اولاد بکمال بیدردی، علانیہ ہلاک کردی جاتی تھی، لیکن یہ بیدردی عام حیات انسانی تک کبھی متعدی نہین ہوئی، اور بالغ اشخاص کی زندگی کا شرف واحترام برابر لوگون کے دلون مین قائم رہا۔ آج اپنے گرد وپیش مذہبی کذب بیانیون کو دیکھو۔ ایسے مذہب، اپنے دینی مقاصد کے لیے قصداً غلط بیانیون سے کام لیتے ہین، لیکن اس کا یہ اثر کبھی نہین پڑتا کہ وہ عام دنیوی کاروبار مین بھی دروغ گوئی سے کام لینا شروع کردین، بلکہ اکثر عقلی واعتقادی بددیانتی، عملی وکاروباری زندگی مین انتہائی دیانت داری کے ساتھ مجتمع دیکھی گئی ہی۔ ایک اور مثال ظلم وناخدا ترسی کی ہی۔ متواتر مشاہدہ مین آیا ہی، کہ جو لوگ حیوانات پر سخت ظلم وبیرحمی کرتے ہین، وہ اپنے ابناے جنس کے حق مین آیۂ رحمت ثابت ہوئے ہین۔ غرض یہ کہ نظریۂ نتائج بعیدہ کی بنیاد، جس پر افادئین اتنا زور دیتے ہین، خود ہی سخت متزلزل ہی۔

بات مین بات نکلتی ہی۔ ظلم حیوانات کو ابھی ہم نے مثال مین پیش کیا، اس سے ہمارا ذہن، افادئیت کے ایک اور پہلو پر منتقل ہوا، اور وہ یہ ہی کہ حیوانات کے ساتھ ادلے فرض کا

احساس، صرف ضمیریت کی بنا پر پیدا ہو سکتا ہے۔ ہمارے حالات گوناگون و موثرات ماحول کا اقتضا یہ ہے، کہ ہمین اُن تمام ہستیون سے جن سے ہمارا کچھ بھی واسطہ ہو، لگاؤ اور الفت ہو، لیکن اس الفت کے مدارج، مدارج تعلقات کے متناسب ہوتے ہین، یعنی جس سے جتنا زیادہ قریبی تعلق ہوتا ہے، اتنی ہی الفت ہوتی ہے، مثلاً بہ نسبت اغیار کے، اعزہ و اہل خاندان سے اور بہ نسبت غیر ملکیون کے اپنے ہموطنون سے زیادہ محبت و الفت ہوتی ہے۔ اسی قانون کی مطابقت مین ہم یہ بھی پاتے ہین، کہ اپنے ابنائے جنس کے ساتھ رحم و ہمدردی سے پیش آنے کا جذبہ، حیوانات کے ساتھ رحم و ہمدردی کرنے سے بہت زیادہ قوی ہے۔ چنانچہ مردم خوار کو، جو اپنے ابنائے جنس کو محض اُس کی کھال کی طمع مین یا اور کسی نہایت خفیف محرک پر، مار کر کھا جاتا ہے، ہم مین سے ہر شخص نفرت و بیزاری کی نظر سے دیکھتا ہے، حالانکہ یہ بالکل ممکن ہے کہ جو شخص حیوانات کو بلا وجہ مار کر کھا جاتا ہو، اس کو لوگ انسانیت و خدا ترسی کا بہت بڑا حصہ دار سمجھتے ہون۔ مگر اٹھارویں صدی کے آخر مین جبکہ انگلستان مین، ہمدردی حیوانات کی تائید مین ایک پُرزور ایجیٹیشن (جوش عام) پیدا ہوا، تو افادئین، جن کا مذہب ابھی بالکل نوایجاد تھا، بڑے ذوق شوق سے اس تحریک مین شریک ہو گئے، اور اس کی اشاعت مین بڑھ بڑھ کے حصہ لینے لگے۔ لیکن یہ ظاہر تھا، کہ ایسا نظریہ، جو نیک کرداری کو انسانی راحت افزائی کا مرادف قرار دیتا ہے، ہمدردی حیوانات کو کیونکر اپنے مقاصد مین داخل کر سکتا تھا؟ پس اس اعتراض سے بچنے کے لیے، متاخرین نے اپنے نظریہ مین یہ ترمیم کر لی، کہ نیک کرداری عبارت ہے اُن افعال سے، جو دنیا کی مجموعی راحت مین اضافہ کرتے ہین، عام اس سے کہ وہ راحت انسان کی ہو، یا حیوانات کی گویا اس لحاظ سے حیوانات کے ساتھ حُسن سلوک اُسی قدر ضروری ٹھہرتا ہے، جتنا خود اپنے ابنائے جنس کے ساتھ، اور حیوانات کی ایذا دہی صرف اس حالت مین جائز ہو سکتی ہے، جبکہ اُس کی بہ نسبت، انسانی راحت افزائی کا پلہ بھاری ہو۔

اس نظریہ کے متعلق پہلا یہ سوال پیدا ہوتا ہے، کہ خود افادیت کے نقطۂ خیال سے

اس کی یہ ترمیم شدہ صورت کہان تک جائز ہی؟ فیاضی و ہمدردی کی بنا تو (جیسا کہ صفحات گزشتہ مین معلوم ہوچکا ہی) بقول اس طبقۂ مصنفین کے خود غرضی یا ذاتی منفعت سے پڑتی ہی۔ اول اول ہم اسی خیال سے اپنے ابنائے جنس کے ساتھ نیکی کرتے ہین، اس کے بعد رفتہ رفتہ اس کے ایسے خوگر فتہ ہوجاتے ہین، کہ کوئی خود غرضانہ تصور ذہن مین لائے بغیر ہمدردی و فیاضی برتتے رہتے ہین؛ لیکن یہ اصول صرف انسانی ہمدردی تک محدود ہی، بے بس حیوانات کے ساتھ، جو ہمارے مظالم کا جواب تک نہین دے سکتے، حسن سلوک کے لیے نیک کرداری کا یہ طریق تکوین صحیح نہین ہوسکتا، ممکن ہی، کہ افادیین، قانون ایتلاف افکار سے ایک بار پھر فائدہ اُٹھائین، اور کہین، کہ اس کے مطابق، فیاضی و ہمدردی کی ایک مرتبہ جو خو قائم ہوگئی، وہی حیوانات تک پر پھیل جاتی ہی۔ لیکن میرے نزدیک یہ جواب بھی صحیح نہین، اور محض قانون ایتلاف کی بنا پر، حیوان و انسان دونون کے حسن و سلوک کو ایک درجہ پر رکھنا مجھے تو ایک مہمل سی بات معلوم ہوتی ہی۔ کم از کم میری سمجھ سے تو یہ باہر ہی کہ کوئی ایسا زمانہ بھی آسکتا ہی، جبکہ لوگ غذا یا پوستین وغیرہ کی طمع مین ذبح حیوانات سے پیشتر اس کا حساب کتاب کیا کرین گے، کہ ایسا کرنے سے اُنھین جو مقدار راحت حاصل ہوگی، اُس کی میزان اُس مقدار اذیت سے زیادہ ہی جو حیوانات کو ہوگی۔ اور اگر یہ فرض محال، کوئی شخص واقعی ایسا ہی، جو اس طرح کا حساب کتاب کرنے کے بعد بھی بلا تکلف ذبح حیوانات کا مرتکب ہوتا ہی، تو مین نہین کہہ سکتا کہ اس عجیب و غریب کلیہ کے نتائج اُسے کس حد تک پہونچائینگے ہان اتنا البتہ کہہ سکتا ہون، کہ یہ نظریہ تو اس قابل ہی کہ جسوقت سُولیفٹ[1] اپنے ایک مضمون کے ذریعہ سے دنیا کو تعلیم دے رہا تھا کہ فاقہ کش والدین کی زائد اولاد کو ہمین اُسی طرح جزو غذا بنالینا چاہیے، جس طرح بھیڑ، بکری ہین، اگر اُس وقت اُسے اس نظریہ کی خبر ہوجاتی، تو یقیناً اُس کا مضمون زیادہ مدلل و قوی ہوجاتا۔

---

[1] جوناتھن سُولیفٹ (۱۶۶۷ء تا ۱۷۴۵ء) مشہور ادیب و انشا پرداز۔

خلاصہ یہ کہ افادیت کے اصول پر اگر پوری طرح عملدرآمد کیا جائے، تو ہمارے اخلاقی تصورات مین ایک عجیب انقلاب ہوجائے گا، بُرا، اچھا ہوجائے گا، اچھائی بُرائی بن جائیگی اور نیک و بد کے جن امتیازات کو ہم ابتک تسلیم کرتے چلے آئے ہین، اُن مین ایک حیرت انگیز برہمی و ابتری پیدا ہوجائے گی۔ اگر اس مین اب بھی کسی کو شک و شبہ ہو، تو ہم ایک آدھ مثال کے ذریعہ سے اس کی مزید تصریح کیے دیتے ہین۔

سب سے پہلے ہم عفت و عصمت کی مثال پیش کرتے ہین، مجھے آیندہ اس کے متعلق بادل ناخواستہ بہت کچھ کہنا پڑے گا مگر اس موقع پر ناظرین سے صرف اس قدر کہنا ہے کہ وہ تھوڑی دیر کے لیے افادی بن کر، یعنی فرض کرکے کہ یہ جوہر شرافت، فی نفسہ ایک لغو شی ہے، بلکہ اس مین جو کچھ خوبی ہے وہ محض اس بنا پر ہے کہ اس سے نتائج بہت مسرت افزا پیدا ہوتے ہین، کسی ایسے ملک کا تصور کرین، جس مین شہوت پرستی اپنے منتہاے شباب پر ہو، مثلاً قدیم ایتھنز (اثینیا) کا، اور پھر اپنے ذہن سے یہ استفتا کرین، کہ کیا ایسے ملک و زمانہ مین لوگون کو قطعی طور پر یہ خیال گزر سکتا ہے، کہ عیاشی، نفس پرستی و شہوت رانی کی زندگی، لازماً، زہد و اتقا، عفت و عصمت، پاکبازی و پاکدامنی کی زندگی سے زیادہ پُر لطف و پُر مسرت ہے؟ اور اگر نہین، تو پھر عفت شعاری کو قائم رکھنے کی کیا وجہ باقی رہ جاتی ہے؟

دوسری مثال عقلی و اعتقادی دیانت داری کی ہے، ضعیف الاعتقادی و وہم پرستی کی تردید مین آج تک افادیین سے زیادہ کسی نے حصہ نہین لیا، لیکن کیا انھین اپنے اصول کی بنا پر بھی، اس کا حق حاصل تھا؟ کیا اپنے افادیت کے نقطۂ خیال سے وہ اس کے مجاز ہین، کہ ضعیف الاعتقادیون و وہم پرستیون کو یکسر مٹا دین؟ غالباً نہین۔ بے شبہ بعض توہمات ایسے بھی ہوتے ہین، جن سے انسان کے آلام و تکالیف ہی مین اضافہ ہوا ہے لیکن انکی کتنی بڑی تعداد ایسی ہے، جو دنیا کے لیے سراسر مفید و منفعت بخش ثابت ہوئے ہین! جو شی ہماری امید کو تازہ رکھتی، جو شی خوف و خطر کی حالت مین سپر کا کام دیتی ہے، جو شی ہمارے

اندرونی جذبات کو تسکین دیتی ہی، وہ یہی توہمات ہوتے ہین۔ استدلال، نکتہ چینی واحتمال آفرینی مین مصروف رہتا ہی، سکون قلب وہم پرستی ہی سے حاصل ہوتا ہی۔ عقل، تنقید وتنقیح ہی مین لگی رہتی ہی، مگر جن چیزون سے روح کو بالیدگی حاصل ہوتی ہی، وہ متخیلہ ہی کی پیداوار ہوتی ہین۔ یہانتک کہ اکثر حالتون مین یہ وہم پرستیان، ہماری ذاتی مسرت وراحت کا ایسا جزو غیر منفک ہوجاتی ہین، کہ اُن کے بغیر، ہمین چین ہی نہین آسکتا۔ خود خیال کرو، کہ میدان جنگ مین تعویذ کی، نزع کی حالت مین دعا کی، اور اور کسی سخت مصیبت کے وقت عمل و وظیفہ کی قائم مقامی، کیا دنیا کا بہتر سے بہتر فلسفہ یا اعلیٰ سے اعلیٰ استدلال کرسکتا ہی؟ اصل یہ ہی کہ قلب انسانی ہمیشہ کسی نہ کسی چیز کا سہارا ڈھونڈھتا رہتا ہی، اور اس کو اصلی مسرت جب ہی حاصل ہوتی ہی، جب اُسے کسی شی کی تقویت حاصل ہوجاتی ہی۔ جس شخص کا لخت جگر ابھی اس کی نظر کے سامنے دم توڑ چکا ہو، جس شخص پر سکرات موت طاری ہو، جس مریض کی صحت سے معالجین مایوس ہوگئے ہون، جو شخص ہجوم اعدا مین محصور ہو، غرض ہر ایسے شخص کو جو جبلتہً کسی مضبوط سہارے کا محتاج ہورہا ہو، جس شی سے تسکین وتشفی حاصل ہوسکتی ہی، وہ وہی ہوتی ہی، جو عقلی حیثیت سے مہمل، اور استدلالی حیثیت سے بے معنی ہوتی ہی۔ اب ایسے موقع پر افادیت کا اقتضا تو یہی ہونا چاہیے، کہ غیر صحیح، غیر واقع، غیر مستدل، معتقدات کی محض ان کی راحت رسانی ومسرت افزائی کی بنا پر خوب اشاعت وترویج کرنی چاہیے۔

رہا یہ عذر کہ "اصلی منفعت عقلی زندگی کی ترقی واصلاح مین ہی، کہ جب زندگی کا عقلی پہلو درست ومہذب ہوجائے گا، تو معتقدات مسرت افزا خود بخود قائم رہین گے، اور معتقدات الم انگیز مٹ جائین گے"، تو تجربہ اس عذر کی بھی تائید نہین کرتا۔ تجربہ سے معلوم ہوتا ہی کہ عقلی زندگی مین تغیر ہوجانے کے بعد بھی ذہن کو قدیم وہم پرستیون سے چھٹکارا نہین ملتا، بلکہ جب انسان زبردستی اُنھین اپنے سے علیحدہ کرتا ہی، تو اُسے سخت اذیت محسوس ہوتی ہی، بانی مذہب پروٹسٹنٹ لوتھر کی بیوی کا یہ قصہ مشہور ہی کہ اپنا قدیم مذہب چھوڑنے کے بعد اس نے نہایت حسرت وافسوس سے

کہا، کہ، اپنے سابق مذہب مین ہم کس گرمجوشی اور خضوع وخشوع کے ساتھ مصروف عبادت رہتے تھے، برخلاف اس کے اب اگر کبھی عبادت کرتے بھی ہین، تو قلوب بارد کے ساتھ،، ؟۔ اسی طرح ایک قدیم راہب کی بابت مذکور ہی، کہ جب وہ بت پرستی چھوڑکر پہلی بار، جدید مسیحی عبادت کرنے لگا، تو بے اختیار رو پڑا اور کہنے لگا،، افسوس لوگون نے میرے خدا کو مجھ سے جدا کردیا،، ان واقعات کا ذکر، دیگر مورخین فلسفہ کی طرح، بلاشبہ مجھے بھی ناگوار ہی، لیکن یہان ان کے ذکر سے مجھے صرف یہ دکھانا مقصود ہی، کہ کم ازکم بعض حالات مین کذب وغلط بیانیون کی اشاعت بہت بڑی نفع رسانی وراحت افزائی کا سبب بن سکتی ہی۔ اور اگر کوئی شی ان کا انسداد کرسکتی ہی، تو صرف یہ یقین ہی، کہ حقیقت وصداقت راحت ومسرت کے خیال سے بالکل مستغنی ہے۔ یعنی کوئی حقیقت اس بنا پر باطل نہین ہوسکتی کہ اُس کے ماننے سے طبیعت کو رنج ہوگا۔ ورنہ افادیت تو اپنے بل بوتے پر، کسی ناراستی وکذب کی اشاعت سے نہین روک سکتی۔

فصل (۵)

محرکات افادیت

افادی نقطۂ خیال سے نیک کرداری کے جو محرکات ہوتے ہین، اُن مین سے، جیسا کہ مین اوپر کہہ چکا ہون، صرف ایک محرک ایسا ہی، جو میرے نزدیک کافی قوت رکھتا ہی۔ یہ محرک، محرک مذہبی ہی، کہ نفع اخروی، نفع دنیوی کے مقابلہ مین ہمیشہ زیادہ وزندار رہے گا۔ لیکن افادیین کی جماعت کثیر اس خیال کی ماننے والی نہین، وہ صرف دنیوی محرکات سے غرض رکھتی ہی۔ پس ہم بھی فصل ہذا مین پہلے اسی مذہبی جماعت کے متعلق مختصراً چند کلمات تحریر کرکے پھر افادیین کے مسلک دنیوی کی جانب متوجہ ہون گے۔

(۱) سب سے زیادہ صریح اعتراض، اس راے پر یہ وارد ہوتا ہی، کہ اگر خدا کی مرضی ہی کو

حسن اخلاق کا معیار وحید قرار دے لیا جائے، تو اس سے یہ لازم آتا ہی کہ صفات باری کی خوبی و استحسان کوئی شی ہی نہین۔ ذات باری کے جانب جب ہم کسی امر حسن کا انتساب کرتے ہین، تو اس سے مراد یہ ہوتی ہی کہ وہ وصف فی نفسہ محمود و مستحسن ہی، اور چونکہ وہ وصف ذات باری مین بھی پایا جاتا ہی، اس لیے ذات باری بھی ہماری مدح و ستایش کی مستحق ہی، لیکن جب یہ معلوم ہوگیا، کہ کوئی شی فی نفسہ نیک ہی ہی نہین، بلکہ اُس کی نیکی تمام تر ذات باری مین اُس کے پائے جانے پر منحصر ہی، تو پھر صفات حسنہ ربانی کے کیا معنی رہ جائین گے؟ یہ کس قدر مضحکہ خیز عقیدہ ہی، کہ ایک طرف خدا کو تمام صفات حسنہ کا مجمعہ تسلیم کیا جائے، اور دوسری طرف صفات حسنہ کی یہ تعریف کی جائے، کہ وہ وہی اوصاف ہین، جو ذات باری مین مجتمع ہین!

(۲) ایسا ہی ایک دوسرا صریح اعتراض اس نظریہ پر یہ عاید ہوتا ہی کہ عقبیٰ کے جزا و سزا کا اعتقاد، خود اس خیال پر مبنی ہی کہ افعال کے نتایج مضرت و مفاد اس زندگی مین ٹھیک اس طرح نہین نکلتے، جس طرح ان کو فی الواقع نکلنا چاہیے؛ اور یہ خیال کرنا، گویا یہ صاف اعتراف کرنا ہی، کہ حسن و قبح اعمال بذات خود ایک مستقل شی ہی، جو اعمال کی حیثیت افادی و غیر افادی سے بالکل علیحدہ و بے واسطہ ہی۔ غور کرو، کہ انسان اگر اپنے ذہن سے یہ خیال دور کردے، کہ حیات موجودہ مین ناانصافیان کثرت سے موجود ہین، یہ کہ افعال انسانی وہ نتایج ظاہر نہین کرتے جو انھین ظاہر کرنے چاہییں۔ تو پھر آخرت مین ان نقائص کی اصلاح، ان حق تلفیون کی داد رسی کی ضرورت ہی کیا باقی رہ جاتی ہی؟

(۳) تیسرا اعتراض، جو گو اسی قدر بدیہی نہ ہو تاہم جس کی اہمیت مساوی درجہ کی ہی، یہ ہی کہ بلا ایک ضمیر یا حس اخلاقی کی تائید کے، محض مشاہدہ کی بنا پر ذات خالق مین وہ اعلیٰ ترین صفات حسنہ ثابت ہی نہین ہو سکتے، جو افادئین مذہبی اپنے نظریہ مین فرض کرتے ہین، یہ کہ دینا بے شبہ بہت ہی آسان ہی کہ خدا کی نعمتون اور فیاضیون کا جلوہ ہر جگہ نظر آرہا ہی۔ دھوپ کی چمک مین کیڑے کی خوشی، حیوانات مین جبلۃً قواے تحفظ نفس کی موجودگی، والدین کی مامتا،

بچون کی بے فکری و مسرت، مناظر قدرت کا حُسن، فطرت کی فیاضیان، یہ تمام مظاہر احسانات الٰہی کے ہین۔ لیکن درحقیقت، اس طرح کے دعویٰ کرنے والون نے تصویر کے دوسرے رخ پر بالکل نظر ہی نہین کی۔ عوارض وامراض کا زور شور، ظلم وستم، شقاوت وبیدردی کی گرم بازاری، مقاومت ومسابقت کا وہ قانون، جسکی بنا پر ہر ذی حیات ہستی ہر دوسری ذی حیات ہستی کی تخریب وہلاکت کے درپے رہتی ہے، معصوم وبیگناہ افراد کا سخت ترین مصایب مین ابتلا، حوادث ناگہانی کا وجود، کیا یہ سب بھی فطرت کی "فیاضیون" ہی کے مظاہر ہین؟ رہی فطرت کی صداقت وراست بازی، تو کیا تاریخ عالم اس کی شہادت دیتی ہے؟ اس کا جواب وحشی وغیر متمدن افراد کے دلون سے پوچھو۔ آفتاب ایک نہایت معمولی جسامت کا روشن گولہ ہے، آفتاب وماہتاب آسمان مین چکر کرتے رہتے ہین، آسمان ایک مادی سقف ہے، ہین ایک ساکن ومربع شی ہے، بارش وطوفان، زلزلہ وسیلاب، دیوتاؤن کی ناخوشی سے پیدا ہوتے ہین، بیماریون کی دافع، دوا علاج نہین، بلکہ نذر ونیاز ہے، غرض کوئی کہان تک گنائے، فطرت نے ہر ہر قدم پر انسان کو مغالطہ دینا چاہا ہے۔ ہر جگہ فریب، ہر جگہ دھوکا، ہر جگہ ظاہر و باطن مین فرق۔ حالات ومشاہدات تو یہ، اور اس پر فرمایش یہ، کہ فطرت کے صداقت مجسم ہونے پر ایمان لائیے! وہ تو کہیے، انسان نے اپنی جستجو وتحقیق، اپنے علوم وفنون کا مقصد وحید ہی یہ رکھ چھوڑا ہے کہ ان مغالطات کی پردہ دری کرتا رہے، ورنہ بھلا فطرت، اور کسی ایک صداقت کا اظہار کرتی!

اور آگے چل کر، ذرا لگے ہاتھون یہ بھی دیکھتے جائیے کہ اس ظاہر فریبی نے دنیا کو نقصان کس درجہ عظیم الشان پہونچایا ہے! ہر ملک وہر زمانہ مین کتنی جانین محض اس لیے ضائع ہوتی رہی ہین، کہ بجائے علاج کے جھاڑ پھونک، ٹونے ٹوٹکے پر اکتفا کیا گیا۔ کتنی جنگون مین محض اس بنا پر شکست ہوئی ہے، کہ بجائے جنگی انتظامات کی درستگی کے امداد غیبی پر اعتماد بیجا رکھا گیا۔ کتنے خونریز محاربات محض اس واسطے برپا ہوئے، کہ اصول اقتصادیات کی ناواقفیت نے

متخاصمین کو اپنے اپنے حقیقی مالی منافع سے بیخبر رکھا۔ کس قدر امراض وبائی محض اس باعث پھیلے ہین، کہ قوانین حفظ صحت سے لاعلم رہ کر لوگ توہم پرستیون مین مبتلا رہے ہین۔

ان حالات کے ساتھ، اگر ہم اپنا دلیل راہ صرف تجربہ کو رکھین، تو کیا کبھی بھی..... اس نتیجہ تک پہونچ سکتے ہین، کہ اس عالم کی خالق کوئی نیک نہاد ہستی ہی؟ ظاہر ہی کہ کبھی نہین۔ لیکن باایں ہمہ ہم جو ایک خیر کل خالق عالم کے وجود کے قایل ہین، تو کس بنا پر؟ محض اپنی سرشت اخلاقی کے تقاضہ سے مجبور ہو کر۔ یعنی ہماری سرشت اخلاقی کی جو عقل و ذہن سے ایک بالکل مختلف شی ہی، خلقت ہی ایسی واقع ہوئی ہی، کہ ہم خواہ مخواہ ایک محسن مطلق کے وجود کے اعتراف پر مجبور ہوتے ہین۔ عقل ہر چند نظام کائنات مین ابتریان دکھاتی ہی۔ ہر چند ہمین خالق کے خیر مجسم ہونے سے منکر بناتی ہی۔ تاہم ایک باطنی حس اخلاقی، ان مادیات کے مشاہدہ سے آسودہ نہ ہو کر ہمین ایک عالم روحانی کی طرف کھینچتا ہی، اور یہی کشش ایک طرف تو ہمین اپنے مین جزو باری کے شمول کا یقین دلاتی ہی، اور دوسری طرف ہم مین یہ توقع پیدا کرتی ہی، کہ اس عالم کے ماوراء ایک اور عالم ہی، جس مین ہر شی کا پورا معاوضہ، جزا و سزا، ہر شخص کو ملے گا۔

یہ عقیدہ، کوئی عقلی و استدلالی مسئلہ نہین، بلکہ تمام تر ایک وجدانی شی ہی، اس کے ماننے والے اس پر کوئی استدلال نہین پیش کر سکتے۔ ہان وہ یہ ضرور کہہ سکتے ہین کہ دا عاظم رجال و مشاہیر کبار کی متفقہ رائے پر نظر کرو، دنیوی و مادی لذائذ کی عدم تسکین بخشی کو پیش نظر رکھو، اور پھر یہ بھی دیکھو کہ آج تک دنیا کا کوئی فلسفہ، کوئی نظام تشکیک، اس عقیدہ کو انسان کے دل سے محو نہین کر سکا ہی، یہ سرشت اخلاقی ہمیشہ مادیات کی پستی کو چھوڑ کر، روحانیات کی بلندی کی جانب صعود کرتی ہی، اور گو دنیوی حیثیت سے یہ دیگر عناصر ترکیب بشری کے مقابلہ مین ضعیف ہو، تاہم حقیقۃً یہی سب پر غالب ہوتی ہی۔ چنانچہ ابتک جس قدر مذاہب دنیا پر حکمران رہے ہین، انھون نے اسی سرشت اخلاقی سے کام لیا ہی، جس کا مخاطب قلب،

یعنی ایثار علی النفس ہوتا ہی، نہ کہ دماغ وعقل، جو ہر وقت اپنے ذاتی مفاد کی میزان لگایا کرتے ہین، درحقیقت، یہی حالۂ اخلاقی مذہب کا جوہر حقیقی ہی، جسے مذہب سے علیحدہ کر دینے کے بعد وجود باری وحقیقت مذہب کے مسائل بے معنی رہ جاتے ہین۔

افادیت مذہبی کے متعلق ان چند مختصر اشارات کے بعد اب پھر ہم افادیت کے محرکات دنیوی کی جانب رجوع کرتے ہین۔

اس مسلک کے متبعین کا یہ دعوی ہی، کہ نیک کرداری کے لیے محرکات دنیوی بالکل کافی ہین۔ گویا دوسرے الفاظ مین، نیک کرداری ومفاد ذاتی مرادف ہین، اور جو شخص پوری انجام بینی ودور اندیشی سے کام لے گا، وہ یقیناً نہایت درجہ نیک کردار ہوگا۔ بداخلاقی۔ بدکرداری۔ کے نتائج ہمیشہ خود فاعل کے حق مین مضر نکلتے ہین۔ شراب پیوگے، صحت خراب جائے گی، اسراف کروگے مفلس ہوجاؤ گے، بیدریغ عیاشی وشہوت پرستی مین مشغول رہوگے، تو خانگی امن ومسرت کا خاتمہ ہوجائے گا، دوسرون کی حق تلفی کروگے دوسرے خود تمھاری حق تلفی کرین گے۔ اسی طرح اگر نیکی کی عادت ڈالوگے، تو بالآخر تمھین اسی مین سب سے زیادہ لذت محسوس ہونے لگے گی، اس سے بالکل قطع نظر کرکے کہ اب تمھارے افعال کے نتائج کس حد تک لذت بخش وراحت رسان ہورہے ہین، ایک دوکان دار، کچھ عرصہ کی تجارت کے بعد لکھ پتی ہوجاتا ہی، صدہا آدمی اُس کے ملازم ہوجاتے ہین، اور اُسے خود دوکان پر جانے کی حاجت بالکل نہین باقی رہتی، تاہم اُسے بذات خود دوکان پر بیٹھنے سے ایک لطف حاصل ہوتا ہی، اور وہ محض اسی لطف اندوزی کے لیے خود دوکان پر بیٹھتا ہی۔ یہی حال نیکی کے خوگر فتہ ہوجانے کے بعد آدمی کا ہوتا ہی۔

نیکی وخود غرضی کے ترادف وتلازم کا یہ نظریہ، جسے افادیت کے موافقین کے ساتھ اس کے مخالفین نے بھی اکثر تسلیم کرلیا ہی، ایک حد تک صحیح ضرور ہی، مگر صرف ایک حد تک مثلاً اقوام پر بہ حیثیت مجموعی یہ کلیہ صادق نہیں آتا، چنانچہ روم کی تاریخ نیز بعض متمدن معاصر قومون کی

طرز معاشرت سے صاف ثابت ہوتا ہی کہ گو بعض ذمائم اخلاق، قومی بربادی کا پیش خیمہ ہون، تاہم اگر حرص وطمع، خود غرضی، ومکاری کو دانشمندی کے ساتھ برتا جائے، تو یہ چیزین قومی ترقی مین عین مفید ثابت ہون گی۔ اسی طرح یہ کلیہ غیر متمدن جماعات پر بالکل عائد نہین ہوتا، کہ وہان افراد پر رائے عام کا کوئی دباؤ نہین ہوتا، اور استحقاق کا مدار قوت وطاقت پر ہوتا ہی، یا پھر جن متمدن اقوام پر یہ کلیہ منطبق ہوتا بھی ہی، تو اُن مین بھی اس کا دائرۂ عمل نہایت محدود ہی، اُن لوگون کا ذکر جانے دیجیے، جن کی شدید اخلاق شکنی اُن کو جیل خانے کی ہوا کھلا رہی ہی، یا جو کثرت میخواری سے ہر وقت بدمست رہتے ہین، یہ لوگ تو حد سے گزرے ہوئے ہین۔ ہان ایسے لوگون کو البتہ لیجیے، جو دانشمندی واعتدال کے ساتھ اس طرح معاصی کے مرتکب ہوتے رہتے ہین، جن سے نہ اُن کی صحت کو صدمہ پہنچتا ہی نہ اُن کی شہرت کو۔ اور پھر کسی ایسے شخص کا اس غریب سے مقابلہ کیجیے، جو جادۂ مستقیم اخلاق سے ایک سرمو انحراف کرنا اپنے اوپر حرام جانتا ہی۔ کہیے ان دونون۔ "گنہگار دانا" اور "معصوم نادان" مین سے زیادہ پُر لطف زندگی کس کی گزرتی ہی؟ یقیناً اول الذکر کی۔

یہ بھی سنتے آئے ہین، کہ دیانت داری بہترین حکمت عملی ہی۔ لیکن اول تو اس مقولہ کی صحت وعدم صحت بہت کچھ پولیس کی مستعدی وسرگرمی پر منحصر ہی، دوسرے یہ کہ اخلاق کے جو ہر اعلیٰ کی بنا اُس کی بہترین حکمت عملی ہونے پر نہین۔ اگر راحت ولذت کو حیات کا مقصد اصلی مان لیا جائے، تو ظاہر ہی کہ راحت کی جان، اعتدال ہی، لیکن اخلاق کے بہتر سے بہتر نمونے جو دنیا مین مل سکتے ہین، اُنھین اعتدال سے کوئی واسطہ نہین۔ حق کے لیے اپنی جان دیدینا، محاسن اخلاق کا سرتاج ہی، لیکن جو شخص ہر وقت اعتدال کی پیمایش کیا کرتا ہی، اسے سرفروشی سے کیا علاقہ؟ بلکہ اگر عقلی زندگی کے حدود پر نگاہ دوڑاؤ، تو کمال فن اور راحت اکثر منافی نظر آئین گے۔ کتنے ماہرین فن ایسے ہین، جنھون نے اپنی صحتین خراب کردی ہین! کتنے ارباب کمال ایسے ہین، جن کی ساری زندگی مصایب وآفات کا ایک تسلسل رہی ہی! کتنے ایسے موجدین ہوئے ہین

جنھون نے تلوار کے موجد کی طرح خود اپنی ایجادون پر بدتون افسوس کرکے روم کے فلسفی تاجدار مارکس اریلیس کے اس حکیمانہ قول کی تصدیق کی ہی، کہ "دانشمندی اور غم والم مین چولی دامن کا ساتھ ہی، پس جو شخص علم کے حدود مین اضافہ کرتا ہی، وہ غم والم کی مقدار مین بھی اضافہ کرتا ہی" وہ جو ایک قدیم افسانہ سنا جاتا ہی، کہ خدا نے انسان کے آگے شجر علم و شجر حیات دونون کو پیش کیا، لیکن اس نے اس مین سے شجر علم کا انتخاب کرلیا، درحقیقت ارباب کمال کی زندگی عموماً اسی افسانۂ کہن کی ایک عملی تفسیر ہوتی ہی۔

یہ شواہد ہم نے علم وفن کے دائرہ کے متعلق بیان کیے۔ لیکن خالص اخلاق کے دائرہ مین دیکھو، تو بھی بعینہٖ یہی کیفیت نظر آئے گی، نظریہ افادیت کے بموجب سب سے بڑی نیکی وہ ہونا چاہیے، جس مین سب سے زیادہ مسرت حاصل ہوتی ہو، حالانکہ حقیقت حال اس کے برعکس ہی بڑی سی بڑی نیکی مین سخت ضبط نفس کی ضرورت ہوتی ہی، بیشتر انسان کی خواہش کچھ ہوتی ہی لیکن ادائے فرض کے خیال سے وہ کرتا کچھ ہی، اور ظاہر ہی کہ یہ ضبط نفس کسی معنی مین، راحت ومسرت کا مبنیٰ نہین بن سکتا۔

حقیقت یہ ہی کہ اس سے زیادہ غلط و بے بنیاد کوئی دعویٰ ہو ہی نہین سکتا، کہ انسان کی مسرت اور اس کی نیک کرداری لازم وملزوم ہین۔ یہ بالکل ممکن ہی، اور ممکن کیا معنے، اکثر ہوتا ہی یہ ہی، کہ ایک شخص کے حالات ومزاج اُسے دوسرون کی بہی خواہی کا گرویدہ بنا دیتے ہین، اور برخلاف اس کے دوسرے شخص مین ماحول وافتاد طبیعت کے اثر سے ذاتی مفاد وخود غرضی کا خیال غالب آجاتا ہی۔ ایک شخص کو دوسرون کے فائدہ پہنچانے مین لطف آتا ہی اور دوسرے کو اُن کے تکلیف دینے مین۔ اب ایسی حالت مین افادیین کو کیا حق ہی کہ اول الذکر کی مدح وثنا کرین اور آخرالذکر پر لعنت وملامت۔ اُن کے نقطۂ خیال سے تو اصل محرک اعمال، فاعل کی راحت جوئی ہی، اور اس لحاظ سے ہر دو شخص مساوی ہین۔

پھر یہ بھی اس ضمن مین قابل لحاظ ہی، کہ مضرات معاصی ہمیشہ مدارج معاصی کے

متناسب نہین ہوتین - اکثر بعض نہایت خفیف لغزشون کی اسی قدر سخت سزا ملتی ہی، جتنی شدید سی شدید بدکاری کی - تغذیہ کی نہایت معمولی بداحتیاطی سے بعض وقت شکم مین اس قدر سخت درد اُٹھتا ہی، جو شدت کرب واذیت مین کسی طرح آتشک کی تکلیف سے کم نہین ہوتا، مگر کون کہہ سکتا ہی کہ خفیف غذائی بداحتیاطی اُسی قدر شدید معصیت ہی، (اگر یہ معصیت ہو بھی) جس قدر وہ شہوت پرستی جو آتشک کا سبب ہوئی ہی -

ممکن ہی اس کے جواب مین یہ کہا جائے کہ "تم نے نتائج افعال کی راحت واذیت کے اندازہ کا جو طریقہ بتایا، وہ خود ایک لحاظ سے ناقص رہ گیا ہی - یہ سچ ہی کہ ضبط نفس سے انسان کو تکلیف ہوتی ہی لیکن یہ تکلیف اُس اذیت کے مقابلہ مین بدرجہا آسان ہی جو ارتکاب معصیت کے بعد خود ملامت ضمیر سے ہم پر ہوتی ہی - اس لیے اعمال حسنہ کے انجام دینے مین بہرحال راحت ومسرت کا پلہ بھاری رہتا ہی" اس تاویل کے متعلق گزارش ہی، کہ ایک حس اخلاقی کے وجود سے ضمیر مین کو کیونکر انکار ہو سکتا ہی - اُن کے مسلک کا تو دارمدار ہی اس کے وجود پر ہی، اور وہی تو اس کے وجود کو دیگر مذاہب اخلاقیات کے علی الرغم مدتون سے مانتے چلے آئے ہین، البتہ جس شے کے وہ منکر ہین، وہ یہ دعویٰ ہی، کہ اس کے پیدا کردہ لذات وآلام اس قدر قوی اور نتائج اعمال کے اسقدر متناسب ہوتے ہین کہ محض وہ کردار انسانی کی اساس وبنیاد کا کام دے سکتے ہین، اور اپنے انکار کی تائید مین وہ مطالعۂ باطن کی شہادت کو پیش کرتے ہین، اصل یہ ہی، کہ ضمیر جس قوت کا نام ہی (خواہ وہ ایک فطری حس اخلاقی ہو، اور خواہ ایتلاف انکار کی پیدا کردہ) اس کے دو مختلف مظاہر ہین، ایک نیکی وبدی مین امتیاز، دوسرے بدی پر ملامت اور نیکی پر آفرین - ان مین سے پہلا فرض تو وہ بے شبہ ہمیشہ پوری طرح ادا کرتا رہتا ہی، لیکن فرض ثانی اس قدر قطعی نہین، یہ ناممکن ہی کہ کوئی شخص تمام عمر بدکاری مین مبتلا رہے، اور اُسے اس کا احساس نہ ہو کہ وہ ارتکاب معاصی کر رہا ہی، لیکن یہ بالکل ممکن ہی اس احساس سے اُسے کوئی خاص

تکلیف نہ ہوتی ہو، کیا خوب کہا ہی کارلائل[1] نے کہ ضمیر کی تحسین و ملامت کا کردار انسانی پر اتنا اثر بھی تو نہین ہوتا، جتنا جگر کی صحت یا خرابی کا ہوتا ہی۔ ہماری سمجھ مین تو یہ آتا ہی کہ جس طرح بعض لطیف الحس افراد کو ذبح حیوانات کے نظارہ سے ابتداءً انتہائی اذیت ہوتی ہی، لیکن جب وہ مذبح کی سیر کے عادی ہوجاتے ہین، یا حالات اُنھین قصابی کا پیشہ اختیار کرنے پر مجبور کرتے ہین، تو انھین اس نظارہ سے اتنی تکلیف بھی تو نہین ہوتی کہ اُس سے وہ ذرہ بھر بھی متاثر ہون، اُسی طرح ایک ذکی الحس، اینلی، سادہ مزاج لڑکی کو اپنی پہلی لغزش پر تو ملامت ضمیر سے انتہائی تکلیف ہوتی ہی، اور خارا الفعال جراحت خنجر سے زیادہ پُر اذیت ثابت ہوتا ہی، لیکن کیا چند سال کے بعد جب سیہ کاری اُس کا ذریعۂ معاش بن جاتی ہی، تب کبھی ارتکاب معاصی پر اُسے تکلیف محسوس ہوتی ہی؟

بے شبہ یہ بالکل ممکن ہی، کہ ایتلاف افکار کے اثر سے انسان کو قدرۃً ناگوار چیزین خوشگوار محسوس ہونے لگین، اور فطرۃً خوشگوار چیزین ناگوار محسوس ہونے لگین، لیکن معًا یہ سوال پیدا ہوتا ہی، کہ آخر اس احساس کی پاسداری اور اس کی مطابقت ہم پر کیون فرض ہی؟ یہ تو معلوم ہی ہی کہ افادیت کی رو سے، انسان پر قدرتی فرض کوئی بھی عاید نہین، اس کے اعمال کی غایت صرف ذاتی راحت ہی، اور چونکہ تجربہ سے یہ معلوم ہوتا ہی، کہ اکثر ایک دیرپا نفع کے لیے انسان کو فوری نفع سے دست بردار ہونا ضروری ہی، اس لیے انسان کو اپنے ہی آخری نفع کی خاطر، مضرت عاجل برداشت کرنا چاہیے، اور یہی معنی ہین ایثار کے۔ اس سے اگر قطع نظر کرلی جائے تو ادائے فرض ایک بے معنی لفظ رہ جاتا ہی۔ گویا جو شخص، اپنی ذاتی راحت سے بالکل غض بصر کرکے محض دوسرون کی راحت رسانی مین مصروف رہتا ہی، وہ ایک سعی لاحاصل مین مشغول ہی۔ پس جن لوگون کے نزدیک فطرت بشری کی یہ تشخیص صحیح ہی، اُن کے نقطۂ خیال سے ایک محسن بے غرض و پارسائے خالص کی حیثیت

[1] ٹامس کارلائل، انگریزی کا مشہور ادیب (۱۷۹۵ء تا ۱۸۸۱ء)

ایک ناعاقبت اندیش شخص سے زائد نہین۔

رہا یہ امر، کہ ایسے مزاج و طبیعت کا شخص جس کی تصریح ابھی چند سطر مین اُوپر مین کر چکا ہون ضمیر کی ملامت کے خوف سے اس کی تعمیل احکام مین راحت پائے گا، تو ایک کھلی ہوئی حقیقت ہی جس پر زیادہ زور دینے کی حاجت نہین۔ البتہ مجھے اس کے تسلیم کرنے مین بہت شبہ ہی، کہ بحیثیت مجموعی، خود ضمیر کا وجود، انسان کے حق مین بہ نسبت اذیت کے راحت کا زیادہ موجب ہی، میرا خیال اس کے بالکل برعکس ہی۔ مین سمجھتا ہون کہ اس کی ملامتون کا پلہ اُس کی تحسین و آفرین سے بہت بھاری ہی۔ اخلاق کی کتابون مین لکھا ہوتا ہی کہ نیک کردار شخص کو سکون قلب حاصل رہتا ہی، لیکن مین نہین جانتا کہ کسی نیک کردار شخص کی زندگی سے اسکی تصدیق ہوسکتی ہی، نیک کردار کا ضمیر یقیناً ذکی الحس ہوگا، اور ضمیر کی ذکاوت حس، سکون خاطر کی قاتل ہی، نیک کرداری کا لازمی نتیجہ ہی کہ طبیعت مین تواضع، انکسار، و فروتنی پیدا ہو، اور یہ چیزین بداہتہً خود اطمینانی کے منافی ہین۔ اس سے ظاہر ہی کہ افادئین کا یہ دعویٰ، کہ نیک کرداری و مسرت کامل مرادف ہین، کس قدر واقعیت کے خلاف ہی!

سب سے بڑھ کر یہ کہ دیگر مذاہب و نظامات اخلاق مین جس قدر محرکات حسن عمل متعارف ہین، اُن سب کی یہ خصوصیت ہی کہ اُنھین جس قدر زیادہ دھیان مین رکھیے، اسی قدر طبیعت اُن سے متاثر ہوتی ہی، اور جس قدر طبیعت اُن سے ہٹائیے، اُسی قدر اُن کا اثر ہلکا پڑتا جائے گا۔ مثلاً آلام و شدائد جہنم کا جس قدر زیادہ خیال رہے گا، اُسی قدر طبیعت بدی سے متنفر رہے گی، لیکن افادئیت نے جو محرک حسن عمل قرار دیا ہی، اُس کی کیفیت بالکل اس کے معکوس ہی۔ اس مین یہ عجیب وصف ہی کہ اس کا جتنا زیادہ خیال کیجیے، اتنی ہی طبیعت نیک کرداری سے اور ہٹ جائے گی۔ افادئیت کا یہی دعویٰ ہی نہ کہ، اعمال مین حُسن و قبح

ا اس سلسلہ مین بٹلر کا یہ فقرہ کس قدر پُر لطف ہی، کہ "اگر دنیا مین کبھی کسی جامع الاخلاق شخص کا وجود نہ بھی ہو، تو اُسے اپنے وجود کی خبر ہی نہ ہوگی"، کیونکہ انکسار و فروتنی صحیح معرفت نفس کی مانع ہوگی۔

بالذات کوئی شی نہین، اعمال صرف راحت رسان یا اذیت افزا ہو سکتے ہین، لیکن رفتہ رفتہ قانون ائتلاف فکری کی مطابقت مین راحت رسانی و نیک کرداری، اور اذیت افزائی و بدکرداری کے درمیان ایک ربط غیر منفک پیدا ہو جاتا ہی، اور یہی محرک ہوتا ہی حسن اعمال کا۔ اب خود اپنی جگہ پر اندازہ کرکے دیکھو، کہ اس خیال کے رکھنے سے نیک کرداری کو تحریک ہوتی ہی، یا اُلٹی اور اُس مین رکاوٹ پیدا ہو جاتی ہی؟ ہمارا خیال تو یہ ہی کہ اس سے نیک کرداری کی ایک بے وقعتی سی دل مین سما جاتی ہی، اور ادائے فرض کی وہ قطعیت باقی ہی نہین رہتی، جو فرض کو محض فرض سمجھتے رہنے سے پیدا ہوتی ہی۔ یہ تصور کہ نیکی کو نیکی محض اس وجہ سے کہنے لگے ہین، کہ اس مین اور ہماری ذاتی منفعت و راحت مین طبعی و فطری نہین، بلکہ ایک اتفاقی و مصنوعی تلازم پیدا ہو گیا ہی، ہمین بجائے نیکی کی طرف اُٹھانے کے، اس کی طرف سے ہماری طبیعت اور سرد کیے دیتا ہی۔ اور جون جون یہ اتفاقی و مصنوعی تلازم کا خیال قوی ہوتا جاتا ہی، اسی نسبت سے نیکی کی قطعیت کی باگ ڈھیلی ہوتی جاتی ہی اور ہم مین اس کی جانب سے ایک گونہ بے اعتنائی پیدا ہو جاتی ہی۔ یہ وہ نتیجہ ہی، جو افادیت کو تسلیم کر لینے کے بعد خود بخود لازم آتا ہی۔

جن ناظرین نے دلائل و بیانات بالا مین، صبر سے میرا ساتھ دیا ہی، مجھے یقین ہی، کہ وہ سب، افادیت سے متعلق حسب ذیل نتائج پر پہونچ گئے ہون گے:۔

(۱) اولاً یہ کہ گو افادیت کے متبعین مین بعض نہایت اعلیٰ اخلاق کے افراد ہوئے ہین، تاہم اگر اس مسلک پر پورا پورا عملدرآمد کیا جائے، تو نتیجہ یہ ہوگا، کہ اخلاق کی بنیاد متزلزل ہو جائے گی، اور ایثار و نفس کشی کا خاتمہ ہو جائے گا۔

(۲) ثانیاً یہ کہ ضمیر کی جو تعبیر افادیت نے کی ہی (یعنی وہی کہ ائتلاف افکار کی مدد سے وسایط و وسائل، اصل غایات کی جگہ لے لیتے ہین) وہ تنقید کی متحمل نہین ہو سکتی، اور تھوڑے غور کے بعد اس کی خامیان ظاہر ہونے لگتی ہین۔

(۳) ثالثاً، یہ کہ، جیسا ہر شخص اپنے ذاتی تجربہ سے تصدیق کرسکتا ہی، افعال کے اخلاقی وغیر اخلاقی پہلو ایک دوسرے سے بالکل متباین و متمایز ہوتے ہین، مثلاً ہم سے اگر کوئی بد اخلاقی سرزد ہوتی ہی، تو اُس پر ہمارا ضمیر جس طرح ملامت کرتا ہی، وہ اس ندامت سے بلحاظ نوعیت بالکل مختلف ہوتی ہی جو تہذیب مروجہ کی کسی دفعہ کی خلاف ورزی سے پیدا ہوتی ہی۔ افادئین خلط مبحث کرکے دونون کو ایک سمجھنے لگتے ہین، حالانکہ وہ خاص قسم کی خلاف ورزی فرض کا احساس، جو صرف اخلاق شکینون ہی کے ساتھ مخصوص ہی، اس کی تحلیل و توجیہ ایتلاف افکار کی مدد سے نہین ہوسکتی۔

صفحات بالا مین ناظرین کو افادئین کے اس اعتراض کا جواب بھی مل گیا ہوگا، کہ "فرض کو اگر خیال خود غرضی سے علیحدہ کرلیا جائے تو یہ ایک بے معنی لفظ رہ جائے گا کیونکہ کسی ایسے فعل کی ہم سے پابندی چاہنا جس کا ہماری ذات پر کوئی اثر نہ ہوتا ہو، مہمل و بے معنی نہین تو کیا ہی"؟ ہم کہتے ہین کہ صلہ و تعزیر، بے شبہ، ادائے فرض کے محرکات و مرغبات ضرور ہین، لیکن اس کے عناصر ترکیبی نہین۔ یہ سچ ہی کہ ہم سے صدور اعمال توقع صلہ یا خوف تعزیر ہی سے ہوتا ہی، لیکن اس کے یہ معنی نہین کہ فرض نام ہی اُنھین چیزون کا ہوجائے۔ یہ تفریق، چاہے حکما و فلاسفہ کے سمجھ مین نہ آئے، لیکن عام خلقت کے لیے تو بدیہیات کا حکم رکھتی ہی، اور لوگ برابر اسے اپنی عملی زندگی مین ملحوظ رکھتے ہین۔ مثلاً فرض کیجیے، کسی ملک سے کچھ لوگ جاکر ایک نوآبادی مین بستے ہین۔ یہ لوگ اس نوآبادی کی زمین کو آپس مین تقسیم کرلیتے ہین، اور وہان کے قدیم باشندون کو قتل کرڈالتے ہین، یہ لوگ ہر دو افعال کے یکسان بیدردی سے مرتکب ہوتے ہین، تاہم ان مین سے ایک فعل سخت مجرمانہ ہی، اور دوسرا نہین۔ یا اسی طرح فرض کیجیے کہ کوئی باضابطہ آئینی حکومت آکر اس نوآبادی پر قابض ہوجاتی ہی، زمین کو یہ حکومت بھی اپنے تصرف مین لے آتی ہی، لیکن قدیم باشندون کی جان سے تعرض نہین کرتی، بجز اس حالت کے کہ وہ لوگ خود ہی قانون وقت کی

مخالفت کرین۔ اِن دونون صورتون مین وہ فرق صاف ظاہر ہی، جسے ہم دکھانا چاہتے تھے
اول الذکر صورت مین قانون، خود ہی ایک فرض کی تخلیق کرتا ہی، اور خود ہی اُس کی پابندی
بھی کراتا ہی، بہ خلاف اس کے آخر الذکر صورت مین وہ صرف اس کی پابندی کراتا ہی، تو بس
ضمیر مین تو صرف اسی قدر کہتے ہین کہ ہم مین فطرۃً یہ شناخت کر لینے کا مادہ ہی، کہ فلان طریق عمل
فلان طریق عمل کے مقابلہ مین زیادہ شریفانہ، وممتاز تر و بلند تر ہی، اور یہی شناخت، یہی احساس
جو بہ لحاظ نوعیت حظ و الم، مسرت و اذیت، کے خیال سے بالکل علیحدہ ہی حسن عمل کی طرف
مودی ہوتا ہی۔ یہ بالکل ممکن ہی کہ انسان باوجود اس علم و احساس کے بھی، شریفانہ راستہ کو
چھوڑ کر رذالت کا راستہ اختیار کرے۔ اور ایسی صورت مین کہا جائے گا کہ اُس کا طرز عمل
مستحق عقوبت ہی، اور اگر وہ عقوبت سے بچ جائے، تو ہم یہ کہین گے کہ انصاف نہین ہوا
لیکن اگر بالفرض کوئی صلہ دینے والا یا کوئی مواخذہ کرنے والا نہ بھی ہو، تب بھی رذالت فی نفسہ
رذالت ہی رہے گی، اور شرافت فی نفسہ شرافت۔

باقی رہا ضمیر مین کا یہ دعویٰ، کہ انسان کبھی کبھی حصول مسرت کے مقابلہ مین دوسری
چیزون کو ترجیح دیتا ہی، تو اس کا فیصلہ خود ہر شخص کو اپنے شعور و تجربہ کی شہادت پر کرنا چاہیے
ہمارے خیال مین تو نوع انسانی کا متحدہ تجربہ اس کی شہادت دے گا، کہ انسان نے بارہا
نیک کرداری کو حصول مسرت پر ترجیح دی ہی، گو ضمناً اس کے نتائج بھی مسرت بخش نکل آئے
ہون۔ اور یہ تو ایک کھلی ہوئی حقیقت ہی کہ جب جذبات قوی، اور فرض کے احساس قوی
مین آکر تعارض واقع ہو جاتا ہی، تو لذت و راحت کا پیمانہ ہاتھ مین لے کر مدارج نیک کرداری
کا اندازہ کرنا ناممکن ہو جاتا ہی۔ دنیا کے سب سے زیادہ نیک اشخاص کی زندگی کب پھولون
کے سیج پر گزری ہی؟ ہم نے تو عموماً راہروان منزل ہدایت کے پیرون کو آلام و تکالیف کے خار
سے زخمی پایا ہی۔ شاذ و نادر، ہان بہت ہی شاذ و نادر، ایسا دیکھنے مین آیا ہی، کہ جو لوگ بشاش
شاش، مسرور و شادان رہتے ہین، وہ لازماً سیرت اعلیٰ بھی رکھتے ہون، یا جو لوگ افسردہ

دادُ اس، مغموم وملول رہتے ہین، وہ خواہ مخواہ بدکار ہی ہون۔

وجوہ مفصلہ بالا کی بنا پر اگر ضمیر مین، افادیت کے منکر ہین، تو بالکل حق بجانب ہین وہ اس قدر بے شبہ تسلیم کرتے ہین کہ اعمال کی حیثیت اخلاقی پر اُن کے منفعت بخش ہونے کا نہایت اہم اثر ہوتا ہی، لیکن اسی کے ساتھ وہ یہ بھی کہتے ہین کہ اگر ہم مین فطرۃً حق و باطل، نیکی و بدی مین امتیاز کی قوت ودیعت نہ ہوتی، تو ہم ہرگز یہ علم نہ رکھ سکتے کہ جہان ہماری ذاتی منفعت، اور منفعت جامہ مین تعارض ہو، وہان ہم پر آخر الذکر کی پیروی واجب ہی، اور پھر وہ اس کے بھی قایل نہین کہ نیکی، افادہ ہی کی ایک ترقی یافتہ شکل ہی، یا یہ کہ نیکی ہمیشہ افادہ کے متناسب ہوتی ہی۔ انھین اس کا ضرور اعتراف ہی کہ ہیئت اجتماعیہ کے نظام موجودہ کے لحاظ سے عموماً نیک کرداری ولذت یابی دوش بدوش ہین، لیکن افادیین کے علی الرغم اُن کا خیال ہی کہ اگر کسی باعث، موجودہ نظام اجتماعی دفعۃً منقلب ہو جائے، اور لذت ومسرت، نیک کرداری کی رفاقت چھوڑ کر، بدکرداری کے ہمرکاب ہو جائے، تو بھی، نیکی، نیکی ہی رہے گی اور بدی، بدی۔ نیکی، اُن کے نقطۂ خیال سے کسی خاص طرز تعود کی پابند نہین، اور نہ متعدد لذات کی میزان کا نام ہی، پس اُس کے قوانین اٹل اور اس کے احکام ودفعات ناقابل تغیر ہین۔ اپنے جوانمرد مگر جانی دشمن کا ہم سب لوہا مانتے ہین؛ اپنے ایسے دوست کو جو اپنے فریق سے دغا کر کے ہم سے ملا ہو، ہم سب دل سے حقیر سمجھتے ہین؛ سکرات موت کے وقت ہم اپنے خاندان واحباب، وغیرہ کے متعلق ہدایات دیتے ہین؛ دوسرون سے ہمین جو نقصانات پہونچتے ہین، اُن کے سہواً وارادۃً واقع ہونے مین ہم سب فرق کرتے ہین؛ معصیت وناعاقبت اندیشی کے درمیان ہم مین سے ہر شخص ایک امتیاز محسوس کرتا ہی؛ جو ناسپاس وکم ظرف افراد کسی طمع سے، ایثار پر راضی نہین ہوتے، اُن کی طرف سے ہم سب مین ایک نفرت وحقارت کا جذبہ پیدا ہو جاتا ہی؛ یہ اور اسی قبیل کے تمام وہ کیفیات جن کا ہمین اپنی باطنی زندگی مین تجربہ ہوتا رہتا ہی، اور جن احساسات کی

عالمگیری پر تمام دنیا کا اجماع عام شاہد عادل ہی، یہ قطعی طور پر ثابت کرتے ہین کہ نیک کرداری کے جذبات خود غرضی سے، ادائے فرض کے جذبات منفعت جوئی و راحت طلبی سے بالکل متباین و مختلف ہین۔ بعینہ اس طرح کہ جیسے حظ و الم انتہائی مبنائے عمل ہین، جن کی مزید تحلیل و توجیہ ممکن نہین، حق و باطل بھی بہ حیثیت محرکات عمل ہماری فطرت مین ودیعت ہین، جن کے وجود اور جن کے وجوب پر کوئی دلیل و حجت نہین پیش کی جا سکتی۔ آفتاب کی روشنی اپنی دلیل آپ ہوتی ہی پس جو فلسفۂ اخلاق اپنے نظام مین ان حقایق کے لیے کوئی جگہ نہین نکال سکتا، وہ ناقص ہی کیونکہ اُس نے اُن حقایق کو نظر انداز کر دیا ہی، جن کے وجود کی نسل انسانی ہمیشہ شہادت دیتی رہی ہی۔ ضمیر انسانی ہر عہد مین سسرو[1] کے اس مقولہ کی تصدیق کرتا رہا ہی، کہ "کسی لذت قریبہ سے لذت بعیدہ کی توقع پر دست بردار ہونا، اصل نکوکاری سے اُسی قدر بعید ہی، جتنا سود پر قرض دینا، سخاوت سے"۔ درصل، تمام نیکی، تمام محاسن اخلاق کی جڑ ہی بےغرضی۔ جہان اپنی غرض شامل ہوئی، پھر اصلی جوہر شرافت کہان؛ پھر تو معاملت ہو گئی، کار خیر نہ رہا۔ ایثار، حق پرستی، عالی ظرفی، و حسن اخلاق کا اصل الاصول یہ ہی کہ امر حق کے پیچھے اپنی دولت و مال، عزت و شہرت، جاہ و جلال، عیش و آرام، بلکہ اپنی جان تک کو خطرہ مین ڈال دے، اور سچ پوچھیے تو یہی جوہر شرافت وہ نقطۂ دقیق ہی، جہان انسانیت و الوہیت، عبدیت و معبودیت، مین مصالحت ہونے لگتی ہی، اور کثافت مادی کے ڈانڈے لطافت روحانی سے جا کر مل جاتے ہین۔

افادیت کے پاس دلائل تو جو ہین، وہ ہین ہی، مگر اس مسلک کو اس قدر مقبولیت جو حاصل ہوئی، اُس کا خاص سبب یہ تھا، کہ نفس بشری کے دو بڑے زبردست خصایص طبعی اسی کی تائید مین رہے ہین۔ ان مین سے ایک کا ذکر تو ہم کہین آگے چل کر کرین گے؛ لیکن دوسرے کو ابھی بتائے دیتے ہین۔ وہ نفس بشری کا یہ خاصہ ہی کہ وہ یکسانیت و توحد کو ہر شی مین تلاش کرتا ہی، یہانتک کہ خود اپنے آپ کو، بہ این تنوع، کسی ایک خاص کلیہ کے تحت مین

[1] سسرو، رومہ کا مشہور خطیب،

لے آنا چاہتا ہے۔ یہ اس کے اسی طبعی میلان کا نتیجہ تھا، جس نے مسلک حسیت کو اٹھارویں صدی
میں اس قدر مقبول بنا دیا۔ یہ اس کی اسی فطری خواہش کا اثر تھا جس نے بونٹ[۵۲] و کانڈلک کو
یہ خیال دلا دیا، کہ انسان بس ایک جاندار بُت ہے، جس کی ساری کائنات یہ ہے کہ حواس خمسہ کے
ذریعہ سے تہیجات اُس کے اندر آتے ہیں، اور انھیں سے اس کی تمام کیفیات نفسی ماخوذ و مرکب
ہوتی ہیں۔ یہ اس کی اسی جبلّت کا اقتضا تھا، جس نے ہلوسیس کی زبان سے یہ کہلوایا، کہ فطرۃً
تمام انسان مساوی القویٰ ہیں، ذکاوت و حماقت کے درمیان جو اختلافات نظر آتے ہیں، وہ محض
اختلاف حالات کے پیدا کردہ ہیں، اور انسان و حیوان کے درمیان جو کچھ فرق ہے، وہ تمام تر
دست انسانی کی بہتر ساخت کا معلول ہے۔ اس قبیل کے نظریات ہر شعبۂ علم میں پائے جاتے ہیں،
لیکن اخلاقیات کے دائرہ میں یہ نہایت کثیر الوقوع ہیں، حالانکہ یہیں یہ سب سے زیادہ غلط فہمیوں کا
باعث بن سکتے ہیں، کیونکہ مختلف حاسات اخلاقی باہم اس قدر مربوط و مختلط ہیں، کہ اُن میں
ہر ایک، دوسرے کا ماخذ قرار دیا جا سکتا ہے۔ مثلاً ہابس کہتا ہے کہ "ترس اس تصور کا نام ہے، جو
دوسروں کو مبتلائے مصیبت دیکھ کر ہم میں اپنے آیندہ مصیبت کے متعلق پیدا ہوتا ہے"، یا مثلاً
ہچیسن کا مقولہ ہے، کہ "بے اعتدالی اس لیے مذموم ہے کہ وہ ہمیں دوسروں کے ساتھ زیادتی کرنے
پر مستعد کرتی ہے"، یا پھر مثلاً بعض اور حکما، اخلاق کا قول ہے کہ "عفو و رحم میں ہمیں اس درجہ لذت
ملتی ہے، کہ محض اسی حصول لذت کے خاطر ہم اکثر ظالمانہ اعمال کے مرتکب ہو بیٹھتے ہیں"۔ یہ تمام اقوال
ایک خاص حد تک ضرور صحیح ہیں، لیکن ان میں مختلف خصایص اخلاقی کے صرف ایک ہی
پہلو پر سارا زور دیا گیا ہے، اور اس کی اہمیت میں مبالغہ سے کام لیا گیا ہے +

خاتمہ سے قبل یہ بھی سن لینا چاہیے، کہ ضمیریت کو جو ضدِ استقرائیت سمجھا جاتا ہے، سو یہ تعبیر
میرے نزدیک صحیح نہیں۔ اُن لوگوں کو تو استقرائیں سے موسوم کرنا بیشک بالکل صحیح ہے، جو ایک

لے یورپ کا وہ فرقہ جو اس کا قایل ہوا ہے، کہ تمام معلومات انسانی کا ماخذ تجربہ و حواس ہیں"۔

لے بونٹ و کانڈلک اٹھارویں و انیسویں صدی میں مذہب حسیت کے سالار عسکر۔

مستقل حسّ اخلاقی کے وجود سے منکر ہوکر یہ یقین رکھتے ہین کہ حاسات اخلاقی کا اصل ماخذ وہ تجربہ ہی، جو ہمین مختلف افعال کی منفعت بخشی کے متعلق حاصل ہوتا ہی، لیکن اس سے یہ نتیجہ نکالنا صحیح نہین، کہ صرف استقرائین ہی تشکیل اخلاق مین تجربہ کا دخل جائز رکھتے ہین، کیونکہ واقعہ یہ ہی کہ ضمیر مین بھی وجود ضمیر پہ بلا دلیل ایمان نہین لے آتے۔ استقرائین ہی کی طرح وہ بھی پوری طرح حاسات اخلاقی کی توجیہ و تعلیل، تجزیہ و تحلیل کرتے ہین، ان کی ترتیب ارتقائی پر غور کرتے ہین، اور ان کی باہمی ترکیب و امتزاج پر کامل توجہ کرتے ہین، البتہ جب اس ساری تحلیل و تنقید کے بعد انھین یہ اطمینان ہوجاتا ہی کہ اب تحلیل اپنے انتہائی حدود تک پہونچ گئی، اور اب مزید تحلیل کی گنجایش نہین، تب جاکر وہ اُن کا ماخذ ضمیر یا ایک مستقل حسّ اخلاقی کو قرار دیتے ہین۔

لیکن اس "مستقل" سے یہ منشا نہین کہ آلات حواس خمسہ کی طرح اس حس کے لیے بھی ہم مین کوئی خاص آلہ موجود ہی۔ جس طرح ہم اپنے مین بعض ارادی، جذبی، وعقلی کیفیات کا ظہور پاکر جن کی تحلیل خواص مادی مین ہم نہین کرسکتے، اُن کا ماخذ و مرجع ایک غیر مادی ہستی نفس یا ذہن، کو تسلیم کرلیتے ہین، بعینہ اسی طرح حس اخلاقی کو ایک علیحدہ و مستقل قوت قرار دینے کا مفہوم صرف اس قدر ہی، کہ ہم مین جو تصورات و احکام اخلاقی پیدا ہوتے ہین، اُن کا ماخذ کسی اور قوت نفسی کو نہین قرار دیا جاسکتا۔

فصل (۶)

ضمیریت

صفحات گزشتہ مین ہم نے جو تصریحات کی ہین، اگر اُنھین ہمیشہ پیش نظر رکھا جائے تو ان تناقضات کا خاتمہ ہوجائے گا، جو مختلف اساطین ضمیریت مین باہم نظر آتا ہے، کیونکہ

حقیقت حال صرف اتنی ہی کہ ان مین سے ہر ایک حاسات اخلاقی کے علیحدہ علیحدہ امتیازی پہلوون پر زور دیتا ہی، اور اس سے تناقض لازم نہین آتا۔ مثلاً بٹلر جس شی پر زور دیتا ہی، وہ یہ ہی کہ حاسات اخلاقی اپنے ساتھ ہی اپنے وجوب کا بھی حکم رکھتے ہین، اور وہ اسی احساس وجوب کی بنا پر وجود ضمیر کا قایل ہی، ایڈم اسمتھ اور اُس کے اتباع، اس کے برخلاف، حاسات اخلاقی کے ہمدردانہ خصوصیات پر خاص زور دیتے ہین، وہ کہتے ہین، کہ ہمین قدرۃً شقاوت سے نفرت اور الفت و ہمدردی کی جانب رغبت ہوتی ہی، اور یہی فطری میلان، یہی جبلی احساس، حق و ضلالت کا فاصل ہی۔ کڈورتھ (جسے کنیٹ[1] کا انگریزی پیش رو کہنا چاہیے) اس پر معترض ہی، وہ کہتا ہی کہ رحم، ہمدردی، انسانیت، صداقت وغیرہ مین صرف یہی خصوصیت نہین ہوتی، کہ ہمین بالطبع ان کی جانب میلان ہوتا ہی، بلکہ اُن مین یہ وصف بھی ہوتا ہی، کہ ہم عقلاً و وقوفاً بھی اُنھین محمود و مستحسن سمجھتے ہین اور نہ صرف جذبات، بلکہ خود ہمارا ادراک ہمین اُن کی جانب ہدایت کرتا ہی۔ اس بنا پر حاسات اخلاقی، ہماری حیات جذبی سے ماخوذ نہین ہوتے، بلکہ اُن کا اصل ماخذ خود ہماری عقل و وقوف کی ہدایات ہین، کلارک اس مین ترمیم کرکے کہتا ہی، کہ اوصاف حسنہ وہ ہین، جن کے اور ماہیت اشیا کے درمیان ایک خاص طرح کی مناسبت و موزونیت پائی جاتی ہی، اور اس طرح موزونیت و مناسبت کو بتانے والا ہمارا ادراک و وقوف ہی، گویا وہ بھی ایک دوسرے طریقہ پر حاسات اخلاقی کا مبنیٰ عقل و ادراک ہی کو قرار دیتا ہی، ولسٹن اُن کا ماخذ اصلی استبازی کو، اور ہچیسن، فیاضی کو تسلیم کرتا ہی، شیفٹسبری و ہٹزی مور کے نزدیک اس وجدان اخلاقی سے جو لذت حاصل ہوتی ہی، وہی نیک کرداری کی محرک ہی۔ ہیوم کا راستہ ان سب سے الگ ہی، وہ اس کا قائل ہی، کہ نیک کرداری کا وصف امتیازی اس کی منفعت بخشی ہی، تاہم ہمین اوصاف حسنہ کا علم محض معلم فطرت کی وساطت سے ہوتا ہی۔ خود باطن سے

[1] کینٹ، جرمنی کا سب سے زیادہ مشہور فلاسفر،

ایک آواز آتی ہی، کہ فلان افعال محمود ہین اور فلان مذموم۔ ہیوم ہی نے شیفٹسبری و کلارک کے مذاہب مین یہ بتاکر مصالحت کرادی، کہ اخلاقی فیصلے بسیط نہین ہوتے، بلکہ دو مختلف عناصر سے مرکب ہوتے ہین، ایک عنصر عقلی یا دماغی ہوتا ہی، اور دوسرا قلبی یا وجدانی، اس مصالحت سے شیفٹسبری و کلارک دونون کی بات اپنی اپنی جگہ رہ گئی۔ متاخرین نے اس مسلک کو یہ بیان کرکے اور زیادہ تقویت دیدی، کہ مختلف محاسن اخلاق مین یہ ہر دو عناصر مختلف مدارج کے ساتھ ممزوج ہوتے ہین۔ آخر مین لارڈ کیمس کا یہ مذہب ہوا ہی، کہ جو نیکیان، وجوب، فرضیت و قطعیت کا درجہ رکھتی ہین، مثلاً دیانت داری، عدل، راستبازی، اُن مین عقلی ادراک حق و ضلالت کا پلہ بھاری ہوتا ہی، مگر جو نیکیان محض استحسان یا افضلیت کا مرتبہ رکھتی ہین، مثلاً سخاوت، دریادلی اُن مین جذبی وجدان رغبت و نفرت کا جزو غالب رہتا ہی۔ غرض یہ کہ آل کار تمام ضمیرئین کا ایک ہی رہا ہی، فرق جو کچھ ہی وہ تشکیل ضمیر کی تعبیر مین ہی، منزل مقصود سب کی ایک ہی، راستون کا اختلاف ایک ضمنی شی ہی۔

ہچیسن شیفٹسبری، ولارڈ کیمس، اثناء تحریر مین بار بار، علم الاخلاق و علم الجمال کے قضایا کی مماثلت کا ذکر کرتے ہین، جس سے ہمارا ذہن بھی ان کی مماثلت کی جانب منتقل ہوا۔ اور گو اسے پھیلانا، مباحث گزشتہ سے الگ جا پڑنا ہی، تاہم اس کا اجمالی ذکر تو کیے ہی دیتے ہین۔ نیکی و حسن کو لوگ آج سے نہین، ابتدا سے مماثل مانتے چلے آئے ہین، یہانتک کہ یونانی زبان مین نیک، و حسین کے لیے ایک ہی لفظ ہی، اور فلاطون نے تو یہانتک کہا ہی، کہ حسن اخلاق وہ نور ہی، جس کا ہر حسن صورت عکس ہی۔ خود ہماری زبان کا یہ حال ہی کہ ہم نیک کرداری کو "حسن اخلاق" سے تعبیر کرتے ہین، اور ہم سب یہ فطرۃً محسوس کرتے ہین کہ مختلف اصناف حسن اور مختلف اوصاف حسنہ مین ایک طرح کا ربط یا مطابقت ضرور ہی، اس مماثلت کے چند نمایان پہلو درج ذیل ہین:-

(الف) ہم بلا عقل و استدلال کی وساطت کے، بہ مجرد مشاہدہ، بعض چیزون کو حسین و خوبصورت

محسوس کرنے لگتے ہین، حالانکہ اس مین کوئی حیثیت افادی نہین ہوتی - مثلاً آسمان کہ اس کی خوبصورتی سے فی الفور ہر شخص متاثر ہوتا ہی - بعینہ اسی بیساختگی و بے اختیاری کے ساتھ، فیاضی و ایثار کے افعال پر بھی ہماری زبان سے صدائے تحسین نکل جاتی ہی -

(ب) کسی شی کے حسن سے جو اثر ہم پر پڑتا ہی، اگر اس کی تحلیل کرین تو وہ دو مختلف عناصر سے مرکب معلوم ہوگا - ایک "ادراک (یا کیفیت وقوفی)" دوسرے "اس کی طرف سے رغبت یا نفرت کا جذبہ (یا کیفیت احساسی)" اور بالکل یہی حال قضایاے اخلاق یعنی کسی فعل کو مذموم یا مستحسن قرار دینے والے قضایا کا بھی ہوتا ہی -

(ج) جس طرح کسی شی کے صاحب جمال ہونے کے معنی ہی یہ ہین کہ اُسے پسندیدگی و محبت کی نظر سے دیکھا جائے، ٹھیک اسی طرح کسی امر کے فرض ہونے کے معنی ہی یہ ہین کہ اُسے ادا کیا جائے -

(د) ہر شخص جانتا ہی کہ خوبصورتی و بدصورتی دو متباین چیزین ہین - ہر شخص نیکی و بدی کو بھی دو متباین چیزین سمجھتا ہی -

(ھ) ہر شخص جانتا ہی کہ خوبصورتی بہرحال بدصورتی سے افضل ہی - ہر شخص یہ بھی جانتا ہی کہ نیکی بہرحال بدی سے افضل ہی -

(و) اشیاء لطیف و جمیل، خواہ وہ اپنی تخلیق و تشکیل کے زمانہ و ماحول کے لحاظ سے باہم کتنی ہی مختلف ہون، پھر بھی ہر ملک و ہر زمانہ مین مقبول و محبوب ہوتی ہین - ہومر کی "ایلیڈ" اور کالیداس کی "شکنتلا" مین کیا شی مشترک ہی، لیکن با اینہمہ دونون کو کیسان قبول عام حاصل ہی - خوش آوازی، چمن کی شادابی، شفق کا سہانا پن، سبزہ کی لہلہاہٹ، سمندر کی روانی، پہاڑ کی عظمت، عورت کی نزاکت، یہ مناظر ہر ملک و ہر عہد مین، اپنی جانب لوگون کی جلب توجہ کرتے ہین - بعینہ یہی کیفیت مسلم و متعارف افعال محمودہ کی ہی - سخاوت، دیانت، عصمت، عدل، ایثار کو ہمیشہ ہر شخص نے جوہر انسانیت قرار دیا ہی -

(ز) خوبصورت چیزون کی دو قسمین ہین۔ ایک وہ جو عظمت و اجلال کا پہلو لیے ہوتی ہین، دوسرے وہ جن مین لطافت و نزاکت کا پلہ بھاری ہوتا ہی۔ اسی کے متوازی، فضائل اخلاق بھی عنوان دوگانہ کے ماتحت رکھے جا سکتے ہین۔ ایک کے تحت مین جانبازی، استقامت، استقلال، حق گوئی، عدل کامل آجاتے ہین، اور دوسرے کے ذیل مین ہمدردی، مروت، رحم، شیرین زبانی، وغیرہ۔

(ح) ارتقا، تمدن، ومدارج شایستگی مین رفعت کے ساتھ لوگون کے تصورات حسن وجمال مین تغیرات ہوتے رہتے ہین۔ کسی زمانہ مین شوخ رنگ پسند کیا جاتا ہی، کسی زمانے مین ہلکا۔ کسی وقت تصاویر کی رنگینی پر زیادہ زور دیا جاتا ہی، ور کبھی ان کی سادگی پر۔ کسی ملک مین زیورون پر حسن نسائی کا دارمدار سمجھا جاتا ہی، اور کہین وہ گنوارپن اور بھدے پن کی علامت قرار دیے جاتے ہین۔ پس بالکل یہی حال تصورات اخلاقی مین تغیرات کا ہی۔ ارتقا، تمدن جس طرح مذاق بدل دیتا ہی، تصورات اخلاقی مین بھی تغیرات پیدا کر دیتا ہی۔ اصول وہی رہتے ہین مگر فروع مین زمین وآسمان کا فرق ہوجاتا ہی۔ جڑ وہی رہتی ہی، مگر برگ وبار ہر موسم بہار مین نئے ہوجاتے ہین۔ اعتدال وبے اعتدالی، انسانیت وحیوانیت، پامردی وبزدلی مین صرف چند قدم کا فرق ہوتا ہی، اور معیار اخلاق مین تغیر ہونے کے ساتھ، ان چیزون کے تسمیہ وتعبیر مین بھی تغیر ہوتا رہتا ہی۔

(ط) خصایص مرزبوم، وخصوصیات زمان ومکان کا، انسان کے ذوق پر نہایت اہم اثر ہوتا ہی۔ بلکہ مختلف قومون مین جو اختلاف مذاق پایا جاتا ہی، اس کا ایک بہت بڑا باعث یہی امر ہی۔ مثلاً اہل حبش جو تخیل "حسن" کا قائم کرین گے، وہ لامحالہ اس سے بالکل مختلف ہوگا، جو باشندگان کوہ قاف قائم کرین گے۔ جو مناظر قدرت یورپ والون کے نزدیک حسن قدرت کے بہترین نمونہ ہین وہ ایشیا والون کے نزدیک قابل اعتنا بھی نہین۔ جو خوشبوئین اہل عرب اپنے لیے مایۂ ناز سمجھتے ہین، باشندگان آسٹریلیا کا اُن سے دماغ پریشان ہوجاتا ہی۔ وقس علی ہذا۔ ٹھیک اسی کے متوازی، خصایص مرزبوم وحالات مقامی، تخیلات اخلاق پر بھی حد درجہ موثر ہوتے ہین۔ جو قوم

پہاڑون کے درون، اور گھاٹیون مین ہمیشہ محصور رہتی ہے، اُس کا اخلاق لازماً اُن لوگون سے مختلف ہوگا جو کھلے میدانون یا بیابانون اور ریگستانون مین رہتے ہین، خانہ بدوش فرقون اور ساکنان شہر کی اخلاقی زندگی مین یقیناً تباین ہوگا۔ یا پھر فرض کرو، کہ ایک قوم تھوڑی تعداد مین ایک کوہستانی علاقہ مین آباد ہے، جس کے تمام ہمسایہ اس کے قوی دشمن ہین، اور جو اپنا وجود محض اپنی انتہائی جرأت، شجاعت، اتفاق و یک جہتی و چالاکی کے باعث قائم کیے ہوئے ہے، ایسی قوم کے لیے یہ ایک بالکل قدرتی بات ہے کہ وہ عہد شکنی یا شقاوت کو کچھ زیادہ شدید بداخلاقی نہ سمجھے۔ اسی طرح جو قوم تمدن زائیدہ عیش و عشرت کے منازل اعلیٰ مین ہے، اور جو امن و امان کے ساتھ مشاغل تجارت و صنعت و حرفت مین مشغول ہے، اس کے لیے یہ بالکل فطری امر ہے کہ وہ انھین چیزون کو کبائر عصیان سمجھے، اور اسراف، عیاشی میخواری وغیرہ کو صغائر کے درجہ مین رکھے۔

(ی) سب سے بڑھ کر یہ کہ بعض اتفاقی حالات جس طرح تشکیل مذاق مین دخل عظیم رکھتے ہین، اُسی طرح تشکیل اخلاق مین بھی رکھتے ہین۔ مثلاً فرض کیجیے، کہ ایک شخص کسی قوم مین بہ لحاظ عزت و وجاہت نہایت ممتاز مرتبہ رکھتا ہے، اُس نے اپنی کسی ذاتی مصلحت یا مجبوری (مثلاً کسی بیماری کے باعث) سے عام رواج سے ہٹکر اپنے لیے ایک خاص طرح کا لباس اختیار کرلیا۔ اُس نے تو وہ لباس محض کسی مصلحت یا مجبوری سے اختیار کیا، لیکن اُس کو جماعت مین جو مرتبہ حاصل ہے، اُس کے لحاظ سے اُس کی نظیر متعدی ہوگی، عوام اُس کی تقلید کرنے لگین گے، یہانتک کہ رفتہ رفتہ وہی لباس مقبول ہوجائے گا، اس کے سوا، تمام لباس خلاف رواج سمجھے جانے لگین گے، اور یون رفتہ رفتہ قوم کے عام مذاق مین تبدیلی پیدا ہوجائے گی، اور خوش لباسی کا ایک نیا معیار قائم ہوجائے گا۔ بالکل اسی کے مثل، جب کوئی معمولی فعل، کسی خاص اتفاقی سبب سے منظر عام پر آجاتا ہے، یا اس کا انتساب، مذہبی و اخلاقی حیثیات سے کسی رودار و ذی وجاہت شخص کی طرف

ہوجاتا ہی، تو لوگ خواہ مخواہ اس کی تقلید کرنے لگتے ہین، اور اسی کو معیار اخلاق قرار دے لیتے ہین۔ ایسے مواقع پر مختصات وقتی و قومی کو حذف کرکے، عام انسانی ضمیر کی طرف صحیح اخلاقی فیصلون کے لیے رجوع کرنا چاہیے۔

(ک) معترض کہہ سکتا ہی، کہ قضایاے اخلاق و قضایاے جمال، خواہ دیگر حیثیات سے کیسے ہی متحد ہون، لیکن اس حیثیت سے ضرور متباین ہین کہ اول الذکر مفید عمل ہین اور آخر الذکر نہین، چنانچہ میکنٹاش اس اعتراض کی ترجمانی ان الفاظ مین کرتا ہی:- "جذبۂ حسن و جمال، جذبۂ عظمت و لطافت، غرض ہر وہ شی جو مذاق کے تحت مین رکھی جاسکتی ہی، اس کی خصوصیت یہ ہوتی ہی کہ وہ احساس، و شعور و انفعال، کے سرحد سے آگے نہین بڑھتی، بخلاف اس کے حاسات اخلاقی، مودی الی العمل ہوتے ہین"۔ لیکن میرے نزدیک یہ بناء امتیاز بھی صحیح نہین۔ قضایاے ذوق تمام تر ہمارے رجحان عمل پر دال ہوتے ہین، یعنی وہ یہ ظاہر کرتے ہین، کہ فلان شی بہ مقابلہ فلان شی کے قابل ترجیح ہی، اور اگر کوئی خاص مانع نہ ہو، تو انسان اسی اول الذکر شی کو اختیار بھی کرلے۔ دوست احباب، پیشہ، مسکن، غرض ہر اختیاری شی کے انتخاب مین ہم حتی الامکان وہی چیزین اختیار کرتے ہین، جو ہمارے مذاق کی ہوتی ہین، اور جن چیزون سے ہمارے مذاق کو مغایرت و بیگانگی ہوتی ہی، انھین ترک کردیتے ہین۔ یہ سچ ہی کہ زندگی مین بہت سے مواقع ایسے پیش آتے ہین جہان ہمین اپنے ذوق سے کام لینے کی حاجت ہی نہین واقع ہوتی، لیکن اسی کے مقابلہ مین بیشمار موقع ایسے بھی آتے ہین، جبکہ ہمین اخلاقی فیصلہ کی ضرورت نہین پڑتی، تو کیا اس سے کوئی یہ نتیجہ نکال سکتا ہی کہ حاسات اخلاقی مفید عمل نہین ہوتے؟ اگر نہین، تو پھر حاسات ذوقی کے متعلق یہ نتیجہ کیون قابل تسلیم ہی؟ یہ بھی سچ ہی کہ عملی زندگی مین اکثر ہم اپنے ذوق کی پیروی بھی نہین کرتے ہین، مثلاً اگر کسی مکان کا کج رکھنا ہی زیادہ سودمند ہی، تو اس کے مقابلہ مین ہم اُس کے تناسب کا کچھ خیال نہ کرین گے، مگر ایسے مواقع پر ہم اپنے فتاواے ضمیر کی کب

پروا کرتے ہین؟ جانتے ہین کہ ایک راستہ غلط ہی، مگر جان بوجھ کر بھی اسی پر چلتے ہین - البتہ فتوائے ضمیر کی خلاف ورزی مین اذیت و تکلیف ضرور ہوتی ہی، مگر ایسی ہی اذیت و تکلیف، اپنے خلاف ذوق، عمل کرنے سے بھی ہوتی ہی-

مماثلت و مشابہت کے ان کثیر التعداد شواہد نے اکثر اخلاقیین کی زبان سے یہ کہلا دیا ہی، کہ نیک کرداری، خوش مذاقی ہی کا دوسرا نام ہی اور جو شخص جتنا زیادہ خوش مذاق و صحیح الذوق ہوگا، اسی قدر صاحب اخلاق بھی ہوگا- لیکن ہمارے نزدیک یہ نظریہ اگرچہ اس نظریہ کے مقابلہ مین بدرجہا قابل ترجیح ہی، جو نیکی کو افادیت کے مرادف قرار دیتا ہی، اور اگرچہ قدما یونان و گلیڈسٹن نے قطعی طور پر ثابت کر دیا ہی، کہ اخلاقیات و ذوقیات کا چولی دامن کا ساتھ ہی، تاہم اخلاق کو تمام تر خوش مذاقی ہی کا دوسرا نام قرار دینا، خالی از تکلف نہین- بعض اوصاف حسنہ تو بے شبہ ایسے ہین، جن کے متعلق ہم بلا تامل، لطافت کا اطلاق کر سکتے ہین، مثلاً فیاضی، یا عبادت مین خضوع و خشوع وغیرہ- مگر انھین کے ساتھ بعض ایسے مکارم اخلاق بھی ہین، جو کسی طرح اس عنوان کے ماتحت نہین آسکتے، مثلاً راستبازی، دیانت داری وغیرہ- اس کے علاوہ، جیسا کہ متقدمین مین رواقیہ، اور متأخرین مین ٹیلر نے لکھا ہی، ہماری فطرت مین ضمیر کو جو درجہ و مرتبہ حاصل ہی، وہ اپنی ذات سے بالکل منفرد ہی، اور وہ صاف صاف اخلاقیات و ذوقیات مین حد فاصل قائم کرتا ہی- یہ اس معنی مین، کہ برخلاف ہمارے تمام دیگر حسیات و اشتہاآت کے جن کا دائرہ عمل مخصوص و محدود ہوتا ہی، ضمیر کے فرائض غیر محدود ہوتے ہین- وہ ہمارے تمام جذبات و احساسات پر حاکم اور ان کی تحدید کرنے والا ہی- اور ہمارے تمام قویٰ سے، بہ لحاظ نوعیت ہی مختلف و ممتاز ہوتا ہی- ہم خود ایسے افعال کو، جو فتاوائے ضمیر کے منافی ہوتے ہین، غیر فطری سمجھتے ہین، جس سے صاف ظاہر ہوتا ہی کہ اُسے تمام قویٰ و جذبات پر حکمرانی و سرداری حاصل ہی- اُس کی طاقت ممکن ہی کہ ضعیف ہو، یعنی وہ اپنے احکام کی ہم سے تعمیل نہ کرا سکے، تاہم اس کے حق حکمرانی سے کس کو مجال انکار ہو سکتی ہی؟ اس کا یہی حق حکمرانی ہی جو اسے ہر جذبہ، ہر صنف ذوق سے فائق و ممتاز

کیے ہوئے ہی، اور یہی وہ شی ہی، جس کی مختلف زبانون نے مختلف تعبیرات کی ہین، مثلاً سسرو کہتا ہی کہ وہ خدا ہی جو ہمارے باطن سے ہم پر حکومت کر رہا ہی۔ سینٹ پال کی زبان مین قانون قدرت ہی، اور بٹلر کی اصطلاح مین سرداری ضمیر ہی۔

سطور بالا مین ہم نے کہا ہی، کہ ہماری سرشت کے مختلف اجزا مختلف النوع ہوتے ہین، یعنی بعض پست و ادنیٰ ہوتے ہین، اور بعض بلند و ارفع۔ یہ تفریق نوعی، جس پر ضمیر یت کی اہمیت بہت کچھ منحصر ہی، ایسی تو ہی نہین کہ اس کی کوئی جامع و مانع تعریف پیش کی جا سکے، البتہ اسکا مفہوم مختلف مادی مثالون کے ذریعہ سے، ہم ناظرین کے ذہن نشین کر سکتے ہین۔

فرض کیجیے، کسی دوسرے کرہ سے، کوئی ایسی ہستی دفعۃً ہماری سطح ارض پر آجائے جو وساطت حواس سے مستغنی، اور ادراک اشیا مین محض عقل کی محتاج ہو۔ فرض کیجیے، کہ ایسی ہستی ہمارے قوائے مدرکہ کی بابت تحقیق کرنے لگے، تو اس کے نزدیک یہ ایک مسئلہ لاینحل ہوگا، کہ انسان اپنے حاسۂ ذوق، و حاسۂ سمع کے درمیان پستی و بلندی کا اس قدر امتیاز کیون قائم کیے ہوئے ہی۔ ذائقہ، ہمین کھانے پینے کی لذتون سے محظوظ کرتا ہی اور سامعہ سننے کی لذتون سے۔ ظاہر ہی کہ ہر دو قوی بالکل فطری ہوتے ہین، دونون کا نشو و نما مشق و تربیت سے ہو سکتا ہی، دونون ہماری زندگی کے لیے یکسان ضروری ہوتے ہین، دونون حالت اعتدال مین یکسان مفید ہوتے ہین، دونون بہ اعتدالیون کی صورت مین یکسان مضر ہوتے ہین، لیکن بہ این ہمہ اشتراک و مماثلت، دونون کے مرتبہ و درجہ مین کس قدر فرق ہوتا ہی! حس سامعہ کا تربیت یافتہ ہونا، خوش مذاقی کی دلیل سمجھا جاتا ہی، بہ خلاف اس کے حس ذائقہ کی ترقی، بدمذاقی کی علامت قرار دی جاتی ہی۔ اسے ہر شخص فخر کے ساتھ کہتا ہی کہ اُسے موسیقی کا مذاق ہی یا وہ سماع کا بہت شایق ہی، لیکن یہ کہتے ہوئے ہر شخص جھپتا ہی کہ وہ کھانے کا بہت شایق ہی۔ دونون حاسات فطری مین یہ فرق، ظاہر ہی کہ مدارج کی بنا پر نہین، بلکہ نوعی ہی۔ ایک حاسہ اپنی نوعیت ہی کے لحاظ سے دوسرے کے مقابلہ مین، زیادہ لطیف، بلند و ارفع سمجھ لیا گیا ہی۔

ایک اور مثال لیجیے، فرض کیجیے کہ ایک تعلیم یافتہ وخوش مذاق کے سامنے آپ دو چیزون کا انتخاب پیش کیجیے۔ ایک ٹریجڈی[1] کا، ایک محض تمسخر آمیز نقل کا۔ اور کہیے کہ وہ ان دومین سے کسی ایک تماشہ کا دیکھنا پسند کرے، تو یقیناً اس کی نظر انتخاب اول الذکر پر پڑے گی، حالانکہ ظاہر ہی کہ اول الذکر کا نظارہ تمامتر مسرت ناک نہین تھا، بلکہ اُس مین غم واذیت کی بھی آمیزش رہی ہی، بہ خلاف اس کے آخر الذکر مین شروع سے آخر تک کہین غم واذیت کا نام بھی نہین آیا۔ لیکن اس کے باوجود بھی، ہر شخص کا اول الذکر کو ترجیح دینا، صاف اس امر کی دلیل ہی کہ اول الذکر، بہ لحاظ نوعیت، آخر الذکر سے افضل واشرف ہی، اسی قبیل سے وہ تمام جذبات بھی ہین، جن مین مسرت وحظ کے ساتھ ساتھ ہم درد ورقت انگیزی سے بھی متاثر ہوتے رہتے ہین، اور جنھین ہم یقیناً مسرت محض پر ترجیح دیتے ہین۔

اب اگر یہ تسلیم کرلیا جائے، کہ ہمارے تمام اعمال کا مدعا، حصول مسرت ہی ہی، اور لذت کا مدار تمامتر اس کے مدارج حظ انگیزی پر ہی، تو اس مین شبہ کرنے کی کوئی وجہ نہین، کہ جو شخص سب سے زیادہ بے آمیز، مسرت حاصل کرتا ہی، وہی سب سے زیادہ دانشمند ہوتا ہی۔ لیکن یہ بعینہ وہ نتیجہ ہی، جس کی تغلیط، مشاہدہ ہر ہر قدم پر کرتا ہی۔ بچہ، فطرت کی سادہ سے سادہ چیزون سے مسرت حاصل کرتا ہی، معمولی پھول پتی، ڈنڈا لکڑی، گڈا گڑیا، اس کی مسرت رسانی کے لیے بالکل کافی ہین، اسی طرح ناتعلیم یافتہ، ناخواندہ دہقانی، معمولی سے معمولی باتون مین مزہ لیتا ہی، لیکن عقل وفہم مین ترقی کے ساتھ انسان ان تمام منازل کو پیچھے چھوڑتا جاتا ہی۔ بچپن کے تماشون کو "طفلانہ دلچسپیون" کے حقیر لقب سے موسوم کیا جاتا ہی، ان پڑھ اور دہقانیون کو پھوہڑ، بدتمیز، بدمذاق، خیال کیا جاتا ہی۔

یہی حال، افراد سے گزر کر، جماعات کا بھی ہوتا ہی۔ وحشی ومتمدن جماعات، یا غیر منظم ومنظم ممالک کی حالتون کا موازنہ کرنے سے ہر شخص کو نظر آسکتا ہی، کہ مقدار مسرت وراحت کے لحاظ سے

---

[1] ٹریجڈی Tragedy ڈراما کی وہ صنف جس کا خاتمہ درد والم پر ہو۔

اول الذکر آخرالذکر سے ذرا بھی پیچھے نہین لیکن پھر بھی کوئی شخص یہ ماننے کو تیار نہ ملے گا کہ دور توحش وعدم تمدن، عہد تمدن وتنظیم جماعت کے مقابلہ مین قابل ترجیح ہی، لندن وپیرس کے ہوٹلون مین، برلن کے عالیشان تماشا گاہون مین، نیویارک کے ہفت منزلہ ایوانون اور محلون مین محض بہ لحاظ مقدار، شاید اُس قدر مسرت وبیفکری نہ ہو، جتنی افریقہ کے حبشیون، اور عرب کے بادیہ نشینون مین پائی جاتی ہی، لیکن باایںہمہ اس کا مدعی کوئی بھی نہ ملے گا، کہ اعلیٰ صناعیون وتمدن زائیدہ تکلفات کو چھوڑ چھاڑ کر انسان اپنے قرن اولی کی انتہائی سادگی اور سہولتون کی جانب لوٹ جائے۔ یہ بھی ممکن ہی کہ جس بیفکری، اطمینان وسکون کے ساتھ حیوانات اپنی زندگی گزار دیتے ہین، وہ انسان کو کبھی نصیب نہ ہوتی ہو، لیکن باوجود اس کے بھی کوئی شخص یہ پسند نہ کرے گا، کہ وہ قالب انسانیت کو ترک کرکے حیوان کا جنم لیلے، غرض کارزار حیات کے شدائد کا تحمل، کشمکش زندگی کی دشواریون کی برداشت، ہر شخص کو گوارا ہوگی بہ نسبت اس کے کہ وہ ایسی سکون وبیفکری کی زندگی قبول کرے، جس مین کسی طرح کا شور وشر نہ ہو۔ جس سے اس حقیقت پر مزید روشنی پڑتی ہی، کہ بعض مسرتین، اپنے مدارج مقدار سے قطع نظر کرکے، بجاے خود لطیف وشریف ہوتی ہین۔

یا پھر، اسی طرح، دماغی راحت کا جسمانی راحت پر مقدم، اور ذہنی تفریحات کا بدنی تفریحات پر افضل ہونا سب کو مسلم ہی۔ لیکن اس افضلیت کا یہ سبب نہین ہوسکتا، کہ اول الذکر کی مقدار حظ بخشی، آخرالذکر سے زائد ہوتی ہی، بلکہ صورت واقعہ شاید اس کے بالکل برعکس ہی۔ یہ سچ ہی کہ اول الذکر، زیادہ متنوع وزیادہ دیرپا ہوتی ہین، لیکن اسی کے ساتھ اُن کے حصول مین بھی تو سخت دقتین اور دشواریان اُٹھانا پڑتی ہین۔ چنانچہ اتنا ہر شخص اپنے ذاتی تجربہ سے کہہ سکتا ہی، کہ علما وفضلا، ہرگز بہ مقابلہ کھیل کود والے لوگون کے زیادہ راحت ومسرت سے نہین رہتے، اور نہ عاقل وبالغ انسان، بہ مقابلہ بچون کے زیادہ مسرور وزندہ دل ہین۔ لہذا دماغی کا طرفدار زیادہ سے زیادہ یہ کہہ سکتا ہی، کہ وہ انسان کو تحمل شدائد پر آمادہ، اور تصور اذیت

والم کی طرف سے بے پروا کر دیتے ہین، لیکن ہمارے نزدیک یہ دعویٰ زیادہ صحیح نہین، اپنا مقولہ تو یہ ہی، کہ امریکہ کے حسن موجد نے فاقد الحس دواؤن کی ایجاد کی ہی، اُس نے نوع انسان پر اتنا بڑا احسان کیا ہی، کہ سقراط سے لیکر مل تک تمام فلاسفہ کا مجموعہ بھی اُس کا مقابلہ نہین کر سکتا۔ فلسفہ کا سب سے بڑا کارنامہ ایک روایت کی صورت مین یون بیان کیا جاتا ہی، کہ قدامین سے کسی سے، ایک شخص نے پوچھا کہ "فلسفہ سے حاصل کیا ہی"، اُس نے جواب دیا، کہ "لوگون کو آسانی سے مرنے کی تعلیم دینا"، لیکن فلسفہ کا یہ سب سے بڑا کارنامہ، ایک ایسی معمولی و غیر اہم و پیش پا افتادہ حقیقت ہی، جو چین کے میدان مین، ہندوستان کے سبزہ زار مین، عرب کے ریگستان مین لاکھون کرورون مرتبہ دُہرائی جا چکی ہی، جو میدان جنگ مین روزمرہ پیش آتی رہتی ہی، اور جس کی عملی تصدیق وحشی قاتل وڈاکو برابر کیا کرتے ہین۔ درحقیقت جس دلیری، جس بیباکی، جس بے جگری سے وحشی و نا تربیت یافتہ افراد، موت کے مُنھ مین چلے جاتے ہین، اُس کی نظیر سے حکما و فلاسفہ کی تاریخ خالی ہی۔ اور اس واسطے یہ کہنا صحیح نہین کہ دماغی تربیت انسان کے مجموعۂ راحت مین، کسی صورت، اضافہ کرتی ہی، اس لحاظ سے ہرگز دماغی تربیت کو جسمانی تربیت پر کوئی فوق نہین حاصل، پھر اگر فوق و فضیلت حاصل ہی، تو کس بنا پر؟ اس کا جواب بجز اس کے کیا ہو سکتا ہی، کہ دماغی راحت فی نفسہ، جسمانی راحت پر برتر و ارجح ہی۔

آخر مین یہ بھی ملحوظ رہے، کہ ہم اپنے بعض حاسات اخلاقی کو جو اپنی تمام خوشیون پر ترجیح دیتے ہین، تو اس کا کیا باعث؟ کیا اس لیے کہ اُن کا مجموعۂ مقدار مین مادّی مسرتون سے زیادہ ہوتا ہی؟ کیا اس لیے، کہ اگر ہم سو پچاس مرتبہ نہایت لذیذ غذائین کھائین، تو اُن کے مجموعۂ لذات کی میزان، اُس روحانی مسرت کے مساوی ہوگی، جو ہمین ایک عمل نیک کے انجام دینے سے ہوتی ہی؟ ہرگز نہین، دونون اپنی نوعیت ہی کے لحاظ سے ایک دوسرے سے جُداگانہ ہین، اور مادی لذات، خواہ شمار مقدار و مساحت مین

کتنی ہی زائد ہون، لیکن پھر بھی پست و دنی المرتبہ کہی جائین گی، اور روحانی لذات، ہر حال مین لطیف، بلند، پاکیزہ، و شریفانہ قرار دی جائین گی۔

افعال کے درمیان یہی وہ مہتم بالشان تفریق نوعی ہی جس سے اکثر اکابر افادئین، مثلاً بیلی و مبتھم نے یکسر غض بصر کر لیا ہی، اور گو الحمد للہ کہ ہمارے بعض معاصرین (مثلاً مل صاحب) اس کی اہمیت کے پورے اندازہ شناس ہین، لیکن ان بیچارون کی تاویلات خود انھین کے مسلمات کے منافی ہوتی ہین۔ اور یہ تناقض ناقابل ارتفاع ہی، اس لیے کہ اگر افعال کی یہ تفریق نوعی تسلیم کر لی جائے، تو اس سے یہ ماننا بھی لازم آئے گا کہ افادئین کے علی الرغم، ہمارے ارادے تمامتر ہماری خواہش لذت یابی کے محکوم و تابع نہین، بلکہ اس سے اس قدر بے نیاز ہین کہ مسرات مختلفہ تک مین امتیاز کر سکتے ہین، اور بجائے استلذاذ محض کے، اُن مین ایک کو دوسرے پر اشرف و افضل قرار دیکر اسی کو اختیار کرتے ہین۔ اصول افادیت کے رو سے تو کسی کردار کے اعلیٰ و ادنیٰ ہونے کے معنے اس کے سوا کچھ ہین ہی نہین، کہ پہلے سے ہمین مسرت زیادہ حاصل ہوتی ہی، اور دوسرے سے کم، حالانکہ مشاہدہ سے، اس کی قدم قدم پر تکذیب ہو رہی ہی۔ پس اگر ہم اصول افادیت کے خلاف اسے تسلیم کر لین، کہ بعض اعمال، بذات خود، بلا لحاظ مسرت بخشی نتائج، دوسرون سے بہتر و برتر ہوتے ہین تو لامحالہ یہ ماننا پڑے گا، کہ ہماری سرشت یا فطرت بھی مختلف حصون مین تقسیم ہی جن مین سے بعض کو دوسرون پر فی نفسہ حق ترجیح حاصل ہی، لیکن اگر یہ بھی مسلم ہو جائے، تو افادیت و ضمیریت مین جھگڑا ہی کیا باقی رہ جاتا ہی؟ ضمیرئین بھی تو یہی کہتے ہین کہ ہماری فطرت کے بعض حصے (جسے وہ ضمیر سے موسوم کرتے ہین) دوسرون پر حق حکومت رکھتے ہین۔ اور یہ وہ مقام ہی جہان افادئیت و ضمیریت کے ڈانڈے باہم مل جاتے ہین۔

فصل (۷)

حسّ اخلاقی کے نام نہاد تناقضات

ضمیریت کے خلاف جن دلائل کی صف آرائی کی جاتی ہی، وہ تحلیل ہوکر شمار مین صرف دو رہ جاتے ہین، پہلی دلیل کا خلاصہ یہ ہی، کہ قضایاے اخلاقی کا اصل منبع و ماخذ افعال کی حیثیت افادی ہوتی ہی۔ اس دلیل پر مجھے جو تنقید کرنی تھی، وہ صفحات بالا مین کرچکا۔ دوسرے اعتراض کا ماحصل یہ ہی، کہ "مختلف اقوام و ممالک مین جن قضایاے اخلاقی کا وجود پایا جاتا ہی، وہ خود باہم متضاد و متناقض ہین۔ اس سے معلوم ہوتا ہی کہ وہ کسی ایک بسیط فطری حسّ باطنی (ضمیر) کے مظاہر نہین"۔ یہ اعتراض بے شبہ بہت قوی ہی، اور تاریخ اخلاق پر اس کا بہت بڑا اثر پڑا ہی، اس لیے اگر مین اس پر کسی تفصیل سے گفتگو کرون، تو غالباً طوالت کا مجرم نہ سمجھا جاؤن۔

اس سلسلہ مین سب سے پہلے قابل لحاظ یہ امر ہی کہ اکثر صورتون مین، جہان قضایاے اخلاقی مین تناقض نظر آتا ہی، وہ اخلاقی حیثیت سے مطلق نہین ہوتا، بلکہ تمام تر کسی عقلی غلط فہمی، یا مغالطہ پر مبنی ہوتا ہی مثلاً سود خواری کو لیجیے آج یورپ مین یہ ایک بالکل جایز چیز سمجھی جاتی ہی، لیکن چند صدیون پیشتر ہمارے اسلاف مذہبی حیثیت سے اسے سخت مذموم جانتے تھے۔ اس اختلاف خیال کا اصل باعث صرف یہ ہی، کہ اُنھین علم اقتصاد کے صحیح اصول سے واقفیت نہ تھی۔ وہ لوگ اس غلط فہمی مین مبتلا تھے، کہ روپیہ ایک جامد شی ہی، جو ہمیشہ جون کی تون برقرار رہتی ہی، اس بنا پر آج ایک سو روپیہ دینا اور کل ایک سو ایک وصول کرنا، انصاف کے خلاف ہی۔ اس کے علاوہ اُس زمانے مین شرح سود بھی نہایت گران تھی، جس سے غربا کو واقعۃً سخت مصائب کا شکار رہونا

پڑتا تھا، اور اس باعث مذہبی گروہ مین سود خوارون کی طرف سے اور نفرت پیدا ہوگئی تھی۔ لیکن آج جبکہ اقتصادیات کی تعلیمات نے بتا دیا ہی، کہ روپیہ ایک مردہ و جامد شی نہین بلکہ احداث ثروت کا آلہ ہی۔ اضافہ دولت کا ذریعہ ہی۔ اور اس لیے جو شخص قرض لیکر زر اصل کو مع سود کے واپس کرتا ہی، وہ کچھ اپنے پاس سے نہین دیتا، بلکہ اپنے نفع مین دائن کو شریک کرتا ہی، جس کا وہ پورا مستحق ہی۔ تو اس غلط فہمی کی اصلاح کے ساتھ موجودہ یورپ کا کلیہ اخلاقی بھی بدل گیا ہی۔

اسی قبیل سے یہ مسئلہ، کہ قصداً اسقاط حمل کرانا کس حد تک گناہ ہی، تمامتر اس بحث کے تصفیہ پر منحصر ہی کہ جنین مین زندگی کس وقت سے شروع ہوتی ہی؟ قدما کا یہ خیال تھا، کہ جنین کا کوئی مستقل وجود نہین ہوتا، وہ جسم مادہ کا صرف ایک جزو ہوتا ہی، اور اس لیے ماں کو اُسے ضائع کرنے کا ویسا ہی اختیار حاصل ہی، جیسے اپنے کسی اور حصۂ جسم کی قطع و برید کا۔ چنانچہ فلاطون و ارسطو کے نزدیک اسقاط کوئی مجرمانہ حیثیت نہین رکھتا۔ رومن قانون بھی، عہد الپین سے پیشتر، اس بارہ مین خاموش ہی۔ رواقیہ کا یہ مذہب ہوا ہی کہ جنین مین زندگی، تنفس کے ساتھ شروع ہوتی ہی۔ روم کے بادشاہ جسٹینین نے اپنے قانون مین یہ تسلیم کیا، کہ زندگی کا آغاز، استقرار حمل سے چالیس روز بعد سے ہوتا ہی۔ لیکن قانون حال نے ان سب کے برخلاف، حیات جنین کو حمل کا مرادف مانا ہی، اور اسقاط کو روز اول ہی سے ناجائز قرار دیا ہی۔ ان دونون مثالون مین یہ ایک کھلی ہوئی بات ہی کہ یہ کلیات اخلاقی، ہمارے معلومات ذہنی و تحقیقات علمی کے تابع تھے، اور جون جون ایک مین ارتقا ہوتا گیا، دوسرے مین بھی اس کے مطابق تغیرات ہوتے رہے۔

اسی طرح ہمین اس فرق کو بھی نظر انداز نہ کرنا چاہیے، جو فرائض اخلاقی و فرائض مذہبی کے درمیان پایا جاتا ہی۔ ہم خود یہ محسوس کرتے ہین، کہ جھوٹ، چوری، مکاری، زناکاری سے ہمارے نفس کا جو لعن طعن ہوتا ہی، وہ نوعاً اُس سے بالکل مختلف ہوتا ہی، جو ترک صوم و صلوٰۃ

یا کسی دوسرے مذہبی فرض کی عدم ادائگی سے ہوتا ہی۔ اول الذکر مین ہم، براہ راست، ملامت ضمیر کے مورد ہوتے ہین، اور آخر الذکر مین ہم خود ضمیر کی کوئی خلاف ورزی نہین کرتے ہین، بلکہ احکام مذہبی کی کرتے ہین، اور چونکہ اُن مین اور احکام ضمیر مین ایتلاف کا علاقۂ راسخ جاگزین ہی، اس لیے ہم بالواسطہ مخالفت ضمیر بھی کرتے ہوئے معلوم ہوتے ہین، ضمیر کا فرض تو بس اتنا ہی ہی کہ ہمین تعمیل ارشاد ربانی کی ہدایت کرے۔ رہا یہ کہ کون سے احکام احکام ربانی ہین؟ سو یہ کام عقل کا ہی، ضمیر کا نہین۔ اسی واسطے جو لوگ مختلف قومون مین طریق عبادت وغیرہ کے اختلاف کی بنا پر ضمیریت پر معترض ہین، اُن کا اعتراض صحیح نہین۔

ایک اور طبقۂ افکار کو بھی ہمین خالص اخلاقی تصورات سے الگ رکھنا چاہیے۔ یہ طبقہ اُن اعمال پر مشتمل ہی، جو بذات خود کوئی بداخلاقی نہین رکھتے، بلکہ جن کا تصور حسب قانون ایتلاف، کسی بداخلاقی کے ساتھ ایسا وابستہ ہو گیا ہی، کہ ہم اُنھین بھی معصیت قرار دینے لگے۔ مثلاً جمہوریت رومانے، حفظ عفت کے لیے جہان اور بہت سی تدابیر جاری کی تھین، وہان اُس نے یہ قانون بھی نافذ کر دیا تھا، کہ عورت کے لیے شراب حرام ہی۔ ظاہر ہی کہ اس سے شراب کی حرمت بالذات مقصود نہ تھی، بلکہ یہ صرف ایک ذریعہ تھا، (منجملہ دیگر ذرائع کے) عورتون کے ننگ و ناموس کی حفاظت کا۔ مگر رفتہ رفتہ، رواجًا لوگون کے ذہن مین اس کا تعلق، بے عصمتی کے ساتھ ایسا مستحکم ہو گیا، کہ لوگ اسے بھی بدچلنی کے برابر ہی معیوب جاننے لگے۔ چنانچہ کیٹو ایک جگہ کہتا ہی کہ "شوہر کو اپنی بیوی پر ہر طرح کا اختیار ہی اسی اختیار ہی کہ اُس کے شرمناک افعال مثلاً زناکاری و بادہ نوشی پر جو چاہے سزا دے۔" بالآخر کچھ مدت کے بعد جب لوگون مین علمی بیداری پھیلی، اور اپنے رسوم و عقاید کو عقل کی روشنی مین جانچنے لگے، تو اُنھین بھی یہ نظر آیا، کہ تحریم بادہ نوشی کبھی مقصود بالذات ہو نہین سکتی تھی۔ اس قبیل کے اخلاقی کلیات مین برابر تغیر ہوتا رہتا ہی، مگر ان سے تناقضات ضمیر پر استناد کرنا درست نہین ہو سکتا۔

تناقض ضمیری کی ایک ظاہری صورت اور بھی ہے جسے اس بحث مین نظر انداز کر دینا چاہیے۔ اس حقیقت سے غالباً ہر شخص آگاہ ہوگا، کہ ایک فاتح عظیم کی طرف سے ہمارے دل مین عظمت و محبت کے جذبات موج زن رہتے ہین، حالانکہ ہم خوب جانتے ہین کہ اُس نے محض ہوس ملک گیری، حرص زر، یا آرزوے شہرت کے خاطر ہزارون عورتون کو بیوہ کر دیا، لاکھون بچون کو یتیم بنا دیا، اور بیشمار گھرون کو بیچراغ کر دیا۔ برخلاف اس کے ایک عام قاتل یا ڈاکو کو ہم سب نفرت کی نگاہ سے دیکھتے ہین، حالانکہ بالکل ممکن ہے کہ قتل کا باعث کوئی انتہائی اشتعال انگیز واقعہ، یا ڈاکہ کا باعث سخت ترین ناداری و مفلسی ہو۔ اس نظیر کو پیش کر کے معترض کہتا ہے، کہ یہان ضمیر ایک صریحی بداخلاقی پر ملامت کرنے سے ساکت اور ایک مشتبہ بداخلاقی پر ملامت کرنے مین اس قدر بلند بانگ ہے؟ لیکن یہ معترض کی جلد بازی ہے۔ اُس نے فی الحقیقت مسئلہ کے بہت سے پہلوون کو چھوڑ دیا ہے۔ کسی فاتح عظم کے ساتھ جذبات تعظیم و ہمدردی رکھنا اُس کی سفاکیون کی بنا پر نہین ہوتا، بلکہ کچھ تو اس کی قوت و طاقت کا نتیجہ ہوتا ہے، کچھ اس عام خیال کا نتیجہ ہوتا ہے کہ اس کی فتحمندیون مین تائید ایزدی شامل حال ہے، اور پھر کچھ حصہ اس مین اُن مادی منافع کا بھی ہوتا ہے، جو اس فاتح کے ہم قومون کو اس کی فتوحات سے حاصل ہوتے ہین۔ یہ سب چیزین مل ملا کر اس کی طرف سے ہمارے جذبۂ نفرت کو گھٹا دیتی ہین۔ لیکن ایک شیوان سب سے بھی بڑھ کر اس کی مقبولیت مین معین ہوتی ہے، اور وہ اُس فاتح اعظم کی جانبازی و سرفروشی ہے۔ مذہب کو مستثنیٰ کرنے کے بعد جس دائرۂ عمل مین انسان سب سے زیادہ بیغرضی، بے لوثی، خلوص، و استقامت کے ساتھ قدم رکھتا ہے، وہ میدان جنگ ہے۔ ہر طرح کے شدائد برداشت کرنا، ہر طرح کے صعوبات پر تحمل، اپنے احباب و اعزہ کو اپنے سامنے دم توڑتے دیکھنا، خود زخمون سے چور چور ہونا، بلکہ خود اپنی زندگی سے دست بردار ہونا، انھین چیزون کی توقعات لیکر انسان لڑائی مین اُترتا ہے، اور اس سے بڑھ کر ایثار و بے نفسی کی کیا مثال ہو سکتی ہے؟ پس سپاہیون کی، ہمارے دل مین جو عزت

وقعت ہوتی ہی، اس کا اصل باعث اُن کی یہی ایثار نفسی ہوتی ہی، اور جب صورت حال یہ ہی، تو ان کی طرف سے ہم مین جذبۂ قدر و منزلت پیدا ہونا، نظریۂ ضمیریت کے منافی نہین، بلکہ عین اس کے مطابق ہی۔ رہا یہ کہ ہزارون لاکھون سپاہیون مین سے صرف جنرل یا فاتح کی عظمت ہم مین اس قدر کیون پیدا ہوتی ہی؟ تو اس کا جواب بہت ہی آسان ہی۔ عام سپاہیون کا نام ہی کون جانتا ہی؟ اُن کی مردانگی کا علم ہی کس کو ہوتا ہی؟ اُن کے کارنامون سے واقفیت ہی کسے ہوتی ہی؟ جس شخص کا نام سب سے زیادہ واضح و نمایان طور پر لیا جاتا ہی، وہ جنرل یا فاتح ہی ہوتا ہی۔ اور نتیجۂ حالات کے اس اُلٹ پھیر کا یہ ہوتا ہی، کہ جو شخص اپنی ہوس پرستی پر ہزارون جانین قربان کر دیتا ہی، اُسی کا نام کمال عظمت و احترام کے ساتھ لیا جانے لگتا ہی۔

ایک اور اعتراض ضمیریت پر یہ عائد کیا جاتا ہی، کہ بعض اوقات حساسات مذہبی و حساسات اخلاقی مین تعارض ہو جاتا ہی، اور حساسات مذہبی بھی چونکہ ایک طرح پر حساسات اخلاقی ہی ہوتے ہین، اس لیے گویا خود حساسات اخلاقی مین تناقض واقع ہو جاتا ہی، لیکن ہمین اس اعتراض کا وزن بھی تسلیم نہین۔ اس طرح کے تناقضات، حقیقۃً اخلاق کے حدود مین آتے ہی نہین۔ اسے سمجھنے کے لیے پہلے ہمین اس قبیل کے خالص عقلی تناقضات کو دیکھنا چاہیے۔ کچھ عرصہ ہوا، یہ عقیدہ تمام دنیائے مسیحیت کا تھا، اور اس کے ۱/۳ حصہ کا تو اب بھی ہی، کہ ایک شب کو مسیح نے کھانا کھاتے وقت اپنے جسم کو اپنے ہاتھ مین لے لیا، اور اُسے ریزہ ریزہ کر کے اپنے مریدون مین تقسیم کر دیا، جنھون نے اُسے کھا لیا؛ پھر یہ سب کچھ ہوتا رہا، اور مسیح جون کے تون قائم رہے۔ کون ہی، جو اس واقعہ کو بلا تامل قطعاً مستبعد و محال نہ قرار دے گا؟ لیکن باایں ہمہ کرورون ذی ہوش مسیحیون نے اسے بیچون و چرا تسلیم کر لیا، اور اب بھی تسلیم کر رہے ہین۔ اس کا باعث سوا اس کے اور کیا ہو سکتا ہی، کہ اعتقاد، قوائے فطرت کی زبان بند کر دیتا ہی۔

یہ تو ایک عقلی مسئلہ کی مثال تھی۔ بالکل اسی کے متوازی اخلاقی حدود مین ہم یہ عقیدہ شائع پاتے ہین، کہ جو بچہ بغیر بپتسمہ لیے ہوئے فوت ہوجائے گا وہ ایک دائمی عذاب الیم کا مستحق ہوگا۔ خیال کرنے کی بات ہی، کہ وہ معصوم مخلوق، جس کی مدت حیات کا شمار چند سکنڈ یا چند منٹ پر محدود ہی، اور جو گناہ کے مفہوم سے بھی نہ واقف ہونے پایا، وہ اگر بغیر ایک خاص طرح پر پانی اپنے جسم پر ڈالے ہوئے مرجائے، تو اُسے بغیر بازپرس ہمیشہ کے لیے جہنم مین ڈال دینے والا، بھلا کبھی بھی عادل و منصف کہا جاسکتا ہی؟ اُس کی معدلت شعاری پر ایک بچہ بھی ایمان لاسکتا ہی؟ اُسے رب عادل کہنا چاہیے یا شیطان مجسم؟ لیکن پھر بھی لاکھون کرورون اچھے تعلیم یافتہ و سمجھدار افراد ایسی ہی ہستی کو اپنا خدا تسلیم کرتے ہین۔ اس کا یہ سبب نہین کہ اُن کو ایسے خدا مین بداخلاقی نظر نہین آتی نظر آتی ہی، مگر ساتھ ہی اُنھین یہ بھی یاد آجاتا ہی، کہ یہ مذہب کا ارشاد ہی، اور یہ خیال، اُن کے قوت انصاف کا گلا گھونٹ دیتا ہی۔ انھین احساس ہوتا ہی کہ ایسی ہستی ہرگز بدکرداری کے الزام سے پاک نہین ہوسکتی، لیکن معًا مذہب کا زبردست ہاتھ اُن کے اس احساس کو دبا دیتا ہی۔ اور وہ بکمال انکسار و تعبد، بچون وچرا، فرمان دینی کے آگے گردن ڈال دیتے ہین، پس اس سے یہ استنباط صحیح نہین، کہ ان کے حساسات اخلاقی مین تناقض ہی، بلکہ واقعہ یہ ہی، کہ وہ اس خاص مسئلہ کو عام اخلاقی قوانین کے ماتحت رکھتے نہین۔ وہ اسے ایک طرح کا معجزہ یا خرق عادت سمجھتے ہین، اور ظاہر ہی کہ معجزات و خوارق عادت کے لیے کوئی قانون نہین۔

یہ جو مثال ہم نے ابھی بیان کی، اس مین تو تناقض اخلاقی لوگ تسلیم کرتے ہین، لیکن ایک اور مثال ایسی ہی، جس مین دو مقدمات کی منطقی ترتیب سے ایک بالکل اخلاقی نتیجہ نکلتا ہی، البتہ یہ مقدمات خود ہی ایک فرمان مذہبی کی آڑ مین ایک سخت بداخلاقی کے کلیہ کو پناہ دیے ہوئے ہین۔ یہ مثال، مذاہب غیر کے لوگون کو تعزیر دینے کی ہی، اور اس کے مقدمات یہ دو ہین، کہ (۱) مسیحیت کے خلاف تمام مذاہب کے ماننے والے سخت ترین جرم بداخلاقی کے

مرتکب ہین، اور (۲) جرم و بد اخلاقی کے مرتکب، سخت ترین تعزیرات کے مستحق ہین۔ ان کے ملانے سے یہ استنباط بالکل صحیح پیدا ہوتا ہی، کہ غیر مسیحیون کو شدید ترین تعزیر دینا چاہیے۔ ان اصول پر عملدرآمد ہی، فی نفسہ نہ کسی اصول اخلاق کی خلاف ورزی ہوتی ہی نہ کسی قانون منطقی کی، بلکہ بات صرف اتنی ہی کہ ایک غلط کلیہ کو مذہب کے اثر سے لوگون نے صحیح تسلیم کر لیا ہی۔

ان تمام مثالون سے یہ حقیقت، ناظرین کے ذہن نشین ہو گئی ہوگی، کہ رواج یا مذہب کا قانون، اکثر ضابطۂ اخلاق پر غالب آجاتا ہی، اور ضمیر کی آواز کو مدھم کر دیتا ہی، بلکہ بعض حالتون مین اُسے مریض تک بنا دیتا ہی۔ مثلاً جب ہمارے شارعین مذہب نے اپنی ایڑی چوٹی کا زور لگا کر منقولات سے معقولات کو دبا دیا ہی، جب انھون نے سیکڑون ہزارون سال کی پیہم کوششون سے نفس بشری مین یہ اعتقاد راسخ جما دیا ہی، کہ ایمان بالغیب تحقیق و عقل پرستی سے افضل ہی، تو ایسی حالت مین لازمی ہی، کہ ہم جبلۂ عقلی دیانت داری کی طرف سے آنکھین بند کر لین، اور کورانہ تقلید کے ڈھرے پر لگ لین۔ حس اخلاقی کی یہ مغلوبیت، یہ شکست پزیری، بے شبہ لوگون کو ضمیر ئیت کی راہ مین ایک بڑی رکاوٹ معلوم ہوتی ہی، لیکن اس کی بنا پر وجود ضمیر سے انکار کرنا جائز نہین ہو سکتا۔ یہ حال تو ہمارے تمام حاسات و قوی کا ہی۔ ہماری ہر فطری قوت بعض حالات مین ضعیف و مریض یا مردہ ہو جاتی ہی۔ ذوق کی ابتدائی بد تربیتی انسان کو بد مذاق بنا دیتی ہی، عقلی تعلیم کا نقص اُسے مدۃ العمر بد عقل رکھتا ہی، لیکن ان واقعات سے یہ کوئی بھی نتیجہ نہین نکالتا، کہ سرے سے ان قوتون کے وجود ہی سے مُنکر ہو جائے۔ ایسے موقع پر ہم اپنے گرد و پیش عام حالت کا اندازہ کر کے اوسط نکالتے ہین، اور یہی طریقہ ہمین حاسات اخلاقی کے بارہ مین بھی اختیار کرنا چاہیے۔

میرے علم مین، مخالفین کی طرف سے ضمیر ئیت پر اب تک جو بڑے سے بڑا اعتراض وارد ہو سکا ہی، اُس کی بنا انکے اس خیال پر ہی کہ ضمیر ئین کے نزدیک نفس بشری کے اندر

ایک پُراسرار قوت موجود رہتی ہے جو نیکی و بدی کے ہر موقع پر ہمیں ایک قطعی و متعین ہدایت دیتی ہے۔ لیکن اصل یہ ہے کہ ایسا خیال رکھنا ضمیر یت کی بالکل غلط تعبیر کرنا ہے۔ ضمیر یین کا ہرگز یہ دعوے نہیں۔ وہ جو کچھ مانتے ہیں، اُس کا ماحصل، دفعات ذیل میں رکھا جا سکتا ہے:-

اولاً یہ کہ ہمارا ارادہ، تمام تر قانون خط و الم کا محکوم نہیں، بلکہ احساس فرض کا بھی محکوم ہے، جو اول الذکر سے بالکل علیحدہ ایک شے ہے، اور جو اپنے ساتھ وجوب و قطعیت کا عنصر بھی رکھتا ہے،

ثانیاً یہ کہ ہمارے تخیل فرض کی بنیاد ایک باطنی ادراک پر ہے، جو ہمارے متعدد جذبات، احساسات، و رجحانات سے متعلق یہ بتاتا ہے کہ ان میں سے بعض بذات خود نیک و قابل اختیار ہیں، اور بعض بذات خود بد و قابل ترک۔ ضمیر یین اسے بہ طور ایک مسلم حقیقت نفسی کے مانتے ہیں، کہ ہمیں یہ از خود فطرۃً معلوم ہو جاتا ہے کہ فضائل اخلاق، رذائل اخلاق سے اشرف ہیں۔ انصاف ناانصافی سے، راست بازی ناراستی سے، عفت شہوت پرستی سے، شکر گزاری محسن فراموشی سے، بہر صورت افضل و اعلیٰ ہے۔ اور یہ کہ ہر زمانہ و ملک میں نیکی کا زینہ جذبات فاضلہ رہے ہیں نہ کہ جذبات رذیلہ۔ یہ ممکن ہے کہ احساس فرض کسی میں اتنا کمزور ہو کہ ضمیر کی قوت، اعمال کی دستگیری نہ کر سکے، یہ ممکن ہے کہ بعض جماعات میں اُن کے حالات اُن کی نیک کرداری کے سرچشمہ کو کسی ایک مخصوص رُخ پر محدود کر دیں (مثلاً یونان قدیم میں اور معاشرتی خوبیاں تو تھیں لیکن عصمت و عفت کی طرف بے اعتنائی تھی) یہ ممکن ہے کہ کہیں کہیں ہمارے مختلف جذبات فاضلہ کے درمیان بھی تعارض واقع ہو جائے (مثلاً انصاف و رحم، یا حق گوئی و مروت میں) اور یہ بھی ممکن ہے کہ معتقدات مذہبی کے نشہ میں بیخود ہو کر انسان کسی غیر مرئی ہستی کی خوشنودی کے لیے ایسے اعمال بھی کر گزرے جو ضابطۂ اخلاق کے مطابق نہ ہوں۔ غرض اس طرح کے مخصوص حالات کا، ارتقاء اخلاقی کے راہ میں حائل ہوتے رہنا بالکل ممکن ہے تاہم ایک صداقت ان سب سے اہم تر ہے، اور وہ بدستور اپنی جگہ قائم رہتی ہے۔ وہ صداقت یہ ہے کہ کوئی شخص خود

اپنے نزدیک نیک کرداری کے مدارج پر فائز نہین ہوسکتا، تاوقتیکہ وہ اپنی بصیرت کے مطابق ہمدردی کو نقصان رسانی پر، راستی کو ناراستی پر، پاکبازی کو شہوت پرستی پر، ترجیح نہ دے۔

اب یہ ایک واضح حقیقت ہی، کہ نظریۂ ضمیریت کے مطابق، ہر ملک و زمانہ مین، معیار اخلاق یا اعمال اخلاق کی تعیین مین اتحاد و یکسانیت ہرگز ضروری نہین، بلکہ جس شی مین یکسانیت تلاش کرنا چاہیے، وہ رجحان طبعی و میلان فطری ہی۔ انسان جس وقت عالم شہود مین قدم رکھتا ہی، تو اُس وقت اس کے جذبات ایثار مغلوب، اور جذبات خودی غالب ہوتے ہین۔ اخلاقیات کا کام اس ترتیب کو اُلٹ دینا ہی۔ لیکن چونکہ افراد سے جذبات خودی و انانیت کا یکسر فنا ہوجانا محال ہی (کیونکہ پھر ہیئت اجتماعیہ کا نظام ایک دن کیا ایک گھڑی نہین قائم رہ سکتا) اس لیے اخلاقیات کے پیش نظر ہمیشہ مدارج کا سوال رہتا ہی۔ ایک زمانہ وہ ہوتا ہی، جب جذبات ہمدردی و ایثار تمامتر اپنے خاندان پر محدود ہوتے ہین، اس کے بعد اپنی ذات یا مذہب پر پھیلتے ہین، پھر وسیع ہوکر قوم و ملک کو اپنے دایرہ مین لیتے ہین، یہانتک کہ چند روز مین اپنے ابنائے جنس سے گزر کر، حیوانات تک پہونچ جاتے ہین۔ غرض ہر پچھلے دور تمدن مین اپنے پہلے دور تمدن سے معیار اخلاق مختلف ہوتا رہتا ہی، تاہم نیکی و نیک کرداری کی جانب رجحان طبعی ہمیشہ جون کا توں رہتا ہی۔

اس حقیقت کے مسلم ہوجانے کے بعد، ضمیریت پر سے اکثر اعتراضات خود بخود اُٹھ جاتے ہین۔ مثلاً اس طرح کے اعتراضات کا جو ہم پر مینھ برسا دیا جاتا ہی، کہ وحشی قبائل مین والدین کشی کا رواج ہی، بعض متمدن اقوام مین قتل اولاد جائز ہی، اہل روما مین سیپانی[1] رائج تھی، صدیون تک سیاسی قتل کو کسی نے ناجائز نہین قرار دیا، غلامی مدتون تک غیر ممنوع رہی وغیرہ۔ سو اس طرح کے واقعات سے اس نتیجہ پر تو ہم بھی پہونچتے ہین، کہ جو افعال ایک زمانہ مین

[1] یعنی تیغ زنی کا پیشہ۔

معصومانہ سمجھے جاتے ہین، وہی دوسرے زمانہ مین مجرمانہ ہوجاتے ہین، مگر ساتھ ہی ہم یہ بھی کہتے ہین کہ اگر تحلیل وتحقیق کی جائے، تو یہ اختلاف، ہمیشہ اختلاف حالات وماحول پر مبنی نکلے گا مثلاً رومن سیانی کا یہ جواب ہی کہ یہ انسانی قربانی کی شکل مذہب کی مقرر کردہ تھی، یا والدین کشی کے متعلق یہ کہا جاسکتا ہی کہ وحشیون کی خانہ بدوش صحرائی زندگی مین معمر وضعیف والدین کو نقل وحرکت مین انتہائی تکلیف ہوتی ہی، اس لیے اُنھین قتل کرڈالنا ہی اُن کے ساتھ ہمدردی کرنا ہی، یا نظام جماعت کی تشکیل کے قبل غاصبان حکومت کے پنجہ سے رہائی پانے کا کوئی علاج ہی بجز اس کے نہ تھا کہ وہ قتل کرڈالے جائین، یا وحشیون مین جائداد مشترک ہوتی تھی، اس لیے چوری معیوب نہ تھی، یا اسپارٹا کے قانون مین چوری کچھ تو اس بنا پر جائز تھی کہ اس سے لوگون مین جنگی دستبردکی قابلیت بڑھتی ہی، اور زیادہ تر اس خیال سے کہ اس سے اجتماع ثروت کا رواج مٹے، یا پھر اسی طرح جواز غلامی کی یہ تاویل ہوسکتی ہی کہ اس زمانہ مین جبکہ وحشی فاتحین، اپنے مفتوحون کو لازمی طور پر قتل کرڈالتے تھے، اُن کے زندہ رکھنے کی صرف یہی صورت تھی کہ اُنھین غلام بنالیا جائے۔ غرض اسی طرز پر ہر اعتراض کا جواب ہوسکتا ہی، لیکن ان تمام جوابات سے قطع نظر کرکے بھی اصل مسئلہ یہ ہی، کہ اس کا تو کوئی مدعی ہی نہین، کہ کسی خاص عہد مین جو اعمال، نیک کرداری کے مظاہر سمجھے جاتے ہین، وہ ہمیشہ ایسے ہی سمجھے گئے، یا آیندہ سمجھے جائین گے۔ ضمیریت کا جو کچھ دعویٰ ہی، وہ صرف اس قدر ہی کہ نیک کرداری کا جوہر جان۔ جو میلان طبعی۔ ہر نفس مین ودیعت ہی، وہ یکسان، عالمگیر، وناقابل تغیر ہی۔ دوسرے ممالک، یا دوسری اقوام کے جو اعمال ہم کو وحشیانہ وظالمانہ نظر آتے ہین، دوسرون کے نزدیک وہی نیک تھے۔ یہ اپنا اپنا نقطۂ خیال، اور اپنی اپنی بصیرت ہی، مگر نیکی وانسانیت کا قابل پسند، اور بدی وظلم کا قابل ترک ہونا جیسا ہم کو مسلم ہی، ویسا ہی اُن کو بھی تھا۔

اس ضمن مین مجھے یہ بھی کہ دینا ہی کہ جو لوگ وجود ضمیر اور ارتقاء اخلاق مین تناقض

سمجھتے ہین، وہ شدید غلطی پر ہین۔ جو لوگ ایسا سمجھتے ہین، اُنھین دو باتون کو پیش نظر رکھنا چاہیے:۔ اول یہ کہ اگرچہ ضمیر ہین یہ اعتقاد رکھتے ہین کہ بعض اعمال قدرتاً و لازماً اعمال حسنہ ہین تاہم اس کے وہ بھی پوری طرح قایل ہین کہ اُن کے مطابق عمل کرنے کے مدارج بدلتے رہتے ہین، گویا تمدن کی ترقی کے ساتھ، معیار اخلاق مین بھی ترقی ہوتی رہتی ہے، دوسرے یہ کہ گو وہ افادہ و نیک کرداری کو مرادف نہین سمجھتا تاہم اسے یہ بالکل مسلم ہے کہ افادہ و نفع رسانی نیک کرداری کی ایک خاص صنف ہے، اور اس لیے جو اعمال ہمین رفتہ رفتہ زیادہ منفعت بخش ہونے لگتے ہین، اُسی مناسبت سے ہمارے تخیل فرض مین بھی ترمیم ہوتی رہتی ہے۔

ابھی چند سطرین اُدھر، رحم و انسانیت کے متعلق مین نے جن خیالات کا اظہار کیا ہے، وہ پوری طرح ایک دوسری صفت حسنہ، یعنی عفت شعاری پر بھی صادق آتے ہین۔ جس زمانہ مین انسان کے جذبات مطلق العنان ہوتے ہین، ازدواج کی تعداد غیر محدود ہوتی ہے، اور ہر طرح کی شہوت پرستیان رائج ہوتی ہین، کچھ عرصہ کے بعد جب انسان اس مین اصلاح کرنا چاہتا ہے، تو اُسے یہ نظر آتا ہے کہ اس کا سرے سے انسداد ممکن ہی نہین، بلکہ جو کچھ ہو سکتا ہے وہ صرف یہ ہے کہ اس کے حدود معین کر دیے جائین۔ کیونکہ اول تو بغیر اعمال شہوانی کے نسل انسانی نہین چل سکتی اور دوسرے یہ کہ یہ جذبہ کچھ ہے ہی اس قدر قوی، کہ کچھ نہ کچھ ہمیشہ انسان کو اس کے مقابلہ مین دینا پڑے گا۔ اس بنا پر اول اول صرف یہ اصلاح ہوتی ہے کہ چند نہایت ہی قریب کے اعزہ محرمات ابدیہ قرار دیے جاتے ہین، اور ازدواج کی کوئی تعداد مقرر کر دی جاتی ہے۔ اس سے اصلاح کا ایک زینہ تو طے ہو گیا، لیکن اس کے آگے ہر ملک و زمانہ مین اصلاح کی نئی نئی صورتین ظاہر ہونے لگتی ہین، اور معاشری تغیرات کے ساتھ ان مین بھی تنوع پیدا ہوتا رہتا ہے مثلاً یہودی قانون مین زناکاری قطعاً ممنوع ہو گئی، اور تعدد ازدواج کو ایک خاص تعداد مین محدود کر دیا گیا۔ یونان مین پہلے تو وحدت زوجی کا قانون نافذ ہوا، لیکن حالات نے اسے چلنے نہ دیا، اور اس لیے اس بارۂ خاص مین یونانیون کا معیار اخلاق

بہت ہی پست رہا، اور لوگ شادی کے علاوہ بھی، ہر طرح کی بدچلنی کے مرتکب رہے، روما مین معیار اخلاق بہت ہی بلند رہا، وحدت زوجی پر لوگ سختی سے عامل رہے عورت کی عصمت شعاری کا مثل عیسائی قومون کے احترام ہوتا رہا۔ البتہ مردون مین شادی کے قبل کسی سے تعلق پیدا کرلینا کچھ معیوب نہ تھا، گو اسی کے ساتھ ہی امرد پرستی و زناکاری جرم قرار دی گئی تھی۔

ان تمام مثالون کے درمیان ہمین اس بارہ مین تو بے شبہ بہت بڑا فرق نظر آتا ہی، کہ مختلف اقوام کس حد تک ضبط نفس پر قادر رہ سکی ہین، اور اپنے جذبات اسفل کو دبا سکی ہین۔ لیکن نفس نیکی کی جانب میلان ہونے مین سب متحد و مساوی ہین۔ کسی زبان و لٹریچر کو اُٹھا کر دیکھو، کسی ملک کے رسم و رواج پر غور کرو، کسی قوم کے عادات و خصائل پر نظر کرو، سب کا نتیجہ یہ نکلے گا، کہ یہ جذبۂ شہوت، فی نفسہ انسانیت کامل سے دون مرتبہ کوئی شی ہی۔ یہ اس قابل نہین کہ انسان اس پر فخر کرے، بلکہ ایسا ہی، جس پر شرم و حجاب کا پردہ پڑا رہنا ہی موزون ہی۔ اور یہ وہ نتیجہ ہی، جس کی ہر شخص اپنے ذاتی تجربہ سے تصدیق کرے گا۔ یہی وہ احساس جبلی ہی، جو رومن کیتھولک عیسائیون سے لیکر قدیم ترین اقوام تک ہر ملک و ہر زمانہ مین اپنے تئین بہ اشکال مختلفہ ظاہر کرتا رہا ہی۔ یہودیہ، مصر، ہندوستان، تاتار، غرض جس ملک کی تاریخ اُٹھا کر دیکھو، اس کے شواہد ملین گے۔ اور بعض ایشیائی اقوام مین تو اس کے متعلق عجیب عجیب افسانہ مشہور ہین، چنانچہ چین مین یہ روایت مشہور ہی، کہ جب بدء خلقت مین خدا نے ایک مرد اور ایک عورت کو اس غرض سے پیدا کیا، کہ ان سے نسل انسانی چلے، تو عورت کو اپنی دوشیزگی اس قدر محبوب تھی، کہ اُس نے اس کے تحفظ کی خاطر مرد کے پاس جانے سے انکار کردیا۔ اُس کا یہ انکار خدا کو بھی بہت پسند آیا، اور بالآخر اُس نے اسے عام طریق زوجیت سے مستثنیٰ کرکے اُس مین یہ استعداد پیدا کردی، کہ مرد کے محض نظر ملانے سے وہ حاملہ ہوگئی۔ اسی طرح یونان مین بھی اگرچہ عملاً شہوت پرستی کی انتہائی گرم بازاری تھی، تاہم دلون مین دوشیزگی کا

اس قدر احترام باقی تھا کہ معابد مین باکرہ دیویون سے دعائین مانگی جاتی تھین، اور انھین کا مندر سب سے زیادہ مقدس و معزز سمجھا جاتا تھا۔ حکما و علما مذہب تجرد پر خاص طور سے زور دیتے تھے اور فلاطون، فیثاغورث وغیرہ نے تو اپنے نظام فلسفہ مین اسے ایک ممتاز جگہ دی ہے۔ اسٹرابو لکھتا ہے کہ تھریس مین صلحا کی ایک جماعت ایسی ہے، جو مجردہ کر قرب خدا حاصل کرنا چاہتی ہے پلوٹارک بعض فلاسفہ کا ذکر کرتا ہے، کہ وہ ایک سال تک، شراب و عورت سے علیحدہ رہنے کا عہد کر کے عبادت مین مصروف رہتے تھے۔ روما مین عموماً متاہل زندگی کی بہت قدر کی جاتی تھی، اور فرائض خانہ داری کی جانب لوگون کو خاص ترغیب دی جاتی تھی، مگر باایں ہمہ وہان بھی تجرد و دوشیزگی کا یہ احترام تھا، کہ جو عورتین مذہب کے نام سے ہمیشہ کے لیے کنواری رہتی تھین اُن سے کسی طرح کی چھیڑ کرنا قانون کی انتہائی سزاؤن کا مستوجب تھا، اُن کے وجود سے سلطنت کا دم وابستہ سمجھا جاتا تھا۔ اُن کی دعاؤن مین معجزانہ قوت خیال کی جاتی تھی، اور وہ شہر کے بعض راستون سے اُس وقت بھی گزرنے کی مجاز تھین جبکہ وہ راستہ بادشاہ بیگم تک کے لیے بند ہو جاتا تھا، عام خوش اعتقادی اُن مین پیمبرانہ قوتون کا وجود تسلیم کرتی تھی، قانون نے اُن کو سزاے موت سے ہر حالت مین مستثنی کر دیا تھا، اور اُن کی کرامات و خرق عادات کی متعدد روایات آج تک زبان زد عام ہین۔ آخر مین مسیحیت نے تجرد و کنوارے پن کو جو درجہ دیا ہے، اگرچہ رومن کیتھولک لوگون نے اس مین بہت غلو سے کام لیا، اس سے متعدد جرایم و نقصانات بھی ظہور پزیر ہوئے، اور خانگی زندگی کی برکت و مسرت پر اکثر اس سے بہت مضر اثر پڑا، تاہم اس سے اتنا تو بہرحال ثابت ہوتا ہے، کہ مسیحیت نے بھی اس بارہ مین عام فطرت بشری کا بالکل صحیح اندازہ کیا۔

علاوہ برین، یہ کہنا بھی صحیح نہین، کہ قدیم اقوام مین، بعض جس طرح تجرد و دوشیزگی کو حسن کردار سمجھتی تھین، اسی طرح بعض، تعدد ازدواج کو سمجھتی تھین۔ کیونکہ کسی شی کو جائز سمجھنے اور اسے نظر تقدس و احترام سے دیکھنے مین بہت بڑا فرق ہے۔ یہ سچ ہے کہ مسلمانون کی بہشت،

عیش پرستی وشہوت رانی کا بازار ہی، لیکن اس کے یہ معنی نہین کہ مسلمان عیش پرستیون کو احترام وعظمت کی نگاہ سے دیکھتے ہین، بلکہ اس کا باعث صرف یہ ہی، کہ اُن کے نزدیک دنیا دارالعمل ہی، اور بہشت نام ہی اُس مقام کا ہی، جہان دنیا کی نیکیون کے صلہ مین ہر طرح کے لذائذ ونعائم موجود ہین۔ اسی طرح جو قومین، اس قوت شہوت رانی کی پوجا کرتی ہین، اُن کا مدعا بھی اپنے تمام معبودون کی پرستش کرنا ہوتا ہی، اور اُس وقت اُن کے نفوس اتنے تربیت یافتہ نہین ہوتے کہ وہ اپنے معبودون کے ساتھ اخلاقی تصورات وابستہ کرسکین، بلکہ وہ صرف اُنھین مختلف قوتون کے مظاہر سمجھ کر اُن کی عبادت کرتے ہین۔ یا پھر اسی طرح جن قومون نے تجرد کو مذموم قرار دیا ہی، اُن کا مقصد بھی یہ ظاہر کرنا نہ تھا کہ اہل بذات خود تجرد کے مقابلہ مین قابل ترجیح ہی، بلکہ اس سے ان کی غرض یہ تھی، کہ اُن کا مختصر وقلیل التعداد قبیلہ اپنی تعداد مین اضافہ کرکے ہمسایون سے مغلوب نہ ہونے پائے۔ چنانچہ یہود قدیم اپنی حیات قومی کو تمام تر اپنی کثرت تعداد پر منحصر سمجھتے تھے، اور اس لیے تاہل کو ضروری جانتے تھے۔ باایں ہمہ تقدس واحترام جس شی کا نام ہی، وہ ان کے یہان بھی تجرد ودوشیزگی ہی کے ساتھ وابستہ تھا۔

اس تمام نقد وبحث، توضیح وتصریح سے ناظرین کو یہ معلوم ہوگیا ہوگا، کہ لاک کے زمانہ سے آج تک ضمیر کمیت پر یہ جو اعتراض چلا آتا ہی، کہ افعال کا حُسن وقبح ہر زمانہ مین متغیر ہوتا رہا ہی، وہ کس قدر بے بنیاد وبادر ہوا ہی! "معیار اخلاق ہمیشہ بدلتا رہا ہی، لیکن نیکی کی جانب رجحان طبعی ہمیشہ یکسان وبدستور رہا ہی" یہ حقیقت ہم نے صفحات گزشتہ مین واضح کردی، اور اُس کو ذہن نشین کرلینے کے بعد اعتراض بالاقطعاً ساقط ہوجاتا ہی، دراصل "بلند وپست"، "اعلیٰ واسفل"، "شریفانہ وغیر شریفانہ"، اس طرح کے الفاظ، اعمال اخلاقی کی زیادہ صحیح تعبیر کرسکتے ہین بہ مقابلہ اس کے کہ اُنھین محض نیک وبد سے موسوم کیا جائے۔ رہا یہ سوال کہ افعال کا حسن وقبح، مطلق ہی یا اضافی؟ تو میرے خیال مین اس کے دونون جواب اپنی اپنی جگہ پر صحیح ہین۔ بعض افعال کا پہلوے حُرم اس قدر نمایان ہوتا ہی کہ وہ روز ازل ہی سے ہر شخص کی نظر مین

معیوب دکھائی دیتے ہین، مثلاً راست بازی و دروغ گوئی کا ان کا فرق کوئی ایسا نہین جسے نظر نہ آئے (یہ دوسری بات ہی کہ کوئی قوم اس پر عملدرآمد زیادہ کرتی ہی اور کوئی کم) اور بعض اعمال کے حسن و قبح کے درمیان کوئی نوعی فرق نہین ہوتا، بلکہ صرف تفاوت مدارج ہوتا ہی۔ یہ کام سوسائٹی کا ہی، کہ وہ بتائے کہ فلان فعل نیک ہی اور فلان بد، اور سوسائٹی کا یہ فیصلہ منحصر ہی اُس کے درجۂ تمدن پر۔ اب جو شخص اس سطح سے پست ہوتا ہی، وہ بدکرداریون کا مرتکب ہوتا ہی، جو شخص اس کے ہم سطح ہوتا ہی وہ متوسط درجہ کا اخلاق رکھتا ہی، اور جو اس سے بلند تر ہوتا ہی اُس کا اخلاق نہایت ہی اعلیٰ و شریفانہ ہوتا ہی۔ مذہبی پیرایۂ بیان مین یون سمجھیے کہ پہلا شخص تارک فرائض ہی۔ دوسرا محض فرائض کا عامل ہی، اور تیسرا فرائض کے ساتھ واجبات و مستحبات کو بھی نظرانداز نہین ہونے دیتا۔ پہلے مین حیوانیت کا غلبہ ہوتا ہی، دوسرے مین انسانیت کا، اور تیسرے مین ملکوتیت کا۔ اس نکتہ کے صاف ہو جانے کے بعد میرے نزدیک اس طرح کے مباحث مین پڑنا قطعاً لاحاصل ہی کہ اسیران جنگ کا قتل، سیاسی، تعدد ازدواج، فطرۃً جرائم ہین یا نہین۔ آج ممکن ہی کہ یہ معاصی ہون، لیکن جس زمانے نے ان کے جواز کا فتویٰ دیا تھا، اُس کے نزدیک یہ معاصی نہ تھے۔ اور اس اعتراف سے ضمیریت کو مطلق صدمہ نہین پہونچتا۔ اُس کا دعویٰ تو بس اسی قدر ہی کہ نیکی کا رجحان ہماری فطرت مین ودیعت ہی، اور بدکاری ابتدا سے ہماری طبیعت کے جذبات اسفل کی مظہر ہی۔

اس موقع پر ایک نازک سوال یہ پیدا ہوتا ہی، کہ مانا ہمارے اخلاقی قویٰ کو ہمارے ذہنی و جسمانی قویٰ پر غلبہ کا حق حاصل ہی، تو کیا یہ کسی حالت مین بھی ممکن نہین، کہ ہم اپنے قوائے اخلاقی کا تھوڑا سا نقصان گوارا کرکے اس کے معاوضہ مین بڑے سے بڑے مادی منافع کو خرید کر سکین؟ اس سوال پر فقہا و علما، مذہب مدت سے بحث کرتے چلے آرہے ہین، اور ایک گروہ نے تو اس کا ایسا جواب دیا ہی، جس پر اگر عمل کیا جائے تو تمدن کی ترقی و تنزل کا کیا ذکر ہی، سرے سے نظام جماعت کا قیام ہی ناممکن ہو جائے

یہ گروہ اس کا قایل ہی کہ کوئی معصیت، خواہ وہ کتنی ہی حقیر وغیر نقصان رسان ہو، اور اس کے ارتکاب سے خواہ کتنے ہی عظیم الشان فواید حاصل ہوتے ہون، لیکن چونکہ وہ معصیت ہی اس کا ارتکاب کسی صورت بھی جائز نہین، خواہ اس سے اجتناب کا نتیجہ یہی کیون نہو، کہ ساری دنیا، مبتلاے اذیت ہو کر فنا ہو جائے۔ گویا حیات انسانی کا مقصود اصلی، حصول معصومیت ہی، اور حصول معصومیت کا طریق وحید یہ ہی کہ انسان ہر طرح کی خواہشات سے دست بردار ہو جائے۔ کیونکہ ضروریات کے دائرہ کو وسیع کرنا، لازماً ترغیبات وتحریصات مین بھی اضافہ کرنا ہی، اور یہی چیزین محرکات معصیت ہین۔ خواہشات کو بالکل مردہ کر دینا بھی اگرچہ اعلیٰ ترین اخلاقی زندگی کی علامت نہین، لیکن چونکہ ایک معمولی وحقیر معصیت کا کفارہ بھی (اس جماعت کے نقطۂ خیال سے) تمام دنیا کے محاسن ومنافع نہین بن سکتے، اس لیے خواہشات کو بالکل مردہ ہی رکھنا چاہیے۔ اس خیال پر عملدرآمد کا کیا نتیجہ ہوگا؟ اس پر ناظرین کو خود اپنی اپنی جگہ غور کرنا چاہیے۔ ایک بادشاہ جانتا ہی کہ اگر اس وقت جنگ نہ شروع کی گئی تو اس کی رعایا کی ساری تجارت وحرفت برباد ہوئی جاتی ہی، اور اُس کے ہاتھ سے اُس کے بہترین مقبوضات نکلے جاتے ہین، لیکن وہ ہرگز جنگ شروع نہین کر سکتا، کہ مبادا اثناء جنگ مین کسی سپاہی سے کسی قسم کا کوئی گناہ سرزد ہو جائے۔ اُسے معلوم ہی کہ اس وقت اگر غنیم سے مقابلہ نہ کیا گیا تو اُسے ناقابل تلافی سیاسی ومادی نقصانات پہونچین گے، لیکن اجتماع افواج سے غالباً شہوانی بداخلاقیون کو تحریک ہوگی، اور اس خوف سے وہ خاموش بیٹھے رہنے پر مجبور ہی۔ وہ دیکھ رہا ہی کہ ایک شدید ترین قحط یا وبا سے اس کی ساری رعایا کی جان لبون پر آرہی ہی، لیکن وہ اپنے دل مین بیحد مسرور ہو رہا ہی کہ اس ابتلاے عظیم مین لوگون کو گناہ کے مواقع بہت قلیل حاصل ہین۔ تجربہ اُسے یقین دلا رہا ہی کہ شہرون کی آبادی ہر طرح کی علمی، معاشرتی، تجارتی، مادی منافع کی جان ہی، لیکن شاید اس سے کسی ایک شہری کو گناہ کی ترغیب ہو، اس اندیشہ سے وہ کوئی شہر آباد نہین کر سکتا۔ غرض اس اصول پر اگر عمل کیا جائے تو وہ تمام ایجادات جن سے

معیشت مین سہولت پیدا ہوتی ہی، تمام اختراعات، اور تقریباً تمام فنون وصنائع، ناجائز ٹھہرتے ہین، کیونکہ ان سے جو کچھ منافع ہون گے وہ مادی ودنیوی ہی ہون گے، اور ممکن ہی کہ ان سے لوگون کو ارتکاب معاصی کی تحریک ہو۔ حالانکہ تمدن کی بنیاد تمامتر ذہنی قوی کی تربیت ہی اور منافع مادی کے حصول پر ہے، چاہے اس کے لپیٹ مین ایک آدھ اصول اخلاق کا خون ہی کیون نہ ہو جائے۔

غرض یہ کہ یہ اصول ایسا تو ہی نہین، جس پر پوری طرح، ایک منٹ کے لیے بھی عمل کیا جا سکے۔ البتہ لوگون کے درمیان اس خیال سے متاثر ہونے کے حدود مین بہت اختلاف ہی، اور اس اختلاف سے لوگ سند پکڑ کر ضمیریت پر سخت سے سخت اعتراض کرتے ہین اس عقیدہ پر جو شخص نسبتہً سب سے زیادہ عامل ہوتا ہی وہ فقیر ہی۔ یہ مان کے، کہ خفیف سے خفیف گناہ کا، بڑے سے بڑے مادی منافع بھی معاوضہ نہین بن سکتے، فقیر ترک دنیا کر کے ایک خلوت مین جا بیٹھتا ہی، اور ہمہ وقت مصروف عبادت رہا کرتا ہی۔ اپنے ہر طرح کے جذبات، خواہشات، اور اُمنگون کو وہ دباتا ہی، جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہی کہ خود حیات اخلاقی مین جمود آجاتا ہی، حالانکہ حیات کو برقرار رکھنے کے لیے ضروری ہی کہ اُس مین حرکت ہوتی رہے۔ ایسی حالت مین انسان ہر قسم کے قوت وارادہ سے محروم ہو کر، ایک بےحس وحرکت مشین کی طرح رہ جاتا ہی۔ انکسار وتواضع جس پر فقیرانہ ضابطۂ اخلاق مین اس قدر زور دیا جاتا ہی، اکثر انھین طبائع کے لیے موزون دیکھا گیا ہی، جو خود ہی پہلے سے افسردہ ومردہ دل ہوتے ہین۔

پھر اس فقیرانہ زہد وریاضت کو تو کبھی ثبات نہین، بلکہ آئے دن اسے زوال ہی ہوتا جاتا ہی، جس سے معلوم ہوتا ہی کہ اس کی بنیادین کیسی بودی تھین۔ لیکن اس کو بھی جانے دیجیے۔ اور بہت سے مسائل پڑے ہین، ہمین تو نظر آتا ہی کہ ان سب کے بارہ مین مختلف گروہون مین شدت سے اختلاف آرا ہی۔ مثلاً

(۱) مسئلہ تعلیم ہی کو لیجیے کیا صرف ایک نقطۂ خیال سے تعلیم کا اصل مدعا نیک کرداری کی طرف

بچون کو مائل کرنا، اور ان کے نفس سے تخم عصیان کو فنا کرنا ہی۔ بہ خلاف اس کے انگریزون کے یہان جو طریق تعلیم رائج ہی، اُس کا مقصود طلبہ کے تمام قوائے فطری کو نشو و نما دینا، اور اُن مین دماغی بلندی پیدا کرنا ہی۔

(۲) یا اُن لوگون کے نقطہائے خیال پر نظر کیجیے، جو مروجہ مذہبی عقائد کو غلط سمجھتے ہین ایسے لوگون کی تین ٹکڑیان ہوگئی ہین، ایک گروہ، ایسے عقائد کی ہر موقع پر زور و شور سے تردید کرتا ہی، اور کسی موقع پر سکوت اختیار کرنا، جرم و عصیان مین معاونت سمجھتا ہی، دوسرا فریق اس کے بالکل برعکس، ایسے عقاید کی، جو اگرچہ عقلاً غلط و مہمل ہین، تاہم عملاً اُن سے دنیا کو فائدہ پہونچ رہا ہی، خود بھی پابندی کرتا رہتا ہی، اور اُن کے ترک کو نظام اجتماعیہ موجودہ مین خلل انداز خیال کرتا ہی، تیسری جماعت ان دونون کے بین بین ہی، جو اگرچہ خود تو غیر معقول مراسم کی پابندی نہین کرتی، اور جہان کہین موقع دیکھتی ہی، علانیہ ان سے اپنی بیزاری کا اظہار بھی کر دیتی ہی، تاہم عوام اور نافہمون کے سامنے ساکت رہنے ہی کو مفید قرار دیتی ہی۔

(۳) یا پھر صغرسنی کی شادیون کو لیجیے۔ ماہرین اقتصادیات اس پر اس لیے معترض ہین کہ اس سے مادی راحت و آرام کا معیار بہت پست ہوا جاتا ہی، بہ خلاف اس کے ائمۂ مذہب کیتھولک اس کے اس لیے موید ہین کہ اگر شادیان زیادہ سن مین ہوا کرین گی، تو لوگون کو زناکاری کی طرف زیادہ رغبت ہوگی۔

(۴) یا پھر آخر مین۔ اسی قبیل سے یہ مسئلہ بھی ہی، کہ اُن مشاغل لہو و لعب کو کہان تک جائز قرار دینا چاہیے، جو اگرچہ بذات خود پر معصیت نہین، تاہم ممکن ہی کہ اُن سے بداخلاقی کی تحریک ہو؟ اس کے جواب مین بھی تین صفین رونما ہوتی ہین۔ ایک صف مین اسکاٹ لینڈ کے پیورٹین لوگ (Puritans) ہین، جو ان چیزون کے شدید مخالف ہین۔ دوسری صف مین پیرس کے دل دادگان فیشن ہین، جن کی غذا یہی تماشہ ہین، ان کے بین بین انگریز ہین، جو اقرار و انکار کے عالم برزخ مین ہین۔

ان تمام مثالون مین یہ ظاہر ہی کہ مختلف گروہون کے درمیان کوئی نوعی اختلاف نہین بلکہ صرف مدارج کا اختلاف ہی۔ یعنی ایسا تو کوئی بھی فریق نہین، جو ایک شے مین سرے سے معائب ہی معائب سمجھتا ہو، اور دوسرے کو اس مین محاسن ہی محاسن نظر آتے ہون۔ ہر فریق، منافع و مضار، محاسن و معایب، دونون کو تسلیم کرتا ہی، لیکن ایک پر زیادہ زور دیتا ہی، اور دوسرے پلہ کو ہلکا سمجھتا ہی۔ کوئی فریق، ایک شے کے اخلاقی پہلو کو زیادہ قابل وقعت قرار دیتا ہی، اور کوئی اُس کے مادی پہلو کو۔ اب سوال یہ ہی کہ افراط و تفریط کے درمیان کس مقام پر خطّ اعتدال کھینچنا چاہیے؟ اور فریقانہ تعصبات کا حلقہ کس نقطہ پر پہنچکر ختم ہوتا ہی؟ ضمیر ئین، اس سوال کے جواب مین خود نفس بشری کی کمزوری کا اعتراف کرتے ہین، اور کہتے ہین کہ اس طرح کا خطّ اعتدال قائم کرنا ناممکن ہی۔ حیات اخلاقی کے مختلف رنگ باہم اس قدر پیوستہ و ملتبس ہین کہ غیر محسوس طریقہ پر ایک دوسرے سے ملتے چلے جاتے ہین۔ بے شبہ، حیات انسانی کی یہ غایت ضرور ہی کہ اس کا نشو و نما، قانون اخلاق کی ماتحتی مین ہوتے رہنا چاہیے، اور جس شخص مین یہ احساس نہ ہو وہ اخلاقی حیثیت سے مریض ہی، لیکن اس کے حدود بالکل غیر متعین اور سوسائٹی کے حالات کے تابع ہین، معلم اخلاق صرف عام اصول بتا سکتا ہی۔ اُن کی تفصیل یا جزئیات کی تعلیم، ہر فرد کے ذاتی افتاد طبیعت، اور سوسائٹی کے حالات پر تمام تر منحصر ہی۔

غرض اس سے انکار نہین ہو سکتا، کہ اس موقع پر ضمیر ئین کو ایک حد تک اپنے عجز کا اعتراف کرنا ہوتا ہی، لیکن کیا صرف ضمیر ئین کو؟ کیا اُن کے حریفون کے پاس اس سے بہتر کوئی جواب ہی؟ افادئین زور شور سے اُٹھتے ہین اور کہتے ہین کہ "ہمارے قانون، نفع اکبر نے اس طرح کے ابہام و غلط فہمیون کا ہمیشہ کے لیے خاتمہ کر دیا ہی"، لیکن کیا یہ ظاہر فریب دعوی صحیح ہی؟ مادّی چیزون کے وزن و پیمایش کے لیے ہمارے پاس کوئی خاص پیمانہ ہوتا ہی، یا اُن کی قیمتون کا اندازہ کرنے کے لیے کوئی خاص جنس مبادلہ

ہوتی ہے۔ لیکن افادیین بتائین کہ اخلاقی پہلوون کے وزن و مساحت کے لیے اُن کے پاس کون پیمانہ ہے؟ ان کی قیمت کا اندازہ کرنے کو وہ کون جنس مبادلہ رکھتے ہین؟ اور اگر نہین، تو پھر اُن کا دعویٰ کیا معنی رکھتا ہے؟ فرض کیجیے ہمارے سامنے یہ مسئلہ درپیش ہے کہ اخلاقی حیثیت سے نمائشین اور میلہ کہانتک جائز ہین؟ یہ کھلی ہوئی بات ہے کہ ان کے انعقاد سے نہایت عظیم الشان مادی منافع حاصل ہوتے ہین۔ تجارت کو ترقی ہوتی ہے، صنعت و حرفت کی گرم بازاری ہوتی ہے، لوگون کو تبادلہ خیالات کا موقع ملتا ہے، نظر مین وسعت اور خیالات مین بلندی پیدا ہوتی ہے، سیر و تفریح سے صحت جسمانی کو فائدہ پہونچتا ہے، وغیرہ۔ اس کے مقابلہ مین اخلاقی مضرات کا پہلو یہ ہے کہ مرد و زن کے اس اجتماع مین اکثر بداخلاقیون کا ارتکاب بھی ہوجاتا ہے۔ مے نوشی کو تحریک ہوتی ہے، پائے تقوے کو لغزش ہوجاتی ہے، وغیرہ۔ اب فرمائیے کہ منافع کا پلہ بھاری ہے یا مضار کا؟ غریب ضمیریت تو صاف اعتراف کرتی ہے کہ اُس کے پاس اس طرح کی کوئی ترازو نہین، لیکن افادیت سامنے آکر بتائے کہ اُس کے پاس کون سی ترازو ہے؟ کیا اس کے یہ بندھے بندھائے الفاظ، کہ "زیادہ سے زیادہ لوگون کو زیادہ سے زیادہ راحت"، اُسے اس موقع پر کچھ بھی مدد دیسکتے ہین؟ پس اصول اخلاقی کی جزئیات کی تعیین سے قاصر رہنے کی مجرم جس طرح ضمیریت ہے اُسی طرح افادیت بھی ہے۔

ہم پیشتر کہہ آئے ہین، کہ نفع و راحت کی افادیین نے دو قسمین کی ہین۔ ایک فاعل کا ذاتی نفع، جو اس کے لیے محرک افعال ہوتا ہے۔ دوسرے نفع جمہور، جو نیک کرداری کی غایت ہے۔ ان مین سے دونون کے متعلق ضمیری کو کچھ کہنا ہے، اول الذکر کے بارہ مین تو وہ یہ کہتا ہے کہ ذاتی نفع کو نیک کرداری مین کچھ دخل ہی نہین ہوسکتا۔ ایک شخص اگر نقب زنی کرنے جائے، اور راستہ مین یہ دیکھ کر کہ پولیس کا آدمی اُس کی گھات مین بیٹھا ہوا ہے، اُلٹے پانون واپس چلا آئے تو اخلاقی حیثیت سے اس کا نقب زنی سے یہ اجتناب کچھ بھی وزن نہین رکھتا، لیکن اگرچہ خود غرضی و نیک کرداری مین شدید تباین ہے، تاہم اس سے انکار نہین ہوسکتا کہ بعض اوقات

خود غرضانہ محرکات بھی بالآخر حیات اخلاقی پر مفید اثر ڈال سکتے ہین۔ مثلاً عذاب و ثواب، تعزیر و صلہ، کی توقعات اکثر انسان کو جادۂ مستقیم پر قائم رکھتی ہین یا پھر جس حالت مین انسان نیکی و بدی کی راہ اختیار کرنے مین مذبذب ہوتا ہی، اگر نفع ذاتی کا خیال، نیکی کی تائید کردے، تو وہ یقیناً نیک کرداری اختیار کرے گا، اور اسی طرح متعدد مواقع کے پیش آنے کے بعد رفتہ رفتہ وہ نیک کرداری کا خوگر گرفتہ ہو جائے گا، اور اضطراراً اس سے اعمال حسنہ سرزد ہونے لگین گے۔ رہا آخر الذکر یعنی نفع جمہور کا خیال، تو اس بارہ مین ضمیری کو دو باتین گزارش کرنی ہین۔ اول یہ کہ اگرچہ دوسرون کی نفع رسانی، نیک کرداری کی ایک صنف ہی، تاہم وہ اس کے مرادف نہین، اور گو بہت سے افعال ایسے ہون، جو ضمناً دوسرون کے لیے مفید بھی ہون، تاہم اُن کی نیکی اُن کی نفع رسانی پر منحصر و مشروط نہین۔ ثانیاً یہ کہ گو بعض حالات مین ممکن ہے کہ انسان کو بعض نہایت عظیم الشان منافع کے مقابلہ مین اُن افعال سے دست بردار ہونا پڑے جو بذات خود محمود و مستحسن ہین مثلاً کسی بیگناہ کو پھانسی سے اُتارنے کے لیے جھوٹ بولنا، یا بعض لغو مراسم کو محض اس لیے برتے جانا کہ وہ عوام کی اخلاقی شیرازہ بندی کے ضامن ہین، وغیرہ، لیکن ان حالات سے یہ نتیجہ نہین نکل سکتا، کہ فی نفسہ خیال افادہ کو نیکی پر غالب آجانے کا حق حاصل ہی۔ نیکی نیکی ہی ہی، خواہ اُسے بعض اوقات مصالح پر قربان ہی کر دینا پڑے۔ اور مصلحت بینی مصلحت بینی ہی ہی، خواہ بعض حالات اُسے نیکی پر غالب ہی کیون نہ کر دین۔ چاندی کے ایک من کے ڈھیر کے آگے کون شخص سونے کی ایک رتّی کی پروا کرے گا، لیکن کیا اس تقابل کا یہ نتیجہ نکلنا چاہیے، کہ سونا فی نفسہ چاندی کے مقابلہ مین کم قیمت یا کم قیمت ہی؟

سب سے آخر مین ضمیر کلیت پر یہ اعتراض کیا جاتا ہی کہ "ایک عالمگیر فطری حاسّہ اخلاقی کا وجود مشاہدہ نے غلط ثابت کر دیا ہی، اور تلاش سے معلوم ہوا ہی کہ صدہا وحشی قبایل ایسے ہین جن مین کسی قسم کا حس اخلاقی موجود ہی نہین"، یہ اعتراض بہت آب و تاب سے پیش کیا جاتا ہی، اس کی تائید مین سیاحون کے مشاہدات کی زبردست فوج صف آرا کی جاتی ہی، اور

سفرنامون وسیاحت نامون کے صدہا مجلدات کھنگال ڈالے جاتے ہین۔ لیکن میرے نزدیک ان سیاحون کے بیانات خود ہی بہت کچھ ناقابل استناد ہین۔ کیونکہ یہ سیاح عموماً بہت کم تعلیم یافتہ ہوتے ہین، وحشیون کی زبان سے ناواقف ہوتے ہین، ان کی مدت قیام چند ہفتون یا چند مہینون سے زائد نہین ہوتی، یہ اُن کی اندرونی زندگی سے جاہل مطلق ہوتے ہین، اور یہ اپنی اخلاقی زندگی سے ان کی زندگی مین کوئی نسبت نہ پاکر یہ سمجھنے لگتے ہین کہ اُن مین سرے سے کوئی حس اخلاقی ہی نہین۔ چنانچہ بارہا ایسا ہوا ہی کہ جن قبائل کے معری عن الاخلاق ہونے کی اگلے سیاحون نے شد و مد سے شہادت دی تھی، مزید تحقیقات نے اُن کو اعلیٰ ترین اخلاق سے متصف ظاہر کیا، اور اگلون کو اپنے بیانات واپس لینا پڑے، مگر خیر ہم یہ بھی فرض کیے لیتے ہین، کہ یہ بیانات سچ سہی، اور واقعی بعض وحشی قبائل معری عن الاخلاق ہوتے ہین، تو بھی اس سے ضمیریت کو کیا نقصان پہونچتا ہی ضمیریت کا دعویٰ تو بس اسی قدر ہی کہ انسان مین نیکی و بدی، فضیلت و رذالت کے شناخت کی فطری استعداد موجود ہی۔ اس سے یہ کہان لازم آتا ہی، کہ ہر شخص مین یہ استعداد یہ صلاحیت، قوت سے فعلیت مین بھی آجاتی ہی؟ کیا یہ ناممکن ہی کہ چشم بصارت کی طرح چشم بصیرت بھی کور ہو؟ ایک تخم مین نشو و نما کی استعداد بلاشبہ موجود ہی، لیکن آپ اُسے زمین ناموافق دیتے ہین، اور پھر اُس پر یہ الزام دھرتے ہین کہ وہ اُگا نہین، یہ کیا انصاف ہی! بعینہٖ یہی حال انسان کا ہی۔ اُس مین عقلی و اخلاقی نمو کی پوری قابلیت موجود ہی، لیکن اُسے ایسے حالات مین بھی تو رکھیے، جن مین اُسے اس قابلیت سے کام لینے کا موقع ملے اور اگر آپ اُسے ایسے حالات کے درمیان نہین رکھتے، تو برائے خدا اُس کی استعداد نمو سے تو منکر نہ ہو جیے۔ فرض کیجیے، کہ ہم کسی ایسے ملک مین پہونچے جہان کے باشندون کی وحشت کا یہ عالم ہی کہ اُن مین انسانیت کے ادنیٰ ترین عقلی اعمال و ذہنی ریاضتون کا بھی پتہ نہین چلتا، اور اپنی حیات دماغی کے لحاظ سے وہ بالکل بندرون کے ہم سطح ہین،

تو کیا ہم اُنھین انسانیت کے درجہ سے نکال کر، بندرون کے طبقہ مین رکھ دین گے؟ ہرگز نہین۔ کیون؟ اس لیے کہ اُن مین عقلیت کی استعداد تو موجود ہی، ابتک اُس سے اُنھون نے کام نہین لیا، نہ سہی، حالانکہ بندرون مین تو اس کی استعداد ہی سرے سے موجود نہین۔ اسی پر حیات اخلاقی کو قیاس کرنا چاہیے۔ انا کہ بعض وحشی قبائل کی عملی زندگی مین اس وقت تک حاسات اخلاقی کی کوئی ظاہری علامت نہین پائی گئی، لیکن اس سے حیات اخلاقی کی صلاحیت و استعداد سے انکار کیونکر درست ہوسکتا ہی؟ اور اگر آپ اس سے منکر نہین، تو ضمیریت کے دائرہ سے بھی خارج نہین۔

فصل (۸)

ضمیریت و افادیت کا تعلق سطح تمدن کے ساتھ

صفحات گزشتہ کے مطالعہ سے ناظرین کو یہ معلوم ہوچکا، کہ اخلاق کے دو مذاہب ضمیریت و افادیت، کے درمیان سخت اختلاف ہی، مگر انھین یہ بتانا رہ گیا تھا، کہ یہ اختلاف بجاے خود مستقل نہین، بلکہ تابع ہی، دو مذاہب فلسفہ کے باہمی اختلاف کے۔ یہ مسئلہ کہ ہمارے تصورات اخلاقی کا ماخذ کیا ہی، دراصل تفریع ہی اس مسئلہ کی، کہ ہمارے تصورات و افکار، بحیثیت مجموعی، کہان سے ماخوذ ہوتے ہین؟ آیا تمامتر تجربہ و حواس سے یا خود وجدان و نفس کی اندرونی قوت سے بھی؟ فلاطون نے شق آخر الذکر اختیار کی تھی، اُس نے کہا تھا کہ اس عالم مادی کے پرے ایک عالم مثال ہی، اور اسی کا عکس و پرتو اس عالم مادی مین نظر آتا ہی، سترھوین صدی عیسوی مین خفیف ردوبدل کے بعد اس نظریہ کو لارڈ ہربرٹ آف چربری نے اختیار کیا، اور لاک نے اس پر پرزور حملہ کیے۔ آج یہ مذہب گو اپنی اصلی صورت مین ناپید ہی، تاہم جبلت حیوانی کے متعلق حال مین جو تحقیقات ہوئی ہی، اُس نے اس خیال کو تقویت دیدی ہی

کہ نفس مین بعض قوتین ایسی موجود ہین، جو حواس ظاہری کی مدد سے نہین، بلکہ خود اپنے بل پر نمو حاصل کرتی ہین اور یہ خیال بھی اُسی مذہب قدیم کی ایک مسخ شدہ صورت ہے۔ شفلبری ولانیز اس مذہب کے پُرجوش وکیل ہوئے ہین۔ کینٹ نے صراحت کے ساتھ اور برکلی نے دبی زبان سے اس کا اقرار کیا ہے۔ اور تو اور، خود لاک صاحب تک کہین کہین اپنے مخالفین کی بولی بول گئے ہین۔ نفس مین اس قوت کا وجود، عرصہ سے حکماء یورپ کی طبع آزمائیون کا جولانگاہ بنا ہوا ہے۔ جس مین ایک فریق انگلستان و فرانس کے استقرائین ہین، اور دوسری جانب جرمنی و اسکاٹ لینڈ کے وجدانیین ہین۔ پہلا گروہ تمام انسانی معلومات کو محسوسات سے ماخوذ بتاتا ہے، اور کہتا ہے کہ اعمال نفسی کا کوئی شعبہ ایسا نہین، جسکی تحلیل حس و تجربہ تک نہ ہوسکتی ہو۔ دوسرا فریق، اس کے مقابلہ مین نفس کے جبلی و فطری پہلو پر زور دیتا ہے، اور دعوے کرتا ہے کہ حیات نفسی کے بہت سے مظاہر ایسے ہین، جو محسوسات کی مدد سے مستغنی اور صرف نفس کی فطری و اندرونی قوت کے محتاج ہین۔

ان مین سے مذہب اول لنکر یعنی تجربیت، کا تعلق افادیت کے ساتھ آج سے نہین مدت سے چلا آتا ہے۔ ارسطو جو تجربیت کا معلم اول ہوا ہے، افادیت کا بھی زبردست وکیل ہوا ہے۔ ارسطو کی تعلیمات، ازمنۂ وسطی مین پھیلتی رہین، اور وہین سے لاک نے اخذ کین، لاک اور اس کے معاصرین کی تحریرون مین تو پھر بھی کہین کہین ابہام و تناقض ہے، لیکن متاخرین نے اس گتھی کو بالکل سلجھا دیا۔ ایک صدی ڈیڑھ صدی اُدھر جب سے کانڈلک اور اس کے اتباع کے ہاتھ مین امامت تجربیت کی باگ آئی، یہ مسئلہ بالکل واضح و غیر مشتبہ ہوگیا، کہ افادیت و تجربیت مین، اور ضمیریت و وجدانیت و تمثل مین چولی دامن کا ساتھ ہے، یعنی ایک کی حمایت کیجیے تو دوسرے کی بھی تائید ہوگی۔ اور اس پر حملہ کیجیے تو اُس کی بھی خیر نہین۔

فلسفۂ جدید کے بانی اول، بیکن اور فلسفۂ قدیم کے مدون اول، سقراط کی کوششون کے درمیان عجب قسم کا تشابہ و تضاد ہے۔ جس طرح، حیثیت افادی پر زور دیکر سقراط نے قدما کی

توجہ فلکیات و وجودیات وغیرہ کے دوراز کار مباحث سے ہٹا کر اخلاقیات کی جانب مبذول کر دی تھی، اسی طرح بیکن نے بھی اپنے معاصرین کا رخ الٰہیات سے علوم طبیعی کی طرف پھیر دیا۔ ادھر تازہ آلات کے اختراع اور جدید طریق تفتیش کے انکشاف نے بھی بیکن کی ایسی تائید کی، کہ اسکی کوششوں کے نتائج نے مستقل طور پر جڑ پکڑ لی۔ قدما کی بیداری و دماغی جد وجہد پر ایک مستمر تلون طاری رہتا تھا، اس معنی مین کہ اگر آج ترقی ہے تو کل تنزل۔ ایک قوم کا آفتاب حکمت و فلسفہ آج نصف النہار پر ہے، لیکن کل اُس پر وحشیون کا حملہ ہوا، اور فضل و کمال علم و تمدن کا چراغ دفعۃً گل ہوگیا۔ ہر قوم اپنے اخلاف کے لیے ترکہ چھوڑ ضرور جاتی تھی، لیکن اس ترکہ کی کوئی مادی شکل تو ہوتی نہ تھی محض خیالات و افکار کا مجموعہ ہوتا تھا، اور اس لیے اس کے دوام کی کوئی ضمانت نہین ہوسکتی تھی۔ بہ خلاف اسکے زمانۂ حال کی شاہراہ ترقی بالکل صاف ہے۔ آلات ایک ایسی شے ہین، جو ایک مرتبہ اختراع ہوکر پھر غایب نہین ہوسکتے مطبع کی ایجاد نے علوم کو فنا ہونے سے امین کر دیا ہے، ریل و جہاز نے مشرق کے ڈانڈے مغرب سے ملا دیے ہین، اور حرفتی ترقیون و صنعتی کمالات نے مادی سامان راحت کا دریا بہا دیا ہے۔

اب جو لوگ نفس بشری کے طریق کار سے واقف ہین، وہ جانتے ہین کہ یہ تین چیزین، یعنی علوم طبیعی کا مطالعہ، قوت اختراع، اور حرفتی ترقی ایک دوسرے کے دوش بدوش چلتی ہین۔ کیونکہ قطع نظر اسکے کہ قوانین طبعی سے واقفیت از خود اختراعات کا سبب بنتی ہے، اور اسی سے حرفتی ترقیان پیدا ہوتی ہین خود نفس بشری کی ساخت اس طرح کی واقع ہوئی ہے کہ یہ تینون چیزین اُس مین ایک دوسرے سے وابستہ و پیوستہ رہتی ہین۔ یہ تینون چیزین انسان کی اُس قوت کی مظہر ہین، جسے قوت عملی کہنا چاہیے، اور جسکا تعلق عملیت و مادیت سے ہے۔ بہ خلاف اس کے قدما جن چیزون مین مصروف رہتے ہین وہ علوم نظری تھے، یعنی جن کا مقصد محض غور و فکر و تخیل کی مدد سے مختلف خیالی نظامات تعمیر کرنا تھا۔ اس تغیر حالات کا ایک اہم نتیجہ یہ نکلا کہ گو موجودہ تمدن قدیم تمدن سے بہ مراحل آگے بڑھ آیا۔ گو جدید علمی انکشافات

کی گرد کو بھی قدما نہین پھونچتے - تاہم مادیت و محسوسات پرستی آج ہر شے پر چھا گئی ہے۔ جو دماغ ہر وقت خواص مادہ کی تحقیق و تفتیش مین مشغول رہتے ہین، وہ اگر اخلاق مین بھی اُنھین نظریات کو خوشی سے قبول کرنے پر آمادہ رہتے ہون جن سے اُن کی مادیت کو تقویت پھونچتی ہو، تو مطلق حیرت نہ کرنا چاہیے۔

اس اقتضاے حالات کا، اخلاقیات پر ایک اور نمایان اثر یہ پڑا ہے کہ مختلف مذاہب اخلاقیات مین عملاً اُس قدر تخالف و تضاد نہین باقی رہا، جتنا اُن کی نظری تعلیمات و اصول کے لحاظ سے ہونا چاہیے - آج کل کے حکماء اخلاق، گوشۂ عزلت مین تو بیٹھتے نہین، ہر وقت سوسائٹی مین ملتے جلتے رہتے ہین، اور اس لیے اپنے سے مختلف الخیال لوگون کے حاسات و جذبات سے پوری طرح واقف ہوتے ہین - اس سے اُن مین ایک طرح کی خاص رواداری آجاتی ہے، وہ دوسرون کے حاسات کو بھی واقعیت پر مبنی تسلیم کرنے لگتے ہین، البتہ ساتھ ہی یہ کوشش بھی رکھتے ہین، کہ اپنے اصول کی ماتحتی مین مخالفین کے نظریات کو بھی ڈھال لین - ایک طرف تو یہ صورت واقعہ ہے - دوسری جانب مختلف نظریات اخلاق کی یہ ایک طبعی خصوصیت ہے کہ وہ خاص خاص محاسن اخلاق کی مزید ترویج کا باعث بنتے ہین - مثلاً رواقیت، کہ اس کا سنگ بنیاد ضبط نفس ہے، جانبازی و ایثار پر خاص طور سے زور دیتی ہے؛ یا مذہب ہیجیسن، کہ نیکی کو فیاضی کا مرادف قرار دیتا ہے، لطیف و نادر فضائل اخلاق کی اشاعت کی تحریک کرتا ہے، یا افادیت، ایسے اوصاف کو زیادہ فروغ دیتی ہے، جو حرفتی و اقتصادی کمالات کا ذریعہ ہین - پس جس سوسائٹی مین یہ تینون مذاہب پہلو بہ پہلو موجود ہونگے، وہان ہر قسم کے محاسن اخلاق کو ترقی ہوگی - چنانچہ ماضی مین رواقیہ و لذتیہ اسی طرح ایک دوسرے کے مصلح و متمم کا کام دیتے تھے - ان حالات کی بنا پر، تمدن جدید مین ضمیریت و افادیت کے تصادم کا یہ نتیجہ نکلا ہے کہ دونون ایک دوسرے کے معین و مصلح ہین - ضمیریت، افراد کے شخصی حاسۂ اخلاقی کو مرکز قرار دیکر اُن کا معیار اخلاق بلند کرتی ہے اور افادیت ماحول کے

اثرات کو مقدم شے قرار دیکر طرح طرح کی اصلاحات کا باعث بنتی ہے۔ اور اس طرح عام ہیئت اجتماعی کے حق مین دونون کا وجود باعث رحمت ہے۔ خرابی صرف اس وقت پیدا ہوسکتی ہے، جب ایک فریق تمام تر اپنے ہی اصول پر زور دیکر اپنے حریف کی صداقتون کی طرف سے بھی چشم پوشی کر لیتا ہے۔

یہان تک اُن نظریات کی ماہیت کا ذکر تھا جنھین لوگ اپنے حاسات اخلاقی کا معیار سمجھتے، اور جن کے مطابق وہ انھین ڈھالتے ہین۔ اب یہ دیکھنا ہے کہ وہ کیا کیا اسباب ہین، جن کی بنا پر سطح اخلاقی بلند ہوتی رہتی ہے، اور قوم کا رجحان کن مخصوص فضائل اخلاق کی جانب ہوتا رہتا ہے۔ مین یہان جو کچھ کہونگا وہ صرف اصولی حیثیت سے کہونگا، اور ان اصولون کو عملاً چسپان آیندہ ابواب مین کرون گا۔

یہ ایک بالکل غیر مخفی حقیقت ہے کہ ہیئت اجتماعی جون جون زیادہ مہذب و متمدن ہوتی جاتی ہے، اُسی نسبت سے وہ فضائل اخلاق جو مردانگی و رہبانیت سے متعلق ہوتے ہین، پست ہوتے جاتے ہین، اور وہ جن کا تعلق لطافت، لینت و محبت سے ہوتا ہے، ترقی پاتے جاتے ہین۔ انسانی فضیلتون کا اول ترین مظہر غالباً تحمل شدائد ہے، جس کے اظہار کا وحشیانہ زندگی مین ہر ہر قدم پر موقع رہتا ہے، اور جسے وہ لوگ دلیل فضیلت سمجھتے ہین۔ ہیئت اجتماعی جب تک ایک غیر مہذب و غیر متمدن حالت مین رہتی ہے، اس قسم کے واقعات بہت عام رہتے ہین، لیکن جون جون اس مین تنظیم و تہذیب آتی جاتی ہے، اس صنعت کے اظہار کے مواقع شاذ ہوتے جاتے ہین اور تمدن کی ترقی کے ساتھ جو جو آلات و ایجادات پیدا ہوتے جاتے ہین، وہ طبائع کو بجائے جفاکشی و تحمل شدائد کے آرام و سہولت کا خوگر کرتے رہتے ہین اور اس طرح انسان کو لازمی طور پر

تن آسانی مین زیادہ مزہ آنے لگتا ہے - پھر وحشیانہ زندگی مین جس آسانی کے ساتھ ترک دُنیا، گوشہ نشینی، ورہبانیت ممکن ہے، وہ سوسائٹی کے جنجال مین پھنس جانے کے بعد، کیونکر ممکن رہ سکتی ہے - جب ہر شخص کسی نہ کسی تجارتی وکاروباری جال مین جکڑا ہوا ہوتا ہے، جب تحصیلِ زر مطمح نظر بن جاتا ہے، جب تمدن زائیدہ سہولتین اور تن آسانیان ہر شخص کا قبلہ مقصود بن جاتی ہین، اور جب خود قانون، جواز وعدم جواز کا معیار کسی شے کے حق و باطل ہونے کو نہین، بلکہ محض اس کی حیثیت افادی کو قرار دے دیتا ہے، تو یہ تمام صورت حالات بدل جاتی ہے - ان حالات کے درمیان نفس کشی، اتقا، وتحمل شدائد کی طرف نہ کسی کی توجہ رہ جاتی ہے، اور نہ یہ اوصاف کچھ قدر کی نگاہون سے دیکھے جاتے ہین -

اسی کے پہلو بہ پہلو ترقی تمدن کے یہ بھی عوارض ہوتے ہین کہ انتقام گیری کی قوت افراد کے ہاتھ سے نکل کر حاکم عدالت کے ہاتھ مین آجاتی ہے، جو جذبات سے علیحدہ ہوکر محض شہادت کی بنا پر فیصلہ صادر کرتا ہے، خانہ جنگیون اور روزانہ کشت وخون کے بجائے قوم کے مشاغل پُرامن ہوجاتے ہین، مذاق مین بجائے وحشت وکرختگی کے ایک لطافت ونفاست آجاتی ہے، اور پھر سب سے بڑھکر یہ کہ تعلیم کی اشاعت کے باعث قوت تخیل نہایت قوی ہوجاتی ہے - یہی قوت متخیلہ درحقیقت ہمارے قوائے اخلاقی وذہنی کے درمیان رابطہ کا کام دیتی ہے - اگر یہ نہ ہو، تو ہم دوسرون کے سخت سے سخت مصائب سے دراسی متاثر نہ ہون - ظاہر ہے کہ ہم جتنا زیادہ کسی مصیبت زدہ کے دکھ درد کا اپنے تخیل مین احساس کرسکین گے، اُسی نسبت سے ہم اُس کے ساتھ زیادہ ہمدردی بھی کرسکتے ہین - یہ اسی متخیلہ کے عمل کا نتیجہ ہے، کہ ہم سے

ہزارون کوس کے فاصلے پر اگر کسی کو کوئی عالمگیر مصیبت، مثلاً کسی بڑے زلزلے کسی عظیم الشان سیلاب، کسی وسیع آتش زدگی کی واردات پیش آجاتی ہے، تو ہم اس سے اتنا اثر قبول نہین کرتے، جتنا اپنے گرد و پیش کے کسی فرد واحد کی ہولناک موت سے۔ اور یہ اسی متخیلہ کی کرشمہ سازی ہے، کہ ہم مشاہیر افراد کی، جن کی زندگی کا ایک ایک خط و خال ہمارے پیش نظر ہوتا ہے، ہر جزوی مصیبت پر اشک افشانی و سینہ کوبی کو تیار ہو جاتے ہین، بہ خلاف اس کے بڑی بڑی جماعات کی مظلومیت و سرفروشی، جن کا نقش ہماری آنکھون کے سامنے بالکل دھندلا ہوتا ہے، ہمین متاثر کرنے مین بالکل ناکام رہتے ہین۔ سکندر اعظم آج مشاہیر رجال عالم کا سرتاج ہے اس کی سوانح زندگی کا ایک ایک حرف ہمین فوک زبان ہے۔ لیکن کتنے ایسے ہین جن کو یہ یاد ہے کہ یہ وہی شقی و ظالم ہے، جس نے تیس ہزار آزاد انسانی ہستیون کو غلام بنا کر فروخت کیا، اور ٹایر مین ۲۰۰۰۰ نفوس بشری کو گرفتار کر کے قتل کر ڈالا! جولیس سیزر کی شہرت و عظمت کے افسانے ہمین ازبر ہین، لیکن کیا کسی کو یہ بھی یاد ہے کہ اس کی شہرت کا منارہ گیارہ لاکھ انسانی ہستیون کے قطع شدہ سرون پر قائم ہے؟ ہم جب یہ سنتے ہین کہ نپولین اعظم پر قید مین یہ یہ سختیان ہوتی تھین، تو ہم مین ہر شخص آبدیدہ ہو آتا ہے لیکن کیا کسی نے اُن ہزارون لاکھون مظلومون کی حالت پر بھی کبھی توجہ کیا ہے جن کو اس کی ہوس ملک گیری نے یتیم بنا دیا، بیوہ کر دیا، اور بے خانمان کر ڈالا۔ تیمور، بایزید و چنگیز، کو ہماری قوت متخیلہ دنیا کے اعاظم رجال مین شمار کرتی ہے، لیکن جو بے شمار انسانی جانین ان کے ظلم و ستم کے ہاتھون ضائع ہوئین، اُن کا بھولے سے بھی کوئی خیال

نہین کرتا۔

غرض ہمارے رحم، ہمدردی، وخداترسی کے جذبات، متخیلہ کے تمامتر تابع ہوتے ہین۔ اور جب اس حقیقت کے ساتھ ہم یہ مقدمہ ملاتے ہین کہ تعلیم سے تخیل کو ترقی ہوتی ہے، تو یہ لازم آتا ہے کہ تعلیم وشایستگی کی اشاعت کے ساتھ جذبات مذکور بھی پھیلتے رہین۔ اور یہ وہ نتیجہ ہے جس کی تصدیق مشاہدۃً ہم روزانہ کرتے رہتے ہین ایک جاہل شخص بجز اپنے ذاتی معاملات کے دنیا کے کسی کاروبار سے سروکار نہین رکھتا۔ دوسرے ملک، دوسرے مذہب، دوسرے طبقے کے لوگ اُس کے لیے بالکل غیر ہین۔ لیکن ایک تعلیم یافتہ شخص، اس کے مقابلے مین، دور دراز ممالک وغیر اقوام کے معاملات وحالات مین بھی پوری دلچسپی لیتا ہے۔ اُسکی زندگی محض اُس کے مادی ماحول قریبہ پر محدود نہین رہتی، بلکہ جب وہ کسی اخبار یا کتاب مین کسی غیر ملک کے متعلق کچھ پڑھنے لگتا ہے، تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ اس وقت وہین ہے۔ تخیل کی مدد سے وہ اس طرح بُعد زمانی ومکانی کو مٹا سکتا ہے۔ چنانچہ متمدن وشایستہ جماعات کے افراد کے احساسات جو لطیف ونازک ہوجاتے ہین، اور وہ لوگ ظلم کے خفیف سے خفیف تصور سے جو جھجک اُٹھتے ہین۔ اُس کا ایک سبب یہی ہے۔

یہان ظلم کا لفظ تشریح طلب ہے۔ یہ لفظ دو مختلف مفہومات پر دلالت کرتا ہے۔ ایک ظلم وہ ہے جو شقاوت وبے دردی سے پیدا ہوتا ہے، اور دوسرا وہ جو انتقام پرستی وکینہ پروری سے۔ اول الذکر زیادہ تر سخت گیر، تند خو، جنگ جو وفاتح اقوام کے درمیان، اور معتدل آب وہوا کے باشندون مین پایا جاتا ہے، اور اس کا سبب عموماً متخیلہ کی کمی ہوتا ہے۔ دوسرے قسم کے ظلم مین ایک طرح کی زنانی جھلک پائی جاتی ہے، اور یہ علی العموم اُن جماعتون مین پایا جاتا ہے، جو گرم

ممالک مین رہتی، مدت سے مظلوم چلی آتی، اور مغلوب الجذبات ہوتی ہین - یہ اکثر دیکھا گیا ہے کہ کینہ پروری و لطیف الاحساسی، اور شقاوت و شریف المزاجی کا ساتھ رہا ہے، لیکن کینہ پروری و شرافت، اور لطافت و شقاوت کا اجتماع شاذ و نادر ہی ہوا ہے - قدیم اہل روما مین انتہائی شقاوت و سنگ دلی کے ساتھ شرافت و نیک نفسی تھی، بہ خلاف اس کے موجودہ باشندگان اٹلی مین کینہ پروری و انتقام گیری کے ساتھ ذکی الحسی و لطافت مجتمع ہے - ظلم کے یہ اصناف دو گانہ میرے نزدیک ترقی تمدن کے ساتھ مختلف اسباب سے، اور مختلف مدارج مین دفع ہوتے جاتے ہین - مثلاً شقاوت تو اس لیے دفع ہوتی ہے کہ تخیل مین شایستگی و نفاست آتی جاتی ہے، اور کینہ پروری مین اسلیے ضعف آجاتا ہے، کہ انفرادی طریق انتقام گیری کے بجاے عدالتین قائم ہو جاتی ہین -

یہی قوت متصورہ، جس کی بنا پر ہم دوسرون کے دکھ درد کی ذہنی تصویر قائم کر سکتے ہین، ہمین اس قابل بھی بناتی ہے کہ ہم دوسرون کے خیالات و آرا کو بھی پوری طرح سمجھ سکین، اور اس سے لامحالہ ہم مین رواداری پیدا ہوتی ہے - فریقانہ تعصب و مغایرت کا، جو اکثر منافرت تک پہونچ جاتی ہے، اصلی باعث یہ ہوتا ہے کہ ایک فریق دوسرے فریق کے نقطۂ خیال پر پوری طرح عبور نہین حاصل کرتا - وہ ہمیشہ اُس اسپرٹ، اُس روح، سے نابلد رہتا ہے جو اس کے مخالفین کی ہوتی ہے اور یہین سے عدم سالمت و عدم رواداری کی بنیاد پڑتی ہے - لیکن اگر کسی شخص کی فضاے دماغی نہایت وسیع ہو جائے اور اُسے دوسرون کے ساتھ ایک ذہنی ہمدردی حاصل ہو جائے تو خود بخود اس سے وسیع المشربی و رواداری لازم آجائے گی پھر یہی سبب عموماً اس نفرت کا بھی ہوتا ہے، جو ہین مجرمون سے ہوتی ہے دوسرے

کو ارتکاب جرم کرتے ہوئے ہم سب دیکھتے ہین، لیکن جو حالات ذہنی اُس ارتکاب جرم کے باعث ہوئے، اُن پر شاذ و نادر ہی کسی کی نظر پڑتی ہے۔ کتنے اہل اتفا ایسے ہین، جو کسی شراب خوار، کسی زانی، کسی قاتل کی دماغی حالت کا صحیح تصور کر سکتے ہین؟ ہم کسی سخت جرم کا حال سُن کر بے اختیار مجرم کو بُرا بھلا کہنے لگتے ہین، لیکن اسے کبھی تصور مین نہین لاتے کہ اس بیچارے نے کن شدید جذبات سے مغلوب ہو کر ایسی حرکت کی ہوگی، یا یہ کہ اُس کی ناقص تربیت اُس کی اس بداخلاقی کی کہان تک ذمہ دار ہے۔ اور تو اور، اکثر ایسا ہوتا ہے کہ ہم خود اپنے ہی گذشتہ افعال کے حق مین سخت نامنصفانہ فیصلہ کر بیٹھتے ہین۔ ایک ضعیف العمر شخص اپنی نوجوانی کے افعال پر سخت افسوس کرتا نظر آتا ہے، حالانکہ اس وقت گو اُسے وہ افعال یاد رہے ہین، تاہم وہ اُن حالات و جذبات کو جو اُن کے محرک ہوئے تھے، بالکل بھول گیا ہے۔ پس اگر آپ ایک پاکباز شخص کو کسی مجرم سے سخت متنفر و بیزار پایئے تو اسے اول الذکر کی معصومیت و اتقا کی اس قدر واضح دلیل نہ سمجھیے، جتنا کہ اس کی قوت متصورہ کی کمزوری کو، جس کے باعث وہ مجرم کے مخصوص حالات و جذبات کو اپنے احاطۂ تخیل مین لا ہی نہین سکتا۔ اب چونکہ کسی شخص کی قوت متصورہ غیر محدود نہین ہو سکتی، اس لیے رواداری کامل تو صرف وہ ہستی مطلق رکھ سکتی ہے جو ہر فرد کے مقامی و زمانی خصوصیات کو حلقۂ تصور مین لا سکتی ہو، البتہ جُون جُون انسان کی قوت متصورہ وسیع ہوتی جاتی ہے، وہ سمجھنے لگتا ہے کہ آدمی کس حد تک بندۂ حوادث ہے، اور تشکیل سیرت مین کہان تک حالات کو دخل ہے۔ اس سے غلو و تعصب ہلکا پڑ جاتا ہے، اور رواداری و سالمیت بڑھ جاتی ہے۔

ایک قدم اور آگے بڑھایئے۔ یہ قوت متصورہ جسکا ہم ذکر کر رہے ہین، اپنے

ابتدائی مدارج مین صرف مادیات و محسوسات تک محدود رہتی ہی، اور مجردات پر حاوی نہین ہوتی۔ مجردات تک وہ رفتہ رفتہ ایک مدت ہی کی ترقی کے بعد محیط ہوسکتی ہی۔ کتابت کی ابتدا، پیرو غلاف یا خط تصویر کشی سے ہوئی، عبادت کی ابتدا بت پرستی سے ہوئی، خطابت کی ابتدا استعارہ سے ہوئی، فلسفہ کی ابتدا افسانہ سے ہوئی، غرض یہ کہ تخئیل ہر شعبہ مین مادیات و محسوسات سے شروع ہوتی ہی، اور تدریجاً مجردات و افکار تک پہونچتی ہی۔ یہ جو ارتقاء دماغی کے متوازی ارتقاء اخلاقی کے تین مشہور مدارج کہے جاتے ہین، یعنی بادشاہ پرستی، وطن پرستی، اور انسانیت پرستی، میرے نزدیک یہ تینون، اُن ادوار کے بالکل مماثل ہین جو تاریخ مذہب کی منازل ثلثہ قرار دی جاتی ہین، یعنی بت پرستی، کلمہ گوئی، اور اخلاقی ہم سطحی۔

ناظرین کو یہ نہ فراموش کرنا چاہیئے کہ یہ جو کچھ کلیات بیان کیے جارہے ہین، یہ صرف ایک تقریبی یا تخمینی حیثیت سے صحیح کہے جاسکتے ہین۔ درحقیقت ارتقاء اخلاقی کے قوانین مثل قوانین آب و ہوا کے ہین۔ ہم خط استوا کو مرکزی خط مان کر کچھ کلیات قائم کرتے ہین، کہ جو ملک اس کے قریب ہوئے تو آب و ہوا اس طرح کی ہوگی اور اگر اس سے فاصلہ پر ہوئے تو اس طرح کی ہوگی، اور علی العموم یہ کلیات صحیح ثابت ہوتے ہین، تاہم کہین کہین بعض اتفاقی اسباب ایسے پیش آجاتے ہین، جو ان مین ترمیم کردیتے ہین، مثلاً پہاڑ یا سمندر کا قرب، زمین کی بلندی وغیرہ۔ بعینہٖ یہی حال قوانین متعلقہ تاریخ اخلاق کا ہی۔ یعنی جو قوانین اساسی ہوتے ہین، اُن مین متعدد عوامل مختص المقام و مختص الوقت، مثلاً جغرافیائی خصوصیات، مذہبی نظامات، سیاسی آئین وغیرہ، ارتقاء اخلاق کے خط مستقیم کو جابجا سے کج کردیتے ہین لیکن اس سے اس حقیقت پر کچھ اثر نہین پڑتا، کہ اخلاق کی ایک تاریخ طبعی کا وجود ہی۔ ارتقاء اخلاق ایک خاص نہج و اسلوب پر ہو رہا ہی۔ یا بہ الفاظ دیگر، بعض محاسن اخلاق ایسے ہین، جو غیر متمدن جماعات کے عقلی مقتضیات کے لحاظ سے از خود پیدا ہوتے ہین، اور بعض ایسے ہین جو متمدن و شایستہ جماعات کے ساتھ مخصوص ہین۔ غیر متمدن جماعات کے محاسن اخلاق کو متمدن جماعات

محاسن توضرور تسلیم کرتی ہین، لیکن نہ اُن پر زیادہ زور دیتی ہین اور نہ اُن کے اظہار کا ان کے درمیان زیادہ موقع ہوتا ہی۔ اس طرح کے فضائل کی نمایان مثالین ہمارے خیال مین حسب ذیل ہوسکتی ہین، ایثار، تین الخطاط، فیاضی، وہمدردی کی اشاعت، اور بادشاہ پرستی کے بجاے حریت وحب وطن کا استیلا۔

ایک اور اخلاقی وصف، جسے تمدن کے ساتھ ساتھ ترقی ہوتی رہتی ہی، راستبازی ہی راستبازی سے یہی مراد نہین، کہ انسان دیدہ ودانستہ غلط بیانی سے پرہیز کرے، بلکہ واقعات کو بے کم وکاست بغیر سعی اخفا، روایت کرنا، اور کسی شی کو جب تک اس کی صحت وواقعیت کی طرف سے پوری تحقیق کے ساتھ اطمینان نہ ہوجائے، بیان نہ کرنا، یہ سب راستبازی کے مفہوم مین داخل ہی۔ راستبازی کی غالباً اولین صورت جس پر اکثر قدیم مذاہب مین زور دیا گیا ہی، سچا حلف اُٹھانا ہی، اس کے بعد رفتہ رفتہ ارتقاء کے اثر سے آج اس کی تین صورتین نمودار ہوگئی ہین، ایک تجارتی راستبازی، دوسری سیاسی تیسری عقلی یا دماغی۔ تجارتی راستبازی سے مراد معاملات کی صفائی اور بات کی پختگی سے ہی، بات کی آن بان اگرچہ ایک حدتک ایک سپاہیانہ خصوصیت بھی ہی، لیکن اس کا دارومدار زیادہ تر کاروبار کے پھیلاؤ پر ہی، کیونکہ گو بعض مواقع پر تجارت پیشہ اشخاص کو خیانت کی خاص تحریک ہوتی ہو، تاہم یہ قطعی ہی کہ کاروباری زندگی کی بنیاد، ساکھ پر ہی، اور اگر اعتماد باہمی ودیانت داری سے کام نہ لیا جائے، تو کاروباری زندگی کا خاتمہ ہوا جاتا ہی۔ اس بنا پر کاروباری ترقی کے ساتھ دیانت داری کی اس صنف کو بھی ترقی ہوتی رہتی ہی۔ تاآنکہ رفتہ رفتہ راستبازی، اخلاق کا سب سے زیادہ جلی عنوان قرار دے لی جاتی ہی، اور اسی معیار پر انسانی سیرت کی خوبی وزشتی کا فیصلہ کیا جاتا ہی۔ اور یہ صرف نظری حیثیت تک محدود نہین رہتا، بلکہ اس پر عملدرآمد کی بھی پوری کوشش کی جاتی ہی، چنانچہ یورپ کی جن قومون مین تجارتی کاروبار کو زیادہ فروغ ہی، وہ اس صنف اخلاق مین، اہل اٹلی، اہل ایبین،

واہل آیرلینڈ پر علانیہ فوق رکھتے ہین ان آخرالذکر جماعتون کے خصایص یہ ہوتے ہین کہ ان کے افراد وعدہ کی پابندی نہین کرتے، گفتگو مین مبالغہ کو معیوب نہین خیال کرتے، اور خفیف بددیانتی کو جائز رکھتے ہین، انگریز عموماً، ان کی یہ حالت دیکھ کر یہ نتیجہ نکالتے ہین، کہ یہ جماعات اخلاق سے معرّی ہین، لیکن یہ نتیجہ صحیح نہین۔ زیادہ تامل کے بعد معلوم ہوتا ہی کہ ان کی زندگی مین کاروباری اسپرٹ پیدا ہی نہین ہوئی، اور اس لیے یہ لوگ اس طرح کی ناراستیون کو کوئی اخلاقی جرم ہی نہین سمجھتے۔ ورنہ انھین جماعتون مین یہ کثرت ایسے افراد ملتے ہین، جو پاکیزگی اخلاق کے بہترسے بہتر نمونے ہوتے ہین جن کی زندگی نفس کشی وایثار کی تصویر ہوتی ہی، جن کے خمیر مین ہمدردی و فیاضی داخل ہوتی ہی، جن کے مذہبی معتقدات کو دنیا کی بڑی سے بڑی طمع یا بڑے سے بڑا خوف متزلزل نہین کرسکتا، اور صبر وقناعت جن کی سرشت کا جزو ہوتا ہی، لیکن باایںہمہ انھین ناراستی وبددیانتی مین مطلق تامل نہین ہوتا۔

کاروباری راستبازی ہی وہ صورت وحید ہی، جس مین صنعت وحرفت کی ترقی، ارتقاء اخلاق پر مفید اثر ڈالتی ہی۔ لیکن سیاسی راستبازی سے اس کا کوئی تلازم نہین یعنے یہ بالکل ممکن ہی کہ کسی جماعت مین تجارتی دیانت داری تو پوری طرح موجود ہو لیکن یہ نہ پایا جاتا ہو کہ امور مابہ النزاع مین مخالفین کے دلائل، شواہد وآرا کا ذکر انصاف وصفائی کے ساتھ کیا جائے۔ یہ وصف صرف آزاد جماعتون مین پایا جاتا ہی، اور اس کی اشاعت سیاسی زندگی ہی کے سبب سے ہوتی ہی۔ بحث ومباحثہ کے خوگر ہوجانے سے افراد مین یہ احساس پیدا ہوجاتا ہی کہ فریق ثانی کے نقطۂ نظر کو مخفی رکھنا ایک طرح کی ناانصافی ہی، اور یہ احساس رفتہ رفتہ عقلی زندگی کے تمام شعبون مین سرایت کرتا جاتا ہی، تاآنکہ یہ بھی قومی خصایص کا ایک جزو غیر منفک ہوجاتا ہی، اب ارتقاء ایک قدم اور بڑھاتا ہی۔ علم وتعلیم کی اشاعت، روشن خیالی کے اقتضا، اور معاشرت پر ایک عام فلسفیت

چھا جانے کے اثر سے انسان، راستی کو صرف راستی کے غرض سے اختیار کرنے لگتا ہے۔ حق کی صرف اس بنا پر پیروی کرنے لگتا ہے کہ وہ حق ہے۔ اس لیے کہ اس کے نتائج کہاں تک مفید ہوں گے۔ اور ذاتی و فریقانہ تعصبات سے بلند ہو کر اپنی عقل کو خالص دیانت داری کی راہ پر لگا لیتا ہے۔ اس دور میں پہونچکر افراد تنگ خیالی و محدود نظری کے قیود سے آزاد ہو جاتے ہیں، اور اُن میں بجائے فریقانہ پاسداری کے، ایک روشن خیال و وسیع المشرب فلسفی کی شان زیادہ پیدا ہو جاتی ہے۔

دیانت داری کے مذکورۂ بالا اشکال ثلثہ میں سے آخر الذکر دو صورتیں ایسی ہیں، جو صرف اعلیٰ ترین متمدن جماعات کے ساتھ مخصوص ہیں۔ خصوصاً آخری شکل یعنی عقلی دیانت داری کا تو بجز ایک متمدن دماغ کے اور کہیں گزر ہی نہیں ہو سکتا، اور یہ انسانی نشو و نما کا بہترین ثمر ہے، لیکن یہ نہ سمجھنا چاہیے کہ سیاسی و فلسفیانہ راستبازی کے نشو و نما کا راستہ بالکل صاف رہا ہے کیونکہ واقعہ یہ ہے کہ علما مذہب، قدم قدم پر اس کی مخالفت بیجا کرتے رہے ہیں۔ اور صدیوں تک ان کا یہ شیوہ رہا کیا ہے، کہ جہاں کوئی تصنیف ان کے عقائد کے خلاف نکلی، بس اس کو ممنوع الاشاعت قرار دیدیا، اور پھر جب اتنا اقتدار باقی نہ رہا، تو یہ کوشش تو بہر صورت جاری رکھی، کہ آزاد خیالی و روشن خیالی کو معصیت قرار دیتے رہے۔

کاروباری معاشرت کے اخلاقی اثرات میں سے علاوہ اُن کے جن کا ذکر گزر چکا، دو اور قابل ذکر ہیں۔ ایک یہ کہ جماعت میں کاروباری پھیلاؤ سے دو بالکل مختلف طرح کی سیرتوں کی تشکیل ہوتی ہے۔ ایک تو کفایت شعاری کی تحریک ہوتی ہے۔ دوسرے اسراف کی۔ ہر دو تحریکات کا منبع اصلی، مادی سہولتوں کی آرزو سے حصول ہوتی ہے، لیکن یہ ایک خواہش دو بالکل مختلف بلکہ متضاد رنگوں میں جلوہ گر ہوتی ہے۔ کفایت شعاری کا سارا زور احتیاط و دور اندیشی پر ہوتا ہے، اور اسراف معالی حوصلگی کے بل بوتے پر ظاہر ہوتا ہے۔

کفایت شعاری زندگی کو منظم بناتی ہے۔ انسان مین اعتدال، سنجیدگی، ضبط، خودداری، مشقت پسندی، اور تمام وہ خصوصیات جو ایک بھلے مانس مین ہونے چاہییں پیدا کرتی ہے۔ لیکن اسی کے ساتھ اس کا بھی احتمال رہتا ہے کہ انسان مین فیاضی و ہمدردی کے سرچشمہ کو خشک کر دے، اور اُسے تنگ خیال بنا دے۔ اس کے مقابلہ مین اسراف آدمی مین تلون، عدم استقلال، زود تاثری، پیدا کرتا ہے، لیکن ساتھ ہی ہمدردی و فیاضی کے جذبات کو بھی تقویت دیتا جاتا ہے، غرض یہ کہ کاروباری پھیلاؤ سے ہر دو تحریکات پیدا ہوتی ہین، رہا یہ کہ کسی خاص جماعت مین ان مین سے کون تحریک زیادہ شایع ہوتی ہے تو یہ اُس جماعت کے مخصوص حالات و مقامی اثرات پر موقوف ہے۔ مثلاً جو لوگ لین دین و کاروبار کے بڑے بڑے مرکزون مین مقیم رہتے ہین، اُن مین اسراف زیادہ پھیلتا ہے، اور جو لوگ مرکزی مقامات سے دور، ایسی جگہون پر رہتے ہین جہان افزایش ثروت، صرف تدریجی اجتماع زر سے ممکن ہے، اُن مین لازماً کفایت شعاری کو ترقی ہوتی ہے۔

کاروباری معاشرت کا اخلاقی زندگی پر دوسرا اثر یہ پڑتا ہے کہ افراد مین دور اندیشی و پیش بینی کا مادہ پیدا ہو جاتا ہے۔ مذہبی زندگی کے ادوار ابتدائی مین انسان ہر واقعہ کو علل و اسباب کے سلسلہ سے علیحدہ براہ راست حکم ایزدی کا نتیجہ سمجھتا ہے، اور اسلیے کسی طرح کا سامان اس کی روک تھام کا نہین کرتا بلکہ ہر قسم کی کوششون پر توکل کو غالب رکھتا ہے۔ بہ خلاف اس کے کاروباری تمدن مین، پیش بینی جائز ہی نہین بلکہ فرض اور فرض ہی نہین بلکہ اعلیٰ ترین فرض سمجھی جاتی ہے۔ اس دور مین ہر نیک چلن و خوش اطوار کا فرض ہوتا ہے کہ وہ اپنی شادی اُس وقت تک ملتوی رکھے، جب تک اُس کی آمدنی اس قدر نہ ہو جائے کہ وہ اپنی بیوی بچون کے مصارف کا متحمل ہو سکے، یا پھر اسی طرح خرچ کرتے ہوئے وہ صرف اپنی آمدنی ہی یا اپنی ذاتی ضروریات کا لحاظ نہین رکھتا، بلکہ اولاد کی پرورش و پرداخت، لڑکون کی تعلیم، لڑکیون کے جہیز وغیرہ متعدد چیزون کو پیش نظر رکھتا ہے، اور انجام بینی گویا اس کی زندگی کا جزو بن جاتی ہے۔ درحقیقت

ترقی تمدن کا اس سے بہتر کوئی معیار ہی نہین، کہ یہ دیکھا جائے کہ افراد مین انجام اندیشی کہان تک جاری وساری ہی۔ توکل و رضا بہ قضا کا تخیل یا تو سرے سے مٹ جاتا ہی، اور یا اس کے معنے صرف یہ رہ جاتے ہین کہ جن چیزون کو کوئی انسانی پیش بینی، کوئی سعی بشری ٹال نہین سکتی تھی اُن پر صبر کیا جائے۔

علاوہ دیگر موثرات کے، اس انقلاب حالت کا بھی یہ نتیجہ ہوتا ہی کہ جون جون تمدن کو ترقی ہوتی جاتی ہی، افراد کے دلون سے تقدس کا جذبہ مٹتا جاتا ہی۔ معیار افادیت پر جانچیے، تو اس جذبہ کی قیمت بہت مشتبہ رہے گی، اس معنی کر کے کہ آپ کے لیے یہ فیصلہ کرنا یقیناً دشوار ہی، کہ اس سے دنیا مین جو مسرت و راحت پھیلی ہی، اُس کا پلہ بھاری ہی، یا اُس تکلیف و اذیت کا جو مذہبی وہم پرستی و سیاسی غلامی کی صورت مین اس سے پیدا ہوئی ہی۔ لیکن مسرت افزائی کی بنا پر جو چاہیے، کہہ لیجیے، تاہم اس قدر تسلیم کرنے سے شاید ہی آپ انکار کر سکین کہ جن افراد مین یہ جذبہ غیر موجود ہوتا ہی، وہ اخلاق کے اعلیٰ مدارج طے کرنے کے ناقابل ہوتے ہین۔ درصل فضائل اخلاق کی تمام صورتون مین صرف یہی ایک وصف ایسا ہی، جس سے متعلق ہم "لطیف"، یا "جمیل" کی صفت استعمال کر سکتے ہین۔ مگر با این ہمہ تمدن کا تقاضا ہی کہ اس جذبہ کو مٹا دیا جائے، کیونکہ جذبۂ تقدس کا اصل منبع انسان مین یہ احساس ہی کہ وہ کسی دوسرے کا محکوم و محتاج ہی، اسی واسطے یہ جذبہ مذہبیت کے اُس دور مین پیدا ہوتا ہی، جب یہ اعتقاد عام طور پر شایع ہوتا ہی کہ جو کچھ پیش آتا ہی، وہ پیشتر سے مقدر مین تحریر ہو چکا ہوتا ہی، یا سائنس کے اس عہد مین پیدا ہوتا ہی، جبکہ ہر واقعہ طبعی براہ راست کسی حاکم مطلق کے فرمان کی تعمیل سمجھا جاتا ہی، یا پھر حیات سیاسی کے اُس دور مین پیدا ہوتا ہی، جب وفاداری یا بادشاہ پرستی، رعایا کے خمیر مین داخل ہوتی ہی، اور جبکہ طبائع مین بجز انقیاد و فرمان برداری کے کسی قسم کا حوصلہ موجود ہی نہین ہوتا۔ غرض یہ کہ اس کا وجود ایسے ہی زمانے مین ہوتا ہی، جبکہ بغاوت، جمہوریت، و تشکیک کا تخیل پیدا ہوتا ہی۔

لیکن ہر بڑا انقلاب، خواہ وہ حالات مین ہو خواہ اقلیم افکار و معتقدات مین، جذبات کی نوعیت مین بھی انقلاب پیدا کرتا رہتا ہی، چنانچہ کچھ عرصہ مین یہ نظر آنے لگتا ہی کہ حریت کی خواہش، جمہوریت کی ہوا، تنقید کی اشاعت، افزایش آبادی، نقل و حرکت کی سہولتین اور اقتصادی تغیرات جنھون نے ذات پاک کی بندشین توڑدی ہین، یہ سب کی سب ایسی قوتین ہین، جن کے ہاتھون دوشیزۂ ایمان غیر ملموس رہ ہی نہین سکتی، بے شبہ آج ہم مین فیاضی، اخلاقی جرات، بلند حوصلگی عقلی دیانت داری، حریت پسندی وہم شکنی، وغیرہ متعدد اوصاف حمیدہ پیدا ہو رہے ہین، لیکن وہ سادہ و معصومانہ کیرکٹر جو اپنے مین بیحد انکسار، اور دوسرون پر بیحد اعتماد رکھتا تھا، آج ناپید ہی۔ اب فطرت کے دلکش مناظر کے مشاہدہ سے چند ہی نفوس ایسے ہون گے جن مین جذبۂ تقدس پیدا ہوتا ہی، ورنہ علی العموم تو اس سے ذہن یہ نتیجہ اخذ کرتا ہی کہ نظام فطرت، اٹل اور ناقابل تغیر قوانین کے بل پر چل رہا ہی، جس مین جذبۂ تقدس ہی کی کوئی گنجایش نہین اس جذبہ کے مظاہر لطیف اگر پائے جاتے ہین، تو موجودہ فرانس و امریکہ کے تمدن مین نہین، بلکہ اُن دور افتادہ قومون مین کہ جن کے نام سے بھی متمدن افراد گوش آشنا نہ ہون گے یا اگر فنی حیثیت سے اس کے نمونے کہین ملتے ہین، تو موجودہ ماہرین فنون لطیفہ کی صناعیون مین نہین، بلکہ صدیون پیشتر کے ٹوٹے پھوٹے آثار قدیمہ مین۔ ضعیف الاعتقادی کا ایک دور ہوتا ہی، اور ہر دور کی طرح یہ دور بھی اپنے کچھ امتیازی خصوصیات رکھتا ہی، جن کے مٹے بغیر، تمدن و شایستگی کا دور شروع ہی نہین ہو سکتا۔

تعلقات جنسی کی بنا پر جن فضائل و رذائل کی تکوین ہوتی ہی، اُنھین کلیات و تعمیمات کی شکل مین بیان کرنا دشوار ہی، کچھ تو اس لیے کہ اس موضوع پر شرم و حجاب کچھ زیادہ کہنے سننے کی اجازت نہین دیتا، اور کچھ اس لیے کہ اس کی تاریخ، حالات مخصوص سے بہت متاثر ہوتی رہی ہی۔ اس سے پیشتر ہم نے جن حاسات اخلاقی کا ذکر کیا، اُن کا

ارتقا صرف معمولی وعام موثرات سے متاثر ہوتا تھا، اور خارجی عوامل کا اگر اثر ہوتا تھا تو محض ضمناً۔ ذاتی حسن اخلاق کی توسیع، ایثار و بادشاہ پرستی کا انحطاط، اور کاروباری عوائد کی اشاعت، ایسی چیزیں ہیں، جو عموماً ہر تمدن کے لیے لازمی ہیں، اور اس لیے اس کا ارتقا مختلف اقوام میں متحد اصول کے ماتحت ہوتا ہے لیکن اعمال شہوانی کے ارتقا کا سراغ لگانا اس قدر آسان نہیں۔ قوانین ازدواج، غلامی کا رواج، اور مذہبی عقاید وغیرہ کا اس مسئلہ پر انتہائی اثر پڑا ہے۔ مسیحیت کا اس پر کیا اثر پڑا ہے، اس کی تفصیل تو میں کہیں آیندہ کروں گا۔ یہاں صرف دو ایک عام اور موٹی باتیں اس خاص معصیت کے متعلق کہتا ہیں، اور یہ بتاتا ہے کہ تمدن کے مختلف مدارج کا اس کے ارتقا پر کیا اثر پڑا ہے۔

ہمارے معاصرین کا ایک عام دستور یہ ہے کہ وہ اقوام میں ناجائز بچوں کی شرح پیدایش دریافت کرتے ہیں، اور اس سے اُن کی بداخلاقی پر استناد کرتے ہیں۔ لیکن میرے نزدیک یہ طریقہ سخت مغالطہ آمیز و گمراہ کن ہے۔ کیونکہ قطع نظر اس صریحی نقصان کے کہ اس میں معمولی تماش بینی کا کوئی لحاظ نہیں رکھا گیا ہے، اس میں ایک بڑا نقص یہ بھی ہے کہ اس حقیقت کو بالکل نظر انداز کر دیا گیا ہے کہ گو بہت سے اسباب کا نتیجہ ناجائز اولاد کا پیدا کرنا ہی ہوتا ہے، تاہم وہ شہوت پرستی پر ہرگز دال نہیں ہوتے۔ مثلاً انگلستان کے بعض اقطاع میں یہ جو خیال شایع ہے کہ نکاح سے پچھلی شہوانی لغزشیں دُھل جاتی ہیں، یا یورپ کے بعض ممالک میں یہ دستور رائج ہے کہ بغیر رسم نکاح کے مرد و عورت ایک مستقل جنسی تعلق پیدا کر لیتے ہیں۔ ان خیالات و رواجات کو ہم خواہ کتنا ہی لغو و مہمل سمجھیں تاہم یہ نتیجہ تو بہرحال نہیں نکلتا، کہ جن جماعتوں میں یہ رائج ہیں، وہ سخت بدچلن و شہوت ران بھی ہیں۔ چنانچہ سویڈن کے بابت تو پختہ طور پر معلوم ہے کہ اگر ناجائز بچوں کی تعداد ہی کو معیار بدچلنی قرار دے لیا جائے تو اس سے بڑھ کر کوئی بدچلن ملک نہیں، حالانکہ اس کا

اصلی باعث وہ شدید رکاوٹین اور دقتین ہین، جو وہان کے قوانین ازدواج نے شادی کے متعلق پیدا کر رکھی ہین۔ پھر شہوت رانی کے مختلف مظاہر کے جو فروق ہوتے ہین، ان کی بھی کوئی توجیہ و تعلیل محض اعداد کے بھروسہ پر نہین ہوسکتی۔ فرانس کا وحشیانہ، بہیمانہ، و نمایشی تعیش، اٹلی و اسپین کی لطیف و نازک طرز عیش، اور بعض شمالی اقوام کی مخفی شہوت رانی، یہ سب ایسے جذبات سے پیدا ہوتے ہین، جو باہم بالکل مختلف ہین، اور جن کا افراد کی سیرت پر اثر بھی بالکل مختلف پڑتا ہی۔

اخلاق کی اس صنف پر آب و ہوا کا بھی نہایت گہرا اثر پڑتا ہی، نہ صرف اس حیثیت سے کہ جذبات کو برانگیختہ اور مدھم کرنے مین آب و ہوا موثر ہوتی ہی، بلکہ اس کا اثر اس حیثیت سے بھی گو بالواسطہ ہوتا ہی، مگر نہایت قوی ہوتا ہی، کہ عورت کے مکانات کے اندر رہنے یا باہر پھرنے کو اس کی سیرت و مذاق کی تشکیل اور اس کے مرتبہ کی تعیین مین دخل عظیم ہوتا ہی، اور یہ بجاے خود موسم کی نوعیت پر منحصر ہی، پھر اس سوال کا، کہ کسی ملک مین صنف نازک کے کن کن طبقات مین حُسن پایا جاتا ہی، جو اب بھی بہت کچھ موسمی حالات پر مشروط ہی، مثلاً شمالی ممالک مین حُسن کا معیار، رنگ خیال کیا جاتا ہی، لیکن ہوا کی سردی اور مشقت شدید، رنگ کی نزاکت و تازگی کی قاطع ہوتی ہین، اس لیے ان ممالک مین غربا کے طبقہ مین حسن معدوم ہی۔ بہ خلاف اس کے جنوبی ممالک مین، آفتاب کی تیز شعاعین، رنگت کو اور نکھار دیتی ہین، اس لیے یہان حسن کسی خاص طبقہ مین محدود نہین، بلکہ جھونپڑے اور محل دونون جگہ یکسان پایا جاتا ہی۔

معلوم ایسا ہوتا ہی کہ عفت و پاکدامنی کا وجود اُن جماعتون مین سب سے زیادہ ہوتا ہی جو نیم شائستگی کی حالت مین ہوتی ہین، مگر بربریت کی منزل سے گزر چکی ہوتی ہین، اور اعلیٰ تہذیب و شائستگی کا وجود، اس کے حق مین سخت مضر ہی۔

دراصل، شہوت پرستی، نوعمر افراد، اور کبیر السن اقوام کے خصایص مین داخل ہوتی ہی جو قومین، ذہنی یا معاشری حیثیت سے اعلیٰ ترین سطح تمدن پر پہونچ چکی ہوتی ہین، مگر جو سیاسی اسباب کی بنا پر اپنی قوتون کے اظہار کا کوئی معقول مصرف نہین رکھتین، ان کی عام کیفیت یہ ہوتی ہی کہ ان مین اصول لذتیہ کا عملدرآمد رہا کرتا ہی۔ بڑے بڑے شہرون مین چند افراد کے پاس جو کثیر التعداد دولت مجتمع رہتی ہی، اور عام طور پر لوگون مین جو عیش پسندی کے جذبات پیدا ہوتے رہتے ہین، ان کا قدرتی نتیجہ یہ ہوتا ہی، کہ عفت نسائی کے بقا کی کوئی صورت نہین رہنے پاتی، اور پھر تفریح و تماشہ کے جو طریقہ علی العموم رائج ہوتے ہین وہ اور اس جذبۂ عفت کو فنا کرنے مین معین ہونے لگتے ہین۔ بعینہٖ اُسی طرح کہ جیسے زنا، بربریت کی وحشیانہ تفریحات، ظلم و شقاوت کی تخلیق کا باعث ہوتی ہین، دور شایستگی کے عواہد معاشری، ڈراما، وغیرہ دلون مین شہوت رانی کے جذبات برانگیختہ کرتے ہین پھر اشاعت تعلیم کا یہ اثر ہوتا ہی کہ غریب طبقہ کی بہت سی عورتین، تعلیم و تہذیب کے زور سے آراستہ ہوکر اس قابل نہین رہتین، کہ اپنے ہی طبقہ کے مردون کے پہلو مین زندگی گزار دین، بلکہ اس قابل بن جاتی ہین کہ اونچے طبقون مین بیاہ کر جائین۔ کاروباری مشاغل بے شبہ طبایع مین بہت ضبط نفس پیدا کرتے ہین، اور خصوصاً عسکریت کو تو بالکل محدود ہی کر دیتے ہین، تاہم ان سے جو مزاج مین پیش بینی کا مادہ پیدا ہو جاتا ہی، وہ افراد کو اس پر آمادہ کرتا ہی کہ شادی بہت بڑی عمر مین کرین، اس سے نوعمری مین طرح طرح کے ترغیبات و تحریصات کا مقابلہ کرتے رہنا پڑتا ہی، اور کثرت ترغیبات ہمیشہ کثرت بدچلنی کا باعث رہتی ہی۔ رہا یہ کہ تحدید نسل پر تجرد ارادی کا کہانتک اثر ہوا ہی؟ تو تاریخ سے معلوم ہوتا ہی کہ اس کا اثر بہت ہی کم رہا ہی۔ اس بارہ مین روک تھام کی جو کچھ قوت ہی وہ اُن اخلاقی و جسمانی مفاسد مین ہی، جو اس سے نتائج کے طور پر پیدا ہوتے ہین، اور یہ دونون چونکہ باہم خود متناقض ہین، اس لیے اکثر ان کے درمیان تناسب معکوس پایا جاتا ہی۔ یہ پایا جاتا ہی کہ

کہ ایک کی کمی دوسرے کی زیادتی کی مستلزم ہی۔ مثال کے لیے ہم آیرلینڈ کو لیتے ہین، یہان صغرسنی کی شادی کا عام رواج ہی، اور اسی بنا پر یہان کے زراعت پیشہ طبقہ مین عفت نسائی کا وجود جس قدر پایا جاتا ہی، اُس کے لحاظ سے اہل آیرلینڈ کو سارے یورپ مین امتیاز حاصل ہی، لیکن یہی رواج، جو ایک طرف آیرلینڈ والون کی اخلاقی برتری کا ضامن ہی، دوسری طرف اُن کے افلاس کا بھی ذمہ دار ہی، اور ان کی تجارتی ترقی کی راہ مین سخت رکاوٹ حایل کیے ہوئے ہی۔ ان لوگون مین اگر عفت و عصمت کا اس قدر خیال نہ ہوتا، تو یہ یقیناً زیادہ مرفہ الحال ہوتے۔ وہ ہیبتناک قحط، جس نے اس صدی (یعنی اُنیسوین صدی مین) آیرلینڈ مین گھر کے گھر صاف کر دیے، اگر کسی ایسے ملک مین آتا، جہان کے باشندون مین اجتناب معاصی کے بجاے اجتماع ثروت پر زیادہ توجہ ہوتی، تو ہمین یقیناً وہ نظارہ نہ دیکھنا پڑتا، جو آیرلینڈ مین پیش آیا۔

آیرلینڈ کی مثال سے ہمین یہ نتیجہ بھی حاصل ہوتا ہی کہ کوئی حاسۂ اخلاقی جن مخصوص حالات کی بنا پر پیدا ہوتا ہی، کچھ ضرور نہین کہ اُس کا اثر انھین حالات تک محدود رہے، بلکہ اکثر وہ ان سے متجاوز بھی ہو جاتا ہی۔ یہ بات ہی کہ آیرلینڈ کے پادریون اور راہبون سے بڑھکر متقی اور پاکباز راہب یورپ بھر مین کہین نہین ہوتے، حالانکہ تجرد کے عہد سب ہی کرتے ہین۔ تجرد کے مدعی بہت سے ہوتے ہین، مگر اپنے عہد کا عملی نباہ جیسا آیرش پادری و راہب کرتے ہین، اور کوئی نہین کرتا۔ ان کی یہ پاکبازی اس لیے اور بھی حیرتناک ہی کہ اُن کی حکومت کا مذہب پروٹسٹنٹ ہی، رومن کتھولک نہین، اور اس واسطے ان کی عہد شکنی پر مواخذہ کرنے والا کوئی محتسبانہ قانون بھی رائج نہین۔ پھر موسمی خصوصیات بھی اس کیفیت کا کافی سبب نہین بن سکتے۔ مگر اس کا اصل باعث جو ہی، وہ میرے نزدیک بہت کھلا ہوا ہی، اور وہ یہ ہی کہ صغرسنی، یعنی ابتداے بلوغ مین شادی ہو جانے کے عام دستور سے یہان کے راہبون مین شروع ہی سے ناجایز تعلقات کی جانب سے سخت نفرت کا جذبہ

پیدا ہوجاتا ہی، اور یہی طبعی ناپسندیدگی و نفرت انھین مدۃ العمر عہد تجرد کے نباہ دینے پر قایم و ثابت رکھتی ہی۔

بیانات بالا سے ناظرین کو نظر آگیا ہوگا، کہ گو نیکی و بدی اپنی اصلی ماہیت کے لحاظ سے ہمیشہ یکسان و غیر متغیر رہتی ہین، مگر سوسائٹی کی ترقی کے ساتھ مختلف نیکیون اور بدیون کے اخلاقی تخیلات مین فرق ہوتا رہتا ہی، اور اس مین بھی تغیر ہوتا رہتا ہی کہ وہ اخلاقی تخیلات سوسائٹی کے مختلف مدارج مین عملاً برتے کس حد تک جاتے ہین۔ ناظرین پر یہ بھی واضح ہوگیا ہوگا کہ گو جماعتون مین اخلاقی ترقی ہوتی رہتی ہی، تاہم یہ نہین کہا جا سکتا کہ کوئی اخلاقی ترقی خالص و بے آمیز ہوتی ہی۔ یہ بالکل ممکن ہی کہ کسی جماعت مین فضائل اخلاق زیادہ پیدا ہون اور رذایل کم، لیکن یہ نہین ممکن ہی کہ رذایل سرے سے پیدا ہی نہ ہون۔ بہت سے محاسن اخلاق ایسے ہین، جو متمدن اقوام مین معدوم ہوتے ہین، اُسی طرح جیسے کہ بہت سی اخلاقی خوبیان صرف غیر متمدن جماعات ہی مین موجود ہوتی ہین مثلاً ایک با اخلاق شخص کے لیے اس سے بڑھ کر دردناک و تاسف انگیز منظر اور کیا ہوسکتا ہی کہ ایک مظلوم قوم کسی اجنبی حکمران کے مظالم کا تختۂ مشق بن رہی ہو، لیکن واقعہ یہ ہی کہ ایثار، سرفروشی، جانبازی، و اخوت حقیقی کے جیسے نظایر اس محکوم قوم مین ملین گے، ویسے غالباً اور کہین نہین ملنے کے، اور جون جون، حریت پھیلتی جائے گی، ان مخصوص محاسن اخلاق کے وجود مین کمی آتی جائے گی یا مثلاً جنگ، کہ یقیناً ہولناک معاصی کا پیش خیمہ ہی، تاہم اس سے کون انکار کرسکتا ہی کہ وہ بہت سے ایسے اعمال حسنہ کی بھی مظہر ہوتی ہی، جو حالت امن و صلح مین ظاہر ہی نہین ہوسکتے، اور نوادر خود قمار بازی سے جو محاسن گوناگون مترتب ہوتے ہین، (مثلاً یہ کہ جو لوگ اس مین ہارتے ہین، وہ صبر کے ساتھ مالی نقصانات کو برداشت کرنے کے خوگر ہوجاتے ہین وغیرہ) ان تک سے اغماض نہین کیا جا سکتا۔

مختلف اقوام کے مدارج تمدن مین اب تک اس قدر اختلاف ہی کہ مختلف اقطاع ارض

گویا مختلف ادوار ہین، یعنی دنیا مین ابتک عہد بہ عہد جتنے تمدن، پست یا بلند، گزرے ہین، اُن سب کے نمونے آج بھی مختلف قومون مین نظر آتے ہین، لیکن یہ اختلافات جلد جلد مٹتے جاتے ہین، چند اسباب سے، کچھ تو اس سبب سے کہ علم و تعلیم کی اشاعت عالمگیر ہوتی جاتی ہی، کچھ اس لیے کہ وسایل سفر و نقل و حرکت کی سہولتون نے مشرق و مغرب کے ڈانڈے ملا دیے ہین، اور پھر کچھ اس کی تہ مین وہ سیاسی و جنگی اسباب بھی ہین، جو سارے یورپ کو مرکزی و جمہوری ریاستہاے متحدہ کی شکل مین تبدیل کر رہے ہین۔ مگر یہ انقلاب ایک معنی کر کے افسوسناک، اور اس کے اس پہلو کا مخالف و موافق سب کو اقرار ہی کیونکہ قطع نظر اس کے، کہ یہ چھوٹی چھوٹی ریاستین، جنھین کچھ مدت مین آپ تلاش سے بھی یورپ کے جغرافیہ مین نہ پاے گا، اپنی رعایا کی آسان و آرام دہ طرز معاشرت، مالی خوشحالی، سیاسی آزادی، علمی ترقی و مشاغل صلح، کے لحاظ سے بڑی بڑی سلطنتون پر فوق رکھتی ہین، ایک بڑی بات یہ ہی کہ امن داشتی، قناعت و استغنا کے مناظر، جن کا تمدن جدید مین کہین شایبہ بھی نہین، انھین مقامات مین نظر آتے ہین، اور اس مین شبہ نہین کہ بین الاقوامی اخلاق کا سہارا انھین چیزون کے دم سے ہی۔ خالقاہون کے قیام و اجرا کا جو طریقہ پیشتر جاری تھا، وہ یقیناً ایک خاص قسم کی سیرت رکھنے والے اشخاص کے لیے نہایت قابل قدر ملجا و مامن تھا، مگر افسوس ہی کہ وہ جدید تمدنی انقلاب جس کا خمیر نا عاقبت اندیشی سے ہی، مادّیت روز افزون کے اُس مصلح کی بھی جڑ کاٹ رہا ہی۔ ہر قوم کے لیے بجاے خود تو یہ بے شبہ مفید ہی کہ اُسے شایستگی کے بلند ترین بام پر پہونچنا چاہیے، لیکن یہ نہایت مشتبہ ہی کہ نوع انسان کے لیے تمام قومون کا تمدنی حیثیت سے ہم سطح ہو جانا (عام اس سے کہ وہ تمدن کی بلند ترین سطح ہی کیون نہ ہو) مفید ہے کیونکہ مین تو یہ سمجھتا ہون کہ ارتقاء اخلاقی کی تکمیل کے لیے اختلاف حالات و اختلاف موثرات کا وجود لازمی ہی، اسی واسطے میرا یہ بھی خیال ہی کہ اخلاقی حیثیت سے مختلف

ذاتون اور طبقون کی جداگانہ سیاسی نیابت قابل ترجیح ہی عام و مشترک نیابت پر، نیز تمدن کے مختلف مدارج کا قیام بہتر ہی، تمدن کی ہم سطحی و ہم رنگی سے، کیونکہ پہلی صورت مین حالات و موثرات کے تنوع و جگونگی سے اخلاق کے ہر پہلو کا پورا نشو و نما ہوتا رہے گا۔ ہندوستان و آسٹریلیا کے نیم وحشیانہ تمدن مین سیرت کے بعض خاص اجزا کی جو تربیت ہوتی رہتی ہی، اس سے انگلستان کبھی بے نیاز نہین رہ سکتا۔

مجھے امید ہی کہ ارتقاء عقلی و ارتقاء اخلاقی کے باہمی تعلقات کے معرکۃ الآرا مسئلہ پر میرے معروضات سے کافی روشنی پڑی ہوگی۔ ایک گروہ اس طرف گیا ہی کہ ارتقاء انسانی کے مورخ کو اپنا دایرۂ تحقیقات انسان کی صرف عقلی زندگی تک محدود رکھنا چاہیے کیونکہ (بہ قول اس گروہ کے) اخلاق ایک ساکن و منجمد شی ہی، جس مین نہ کوئی حرکت ہوتی ہی نہ ارتقا، اس لیے اس کی تاریخ نگاری پر متوجہ ہونا ایک بے معنی کوشش کرنا ہی، اور وحشی سے وحشی قبائل متمدن سے متمدن اقوام کے اخلاقی حیثیت سے ہم سطح ہوتے ہین۔ مین نے اس گروہ کے علی الرغم، یہان یہ دکھایا ہی کہ اگرچہ اخلاق کے جواہر فسروہ، یا اولین عناصر ترکیبی ہر جگہ یکسان رہتے ہین، تاہم وہ معیار جس کے مطابق عملدرآمد ہوتا ہی، نیز وہ اضافی وقعت جو مختلف محاسن اخلاق سے متعلق نفس مین قائم ہوتی ہی، ہر ملک و ہر زمانے مین تغیر پزیر ہوتے ہین، اور یہ تغیرات سرسری نظر سے دیکھے جانے کے لائق نہین، بلکہ تاریخ عامہ پر نہایت گہرا اثر رکھتے ہین۔ ایک اور جماعت اس امر کی قایل ہی کہ یہ تغیرات ہوتے تو رہتے ہین، اور تاریخ عالم کو متاثر بھی کرتے رہتے ہین، تاہم اپنا کوئی علیحدہ و مستقل وجود نہین رکھتے، بلکہ معلول ہوتے ہین ذہنی علل کے۔ یعنی ذہنی تغیرات سے اخلاقی تغیرات خود بخود بہ طور نتیجہ کے لازم آجاتے ہین۔ یہ قول ایک حد تک ضرور صحیح ہی، لیکن یہ لحاظ رکھنا چاہیے کہ صرف ایک حد تک، اور ایک خاص معنی مین ورنہ اگر اس سے زیادہ اس مین وسعت پیدا کرنا چاہیے گا، تو اس کی واقعیت مسلم نہ رہے گی۔ کیونکہ یہ ایک ناقابل انکار حقیقت ہی

کہ افراد ہون خواہ اقوام، کسی کے لیے بھی جو علمی و عقلی حیثیت سے ممتاز ہون، یہ ضرور نہین کہ اخلاق مین بھی بلند پایہ ہون، اور یہ تو آئے دن کا مشاہدہ ہی کہ اعلیٰ مادی و ذہنی تمدن اکثر شدید بد اخلاقیون کا معاصر رہتا ہی، بلکہ ارتقاء دماغی کی بعض اصناف تو صریحاً ارتقاء اخلاقی کے منافی ہین۔ دوسری چیزون کو جانے دیجیے، صرف اسی ایک بات کو لے لیجیے، کہ تمدنی معاشری، و دماغی ترقیون کے بہترین مظاہر و مراکز بڑے بڑے شہر ہوتے ہین، حالانکہ بدکاریون کی کان بھی شہرون ہی کی گنجان آبادی ہوتی ہی، اور پھر یہ بھی نہین ہوتا کہ شہر مین کچھ مخصوص محاسن معاشری کی تولید ہوتی ہو کیونکہ یکجہتی، خلوص وغیرہ معاشری خوبیون کا وجود بھی مشاہدہ سے قصبات و دیہات ہی مین زیادہ پایا جاتا ہی۔ علاوہ ازین، بڑے بڑے اخلاقی کارنامے عموماً نتیجہ ہوتے ہین، زبردست مستحکم اعتقادکا، اور اعتقاد کا استحکام پھر جو کچھ پایا جاتا ہی، وہ تمدن سے بیگانہ، سادہ دل افراد ہی مین ہوتا ہی نہ کہ عالی دماغ اہل شہر مین، جو بال کی کھال نکالنے اور مسائل کو تشکیک و تنقیض کی نظر سے دیکھنے مین مشغول رہتے ہین۔ البتہ اس مین شبہ نہین، کہ تمدن گو معاصی کو نہ دبا سکا، تاہم اس نے جرایم کو بہت مغلوب کر دیا ہی۔ اور دوسرا کارنامہ اس کے فہرست مناقب مین یہ لکھا جا سکتا ہی کہ یہ روزانہ معاشرت کے عوایدرسمیہ کو زیادہ لطیف، پسندیدہ و خوش کن بنا دیتا ہی، اور جہان غلامی نہین موجود ہوتی، وہان اُن محاسن اخلاق کو اُبھار دیتا ہی، جن کا تعلق دماغی مشاغل و کاروباری زندگی سے ہی۔ باقی رہا ایثار، جوش خلوص، تقدس، و پاکدامنی تو یہ فضائل اخلاق تو تمدن کے بہت ہی کم منت پذیر احسان ہین۔

باایں ہمہ اس سے انکار نہین ہو سکتا، کہ وہ اخلاقی تغیرات جو تمدن سے متاثر ہوتے ہین، وہ بالآخر اکثر عقلی اسباب ہی کے معلول نکلتے ہین، کیونکہ تمدنی زندگی کی بنیاد موثرات عقلی ہی پر ہی۔ یہ عقلی موثرات، جیسا کہ اوپر ظاہر کیا جا چکا ہی، کبھی کبھی براہ راست عمل کرتے ہین، اور کبھی بالواسطہ۔ بالواسطہ اس طرح پر کہ ان کی مطابقت مین لوگون کا ایک

خاص طرز معیشت بن جاتا ہی، اور پھر اس کی بنا پر اُن مین فرائض کا احساس و تخیل پیدا ہوتا ہی، جس سے اخلاقی نقطۂ نظر کی تشکیل ہوتی ہی۔ اصل یہ ہی کہ لوگون کے اخلاق اُن کے اصول و نظریات کے نہین، بلکہ اُن کے مشاغل و طرز معیشت کے تابع ہوتے ہین۔ پہلے حالات و مقتضیات ماحول کی بنا پر وہ اپنے ذہن مین حسن اخلاق کا ایک خاص سانچہ قائم کرتے ہین، اور پھر اس کے مطابق اپنے نظریات و افکار کو ڈھالتے ہین، مثلاً فرض کیجیے، کہ دو قومین مساوی درجہ کی مہذب و تعلیم یافتہ ہین، لیکن جغرافیانہ و ماحولی خصوصیات نے ایک مین عسکریت کو ترقی دیدی ہی، اور دوسری مین کاروباریت کو، تو اسی کے مطابق دونون مین مختلف نیکیون اور بدیون کا جو تخیل پیدا ہوگا، وہ باہم بالکل مختلف ہوگا۔

یہانتک اصل مبحث پر گفتگو تھی۔ اب مین تاریخ اخلاق کے تخیل سے متعلق چند عامۃ الورود غلطیون، اور بعض اُن اہم نتیجون کا ذکر کرکے جو اخلاقی سانچون کی ماہیت پر غور کرنے سے پیدا ہوتے ہین اس باب کو ختم کرتا ہون۔

پہلی بات یہ ہی کہ بہ مقابلہ خانگی زندگی کے، جس مین افراد کے اغراض شخصی زیادہ متعلق رہتے ہین، سیاسی زندگی مین عموماً لوگ معیار اخلاق بہت پست کردیتے ہین۔ یہ تماشا روزمرہ دیکھنے مین آتا ہی کہ ایک شخص اپنی پرائیوٹ زندگی مین راستبازی و دیانت داری کا مجسمہ ہی، مگر وہی شخص جب سیاسی معاملات مین پڑتا ہی، تو بلا تامل انتہائی بددیانتی کا مرتکب ہونے لگتا ہی۔ ایسے موقع پر یہ سخت غلطی ہوگی، کہ جو لوگ اس طرح کی بددیانتی کو جواز و منظوری کا فتویٰ دیدیتے ہین، ہم اس سے ان کی عام اخلاقی پستی کا نتیجہ نکال لین۔ اکثر ایسا بھی اتفاق عجیب ہوتا ہی، کہ سیاسی جرایم خود قومی محاسن کے ساتھ وابستہ ہوجاتے ہین۔ مثلاً ایک قوم مین بالطبع بہت ہی اطاعت کیشی، حلم، وفاداری کا مادہ موجود ہی، تو یہ قوم اپنی خصوصیات کی بنا پر کسی خود مختار فرمان روا کے زیر نگین آجائے گی۔ اب جب اس حاکم غیر مسئول کو غیر محدود اختیارات حاصل ہون گے، تو لامحالہ اس سے

ظالمانہ وجابرانہ افعال کا ارتکاب بھی ہوگا۔ اس کا اثر یہ پڑیگا، کہ آیندہ مورخ اس حکمران کے طرز عمل کو دیکھ کر، اس قوم کے جانب، جسکا وہ فرد ہی، اُس خاص سیرت کو منسوب کردے گا اور یہ رائے قائم کرے گا کہ اس حکمران قوم کی قومی خصوصیت ہی یہ تھی۔ اس کے علاوہ یہ بھی ہوتا رہتا ہی کہ ہر قوم مین بہت سے محاسن ومعایب مساوی قوت واثر کے ساتھ موجود ہوتے ہین، لیکن تاریخ کے مرقع مین بعض زیادہ آب وتاب کے ساتھ نظر آتے ہین، اور بعض کا رنگ وروغن بالکل گویا اُڑجاتا ہی۔ مثلاً تاریخ مذاہب مین عاملین شریعت کا، باہم چھوٹے چھوٹے اختلافی مسائل مین دست وگریبان ہونا، ایک دوسرے پر لعن طعن سب وشتم کرنا، ہر اصلاح کا شدید مخالف ہونا، علمی ترقیون کی راہ مین روڑے اٹکانا، اپنے معتقدون سے اپنی بیجد تعظیم کرانا، لباس ووضع وقطع کی حقیر سے حقیر جزئیات کی بنا پر تکفیر کے فتوی دیدینا، غرض تمام اسی قبیل کے مکروہ مناظر تو ہماری آنکھون کے سامنے پھرائے جاتے ہین جس سے ہم پر بالکل قدرتی طور پر یہ اثر پڑتا ہی کہ یہ علماء مذہب بڑے ہی جاہل وکم ظرف رہے ہین۔ لیکن اس کا مقابل رخ ہماری نگاہ سے بالکل اوجھل رہتا ہی۔ ان عاملین مذہب کا اپنے مریدون کو وعظ وپند کرتے رہنا، اپنی زاہدانہ وبے لوث زندگی سے ان کو اخلاقی سبق دینا، عملاً صبر وشکر واستغنا کے نمونے پیش کرنا، مرنے والے کو نزع کے وقت تلقین کرنا، اور اُس کے پسماندگان کو تسکین دینا، غرض اس طرح کے بیسیون اعمال حسنہ ان کے ہاتھون روز انجام پاتے رہتے ہین، مگر کتنے تاریخ ادیان کے طلبہ ہین، جنھین ان چیزون کی کانون کان خبر بھی ہی؟ پھر کسی انجمن یا جماعت کے کارنامون کی بنا پر اُس کے ارکان کی سیرت سے متعلق فرداً فرداً رائے قائم کرنے کا اصول یون تو ہمیشہ غلط ہی، لیکن تاریخ مذہب مین اس اصول پر عمل کرنا اور بھی زیادہ مغالطہ خیز ہی، کہ شاید دنیا مین کوئی اور طبقہ بجز طبقۂ علماء مذہب کے ایسا نہین ہی، جسکے افراد کے ذاتی فضائل اُس کے مجموعی رذائل کے سامنے اس قدر دب گئے ہین۔

دوسری بات یہ ہے کہ مختلف قوموں میں، نیک کرداری کے محرکات مختلف ہوتے ہیں، اور اس لحاظ سے ایک قوم پر دوسری قوم کو قیاس کرنا شدید غلطی کا ارتکاب کرنا ہے۔ مثلاً اہل فرانس کے جو قومی محاسن ہیں، وہ نتیجہ ہیں اُن میں نہایت قوی جذبۂ ہمدردی کے پائے جانے کا، اور یہی جذبہ بنیاد ہے اُن کی اعلیٰ ذہنی خوبیوں کی، اُن کی عوایدِ رسمیہ کی، اور یورپ بھر میں اُن کے اثر کی۔ کوئی غیر قوم اپنی سیاسی حریت کے لیے جد وجہد کر رہی ہو، تو جتنی ہمدردی فرانس کو اُس کے ساتھ ہوگی، اتنی کسی اور کو نہیں ہوتی۔ کسی ملک کے ادبیات (لٹریچر) میں غیر اقوام کے افکار کی صحیح ترجمانی اور اُن کے جذبات کے ساتھ ہمدردی جس خوبی کے ساتھ فرنچ لٹریچر میں کی گئی ہے، اتنی اور کہیں نہیں۔ دنیا کے کسی حصہ میں کوئی مظلوم رعایا اپنے تئیں ظالم حکمران کے پنجہ سے آزاد کرنے میں کوشش کر رہی ہو، تو اس کی اعانت و امداد پر جس قدر فرانس آمادہ ہوگا، اتنا اور کوئی نہ ہوگا۔ فرانس کے قومی جرائم خواہ کتنے ہی کثیر و شدید ہوں، تاہم اُس کے جرم کو ہلکا کر دینے کے لیے یہ امر بس کرتا ہے کہ وفورِ محبت و ہمدردی میں وہ یکتا ہے۔ اس کے مقابلہ میں اینگلو سیکسن اقوام پر غور کرو، بے شبہ کبھی کبھی یہ بھی بہت بڑی جوش کی مظہر بن جاتی ہیں لیکن علی العموم ان کی خصوصیت یہ ہے کہ انھیں نہ کسی کی ہمدردی سے مطلب، نہ کسی کے دکھ درد میں کام آنے کا شوق، بس اپنے کام سے کام اور اپنی غرض سے غرض۔ ان کے محاسن قومی کا اصل ماخذ ان کی فرض شناسی ہے۔ ان کا یہ احساس ہے کہ فرض کو صرف فرض کے خیال سے انجام دینا چاہیے، بلا لحاظ اس کے کہ اس سے کون خوش ہوگا کون ناخوش، کیا نفع حاصل ہوگا اور کیا نقصان۔ دوسری قومیں، دوسرے اوصاف کے لحاظ سے اس پر فوق و فضیلت رکھتی ہیں، لیکن یہ وصف، اینگلو سیکسن ہی قوم کے ساتھ مخصوص ہے کہ اس نے سب سے زیادہ واشنگٹن و ہیمڈن کی طبیعت کے افراد پیدا کیے ہیں، ایسے افراد جو نام و نمود کے نہیں بلکہ حقیقی عزت و عظمت کے خواہاں تھے، ایسے افراد جو مدۃ العمر شاہِ راہ فرض پر چلتے رہے، ایسے افراد جنھوں نے عملاً یہ ثابت کر دیا کہ نازک سے نازک حالات میں، ان کے قدم کو جادۂ حق سے نہ بڑی سے بڑی

طمع لغزش دے سکتی ہے اور نہ بڑی سی بڑی تخویف۔ انگلستان نے غلامی کے خلاف جو مسلسل، صبر آزما و غیر تمایشی جہاد مدتون جاری رکھا، وہ تاریخ کے ضخیم مجلدات مین کم از کم چند اوراق مین تو یقیناً آب زر سے لکھا جائے گا۔ اس کیریکٹر کے لحاظ سے اگر انگریزون کی کوئی نظیر مل سکتی ہے، تو قدیم رومن سیرت مین، اور علی الخصوص مارکس آریلیس کی سیرت مین۔

یہ تو نہین کہہ سکتے، کہ کوئی ایک نیکی کسی دوسری نیکی سے متناقض ہوتی ہے، تاہم اس مین شک نہین، کہ مختلف نیکیان مختلف طبقات مین کسی خاص تشابہ و اشتراک کی بنا پر جگہ پانے کے لائق ہوتی ہین چنانچہ ہم محاسن عقلی، محاسن کاروباری، محاسن معاشری، و محاسن ایثاری، کو چار مختلف عنوانات کے ماتحت رکھ سکتے ہین۔ اور کہہ سکتے ہین، کہ بعض حالتون مین کسی خاص نیکی کا محض وجود نہین، بلکہ ترقی یافتہ شکل مین وجود، کسی دوسری نیکی کے منافی ہے۔ جس تمدن مین کاروباریت کی روح سرایت کیے ہوئے ہو اس مین قناعت و توکل کا کہان پتہ لگ سکتا ہے؟ جس جماعت کی بنیاد عسکریت پر ہے، اُس مین اطاعت کیشی و حلم و تحمل کا وجود کیونکر باقی رہ سکتا ہے؟ جو ہیئت اجتماعیہ خوش اعتقادی و ایمان بالغیب کو زبدۃ الفضائل قرار دیتی ہے، اُس مین ذہنی و عقلی فضائل کا گزر کہان؟ تاہم اس سے کون انکار کر سکتا ہے، کہ تمدن کی یہ صورتین کسی نہ کسی صنف اخلاق کے لیے ضرور موزون ہین کسی اخلاقی سانچہ کا حسن امتیازی اُس کے عناصر ترکیبی کی نوعیت پر اتنا مشروط نہین ہوتا، جتنا ان عناصر کی مقدار و کمیت پر سقراط[1]، کیٹو[2]، بے آرڈ[3]، فینلن، سینٹ فرانسس، ان مین سے ہر ایک سیرت فاضلہ رکھتا تھا، لیکن ان کی سیرتین آپس مین نہ صرف بہ لحاظ مدارج، بلکہ بہ لحاظ نوعیت بھی مختلف ہین۔ اور اس کی سعی کرنا، کہ کیٹو مین سینٹ فرانسس کے یا سینٹ فرانسس مین کیٹو کے فضائل مخصوصہ آجائین، گویا یہ چاہنا ہے کہ بلوط مین شیر برنج کا اور

---

[1] قدیم روم مین عہدۂ احتساب پر تھا، کہا جاتا ہے کہ مروت، طمع، خوف کوئی شے اسے جادۂ اخلاق سے کبھی نہ ہٹا سکی۔

[2] ۱۴۷۶ء تا ۱۵۲۴ء۔ نہایت شجاع سردار فوج۔

[3] ۱۵۵۵ء تا ۱۶۲۱ء۔

شیکسپیر برنج مین پلاؤ کا مزہ آجائے۔ کیٹو یا بے آرڈ کی سیرت سے اگر اُن کے جزو غرور کو حذف کر دیجے تو اُن کے فضائل ادھورے رہ جائین گے، حالانکہ سینٹ فرانسس کے فضائل کی روح انکسار ہی۔ اصولاً کوئی وصف ایسا نہین، جو مرد مین ممدوح ہو اور عورت مین مذموم، تاہم مختلف فضائل کو جس خاص ترتیب و توازن کے ساتھ عورت کی ذات مین مجتمع ہونا چاہیے، اگر وہ اسی طرح مرد کی ذات مین ہوں، تو یہ ایک بہت ہی عجیب اور بے جوڑ بات ہوگی۔ اخلاقی سانچہ اس حیثیت سے بالکل جسمانی سانچہ کے مماثل و مشابہ ہوتا ہی۔ جس طرح عورت و مرد کے حُسن مین، بچہ اور جوان کے حسن مین، اور انگریز و اٹالین کے حُسن مین فرق ہوتا ہی، اُسی طرح مختلف اشخاص و اقوام کے فضائل اخلاق مین بھی فرق ہوتا ہی۔ ہر چہرہ حسین نہین ہوتا، اسی طرح ہر سیرت محمود نہین ہوتی لیکن حُسن کے بہت سے مظاہر ہوتے ہین۔ اسی طرح فضیلت اخلاق بھی کسی ایک خاص صورت پر محدود نہین، بلکہ فضائل اخلاق کے مختلف انواع و اقسام ہوتے ہین۔

اس حقیقت کو ہم بہ الفاظ دیگر یون ادا کر سکتے ہین، کہ جب انسان کے اخلاق کے کسی ایک جزو مین خامی ہوتی ہی، تو اس سے یہ نتیجہ نکالنا کسی طرح صحیح نہین ہوتا کہ اس کے دیگر اصناف اخلاق مین بھی خامی و نقص ہی۔ تاہم دنیا کے نزدیک کوئی ایک ایک فضیلت اساسی ضرور ہوتی ہی جسے تمام فضائل اخلاق کا منبع کہنا چاہیے، اور جسکی کسی شخص مین غیر موجودگی اس امر پر دلالت کرتی ہی کہ وہ شخص کمیسر زیور اخلاق سے معرّی ہی۔ مگر یہ فضیلت اساسی کون ہی؟ اس کا جواب ہر ملک، ہر طبقہ، اور ہر زمانے مین ایک نیا ملتا ہی۔ مثلاً قدیم جمہوری حکومتون مین حُب وطن کو اس افضل فضائل قرار دیتے تھے، کہ بغیر اس کے مرقع اخلاق نامکمل تھا، حالانکہ ہمارے ملک و زمانے مین یہ بالکل ممکن ہی کہ کوئی شخص قومی اغراض سے بے اعتنائی برتتا ہو، تاہم اپنے ذاتی اخلاق کے لحاظ سے مجموعۂ فضائل ہو۔ یا چند صدی پیشتر ہمارے یہان اعتقادی جمود جامۂ مکارم اخلاق کا سنگ بنیاد سمجھا جاتا تھا، لیکن آج ہم بہت سے نیک کردار و ذی اخلاق لوگون کو جانتے ہین، جو اس وصف سے بالکل تہی دامن ہوتے ہین۔ یا دیانت داری و راستبازی کاروباری جماعتون کے

نزدیک فہرست اخلاق کا سب سے زیادہ جلی عنوان ہوتی ہے، لیکن دوسری جماعتوں کا یہ حال نہیں، یا پھر آخر میں عفت و پاکدامنی اسوقت انگلستان میں عورتوں کے لیے فضیلت اساسی کا درجہ رکھتی ہے لیکن مردوں کے لیے نہیں، اور عورتوں کے لیے بھی ہر ملک و ہر زمانہ میں اس کا یہ مرتبہ نہیں رہا ہے۔ مورخ اخلاق کے فرائض میں اس سے زیادہ اہم فرض کوئی نہیں، کہ ہر عہد کی فضیلت اساسی کا پتہ چلائے، کہ تمام دیگر مکارم اخلاق اسی کے تابع اور اسی پر متفرع رہتے ہیں۔

ان تصریحات سے ناظرین پر واضح ہوگیا ہوگا، کہ کسی ایک خاص طرز سیرت کو مثل سانچہ کے قرار دے لینا، جسکے مطابق تمام سیرتوں کو ضرور ڈھلنا چاہیے کیسی سخت غلطی کا مرتکب ہونا ہے۔ کوئی سیرت، خواہ اپنے رنگ میں کتنی ہی محمود ہو، مگر ایسی ہمہ گیر تو نہیں ہوسکتی، کہ ہر طرز سیرت اسی ایک سانچہ میں ڈھل جائے۔ اور یہ کیسے ہوسکتا ہے، دراں حالے کہ کسی سیرت کی تکمیل صرف اس کے عناصر ترکیبی کے وجود پر نہیں، بلکہ اس امر پر مشروط ہوتی ہے کہ وہ کس تناسب اور کس مقدار سے موجود ہیں۔ پس کسی طرز سیرت کو اسوۂ حسنہ قرار دیے جانے کے معنی محض اسی قدر ہوتے ہیں کہ وہ اپنے رنگ میں کامل ہو، مقتضیات عصریہ کے سانچے میں ڈھلی ہو، اور نوع انسانی کے لیے نسبتہً سب سے زیادہ مفید ہو۔ مسیحیت نے اخلاق کا جو سانچہ قرار دیا ہے، اس میں نفس بشری کے ملنساری و معاشرت کے پہلوؤں پر زیادہ زور دیا گیا ہے، اس کے مقابلہ میں رواقیت کے سانچہ میں ایثار و نفس کشی کو زیادہ نمایاں رکھا گیا ہے۔ یہیں سے یہ نتیجہ ہاتھ آتا ہے کہ رواقیت کی بہ نسبت مسیحیت، تمدن کی صدر نشینی کی زیادہ مستحق ہے، کیونکہ ظاہر ہے کہ تمدن جوں جوں زیادہ پھیلتا جاتا ہے، ایثار و نفس کشی کی بہ نسبت، ملنساری و خوش معاشرتی کے جذبات اس کے لیے زیادہ مفید ہوتے جاتے ہیں۔

میں سمجھتا ہوں، کہ اس اخلاقی عدم رواداری کی جانب، جو تمام سیرتوں کو ایک ہی سانچہ میں ڈھالنا چاہتی ہے، تاریخی حیثیت سے ابتک کسی نے کافی توجہ نہیں کی ہے، اور اس لیے مجھے اس کا ذکر صفحات آیندہ میں بار بار کرنا پڑیگا۔ آئے دن کا مشاہدہ ہے کہ ہر شخص اپنے مذاق اور اپنی

سیرت کو ایک معیار قرار دے لیتا ہی، جس پر وہ تمام سیرتون اور اخلاقی فضیلتون کو جانچتا ہی، اور جس کو اپنے سے مختلف پاتا ہی، اُسے پست، ناقص، وفاسد المذاق وغیرہ القاب سے موسوم کرنے لگتا ہی۔ اور یہ کچھ اس باعث نہین ہوتا کہ ہر شخص مغرور ہوتا ہی، بلکہ زیادہ تر اس واسطے ہوتا ہی کہ عموماً لوگون کی قوت متخیلہ اس قدر کمزور ہوتی ہی کہ ان کے وہم وگمان مین بھی یہ نہین آتا کہ دوسرون کے لیے اُن سے اس قدر مختلف المذاق ومختلف الخصائل ہوکر بھی ان کے برابر نیک کردار ہونا ممکن ہی۔ ایک نیک شخص، اپنے ہی مزاج وعادات کے شخص کے ساتھ تو خواہ وہ بہ لحاظ مدارج اس سے کتنا ہی پست ہو، ہمدردی آسانی سے کرسکتا ہی، لیکن اُس شخص سے اُسے ہمدردی رکھنا دشوار ہوتا ہی جسکی طرز سیرت اُس سے مختلف ہوتی ہی، خواہ وہ اپنے رنگ مین کتنا ہی پختہ وکامل ہو۔ یہ بھی ایک بڑا سبب منجملہ اُن چند اسباب کے ہی جن کی بنا پر مختلف اقوام کے درمیان لطف دیگانگت کا رشتہ قائم ہونا تقریباً ناممکن ہوتا ہی۔ خصوصاً ایسی حالت مین جب کہ قومیت کے اختلاف کے ساتھ اُن مین نسل کا بھی اختلاف موجود ہو۔ ہر قوم ایک خاص معیار اخلاق رکھتی ہی، اپنی ہی سیرت کے اجزاء کو کامل ومکمل سمجھتی ہی، اور دوسری قومین، خواہ بجاے خود کیسے ہی فضائل اخلاق سے آراستہ ہون، مگر وہ اُنھین ہمیشہ ذلیل وپست ہی سمجھتی رہتی ہی۔ اسی سے ہر قوم کے افراد مین غیر اقوام کے افراد کی طرف نفرت وحقارت کے جذبات پیدا ہوجاتے ہین جن سے کوئی حکیم وقت تو اپنے تئین آزاد کرسکتا ہی، لیکن عام افراد پر یہی جذبات محیط رہتے ہین۔

افراد کی تشکیل سیرت دو مختلف عناصر سے ہوتی ہی، ایک خود اُن کا طبعی رجحان، دوسرے موثرات خارجی۔ یہ دونون عناصر کبھی باہم معین ومؤید ہوتے ہین، اور کبھی ان کے درمیان خود ہی تناقض پایا جانے لگتا ہی۔ سوسائٹی کی بنیاد اگر لطافت ونفاست پر ہی، تو افراد کی سیرت وہ اپنے مطابق پیدا کرنا چاہے گی، اگر عسکریت پر ہی، تو اپنے موافق، اور اگر کاروباری پھیلاؤ پر ہی، تو اپنے موافق۔ غرض جماعت اپنے اختلاف نوعیت کے لحاظ سے افراد کی طرز سیرت بھی

مختلف چاہے گی۔ اب اگر کوئی فرد ایسا پیدا ہوا جسکی افتادِ طبیعت مقتضیاتِ ماحول کے مخالف ہی، تو لامحالہ اُس مین اور اِن مین تصادم پیدا ہوگا۔ فرض کیجیے، کہ کسی ایسی جماعت مین جسکا خمیر عسکریت سے ہی، ایک نہایت حلیم الطبع و منکسر مزاج شخص پیدا ہوتا ہی، تو لازمی طور پر اس کے اور اس کے ماحول کے درمیان عدم تطابق رہے گا، جسکا نتیجہ صرف یہی نہین ہوگا کہ اسے اپنے اوصاف مخصوص کے نشو و نما کا پورا موقع نہین ملے گا، بلکہ اس کی ساری زندگی کشمکش مین گزریگی۔ تعلیم و تربیت اس کی طبیعت کے مخالف، سوسائٹی کے آداب و رسم و رواج اُس کے مذاق کی ضد، لوگون کی رائین اُس کے مزاج کے برعکس، اور سب سے بڑھ کر یہ کہ خود اس کا احساس فرض اُس کے مذاقِ فطری کے مخالف واقع ہوگا، وہ اپنے گرد و پیش، فضائل اخلاق کے جتنے بہترین نمونے دیکھتا ہی، وہ سب ایک بالکل مختلف طرز و نوعیت کے ہوتے ہین، اور وہ جون جون ان کی تقلید کرنے لگے گا، اس کے معنے یہ ہون گے، کہ وہ اپنے طبعی جوہر کو کُند کرتا جائے گا۔ اب اس کے برعکس فرض کیجیے، کہ ایک شخص جو قدرت سے ایثار و خود فراموشی کا مادہ لیکر اپنے ساتھ آیا ہی، ایسی جماعت کے درمیان پیدا ہوتا ہی جس مین ایثار ہی کو مدارِ اخلاق تسلیم کیا جاتا ہی، تو نتیجہ یہ ہوگا کہ نہ صرف اُسی کی ذاتی طور پر زیادہ قدر دانی ہوگی، بلکہ ماحول کے تائیدی اثرات سے متاثر ہو کر وہ اپنے اِن اوصاف کو اُن کے منتہاے کمال تک پہونچا سکتا ہی، یہ اسی صورت حال کا نتیجہ ہی، کہ حالات کے تغیر کے ساتھ، اخلاقی سانچے بھی متغیر ہوتے رہتے ہین، اور یہی بنیاد ہی تاریخ اخلاق کے وجود، اور تاریخ عامہ کے ساتھ اُسے منسلک کرنے کی ضرورت کی۔ مذاہب کا اثر بحیثیت معلم اخلاق کے، صرف اسی صورت مین ہو سکتا ہی، جب ان کی تعلیمات مقتضیاتِ حالیہ کے مطابق ہون۔ اور اگر اُن کا کوئی حصہ اُن کے مخالف ہی، تو یا تو اس ٹکڑے کے وجوب سے انکار ہی کر دیا جائے گا، یا کچھ اس کی تاویل کر لی جائے گی، اور یا وہ عدم پابندی کی نذر ہو جائے گا۔ ایک زمانہ تھا، کہ واقعیہ و لذتیہ ہر دو مذاہب کا ایک دوسرے کے ہمدوش وجود تھا۔ اُس وقت لوگون کے پیش نظر دو بالکل مختلف اخلاقی سانچے تھے، اور اُس وقت اس کا بہت

اچھا موقع تھا، کہ ہر گروہ اپنے حریفون کے فضائل اختیار کر سکے۔

ہم نے ابھی کہا ہی کہ افراد کی تشکیل سیرت کے دو عناصر ہین، ایک داخلی ایک خارجی، مگر ہماری معلومات اِن مین سے صرف جزو خارجی، یعنی اُن سیاسی، عمرانی، و ذہنی عوامل تک محدود ہین، جو تشکیل سیرت مین موثر ہوتے ہین، رہے موثرات داخلی، یعنی افراد و اقوام کے وہ کیفیات نفسی، جو تشکیل سیرت کا جزو دوم ہین، تو ان کی اہمیت و نوعیت سے ہم تقریباً یکسر نابلد ہین۔ مگر مین سمجھتا ہون کہ اکثر ناظرین میری اس رائے سے اتفاق کرین گے کہ جون جون فن طبابت جدید کو ترقی ہوتی جائے گی، یہ طلسم بھی ہمارے لیے روز بروز مسخر ہوتا جائے گا۔ ابتک انسان نے جن علوم کو ترقی دی ہی، اُن مین فن طبابت گو ابھی تک نہایت عدم تکمیل کی حالت مین ہی لیکن اس کے مستقبل سے ہمین بہت سی توقعات قائم ہین، اور اس پر اگر اُسی قدر توجہ کی جاتی جتنی گذشتہ دو صدیون[1] مین تجارتی صنائع و مادی آلات پر صرف کی گئی، تو اس مین کوئی شک نہین کہ اسوقت تک عجیب عجیب محیر العقول، اسرار کا انکشاف ہو چکا ہوتا۔ اکثر مہلک امراض کے اسباب سے ہماری ناواقفیت کا اکثر اعتراف کیا جا چکا ہی، اور امراض تنفس کی تشخیص و تعیین کی تو ابھی بالکل ابتدا ہوئی ہی، حالانکہ زیادہ تر امراض کی تولید و علاج دونون تنفس ہی کے ذریعہ سے ہوتے ہین۔ اسی طرح قوت برقی (الکٹرسٹی) کے، جو حیات انسانی سے نہایت مماثلت رکھتی ہی خواص کا ابتک شمہ برابر بھی علم نہین ہو سکا ہی۔ فاقد الحس دوائین، جو ابھی حال مین چلی ہین، ان کی غیر محدود اہمیت تو مسلم ہو چکی ہی، اور یہ بھی ثابت ہو چکا ہی کہ ہم اپنے احساسات و جذبات کو بعض خارجی اثرات سے بھی متاثر کر سکتے ہین۔ ان تمام چیزون کی دریافت جب اپنے منتہاے کمال تک پہونچ جائیگی تو معلوم نہین، معلومات انسانی کے خزانہ مین کس قدر گران بہا اضافہ ہوگا، لیکن فلسفیانہ حیثیت سے فن طبابت کا زرین کارنامہ وہ ہوگا، جب نفس و جسم کے باہمی تعلقات سے پردہ اُٹھ جائے گا اور جو شخص نفس و ذہن کے علم الامراض کو سائنس کے مرتبہ پر پہونچا دیگا، اُس کا شمار، نہ صرف

[1] "دو صدیون" کا لفظ ہمارا اقتصر ہی۔ مصنف نے صرف گزشتہ صدی، یعنی اٹھارویں کا ذکر کیا تھا۔ مترجم

ایک ملک یا زمانہ کے، بلکہ تمام دنیا کے اعاظم رجال مین ہوگا، راہبون کا نفس کشی کے لیے روزہ رکھتے رہنا، یا فصد لیتے رہنا، قوائے شہوانی کی روک تھام یا ان کی تقویت کے لیے دواؤن کا استعمال کیا جانا، امراض عصبی کا طریق علاج، جنون کا اثر اخلاق پر، علم کاسۂ سر کی تحقیقات، جسمانی نشوونما کے متوازی ذہنی تغیرات، اور اُن امراض کا وجود جنھون نے پہلے سیرت اخلاقی، اور پھر اس کے واسطے سے قوائے ذہنی مین انقلابات پیدا کردیے ہین، ان تمام چیزون پر یہ جدید سائنس توجہ کرے گی۔ درحقیقت نفس وجسم کے باہمی تعلقات کا وجود اس قدر بدیہی ہی، کہ جو لوگ مادیت کے نام سے کانون پر ہاتھ رکھتے ہین، وہ تک اس سے انکار نہین کرسکتے کیسی جذبہ کے اثر سے یک بیک نبض مین سُرعت آجانا، یا چہرہ پر سُرخی کا نمودار ہوجانا، یا وہم سے طبیعت کا خود وبائی بیماریون کو قبول کرلینا، یہ ایسی مثالین جسم پر نفس کے اثر کی ہین، جو بادی النظر مین بھی ہر شخص کو محسوس ہوجاتی ہین۔ اور اسی طرح مزاج وطبیعت پر تغیرات جسمانی کے اثر کے واقعات بھی بیشمار نظائر وشواہد کی تائید سے متحقق ہوچکے ہین۔ بلکہ کچھ عجب نہین، کہ یہ اصول، ہمارے سارے نظام ذہنی پر حاوی ہو، اور ہر جذبہ یا کیفیت نفسی کا ایک جسمانی سبب بھی موجود ہو، یہانتک کہ اگر ہمین ان اسباب کا علم ہوجاے تو ہم دواؤن کے ذریعہ سے امراض اخلاقی کا بھی اُسی کامیابی سے علاج کرسکین، جس طرح ابتک امراض جسمانی کا کرتے ہین۔ ان گرانبہا عملی فوایدسے قطع نظر کرکے خالص فلسفیانہ حیثیت سے ایک بڑا نفع یہ ہوگا، کہ اس سے ہمارے خصائص اخلاقی کی تکوین وترتیب پر ایک نئی روشنی پڑے گی۔ اس روشنی مین ہم یہ اندازہ کرسکین گے، کہ اخلاق پر آب وہوا کا کہان تک اثر ہوتا ہی، نسلی خصائص کا کہان تک اثر ہوتا ہی، وغیرہ۔ اور یون ظن وقیاس کی سرحد سے نکل کر ہم تجربہ واختبار کے حدود مین داخل ہوجائین گے۔

یہ انکشافات، جن کی جانب مین نے اشارہ کیا ہی، کچھ آج ہونے کی تو چیز نہین، ان کی

تکمیل ہونے کے لیے ایک عمر درکار ہی، اور ان سے متعلق زیادہ بحث کرنا تصنیف ہذا کے دائرہ مین آنا بھی نہین ہی۔ موجودہ تصنیف کا مقصد صرف یہ دکھانا ہی، کہ خارجی حالات، اخلاق پر کہان تک موثر ہوتے رہے ہین؛ ہر عہد مین کیا کیا اخلاقی سانچے قائم ہوتے رہے ہین؛ عملاً ان کی کہان تک مطابقت ہوتی رہی ہی؛ اور کن کن اسباب سے اُن مین ترمیم و تغیر ہوا کی ہی۔

باب دوم

اخلاق قبل مسیح

فصل (۱)

اخلاقی حیثیت سے مذہب مروّج کی ضعیف الاثری

منجملہ اُن چند چیزون کے جن پر اخلاق اقوام قدیم کے طالبعلم کی سب سے اول نظر پڑتی ہی ایک یہ واقعہ بھی ہی کہ قدیم تمدنون مین اخلاق پر مذہب رائج الوقت کا اثر نہایت ضعیف اور ہلکا تھا۔ اُس زمانے مین معبودون کی سیرت کے ساتھ کوئی اخلاقی تخیل وابستہ نہ تھا، اور ظہور مسیحیت سے چند صدیون پیشتر بت پرستی کے مذہب مروج کا اثر، شایستہ دماغون پر بہت ہی خفیف رہ گیا تھا۔

یونان مین ابتدا ہی سے مذہب فطرتی وجود کا پتہ چلتا ہی، محض افسانہ اور کہانی کی حیثیت سے نہین، بلکہ تاریخی حیثیت سے، اور یہ حقیقت اس قدر واضح ہی، کہ قدیم یونانی ڈراما نویسون نے جس لب ولہجہ مین معبود اعظم[1] زی اُس کی ربوبیت وخالقیت کا ذکر کیا ہی، اُس سے ہمارے اکثر پادری صاحبان اس نتیجہ پر پہونچے ہین، کہ وہ لوگ یا تو موسوی شریعت سے واقف تھے، یا خود ملہم تھے، اور بعض نے یہ نتیجہ نکالا ہی، کہ ہماری نسل ابتدا ہی سے توحید کی قایل رہی ہی۔ قدیم حکما، رائج الوقت مذہبی افسانون کو ہمیشہ نفرت یا عداوت کی نظر سے دیکھتے رہے۔ چنانچہ فیثاغورس سے یہ قول منقول ہی کہ اُس نے خود ایسیڈ و ہومر کو اس جرم مین کہ انھون نے دیوتاؤن سے متعلق مختلف قصے وضع کیے تھے، دوزخ مین طرح طرح کے عذاب مین مبتلا دیکھا۔ فلاطون نے بھی ایک کامل و بے عیب ملک کی

---

[1] یونانیون کا رب الارباب۔ معبود اعظم۔

جو خیالی تصویر کھینچی تھی، اُس مین اسی بنا پر شاعرون کا گزر نہین ہونے دیا تھا۔ اسٹلپو اُن قربانیون کا مضحکہ اُڑاتا تھا جو اس کے زمانے مین رائج تھین، اور بالآخر ایک دیوی کے وجود سے انکار کے جرم مین ایتھینز سے جلاوطن کر دیا گیا تھا، زنافن کہا کرتا تھا، کہ ہر قوم اپنے ہی خصایص امتیازی کو اپنے معبودون کی جانب منتقل کر دیتی ہے، مثلاً جہان کے باشندے سیہ فام ہوتے ہین وہان کے دیوتا بھی سیاہ ہوتے ہین، اور جہان کے باشندے گورے ہوتے ہین، وہان کے معبود بھی گورے ہوتے ہین، ڈیاگورس و تھیوڈورس کی بابت روایت ہے، کہ وہ معبودون کے وجود ہی سے منکر تھے، اور پروٹاگورس اس باب مین متردد تھا۔ اپیکورس اور اس کے تلامذہ کا یہ قول تھا کہ ان کو دنیوی معاملات سے کوئی سروکار نہین۔ مشککین[1] کو یہ یقین کامل تھا، کہ ہمین کوئی علم خواہ متعلق بہ معبود ہو خواہ بہ عبد یقینی طور پر ہو ہی نہین سکتا۔ انیسٹینس کا یہ عقیدہ تھا، کہ عوام کے خدا گو متعدد ہین، لیکن فطرت کا خدا ایک ہی ہے، رواقیین، فیثاغورث و ارسطو کے ایک قول سے استناد کر کے کہتے تھے، کہ جملہ کائنات کی ایک عالمگیر روح ہے، جو شعور و قدرت رکھتی ہے۔ الغرض جس فلسفی پر نظر کیجیے، اس کے عقاید کو مذہب مروجہ کے خلاف ہی پائے گا۔

یہی عام تشکیک رومن سلطنت و جمہوریت مین بھی حکما کے گروہ مین جاری تھی، اور اُس وقت کا سارا تعلیم یافتہ طبقہ یا تو اصولاً و اعتقاداً اور یا عملاً ملحد ہو گیا تھا۔ ایک گروہ، لکریشیس و پرونیس کی سربراہی مین علانیہ یہ کہتا تھا، کہ معبودون کا وجود صرف انسان کے دہشت زدہ و مرعوب تخیل کا پیداوار ہے، ربوبیت کا تخیل مہمل ہے، کائنات محض اتفاقی اجتماع ذرّات کا نتیجہ ہے، حیات خود بخود پیدا ہوتی ہے، اور فلسفہ کا مقصد، مذہب کے پیدا کردہ توہمات کی پردہ دری کرنا ہے۔ دوسرا گروہ ایک رب کی ہستی کا ضرور قائل تھا، مگر وحدت وجود کے طریقہ پر، اور مروجہ مذہبی افسانون کی

[1] مصنف نے اس بیان مین کسی قدر بے احتیاطی سے کام لیا ہے جو اصلی مشککین تھے وہ اس یقین کامل کے مدعی نہ تھے کہ اُنھین کوئی علم قطعاً ہو ہی نہین سکتا۔ یہ یقین کا ادّعا تو تشکیک کے عین منافی ہے۔ وہ اپنی زبان سے کسی شے کا دعویٰ نہین کرتے تھے یہانتک کہ اپنی لاعلمی کے بھی مدعی نہ تھے۔ مترجم۔

یہ طرح طرح پر تاویلات کرتا تھا، اور انھین سخت حقارت کی نگاہ سے دیکھتا تھا۔ اِن تاویلات کا ایک منتظم و منضبط شکل مین، سب سے پہلا نمونہ ہمین یوہیمیرس کی تصنیف مین ملتا ہی اس کی تاویل یہ تھی، کہ جن کی آج بہ طور معبودون کے پرستش کی جاتی ہی، یہ اپنے زمانے مین بادشاہ تھے، مگر ان کی موت کے بعد لوگ انھین خدا سمجھنے لگے، چنانچہ ان کی تاریخ و نسب نامہ بتانے کا بھی یہ مدعی تھا، دوسرا نظریہ، جو رومن تشکیک کے دور اول مین زیادہ مقبول ہوا، وہ رواقیین کا یہ قول تھا، کہ مختلف معبود، دراصل فطرت کے مختلف مظاہر، یا ذات باری کے مختلف قوی ہین۔ مثلاً نپچون[عہ]، پانی ہی؛ پلوٹو[عہ]، آگ ہی؛ ہرکیلس[عہ]، قدرت باری ہی؛ منروا[عہ]، دانش الٰہی ہی؛ وغیرہ۔ وارو[عہ] نے سلطنت روم کی بنا پڑنے سے سو برس پیشتر یہ کہا تھا، کہ کائنات کی روح ذات باری ہی، اور اس کے مختلف قوی، دیگر معبود ہین"۔ ورجل و تینلیس نے اس خیال کو نظم کیا، کہ تمام زندگی کا اصل الاصول تمام حرکت کی علت فاعلی، ایک عالمگیر روح ہی، جو کائنات کے گوشہ گوشہ مین جاری و ساری ہی۔ پلینی کے الفاظ یہ تھے "یہ آسمان و زمین، غرض جملہ کائنات کو بجائے خود، خدا سمجھنا چاہیئے جو ازلی و ابدی، لایخرب و لایزال ہی۔ بس اس سے زیادہ کسی بات کی جستجو کرنا انسان کے لیے مفید نہین، کیونکہ اس کے سوا ہم کچھ دریافت ہی نہین کر سکتے"۔ سسرو کا فلاطون کے اس مقولہ پر ایمان تھا، کہ خدا نام ہی روح مجرد کا۔ ایسے نفس کا جو جسم و مادہ کی کثافت سے پاک ہی۔ سینیکا نے عطارد کو عالم کا مسبب الاسباب و پروردگار قرار دیا، لوسن، مشہور رواقی شاعر نے اسی خیال کو اس سے زیادہ آب و تاب سے ظاہر کیا، کومیلیئن، خود مختارانہ حکومت کی تائید مین یہ حجت لاتا تھا، کہ خدا بھی تو یون ہی اکیلا، تمام موجودات پر حکمرانی کر رہا ہی۔ بعض اور فلاسفہ کا یہ مسلک ہوا ہی، کہ جوپیٹر میکزیمس، رب الارباب کا مرتبہ رکھتا ہی، اور دوسرے معبود، اس کے وزرا، یا ملائکہ کی حیثیت رکھتے ہین۔ رواقیین کا ایک گروہ یہ عقیدہ رکھتا تھا کہ ایک تلاطم عظیم دنیا کا خاتمہ کر دیگا، اور بعد بعثت ثانیہ تمام ارواح، خواہ اشخاص کی ہون خواہ معبودان ثانویہ کی،

عہ یہ سب روم کے مختلف دیوتاؤن کے نام ہین۔

خالق حقیقی کی روح مین وصل ہوجائین گی۔ مذہب نے عالم اُخری کی جو ہولناک تصویر کھینچی تھی، اس کے بعض اجزا، عورتون اور بچون تک کو مضحکہ خیز نظر آنے لگے۔ سسرو نے اپنے عقیدۂ توحید مین معبودان ثانوی کے لیے کوئی گنجایش نہین رکھی، کہانت کی بیخکنی کی، کاہنون کی جماعت کو سیاسی مکار قرار دیا، اور معجزات و کرامات کو التباس حواس و افراط تخیل کا نتیجہ ٹھہرایا لیکن قسطنطین کے عہد سے پیشتر ہی، کہانت کی تردید مین بہت سی کتابین لکھی جاچکی تھین، اور عملاً بھی کہانت، اور اس کے ساتھ لوگون کی ضعیف الاعتقادی کا، بہت کچھ سدِباب ہوچکا تھا۔ رواقیین اپنے حسب دستور براہ راست تو مذہبی معتقدات مین دست اندازی کرتے نہ تھے، البتہ کہانت کے دام مین پھنسنے سے اپنے پیرؤون کو یہ کہکر باز رکھتے تھے، کہ لوگ جسے خوش قسمتی سے تعبیر کرتے ہین، یہ ایک بے حقیقت سی شی ہی۔ البتہ آدمی کو اپنے ضمیر پر قانع رہنا چاہیے، اور اپنا مطمح نظر فرض شناسی کو، نہ کہ کامیابی کو قرار دینا چاہیے۔ رومن جنرل سرٹوریس، حالت جنگ مین اپنے موافق جعلی پیشینگوئیان گڑھ گڑھ کے اپنے سپاہیون کو فریب دیا کرتا تھا، اور رومن ظرفا نے تو علی العموم کہانت اور کاہنون کو اپنے تمسخر و استہزا کا ہدف بنالیا تھا۔ قدما یونان نے عوام کے اس عقیدہ کی شدید تردید کی تھی، کہ ان کے معبود، مخرب اخلاق اعمال کے مرتکب ہوسکتے ہین، اس کی صدائے بازگشت متاخرین کی تصانیف سے بھی آنے لگی اور آوِڈ نے تو اپنے مطائبات کا یہی موضوع قرار دے لیا۔ اسی طرح ہورس، ایک نہایت چبھتے ہوئے طنز کے ساتھ ایک نجار کی زبان سے یہ خیال ادا کرتا ہی، کہ "یہ کندۂ ناتراشیدہ جو میرے سامنے رکھا ہی، اس کی مین تپائی بناؤن، یا اس کا کوئی دیوتا بناڈالون"۔ سسرو، پلوٹارک، میکزیمس وڈیان کریزوسٹوم، یہ سب لوگ بت پرستی کے یکسر مخالف ہوئے ہین، اور یا اگر اُسے جائز سمجھتے بھی تھے، تو صرف اس بنا پر کہ عوام کے ذہن مین وہ خدا کے تصور جانے مین

---

۵۱ و ۵۲ یہ دونون رومن کے مشاہیر شعرا مین ہوئے ہین۔ آوڈ ۴۳ ق م تا ۱۸ ق م۔ ہورس ۶۵ ق م تا ۸ ق م۔

معین ہوتی ہے، سینیکا و متبعین فیثاغورس قربانیون پر بھی معترض تھے۔
ان کثیر التعداد نظایر سے اس حقیقت پر روشنی ڈالنا مقصود تھی، کہ روم کا فلسفیانہ حلقہ مذہب مروج کے اثر سے کس قدر بُعد رکھتا تھا، اور اس لیے اس کی اخلاقی زندگی کے موثرات کا سُراغ لگاتے ہوئے ہمین مذہب کو اس کا کوئی ماخذ نہ قرار دینا چاہیے، لیکن اہل علم عقاید ہمیشہ عوام الناس کے معتقدات سے مختلف رہے ہین، اور یہ اختلاف اس زمانے مین، جبکہ مسیحیت کا ظہور ہوا تھا، نہ طباعت کی دریافت ہوئی تھی، اس سے بھی زیادہ واضح و شدید تھا، جتنا آج کل دونون گروہون مین ہے۔ اس کا ایک اہم اثر یہ پڑا، کہ حکما کی آزاد خیالیان صرف ان کی زبان و قلم تک محدود رہین، لکرشیس کا الحاد، اور تلامذۂ کارنیڈس کی تشکیک، استثنائی واقعات تھے، ورنہ عام حالت یہ تھی کہ قدیم حکما، اپنی آزاد خیالیون کو پرایوٹ صحبتون یا اپنی ان تصانیف تک، جو صرف ایک مخصوص مختصر حلقہ مین اشاعت پزیر ہوتی تھین محدود رکھتے تھے، اور بہ لحاظ عمل مذاہب مروجہ کی مہل سے مہل رسوم تک کی پابندی کرتے تھے بلکہ عوام کے سامنے ان کی تائید تک کرتے تھے۔ ایک خیال اُن کا یہ بھی تھا کہ تمام قومون کا منتہاے مقصود۔ خدا پرستی۔ ایک ہی ہے، البتہ راستے مختلف ہین، اور اس لیے اگر کسی مذہب سے انسان کی اخلاقی زندگی صحیح ہوتی ہو، تو خواہ فی نفسہ وہ مذہب کیسا ہی لغو ہو، لیکن باایںہمہ وہ مستحق تائید و حمایت ہے۔ ڈلفی کے دار الکہانت سے یہ فتوی صادر ہوا تھا کہ ہر شخص کے لیے بہترین مذہب وہ ہے جو اس کے وطن مین رائج ہو۔ پالیبیس و ڈایونیس کا ایک طرف تو یہ مقولہ تھا، کہ جملہ مذاہب محض سیاسی آلات عمل ہین، اور دوسری جانب یہ رومن خوش اعتقادیون کی مدح مین حد سے زیادہ رطب اللسان ہو رہے تھے۔ دار و علانیہ کہتا تھا، کہ بہت سے مذہبی حقایق ایسے ہین، جن سے عوام کا لاعلم رہنا ہی بہتر ہے، اور بہت سے مذہبی کاذب ہین، جن پر عوام کا اعتقاد رکھنا ہی قرین مصلحت ہے، سسرو و سینز، دونون اعتقاداً مذہب کے منکر تھے،

باایںہمہ مذہبی عہدہ دار بھی تھے۔ رواقیین کی یہ تعلیم تھی، کہ ہر شخص کو اپنے ملکی مذہب کی پابندی کرتے رہنا چاہیے۔

لیکن رومی مذہب کی نوعیت ہی ایک خاص قسم کی واقع ہوئی تھی، یہ لوگون کو پابند اخلاق رکھنے مین بے شبہ بہت کچھ معین ہوتا تھا، لیکن اس سے کوئی اخلاقی جذبہ مطلقاً نہین پیدا ہوتا تھا، یہ تمامتر سیاسیات کا پیدا وار تھا، اور اس کی جو کچھ طاقت تھی، وہ سب سیاسی رنگ مین رنگی ہوئی تھی۔ رومی دیوتا، نہ تو یونانی دیوتاؤن کی طرح تخئیل غیر محدود کی پیداوار تھے، اور نہ مصری دیوتاؤن کی طرح قوائے فطرت کے مظاہر تھے، بلکہ یا تو استعارۃً مختلف فضائل اخلاق کے مجسمہ تھے، اور یا وہ ارواح تھین، جو رومی صنائع کے مختلف شعبون کی حاکم و نگران تھین۔ اس مذہب نے حلف کا احترام قائم کیا تھا، بعض فضائل پر گویا سیاسی تقدس کی مُہر لگادی تھی، اُن کے بعض مخصوص مواقع اظہار کی یادگار منائی جاتی تھی، وطن پرستی کو ایک مرتبۂ خاص عطا کیا تھا، اسلاف پرستی کے ذریعہ سے حیات بعد الموت کا عقیدہ قائم کیا تھا، خاندان مین والد کی حکومت و اقتدار پر زور دیا تھا، رسم نکاح کو ایک بالکل مذہبی رسم کی حیثیت سے رکھا تھا، اور افراد کی سیرت مین توکل، اطاعت کیشی، و پابندی مراسم مذہبی کے جوہر پیدا کیے تھے۔ مگر باایںہمہ اس مذہب کی اصل بنا، خود غرضی ہی پر تھی۔ اس کا مطمح نظر اس سے زیادہ کچھ نہ تھا، کہ افراد مرفہ الحال رہین اور صعوبات و مصائب سے محفوظ رہین۔ چنانچہ یہ اسی کا اثر تھا، کہ روم مین گو، صدہا، ہیرو و جانباز پیدا ہوئے، لیکن نفس کُش زاہد ایک بھی نہ اُٹھا۔ یہان ایثار کی جو بہتر سے بہتر مثالین ملتی ہین، وہ بھی مذہب کے اثر سے آزاد، اور وطن پرستی پر مبنی تھین۔

مگر اہل روم کے جو کچھ بھی عوایدِ اخلاقی تھے، اور انھین مذہب سے جو کچھ بھی تقویت ملتی تھی، وہ سب جمہوریت کے اواخر اور شہنشاہی کے اوائل مین، بداخلاقی و بہیمیت کے طوفان مین غرق ہو گئے۔ اب معاشرت کی سادگی و بے تکلفی، جو مدت دراز کی سخت کوششون سے قائم ہوئی تھی، کی جگہ تکلفات و عیش پرستی نے لے لی۔ اس کی ابتدا تو اس زمانے سے ہوتی ہے

جب مینلیس کی فوج ایشیا سے واپس ہوئی ہی۔ پھر اسی زمانے کے قریب قرطاجنہ و مقدونیا کی فتوحات سے اسے اور ترقی ہوئی، اور پھر انٹونی نے اپنے طرز عمل سے اسے تقویت مزید پہونچائی تا آنکہ شہنشاہی کے زمانے مین یہ عیش پرستی اس حد تک پہونچ گئی، کہ شرقی متخیلہ بھی اس سے آگے نہین جا سکتا۔ جمہوریت کے قائم کردہ نظام اخلاقی و سیاسی کا اختلال کامل، خانہ جنگیون کی طوائف الملوکی، غیر ملکیون کی روز افزون درآمد، جو اپنے ہمراہ نئے نئے رسم و رواج، نئے نئے مذاہب، اور نئے نئے فلسفہ لاتے تھے، ان چیزون نے مل ملا کر اخلاق کے قدیم حدود کو بالکل درہم و برہم کر دیا۔ سب سے بڑھ کر یہ ہوا کہ عبادت و پرستش کے مختلف طریقہ جو پہلو بہ پہلو رائج ہو گئے، انھون نے اور مذہب مروجہ کی طرف سے لوگون کو ڈانوا ڈول کر دیا۔ مذہب کا اخلاقی اثر تقریبًا بالکل فنا ہو گیا۔ جذبۂ تقدس تقریبًا مٹ گیا۔ اور اس کے مظاہر ہر شخص کو نظر آنے لگے۔ چنانچہ جب غسطس کا بیڑہ غرق ہو گیا، تو اس نے غصہ مین آکر نیچون کے بت کو مسمار کر دیا یا جب جرمینیکس کا انتقال ہوا، تو لوگون نے دیوتاؤن کے قربانگاہون پر خوب پتھراؤ کیا۔ مذہبی تقدس و احترام کا نشان لوگون کے دل سے ایسا مٹ گیا تھا کہ لوگ اپنی دعاؤن مین ایسے گندہ و فحش الفاظ استعمال کرتے تھے، جو بڑے سے بڑے بے شرم شخص کی زبان سے بھی ادا ہونا مشکل تھے۔ بعض حکمار و سلاطین نے بے شبہ اصلاح کی کوشش کی لیکن مذہب قدیم کا اخلاقی اثر واپس نہ آنا تھا نہ آیا۔ یہ اخلاقی انحطاط رفتہ رفتہ اس حد تک آگیا کہ سلاطین پرستی شروع ہو گئی۔ اب غیر ملکی دیوتاؤن کی بھی رومن دیوتاؤن کی طرح پرستش ہونے لگی اور جو گندے اور مخرب اخلاق افسانہ ان کی بابت مشہور تھے، وہ اب رومن روایات کا جزو بن گئے۔ اور تواور، اشاعت تشکیک کا ایک بڑا ذریعہ تھیٹر ثابت ہوا۔ سسرو بیان کرتا ہی کہ تھیٹر مین جب اس مضمون کے اشعار پڑھے جاتے تھے، کہ دیوتاؤن کو دنیوی معاملات سے کوئی سروکار نہین، تو لوگ انھین نہایت ذوق و شوق سے سنتے۔ اسی طرح پلوٹارک ایک تھیٹر کا واقعہ نقل کرتا ہی کہ جب تماشہ مین ڈیانا کے جرائم دکھائے جا چکے تو ان کے خاتمہ پر ایک تماشائی نے

جوش مین بیخود ہوکر اُس ایکٹر سے جو یہ پارٹ کر رہا تھا مخاطب ہوکر کہا، کہ "خدا کرے تیری بھی ویسی ہی بیٹی ہو جیسی تو نے اپنے پارٹ مین ظاہر کی ہی" سینٹ آگسٹائین وغیرہ بھی حیرت کے ساتھ لکھتے ہین کہ یہ رومن بت پرست، مندرون مین تو دیوتاؤن کی پوجا کرتے تھے، اور تھیٹرون مین ان کے ساتھ تمسخر کرتے تھے۔ اس زمانے مین ایک گروہ ایسا بھی تھا، جو باوجود تشکیک و ارتیاب سخت وہم پرست و ضعیف الاعتقاد تھا، اور جس کا اثر تاریخ مذہب پر بہت گہرا رہا ہی۔ یہ گروہ ایک طرف یا تو سرے سے دیوتاؤن کے وجود ہی کا منکر تھا، یا کم از کم یہ مانتا تھا کہ معاملات دنیوی مین اُن کا کوئی دخل و اثر نہین، لیکن ساتھ ہی دوسری طرف فال و نجوم، کہانت و پیشینگوئی، کشف و کرامت وغیرہ مین بھی پختہ اعتقاد رکھتا تھا ہزارہا طبیعی واقعات، مثلاً زلزلہ، دُمدار ستارہ، آندھی پانی، شہاب ثاقب، ان لوگون کے خیال مین ایک مخفی قوت و اثر رکھتے تھے۔ فن نجوم کا اس زمانے مین بہت زور ہوا۔ بہ قول پلینی کے اس وقت یہ خیال، تعلیم یافتہ و غیر تعلیم یافتہ سب مین شایع تھا کہ ہر شخص کی تقدیر کا مالک ایک خاص ستارہ ہوتا ہی، جو اس کے وطن پر حاکم ہوتا ہی، اور خدا کہ اُس نے ابتدا آفرینش ہی سے یہ انتظام کر دیا ہی، پھر کسی معاملہ مین دخل نہین دیتا۔ ایک اور مورخ جس کا شمار عہد شہنشاہی کے متاخرین مین ہی، لکھتا ہی، کہ ہزارہا آدمی، جو وجود باری تک کے منکر تھے اتنی جرأت نہ رکھتے تھے، کہ کوئی بڑا اور اہم کام کیا معنے، کھانا اور غسل کرنا تک شروع کرین، تاوقتیکہ ساعت نہ دیکھ لی ہو، یا تقویم مین مریخ کی جگہ کی تحقیق نہ کر لی ہو، یا یہ نہ دیکھ لیا ہو کہ قمر و عقرب مین کتنا فاصلہ ہی۔ غرض یہ کہ دیہات کو چھوڑ کر باقی تمام ملک مین جمہوریت کے ایام آخری اور شہنشاہی کی پہلی صدی مین مذہب کا کہین نام و نشان نہ تھا، پس جو شخص اس زمانہ کی اخلاقی زندگی کے موثرات کا سراغ لگانا چاہتا ہی، اُسے چاہیے، کہ بجاے مذہب کے اُن نظامات فلسفہ کو پیش نظر رکھے، جو یونان سے آکر یہان پھیل گئے تھے۔

دنیا کی اخلاقی تاریخ مین، اور علی الخصوص رومن بت پرستون کی شہنشاہی کے دور آخر مین،

زینو و اپیکورس کے نظریات کو جو عظیم اہمیت حاصل رہی ہی، اُس سے ممکن ہی، کہ ہمارے ذہن مین ان دونون حکیمون کی نہایت مبالغہ آمیز عظمت قائم ہوجائے۔ حالانکہ واقعہ یہ ہی کہ ان حکماء کے نظریات کو جو مقبولیت عام حاصل ہوئی، اس مین ان کی قوت اجتہاد کو چندان دخل نہین، ان کا جو کچھ کارنامہ ہی، وہ یہ ہی کہ انھون نے اُن دو اخلاقی سانچون کی جو ہمیشہ اور ہر جگہ پائے گئے ہین، تعریف منضبط الفاظ مین کردی، دنیا مین ہمیشہ دو طرح کے آدمی پائے جاتے ہین۔ ایک وہ، جو ثبات، استقلال، وضبط نفس کے بہت بڑے حصہ دار ہوتے ہین، جو خودداری و نفس کشی کی بڑی سی بڑی آزمایشون مین پورے اُتر سکتے ہین، جن کا خمیر ایثار، دیانت داری، جرأت و ہمت سے ہوتا ہی، اور جو حق و صداقت کے مقابلہ مین جان تک کی پروا نہین کرتے۔ دوسری قسم کے وہ لوگ ہوتے ہین جو ہر شی مین سہولت ڈھونڈھتے ہین، اور تحمل شدائد پر قادر نہین ہوتے۔ جو اپنی زندگی کو لطف و آسایش سے بسر کرنا چاہتے ہین، جو خوشحالی، احباب پروری، مہمانداری و لطف صحبت کو حاصل عمر سمجھتے ہین، اور جو شدید نفس کشی، ایثار، و جانبازی کے ناقابل ہوتے ہین۔ ان مین سے اول الذکر قسم کے لوگ طبعاً و فطرۃً رواقیین ہوتے ہین، اور ثانی الذکر اپیقوریین۔ اور وہ جب کوئی فلسفیانہ مسلک تلاش کرین گے، تو یہ بالکل قدرتی امر ہی کہ اپنے اپنے مذاق و مزاج کے مطابق اخلاقی سانچہ تلاش کرین گے۔ یعنی پہلے گروہ کے لوگ جذبات کو مغلوب رکھین گے ضبط نفس کو اس فضائل قرار دین گے، اور فرض و منفعت کو ہمیشہ دو علیحدہ چیزین خیال کرین گے۔ برخلاف اس کے دوسرا گروہ لطف معاشرت کو سب پر مقدم رکھے گا، اور کسی شی کے فرض ہونے کے مقابلہ مین اس کے مفید ہونے کو قابل ترجیح خیال کرے گا۔

لیکن اگرچہ ان معاملات مین انسان کی سیرت فطری اُس کے عقاید و خیالات کی تشکیل مین مدخل عظیم رکھتی ہی تاہم اس مین شبہ نہین، کہ افراد کی سیرت بجاے خود اپنی تشکیل کے لیے قومی حالات و خصوصیات پر منحصر ہی۔ مثلاً یونان و ایشیاے کوچک مین جو لطیف نفیس، و پرتکلف تمدن

شایع تھا، اُس کے لحاظ سے وہان لذتیہ کے انداز کے بہت سے افراد آسانی سے پیدا ہو سکتے تھے، لیکن روم کے حالات اُس کے بالکل برعکس تھے، روم ابتدا ہی سے رواقیت کا گہوارہ تھا، قبل اُس کے کہ فلسفہ کے نام سے بھی آشنا ہوں، اہل روم اسی وقت سے رواقیت پر عمل کرنے لگے تھے، اور فلسفہ سنجی کے بعد اُن کا ادھر متوجہ ہونا تو بالکل مقتضائے قیاس تھا ایک ایسی بڑی قوم، جو متواتر جنگوں میں مشغول رہتی تھی، اور جنگیں بھی اس زمانے کی جبکہ فتح کا فیصلہ، دولت و ثروت یا مادی سامان جنگ کی جگہ وطن پرستی کے جوش اور فوجی انتظام پر منحصر تھا، یہ لازمی تھا کہ قومی خصوصیات کی پوری قوت اپنے تئیں ایک مخصوص اخلاقی سانچہ یا انداز سیرت کی تشکیل پر صرف کرے۔ بچوں پر والد کی پوری افسری، زوجہ پر شوہر کی حکومت کامل، غلام پر آقا کی مطلق الاختیاری، یہ تمام چیزیں مختلف مظاہر تھیں اُسی انتظامی قابلیت کا جس کا جلوۂ اہم، میدانِ جنگ میں نظر آتا تھا حُبِ وطن اور فوجی اعزاز، یہ دو تصورات رومن دل و دماغ میں ناقابل انفصال تھے۔ قومی زندگی، قومی عظمت، قومی ہستی، انھیں دو چیزوں سے عبارت تھی، اور فلسفۂ اخلاق کے کسی نظریہ کے لیے یہ ناممکن تھا کہ وہ اس سے متاثر نہ ہو۔

اسی کے ساتھ یہ بھی ہے کہ جنگ اگرچہ صدہا اخلاقیوں کا مولد و منشا ہوتی ہے تاہم کم از کم جانبازی کی تعلیم کے لیے تو اپنے سے بہتر کوئی مکتب نہیں رکھتی۔ آدمی کو کیسے جان دینا چاہیے؟ اس کا جنگ سے بہتر کوئی معلم ہو ہی نہیں سکتا۔ افراد کی طبیعت میں نارت کے بجائے رفعت و عالی حوصلگی پیدا کرنا، شرافت و عالی ظرفی کے بہتر سے بہتر کام انجام دینا، ذاتی غرضمندیوں پر آن و بان کو ترجیح دینا، جذبات کو قابو میں رکھنا، یہ سب نتائج جنگ کے ہوتے ہیں اسی طرح وطن پرستی بھی افراد میں اس استعداد کو اُبھار دیتی ہے کہ اپنے ذاتی منافع کو اجتماعی منافع کے سامنے مغلوب رکھیں۔ فضائے حیات کو وسیع کرنا افراد میں ماضی کے اکابر رجال کی ہم سطحی کی اُمنگ پیدا کرنا، ان کی زندگی سے اخلاقی سبق حاصل کرنا، اور مستقبل پر اتنی نظر رکھنا کہ حال کی لذات و مسرات بھی اُس کی تابع رہیں، یہ اثرات وطن پرستی کے ہوتے ہیں، ان سب موثرات نے مل ملا کر

رومن زندگی کا نشوونما اس حد تک پہونچا دیا جس کی نظیر اب کبھی نہین مل سکتی۔ اس زمانہ کی جنگ، فضائل ایثار کی بہترین معلم تھی، اس پر اضافہ کیجیے، قوت وطن پرستی کا۔ اب اہل شہر جو سیاسی و فوجی زندگی دونون کے خوگر تھے، وہ ان دونون موثرات سے متاثر بھی ہوئے، اور یہ تاثر اُن مین حد کمال تک پہونچ گیا۔ پھر ایک عرصۂ دراز کی زیر دست حکومت سے چونکہ حکمرانی قوم کی سرشت مین داخل ہوگئی تھی، اس لیے ترفع و علو بھی قومی خصایص مین شامل ہوگئے۔

ان حالات کے اجتماع کے ساتھ یہ بالکل ناگزیر تھا، کہ رومن افراد کی سیرت کے خصایص امتیازی، رواقیت کے اجزاء ترکیبی ہون، قطع نظر اس کے کہ ہر شخص اپنے مذاق و مزاج کے موافق نظریہ اخلاق انتخاب کرتا ہے، رومن افراد کے سرشت مین جو رواقیت سرایت کرگئی تھی، اس کا ایک سبب اور بھی تھا، اور وہ ان کا قدم قدم پر اپنے بلند پایہ اسلاف کے کارنامون سے سبق حاصل کرنا تھا۔ مسیحیون کے پیش نظر جو اخلاقی نمونہ تھے، وہ علی العموم یا تو فوق البشر ہستیان تھین، اور یا وہ بشر تھے جو مثل فوق البشر ہستیون کے تھے، یعنے جو دنیا سے بالکل ترک تعلقات کیے ہوئے گوشہ نشین رہتے تھے، لیکن روم و یونان مین اس کے برعکس، جو اخلاقی نمونہ، افراد کے سامنے تقلید و اتباع کی غرض سے پیش رہتے تھے، وہ انھین کے ابنائے وطن کے تھے، یعنے ایسے لوگ جو اُسی اخلاقی فضا مین رہتے تھے، جو انھین مقاصد کے لیے جد و جہد کرتے تھے، انھین دائرون مین گردش کرتے تھے، اور انھین خصائص قومی سے متصف تھے۔ اس زمانے مین اخلاقیات کے ہر مصنف کا یہ فرض تھا، کہ جن فضائل اخلاق کی وہ تعلیم دینا چاہتا تھا، اُن کی عملی نظیرین بھی وہ اپنے ہم وطنون کی زندگی سے پیش کرتا۔ میکزیمس نے، قدماء مصنفین کی تقلید مین ایک کتاب لکھی ہے، جس کا مضمون یہ ہے کہ فضائل اخلاق کی اُس نے ایک فہرست دیدی ہے، اور ہر عنوان کے ذیل مین اپنے وطن یا دوسرے ملکون کے اکابر رجال کی زندگی سے عملی مثالین درج کرتا گیا ہے۔ پلوٹارک کے الفاظ اس سلسلہ مین قابل دید ہین، وہ لکھتا ہے، کہ

"ہم جب کسی امر اہم کو ہاتھ لگاتے ہین، یا کسی سخت ابتلا مین پھنستے ہین، تو اپنی آنکھون کے سامنے موجودہ یا گذشتہ اکابر رجال کی نظیر رکھ لیتے ہین، اور اپنے نفس سے یہ سوال کرتے ہین، کہ اگر فلاطون یا لائی سرگس، یا فلان، یا فلان، نامور شخص اس موقع پر ہوتا، تو کیا کرتا؟ فلسفہ کا طالب علم جب کسی دقت مین مبتلا ہوتا ہی، یا کسی جذبہ کی حدت اُسے ستاتی ہی، تو وہ اعاظم رجال اخلاق مین سے کسی کا عکس اپنے آئینۂ نفس مین اُتارنے لگتا ہی، اور اس سے اکثر اس کے قدم لغزش سے محفوظ رہتے ہین"

اس قسم کے فقرے قدیم اخلاقیین کی تصانیف مین کثرت سے آتے ہین جن سے اس حقیقت پر پوری روشنی پڑتی ہی، کہ لوگ اپنے فلسفۂ اخلاق کو کیسا اپنے مذاق طبیعت کے موافق ڈھال لیتے ہین نیز اس امر پر کہ قومی تاریخ کا جو بہترین دور ہوتا ہی اس کا اثر دوا رما بعد پر باوجود اختلاف حالات بھی کیسا گہرا رہتا ہی، اس لیے اس نتیجہ پر مطلق حیرت نہ کرنا چاہیے کہ شہنشاہی کے زمانے مین اگرچہ اکثر حالات بدل گئے تھے، تاہم رواقیت کا فلسفیانہ اثر و اخلاقی اقتدار اب بھی باقی تھا۔ اس مین شک نہین کہ لذتیت کی بھی اس دور مین اشاعت رہی، لیکن اس کو کوئی اخلاقی اہمیت کبھی نہین حاصل ہوئی، بلکہ یہ ہمیشہ اخلاقی تعیش کے لیے لوگون کے ہاتھ مین بطور ایک حیلہ کے رہی یا زیادہ سے زیادہ اُسے اُن افراد نے اختیار کیا، جو پہلے ہی سے ضعیف الاخلاق تھے۔ اپیکورس، بے شبہ، بذات خود نہایت اعلیٰ سیرت اور بیداغ چال چلن رکھتا تھا، اور اس نے جو اصول قائم کیے تھے وہ بہت بلند اور جملہ فضایل و محاسن پر حاوی تھے، بلکہ ہم تو یہانتک ماننے کو تیار ہین، کہ اس کے تلامذہ بھی بعض اخلاقی فضائل کے لحاظ سے بہت ممتاز تھے، لیکن جس مسلک کی بنیاد لذت و مسرت پر ہو، وہ جنگی طوائف الملوکی کے زمانے مین شدید اخلاقی کشاکش کا کب تک مقابلہ کرسکتا ہی، اور رومیون کے جبلّی فضائل و رذایل تو سرے سے اس کی مقبولیت کا میابی کے

مخالف تھے۔ ان کے تمام تخیلات ایک بالکل مختلف سانچہ مین ڈھلے ہوئے تھے اُن کے لیے یہ ناممکن تھا کہ وہ لذتیت کے اثر مین آکر ایثار و نفس کشی کے جذبات اپنے اندر رکھ سکین، اور پھر اپیکورس نے لذت کے جو دقیق اقسام قائم کیے تھے، اور انسان کی مسرت حقیقی کی تعریف کی تھی، یہ بھی رومیون کی سمجھ سے باہر تھا۔ وہ اگر حصول لذت کی کوشش کرتے، تو بس عیش پسندیون کی انتہائی ہی صورتون پر جھک پڑتے۔ پس اپیکورس کے مذہب کا رومن تاریخ پر جو اثر پڑا، اس کی حیثیت بالکل سلبی و منفیانہ رہی، یعنی صرف اس قدر کہ وطن پرستی و قومیت کے جوش خروش کو دبا کر، اور عام اخوت انسانی کے خیال کو چمکا کر، اس نے مذہب مروجہ کے انحطاط و زوال مین اور عجلت کردی۔

فصل (۲)

رواقیت

جب لذتیت کی یہ حالت تھی، تو اخلاقی تعلیم کے ایجابی و تعمیری پہلو کا بار، لامحالہ رواقیت ہی کے شانہ پر آکر پڑا۔ چند حکما، بے شبہ ایسے تھے جو بعض حیثیات سے رواقیت کے مخالف معلوم ہوتے تھے، لیکن درحصل ان کی تعلیمات کا ماحصل بھی بس اسی قدر تھا کہ رواقیت کی انتہائی صورتون سے جو نتائج صعب لازم آتے ہین، انھین ہلکا کردین۔ رواقیت کا ملخص یہ دو اصول بن سکتے ہین:۔ ایک یہ کہ کردار انسانی کی غایت محض نیکی ہونا چاہیے، دوسرے یہ کہ عقل کے مقابلہ مین جذبات کو بالکل مردہ ہوجانا چاہیے۔ انھین دو اصول مین بعض رواقیین شدید مبالغہ و غلو سے کام لیتے تھے، اب مشائیہ[1] و بعض متبعین فلاطون کا کام یہ تھا کہ وہ اس غلو

[1] مشائیہ متبعین ارسطو کو کہتے ہین، ارسطو ٹہل ٹہل کر لکچر دیا کرتا تھا، اور عربی مین "مشی" ٹہلنے کو کہتے ہین، اسی سے حکمت مشائی، مشائیہ وغیرہ الفاظ مشتق ہین۔

وافراط کی آنچ کو ذرا دھیما کرتے رہتے تھے، اس قدر ان لوگون کو بھی تسلیم تھا، کہ نیکی و منفعت دو متباین چیزین ہین، اور یہ کہ اعمال انسانی کا محرک خاص، نیکی کو ہونا چاہیے۔ لیکن ساتھ ہی یہ اس کے بھی قایل تھے، کہ لذت و مسرت بھی نیکی ہی کی ایک صنف ہی، اور اس کا لحاظ رکھنا نا واجب نہین۔ جذبات پر عقل کی افضلیت کے یہ منکر نہ تھے، تاہم یہ اس کے قائل نہ تھے کہ جذبات کو بالکل مردہ ہی کر دینا چاہیے۔ غرض یہ کہ دوسرے حکماء اگرچہ رواقیت کے بعض جزئیات مین ترمیم و تغیر کر دیتے تھے، تاہم اس کے اصل الاصول سے انھین مطلق اختلاف نہ تھا، ہم ابھی کہہ چکے ہین، کہ رواقیت کا مایۂ خمیر، دو اصول سے تھا، ایک ایثار، دوسرے جذبات کشی۔ صفحات ذیل مین ہمین یہ دکھانا ہی، کہ قدیم اخلاقی زندگی مین ان دونون اصولون کا عکس کہانتک نظر آتا ہی۔

پہلے اصول کا سب سے زیادہ نمایان عکس اُس جان فروشی مین نظر آتا ہی، جس کا محرک جذبۂ وطن پرستی تھا۔ اس جذبہ کی بڑی خصوصیت یہ ہی، کہ باوجود ایثار و سرفروشی کے انتہائی نمونہ پیش کرنے کے فاعل کو اس مین کسی صلہ یا نفع کی مطلق توقع نہین ہوتی، اور اس بنا پر کہہ سکتے ہین، کہ ایثار کی جتنی صورتین معروف ہین، اُن سب مین بڑھ چڑھ کر یہ وطن پرستی کا ایثار ہی۔ رومہ و اسپارٹا کے باشندے اپنے وطن کی خاطر اپنی جان محض اس لیے دیتے، کہ انھین اس سے محبت تھی، نہ اس لیے کہ اس سے اُنھین کسی صلہ کی توقع تھی۔ ممکن ہی، کہ "ثواب شہادت" کا خیال ہو۔ لیکن وہ لوگ درحقیقت اس خیال سے آشنا تک نہ تھے۔ رہا شہرت بعد مرگ کا خیال، تو ظاہر ہی، کہ اگر یہ محرک تھا بھی، تو صرف انھین لوگون کے لیے ہو سکتا تھا، جو اکابر و مشاہیر مین سے تھے۔ عام افراد کا تو اس کی طرف وہم و گمان بھی نہین جا سکتا تھا، حالانکہ عام افراد نہایت کثرت سے بغیر ضائقہ سرفروشیان کرتے رہتے تھے۔ اس طرح کے بیشمار نظایر کو دیکھ کر آیندہ نسلون مین یہ خیال پیدا ہونا بالکل قدرتی تھا، کہ فرض و منفعت دو بالکل متباین چیزین ہین۔ اور سچ یہ ہی کہ جس کثرت سے رواقیت نے اپنے زمانۂ عروج مین، انتہائی ایثار

وفرض شناسی، وبیغرضانہ سرفروشی کے شواہد پیش کیے، اس کی نظیر اور کہین نہین ملتی، یہ ایک علیحدہ بات ہی، کہ خود فرائض کی جو تعریف اُن کے ذہن مین تھی، وہ کہانتک صحیح تھی۔

گزشتہ باب سے ناظرین کو معلوم ہوا ہوگا، کہ محرکات اخلاق چار مختلف عنوانات کے تحت مین رکھے جا سکتے ہین۔ ایک صورت تو یہ ہی، کہ لوگون کو یہ یقین دلا دیا جاے، کہ نیکی کا نتیجہ نیک ہوتا ہی، اور بدکاری کا بد، جیسا کہ عام طور پر دنیا مین ہوتا رہتا ہی، نیز آخرت کی جزا و سزا۔ اس طریق استدلال کا آخری ٹکڑا، یعنی جزا و سزا کا خیال صرف انھین لوگون پر موثر ہو سکتا ہی، جو مذہبی حیثیت سے اعتقاد راسخ رکھتے ہین۔ رہا جزو اول یعنے دنیوی مکافات عمل تو اس کی واقعیت بھی بہت کچھ سوسائٹی کے حالات اور اس کے مرتب و منتظم ہونے پر موقوف ہی۔ کیونکہ بعض مرتبہ جماعت کی حالت ایسی بھی ہوتی ہی، کہ اس مین نیکی کا معاوضہ نیک، اور بدی کا معاوضہ بد نہین نکلتا۔ اس کے علاوہ، افراد کے ذاتی حالات و خصوصیات مزاج کو بھی اس طرز استدلال سے متاثر ہونے مین بہت کچھ دخل ہی۔

دوسرا طریقہ، لوگون مین یہ عقیدہ ذہن نشین کر دینے کا ہی کہ معصیت نفس مین وہی نسبت ہی، جو مرض و جسم مین ہی، گویا نیک کرداری اور صحت نفسی مرادف ہین بعینہ جس طرح صحت جسمانی بذات خود ایک مرغوب و دلپسند شی ہی، عام اس سے کہ اس سے کوئی اور مسرت انگیز نتایج پیدا ہون یا نہ ہون، اسی طرح نفس کا تمام امراض یعنی معاصی سے پاک رہنا، فی نفسہ ایک محبوب شی ہی، جو خارجی مسرات سے بالکل بے نیاز ہی۔ نیکی و بدی کی یہ تعریف، فلاطون کے فلسفۂ اخلاق کا ایک رکن اہم تھا۔ رواقیین نے اسے اس قدر اہمیت تو نہین دی، تاہم

---

۱ "جو تعلق جسم و صحت کے درمیان ہی، وہی نفس و اخلاق کے درمیان ہی، اور بد اخلاقی متوازی ہی بیماری کے ..... اصحت جسمانی صرف اسی لیے پسندیدہ نہین کہ اس سے انسان دنیا کی دیگر لذات و مسرات سے لطف اندوز ہو سکتا ہی، بلکہ اسلیے بھی کہ یہ شی یعنی عدم مرض فی نفسہ ایک خوش کن حالت ہی... اسی طرح ایک با اخلاق شخص کو دوہری مسرت حاصل رہتی ہی، ایک تو خود خوش اخلاقی کی" (بقیہ آیندہ)

اس کی اصلیت کو تسلیم کیا، اور اس کے بعد سے کم و بیش تمام حکما، اخلاق اسے تسلیم کرتے آئے ہین - یہ اصول، نفس مین علو و عظمت پیدا کرنے مین خاص طور پر معین ہی کہ اس سے انسان بجاے اپنے منفرد اعمال پر علیحدہ علیحدہ نظر کرنے کے اپنے ذہن کی عمومی و عادی حالت پر نظر کرنے کا خوگر ہو جاتا ہی -

تیسرا محرک اخلاق یہ ہو سکتا ہی کہ ہر عمل نیک سے انسان کو مسرت و لذت حاصل ہو - اس مین اور محرک اقبل مین فرق یہ ہی، کہ اُس مین نفس کی ایک عام و عادی مطمئن کیفیت سے مدد لی گئی ہی، اور اس مین اُس کے برعکس یہ بتایا گیا ہی، کہ فرداً فرداً ہر نیک کام سے نفس مین ایک انبساط پیدا ہوتا ہی - یہ انبساط ہر نیکی کا نتیجہ ہوتا ہی، گو فیاضانہ افعال مین یہ زیادہ قوی ہوتا ہی -

یہ تینون محرکات اخلاق اگرچہ مسرت کی صورتین مختلف دکھلاتے ہین، یعنے پہلا محرک خارجی مسرات کو پیش نظر رکھتا ہی، اور پچھلے دونون، داخلی و نفسی مسرت و انبساط کو، لیکن نفس حصول مسرت مین سب مشترک ہین، لیکن ان کے علاوہ ایک چوتھی صورت اور بھی ممکن ہی، جو ضمیر مین اور ان کے مخالفون کے درمیان فارق اصلی ہی - اس محرک کا ملخص ان الفاظ مین رکھا جا سکتا ہی، کہ انسان کی فطرت اس طرح پر واقع ہوئی ہی کہ احساس فرض، بجاے خود اس قدر قوت رکھتا ہی کہ نفع و مسرت کی تمام قیود سے آزاد ہو کر بھی انسان کو نیک کرداری پر چلا سکتا ہی - اس کی قوت نہ حالات گرد و پیش کی شرمندۂ احسان ہی، نہ معتقدات مذہبی کی، اور اس سے متاثر ہونے کے لحاظ سے ہر شخص مساوی ہی، خواہ مسیحی ہو یا غیر مسیحی، خواہ معاد کا قائل ہو یا منکر - اس اصول کی بنا پر انسان طبعاً یہ شناخت کر لیتا ہی کہ فلان طریق عمل اس کی زندگی کا منتہاے مقصود ہی، اور اس پر وہ کاربند ہونے لگتا ہی خواہ اُسے تکلیف ہی کیون نہ ہو اور مختلف افعال، بلا لحاظ اپنے نتایج کے،

(بقیہ از صفحہ ۱۴۵) اور دوسری اس کی کہ خوش اخلاقی دوسرے مسرت بخش نتایج کے حصول مین معین ہوتی ہی، اور اسی طرح بد اخلاقی کی زندگی اپنے صوجب کے لیے دوگنے عذاب کا باعث ہوتی ہی، ایک تو اس لیے کہ یہ شی فی نفسہ نہ موم ہی، دوسرے اسلیے کہ دیگر نتایج مذموم کی جانب مودی ہوتی ہی" (فلاطون، ملخصہ گروٹ)

بجاے خود محمود یا قبیح ہوتے ہین۔

ان چیزون کا ذکر تو مین گزشتہ باب مین کر چکا تھا، یہان ان کے اعادہ سے مقصود یہ دکھانا ہی، کہ دورِ رواقیت مین ان مین سے اعلیٰ ترین محرکات کا نفوس انسانی پر جو عظیم الشان اثر تھا، اس کی نظیر کسی زمانے مین نہین ملتی۔ خود غرضی و ذاتی مسرت کی تمام صورتین رواقیت مین قطعاً حرام تھین۔ اس کا اصول اولین یہ تھا، کہ جو چیزین ہمارے ارادہ و اختیار مین نہین، اُن کی طرف سے ہمین بالکل مستغنی رہنا چاہیے۔ دنیوی کامیابیون کی جانب اپنے ذہن کو غیر ملتفت رکھنا چاہیے۔ اور اس لیے محرکات عمل مین مصلحت اندیشی کی کوئی جگہ ہی نہین رہتی۔ اپنے اس اصول کی تفسیر و تشریح مین وہ انسانی تمناؤن و آرزؤن کی بے ثباتی، اور تارک الدنیا اشخاص کی جمعیت خاطر و سکون نفس پر بہت مبالغہ کے ساتھ زور دیتے تھے۔ جس عہد مین رواقیت اپنے اوج کمال پر تھی، وہ رومن شہنشاہی کا وہ زمانہ تھا، جو بہ ظاہر اسباب، اس طرح کی تعلیمات کی اشاعت کے لیے بالکل ہی ناموزون تھا۔ اس دور مین، بہ قول ٹیکیٹس کے کسی شخص کو نیکی کی راہ پر چلانا گویا اُسے سزاے موت دینا تھا۔ اور اس سے پیشتر تاریخ مین کوئی ایسا زمانہ نہین گزرا تھا، جبکہ حیوانی قوت کی اس سے زیادہ پرستش کی جاتی ہو، جبکہ مادی لذات کی خواہش اس سے زیادہ عالمگیر ہو، یا جبکہ سیہ کاری کو لوگ اس سے زیادہ فخریہ بیان کرتے ہون۔ لیکن ان حالات مخالف کے باوجود بھی، رواقیت ایسی تعلیم پر عملدرآمد کراتی رہی، جس مین ایثار، نفس کشی، خود فراموشی کے سوا کسی دوسری شی کا شائبہ تک نہ تھا۔ اور پھر جو لوگ اس پر عامل تھے، وہ کوئی مذہبی پرجوش افراد نہ تھے، جو صلۂ اخروی کے متوقع ہون، بلکہ وہ لوگ تھے جن کی فہرست معتقدات سے عقیدۂ بقاے روح یکسر خارج تھا۔ یہ عقیدہ گھٹنے تو اسی زمانے سے لگا تھا، جب روم مین فلسفہ کے داخلہ کے ساتھ تشکیک بھی داخل ہوئی تھی، پھر جون جون قدیم مذہبی افسانون کی لغویت ظاہر ہونے لگی، اور لذتیت کی اشاعت ہونے لگی،

یہ گویا بالکل ہی مٹ گیا، حالانکہ سسرو و پلوٹارک بہت کچھ سر پٹکتے رہے سسرو ہی کی ایک تصنیف مین ایک کیریکٹر نے جو خیال ظاہر کیا ہی، اُس مین اُس نے اپنے معاصرین کے جذبات کی حرف بحرف صحیح ترجمانی کی ہی وہ کہتا ہی، کہ جب تک فلاطون کی تصانیف میرے سامنے کھلی ہوئی رہتی ہین، مین اس کے دلائل کو مستحکم سمجھتا رہتا، اور عالم ارواح کے وجود پر یقین رکھتا رہتا ہون، لیکن جون ہی مین انھین بند کر دیتا ہون تمام استدلالات مجھے بچکانہ اور بودے معلوم ہونے لگتے ہین، اور عالم ارواح کا وجود محض وہمی رہ جاتا ہی" اسی طرح ڈرامانویس انیس، تھیٹر مین ایکٹرون کی زبان سے یہ اظہار خیال کر کے تماشائیون سے خراج تحسین وصول کرتا تھا، کہ دنیوی معاملات سے دیوتاؤن کو کوئی سروکار نہین، سینیٹ (ملکی مجلس شوریٰ) مین بیٹھکر علانیہ یہ کہتا تھا، کہ موت کے بعد کچھ نہین ہوتا ہی" اور کوئی اس سے اختلاف نہین کرتا تھا۔ پلینی، جو اپنے زمانے مین غالباً سب سے بڑا عالم تھا، کہا کرتا تھا، کہ حیات بعد الموت کا اعتقاد، وہم بلکہ ایک طرح کا جنون ہی۔ خود رواقیین نے اس بارہ مین عجیب تلون کا اظہار کیا ہی۔ ابتداءً اُن کا عقیدہ یہ تھا، کہ روح انسانی موت کے بعد ایک مدت خاص تک قائم رہتی ہے، اس کے بعد قیامت آنے پر تمام ارواح، روح اعظم مین اس طرح جذب ہو جائین گی، جیسے جزو کل مین مل جاتا ہی، لیکن ان کے ایک نامکری سیس نے اسے صرف ارواح نیک کردار کے ساتھ مخصوص کر دیا، اور رومہ کے رواقیین کو تو اس قدر تسلیم کرنے مین بھی تردد تھا۔ اس اصول کے تسلیم کر لینے سے، کہ نیکی اپنا صلہ آپ ہی، ان کو یہ ماننے کی بھی ضرورت باقی نہین رہی، کہ بعد موت جزا و سزا ہوگی، اور اس اصول پر زور دینے کا نتیجہ یہ ہوا، کہ صلۂ اُخروی کا خیال اُن کے ذہن سے بالکل ہی زائل ہو گیا۔ پیٹیٹیس جو رومی رواقیت کا بانی تھا، اس کا قائل تھا، کہ جسم کے ساتھ روح پر بھی فنا طاری ہو جاتی ہی، اور اس کی رائے کی تائید ایپکٹیٹس و کارنوٹس جیسے ایمہ رواقیت نے کی ہی۔ سینکا نے اس باب مین بالکل متناقض خیالات کا اظہار کیا ہی۔ اِرکس آرلیس مین بیشک اس خیال کی کچھ جھلک نظر آتی ہی

مگر بہت ہی دھندلی، یہ حالت ائمہ رواقیت کی تھی، عام طور پر یہ حال تھا کہ لوگون کو حیات بعد الموت کا اگر یقین تھا بھی تو بہت ضعف و تذبذب کے ساتھ، اور اس عقیدہ کو بطور محرک اخلاق کے انھون نے کبھی بھی نہین پیش کیا۔ بلکہ بہ حیثیت مجموعی یہ کہنا، بالکل ایک واقعیت کا اعادہ کرنا ہی کہ رواقیت نے، جس نے ایثار و نفس کشی کے ایسے انتہائی نمونہ پیش کیے، جن کی نظیر تاریخ عالم مین کہین نہین ملتی، اور جو بہ لحاظ تعمیم اثر کسی قوت سے کمتر نہین رکھی جا سکتی، اپنے سارے نظام اخلاق مین حیات بعد الموت کے عقیدہ سے کہین مدد نہین لی۔ قدیم بت پرستانہ لیٹریچر مین جس کتاب مین عالی ظرفی و اخلاق فاضلہ کی سب سے بہتر و مکمل تعلیم دی گئی ہی، وہ سسرو کی کتاب "De officiis" ہی، جو تمامتر مشہور رواقی حکیم پنیٹیس کی تصنیف کی تفسیر و تشریح ہی، اسی طرح عملی زندگی مین جو سب سے زیادہ پر عظمت نمونہ ہمارے علم مین ہی، وہ ایک دوسرے امام رواقیت ایپکٹیٹس کا ہی، جو ایک نہایت جابر و شقی القلب آقا کا ایک مریض و بد شکل غلام تھا۔ اپنی آخر زندگی مین اسے آزادی نصیب ہوئی، مگر بالکل عارضی، کیونکہ چند ہی روز مین اُسے جلاوطن ہونا پڑا۔ یہ نامور رواقی ایک طرف تو موت کو ہستی انسانی کا قاطع سمجھتا تھا، مگر دوسری طرف اپنی عملی زندگی کے لحاظ سے اپنے تئین فضائل اخلاق کا مجسمہ بنائے ہوئے تھا، اور اپنے پیچھے ایسی تصانیف چھوڑ گیا ہی، جن کا ایک ایک حرف مکارم اخلاق و فضائل انسانی کی زندہ تصویر ہی، اور جن کی تاثیر آج، ہزارہا سال گزرنے پر بھی، باین اختلاف حالات و طبایع بدستور قائم ہی۔

شہرت، و بقاے نام کی خواہش ایسی تھی، جس سے رومن اخلاق بیحد متاثر تھا، اور اس کو دبانے کے لیے رواقیہ نے سر توڑ کوششین کین۔ بلکہ تا وقتیکہ رومن نفوس پر اس جذبہ کی وسعت و عالمگیری کا اندازہ نہ کر لیا جائے، رواقیین کے مواعظ و نصائح بجاے خود مبالغہ آمیز و غیر ضروری معلوم ہون گے۔ یہ رواقیین ہی کے پند و نصایح کا اثر ہوا کہ رومن افراد کی سیرت مین خلوص کا عنصر قایم رہا، اور نمود و نمایش کا مرض عالمگیر نہ ہونے پایا۔ سسرو ایک مقام پر اصول

رواقیت کی تفسیر کرتے ہوئے کہتا ہی کہ "جو شخص یہ نہین جانتا کہ معصیت سے بہر صورت محترز رہنا چاہیے، خواہ وہ اس قدر مخفی ہو کہ انسان کیا معنی خدا تک کی نظر اُس پر نہ پڑے وہ فلسفہ کے مفہوم صحیح سے ناآشنا ہی، اور اصلی فضائل اخلاق کے لقب کی مستحق وہ نیکیان ہین، جو بلا اظہار، اور نگاہ بشری سے مستور رکھکر انجام دی جاتی ہین" اسی طرح کے بیشمار فقرے رواقیین کی تصانیف مین پائے جاتے ہین ذیل مین ہم چند بطور نمونے کے پیش کرتے ہین:-

✓ "جو کچھ کرو، وہ اتباع ضمیر مین کرو۔ لوگون کے خوش کرنے کے لیے نہ کرو" (سینکا)

"جو شخص اپنی نیکیون کا اعلان کرتا ہی وہ نیک کردار نہین، بلکہ جویاے شہرت ہی" (سینکا)

"اُس شخص سے بڑھکر نیک کردار کوئی نہین ہو سکتا جو اپنی ناموری مقبولیت، و ہر دل عزیزی کو گنوانا گوارا کرتا ہی، مگر اپنے ضمیر کا خون کرنا نہین چاہتا" (سینکا)

"مین مدح و ستایش کا مخالف نہین، لیکن اسے نیکی کی غایت و مقصود ہرگز نہین قرار دے سکتا" (پرسی اس)

"اگر تم لوگون کی خوشنودی حاصل کرنے کی غرض سے کوئی کام کر رہے ہو، تو اپنے مرتبۂ شرف انسانی سے گر گئے ہو" (ایپکٹیٹس)

"بڑے شخص کی عظمت مین اس سے ذرہ بھر بھی کمی نہین ہوتی کہ وہ مجہول الحال و خاکسار ہی" (سینکا)

"یہ کبھی نہ بھولو کہ انسان کے لیے بالکل ممکن ہی کہ متقی ہونے کے ساتھ ہی وہ غیر معروف و گمنام بھی ہو" (مارکس آریلیس)

"جو شی اچھی ہی، وہ فی نفسہ اچھی ہی، کسی کی مدح و ستایش سے اس کی

اچھائی مین کچھ اضافہ نہین ہوجاتا،، (مارکس آرلیس)

اس طرح کے اقوال سے رواقیین کا سارا لٹریچر پر ہے،

مارکس آرلیس نے فیثاغورث کی تقلید مین، اپنے تئین اس کا خوگر کرلیا تھا، کہ موت کے ساتھ ہی برابر اُن متمدن جماعات کا تصور کرتا رہتا تھا، جو آج پردۂ ہستی سے بالکل معدوم ہوگئی ہین، اور اس طرح شہرت و بقاے نام کی بے ثبات کوششون کا نقشہ پوری طرح اس کے ذہن مین جم گیا تھا، پینی نے رواقی مطمح نظر کو ملخصاً ان لفظون مین بیان کردیا ہے، کہ "مرد وہ ہے، جو نام و نمود کی مطلق پروا نہین کرتا، اپنے تمام اعمال کو اپنے ضمیر کا تابع رکھتا ہے، اور نیکی کا صلہ بجاے دوسرون کی مدح و ستایش کے خود نیکی ہی مین تلاش کرتا ہے، لذتین، نیکی کی لذت بخشی پر زور دیتے تھے، اور کہتے تھے، کہ ہم نیکیون کی راہ اس لیے اختیار کرتے ہین، کہ اس سے مسرت افزائی ہوتی ہے، لیکن رواقیین اس کے یکسر منکر تھے، اُن کا اس باب مین، جو خیال تھا، اُس کا اندازہ اقتباسات ذیل سے ہوسکتا ہے:-

"مسرت، ہمارے اعمال کے ہمراہ ہو تو ہو، لیکن ان کی رہنما نہین ہوسکتی"

(سنیکا)

"ہم نیکی کو اس لیے نہین دوست رکھتے، کہ اس سے لذت حاصل ہوتی ہے، بلکہ چونکہ اسے دوست رکھتے ہین اس لیے اس سے لذت بھی حاصل ہوجاتی ہے" (سنیکا)

"دانشمند آدمی ہرگز ارتکاب معصیت نہ کرے گا، خواہ وہ معصیت عبد و معبود دونون کی نظر سے پنہان ہو، کیونکہ اس کے لیے اجتناب معاصی کا محرک خوف تعزیر نہین، بلکہ نیکی کی ذاتی و اصلی خوبی ہے" (پری گرینس)

"نیکی پر کسی صلہ کا متوقع ہونا ایسا ہی ہے، جیسے آنکھ بصارت پر، اور پیر مشی پر

کسی صلہ کی متوقع ہوں،، (مارکس آریلیس)

،، نیک کردار شخص کی مثال، درخت انگور کی سی ہی، جس کا کام صرف اتنے پر ختم ہوجاتا ہی کہ انگور پیدا کردے،، (مارکس آریلیس)

خلاصہ یہ کہ رواقی نقطہ خیال سے حیات انسانی کی یہ غایت نہین، کہ دنیا یا آخرت مین مسرت حاصل ہو، بلکہ صرف یہ کہ انسان صداقت و فرض شناسی کا سررشتہ کبھی ہاتھ سے نہ چھوڑے۔

باب ہذا کے شروع مین ہم یہ کہ آئے ہین، کہ رواقیت کے اصول امتیازی دو ہین۔ ابتک جو گفتگو ہوئی، اصول اول سے متعلق تھی۔ اصول ثانی ہم نے یہ بتایا تھا، کہ عقل کے مقابلہ مین جذبات کو مردہ کردیا جائے، اب چند الفاظ اس سلسلہ مین بھی کہنا ہین۔

جیسا کہ پیشتر کہا جاچکا ہی، سیرت انسانی کے دو بالکل مختلف سانچے ہوتے ہین، جو علی الترتیب سیرت رواقی و سیرت لذتی کے بالکل مطابق ہوتے ہین۔ یعنی ایک وہ جس مین قوت ارادی غالب ہوتی ہی۔ اور دوسری وہ جس مین جذبات و خواہشات کا غلبہ ہوتا ہی۔ طبقۂ اول کا نیک کردار شخص وہ ہوتا ہی، جو ایک کام کو محض اس لیے کرتا ہی کہ فرض شناسی اسے اس پر مجبور کررہی ہی، حالانکہ اس کے ذاتی جذبات یا گرد و پیش کے حالات اُسے سمت مخالف مین لیے جاتے ہین۔ طبقۂ ثانی مین نیک کردار شخص، وہ ہوگا جس کی فطرت اس قدر سلیم واقع ہوئی ہی کہ اس کے جذبات و خواہشات جبلۃً نیکی ہی کی جانب مائل ہون۔ ان مین سے اول الذکر ہی شخص ایسا ہی، جسے ہم حقیقی معنی مین فضائل اخلاق سے آراستہ، اور ایثار و جانبازی کا اہل تسلیم کرسکتے ہین، لیکن ساتھ ہی اس کے ثانی الذکر شخص جس بیساختگی و اضطرار کے ساتھ اعمال حسنہ انجام دیتا ہی، اُس کے لطف و حسن سے پہلا شخص قطعاً محروم ہی۔ جو شخص باوجود حرص و طمع کی کشش کے محض احساس فرض کی بنا پر فیاضی کرتا رہتا ہی، اور ہر موقع پر سخت سے سخت ترغیبات مخالف پر غالب آکر جادۂ مستقیم پر قائم رہتا ہی، وہ بے شبہ ہماری عزت و تعظیم کا

سب سے زیادہ مستحق ہی، لیکن ہماری محبت اور دلی لگاؤ کا سب سے بڑھ کر حقدار وہ نہین، بلکہ وہ شخص ہی، جسے نیکی کرتے ہوئے کوئی جدوجہد نہین کرنا پڑتی، بلکہ جو محض اپنے لطف کے خاطر اضطراراً و عادۃً اعمال حسنہ انجام دیتا رہتا ہی۔ ان دونون اخلاقی سانچون کے متوازی دو تعلیمی نظریات بھی ہین۔ ایک کا مقصد قوت ارادی کو تقویت پہونچانا، اور دوسرے کی غرض خواہشات کی تہذیب ہی۔ پہلے نظریہ کے عملی نمونہ اسپارٹا، ورواقیین، اور کسی قدر ترمیم کے ساتھ عہد وسطیٰ کے نظامات تعلیم مین ملتے ہین۔ ان سب کا مقصود مشترک یہ تھا، کہ افراد مین تحمل شدائد، ضبط خواہشات، ترک لذائذ، اور مغلوبیت جذبات کی قابلیت پیدا ہو۔ اس کے مقابلہ مین دوسرا طریق تعلیم، جو آج کل رائج ہی، اس کا مقصد یہ ہی، کہ نیکی کو ہر طرح دلفریب بناکر پیش کیا جائے، اس مین تخییل کی مدد سے ہر طرح کی کشش پیدا کی جائے، اور اس طرح نیکی اور مسرت مین رفتہ رفتہ ایک طرح کا تلازم و ترادف پیدا کردیا جائے۔ ظاہر ہی کہ ان مین پہلا نظام تعلیم اُن جماعات کے لیے زیادہ موزون ہی، جن مین عسکریت کی روح زیادہ پھیلی ہوئی ہوتی ہی، اور جو نسبۃً منتشر و غیر منتظم ہوتی ہین۔ یہ طرز تربیت قوت ارادی کو تقویت پہونچاتا جاتا ہی، اور اس سے افراد مین جذبات ایثار و خود فراموشی خوب پیدا ہوتے رہتے ہین۔ اسی طرح دوسرا طریق تربیت زیادہ شایستہ و متمدن جماعات مین شایع ہوتا ہی، اور ایسی کا نتیجہ ہی کہ جون جون تمدن کو ترقی ہوتی جاتی ہی، ایثار کی مثالین نادر الوقوع ہوتی جاتی ہین، اور اخلاق کے اجزا لطیف زیادہ نشو و نما حاصل کرتے رہتے ہین۔ قدیم جماعات جن حالات مین تھین، اُن کا اقتضا طبعی یہ تھا کہ اول الذکر قسم کے نظام تعلیم و اخلاق کی اشاعت ہو، چنانچہ یہی ہوا۔ اور ان مین رواقیین نے اسے مبالغہ کی حد تک پہونچا دیا۔ خاص کر ان کا یہ عقیدہ تو ایک انتہا پر تھا، کہ جذبات و امراض متحد النوع ہین، اور اس عقیدہ کے ثبوت مین جو دلائل استعمال کیے جاتے تھے، وہ بعینہ اس طرح کے تھے، جیسے آج حکماء الہیین، خدا کی جانب استعارۃً جذبات قہر و مہر کے انتساب مین کرتے ہین۔ اُن کا استدلال یہ تھا کہ طبیعت مین انتشار پیدا ہونا، خواہ وہ کسی صورت سے بھی ہو ضعف و نقصان کی علامت ہی

اور اس لیے جس ہستی مین جذبات موجود ہون، وہ کبھی کامل نہین کہی جا سکتی۔
بہ قول اُن کے، ہم مین سے ہر شخص مین جبلتہً یہ احساس موجود ہی کہ حیوان ناطق کے پاس
بہترین و اعلیٰ ترین قوت عقل کی ہی، جسے اُس کے تمام قوی پر افسری حاصل ہونا چاہیے، اس واسطے
جو کام جذبات کی ماتحتی مین انجام پاتا ہی، خواہ وہ بجاے خود کیسا ہی محمود و مستحسن ہو، بہرحال
عقل کی رہبری سے خارج، لہذا قابل ترک ہی۔ اس اصول کی تمثیل و تشریح مین سنیکا دو
ایسی کیفیات نفسی کو پیش کرتا ہی، جو باہم بہت مشابہ ہین، لیکن ان مین سے ایک فضیلت
ممتاز ہی، اور دوسری معصیت شدید۔ رافت، و رحم، عموماً یہ دو اوصاف متحد سمجھے جاتے ہین،
لیکن سنیکا کہتا ہی یہ ایک شدید غلطی ہی۔ رافت نفس کی ایک عام و عادی کیفیت ہی، جو ظلم و تعدی
کی ضد ہی، اور جسکے باعث انسان عقوبت جرائم مین نرمی و لینت کرتا ہی۔ بہ خلاف اس کے کسی کو
مبتلاے مصیبت دیکھ کر اس پر رحم آجانا ایک جذبی کیفیت ہی، جو کمزور قوت ارادی کی علامت
ہی، اور اس لیے واجب الترک ہی۔ رافت کا تعلق عقل سے ہی۔ رؤف شخص پوری عاقبت اندیشی
کے ساتھ کام کرتا ہی۔ حالانکہ رحم دل شخص ایک مغلوب الجذبات شخص ہوتا ہی جو کسی کے
درد و دکھ کو دیکھ کر تاب نہین لا سکتا، خود بے اختیار ہو جاتا ہی، اور اس کے درد مین شریک
ہو جانا چاہتا ہی۔ کسی کو ہنستے دیکھ کر ہمین بھی ہنسی آجائے، یا کسی کو انگڑائی لیتا ہوا دیکھ کر
ہم بھی انگڑائی لینے لگین، تو یہ کوئی ہماری قوت کی دلیل نہ ہوئی، بلکہ عین ہماری عصبی کمزوری
کی علامت ہی۔ اسی طرح اگر کسی کو روتا دیکھ کر ہم بھی آبدیدہ ہو آئین، تو یہ صاف اس امر کا اظہار
ہی کہ ہم پر جذبات غالب ہین، اور ہم اپنے اوپر ضبط و قابو نہین رکھتے۔ رقیق القلبی و رحم دلی
عین نامردی ہی۔ اخلاقی حیثیت سے جوانمرد وہ ہی جو اپنی پلکون کو کبھی اور کسی حالت مین
نم ہونے دے۔

سنیکا کا ایک مقولہ، جسے درحقیقت جان رواقیت کہنا چاہیے، یہ ہی، کہ "ہومر نے
صفات انسانی کو خداؤن کی جانب منسوب کر دیا، حالانکہ بہتر ہوتا اگر وہ صفات ربانی کا انسان

کی طرف انتساب کرتا ہے، اس سے ثابت ہوتا ہے کہ رواقیین، صفات ربانی کی تقلید مین
کس قدر غلو و مبالغہ سے کام لینے لگے تھے، بلکہ سچ یہ ہے کہ اگر ہم مختلف اقوام کے
فضائل اخلاق کی تاریخ پر نظر رکھین، تو ہمیشہ اس نتیجہ پر پہونچین گے کہ بت پرستون کے یہان
ام الفضائل عقل و ارادہ کی تہذیب، اور عیسائیون کے یہان جذبات کی تہذیب ہی ہے۔
محبت کی جگہ دوستی، خیر و خیرات کی جگہ مہمان نوازی، ہمدردی کی جگہ رافت، یہ قدما کے
فضائل مخصوص رہے ہین۔ رواقیین نے، جو قدما مین بھی اپنی جذبات کشی مین ممتاز تھے
جب یہ دیکھا کہ اُن کی تعلیمات سے انسانی فیاضی و ہمدردی کا سرچشمہ خشک ہوا جاتا ہے
تو طرح طرح کے دلائل سے اس کی کوشش کی، کہ انسان مین مستدل اور بلا آمیزش جذبات
نیکی کی خواہش پیدا ہو اور پھیلے۔ چنانچہ وہ اخوت انسانی پر خاص طور سے زور دیتے تھے
اور اس سے نتیجہ نکالتے تھے کہ ہر شخص پر دوسرون کی بہبود و فلاح کی کوشش کرنا واجب
بلکہ فرض عین ہے۔ اس عقیدہ کو وہ نہایت موثر مواعظ و پند کی صورت مین ظاہر کرتے تھے،
اور فلاطون کے اس قول سے سند پکڑ کر کہ معاصی و جرایم، جہالت و ناواقفیت سے پیدا
ہوتے ہین، وہ اس حد تک بڑھ گئے تھے، کہ معصیت کو مرض کی ایک صنف خیال کرتے تھے
اور تعزیر کے بجاے صرف اس کے انسداد کو کافی سمجھتے تھے۔ لیکن رواقیین کی رفع
تناقض مین یہ کوششین خواہ نظری حیثیت سے کتنی ہی کامیاب رہی ہون، تاہم عملی
حیثیت سے ان کی یہ ملمع سازی ذرا بھی چلنے والی نہ تھی۔ ایک طرف تو آپ جذبات کو بالکل
فنا کیے رکھے دیتے ہین، اور دوسری طرف اس کی بھی تمنا رکھتے ہین کہ انسان مین شریفانہ
جذبات پیدا ہوتے رہین! اس سے بڑھ کر کیا نافہمی ہو سکتی ہے! عملی زندگی مین اس تعلیم کا
جو نتیجہ ہونا تھا، وہ ان دو مختصر مثالون سے ظاہر ہو جائے گا۔ انکساغورس سے جب
لوگون نے کہا کہ "آپ کے لڑکے کا انتقال ہو گیا"، تو اس نے بہ کمال سکون و متانت
جواب دیا کہ "یہ تو میرا کبھی خیال نہ تھا کہ میری اولاد، غیر فانی ہے"۔ یا جب اسٹلپو کا وطن

برباد ہوچکا، اُس کے گھر مین خاک اُڑنے لگی اور اس کی لڑکیون کو دشمن گرفتار کرلے گئے تو بغیر اس کے کہ اُس کے جذبات مین کچھ بھی ہیجان پیدا ہو، یہ کہا کہ "فلاسفر اس طرح کے تمام گرد و پیش کے حالات سے غیر متاثر رہتا ہے"، خود غور کرو، کہ بھلا اس طبیعت کے اشخاص مین کبھی شرافت و دردمندی کا گزر ہوسکتا ہے! جو لوگ اس تعلیم کے خوگر ہون کہ والدین کو اپنی اولاد، یا شوہر کو اپنی بیوی کی خبر وفات کو بالکل بے اعتنائی کے کانون سے سننا چاہیے، یا ایک فلسفی اپنے کسی عزیز ترین دوست کو مبتلاے مصیبت دیکھ کر چاہے اپنی آنکھین تر کرلے، لیکن اپنے سینے مین کوئی درد یا بیچینی ہرگز نہ پیدا ہونے دے ایسے اشخاص کو معنی انسانیت سے کیا واسطہ؟ وہ لوگ جو تکلیف و درد کا احساس ہی نہین رکھتے، ان سے یہ کیونکر توقع کی جاسکتی ہے، کہ کسی حالت مین وہ دوسرون سے ہمدردی کرسکین گے؟

رواقیین مدعی تو اس کے تھے کہ نیکی نام ہے عمل مطابق فطرت کا، لیکن اس باب مین اُن کی تعلیمات ان کے اس دعوی کی بالکل معارض ہین۔ کیونکہ فطرت انسانی کا اگر غایر نظر سے مطالعہ کیا جائے، تو معلوم ہوگا، کہ وہ کوئی بسیط شے، عقل یا ارادہ کی مرادف نہین، بلکہ متعدد قوی و جذبات کے مرکب کا نام ہے، اس مجموعہ کے مختلف اجزاء مختلف مدارج رکھتے ہین، اور کسی ایک جزو کو باقی اجزاء پر فضیلت دے لینا، صریحًا فطرت بشری کی غلط تشخیص کرنا ہے، جس کا نتیجہ مضر ترین نتائج کی صورت مین ظاہر ہونا یقینی ہے۔ رواقیین، بہ حیثیت فلسفی کے، یہ چاہتے تھے، کہ ان کے نظام فلسفہ مین کوئی تناقض نہ رہنے پائے، ساتھ ہی یہ بھی گوارا نہ تھا، کہ فیاضی و ہمدردی کا بالکل سدباب ہوجائے۔ اس دُہرے مقصد کو پیش نظر رکھ کر انھین عجب عجب طریقے برتنا پڑے، عجب عجب اصول وضع کرنا پڑے، لیکن حاصل یہ ہوا کہ ان کی تعلیمات پر تصنع کا رنگ پوری طرح چڑھ گیا، ان کے سلسلۂ استدلال کی کڑیان یہ تھین کہ:-

تمام معاصی مساوی الرتبہ ہین،
کوئی ایسی شی جس سے ہماری قوت ارادی متاثر نہو،
معصیت نہین کہی جاسکتی، اس لیے رنج والم،
درد وغم، معاصی نہین،

اس ایک طرفہ نقطۂ نظر کا قدرتی اقتضا یہ تھا، کہ ان کی نظرین محدود ہوجائین، اور ان کے خیالات مین وسعت کی جگہ تنگی آجائے، چنانچہ یہی ہوا۔ اور اس حقیقت نے مختلف مظاہر اختیار کیے۔ مثلاً ایک نتیجہ یہ ہوا، کہ رواقیین کا قدم علمی ترقی مین آگے نہ بڑھ سکا جس وقت اُن کے معاصر لذتیئن، وہم پرستیون کو مٹانے کے لیے طبیعات، وسائنس کے مطالعہ مین مشغول تھے، رواقیین اپنی ساری کوششین، اخلاق پر غور کرنے مین محدود رکھتے تھے، اور اس کے سوا کسی اور چیز کو ہاتھ لگانا حرام سمجھتے تھے۔ یا پھر مثلاً جبکہ لذتی شعرا کا موضوع انسان کی روز افزون ترقی کی مدح ہوتی تھی، تو رواقیین برابر اپنے اسی محور پر گردش کرتے رہے، کہ زمانہ سلف کی سادگی بہرصورت قابل تقلید ہی۔ سب سے بڑھ کر یہ کہ جہان متبعین زینو مین بہت سے افراد ایسے ہوئے ہین، جو بلندی اخلاق کے لحاظ سے اپنی نظیر آپ ہی ہین، وہان اُن مین ایک غیر معمولی تعداد اُن افراد کی بھی پائی جاتی ہی، جن کی اخلاقی بلند آہنگیون کی ان کی عملی زندگی مین قدم قدم پر تردید ہوتی تھی مثلاً گیٹو جو فلسفیون تک کے لیے پاکیزگی اخلاق کا نمونہ ہوا ہی، اپنے غلامون کے ساتھ انتہائی ظلم وشقاوت سے پیش آتا تھا۔ بروٹس، سودخواری، اور اخذ سود کی شدت مین ضرب المثل تھا، یہانتک کہ متعدد اشخاص کو جو اُسے سود کی پوری رقم نہ دے سکے تھے، اُس نے قید کرادیا، اور حالت قید مین وہ بھوک سے مرگئے، سالیوسٹ کی زبان معیشت کی زاہدانہ سادگی کی مدح مین خشک ہوئی جاتی تھی، باایں ہمہ یہ وہ شخص تھا، جو ایسے زمانے مین جبکہ شہوت پرستی اپنے عام ہونے کی بنا پر چنداں معیوب نہین خیال کی جاتی تھی،

شہوت پرستی مین خاص طور پر بدنام تھا۔ اور تو اور، خود حضرت سنیکا، سرآمد حکماء رومانیین باین اتقا و تفلسف، خوشامد، ضمیر فروشی، و اخلاقی کمزوری کے داغ سے اپنے دامن کو محفوظ نہ رکھ سکے۔ اور لوسن، (مشہور رواقی شاعر) کے بابت تو یہ کہنا بالکل امر واقع کا اظہار کرنا ہی، کہ جس شخص کو یہ دیکھنا ہو، کہ رومن نظم مین خوشامد و دنیا سازی کس ذلیل ترین سطح تک گر سکتی تھی، وہ اس کے کلام کو پڑھ لے۔

رواقیت سے ایک اصولی غلطی تو یہ ہوئی کہ اُس نے انسان کی فطرت کو نہین پہچانا اور اس کے جذبات سے قطع نظر کر کے اُسے صرف ایک ہستی ذی عقل تصور کر لیا۔ دوسری غلطی اسی درجہ کی یہ ہوئی کہ اُس نے جو معیار قائم کیا، وہ دنیا کی عام حالت کو دیکھ کر نہین بلکہ مخصوص و استثنائی سیرتون کے اندازہ سے۔ اس نے یہ سمجھ لیا کہ زندگی گویا ایک شعر ہی جس مین عامل موثر صرف تخئیل قوی ہی ہو سکتی ہی، حالانکہ زندگی نام ہی معمولی و جزئی واقعات کے مجموعہ کا۔ ایسے حالات، جن مین محیر العقول شجاعت و ایثار، یا عظیم الشان خطرات کے مقابلہ کا کام پڑے، شاذ و نادر ہی کبھی پیش آئین، تو آئین۔ پس نظام اخلاق کو عام و معمولی سیرتون کے مطابق ہونا چاہیے، نہ کہ غیر معمولی و استثنائی سیرتون کے موافق مسیحیت نے اس نکتہ کو خوب سمجھا۔ اس نے جو مذہبی قواعد مقرر کیے ہین، اُن کے سمجھنے اور برتنے مین، عام افراد کو نہ کوئی خاص جد و جہد کرنا پڑتی ہی، اور نہ اپنے قوت متخیلہ پر زور دینا ہوتا ہی۔ بلکہ وہ اصول و قواعد ایسے ہین، جو غیر محسوس طور پر عام افراد کی روزانہ زندگی کا جزو بن گئے ہین۔ بہ خلاف اس کے رواقیت، جو تمام فضائل اخلاق کو مساوی الرتبہ سمجھتی ہی، جو رذائل اخلاق مین کسی طرح کا فرق مراتب نہین روا رکھتی، اور جو اُن تمام جذبات و تحریکات کو جو عام افراد کی زندگی مین حرکت پیدا کرتے رہتے ہین، یکسر فنا کر دینا چاہتی ہی، صریحًا ایک عام مذہب بننے کے لیے بالکل غیر موزون ہی۔ اُس کے اصول اگر موثر ہو سکتے ہین، تو صرف اعلیٰ ترین شخصیتون کے افراد پر، اور اس واسطے اگر عوام نے اسے قبول کرنے سے انکار کر دیا،

تو اُس پر مطلق حیرت نہ کرنا چاہیے۔

غرور و فخاری دو بالکل مختلف چیزین ہین۔ فخار شخص دوسرون سے داد لینے کے لیے اُن کے سامنے اپنی فخر کی باتین بیان کرتا ہی، اور ان کی مدح و تحسین سے خوش ہوتا ہی۔ بخلاف اس کے مغرور شخص دوسرون کی آفرین و ستایش سے بالکل مستغنی ہوتا ہی، اور صرف اپنے نفس کی تعریف سے خوش ہوتا ہی۔ رواقیت نے خودداری و ضبط نفس کا جو نظام قایم کیا تھا، اس کی بنیاد غرور پر تھی۔ اعتماد نفس کا مرتبہ رواقیت نے اس درجہ بڑھایا تھا، کہ توبہ و استغفار کی کوئی گنجایش ہی نہین باقی رہی تھی۔ رواقیین کے نزدیک معصیت کی حقیقت اس سے زاید کچھ نہ تھی، کہ وہ ایک طرح کا مرض ہی، جسے دور کرنا تو بے شبہ انسان کا فرض ہی، لیکن اس کے اسباب کی چھان بین کرنا یا اُس پر تاسف کرنا ضرور نہین۔ اپیکٹیٹس وغیرہ نے مختلف مواعظ مین بتایا ہی کہ انسان کو موت کے وقت کیا کیا کرنا چاہیے، لیکن ان مین توبہ و استغفار کا کہین ذکر تک نہین، اور نہ وہ اس کے قائل تھے کہ دعا و استغفار سے روح کو تازگی و فرحت حاصل ہوتی ہی۔ رہا یہ مسئلہ کہ فضائل اخلاق کا اکتساب آیا انسان کے لیے خود اختیاری ہی، یا تقدیر الٰہی کا نتیجہ ہی، تو اس بارہ مین خود قدما مین باہم سخت اختلاف ہی۔ اہل یونان ایک طرف گئے ہین، اور اہل رومہ دوسری طرف۔ اہل یونان انھین تقدیر الٰہی کا نتیجہ خیال کرتے ہین۔ ہومر بار بار یہ کہتا ہی کہ شجاعت، غضب، وغیرہ خصایص اخلاق براہ راست، خدا کے پیدا کردہ ہین، اسی طرح دوسرا مشہور شاعر عسقلیوس ہر جذبہ کو سلسلۂ تقدیر ربانی کی ایک کڑی قرار دیتا ہی۔ بلکہ اپنی اُس لاجواب نظم مین، جس مین اُس نے ملکہ کلیٹمنسٹرا کا قصہ بیان کیا ہی، اس مین اگرچہ انتہائی خوفناک جرائم، اور دردناک مناظر دکھائے ہین، لیکن یہ خیال اس داستان خونین مین سب پر بالا رکھا ہی، کہ جو کچھ ہوا، سب حکم خداوندی سے ہوا۔ چنانچہ جب مظلوم و مقتول تاجدار کی لاش منظر عام پر لائی گئی (اور یہی اس افسانہ کا سب سے زیادہ پر درد باب ہی) تو اس نے حاضرین کی زبان سے ان الفاظ کو ادا کیا ہی کہ

"خدا کی مرضی یہی تھی۔ خداوند الاعلیٰ، احکم الحاکمین کی مرضی یہی تھی، کہ بلا اس کی مرضی کے پتہ تک نہین ہل سکتا۔"

لیکن اہل روما کا خیال اس کے بالکل مخالف تھا۔ یہ لوگ اس حد تک تو یونانیون کے مؤید تھے، کہ دولت و ثروت، عزت و وجاہت، وغیرہ بالکل خداداد ہوتی ہین، لیکن اس کے قائل نہ تھے، کہ انسان اپنے خصایص اخلاقی کے لحاظ سے بھی بندۂ تقدیر ہے۔ ان کا دعویٰ یہ تھا کہ جذبات و احساسات بالکل انسان کے اختیار مین ہوتے ہین اور ان مین انسان اپنی ذاتی کوشش سے اتنی ترقی کر سکتا ہے کہ دیوتاؤن کے ہم پلہ ہو جائے۔ اس کا اندازہ مختلف حکما کے اقوال ذیل سے ہو سکتا ہے:-

"ہمین اپنے فضائل اخلاق پر ناز کرنا بالکل بجا ہے۔ ہان اگر یہ ہمارے خود اختیاری نہ ہوتے، بلکہ منجانب اللہ ہوتے تو البتہ بیجا تھا۔" (سسرو)

"نوع انسانی کا یہ متفقہ فیصلہ ہے کہ دولت و وجاہت خدا کی طرف سے اور حکمت و اخلاق بندہ کی طرف سے ہے۔" (سسرو)

"سمجھدار آدمی کو خدا سے صرف ان چیزون کی دعا کرنی چاہیے، جو خدا کی طرف سے ملتی ہین مثلاً زندگی، یا دولت۔ رہا سکون خاطر و اطمینان نفس، تو وہ بندہ کے اختیار مین ہے۔" (ہوریس)

"اخلاقی خود اعتمادی بنیاد ہے سکون قلب کی۔" (اپیکورس)

"اپیکورس گو انسان تھا، مگر دیوتاؤن سے قوت مین بڑھ کر تھا، کیونکہ ان کے امکان مین صرف کھانے پینے کا سامان پیدا کرنا ہے، بخلاف اس کے اپیکورس نے فضائل اخلاق کا راستہ بتا دیا۔" (لکریشیس)

"اپنی دعاؤن کا موضوع یہ رکھو، کہ بیمار کو صحت ہو جائے، کمزوری قوی ہو جائے وغیرہ، لیکن ان کے علاوہ کچھ چیزین ایسی ہین، جو صرف تمہاری ذاتی

کوشش پر منحصر ہین" (جونیل)

"ایک طرح پر فلاسفر کا مرتبہ خدا سے بڑھ کر ہوتا ہی، خدا کی ماہیت ہی مین یہ داخل ہی کہ وہ کسی سے خوف نہ کرے، لیکن فلاسفر جرات و بیخوفی اپنی کوشش سے کسب کرتا ہی" (سنیکا)

"بجز اس کے کہ وہ فانی ہی، اور تو کسی حیثیت سے فلاسفر کا مرتبہ خدا سے کم نہین ہوتا" (سنیکا)

"دانشمند کی علامت یہ ہی کہ وہ نیکی و بدی خود اپنے ہی سے پیدا کرتا ہی" (ایپکٹیٹس)

"جہان تک عقلی و اخلاقی زندگی کا تعلق ہی، دانشمند شخص خدا سے کم نہین ہوتا" (آرین)

لیکن رواقیت نے عبد و معبود کے نوعیت تعلق کی یہ جو تعلیم دی تھی، اس کی تردید خود ہی اپنے بعض دوسرے مسائل کے ذریعہ سے کردی تھی۔ مثلاً وجود باری کا جو تصور اُن کے ذہن مین تھا، وہ یہ تھا کہ ذات باری وحدت وجود رکھتی ہی، جو اپنے تئین ربوبیت و فضیلت اخلاق کی دو شکلون مین ظاہر کرتی ہی، اور ہر انسان مین روح ربانی حلول کیے ہوئے ہی بلکہ یون کہنا چاہیے کہ انسان اُس بحر بے پایان کا ایک جزو ہی۔ سسرو کا قول تھا، کہ کوئی بڑا شخص ایسا نہین ہوا جس مین اس کی عظمت القا نہ ہوئی ہو"، سنیکا کہتا تھا کہ "خدا سے کوئی شی پوشیدہ نہین۔ وہ ہمارے خیالات و افکار کے اندر ہی۔ وہ ہمارے ضمیر مین حلول کیے ہوئے ہے"۔ یہی فلاسفر ایک اور موقع پر کہتا ہی کہ "ہم مین سے ہر شخص کے اندر ایک روح مقدس رہتی ہی جو ہمارے اعمال کی حاکم و نگران ہی۔ خدا سے علیحدہ ہو کر کوئی شخص نیک نہین ہو سکتا، اور نہ بغیر اس کی مدد کے کوئی شخص بدنصیبون پر غالب آسکتا ہی۔ وہی ہم مین جذبات عالیہ و خیالات رفیعہ پیدا کرتا ہی۔ ہم مین سے ہر نیک شخص کے اندر خدا موجود ہی"۔ مارکس آرلیس کی

ہدایت ہے کہ "اُس خدا کے آگے جو تیرے اندر موجود ہے، تو اپنی فرض شناسی کا ہدیہ پیش کر"
... اعتقاد کے لیے یہ کافی ہے کہ تو اُس روح ایزدی پر جو تیرے اندر ہے، یقین رکھے، اور
اُس کی پرستش کرتا رہے"

اس طرح کی عبارتیں، رواقی مصنفین کے یہاں بہ کثرت ملتی ہیں۔ لیکن اس سے
بھی زاید ان کے اس دعوی کی تکرار ملتی ہے کہ نیکی نام ہے ذات باری کو اسوۂ حسنہ قرار دیکر
اس کی تقلید کا۔ فلاطون نے کہا تھا، کہ "خدا کی تبعیت کرو"، رواقیین نے اس کی تفسیر
وتائید میں دفتر کے دفتر رنگ ڈالے، اور شیوۂ تسلیم و رضا کو انسان کے لیے اعلیٰ ترین فرض
قرار دیدیا۔ جذبات کشی تو اُن کا اصول اولین تھا، اس کے ڈانڈے بھی اس عقیدہ سے
مل گئے۔ اور قدم قدم پر اس طرح کے مواعظ ارشاد ہونے لگے:۔

"رونا، آہ وزاری کرنا، شکوہ وشکایت زبان پر لانا صاف بغاوت کرنا ہے"
(سنیکا)

"خوف زدہ رہنا، مغموم وافسردہ رہنا، غضبناک رہنا، صریحاً باغی
ہونا ہے" (مارکس آرلیس)

"اے بنی آدم، تیری حیثیت اس دنیا میں ایک ایکٹر سے زائد کچھ نہیں۔ تیرا
کام صرف اتنا ہے کہ جو پارٹ تجھے دیا گیا ہے، اُسے خوبی کے ساتھ ادا
کردے۔ ایکٹر کو اس سے کچھ بحث نہیں ہوتی کہ اُسے حاکم کا پارٹ دیا گیا
ہے، یا کسی مفلس کا یا کسی لولے لنگڑے کا۔ اس کا کام اسی قدر ہے، کہ جو پارٹ
ہو، اُسے اچھی طرح ادا کرے" (ایکٹیٹس)

"یہ کسی شے کی بابت نہ کہو، کہ وہ ضائع یا فنا ہوگئی، بلکہ یہ کہو کہ تم نے وہ واپس
کردی۔ تمھاری بیوی بچوں کا اگر انتقال ہوگیا، تو تم نے اُن کی جانیں اُسی کو
واپس کردیں، جس نے وہ دی تھیں۔ زمینیں اگر تمھارے قبضہ سے نکل گئی

تو وہ بھی تم نے واپس ہی کردی۔ تمھین اس سے کیا بحث کہ معطی اپنے
عطایا کو کس کے ذریعہ سے واپس لیتا ہے" (ایپکٹیٹس)

"خدا نیک بندون کو ہمیشہ خوش نہین رکھتا۔ وہ انھین آزماتا ہے، اور
اپنی طرف بلانے کے لیے تیار کرتا ہے" (سنیکا)

"جو خدا کے محبوب و منظور نظر بندے ہوتے ہین، اُن کی وہ آزمایش کرتا
ہے، اور طرح طرح کی سختیون مین مبتلا کرتا ہے۔ اور جو یہان، بے غم و بے فکر
رہتے ہین، وہ آیندہ غم و الم، عذاب، عقوبت مین مبتلا ہون گے" (سینکا)

ان اقتباسات سے، جنھین ہم نے یہان صرف مشتے نمونہ از خروارے نقل کیا ہے،
یہ ظاہر ہوگیا ہوگا کہ غرور و خودی کی جو تحریک، رواقیت سے پیدا ہو چلی تھی، اُسے خود رواقیت
نے ذات باری کے تحت مین لاکر کیسا دبا دیا، مگر اس سے ایک اور خرابی کا اندیشہ پیدا ہو چلا۔
ایسے مذہب کا، جو انسان کو تمامتر شیوۂ تسلیم و رضا کا خوگر بناتا ہے، جو جذبات کو بالکل فنا کردینا
چاہتا ہے، اور جس کی تعلیم یہ ہے کہ انسان کو حالات سے قطعاً غیر متاثر رہنا چاہیے، حشر سوا
اس کے اور کیا ہو سکتا تھا، کہ اس کے متبعین مین ایک جمود کامل پیدا ہو جائے، اور
نیک کرداری کی کوئی اُمنگ باقی رہے؟ یہ نتیجہ پیدا ہونا یقینی تھا، لیکن ایک اور سبب ایسا
پیش آگیا، جس نے اس اندیشہ کو باطل کردیا اور وہ اخلاق مین سیاسیات کا اشتراک تھا۔
درحقیقت قدما کے دماغ مین سیاسیات کو جو اہمیت حاصل تھی، اس کا آج کل تصور کرنا بھی
دشوار ہے، اخلاق، علم، معاشرت، غرض زندگی کے ہر شعبہ مین حُبّ الوطنی کا خیال اور سب
خیالات کے اوپر چھایا ہوا تھا۔ بڑے سے بڑے حکما، بڑے سے بڑے شعرا، بڑے
سے بڑے ارباب فکر و تصنیف بلحاظ اپنے پیشے کے سپاہی یا اہل سیاست ہی
ہوتے تھے۔ اس حالت کا قدرتی اقتضا یہ تھا، کہ فضائل اخلاق کی عمارت فضائل سیاسی ہی
کی بنیاد پر قائم ہوگئی تھی، اور حکما، جتنے نظریات قائم کرتے، اُن سب کی تہ مین سیاسی مصلحت پنہان

ہی کام کرتی نظر آتین۔ فلاطون نے تعدد ازدواج کی محض اس بنا پر حمایت کی، کہ ملک مین وطن پرستون کی تعداد مین اضافہ ہوگا۔ ارسطو کا سارا نظام اخلاق، یونانی وغیر یونانی کی تفریق پر مبنی ہی۔ اور اجماع حکما سے فضائل اخلاق کی جو فہرست تیار کی گئی تھی، اس کا عنوان اولین، حب الوطنی تھا۔ ہم اس سے ناواقف نہین، کہ انکساغورس کا یہ قول تھا، کہ اُس کا اصل وطن آسمان ہی، اور اس لیے زمین کے کسی حصہ مین جلا وطنی اُس کے نزدیک کچھ بھی مضائقہ کی بات نہین، لیکن یہ استثنائی واقعات ہین۔ عام اتفاق اس پر تھا، کہ حب الوطنی ایک اخلاقی فرض ہی، اور فرض بھی ایسا کہ تمام دوسرے فرائض کا سرتاج۔ سسرو کا یہ قول، اُس کے ذاتی خیال کا نہین، بلکہ اُس کے معاصرین کے عام احساس وعقیدہ کا ترجمان ہی، کہ "وطن کی محبت کو تمام اغرہ کی محبت پر غالب و فائق ہونا چاہیے، اور جو شخص حب وطن مین اپنی جان دینے کو آمادہ نہین، اُسے کوئی حق نہین کہ وہ دنیا کے سامنے اپنی فضیلت اخلاق کو پیش کر سکے"۔

وطنیت پر اس قدر زور دینے کا لازمی نتیجہ یہ نکلا، کہ قدیم اخلاق نے ایک بالکل عملی شکل اختیار کر لی تھی۔ بے شبہ حکماء اخلاق کی یہ تاکید تھی کہ افراد کو اپنی حوصلہ مندیان محدود کرنا چاہیے، اور بعض حالات مین پبلک معاملات سے بالکل کنارہ کش ہو جانا چاہیے تاہم علی العموم سیاسی زندگی مین نمایان حصہ لینے پر خاص طور سے زور دیا جاتا تھا، اور رہبانیت و ترک دنیا کو نہ صرف معیوب بلکہ قطعاً ناجائز قرار دے دیا گیا تھا۔ سسرو کا قول تھا، کہ نیکی نام ہی عمل کا، پلینی روایت کرتا ہی، کہ اُس نے ایک بار ایک واقف حکیم سے تاسف کے لہجہ مین کہا، کہ سرکاری کام سے اُسے اب فلسفیانہ مشاغل کی مہلت کم رہنے لگی ہی۔ لیکن حکیم مذکور نے جواب دیا کہ "نہین اس مین افسوس کی کوئی بات نہین سیاسی معاملات مین مصروف رہنا تو عین ایک فلسفیانہ مشغلہ ہی، اگر یہ سرکاری کاروبار نہ پیش رہے، تو اصول فلسفہ پر عملدرآمد کا کہان موقع ملے"۔ رواقیین کے یہان یہ مقولہ

خاص شہرت رکھتا تھا، کہ نوع انسانی گویا ایک جسم ہی، جس کے ہر عضو (فرد) کا یہ فرض ہی کہ وہ سارے جسم کے نفع و بہبود کے لیے کام کرتا رہے"۔ مارکس آریلیس جس سے بڑھکر رواقیین مین پاکیزگی اخلاق کا کوئی عملی نمونہ نہین مل سکتا، دنیوی معاملات مین ایسا منہمک تھا، کہ پورے اکیس سال تک دنیاے متمدن پر فرمان روائی کرتا رہا۔ تہریسیا ہلویڈیس، کارنوٹس، وصدہا دیگر راسخ الاعتقاد رواقیین نے محض دفع استبداد کے پیچھے اپنی جان دے دی۔

جن لوگون نے جذبات کو اس قدر مغلوب کرلیا تھا، جو خودداری وضبط نفس کے پتلے بن گئے تھے، اور جن مین فرض شناسی اس حد تک بڑھی ہوئی تھی، اُن پر قدرۃً اُن چیزون کا خوف غالب نہین آسکتا تھا جن سے عام نفوس کو دہشت ہوا کرتی ہی، چنانچہ انھون نے اپنے فلسفہ کا ایک خاص مقصد یہ بتا رکھا تھا کہ انسان کو موت کے لیے کیونکر تیار رہنا چاہیے۔ زندگی کی بے ثباتی کے یقین، اور جو شی ایک روز سب کو پیش آنی ہی، اُس کے اعتقاد نے ان کے دلون کو ایسا پختہ کردیا تھا، کہ نہ یہ انقلابات دہر سے ڈرتے تھے، اور نہ موت سے دہشت کھاتے تھے۔ لیکن ہر وقت موت کا تصور بھی اچھا نہین ہوتا۔ اس سے ایک دوسری خرابی پیدا ہوگئی یہ قول بیکن کے، رواقیین موت کو خیر مقدم کہنے کے لیے اس قدر اہتمام کرتے تھے، کہ اُن کا یہ اہتمام بجاے خود، موت کو اور زیادہ وحشتناک بنائے ہوئے تھا"۔ اسپینوزا نے کیا خوب کہا ہی، کہ "دانشمند کبھی اس پھیر مین نہین پڑتا، کہ مرنا کیونکر چاہیے، بلکہ اس فکر مین رہتا ہی کہ زندہ کیونکر رہنا چاہیے" اور ایک حکیم جس موضوع پر سب سے کم غور کرتا ہی، وہ موت ہی"۔ استقبال موت کی بہترین صورت یہ ہی، کہ آدمی اپنے تئین کسی نہ کسی دھندے مین ہر وقت لگائے رکھے۔ خوف کی اصل شی خود موت نہین، بلکہ موت کا تصور ہی، اور اس کا سب سے اچھا توڑ یہ ہی کہ انسان کو مشغولیت کے سبب، موت کا تصور کرنے کی مہلت ہی نہ ملے

ورنہ اگر موت کی تصویر ہر وقت نظر کے سامنے پھرتی رہیگی، تو ایک نہ ایک طرح کی پست ہمتی وافسردہ خاطری ضرور آجائے گی، اور یہ ترقی تمدن کے حق مین سخت مضر ہی۔

قرون وسطیٰ مین جو بہت سے نیم بُت پرستانہ افسانہ مشہور تھے، اُن مین سے ایک یہ ہی کہ آیرلینڈ مین بمقام منسٹر ایک جھیل مین دو جزیرہ تھے۔ ان مین سے ایک کا نام جزیرۂ حیات تھا۔ اس کی خصوصیت یہ تھی کہ اس کے حدود کے اندر موت کا کبھی گزر نہین ہوسکتا تھا۔ لوگ پیدا ہوتے، بڑے ہوتے ضعیف ہوتے، بیمار پڑتے ضعیف ہوتے چلے جاتے تاآنکہ اُن کی تمام قوتین جواب دیدیتین، مگر موت کبھی نہ آتی۔ کچھ عرصہ کے بعد ان لوگون کو اپنی زندگی وبال معلوم ہونے لگی، اور مرگ کی تمنا مین رہنے لگے۔ آخر کار ایک مرتبہ یہ رخت سفر باندھ کر کشتیون مین بیٹھ دوسرے جزیرہ کی طرف روانہ ہوئے اور جب وہان پہنچ گئے، تو ان کی دلی آرزو و تمنا پوری ہوئی، یعنے اجل نے انھین میٹھی نیند سلادی۔

یہ افسانہ جس مین بجائے مسیحیت کے بُت پرستی کی جھلک زیادہ نظر آتی ہی، آئینہ ہی اُس خیال کا، جو واقعین کا موت سے متعلق تھا۔ قدما اس بابت تو بے شبہ سخت مختلف الرائے تھے، کہ پس مرگ، روح کا کیا حشر ہوگا، لیکن اتنے جزو پر سب متفق تھے کہ موت کوئی خوفناک شی نہین، بلکہ زندگی کا ایک بالکل قدرتی انجام ہی جس سے ڈرنا صرف وہمی لوگون کا کام ہی۔ بہ قول اُن کے موت ہی ایک ایسی شی ہی جس سے ہمین تکلیف پہونچنا ممکن ہی نہین، کیونکہ جب تک ہم ہین (یعنی ہم مین احساس باقی ہی) موت نہین، اور جب موت آگئی، تو ہم کہان باقی رہے؟ یعنی احساس تکلیف تو خود ہی فنا ہوچکے گا، موت نام ہی اُس طبعی و قدرتی حالت کا، جو ہستی کی ضد ہی۔ وہ جس طرح ہستی کے بعد طاری ہوگی اُسی طرح ہستی سے پیشتر بھی طاری ہوچکی ہی۔ جس طرح مرنے کے بعد ہم معدوم ہوجائین گے اُسی طرح پیدائش کے قبل بھی معدوم تھے، شمع جس طرح بجھنے کے بعد خاموش ہی،

ویسے ہی جلنے کے قبل بھی تھی۔ یہی حالت انسان کی بھی ہی۔ پس مرگ و قبل تولد، دونون حالتین اُس کے لیے یکسان ہین۔ موت کو ہادم اللذات نہ سمجھو، بلکہ ہادم الآلام خیال کرو۔ موت وہ شے ہی، جو بندہ کو ظالم آقا سے چھڑاتی ہی، اسیر کو زندان سے نکالتی ہی، دردمند کو شفا بخشتی ہی، اور مفلس کو افلاس کے عذاب سے نجات دیتی ہی۔ یہ فطرت کی طرف سے انسان کو بہترین نعمت عطا ہوئی ہی، کہ اسی پر اُس کی تمام پریشانیون کا خاتمہ ہوجاتا ہی۔ اس سے گریز کردیا نہ کرو، یہ بہرحال یاد رکھو، کہ یہ سلسلۂ حیات کی آخری کڑی ہی، جس کا مدعا صرف اس قدر ہی کہ ترکیب پانے سے پیشتر ہمارے عناصر جس انتشار کی حالت مین تھے، دوبارہ پھر اسی حالت مین لوٹ جائین۔

یہ ماحصل تھا اُن مہمات مسائل کا جن سے ادب قدماء کی وہ خاص صنف لبریز ہی، جسے "تسلیات" سے موسوم کیا جاتا ہی، جس کا بانی کرنیٹر خیال کیا جاتا ہی، اور جس کے نمونہ سسرو، پلوٹارک، وعام رواقیین کی تصانیف مین کثرت سے ملتے ہین۔ سسرو نے فلاطون کی تبعیت مین، محرکات بالا پر عدم فنا روح کا بھی اضافہ کردیا ہی۔ پلوٹارک بھی ان سب عقائد کا قائل تھا، گو وہ ان نتائج پر کہانت وغیرہ کے راستہ سے پہونچا ہی۔ رواقیین اگرچہ بقاے روح کے قطعی منکر کبھی نہین ہوئے، تاہم اس عقیدہ نے اُن پر کبھی محرک اعمال کی قوت نہین حاصل کی۔ اس سلسلہ مین سب سے زیادہ اہم بات یہ ہی کہ بُت پرستانہ فلسفہ مین موت کے ساتھ عقوبت و تعزیر کا تصور کہین بھی وابستہ نہین ملتا، بلکہ ہر جگہ اس کو اس سے بے واسطہ رکھا گیا ہی۔ سقراط کہتا ہی کہ موت یا تو زندگی کو ختم کردیتی ہی، اور یا اسے جسم کی قید سے آزاد کردیتی ہی۔ شق دوم مین تو وہ ایک کھلی ہوئی نعمت ہی اور شق اول مین بھی اس کے پسندیدہ ہونے سے انکار نہین ہوسکتا۔ سسرو کے الفاظ بھی اسی کے قریب قریب ہین۔ "روحین موت کے بعد یا تو قائم رہتی ہین، یا فنا ہوجاتی ہین، اگر شق اول صحیح ہی، تو انھین مسرت ابدی حاصل

رہتی ہی، اور اگر شق دوم صحیح ہی، تو وہ آلام و تکالیف سے ایمن ہو جاتی ہین" اپیکورس اپنے خیال کو یون ادا کرتا ہی کہ "یہ خوب سمجھ لو، کہ موت کوئی تکلیف دہ شی نہین ہو سکتی کیونکہ لذت و الم تابع ہین حس کے، اور موت عین فقدان حس ہی" سنیکا کے ایک دوست پولیبیس کے بھائی کا جب انتقال ہوا، تو اُس نے اُسے تعزیت نامہ مین لکھا، کہ

"اگر مردون کو کچھ بھی احساس باقی رہتا ہی، تو تمھین اپنے متوفی بھائی کی حالت پر خوش ہونا چاہیے، کہ اُسے زندگی کی قید سے رہائی حاصل ہو گئی اور اب وہ ایک بلند چوٹی سے اہل دنیا کے کاروبار و عجائبات قدرت کو سکون و اطمینان سے دیکھ رہا ہی، اور اُن اسرار ربانی کو حل کر رہا ہی جنھین حل کرنے کی عمر بھر ناکام کوشش کرتا رہا۔ بہرحال ایسے شخص کی حالت پر جو یا تو معدوم محض ہی، اور یا مسرور ہی تاسف کرنا محض سعی ہی"

لیکن اگرچہ اس مسئلہ پر روم و یونان دونون کے حکما کا اجماع عام تھا، تاہم عوام کے ذہن مین جو تخیل قائم تھا، وہ اس سے بالکل مختلف تھا۔ عوام موت کے نام سے لرزتے تھے، اور سمجھتے تھے کہ مرنے کے بعد انھین غیر محدود عقوبتون کو برداشت کرنا ہوگا، بلکہ یونانی زبان مین وہم پرستی کے لیے جو لفظ ہی، اُس کے لغوی معنی ہی "دیوتاؤن کی دہشت" کے ہین، اور یونانی علم الاساطیر کا عالم جانتا ہی، کہ موت کی دہشت سے متعلق وہان صدہا افسانے مشہور تھے۔ ایسے تماشے کثرت سے تھے، جن مین شداید جہنم کے سخت سے سخت و ہشتناک مناظر دکھائے گئے تھے۔ خود لذتیت کا، جو دلون سے ان دہشتون کو نکال دینے کے لیے آئی تھی، جس گرمجوشی سے استقبال کیا گیا، اُس سے پتہ چلتا ہی، کہ لوگ ان وہم پرستیون سے کتنا تنگ آ گئے تھے۔ لکریشیس کی نظم مین سرود دیگر لاطینی مصنفین کی تصانیف مین، اور سب سے بڑھ کر پلوٹارک کے رسالہ "توہمات" مین نہایت کثیر التعداد شواہد اس امر کے ملتے ہین کہ موت کی ہیبت و دہشت سے رومن خلقت ہر وقت لرزہ براندام

رہتی تھی۔ اب حکما نے اپنا خاص نصب العین یہ قرار دیا، کہ اس وہم پرستانہ خوف کو مٹا دیا جائے۔ پلوٹارک نے کہا، کہ خدا کی طرف پس مرگ عذاب وہی کا انتساب کرنا، اُس پر سخت ترین افترا کرنا ہی۔ ایسا مفتریانہ عصیان، جس کے مقابلہ مین معصیت الحاد بھی برائے نام رہ جاتی ہی۔ اور دماغون مین اس کا تخیل جاگزین ہونا نتیجہ ہی رائج الوقت افسانون کا، چنانچہ اُس نے ایسے افسانون کی اشاعت شروع کی، جن کا مقصد ان کے بالکل مخالف سبق کی تعلیم تھی۔ اب اس طرح کے افسانون کی اشاعت شروع ہوئی، جن مین ہر پہلو سے موت کی طرف سے بیخوفی کی تعلیم دی گئی تھی۔ مثلاً یہ کہ ایک مرتبہ کسی مذہبی جشن کے موقع پر جب دیوی جونو کے بُت کو جو گھوڑے گھسیٹ کر لیجانے والے تھے، اُن کے آنے مین دیر ہوئی، تو وہان کی راہبہ کے لڑکے خود، اس گاڑی کو کھینچ لائے۔ اس پر ان کی ماں نے فرط مسرت و نازش سے دعا کی، کہ ان لڑکون کو وہ سب سے بڑا انعام ملے، جو انسان کو مل سکتا ہی۔ اس کی یہ دعا مقبول ہوئی، اس طرح پر، کہ وہ لڑکے فوراً سو گئے، اور سوتے سوتے وفات پا گئے۔ یا مثلاً جن معمارون نے اپالو کے مندر کی تعمیر کی تھی، انھون نے بعد تعمیر کے دعا کی، کہ ہمین اس کا وہ صلہ ملے، جو بہترین ہو سکتا ہی۔ اس پر ان کو یہ بشارت ہوئی، کہ وہ سات روز خوب لطف دنیوی اُٹھائین، اُس کے بعد رات کو انھین صلہ ملے گا۔ انھون نے اس کی تعمیل کی، اور اس کے بعد جب سوئے۔ تو پھر ان کی آنکھین دوبارہ نہ کھل سکین۔ اس طرح کے بیسیون فسانے مشہور کیے گئے، جن سب کا مدعا یہ تھا، کہ لوگ موت کو بجائے دہشت کے مسرت کی نظرون سے دیکھین، اور اسے بجائے عذاب کے انعام الٰہی تصور کرین۔ یہ اسی تخیل کا نتیجہ تھا، کہ بڑے بڑے حکما نہایت سکون و غایت اطمینان سے جان دیتے تھے، اور نزع کے وقت ذرا بھی اضطراب نہین ظاہر ہونے دیتے تھے۔ سقراط نے جس اطمینان خاطر سے جان دی اس کا حال سب کو

معلوم ہی، لیکن اس باب مین سقراط کی مثال کوئی انوکھی نہین۔ اس طرح کے متعدد نظایر ملتے ہین۔ یونان قدیم کے جو سات حکما مشہور ہین، اُن مین سے ایک، یعنی چلون کے بابت یہ روایت سنی جاتی ہی کہ موت کے وقت اُس نے اپنے تلامذہ کو اپنے گرد جمع کیا، اور بہ مسرت تمام کہا، کہ مجھے اس وقت اپنی ساری زندگی مین صرف ایک گناہ یاد آتا ہی، اور وہ یہ کہ مین نے ایک موقع پر ایک مسئلہ کے فیصلہ مین اپنے ایک دوست کی مروت کو دخل دینے دیا تھا، بس اس کے سوا میری زندگی بالکل پاک و بے لوث رہی ہی اور مین بہ مسرت تمام جان دیتا ہون۔ سسرو کی آخر زمانے کی تحریرین اُٹھا کر پڑھیے کہین اپنے معاصی پر تاسف و حسرت یا قربت موت پر اضطراب کا نام نہین، بلکہ یہ معلوم ہوتا ہی، کہ عالم آخرت کی طرف سے دعوت آنے کی دیر ہے، یہ اسے لبیک کہنے کے لیے تیار بیٹھا ہی۔ سینکا کے پاس سکرات کے وقت انتشار و اضطراب پھٹکنے بھی نہین پایا۔ اسی طرح ٹاٹیس نے حالت نزع مین خندہ جبینی کے ساتھ اعتراف کیا ہی کہ عمر بھر مین صرف ایک گناہ کا مرتکب ہوا ہون، انٹونیس پی اس، جولین، وغیرہ نے جس سکون و بے خوفی سے زندگی کو خیرباد کہا، وہ سب اس کے مزید نظایر ہین۔

بعض مصنفین کی یہ عادت ہی کہ وہ مسیحیانہ و بت پرستانہ نظام اخلاق مین بہت سے مسائل کے اشتراک و مماثلت کو دیکھ کر اس نتیجہ پر پہونچ جاتے ہین، کہ مسیحیت بت پرستی ہی کی ایک ترقی یافتہ صورت ہی، اور یہ کہ اگر حکما قدیم آج موجود ہوتے تو بہت خوشی سے مسیحیت کی دعوت کو لبیک کہتے۔ اس قیاس کا دائرہ اگر صرف پروٹسٹنٹ کے عقاید تک محدود رکھا جائے، تو تو خیر صحیح ہی، لیکن جب رومن کیتھولک عقاید بھی اسی شمول مین لائے جاتے ہین، تو اس کی غلطی بالکل عیان ہو جاتی ہی۔ رومن کیتھولک ازم اور رومن بت پرستون مین مشابہت و مماثلت تو درکنار، دونون کے اصول و بنیاد مین نہایت کھلا ہوا تناقض ہی، یعنی ایک دوسرے سے صرف مختلف نہین، بلکہ قطعاً منافی ہین۔ ذیل مین ہم

بالمقابل دونون گروہون کے چند معتقدات کو مثالاً پیش کرتے ہین:-

حکمار قدیم کے معتقدات	رومن کیتھولک کے عقاید
(۱) موت ایک بالکل طبعی و فطری واقعہ ہی، جسے سزا و تعذیب سے کوئی سروکار نہین۔	(۱) موت ایک سزا ہی، جو خدا نے معصیت آدم کی پاداش مین بنی آدم پر نازل کی، بالکل اسی طرح کہ جیسے زہریلے درخت، آفات ارضی، و کسوف شمس، بطور سزاؤن کے بنی آدم پر نازل کیے گئے ہین۔
(۲) موت خاتم الآلام ہی، اس کے بعد کوئی تکلیف و عتاب نہین جس جسم کے ذرات ہوا مین مدت ہوئی مل چکے، اس کی بابت یہ خیال کرنا ہی مہمل ہی کہ وہ کسی عقوبت سے متاثر ہوگا۔	(۲) موت، نسل انسانی کی تعداد اغلب کے لیے مقدمہ ہی شدید ترین آلام و تکالیف کا۔ ایسے عذاب کا جس کے سامنے دنیا کی بڑی سے بڑی تکلیف اور بڑا سا بڑا درد ہیچ ہی اور جنھین کوئی بشر برداشت کر ہی نہین سکتا۔
(۳) انسان فطرۃً معصوم ہوتا ہی۔ تا وقتیکہ وہ اپنے قصد سے گناہ نہ کرے، وہ آلایش معصیت سے پاک رہتا ہی۔ پلوٹارک کے الفاظ مین،	(۳) انسان پر خدا کی لعنت ہی کہ وہ پیدا ہوتے ہی آلودۂ معصیت ہو جائے۔ سینٹ آگسٹائن کے الفاظ مین،
"بچون کے جنازہ پر وہ مراسم نہین بجالائے جاتے، جو بالغون کے جنازہ پر بجالائے جاتے ہین، اسلیے کہ انھین دنیا سے کوئی تعلق ہی نہین ہوتا... اسی طرح اُن پر گریہ و بکا کرنا بھی اس واسطے ممنوع ہی کہ اب وہ زیادہ پُر عافیت مقام مین پہونچ گئے	"جو شخص یہ کہتا ہی کہ بچہ بغیر بپتسمہ لیے ہوئے بھی نجات حاصل کر سکتے ہین۔ وہ مسیح کے قول کی تردید کرتا ہی.... یہ نص صریح موجود ہی کہ ایک انسان کے گناہ سے تمام انسان لعنت مین گرفتار ہین اس عموم مین بچون کا کہین استثنا نہین، اور یہ ایسا

ہین،،	مسئلہ ہی جس پر تمام فقہا کا عام اجماع ہی،،
(۴) ہر فرد اپنی ذاتی کوشش، پاکیزگی اخلاق اتقا، و تزکیہ نفس سے نجات حاصل کرسکتا ہی۔ جس کے لیے کسی مذہبی رسم پرستی کی حاجت نہین۔	(۴) بڑی سے بڑی متقیانہ زندگی بھی انسان کو لعنت ابدی سے آزاد نہین کرسکتی حصول نجات کے لیے لازمی ہی کہ مسیح پر ایمان، اور اس کی تعلیمات پر عمل بھی ہو۔
(۵) خدا کی جانب قہر و غضب و انتقام کا انتساب صحیح نہین۔ اس کی ذات ان چیزون سے ارفع ہی۔	(۵) خدا مین قہر، غضب و انتقام کے جذبات موجود ہین۔ اور وہ آخرت مین گنہگارون کو خود سزا دیگا۔
(یہ اختلافات معتقدات اساسی مین تھے، نتائج عمل مین ان اختلافات کا یہ اثر پڑا، کہ)	
(۶) بت پرست حکما کی ہمت اس مین مصروف رہی، کہ انسان کے دل سے موت کی دہشت زائل ہو، اور نفس بشری اپنے تئین پوری حد تک آزاد سمجھے۔	(۶) برخلاف اس کے ائمہ رومن کیتھولک کی تمام کوششین اس مین صرف ہوا کین، کہ موت کو جس قدر مہیب و دہشتناک بنایا جاسکے، بنایا جائے اور انسان کے ذہن مین اس کی بے چارگی بے کسی و محتاجی کے تخیل کو حد کمال تک پہونچایا جائے۔ اور چونکہ رومن کیتھولک تعلیمات کی علوم و فنون، رسم و رواج، وغیرہ مختلف ذرایع سے مدتون اشاعت ہوتی رہی، اس لیے ان کا اثر صدیون تک لوگون کے دلون پر قائم رہا، اور اب بھی بالکل نہین مٹ چکا ہی

موت کے بارہ مین قدما اور کیتھولکون مین جو عظیم الشان اختلافات تھے، ان کے نتیجہ کا سب سے زیادہ اہم مظہر وہ تخیل تھا، جو خودکشی سے متعلق دونون نے قائم کیا تھا، بلکہ کہہ سکتے ہین، کہ رواقی اور موجودہ اخلاق کا اصل فارق یہی ہی، یہ سچ ہی کہ قدما بھی سب کے سب اس مسئلہ پر بالکل متفق نہ تھے، مثلاً فیثاغورث کہتا ہی، کہ انسان کو زندگی مین جو مقام سپرد کردیا گیا ہی، اُس سے بغیر افسر یعنی خدا کی اجازت کے نہ ہٹنا چاہیے۔ اسی کے قریب قریب فلاطون کے الفاظ ہین، گو وہ کہتا ہی، کہ جن استثنائی صورتون مین قانون اسے واجب کردے، یا شدت افلاس و مصایب سے زندگی ناقابل برداشت ہوجائے تو خودکشی جائز ہی۔ ارسطو نے یہ کہکر کہ اس سے حکومت کو نقصان پہونچنے کا اندیشہ ہی، خودکشی کو معاشری وسیاسی مصالح کی بنا پر ممنوع قرار دیا تھا۔ یونان مین جن لوگون نے خودکشی کی اُن مین گورزینو و کلیتھس جیسے مشاہیر کے نام بھی آجاتے ہین، تاہم یہ فہرست مختصر ہی ہی۔ خود روم مین بھی جہان یہ کثیر الوقوع تھی، اس کا جواز بالکل مسلم نہ تھا، بلکہ اگر ریگولس کی داستان تاریخی حیثیت سے صحیح تسلیم کرلی جائے تو معلوم ہوگا کہ شدائد جان فرسا پر تحمل کرنا ہی سب سے بڑی خوبی سمجھی جاتی تھی۔ ورجل، آیندہ زندگی مین اُن لوگون کی نہایت تاریک تصویر کھینچتا ہی، جنھون نے یہان خودکشی کرلی ہی۔ سسرو نے فیثاغورث کے خیال کی پُرزور تائید کی ہی، گو وہ کیٹو کی خودکشی کو مستثنیٰ کرکے اس کی بہت تعریف کرتا ہی۔ اپیولیس بھی افلاطون کی تقلید مین کہتا ہی، کہ دانشمند شخص کبھی اپنی زندگی کو خیرباد نہین کہتا تاوقتیکہ خدا اُسے طلب نہ کرے۔ سیزر، آوڈ وغیرہ نے بہ تصریح لکھا ہی، کہ اصلی جوانمردی جان دیدینا نہین، بلکہ سختیون کا مقابلہ کرنا ہی۔ خود رواقیین بھی جہان ایک طرف خودکشی کو جایز سمجھتے تھے، وہان اس کے بھی قایل تھے، کہ ہر شخص کو ہر حالت مین اپنے فرائض انجام دیتا رہنا چاہیے اور دقتون سے ڈرکر ان سے نہ مُنھ موڑنا چاہیے، سنیکا، جو خودکشی کا نہایت پُرجوش وکیل ہوا ہی، اپنے تلامذہ مین اس کی زیادہ اشاعت کو اچھی نظر سے نہین دیکھتا، بلکہ اسے دباتا ہی،

مارکس آریلیس اس باب مین متردد ہی۔ کہین تو وہ یہ لکھنے لگتا ہی کہ ہر شخص کو اپنی جان کے اوپر پورا اختیار ہی، اور کہین فلاطون کی تقلید مین یہ کہنے لگتا ہی، کہ ہر انسان، گویا لشکر ربانی کا، ایک سپاہی ہی، جس کا ایک خاص مقام کارزار حیات مین مقرر کر دیا گیا ہی، اور جسے بغیر حاکم کے اشارہ کے چھوڑ دینا سخت جرم ہی۔ پلوٹینس و پارفری خودکشی کے قطعاً مخالف تھے۔

لیکن با این ہمہ اس حقیقت سے انکار نہین ہو سکتا، کہ اس بارہ مین قدما کا تخیل ہمارے تخیل سے بالکل مختلف تھا۔ اُن مین سے اکثرون کے نزدیک تو یہ جائز ہی تھی، اور جن چند کے نزدیک ناجائز تھی، تو وہ بھی اس کو اس درجہ کی معصیت نہین خیال کرتے تھے، جتنی موجودہ زمانہ کے لوگ خیال کرتے ہین۔ اس کا ایک بڑا سبب تو یہ تھا، کہ موت ہی کے بارہ مین ان کا تخیل ہمارے تخیل سے بالکل مختلف تھا، اور دوسرا سبب یہ تھا، کہ جب کسی جماعت مین خودکشی جائز سمجھی جانے لگتی ہی، تو اس کی معصیت کا جو تصور افراد کے نفوس مین ہوتا ہی، وہ بھی زائل ہو جاتا ہی، اور یہ ایک معمولی واقعہ خیال کیا جانے لگتا ہی۔ اپیکورس کی تاکید تھی، کہ "خوب غور کرو۔ موت کا تمھارے پاس آنا بہتر ہی، یا تمھارا موت کے پاس جانا"، اور اس کے تلامذہ مین لکریشیس، کیسیس، اٹیلیس، زینو، یوڈوکس وغیرہ متعدد اشخاص نے اپنے ہاتھ اپنی جان دی، پلینی فخراً لکھتا ہی کہ اس باب مین عبد کو معبود پر فضیلت ہی کہ وہ جب چاہے، زندگی کو خیرباد کہہ سکتا ہی، اور یہ فطرت کی فیاضی کا سب سے بڑا ثبوت ہی، کہ دنیا مین ایسی جڑی بوٹیان پیدا کر دی گئی ہین، جن کی مدد سے انسان اپنے مصائب کا، بہ آسانی خاتمہ کر سکتا ہی۔ سسرو کی تصانیف کے ذریعہ سے ہمارا تعارف ایک عجیب و غریب شخص ہیجیسی اس سے ہوتا ہی، جسے اُس کے معاصرین نے "خطیب مرگ" کا لقب دیا تھا، یہ شخص ایک طرف تو مسلک قیروانیہ کا متبع تھا۔ یعنی اُس مسلک کا، جو غایت حیات، حصول لذت کو قرار دیتا ہی، مگر دوسری طرف اس کی تعلیم دیتا تھا، کہ انسانی

زندگی پریشانیون و ترددات سے اس قدر لبریز، اور لذات و مسرات سے اس قدر تہی ہی، کہ انسان کے لیے بہترین نعمت موت ہی ہی۔ یہ شخص اس قوت کا مقرر و سحر بیان تھا، کہ صدہا آدمیون نے اس کی سحر بیانی سے متاثر ہو کر جان دینا شروع کردی، یہانتک کہ حکام وقت کو یہ اندیشہ پیدا ہوا، کہ اگر خودکشی کی یہی رفتار رہی، تو کچھ روز مین شہر خالی ہو جائے گا، اور ہیجیسی اس کو اسکندریہ سے جلاوطن کردیا۔

خودکشی کو ایک امر خفیف سمجھنے کا خیال یون تو کم و بیش، قدما مین بالعموم پایا جاتا ہی، لیکن رومن شہنشاہی کے زمانے مین اور رومن رواقیین مین یہ خیال کمال کو پہونچ چکا تھا۔ یہ تو معلوم ہی ہی، کہ دور توحش مین زندہ انسان کو بھینٹ چڑھا دینا ایک کار ثواب سمجھا جاتا ہی۔ اس عقیدہ کا اثر عہد توحش کے بعد بھی، عصر تمدن تک مین مدتون یہ رہا کیا، کہ حیات انسانی کی عظمت کو کافی اہمیت نہین حاصل ہوئی، اور پھر بت پرستانہ فلسفہ کی آخر عہد مین متعدد حالات و اسباب ایسے پیش آگئے، جن سے اس خیال کو اور تقویت ہوتی رہی۔ مثلاً کیٹو نے اپنی خودکشی سے جس مستحکم اخلاق و ایثار نفس کا نمونہ پیش کیا تھا، اُس نے رومن متخیلہ پر بہت گہرا اثر کیا، اور اس کی تقلید مدتون رومن تقریرون کا موضوع بنی رہی۔ یا سیانی کے مناظر اس کثرت سے لوگون کی آنکھون کے سامنے رہتے تھے کہ قتل و ہلاکت ایک معمولی واقعہ بن گیا تھا، یا پھر جو وحشی بڑی تعدادون مین گرفتار ہو کر آتے تھے، وہ بجاے اس کے کہ اپنے رفیقون کے ساتھ غداری کرین یا اپنے فاتحون کی غلامی کرین، بے تکلف اپنی جان دیدیتے تھے، اور یا آخر مین سب سے بڑھکر قیاصرہ کی شقاوت و جبّاری، اور سیاسی مجرمون کو خود اپنی جان لینے پر مجبور کرنے کا دستور، ان سب حالات نے مل ملا کر خودکشی کو ایک کھلونا بنا دیا تھا۔ نیرو کی ظالمانہ فرمانروائی مین سینیکا نے جس طرز پر خودکشی کی حمایت کی ہی، اُس سے صاف یہ معلوم ہوتا ہی، کہ لوگ زندگی کی مشکلات سے تنگ آکر اس کو تمام خرابیون کا کیسا آسان علاج سمجھنے لگے تھے۔

اقتباسات ذیل قابل ملاحظہ ہین:-

"اگر موت نہ ہوتی، تو یہ زندگی، کیسا ناقابل برداشت عذاب ہوتی، اس کی وجہ سے دنیا کی تمام تکالیف و آلام کے مقابلہ مین میرے پاس کم ازکم ایک مرافعہ کی عدالت ہی۔... مین اپنے سامنے سُولی، تازیانہ، اور طرح طرح کے ہولناک آلات تعذیب دیکھتا ہون۔ ایسے ایسے آلات جو میری رگ رگ کو انتہائی عذاب پہونچا سکتے ہین۔ لیکن مین ایک اور شے کو بھی دیکھ رہا ہون جس پر میرے بڑے سے بڑے موذی دشمن کا بھی دست رس نہین، اور وہ موت ہی۔ جب مین فوراً اپنے تئین آزادی بخش سکتا ہون، تو مجھے اس کی کیا پرواہی کہ کوئی مجھے غلامی مین لے رہا ہی۔ درحقیقت موت ہی ایسی شے ہی، جو تمام مصائب کے لیے سپر ہی۔"

"تم تکالیف سے نجات حاصل کرنا چاہتے ہو، تو اس کے لیے جس طرف نظر اُٹھاؤ، تمھین وسائل و ذرائع بہ افراط ملین گے۔ پہاڑ و چٹان کی چوٹی، دریا، کنوئین و سمندر کی تہ، جہان چاہو، ذریعہ نجات موجود ہی۔" (یعنی جس طریقہ پر چاہو خودکشی کر سکتے ہو)

"جب مجھے طریقۂ موت مین انتخاب کرنا ہی، تو کیون نہ مین آسان موت کو تکلیف دہ موت پر ترجیح دیکر اختیار کرلون؟ جس طرح مجھے اپنی سکونت کے لیے مکان کے انتخاب کا، اور سفر کے لیے جہاز کے انتخاب کا حق حاصل ہی، اسی طرح طریقۂ موت کے بھی انتخاب کا حق حاصل ہی۔... بلکہ زیادہ صحیح طور پر یون کہنا چاہیے، کہ طریقۂ موت سے زیادہ اور کسی شے مین ہمین اپنی خواہشات کے مطابق عمل کرنے کا موقع نہین۔ پس جس طریقہ پر تمھین اچھا معلوم ہو، زندگی کو خیرباد کہو، خواہ تلوار کی کاٹ سے، خواہ رسّی کے پھندے سے، اور

خواہ زہر کے گھونٹ سے، بہرحال اپنی مشکل آسان کرو، اور اسیری کی جگہ رہائی حاصل کرو۔ طریق زندگی مین تم دوسرون کی خوشی و مرضی کی پروا کرتے ہو، لیکن طریق موت بالکل تمھاری ذاتی خوشی پر منحصر ہی۔ ۔ ۔ ۔ یہ قانون الٰہی نہایت حکیمانہ ہی، کہ زندگی کو ایک ایسا مکان رکھا ہی جس مین داخل ہونے کا ایک ہی راستہ ہی، مگر جس سے باہر نکلنے کے متعدد دروازہ ہین۔ پس کیا وجہ ہی، کہ مین ہر طرح کی تکالیف و مصائب کا ہدف بنا رہون، اور ایڑیان رگڑ رگڑ کر جان دون، دران حالے کہ مین ایک ہی جست مین آزادی حاصل کر سکتا ہون؟ یہی یعنی مدت حیات کا خود اختیاری ہونا ہی اصل سبب ہی، کہ مین زندگی کو عذاب و بدنصیبی سے تعبیر نہین کرتا۔ جب تک تمھاری خوشی ہو، زندہ رہو، اور جب دیکھو کہ زندگی ناقابل برداشت ہو گئی ہی، تو پھر بھی اسے جھیلتے رہنا خود تمھارا قصور ہی۔ جہان سے تم آئے ہو، وہان واپس چلا جانا بالکل تمھارے قدرت و اختیار مین ہی، اور اس حق سے فائدہ اٹھانے سے تمھین کون روک سکتا ہی۔"

ان اقتباسات سے (اور ان کے مثل صدہا فقرہ اور نقل کیے جا سکتے ہین) ظاہر ہو گیا ہوگا، کہ رومی رواقیت کا یہ معلم کس جوش و سرگرمی سے خودکشی کی وکالت کرتا ہی۔ فلسفیانہ حیثیت سے قطع نظر کر کے، روم کے قانون نے بھی خودکشی کو جائز رکھا تھا، البتہ کچھ عرصہ کے بعد وقیود کا اضافہ کر دیا تھا۔ پیشتر یہ قاعدہ تھا، کہ جو لوگ سیاسی مجرم ہوتے تھے، اُن کا لاشہ بے گور و کفن پڑا رہتا تھا، اور ان کی جایداد سرکار مین ضبط ہو جاتی تھی۔ اس سے بچنے کے لیے اکثر سیاسی مجرمین یہ کرتے تھے، کہ قبل اس کے کہ اُن کا مقدمہ شروع ہو، خودکشی کر لیتے تھے۔ اب ڈومیٹین نے اپنے عہد حکومت مین یہ قانون بنا دیا

کہ ایسے مجرمون کو خودکشی کچھ بھی مفید نہ ہوگی، بلکہ اُن کی لاش وجائداد کے ساتھ وہی برتاؤ کیا جائے گا، جو جرم ثابت ہونے کے بعد کیا جاتا۔ اس کے کچھ عرصہ کے بعد ایک قانون یہ بھی پاس ہوا، کہ جو رومی سپاہی خودکشی کرے گا، اس کا حشر وہی سمجھا جائے گا جو کسی باغی وغدار سپاہی کا ہوتا ہی۔ بس ان دو قیود کے سوا، اور کسی طرح کی روک تھام براہ راست یا بالواسطہ خودکشی کے لیے نہ تھی، اور لوگ علانیہ مختلف اسباب کی بنا پر خودکشی کیا کرتے۔ اٹھوں نے، جو کیٹو ہی کی طرح راہ حق کا شہید خیال کیا جاتا ہی، اس خیال سے اپنی جان دیدی تھی، کہ کہین اس کی وجہ سے روم مین دوبارہ خانہ جنگی نہ شروع ہوجائے۔ ایک اور جنگ مین غنیم نے مشہور رومی جنرل لانگینس کو گرفتار کرکے یہ چاہا، کہ اُس کے دباؤ سے رومی تاجدار کو سخت سے سخت شرایط پر صلح کرنے پر مجبور ہونا پڑے، تو اس جنرل نے زہر کھا کر بادشاہ کو ایک بڑے تردد سے نجات دیدی۔ اوتھو کی وفات پر متعدد سپاہیون نے فرط عقیدت وغم مین جان دیدی۔ ایک مرتبہ، جمہوریت کے آخر زمانے مین یہ واقعہ پیش آیا، کہ ایک مشہور کوچوان کی لاش جلائی جارہی تھی، کہ اُدھر سے ایک پُرجوش، گاڑیون کی دوڑ کے شوقین کا گزر ہوا، اور اس نے کوچوان کی لاش کو جلتا دیکھ کر اس مین کود کے خود بھی اپنی جان دیدی۔ ایک منھ لگے مصاحب نے ٹائبریس کے عہد فرمان روائی مین محض اس بنا پر اپنی جان لے لی، کہ وہ حکومت کے مظالم کو نہین دیکھ سکتا تھا۔ ایک بار ایک کلبی پری گرینس نے بہت سے لوگون کو اس غرض سے مدعو کیا، کہ وہ زندگی سے تنگ آکر خودکشی کرنے والا ہی، وہ آکر یہ تماشا دیکھین چنانچہ بہت بڑا مجمع ہوا، اور اُس نے اس کے سامنے اپنے تئین زندہ آگ مین جلا دیا۔ موت اکثر حالات مین آخری طبیب امراض سمجھی جاتی تھی، اور خودکشی تمام مصائب کی قاطع خیال کی جاتی تھی۔ اپیکٹیٹس کہتا ہی، "یہ خوب یاد رکھو کہ دروازہ کھلا ہوا ہی۔ بچون سے زیادہ تو بزدل نہ ہو جس طرح جب بچہ کھیل سے اُکتا جاتے ہین، تو صاف کہدیتے ہین کہ اب نہ

کھا لین گے، اسی طرح جب زندگی سے عاجز آؤ، تو فوراً زندگی ترک کر دو۔ یا اگر زندہ رہنے ہی کی ہوس ہی تو پھر زندگی کی شکایت نہ کرو۔" سنیکا کا قول تھا، کہ "جو شخص انتہائے شیخوخت کا راستہ دیکھتا رہتا ہی، اُس سے بڑھ کر بزدل اور کون ہو سکتا ہی۔ جس طرح جو شخص تلچھٹ تک صاف کر جاتا ہی، وہ بلانوش کہلاتا ہی، اسی طرح جو زندگی پر اتنا حریص ہی وہ بھی بوالہوس کہلائے گا۔ میرے اگر ہوش و حواس صحیح ہین، تو مین بھی ضعیف العمری تک زندہ رہنا چاہون گا، لیکن اگر میری قوتین جواب دے رہی ہین، یا میرے حواس مین اختلال آگیا ہی، اور بجاے روح کے مجھ مین صرف سانس کی آمد و رفت باقی رہگئی ہی، تو ایسی زندگی پر مین موت کو ہزار درجہ ترجیح دون گا۔ اسی طرح جب تک مین اپنے مرض کو قابل علاج سمجھون گا، علاج کیے جاؤن گا، خواہ کیسی ہی تکلیف ہو، کیونکہ تکلیف کے ڈر سے خودکشی کرنا بھی بزدلی ہی۔ لیکن جب مین اپنی صحت کی طرف سے بالکل مایوس ہو جاؤن گا، اور مجھے یہ معلوم ہو جائے گا، کہ اب زندگی میرے لیے بالکل عبث ہی، تو فوراً زندگی کا خاتمہ کر لون گا۔" اسی طرح موسونی اس نے لکھا ہی، کہ

"جس طرح زمیندار کو جب لگان نہین وصول ہوتا، تو وہ کاشتکار کے مکان کے دروازہ توڑ ڈالتا ہی، اُس کی چھت اُکھڑوا لیتا ہی، اُس کی آبپاشی بند کر دیتا ہی، وغیرہ، اسی طرح میرے جسم سے ایک ایک کر کے بصارت، سماعت، و نقل و حرکت کی قوتین سلب کی جا رہی ہین، پس مین اپنے زمیندار کو زیادہ تنگ نہ کرون گا، اور خود ہی اپنی زندگی بخوشی اس کے حوالہ کر دون گا۔"

خودکشی کا یہ تخیل، کہ وہ مصیبت زدون کے لیے ایک ملجا و ماون ہی، صرف فلسفیانہ تصانیف تک محدود نہ تھا، بلکہ اس عقیدہ پر کثرت سے عملدرآمد بھی ہوتا تھا۔ چند شائقین نذر ناظرین ہین۔ سیلیس اٹالیکس نے، جو متاخرین شعراء روم مین ہوا ہی، خودکشی کر کے جان دی۔ پلینی نہایت مدحیہ الفاظ مین اپنے ایک دوست کی بابت روایت کرتا ہی، کہ

جب وہ ایک سخت مرض مین گرفتار ہوا، تو اُسے یہ دریافت کرنے کی فکر ہوئی کہ اس کا مرض قابل علاج ہی یا ناقابل علاج، اگر قابل علاج ہی تو وہ اپنے اعزہ واحباب کی خواہش کے مطابق مقاومت مرض کرتا رہے گا، اور اگر ناممکن العلاج ہی، تو اپنے ہاتھون اپنی جان لے لیگا۔ اس تحقیق کے لیے اُس نے مشاہیر اطبا کا اپنے یہان جلسۂ شوریٰ منعقد کیا، اور غایت سکون واطمینان قلب کے ساتھ اُن کے فیصلہ کا انتظار کرتا رہا۔ اسی مصنف سے ایک اور شخص کا قصہ مروی ہی، جو کسی ایسی موذی بیماری مین مبتلا تھا، کہ اس کے سارے جسم پر گھاؤ ہو گئے تھے اُس کی بیوی نے یہ حالت دیکھ کر کہ اب اُسے شفا نہین ہو سکتی، اُسے ترغیب دیکر اس پر آمادہ کیا کہ وہ خودکشی کرلے، اور وہ بھی اس کا ساتھ دیگی۔ چنانچہ میان بیوی دونون نے اپنے تئین ایک رسی مین جکڑا، اور ساتھ ہی اپنے تئین دریا مین گرا دیا۔ اسی طرح سنیکا نے اپنے ایک خط مین ایک رومی خودکشی کا ذکر بہت تفصیل سے کیا ہی۔ وہ کہتا ہی، کہ ٹولیس ہارکیلینس، ایک نہایت قابل وصاحب اخلاق شخص، جو کسی زمانے مین فلسفہ کی تعلیمات کا منکر تھا، مگر اب اُن پر پورا عامل ہو گیا تھا، ایک بار کسی لاعلاج مرض مین گرفتار ہوا، اور خودکشی کی ٹھان لی۔ یہ ارادہ کرکے اُس نے اپنے احباب کو جمع کیا، مگر اُن مین سے اکثرون نے اس کو یہ مشورہ دیا کہ ابھی کچھ دنون اور زندہ رہے۔ تاہم اسی جماعت مین ایک رواقی حکیم بھی تھا، جس نے (بہ قول سنیکا کے) ایک نہایت اعلیٰ قسم کی تقریر شروع کی۔ اس کا منشا یہ تھا، کہ زندگی کوئی ایسی اہم شی نہین، جس کے بقا وفنا کے تصفیہ کے لیے وہ کوئی مہتم بالشان مجلس شوریٰ مرتب کرے۔ بیان جس طرح انسان کی ہوتی ہی، حیوان کی بھی ہوتی ہی، اور اس بنا پر انسان کو حیوانات پر کوئی امتیاز نہین حاصل، البتہ معززموت ایسی شی ہی، جو صرف انسان کے بس کی ہی۔ اس واسطے اُسے چاہیے، کہ اس امتیاز کو قائم رکھے، اور معززموت مرے۔ ہارکیلینس تو پہلے ہی سے یہ چاہتا تھا، اُس نے اس مشورہ کو بہ مسرت تمام قبول کیا، اپنی جائداد

اپنے وفادار غلامون کو تقسیم کردی، انھین تشفی دی، اور اس کے بعد موت کے لیے یون تیار ہوگیا، کہ تین روز تک بالکل بے آب و دانہ رہا، اور جب دیکھا کہ فرطِ ناتوانی سے روح جسم سے مفارقت کیا چاہتی ہی، تو گرم پانی مین غسل کیا، اور اُسی حالت مین جان نکل گئی لیکن جس وقت تک آخری سانس آتی رہی، وہ یہ کہتا رہا، کہ نہایت آسانی و لطف کے ساتھ میری جان نکل رہی ہی۔

غور کرنے سے معلوم ہوگا، کہ رواقیت نے خودکشی کا یہ جو تخیل قایم کیا، اس کے لیے ازبس ضروری تھا، کیونکہ بغیر اس کے افراد مین وہ فلسفیانہ خوداعتمادی و خودداری پیدا ہی نہین ہوسکتی تھی جو رواقیت کا مقصود تھی۔

صفحات بالا مین اس کثرت سے اقتباسات و تفصیلات دیے گئے ہین، کہ، مجھے اندیشہ ہی، کہ کہین اس ہجوم مین ناظرین کے ذہن سے اصل مبحث کا سررشتہ نہ چھوٹ گیا ہو۔ اس لیے اب تک جو کچھ کہا گیا ہی، اُس کو سُلجھا کر پھر ایک خلاصہ کی صورت مین رکھے دیتے ہین۔ اس سے یہ مسائل حل ہوجائین گے، کہ رواقیت سوسائٹی کے کن حالات ماقبل سے بہ طور نتیجہ کے پیدا ہوئی، اُس نے خود کیا کیا اثرات پیدا کیے، اس کا اثر مسیحیت کے نشوونما مین کہان تک معین ہوا، اور کہان تک اس کے مخالف پڑا؟

(۱) پہلی بات ہمکو یہ معلوم ہوئی، کہ دوسری قومون کی طرح روم مین بھی قبل اس کے کہ اخلاق سے متعلق کوئی فلسفیانہ نظریہ قائم ہو، عملی زندگی کا ایک مخصوص و متعین اخلاقی سانچہ قائم ہوچکا تھا۔ قومین جن مشاغل مین مصروف رہتی ہین، انھین کے سانچہ مین ان کی سیرت بھی ڈھل جاتی ہی، بس اسی اصول کے مطابق، چونکہ رومی جمہوریت کی بنیاد عسکریت پر تھی، اس لیے اہل روم کی اخلاقی زندگی کے رگ و ریشہ مین تمام تر وہی خصایص سرایت کرگئے تھے، جو عسکری زندگی کے نمایان خط و خال ہوتے ہین۔

(۲) دوسرے ہمین یہ دریافت ہوا، کہ عسکریت ہمیشہ اُن فضائل اخلاق کی دشمن رہی ہی،

جن کا تعلق مروت، لطف و محبت سے ہی، اور ان کی معین رہی ہی، جن کا مدار ایثار، شجاعت و مردانگی پر ہی۔ یہ خصوصیت فوجی زندگی مین کم و بیش ہمیشہ موجود رہی ہی، لیکن قدیم طرز جنگ نے اسے اور ترقی دیدی تھی، چنانچہ اہل روما مین یہ خصوصیت بدرجۂ اتم موجود تھی۔ ہر وقت جنگ و مقاتلہ مین مصروف رہنے سے، انسانی زندگی کی کوئی اہمیت افراد کے نظر مین نہین رہ گئی تھی۔ انکسار، فروتنی، و رواداری کا جنگی سوسائٹی مین کہان پتہ لگ سکتا ہی؟ ایک خاص انداز کا غرور و بیدردی و خودداری سب پر غالب آگئی تھی۔ نفاست، تکلفات و تصنع کے نام سے بھی یہ سپاہیانہ زندگی بسر کرنے والے افراد واقف نہ تھے۔ عقلی نازک خیالیان، اور اخلاقی موشگافیان ایسے الفاظ تھے جو بے معنے تھے۔ اس کے مقابلہ مین خود اعتمادی، ہمت، اخلاقی جرأت، موت سے بیخوفی، بات کی پختگی، معاشرت کی سادگی، عدم تصنع، ضبط نفس، تحمل شدائد، استقلال و استقامت، اور فرض شناسی وہ اوصاف تھے، جو ان مین پوری طرح موجود تھے، جو گویا ان کی سرشت قومی کے عناصر ترکیبی تھے اور جن کی خاص طور پر قدر کی جاتی تھی۔

(۳) رومی زندگی، اخلاق کے اس خاص سانچے مین ڈھل چکی تھی، کہ اتنے مین روم مین علمی بیداری پھیلنا شروع ہوئی۔ یونان کے حکما و فضلا، کچھ تو سیاسی انقلابات کے سبب سے، اور کچھ رومی تاجدار، سیپیو ایمی لیانس کی قدردانی کا شہرہ سنکر، روم مین آنا شروع ہوئے، اور اپنے ساتھ علمی تحریکات کو بھی لائے۔ اب یہان بھی لوگون کے دماغ مین حرکت ہوئی، اور علمی و فلسفیانہ چرچے پھیلنے لگے۔ یونانی حکما، اپنے ہمراہ دو اخلاقی نظریات یعنے مذہب زینو (رواقیہ) اور مذہب اپیکورس (لذتیہ) لائے تھے لیکن لذتیت کے اصول چونکہ روم کی قومی سیرت کے بالکل منافی تھے، اس لیے اسے یہان زیادہ کامیابی حاصل نہین ہوئی، برخلاف اس کے رواقیت کی تعلیمات چونکہ اس کے بالکل مطابق تھین، اس لیے یہ مذہب یہان بہت جلد مقبول ہوگیا، بلکہ کچھ عرصہ مین اس کا اثر روم کے ہر شعبۂ زندگی پر پوری

طرح چھا گیا۔

(۴) رواقیت، بداہۃً ایک بالکل بیغرضانہ نظام اخلاق تھی، اُس کی تعلیم کا لب لباب یہ تھا، کہ ہمین عقل کی وساطت سے ایک خاص ناموس فطرت کا علم ہوتا ہی، اور اس کی ہدایات پر بے چون وچرا بلا توقع صلہ وخوف تعزیر، اور بغیر خیال منفعت وزیان، عمل کرتے رہنا ہی عین نیکی وسعادت ہی۔ جذبات وخواہشات کو دبانا، نفس انسانی کے شرف وعظمت کو بڑھانا، قوت ارادی کو تقویت دینا، معصیت کو نفس کی ایک مریضانہ حالت قرار دینا، اور موت کی جانب سے بیخوفی پیدا کرنا، یہ فلسفۂ رواقیت کے عنوانات جلی تھے۔

(۵) ظاہر ہی کہ ایسا نظام اخلاق، رومی سیرت قومی کے عین مطابق تھا، اسی واسطے یہ اس سرزمین مین خوب پھلا پھولا۔ یہ بھی علیٰ ہذا ظاہر ہی کہ اس نظام اخلاق نے جو زبردست قوت ارادی پیدا کردی تھی، اُس کے لحاظ سے افراد مین انقلاب حالات وتغیرات سوسائٹی کے مقاومت کی قابلیت بہت بڑھ گئی تھی، چنانچہ رومی رواقیت کی ساری تاریخ اُن کی اس خصوصیت کے اظہار کی شاہد عادل ہی۔ زمانہ مابعد مین اور دوسرے ممالک مین جب جب کسی قوم مین بداخلاقی کا سیلاب آیا ہی، تو علماء وفضلاء کبھی اس کی روک تھام نہ کرسکے، بلکہ ہمیشہ خود ہی اس دھارے کے رَو کے ساتھ بہتے چلے گئے۔ لیوڈہم (شاہ اٹلی)، ولوئیس پانزدہم (شاہ فرانس) کے عہد مین، جب تعیش واخلاق شکنی کا دور دورہ شروع ہوا، تو وعظین کے دہن پر مُہر سکوت لگ گئی۔ جو حکماء، بیشتر فضائل اخلاق پر دفتر کے دفتر تیار کردیتے تھے اب چند الفاظ پر بھی قادر نہ ہوسکے، اور ایسا معلوم ہوتا تھا کہ فرانس واٹلی کے مراکز تمدن مین ایک آواز بھی ایسی نہین، جو لوگون کو شاہ راہ اخلاق پر چلنے کی دعوت دے۔ یہ اصول ہر جگہ اور ہمیشہ قائم رہا ہی، لیکن رومی رواقیین، اس عام قاعدہ سے مستثنےٰ ہوئے ہین جس زمانے مین رومی شہنشاہی کی عیش پرستیون، سفاکیون، اور عام اخلاق شکنیون کا شباب تھا، اور مشاہیر رواقیین اکثر ارکان دربار مین سے تھے، مگر با این ہمہ انھون نے کبھی

اعلیٰ اصول کو ہاتھ سے نہ جانے دیا، ہمیشہ بلند سے بلند اخلاقی نصب العین کو اپنے سامنے رکھا، خود اس پر عمل کرتے رہے، اور دوسرون کو اس کی تلقین کرتے رہے۔ بڑے سے بڑے فتن اخلاقی کے دور مین بھی اُن کی کوشش یہی رہی، کہ اخلاق کے بزرگترین معیار پر استقامت کے ساتھ قائم رہین، اور دوسرون کو قائم رکھین۔ ان کے بہترسے بہتر خطبات کو اُٹھا کر دیکھیے، اسی موضوع پر تقریرین ہون گی۔ لیوی نے اپنا زور خطابت کس شے پر صرف کیا؟ فضائل اخلاق کی منقبت سرائی پر۔ ٹیکٹس نے اپنی قوت تقریر کا استعمال کس چیز پر کیا؟ رذایل اخلاق کی پستی و زبونی پر۔

فصل (۳)

رومہ کے اخلاق مین لینت و لطافت کی آمیزش

کسی نظام اخلاق کے لیے صرف اتنا ہی کافی نہین، کہ اس کے اندر معاصی سے باز رکھنے کی قوت موجود ہی، بلکہ اس کے لیے یہ بھی ضرور ہی کہ تمدن کی روز افزون ترقیون سے جو نئے نئے راستے پیدا ہوتے جاتے ہین، اُن کے مطابق وہ اپنے اصول و احکام کو بھی وسعت دیتا رہے۔ چنانچہ رواقیت کو بھی ایک بار یہ سخت آزمایش پیش آئی بعثت مسیح سے قبل رومہ مین جب سیاسی تغیرات کی مطابقت مین نئے نئے اخلاقی تخیلات پیدا ہونے لگے تو اس مسئلہ کو نہایت اہمیت حاصل ہوگئی، کہ رواقیت ان جدید حالات کا کہان تک ساتھ دے سکے گی؟ یہ جدید انقلاب حالات دو صورتون مین ظاہر ہوا۔ ایک یہ کہ رومی سیرت مین سختی و تشدد کی جگہ نرمی و لینت آگئی۔ جذبات ایثار و جانبازی کے بجاے جذبات ہمدردی و مروت زیادہ پیدا ہونے لگے۔ اور دوسرے یہ کہ فریقانہ تعصبات و گروہ بندی کا زور کم ہوگیا، اور لوگون مین رواداری بہت بڑھ گئی۔ اس انقلاب کے (جو بجاے خود رومہ مین اشاعت مسیحیت کا

پیش خیمہ ثابت ہوا، علل واسباب کو تفصیل سے بیان کرنے مین تو بہت طول ہوگا، تاہم اس کا اجمالی خاکہ صفحات ذیل کے مطالعہ سے ذہن نشین ہوسکتا ہے۔

اس انقلاب کی ابتدا اُس وقت سے ہوتی ہے، جبکہ یونان پر روم نے فتح پائی، فاتح و مفتوح ملے، اور اب حاکم و محکوم کے تمدنون مین کشاکش شروع ہوئی۔ اہل یونان، کہ سیاسی کے مناظر سے ناآشنا تھے، فن و ادب لطیف رکھتے تھے، اور جنگ جوئی کے ذوق شناس نہ تھے، اپنے فاتحین کے مقابلہ مین یقیناً زیادہ شایستہ و لطیف الاطوار تھے، اور اپنے عادات و خصائل مین ایک خاص نزاکت و لینت رکھتے تھے، جس کی جھلک اُن کے اعاظم رجال کی سیرتون مین بھی نظر آتی ہے۔ مثلاً مشہور جنرل پرقلس، جب حالت نزع مین تھا، تو اعزہ و احباب نے یہ سمجھکر کہ بیہوش ہے، اُس کی زندگی کے کارنامہائے عظیم کو ایک ایک کرکے بیان کرنا شروع کیا، اس پر اُس نے اپنی آنکھین کھول دین، اور رخصت ہوتی ہوئی قوت کو آخری بار مجتمع کرکے کہا، کہ "آپ لوگ میری حقیقی خدمت کو نظر انداز کر گئے، اور وہ یہ کہ میرے وطن مین آج تک کسی کو میرے سبب سے ماتمی لباس نہین پہننا پڑا"۔ اسی طرح ارسٹیڈس اپنی جلاوطنی کے بعد یہ دعا کیا کرتا تھا، کہ جن لوگون نے اُسے جلاوطن کیا ہے، وہ کبھی کسی ایسی مصیبت مین نہ پڑین کہ اُس کی سزا کو منسوخ کرنے پر مجبور ہون۔ یا پھر اسی طرح خوشین اپنے قتل ناحق پر، آخر وقت تک اپنی اولاد کو وصیت کرتا رہا، کہ کبھی اس کے انتقام کی کوشش نہ کرنا۔ ان اکابر رجال کا طرز عمل اس امر کی برہان قوی ہے، کہ یونانی سیرت مین نرمی، خلق و مروت کے کس قدر اجزا شامل تھے۔ اس کی تائید مزید ہوتی ہے یوریپڈیس کے ناٹکون سے، اور نیز اس تاریخی واقعہ سے، کہ ایتھنز مین جو معبد، سب سے زیادہ مقدس و محترم سمجھا جاتا تھا، اور جس مین کسی دیوتا کا بُت نہ تھا، وہ رحم کے نام سے معنون تھا۔

لیکن یونانیون مین رحم، مروت و انسانیت، گو شروع ہی سے موجود تھی، تاہم اُن مین اتنی وسیع رواداری نہ تھی، کہ غیر ملکیون کے ساتھ ویسا ہی برتاؤ کرسکین جیسا کہ اپنے

ہموطنون کے ساتھ کرتے تھے۔ اس حیثیت سے وہ اور رومی دونون ایک سطح پر تھے۔ ایک مرتبہ ان کے ایک مصنف فرینی کس نے اپنے افسانہ "فتح ملطس" مین یہ دکھایا تھا کہ وحشیون نے یونان پر فتح پائی، اور اس جرم مین اُسے جرمانہ کی سزا ملی۔ اس نظیر سے خایف ہوکر اس کے شاگرد عسقلبوس نے ایرانی تاجدار اراکین دربار کی زبان سے خود اپنے تئین وحشیون کا لقب دلاکر اپنے ڈراما کی خوبیون پر پانی پھیر دینا گوارا کیا، لیکن اتنی جرأت نہ ہوئی، کہ یونانیون کی اہانت کا کوئی پہلو نکلنے دیتا۔ اس زمانہ مین ایک سقراط البتہ ایسا ہوا تھا جس نے علانیہ کہا تھا، کہ میرا وطن یونان نہین، بلکہ ساری دنیا ہی، لیکن اس کے بعد ہی ارسطو اس حد تک پہونچ گیا تھا، کہ "یونانیون کے لیے غیر ملکیون کے ساتھ وہی برتاؤ واجب ہی، جو وہ حیوانات کے ساتھ کرتے ہین" یا اور ایک فلاسفر نے جب یہ کہا، کہ "میری ہمدردیون کا حلقہ صرف میرے ذاتی وطن تک محدود نہین، بلکہ سارے یونان پر محیط ہی" تو لوگ حیرت و استعجاب کے ساتھ اس کی طرف دیکھنے لگے تھے، یہ ملکی تعصبات سقراط کے زمانہ تک زور و شور سے قائم رہے، لیکن اس کے بعد یونان کی سیاسی و علمی زندگی مین جو انقلابات پیدا ہوے، انھون نے اس کوتاہ نظری کو زیادہ عرصہ تک قائم نہین رہنے دیا۔ اس کے اسباب عنوانات ذیل کے تحت مین رکھے جا سکتے ہین:۔ حکماے یونان کا مصری علم و فلسفہ سے استفادہ، پرہو، وانکسارکس، وغیرہ کی ہندوستانی فلسفہ کی خوشہ چینی اور اس کی مداحی، کلبیت دلذتیت کی اشاعت جن کے نزدیک حکیمانہ زندگی کو سیاسیات سے بالکل بے تعلق رہنا چاہیے، مختص القوم و مختص الملک مذاہب کی تدریجی شکست، تمدن و علم کی روز افزون ترقی، سکندر کی عالمگیر فتوحات، اس کی تمام مفتوح رعایا کی مساوات حقوق، اور اسکندریہ کی تجارتی و علمی مرکزیت، ان تمام اسباب کی مجموعی قوت نے یونانیون کی تنگ نظری دور کردی، اور انھین دوسری قومون کے ساتھ برتاؤ مین بہت زیادہ آزاد، روشن خیال، و روادار بنا دیا تھا۔

پس اب یونان کے اثر سے رومہ کے تعصب و تنگ خیالی مین جو کمی ہوئی، وہ دگنی قوت کے ساتھ ہوئی۔ یعنی ایک تو اس حیثیت سے کہ اُس کے تمدن پر ایک دوسرا تمدن غالب آگیا، اور وہ بھی ایسا تمدن، جو آزاد خیالی، بے تعصبی و رواداری کو اپنے جلو مین رکھتا تھا، اور جو مقامیت و قومیت کے قیود سے بڑی حد تک آزادی حاصل کر چکا تھا۔ دوسرے اس طرح پر بھی کہ یونانی اپنا گران قدر علم ادب صدہا سال سے رکھتے آئے تھے، دران حالے کہ رومہ، دورِ عسکریت مین تھا، جو ادب کا شائبہ تک نہین رکھتا تھا، بلکہ جسکی زبان تک ادائے مطلب، و خیالات عالیہ کی ترجمانی مین قاصر تھی۔ رومہ کی اس علمی پستی کا لازمی نتیجہ یہ تھا، کہ یونانی تمدن سے مغلوب ہو جائے، اور ہر شعبہ علم مین اُس سے مرعوب رہے، چنانچہ ہمین معلوم ہے کہ فے بیس پکٹر و کنکیس اینمنٹس، قدیم ترین رومی مورخین یونانی ہی زبان مین تصنیف و تالیف کرتے تھے، اور یہ دستور باوجود انیس و مارکس کیٹو کی لاطینی نظمون کے عرصہ دراز تک قایم رہا۔ اور اکیلی تصنیف و تالیف پر کیا موقوف ہے، اطوار و خصائل، طرز معاشرت، جذبات و احساسات، غرض ہر شعبہ حیات مین، یونانی تمدن، رومی تمدن پر غالب آگیا، رومی بلا تکلف یونانیون کی تقلید کرتے تھے اور اس تقلید پر فخر کرتے تھے۔ ڈیوڈورس دپالی بی اس رومی تھے، لیکن جب دنیا کی تاریخ پر لکھنے کے لیے قلم اُٹھایا، تو یونانی ہی کو اظہار خیال کا ذریعہ بنایا۔ رومی آثار قدیمہ کی جس نے سب سے پہلے چھان بین کی، وہ ڈایونی سی اس، ایک یونانی تھا۔ رومی شہر، یونانی دستکارون، یونانی کاریگرون اور عام یونانی پیشہ ورون سے لبریز تھے۔ نقاشی، مصوری، تعمیرات، ہر صیغہ مین یونان کی تقلید رائج تھی۔ اور ناٹک و تھیٹر مین تو رومیون نے تمامتر یونانیون کی شاگردی قبول کر لی۔ ان کے شعرا اینیس، کیسیلیس، پلاوٹس، ٹرنس، وفے ویس، وغیرہ سب نے یونان ہی کی شاعری کو اپنا نصب العین قرار دیا تھا، یہانتک کہ لکریشیس کے زمانہ مین عاشق جب اپنی معشوقہ کی توصیف مین راگ گاتا تو وہ بھی یونانی مین۔ اور اخلاقی حیثیت سے رومی اپنے

فضائل کو رواقیت سے منسوب کرتے، اور رذایل کا، لذتیت کی جانب انتساب کرتے۔ یونانی غلامون پر بیش قدر رقمین صرف کی جاتین۔ ہر یونانی مہر روم مین ہاتھون ہاتھ لیا جاتا، اور بہ حیثیت مجموعی روما نے یونانیون کی ایسی قدردانی کی، کہ گویا سارا یونان یہین کھینچ کر آبسا۔

یونانیون کا علمی و تمدنی اثر تو رومی تنگ خیالیون کو مٹا ہی رہا تھا، کہ خود اندرون ملک مین ایک اور سبب اس کا موید پیدا ہوگیا۔ روما مین عرصہ دراز سے امرا و عوام کے درمیان شدید مخالفت چلی آتی تھی، اور فرقہ بندی بڑھتے بڑھتے ذات پات کی سختیون تک پہونچ گئی تھی۔ اس باہمی مخالفت کا نتیجہ پہلے تو یہ ہوا، کہ جولیس سیزر کی حکومت قائم ہوئی، پھر اُس کے بعد جمہوریت ٹوٹ کر شہنشاہی کی بنیاد پڑی۔ ان چیزون کے اثر سے فرقہ بندی کی سختیان خود بخود ڈھیلی پڑ گئین۔ یہ ایک عام قاعدہ ہی، کہ خارجی جنگون کے وقت ملک کا اندرونی شیرازہ زیادہ مجتمع ہوجاتا ہی، لیکن خانہ جنگون کے زمانے مین تمام اندرونی شیرازہ درہم و برہم ہوجاتا ہی، پرانی فریقانہ بندشین ٹوٹ جاتی ہین، اور ہر طبقہ اُچک کر اپنے سے بلند تر طبقے مین شامل ہوجانا چاہتا ہی۔ اس کلیہ کے شواہد اس زمانے کے روم مین بھی ملتے ہین۔ ونٹیڈیس بالبس جو ابتداءً ایک خچر بان تھا، جولیس سیزر و انتونی کی سرپرستی سے فائدہ اُٹھا کر پہلے رومن فوج کا جنرل ہوا، اور پھر کانسل کے مرتبہ تک پہونچ گیا۔ اس کی دوسری مثال کارنیلیس بالبس مین ملتی ہی، یہ نسلاً اسپینی تھا، مگر یہ بھی ترقی کرتے کرتے کانسل ہوگیا۔ اغسطس، اگرچہ استبداد کا مبتلا تھا، مگر اپنے عہد فرمان روائی مین اُس نے تجرو کی روک تھام کے لیے یہ اجازت دیدی، کہ (بجز ارکان سنیٹ کے) تمام اہل شہر، آزاد شدہ لونڈیون سے شادی کر سکتے ہین۔ ان سب باتون سے قطع نظر کر کے شہنشاہی بذات خود اس کے منافی تھی، کہ فریقانہ امتیازات زیادہ عرصہ تک چل سکین۔ اُس کی بنیاد عوام کے رجحان و پسند پر تھی، اگر عوام مین ناراضی پھیل جاتی، تو شہنشاہی ایک دن نہین زندہ رہ سکتی تھی، اس لیے بادشاہون کا چاروناچار عوام کا دباؤ ماننا پڑتا، بلکہ ان کے اشارون پر چلنا پڑتا۔ امرا کی ایک بڑی تعداد تو شہنشاہی

حسد و غضب کا شکار ہو گئی، اور بہت سے عیاشی و اسراف مین تباہ ہو گئے۔ نتیجہ یہ ہوا کہ دولت و اقتدار اب دوسرے ہاتھون مین منتقل ہو گیا۔ سیاسی مخبری کرنے والے بادشاہون کے مُنھ لگے ہوتے تھے، اُن کے اشارون پر جائدادین ضبط ہوتی تھین اور ضبط ہو ہو کر خود اُنھین کو ملتی تھین۔ چنانچہ کیلیگولا کے عہد سے لیکر عرصہ دراز تک ان لوگون کو اس قدر قوت حاصل رہی، کہ ان کے سامنے امراء عظام کے نام ماند پڑ گئے، اور دولت، ثروت، قوت، اثر و اقتدار مین عوام کے ان نوخیز رئیسون کو وہ درجہ حاصل ہو گیا، جس کی طرف چند نسلین اُدھر امراء کا خیال بھی نہین جاتا تھا۔

اِن سب موثرات سے ہر ایک اس درجہ کی قوت رکھتا تھا، کہ بجائے خود تغیر حالت کے لیے کافی تھا، لیکن فہرست موثرات انھین عنوانات مین ختم نہین ہوئی۔ ابھی چند اور اہم موثرات کا ذکر باقی ہے، مثلاً:-

(۱) مستمرات کا قیام۔ اس کی بنا سب سے پہلے گریکی نے ڈالی، اور ناریون مین رومیون کی نوآبادی قائم کی۔ اس کا اثر رفتہ رفتہ یہ ہوا، کہ وہان کے اصلی باشندے بھی رعایا کے نمایندہ بن کر رومی سینٹ (پارلیمنٹ) مین شریک ہونے لگے۔

(۲) رومی افواج کا ممالک غیر مین قیام۔ شہنشاہی کے وسعت رقبہ نے یہ لازمی کر دیا تھا، کہ رومی سپاہ تعداد کثیر مین دور دراز مقبوضجات مین قیام کرے۔ کچھ روز کے بعد اس فوج مین غیر رومی بھی بھرتی ہونے لگے۔

(۳) رومہ کی مرکزیت۔ ہزارون اجنبی اشخاص مختلف ضرورتون سے روم مین آکر بس گئے تھے، یا کم از کم یہ کہ کثرت سے آتے جاتے رہتے تھے۔ کوئی طالب علمی کرنے آیا ہے، کوئی خرید و فروخت کی غرض سے، اور کوئی سیر و تفریح کے واسطے۔ اس شے نے روم کو ایک نمایشگاہ بنا دیا تھا، جس مین ہر خیال، ہر مذاق، ہر مرتبۂ علم، اور ہر معاشرت کے لوگ بہ کثرت مل سکتے تھے۔

(۴) وسائل سفر کی سہولت - رومیون نے سڑکین اس قدر وسیع، کشادہ وصاف بنوالی تھین، اور گھوڑون کی ڈاک کا اتنا اچھا انتظام کرلیا تھا، کہ سفر مین کوئی دقت ہی نہین رہی تھی - اُن کی وسیع سلطنت کے ایک حصے کا آدمی دوسرے حصے مین بلا تکلف پہونچ جاتا تھا -

(۵) بحری قوت - قرطاجنہ کے بیڑہ کو غرق کرنے کے بعد رومیون نے سمندر پر پورا تسلط جمالیا تھا - بحری قزاق جو پیشتر بہت پریشان کیا کرتے تھے، اُنھین معدوم کردیا تھا - تمام بندرگاہین محفوظ تھین، اور لوگ بڑے سے بڑا بحری سفر بے تکلف کیا کرتے تھے -

(۶) ثروت وتمول - مختلف اقوام سے میل جول بڑھانے کا ایک بڑا ذریعہ تمول بھی ثابت ہوا ہے - جب انسان کے پاس سفر کے لیے روپیہ وافر ہوتا ہے، تو خواہ مخواہ کسی نہ کسی حیلہ سے اُسے سفر کی ضرورت آپڑتی ہے، اور کسی غرض سے نہ سہی تو صحت ہی درست کرنے کے لیے - یا مثلاً رومیون کو اپنے سرکس وغیرہ مختلف حیوانی تماشون کے لیے جانورون کی ضرورت رہا کرتی تھی، اور اس غرض سے بھی وہ نہایت دور از مقامات کا سفر کرتے رہتے ہین، صحرا و بیابان مین ان کا گزر کیون ہوتا، مگر یہ ضرورت انھین وہان بھی لے جاتی -

(۷) شوق علم - وسعت نظر و جستجوے علم از خود انسان کے تعصبات کو کم کردیتی، اور اُسے اغیار سے خوشہ چینی پر مستعد کردیتی ہے - یونان و مصر کا فلسفہ رومیون کے لیے خاص کشش رکھنے لگا، اور علمی معاملات مین اپنے پرائے کفو وغیر کفو کا امتیاز مٹ گیا - لوسن، سنیکا، مارشل، کولومیلا، وکونٹی لین، اسپین کے رہنے والے تھے، اپولیوس، قرطاجنی تھا، فلورس و فیورنس قوم گال سے تھے - مگر ان اجنبیون سے زیادہ کس نے رومی فلسفہ و شاعری مین شہرت حاصل کی ہے؟

ان مختلف عوامل کے پہلو بہ پہلو ایک اور انقلاب بھی جاری تھا - یہ انقلاب غلامون کی

حالت مین تھا۔ ایک زمانہ وہ تھا، کہ آقا و غلام ایک جنس کے افراد معلوم ہی نہین ہوتے تھے اور یہ گمان ہوتا تھا کہ دونون کے درمیان مرتبہ و وجاہت کا فرق نہین، بلکہ بہ لحاظ ساخت کوئی نوعی فرق ہی۔ لیکن جب روم مین اندرونی خانہ جنگیان برپا ہوئین، تو اکثر غلامون نے اپنے آقاؤن کی رفاقت مین انتہائی وفاداری کا ثبوت دیا، اور اس سے اُن کے دل مین ان کی جگہ خاص طور پر پیدا ہوگئی۔ اسی زمانے مین یونان سے بہت سے علمی حیثیت کے غلام روم مین داخل ہوئے، جن کے فیض صحبت سے یہان کے غلامون مین بھی علمی ولولے پیدا ہوئے۔ اب یہان کے غلامون مین بھی تین چار اشخاص کا مصنفین اجل مین شمار ہونے لگا، متعدد نقاشون کی صف مین داخل ہوئے، اور بہتون نے طب مین خاص امتیاز حاصل کیا۔ پھر سب سے بڑھ کر وہ غیر معمولی اثر و اقتدار جو آزاد شدہ غلامون نے حاصل کیا تھا، وہ ان کے رفقاء قدیم کے حق مین مفید ثابت ہوا۔ ایک طرف تو یہ سب کچھ تھا دوسری طرف روز افزون رومی فتوحات سے لاتعداد اسیران جنگ روم مین داخل ہوتے تھے، اور قانون کے بہ موجب غلامی مین داخل کر لئے جاتے تھے۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ غلامون کو نہایت کثرت سے آزادی ملنے لگی، بلکہ کثیر التعداد غلامون کو آزاد کرنے کی ہوا چل گئی ان غلامون کو آزادی حاصل کیونکر ہوتی تھی؟ اس کی مختلف صورتین تھین۔ کچھ غلام تو اپنے جیب خرچ مین سے کچھ جمع کرتے رہتے یہانتک کہ ایک معتدبہ رقم جمع ہوجاتی اور اُسے دیکر آزادی خرید لیتے، اور کچھ یہ کرتے کہ آزادی حاصل کرتے وقت ایک اقرار نامہ اس امر کا لکھ دیتے، کہ کچھ مدت کے بعد وہ ایک رقم معینہ اپنی محنت سے کما کر ادا کردین گے پھر مختلف آقا جس نیت سے غلامون کو آزاد کرتے، اس کی بھی مختلف صورتین تھین۔ بعض اس خوف سے انھین آزاد کر دیتے، کہ کہین پولیس کے جور و تشدد سے وہ خود اُن آقاؤن کے جرائم کا راز نہ افشا کر دین، بعض اُن کی گزشتہ خدمات و خیر خواہیون کے صلہ مین انھین آزادی دیتے، اور بعض ایسے بھی ہوتے، جو محض اظہار شان کے خاطر

انھین آزاد کرتے، یعنی اس توقع پر کہ ان کے جنازہ کے ساتھ ان کے آزاد کردہ غلامون کی ایک غیر معمولی بھیڑ ساتھ ہو۔ یہ خیال رکھنا چاہیے کہ آزاد شدہ غلام پوری طرح پر آزاد نہین ہوجاتے تھے، بلکہ ہمیشہ وہ، اور ان کی اولاد، قدیم آقا کی سرپرستی مین رہا کرتی تھی، جس کا جنگ وغیرہ کے مواقع پر ساتھ دینا اُن کا فرض تھا۔ پوری آزادی کہین تیسری پشت مین جاکر حاصل ہوتی تھی۔ پس غلامون کو آزاد کرنے مین آقاؤن کا کوئی نقصان نہ تھا، بلکہ ایک طرح کا فائدہ ہی تھا چنانچہ اپنی زندگی مین تو متفرق طور پر افراد کو آزادی دیا کرتے تھے، لیکن موت کے وقت اپنے سامنے، یا بذریعہ وصیت نامہ کے صدہا غلامون کو آزاد کرجاتے تھے۔ رفتہ رفتہ اس کا رواج اتنا بڑھا، کہ حکومت کو روک تھام کرنا پڑی، چنانچہ اغسطس نے یہ قانون نافذ کردیا، کہ کوئی شخص وصیۃً سو غلامون سے زیادہ نہین آزاد کرسکتا ہے۔ اسی زمانے مین کسی نے یہ تجویز بھی کی کہ غلامون کو ایک مخصوص وضع کی وردی پہننا چاہیے، لیکن اس تجویز کو اس بنا پر رد کردینا پڑا، کہ اُس سے خود غلامون کو اُن کی کثرت تعداد و قوت کا علم ہوجائے گا، جس سے ممکن ہے کہ انھین کسی بغاوت یا شورش کی تحریک ہو۔ اب روم کا یہ حال تھا، کہ اس کی آزاد آبادی کا جزو اغلب یا تو خود آزاد شدہ غلام تھے، یا غلامون کی اولاد تھے۔ مونٹسکیو نے کیا لطف بات کہی ہے کہ "روما مین دنیا کی آبادی غلام ہوکر داخل ہوتی تھی، اور آزاد ہوکر نکلتی تھی"۔

تصریحات بالا سے ظاہر ہوا ہوگا، کہ جمہوریت کے زمانے سے شہنشاہی کے زمانے مین کس قدر انقلابات ہوگئے تھے۔ کہان وہ زمانہ تھا، کہ تمام اعلیٰ عہدہ خاص طبقۂ امرا کے لیے محدود تھے، تعیش کی خفیف سی خفیف صورت پر محتسب کی طرف سے دار و گیر و باز پرس ہوتی تھی، اہل خطابت محض اس جرم پر جلا وطن کردیے گئے تھے کہ کہین اُن کی تقریرون کے اثر سے اہل ملک مین اجنبی قومون کے اطوار و خیالات نہ سرایت کرجائین اور روم سے مستقر حکومت کو تبدیل کرنے کی تجویز محض اس بنا پر

مسترد کردی جاتی تھی، کہ اس سے قومی دیوتاؤن کے بتون کو وہان سے ہٹانا لازم آئے گا، اور کہان اب یہ زمانہ آگیا۔ کہان وہ انتہائی تنگ خیالی، قدامت پرستی وجمود اور کہان یہ جدت پسندی، روشن خیالی، آزاد مشربی، اور دوسرون کے اطوار وافکار اخذ کرنے کا شوق!

یہ جو عام مشارکت ومساوات کی تحریک پھیل گئی تھی، اس کا بیشتر حصہ یقیناً طبعی حالات کا نتیجہ، اور انسانی ارادہ کے دخل وتصرف سے برتر تھا۔ لیکن اس مین شک نہین کہ اس تحریک کی رفتار کو ایک متعین پالیسی نے اور تیز کردیا تھا۔ جمہوریت کی پالیسی فتح وتسخیر کی پالیسی تھی، لیکن شہنشاہی کی پالیسی بقا وتحفظ کی تھی۔ اُس زمانے مین ان کی توجہ تمام تر جنگ کرکے دوسری قومون کو مغلوب کرنے مین مصروف تھی لیکن اب جبکہ ان کے حدود مملکت نہایت وسیع ہوگئے تھے، تو انھین لازمی طور پر یہ فکر پیدا ہوئی، کہ ایسی مختلف ومتعدد قومون پر، جن کی نہ زبان مشترک ہی نہ مذہب، نہ رسم ورواج، اور نہ عقاید وخیالات، کیونکر خوش اسلوبی سے حکومت کی جاسکتی ہی۔ یہ مسئلہ ہمارے معاصر فاتح اقوام کے سامنے بھی پیش ہی، لیکن انھون نے تو اس کا حل، مختص المقام حکومتون کے ذریعہ سے کرلیا ہی، یعنی اس طرح پر کہ مفتوحون کو اس کی اجازت دیدی ہی، کہ وہ اپنی اپنی ضروریات وحالات کے مطابق خود قانون بنائین، اور انھین حکومت خود اختیاری مین حصہ دیدیا، اور حقیقت یہ ہی کہ اس سے بہتر وموزون تر حل اس مسئلہ کا ہو ہی نہین سکتا۔ لیکن یہ تمامتر انگریزی دماغ وتدبر کا نتیجہ ہی۔ رومن اس سے ناواقف تھے۔ انھون نے اس کا یہ طریقہ اختیار کیا، کہ پہلے مفتوحون کے ساتھ پوری رواداری کا برتاؤ کیا۔ اُن کو اس امر کی آزادی کامل دیدی، کہ اپنے رسم ورواج طور وطریقہ، ومعتقدات مذہبی پر قائم رہین۔ اس کے بعد انھین امور سلطنت مین رفتہ رفتہ پوری طرح پر دخیل کرنا شروع کردیا، یہان تک کہ کسی بڑے سے بڑے

ملکی عہدہ کا دروازہ مفتوح اقوام پر بند نہ تھا، اور انھین وہ حقوق پورے کے پورے حاصل تھے، جو خود اہل روما کو حاصل تھے۔ بے شبہہ اتنی وسعت کہین مدتون مین جاکر حاصل ہوئی، لیکن حاصل ہوئی سہی، اور اس کا سب سے بڑا عملی ثبوت اُس وقت ملا، جب ایک اسپینی نسل کا شخص ٹریجن اور اس کے بعد ایک آزاد شدہ غلام کا لڑکا پرٹینکس خود تخت شاہی پر متمکن ہوا۔ حاکم و محکوم کے درمیان مساوات و عدم تفریق کی اس سے بڑھ کر کیا نظیر ہو سکتی ہے؟ شہنشاہ کریکلا کے ایک فرمان نے خاص رومی شہریت کے حقوق مین دور دست صوبجات باشندون کو بھی برابر کا شریک کر دیا۔

ان واقعات سے یہ ثابت ہوتا ہے، کہ پینٹیس و قسطنطین کے عہد کے درمیان ایک عام میل ملاپ، رواداری، مساوات و مشارکت باہمی کی جو ہوا چلی تھی، اس کی نظیر بلحاظ وسعت و قوت صفحات تاریخ مین کہین نہین ملتی۔ اس کا جلوہ مذہبی، علمی، فلسفی، جنگی، سیاسی، کاروباری، خانگی غرض ہر زندگی مین نظر آتا تھا، اور کوئی شے ایسی نہین باقی رہگئی تھی، جو اس سے غیر متاثر ہو۔ قدیم تعینات ایک ایک کر کے ٹوٹ چکے تھے، قدیم نظامات باطل ہو چکے تھے، اور رومی قومیت کا جو شیرازہ مدتون سے بندھا چلا آرہا تھا وہ اب بالکل درہم و برہم ہو گیا تھا۔ مختصر الفاظ مین یون کہنا چاہیے، کہ جس اخلاقی نسخہ کو ہم نے روما کی قومی سیرت سے تعبیر کیا تھا، اب اس کی بالکل کایا پلٹ ہو گئی تھی، اور عادات و خصایل، آداب و اطوار، مزاج و طبیعت، غرض اُن تمام چیزون کی جنھین رومی سیرت کے عناصر ترکیبی قرار دیا سکتا تھا، بالکل ہی قلب ماہیت تھی۔ اس انقلاب سیرت کا اخلاقی نتیجہ، اس مین شبہ نہین، کہ متعدد حیثیات سے سخت مضر نکلا، چنانچہ کنسٹو و ٹیکیٹس وغیرہ نے انھین مضرتون کے خیال سے اس کی روک تھام بھی کرنا چاہی، لیکن اس سے بھی انکار نہین ہو سکتا، کہ رذایل اخلاق مین افزایش کے ساتھ فضائل اخلاق مین بھی اضافہ ہو گیا، اور رومی نیکیون نے ایک دوسرے رنگ و قالب مین ظاہر ہونا شروع کیا۔ پہلے یہ نیکیان

عسکریت و طمینت کے رنگ مین رنگی ہوتی تھین لیکن اب خیالات و ہمدردیون مین وسعت آجانے سے وہی نیکیان، عام رواداری و وسیع المشربی کے قالب مین ڈھل کر نکلنے لگین۔

اخلاقی انقلاب کے اس جزو پر رواقیت لبیک کہنے کو فوراً آمادہ ہوگئی۔ وہ تو اس کے لیے ابتدا سے تیار تھی۔ اُس نے گو ہر ملک مین وطینت کو تقویت دی، تاہم روز اول سے اُس نے اخوت انسانی کو اپنے اصول و تعلیمات کا سنگ بنیاد رکھا تھا۔ اس کی تعلیم یہ تھی، کہ دنیا مین قدر و احترام کے لایق شے صرف نیکی و نیک کاری ہے، اور اس کے سوا تمام اوصاف ناقابل لحاظ ہین، دولت، عزت، شرافت، حکومت، سب اتفاقی و عارضی چیزین ہین، جو شے بہ منزلہ بنیاد کار و جوہر کے ہے، وہ نیک کرداری ہے۔ اُس کی تعلیم کو حرف بحرف صحت کے ساتھ سعدی نے نظم کردیا ہے کہ

بنی آدم اعضاے یک دیگراند — کہ در آفرینش زیک جوہراند

اس بنا پر کسی شخص کو ایک دوسرے پر امتیاز و تفوق کا حق حاصل نہین، بجز اس کے کہ اس کی بنا سیرت کی خوبیون پر ہو۔ بہ قول رواقیین، خدا کے نزدیک وہی بزرگ ہے، جو بہ لحاظ پاکیزگی اخلاق بزرگ ہو۔ اس خیال کو انھون نے بار بار اپنی تصانیف مین ظاہر کیا ہے۔ سب سے پہلے اور پُرزور طریقے پر اس کی مثال ہمین سنیکا کی تحریرون مین ملتی ہے، جسکے جستہ جستہ اقتباسات حسب ذیل ہین:-

"تمام کائنات کو مثل ایک شہر واحد کے سمجھنا چاہیے جس مین انسان و دیوتا بستے ہین..... آدمی صرف اس غرض سے پیدا کیا گیا ہے کہ آدمی کے کام آئے... فطرت کا حکم یہ ہے کہ ہر انسان کو دوسرے انسان کا بہی خواہ ہونا چاہیے، خواہ وہ اُس سے کیسا ہی اجنبی ہو، اس بنا پر کہ وہ بھی انسان ہے..... یہ کہنا کہ انسان کو صرف اپنے شہر کے فرائض ادا کرنا چاہیے،

اور دنیا کے تمام شہرون سے غافل رہنا چاہیے، نوع انسانی کی عالمگیر
اخوت کی توہین کرنا ہی۔... فطرت نے ہمین محبت انسانی پر مجبول کیا ہی
اور اسی پر درحقیقت سارے آئین و قانون کی بنیاد ہی،،

سسرو تو خیر، السابقون الاولون مین تھا۔ لیکن اس کے بعد متاخرین واقعیین نے بھی اس عقیدہ کا اسی بلکہ اس سے زیادہ قوت کے ساتھ اعادہ کیا ہی۔ مینانڈر کے ایک شعر کا یہ مضمون، کہ ،، کوئی انسانی شی میری دلچسپیون کے دائرہ سے خارج نہین،، ان کے حلقہ مین نہایت مقبول ہوا۔ ان کا شاعر لوسن ذوق و شوق کے ساتھ کہا کرتا تھا کہ وہ دن کب آئے گا، جب نوع انسان اسلحہ کا استعمال فراموش کردے گی اور ہر قوم دوسری قوم کے ساتھ رشتۂ الفت و مواخاۃ جوڑے گی۔ سنیکا کے خیالات ان اقتباسات سے ظاہر ہون گے:۔

،، یہ تمام دنیا، مع اپنے مشمولات کے، ایک شی واحد ہی، ہم سب گویا ایک جسم کے مختلف اعضا ہین۔ فطرت نے ہم سب کو ایک ہی مادہ سے اور ایک ہی مقصد کے لیے خلق کیا ہی۔ اس نے ہماری سرشت کو باہمی لطف و اتحاد سے خمیر کیا ہی۔... یہ کہنا کہ فلان رومی سردار ہی، فلان آزاد شدہ غلام ہی، فلان غلام ہی، کیا معنی رکھتا ہی بجز اس کے کہ ہماری حرص یا حسد نے ان امتیازات کو گڑھ لیا ہی۔... میرا عقیدہ تو یہ ہی کہ میرا وطن تمام عالم ہی، اور مین دیوتاؤن کی سرپرستی مین ہون،،

اپکٹیٹس کے الفاظ یہ ہین:۔

،، یہ خیال رکھو کہ تم دنیا کے باشندہ اور اس کا ایک جزو ہو... پس تمھین کوئی حق نہین، کہ تم اپنے ،، کل،، سے علیحدہ ہو کر اپنی ذات و شخصیت کے بابت کچھ فکر کرو۔ بعینہ اس طرح کہ جیسے انسان کے اعضا، اس کے جسم سے

علیحدہ ہوکر کوئی مستقل وجود نہین رکھتے، تمھارا بھی دنیا سے علیحدہ کوئی وجود نہین"

مارکس آرلیس کا قول تھا، کہ "بہ حیثیت انٹونی کی نسل سے ہونے کے میرا وطن روم ہی، لیکن بہ حیثیت انسان کے ساری دنیا" الغرض جہان تک اخلاق کے اس حصہ کا تعلق ہی، رواقیت نے اپنے تئین زمانہ کے بالکل موافق ثابت کردیا، بلکہ سچ تو یہ ہی، کہ جس خوبصورتی کے ساتھ یہ عقیدۂ اخوت انسانی رواقیت کے سانچہ مین ڈھل گیا، اُس سے بہتر مثال مقتضیات عصریہ کے مطابقت کی ہو ہی نہین سکتی۔ فلاطون نے یہ کہا تھا کہ کوئی شخص اکیلی اپنی ذات کے لیے نہین پیدا ہوا ہی، بلکہ اپنے والدین، اپنے احباب، اور اپنے وطن سب پر کم وبیش اپنا حق رکھتا ہی۔ رومی رواقیین نے اب اسے اور وسعت دے کر یہ کہا، کہ کوئی شخص اکیلی اپنی ذات کے لیے نہین پیدا ہوا ہی، بلکہ ساری دنیا پر اپنا حق رکھتا ہی، اور یہ وسیع المشربی کی تعلیم، اُن کے ابتدائی اصول کی عین مطابقت مین تھی۔

لیکن جیسا کہ چند صفحہ اُدھر کہہ آئے ہین، انقلاب جدید کا محض یہی تقاضا نہ تھا کہ اخوت انسانی کے دایرہ کو عالمگیر کیا جائے، بلکہ اس کا ایک پہلو یہ بھی تھا، کہ تمدن کی روز افزون ترقی کے ساتھ افراد کے مزاج مین بجاے خشکی وتعبس کے زندہ دلی ولطافت پیدا ہو، بجاے خشونت اور کھُردرے پن کے ملنساری وخوش خلقی آئے۔ اور عسکریت کی جگہ شہریت لیلے۔ لیکن رواقیت اس معیار پر پوری نہ اُتر سکی۔ انقلاب تمدن کی مشق اول کا اُس نے پُرجوش خیر مقدم کیا تھا، لیکن اس جدید تغیر کے مطابق وہ اپنے تئین نہ ڈھال سکی۔ مدت کی خشک مزاجی جذبات کشی اور دنیا سے بے تعلقی نے متبعین رواقیت کو اس قابل ہی نہین رکھا تھا، کہ اصول رواقیت پر قائم رہ کر وہ اپنے جذبات کو بھی زندہ رکھ سکین۔ اس کشمکش کا نتیجہ ایک نئے مذہب مصنفین کی

شکل مین ظاہر ہوا۔ یہ لوگ بھی مثل واقیین کے بجاے راحت کے نیکی کو غایت الاعمال سمجھتے تھے، اور نیکی کو ضبط خواہشات کا مرادف قرار دیتے تھے، تاہم انھون نے انسان کے جذبات لطیف کو زیادہ مطلق العنان کر دیا تھا۔ الٰہیات کے مسائل مین یہ لوگ باہم مختلف العقاید تھے، مثلاً کوئی اپنے تئین مشائی کہتا تھا، کوئی اشراقی اور کوئی کچھ اور، تاہم اتنا ٹکڑا ان سب مین مشترک تھا، کہ ان کے نیکی کے تخیل مین بہ نسبت روایتی تخیل کے انسان کے نازک احساسات لطیف جذبات کا زیادہ لحاظ رکھا گیا تھا۔ اب لوگ سمجھنے لگے تھے کہ ارادے کا استحکام اور ضبط خواہشات ہی زبدہ الفضائل نہین، بلکہ لطف و محبت، درد و گداز بھی کچھ معنی رکھتے ہین۔ ان مصنفین کی تحریرون سے صاف ٹپکتا ہے کہ یہ دردمند دل رکھتے تھے، اور درد سے متاثر ہوتے تھے۔ اس کی ایک واضح نظیر ہمین پلینی کے اس خط مین ملتی ہے جو اس نے اپنے غلامون کی وفات پر لکھا تھا، اور جو ہمہ تن سوز و گداز درد و تاثیر کے رنگ مین ڈوبا ہوا ہے۔ یا پھر پلوٹارک کا وہ تعزیت نامہ بھی قابل ملاحظہ ہے جو اس نے اپنی لڑکی کے انتقال پر اپنی بیوی کو بھیجا تھا۔ حضرت بایین ادعا، واقیت اپنی بیوی کو تلقین صبر کرتے کرتے اور اس واقعہ کو بالکل معمولی سمجھنے کی ہدایت کرتے کرتے دفعۃً اپنی لڑکی کی اس خصوصیت کو یاد کر کے بے اختیار ہو جاتے ہین کہ "آہ وہ کیسی محبت شعار تھی۔ وہ یہ تک نہین چاہتی تھی کہ وہ خود آسودہ ہو، اور اس کی گڑیا بھوکی رہے۔ اپنی دایہ سے بار بار فرمایش کرتی تھی کہ گڑیا کو بھی دودھ پلائے"

فصل (۴)

اخلاقیین قلیطیقی کا دور[1]

پلوٹارک کو دنیا صرف اس حیثیت سے جانتی ہے کہ وہ بہت بڑا سوانح نویس تھا،

[1] اقلیطیقی معرب ہے انگریزی لفظ ethic کا جو یونانی الاصل ہے، اور جسکے لفظی معنے انتخاب کرنے والے کے ہین (بقیہ بر صفحہ ۱۹۹)

حالانکہ اسی کے ساتھ وہ ایک بلند پایہ حکیم اخلاق بھی ہوا ہی، بلکہ یہ کہنا چاہیے، کہ فلسفۂ اخلاق کا اب یہ جو جدید مذہب پیدا ہوا ہی اس کا علم بردار اول وہی تھا، بالکل اسی طرح کہ جیسے رواقیت قدیم کا پیمبر سنیکا ہوا تھا۔ اس بنا پر اخلاقیات جدید کی ماہیت تشخیص کرتے ہوئے بہتر ہوگا، اگر ہم خود پلوٹارک وسنیکا کے خیالات کا موازنہ کرتے جائین۔ سنیکا کی تحریرین اُٹھاکر دیکھیے تو ان مین صاف تصنع، تکلف، وآورد کا رنگ نظر آئے گا، اور یہ علانیہ نظر آئے گا، کہ کوئی واعظ یا خطیب اپنے کلام مین قصداً تاثیر پیدا کرنے کی سعی کر رہا ہی۔ پھر عبارت مین تسلسل بھی نہین۔ اکثر ایک فقرہ دوسرے فقرے سے بالکل غیر مربوط معلوم ہوتا ہی۔ اینٹ پر اینٹ، بغیر چونے مٹی کی آمیزش کے رکھتے چلے جائیے، بس اس سے جو نتیجہ پیدا ہوگا، وہی کیفیت اس کی تحریر کی ہی۔ باایں ہمہ اس مین شبہ نہین ہوسکتا، کہ جو عظمت اس کے خیالات سے ٹپکتی ہی یا جو رفعت اس کی طرز ادا سے ظاہر ہوتی ہی، اس کی نظیر کسی اور حکیم اخلاق کے یہان نہین مل سکتی۔ اس کے مقابلہ مین، پلوٹارک کی اوراق گردانی کیجیے، تو خیالات مین تو یہان نسبتہً بہت پستی نظر آئے گی، لیکن ہر فقرہ دوسرے فقرے سے نظم وربط رکھتا ہوگا، اور تسلسل عبارت بہ حیثیت مجموعی لطیف ہوگا۔ ہر بات مین آمد وبیساختگی پائی جائے گی۔ مبالغہ، غلو، وتصنع کا نام تک نہ ہوگا۔ روزمرہ کے چھوٹے چھوٹے واقعات سے، جنھین تم بیش پا افتادہ سمجھ کر چھوڑ دیتے ہو، اہم نتائج نکالے گئے ہون گے، اور عبرتناک بصیرتین حاصل کی گئی ہون گی۔ سنیکا کی تحریر مین ایک طرح کا مردانہ اکھڑپن پایا جاتا ہی، جس سے کوئی مصیبت زدہ تسلی نہین حاصل کرسکتا، البتہ جو سیرتین پہلے سے مضبوط ومستقل ہوتین اُن مین اس سے

(بقیہ از صفحہ ۱۹۸) اصطلاحاً اس سے مراد وہ حکما و اخلاق ہین، جو ہر مذہب اخلاق سے مفید باتین انتخاب کر لیتے تھے۔

اور استقامت آجاتی ہی۔ مثلاً ایک شجاع سپاہی میدان جنگ مین کھڑا ہو، تو سنیکا کی تقریر اُسے اس پر بالکل آمادہ کردے گی کہ غایت پامردی استقامت کے ساتھ جان دیدے۔ لیکن فرض کرو کہ ایک عورت کا جوان بیٹا مرگیا ہی، تو اس دکھیاری ماں کے لیے سنیکا کا سارا دفتر بیکار ہی، اس کو اگر کچھ ڈھارس اور تسلی ہوسکتی ہی تو صرف پلوٹارک کے صفحات سے۔ اس کے یہان کھُرّا پن نہین ہوتا، بلکہ ایک طرح کی نسوانی لطافت ہوتی ہی، اور اس کے ساتھ درد وگداز، اس اختلاف کو موسیقی کے ضلع مین لائے، تو یون کہہ سکتے ہین، کہ پلوٹارک کو پڑھتے وقت گویا شہنائی کے سننے کا لطف آتا ہی، جس کی سُریلی نغمہ سرائیان طبیعت کے ہیجان کو تسکین دیتی ہین، بخلاف اس کے سنیکا کے الفاظ گویا فوجی بگل یا قرنا کا اثر رکھتے ہین، جن سے دبے دبائے جذبات فاضلہ ہیجان مین آجاتے ہین۔

سنیکا نے اپنے مکاتیب مین رواقیت کے جن مسائل سے بحث کی ہی، مثلاً تمام معاصی کا مساوی الرتبہ ہونا، یا تمام جذبات کا قابل ترک ہونا، وہ تو مدت ہوئی متروک ہوچکے ہین، اور اب اُن مکاتیب کی حیثیت صرف ایک تبرک کی رہ گئی ہی، البتہ ان تحریرون کا عام انداز و لہجہ ضرور اہم و قابل لحاظ ہی، کیونکہ اب صرف انھین اوراق کے اندر رواقیت کے اُس اخلاقی سانچہ کا عکس محفوظ ہی، جسکا کوئی اثر زمانۂ مابعد کی تحریرون مین نہین ملتا۔ برخلاف اس کے پلوٹارک کا جو انداز تحریر ہی، اُس کا چربہ بعد کو اس کثرت سے اُتارا گیا، اور اُسے اتنی ترقی دی گئی، کہ ان ترقی یافتہ صورتون کے سامنے خود پلوٹارک کا انداز تحریر ماند پڑگیا ہان جو شے پلوٹارک کے یہان اہمیت رکھتی ہی، وہ اس کا فلسفہ اور اس کے مسائل اخلاق ہین۔ "ربوبیت" و "ضعیف الاعتقادی" پر اُس نے جو تصانیف چھوڑی ہین، وہ درحقیقت لاجواب ہین، اور غالباً وہی پہلا شخص تھا، جس نے حیوانات کے ساتھ حسن سلوک کی تعلیم دی۔ نہ اس

فیثاغورسانہ خیال سے کہ وہ پہلے جنم مین انسان تھے، بلکہ اس بنا پر کہ تمام مخلوق ہماری ہمدردی کی مستحق ہی اور پھر عفت و عصمت اور محبت زوجی کا جتنا قدرشناس وہ تھا، اس کے لحاظ سے بھی اُسے اپنے معاصرین مین ایک درجۂ امتیاز حاصل ہی۔

رومیون کو اخلاقیات کے نظری منطقی پہلو کے بہ نسبت اُس کے عملی پہلو سے ہمیشہ زیادہ دلچسپی و توجہ رہی ہی۔ چنانچہ رواقیت کی طرف جو انھین خاص کشش تھی، تو وہ اس بنا پر نہین، کہ وہ ایک معقول و مستدل نظام عقلی تھا، بلکہ اس لیے کہ اُس نے ان کے لیے عملی زندگی کا ایک سانچہ مہیّا کردیا تھا، اور سانچہ بھی ایسا جو رومی سیرت کے لیے خاص طور پر موزون تھا۔ مگر زمانے کے اثر سے کون شی بچ سکتی ہی؟ شدت و سختی تو رواقیت کی گھٹی مین پڑی تھی، جس کی بنا پر وہ کسی اعلیٰ تمدن کے مطابق ہو ہی نہین سکتی تھی، تاہم اُس نے بھی اب اپنے تئین بہت کچھ زمانے کے مطابق ڈھال لیا تھا، اور متاخرین رواقیہ نے تو بہت کچھ غیرون کے عقاید کو اپنا کرلیا تھا، چنانچہ اورتو اور خود سنیکا تک خالص و بے آمیز رواقی نہین رہا تھا، اپیکٹیٹس مین بے شبہ اس سے زیادہ رواقیت خالص کے عناصر موجود تھے، لیکن اس کی وجہ یہ ہی کہ ذاتی طور پر اُسے ابتداء عمر مین جن شدائد و صعوبات کا خوگر ہونا پڑا تھا، اُس نے اُسے ضبط و تحمل کا زیادہ قدرشناس بنا دیا تھا۔ مارکس آریلیس کے گرد و پیش مختلف مذاہب اخلاق کے متبعین کا مجمع رہتا تھا اور اس لیے اُس کی رواقیت مین بہت کچھ اشراقیت کی آمیزش ہوگئی تھی۔ زمانہ سب سے اپنی قوت منوالیتا ہی اور رواقیت بھی اگرچہ بجاے خود بہت قوی تھی، تاہم اُسے بھی زمانے کی قوت تسلیم کرنا پڑی۔ متاخرین مین تہریسیا کا وہی پایہ ہوا ہی، جو قدما مین کیٹو کا تھا، تاہم تہریسیا مین کہین اُس شدت و غلو کا پتہ تک نہ تھا، جس سے کیٹو کا خمیر تھا۔

رواقیت کی جدید شکل دو باتون مین خاص طور سے اپنے پیشرو سے ممتاز تھی
اولاً، اس حیثیت سے، کہ اس مین مذہبیت زیادہ سرایت کرگئی تھی، رومی سیرت
مین یون تو دیگر اعلیٰ سیرتون کی طرح ہمیشہ سے جذبۂ تقدس موجود تھا، تاہم اس لحاظ سے
بھی یہ عیسائیت سے بالکل متمایز تھی اس کا اصل زور عبادت پر نہین بلکہ پاکیزگی اخلاق و تزکیۂ نفس پر تھا
اور تزکیۂ نفس بھی ایسا جس کا جلوہ اعاظم رجال مین نظر آتا رہا ہے۔ لوسن نے ایک مرتبہ
علانیہ یہ خیال نظم کردیا، کہ "خدا فاتحون کا ساتھ دیتا ہے، اور میر امدوح کیٹو مفتوحون
کا" یا ایک جگہ سینیکا "دیوتاؤن کی معیت" ذکر کرتا ہے، مگر ان ملحدانہ خیالات پر کسی کے کان
تک نہ کھڑے ہوئے۔ اور وہ اقتباسات تو ہم کسی گزشتہ فصل مین دے ہی چکے ہین،
جن مین ایک حکیم اخلاق اور خدا کے مساوی الرتبہ ہونے کا بے پردہ دعویٰ کیا گیا ہے۔
غرض قدما کے یہان جناب باری کی شان مین اس طرح کے گستاخانہ و اہانت آمیز
کلمہ بے تکلف استعمال ہوتے تھے، البتہ نیکی و فضیلت اخلاق کا حد درجہ احترام
ہوتا تھا، اور خصوصاً کیٹو کے ہم مزاج اشخاص نے فضائل اخلاق کی خاطر، حالات مخالف
کے مقابلہ مین جس قدر جد وجہد کی ہے، اس کا جواب تو تاریخ عالم کے پردہ مین کہین نہین
ملتا۔ نیکی کو یہ لوگ عین منشاء تقدیر الٰہی خیال کرتے تھے اس طرح پر کہ عقیدۂ وحدت وجود
کے مطابق ہر نیکی، اسی ذات واجب الوجود کا ایک مظہر ہے۔ لیکن رفتہ رفتہ یہ سب
خیالات بدل گئے۔ وحدت وجود کی جگہ اب ایک مشخص خدا نے لے لی، اور غیر مذہبی
نیکی کے بجائے مذہبیت کا کھلے کھلے لفظون مین اعتراف کیا جانے لگا۔ چنانچہ
اپکٹیٹس و مارکس آریلیس کے ہر صفحہ مین اس کے شواہد ملتے ہین۔ اپکٹیٹس کے
یہ مقتبس فقرے پڑھنے کے قابل ہین:-

"سب سے پہلے جاننے کی چیز یہ ہے کہ ایک رب کا وجود ہے، جس کا
علم تمام کائنات کو محیط ہے، اور جو نہ صرف ہمارے اعمال سے بلکہ

ہمارے اندر دنی جذبات و تصورات تک سے خبردار رہتا ہے۔۔۔ جو شخص نیکی کی راہ چلنا چاہتا ہے، اسے لازم ہے کہ خود اوصاف باری کا اتباع کرے۔ جس طرح خدا صادق ہے وہ بھی صداقت اختیار کرے، جس طرح خدا آزاد ہے، وہ بھی آزادی حاصل کرے، جس طرح خدا نیک ہے، وہ بھی نیکی کرے، اور جس طرح خدا فیاض ہے، وہ بھی فیاضی برتے۔"

"خدا ہمارا خالق، مربی، و محافظ ہے۔ کیا یہ ہمیں بند دہشت و قید غم سے آزاد رکھنے کے لیے کافی نہیں؟"

"جب تم کمرہ بند کر کے اُس کی تاریکی میں تنہا ہوتے ہو، تو یہ نہ سمجھو کہ تم تنہا ہو۔ خدا اور تمھارا فرشتہ تمھارے ساتھ ہیں، انھیں اس کی حاجت نہیں ہوتی کہ کسی مادی روشنی کے ذریعہ سے تمھیں دیکھیں۔ مجھ ضعیف و ناقص العضو بندہ کا سوا اس کے اور کیا کام ہے کہ حمد باری کے راگ گاؤں؟ اگر میں کوئی پرندہ ہوتا، تو اس کے فرایض ادا کرتا، لیکن اب جبکہ حیوان ناطق ہوں، تو بجز اس کے میرا کیا فرض ہو سکتا ہے، کہ حمد باری میں رطب اللسان رہوں، یہ میرا فرض ہے، میں اس پر قائم رہوں گا، اور آپ سے استدعا ہے کہ آپ بھی میرے ہمزبان ہو کر اُسی کی تقدیس کا راگ گائیں۔"

مارکس اریلیس کے یہاں مذہبیت کا غلو، اس سے بھی زیادہ زور و شور سے ظاہر ہوتا ہے۔ البتہ اس میں اور ایکٹیٹس میں فرق یہ ہے، کہ وہاں نفس انسانی کی عظمت پر زور دیا گیا ہے، اور یہاں جذبات انکسار و تواضع پر۔ ایکٹیٹس بار بار یہ کہتا ہے کہ انسان ایک پُر عظمت و باوقعت مخلوق ہے، جسے کسی وقت اپنے مرتبہ شرف کو نہ بھولنا چاہیے۔ بہ خلاف اس کے مارکس آریلیس ہر جگہ انسان کے ضعیف البنیان پر زور دیتا ہے

اور اس کی تحریر تمام تر انسان کو انکسار و فروتنی کی یاد دلاتی رہتی ہے۔ یہ سچ ہے کہ وہ ان مسیحی راہبوں کی سطح تک نہیں پہونچا تھا، جو شدید مبالغہ آمیز انکسار سے کام لیکر اپنے لیے ایسے ناملائم الفاظ استعمال کرتے ہیں، جو شاید ایک قاتل یا زانی کی نسبت بھی باعث توہین ہوں تاہم وہ اپنے کردار پر خود نہایت بیدردی سے نکتہ چینی کرتا رہتا تھا، دوسرے معلمین اخلاق سے اپنا احتساب کراتا رہتا تھا اور جذبہ ترفع کے خفیف سے خفیف شائبہ کو بھی دبائے رکھتا تھا۔

تو واقعیت جدید کی ایک خصوصیت اُس کی مذہبیت تھی، دوسری یہ تھی کہ بجائے خارجی عناصر کے اب داخلی عناصر کی زیادہ آمیزش ہوگئی، یعنی کیٹو سسرو کے زمانے تک نیکی و بدی کا تعلق عمل سے تھا، لیکن متاخرین کے یہاں اس کا دائرۂ خیال و فکر تک وسیع ہوگیا۔ بعض اہل الرائے اس طرف گئے ہیں کہ یہ تغیر نتیجہ تھا مسیحیت کے اثرات کا، لیکن میرے نزدیک یہ خیال، واقعیت کے بالکل برعکس ہے، کیونکہ واقعات سے ثابت ہوتا ہے کہ یونانی اس خیال سے ناآشنا نہ تھے۔ فلاطون و زینو کی اپنے تلامذہ پر یہ تاکید تھی، کہ اپنے خوابوں کو یاد کرکے اُن پر غور و فکر کیا کرو، کہ اس سے تم پر اپنے باطن کی اصلی کیفیت آئینہ ہوگی۔ فیثاغورس کا اپنے اتباع کے لیے یہ حکم تھا، کہ سوتے وقت وہ دن بھر کے اپنے تمام افعال کا خود محاسبہ کیا کریں۔ چنانچہ روم میں زوال جمہوریت سے پیشتر ہی یہ فیثاغورسی اصول رائج ہوگیا تھا، سسرو ہوریس اس سے واقف تھے، بلکہ سیکیٹس (استاد سینیکا) اس پر عامل تھا، اور خود سینیکا کا بیان ہے کہ اُس نے اس کی تعلیم سیکیٹس سے حاصل کی تھی۔ ان سب پر مستزاد یہ ہوا کہ فلسفہ فیثاغورث کے جلو میں ایشیائی مذاہب تھے، چنانچہ روم میں اس کے داخلہ کے ساتھ یہ بھی داخل ہوئے، اور اب چونکہ جمہوریت کے بجائے شہنشاہی قائم ہوجانے سے لوگوں کی توجہ سیاسی مشاغل کی جانب سے از خود ہٹ گئی تھی، اس لیے اس کا

لازمی نتیجہ یہ نکلا، کہ سیرت انسانی کے ان داخلی و نفسی اجزا کی حیثیت زیادہ اُجاگر ہوگئی خود سنیکا کے مکاتیب کیا ہین؟ گویا مختلف امراض اخلاقی کا علاج ہین۔ پلوٹارک کا رسالہ "علامات ترقی اخلاقی" جذبات کی اصلاح و تہذیب کا ایک دستور العمل ہے۔ رفتہ رفتہ یہ فقرۂ موعظت عام طور پر زبانون پر چڑھ گیا، کہ اعضا کی ظاہری پابندی نہین، بلکہ دل کا خضوع و خشوع مخ عبادت ہے، اور احتساب نفس انسان کے لیے بزرگترین فرائض مین سے ہے۔ اپکٹیٹس کی یہ نصیحت تھی، کہ اپنے خیال و تصور کو بدی سے اس قدر پاک رکھو، کہ کسی حسین عورت کو دیکھ کر تمھارے ذہن تک مین یہ تصور نہ پیدا ہو، کہ "اس کا شوہر کیسا خوش نصیب ہے"۔ اور مارکس آریلیس کے مقالات تو تمامتر اسی سبق کا اعادہ ہین، کہ انسان کو اپنے تئین محاسبۂ نفس کا خوگر کرنا چاہیے اور بدی و بدکاری کے تصور تک سے اپنے ذہن کو آلودہ نہ ہونے دینا چاہیے۔

پلوٹارک کا قول ہے، کہ جن سیرتون مین پہلے ہی درشتی و بے آمیزی ہوتی ہے انھین تو رواقیت کبھی کبھی نقصان پہونچا دیتی ہے، لیکن جن مین قدرۃً لینت شگفتگی و مروت ہوتی ہے، اُن پر اُس کا نہایت مفید اثر پڑتا ہے، اسی مقولہ کی بہترین تصدیق مارکس آریلیس کی زندگی و تصانیف سے ہوتی ہے، جو اپنی ذات سے رواقیت کا اعلیٰ ترین عملی نمونہ تھا، یہ شخص قدرۃً بہت سیدھا سادھا، بھولا، وفاسرشت، اور معصوم صفت تھا، جو گو زبردست دماغ یا قوت ارادی کا بڑا حصہ دار نہ تھا، مگر غور و فکر، خلوت نشینی، و دوستداری کا پُتلا تھا، اس دل و دماغ کے ساتھ اسے شاہانہ شان و تجمل سے طبعًا نفرت تھی، اور فلسفہ کی جانب طبعی التفات تھا، اس نے زینو کے مذہب کو اختیار کیا، اور حق یہ ہے کہ عملی زندگی مین اسے برت کر اسے حد کمال تک پہونچا دیا۔ انیس سال کی مدت فرمانروائی بہت ہوتی ہے، اور پھر حکمرانی بھی ایسے ملک پر کرنا، جسکے اخلاق جی بھر کر بگڑے ہوئے اور جہان شہوت پرستی کا بازار رات دن گرم رہتا تھا۔ ایسی حالت مین یہ اسی جوانمرد کا

کام تھا، کہ اس نے اپنے حسن عمل سے نہ صرف بڑے سے بڑے نکتہ چینون کی زبان بند کردی، بلکہ اس کی رعایا نے اسے انسانیت کے مرتبہ سے نکال کر الوہیت کے درجہ پر اسے ممتاز رکھا۔ ظاہری اخلاق بہتون کے اچھے ہوئے ہین لیکن اندرونی زندگی شاید دنیا کے چند ہی لوگون کی اس سے زیادہ بے لوث و بے داغ گزری ہو۔ اس کی کتاب "خیالات" مذہبی لٹریچر کی بہترین کتب مین سے ہے۔ یہ "خیالات" اس کے متفرق افکار کا مجموعہ ہین، جو بغیر کسی انشا پردازانہ ربط کو ملحوظ رکھے ہوئے یک جا کر دیے گئے ہین، جو عموماً نہایت عجلت کے ساتھ فوجی دورہ کے زمانے مین قلمبند کیے گئے ہین، اور جو صاف اس حقیقت کا اظہار کر رہے ہین کہ اس کے اصلی خلوص کو کسی نقاب کی حاجت نہین۔ اس زمانے کی تمام دنیاے متمدن اسی کے زیر نگین تھی، اتنی بڑی مملکت کا فرمان روا ے غیر مسئول ہو کر یہ اسی کی ہمت تھی کہ اس نے تھریسیا ویلوپیڈیس، کیٹو و برونس، جیسے تماثیل اخلاق کو اپنا مطمح نظر بنائے رکھا کسی موقع پر سرشتۂ اخلاق کو اپنے ہاتھ سے نہ جانے دیا، اور ہر موقع پر اپنے اور اپنی رعایا کے حقوق برابر سمجھے۔ اس کی ساری زندگی مسلسل مشاغل مین گزری۔ بارہ برس تک فوج کے ساتھ یہ مملکت کے دور دست صوبون مین پڑا رہا لیکن اخلاقیات کے جزئیات تک کو کبھی فوت نہ ہونے دیا۔ زاہد خلوت نشین شاید اس معیار پر پورا اتر سکے، لیکن جہانبانی کے ساتھ اس کا نباہ، مارکس آریلیس ہی کا کام تھا۔ دو مشہور خطیبون کو مناظرہ سے اس بنا پر روک دیتا کہ کہین اس سے ان کے باہمی لطف و دوستی مین فرق آجائے، ہنگری کے پڑاؤ مین ہر چھوٹے سے چھوٹے حقدار کو اس کا حق دیتا، یہانتک کہ اپنے بچپن کے ایک گمنام و غیر معروف معلم تک کو نظر انداز نہ کرتا، اپنے کردار مین ترفع و تفوق، تکلف و تصنع، کی خفیف سے خفیف جھلک نہ رہنے دیتا اور گندہ خیالات کو اپنے ذہن و تصور تک مین نہ آنے دیتا، یہ واقعات بجاے خود بھی

خفیف نہین لیکن جب یہ خیال کیا جاتا ہی، کہ ان کا صدور اُس ہستی سے ہوتا تھا جس کے زیر نگین کرۂ ارض کا تمام متمدن ٹکڑا تھا، اور جسے قدم قدم پر بشمار مصالح کو ملحوظ رکھنا ہوتا تھا تو ان کی اہمیت فوق الحد ہو جاتی ہی، پھر لاکھ وصفون کا ایک وصف یہ کتنا بڑا موجود تھا، کہ اس کی رفاہ جوئی مین جہالت وتحکم کا کہین شائبہ تک نہ تھا۔ دنیا مین بعض اور بھی ایسے خود مختار وذی استبداد تاجدار گزرے ہین، جو اپنی رعایا کے ساتھ انتہائی نیکی کرنا چاہتے تھے، لیکن ان کا طرز عمل ہمیشہ تعصب وتحکم عدم مسالمت کی تصویر رہا ہی، ان کی نیت گو خالص رہی ہی، لیکن جو وسایط ووسائل انھون نے استعمال کیے، اُن سے تاریخ کے صفحات خون سے رنگ گئے ہین۔ فلپ ثانی وملکہ لیسابیلا سے بڑھ کر نیک نیت وخالص بہی خواہ خلق اور کون ہوا ہی، لیکن کیا نیرو وڈومٹین سے اُن کی خون آشامیون کا نمبر کچھ بھی کم رہا ہی؟ لیکن تحمل مجسم مارکس اریلیس کا طرز عمل اس کلیہ مین مستثنیٰ ہوا ہی۔ خود کہتا ہی، کہ "اس کی کبھی نہ توقع رکھو، کہ فلاطون نے جمہوریت کامل کا جو خواب دیکھا ہی، اس کی تعبیر پوری طرح پر نکل سکے گی۔ بس اسی کو غنیمت سمجھو، کہ تمھاری کوششون سے نوع انسان کی حالت کچھ بہتر ہو جائے۔ لوگون کے دل ودماغ پر قابو پانا تمھارے بس کی بات نہین، اور جب تک یہ نہ ہو لے تمھاری زبردستی وجبر کا نتیجہ سوا اس کے کیا ہو سکتا ہی، کہ منافقون اور بادل ناخواستہ کام کرنے والے غلامون کی ایک جماعت پیدا ہو جائے، اور بس۔" اس نے اپنی عہد حکومت مین متعدد قوانین اصلاحی نافذ کیے، سیانی کے تماشون کی تعداد بہت گھٹا دی، سینٹ کی جو جمہوریت کی آخری یادگار رہ گئی تھی، ہمیشہ قدر وتعظیم کی، اشاعت علم واخلاق کی غرض سے متعدد درسگاہون مین فلسفہ کے پروفیسر مقرر کیے، اور بجاے اس کے کہ تعزیری قوانین کو کام مین لاتا، ہمیشہ اپنے اور اپنے دربار کے طرز عمل سے لوگون مین آہستہ آہستہ یہ اثر پھیلاتا رہا، کہ اسراف مذموم

اور سادگی اعتدال و اقتصاد، قابل اختیار ہی۔ اپنی رعایا کی بدچلنی کا اسے مدۃ العمر ایک پُرایذا احساس رہا، لیکن حلم و تحمل کو اُس نے کسی موقع پر نہ چھوڑا، بلکہ واقعیت کے اس اصول سے فائدہ اٹھاکر وہ یونانیون کی طرح ہمیشہ اپنی طبیعت کو سمجھاتا رہا کہ ارتکاب معاصی کا اصل باعث ناواقفیت ہوتا ہی، اور یہ لوگ جو بدچلنیون مین متلا ہین، بیچارے ان کے نتائج سے بے خبر و ناواقف ہین، پس بجاے اِن پر غضبناک ہونے یا ان سے نفرت کرنے کے ہمین ان کے ساتھ ہمدردی کرنا چاہیے۔ اس بارے مین اس کے مقالات کے جستہ جستہ فقرہ یہ ہین:-

"انسان کا مقصود آفرینش یہ ہی کہ اپنے ابناے جنس کے ساتھ ہمدردی کرے، اور ان کی اصلاح کرتا رہے"

"اگر کوئی شخص برائی کرتا ہی، تو اپنی فطرت اصلی کے خلاف اور اپنی ناواقفیت کے سبب سے کرتا ہی"

"ہو سکے، تو اپنے بھائیون کی اصلاح کرو، اور اگر ممکن نہ ہو، تو یاد رکھو کہ تم مین حلم کا مادہ اسی واسطے ودیعت کیا گیا ہی، کہ دوسرون کے معائب پر صبر و تحمل سے کام لو"

"کوئی طبیب اگر کسی مریض کی حالت پر اظہار غضب و حیرت کرتا ہی تو یہ خود اس کے لیے شرم کی بات ہی"

"خدائے حی و قیوم کو دیکھو، کہ وہ روز ازل سے بدچلنیون اور بدافعالیون کے مناظر کو کس سکون و تحمل سے دیکھ رہا ہی، تو اے بنی آدم، جس کی مدت عمر صرف گنتی کے چند سال ہی، کیا تجھ مین اتنا بھی صبر نہین، کہ تو اتنے دن بھی اِن پر تحمل کر سکے"

"کوئی شخص اپنے قصد و ارادہ سے جادۂ اخلاق سے نہین ہٹتا،

اس نکتہ کو ہمیشہ یاد رکھو، اور اس سے تم مین خود بخود تحمل و مسالمت قائم رہے گی۔"

"انسان پر واجب ہی کہ جو لوگ اس کے ساتھ بُرائی کرتے ہین، وہ ان کے ساتھ محبت کرتا رہے۔ کیونکہ تمام انسان ایک دوسرے کے عزیز ہین، اور ارتکاب معاصی کی محرک صرف ناواقفیت ولاعلمی ہوتی ہی، اور پھر غیظ و غضب اس قدر مختصر و چند روزہ زندگی مین!"

لیکن اس سے ناظرین کو یہ نہ قیاس کرنا چاہیے، کہ مارکس آریلیس کا اخلاق رومی اخلاق نہ تھا۔ بے شبہ اس کی سیرت یونان کی لینت و خوش خلقی سے بہت کچھ متاثر ہوئی تھی، تاہم اس کی بنیاد رومی ہی سیرت پر تھی۔ اس کی تصانیف مین، ربّ علا کی تحمید و تمجید تو بہت کچھ ہی، تاہم اس مین اُس گہرے مذہبی تذلل کا کہین پتہ نہین، جو عبرانی اخلاق کا جوہر مخصوص تھا، اور جس کی بنا پر یہودی مصنفین اس قدر تسخیر قلوب کی قوت رکھتے ہین۔ نیکی کا حسن طبعی، اس کی دلفریبی و دلکشی، جس پر یونانی اس قدر زور دیتے تھے، اور جسے بعد کو پلوٹنس نے روم مین بھی پھیلا دیا تھا، اس کا مارکس آریلیس کے یہان کہین وجود نہین، بلکہ نیکی اُس کے نزدیک فرض شناسی کے مرادف ہی، اور نیک کرداری کا محرک اُس کے یہان یہ احساس ہی کہ ہمین اس فرض حیات کو پورا کرنا چاہیے۔ اس کے علاوہ وہ اور کسی محرک کا قائل نہین، یا اگر ہی بھی تو برائے نام، وجود باری پر اُس کا نہایت مستحکم عقیدہ تھا، لیکن پابندی اخلاق مین اُس نے کبھی اس کی آڑ نہین پکڑی، بلکہ اِس کو اُس سے برتر ہی سمجھتا رہا۔ حیات اُخروی کے بارہ مین بھی وہ متردد ہی رہا۔ اور شہرت بعد مرگ کے خیال کو تو اُس نے ہمیشہ دبائے رکھا۔ اس کے ہم مشرب مصنفین عموماً موت کو خاتم الاحزان سے تعبیر کرتے تھے،

لیکن وہ ہمیشہ اس کی جانب اس حیثیت سے اشارہ کرتا رہا کہ اس سے دنیوی لذات و مسرات کی بے ثباتی کا سبق ہاتھ آئے، غرض یہ کہ اُس کے تخیل اخلاق مین کسی صلہ، نفع، لذت یا مسرت کی خفیف سی خفیف بھی آمیزش نہ تھی، اور وہ یہ علانیہ کہا کرتا تھا، کہ "دنیا مین حقیقی شے صرف یہ ہے کہ انسان غایت صداقت، عدل و دیانت داری کے ساتھ عمر بسر کرے، اور بد دیانتی و بد اخلاقی پر حلم و تحمل سے کام لیتا رہے"

اپنے جذبات و اندرونی قوی پر مارکس آرلیس کو جس قدر قوت حاصل تھی اس کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے، کہ اس کے بشرہ سے کبھی یاس و امید کے کوئی آثار نہین ظاہر ہونے پائے لیکن ہمارے سامنے کہ اس کی باطنی زندگی کے اوراق کھلے ہوئے ہین، ہمین اُس کے اس ضبط پر مطلق حیرت نہ کرنا چاہیے، ہمین یہ معلوم ہے کہ اُس پر ہمیشہ ایک طرح کی اُداسی چھائی رہتی تھی، اور آخر عمر مین تو اُسے طرح طرح کے صدمات اُٹھانے پڑے تھے۔ اُس کی عزیز و محبوب بیوی نے اُس کے سامنے جان دی، اُس کے لڑکے نے ابتدا ہی سے وہ بد اطواریان ظاہر کرنا شروع کر دی تھین، جنھون نے آگے چل کر اُس کا شمار، دنیا کے بدترین تاجدارون کی فہرست مین کرایا۔ وہ حکما، فلاسفہ جنھون نے بچپن سے اس کی رفاقت و اتالیقی کی تھی، ایک ایک کر کے اُس کی نظرون کے سامنے اُٹھ گئے، اور کوئی اُن کا جانشین نہین پیدا ہوا۔ ایشیائی وہم پرستیون کے مقابلہ مین رواقیت نے اس کے سامنے ہی شکست کھانا شروع کر دی تھی ایک شدید وبا نے، جس کے جلو مین اور بھی متعدد آفات تھے، اُس کے زمانے مین پھیل کر سارے ملک کو تہ و بالا کر دیا تھا۔ لوگون کے اخلاق اس درجہ بگڑ گئے تھے کہ کوئی سعی اصلاح کامیاب نہین ہو سکتی تھی سلطنت کا رد زافزون ضعف وہ

اپنی آنکھون سے تماشا کر رہا تھا، اور اسے صاف نظر آ رہا تھا، کہ عنقریب سرحدی وحشیون کو اس پر غلبہ حاصل ہو جانے والا ہی۔ ان وحشتناک حالات و مصائب کے درمیان وہ خود ایک مہلک مرض مین علیل ہوا، جس کی تکالیف شدید کو اُس نے اپنے معمولی جرأت و استقلال کے ساتھ برداشت کیا، اور نزع کے وقت اپنے لڑکے، ملازمین، وغیرہ کو اپنے پاس سے ہٹا کر اپنی حسب خواہش تنِ تنہا جان دی۔

یہ تھی مختصر سرگذشت اُس ہستی کی، جو رواقیت کے دور آخر کی بہترین تصویر تھی، اور جس سے بڑھ کر پاکیزگی اخلاق کا کوئی نمونہ عصرت پرستی مین نہین ملتا۔ اس کی ذات جس طرح رواقیت کے جملہ فضائل و محاسن کی جامع تھی، اُسی طرح اُس کے معایب، مثلاً تعبس، خشک مزاجی، یا ضعیف الاعتقادی سے خالی تھی۔ فرض شناسی، اور محض فرض شناسی، اس کے لیے دلیل راہ تھی۔ اب انسان کی حیات جذبی کے جن فضائل کو رواقیت نے مدتون دبائے رکھا تھا، وہ از سر نو پیدا ہو گئے تھے، اور اخلاق مین لینت، نرمی اور تری کو جگہ ملنے لگی تھی۔

لیکن جبکہ رواقیت کے فلسفہ پر نئے نئے عوامل و موثرات کام کر رہے تھے، عملی زندگی مین رومیون کے اخلاق اُس قدر بگڑ چکے تھے، کہ کوئی فلسفۂ اخلاق ان کی اصلاح نہین کر سکتا تھا۔ اس اخلاقی انحطاط کی، جس کی نظیرین تاریخ مین بہت کم ملین گی، اہمیت کو اکثر اہل قلم نے لکھا ہی، اور مبالغہ کے ساتھ لکھا ہی لیکن اس کے اسباب سے ابتک کسی نے تعرض نہین کیا ہی۔ حالانکہ ظاہر ہی کہ اس واقعہ کے لیے زبردست اسباب ضرور موجود ہون گے، کیونکہ یہ تو کسی کے سمجھ مین آنی والی بات نہین، کہ ایک قوم جو جمہوریت کے زمانے مین اعلیٰ اخلاق رکھتی تھی،

خود بخود و بلا سبب، شہنشاہی کے زمانے مین ..... پستی و انحطاط کے غار مین گر پڑے۔ فصل آیندہ انھین اسباب سے بحث کریگی۔

فصل (۵)

اخلاقی انحطاط کے اسباب

یہ ہم پیشتر کہہ آئے ہین، کہ رومیون کا اصل جوہر عسکریت و وطینت تھا، جسے خود قومی حالات و ملکی خصوصیات نے پیدا کیا تھا، اور جس کی تشکیل مین ایک حد تک مذہب بھی معین تھا۔ خانگی، جنگی، و محتسبانہ ڈسپلن (تمرین) نے عام افلاس اور کاشتکارانہ مشاغل سے متحد ہوکر لوگون کو بالکل سادہ و غیر تکلفانہ زندگی کا خوگر کردیا تھا۔ اُدھر سیاسی آزادی نے عزت و نام حاصل کرنے کا دائرہ بھی بہت وسیع کر رکھا تھا۔ امرا تک، کہ وہ ملک کے اعلیٰ ترین طبقے سے عبارت تھے، کشمکش حیات سے مجبور ہوکر پبلک کامون مین مشغول رہا کرتے تھے۔ گرد و نواح کی اطالوی سلطنتون (اور آخر زمانے مین قرطاجنہ) سے مدت سے رقابت چلی آتی تھی، اس نے اور بھی رومیون کو ہر وقت مستعد و خبردار رہنے پر مجبور کردیا تھا۔ پھر مدارس مین تعلیم جو دیجاتی تھی، وہ بھی اس انداز سے ہوتی تھی، کہ اس سے وطینت کا جوش قائم رہے، اور اسلاف کے کارنامون سے اخلاف کے خون مین حرارت باقی رہے۔ سب سے آخر مین مذہب کا جو اثر پڑا، وہ یہ تھا، کہ اس نے حلف کا احترام قائم کیا، مفید عواید خانگی کی بنا ڈالی، دلون مین ایک رب اعظم کا اعتقاد راسخ کیا، غرض یہ کہ ہر طرح پر رومی سیرت کو درست و مستحکم ہی کیا۔

ان سب موثرات کی مجموعی طاقت سے روم کی قومی سیرت کی تشکیل ہوئی،

لیکن ان تمام عوامل کا اثر، ترقی تمدن کے ساتھ خود ڈھیلا پڑنے لگا۔ مذہب کی قوت کو توشکیک و ارتیاب کی اشاعت، اور غیر ملکی ضعیف الاعتقادیون کے ہجوم نے ضعیف کردیا۔ رہی معاشرت کی سادگی، جسے قوانین مروجہ و محکمۂ احتساب کے وجود کا بڑا سہارا تھا، تو اُسے ملک بابل کے تعیش و اسراف نے بیدخل کردیا۔ امراء کا طبقہ بھی رفتہ رفتہ ٹوٹ گیا، اور وطینت کا جوش و غلو، ایک لق و دق سلطنت کے ہجوم السنۂ ہجوم ملل و ادیان، اور ہجوم رسوم کے تصادم باہمی سے فنا ہوگیا۔

یہان تک تو کوئی نئی اور غیر معمولی بات نہ تھی۔ قومون کے خصایص بدلتے ہی رہتے ہین۔ لیکن عام قاعدہ یہ ہے کہ جب کسی قوم سے ایک خاص صنف کے فضائل اخلاق رخصت ہوجاتے ہین، تو ان کی جگہ کسی دوسری صنف کے فضائل لے لیتے ہین۔ مثلاً جب تمدن کو وسعت ہونے لگتی ہے، تو افراد مین میل جول الہنساری وحسن معاشرت کے اوصاف نمایان ہوجاتے ہین، علمی چرچون اور تجارتی کاروبار کے موزون و متناسب جذبات اخلاقی کو ترقی ہوجاتی ہے، سیاسی مشاغل کا حلقہ وسیع ہوجاتا ہے، اور مساوات حقوق کے پیدا کردہ جذبات زیادہ قوت حاصل کرلیتے ہین۔ مگر روم اس عام کلیہ سے مستثنیٰ تھا۔ اس مین یہ نہین ہوا، کہ اخلاق کی ایک صنف کی جگہ دوسری صنف لیلے، بلکہ سرے سے اخلاقی انحطاط شروع ہوگیا۔ اور اس کے تین خاص سبب ہوئے۔ اولاً شہنشاہیت کا وجود، دوسرے رسم غلامی، اور تیسرے سیّانی کا دستور۔ ان عوامل ثلثہ مین سے ہر ایک نے لوگون کے اخلاق پر نہایت گہرا، اور حد درجہ مخرب، اثر ڈالا، اس موضوع پر تفصیل سے بحث کرنے کے لیے تو ایک علیحدہ مستقل تصنیف کی ضرورت ہوگی، البتہ اسکا ایک اجمالی خاکہ صفحات ذیل مین کھینچا جاسکتا ہے۔

(۱) پہلا مسئلہ:۔ شہنشاہی کا اثر اخلاق پر۔ رومن شہنشاہی نے جمہوریت کے

نظام کو باضابطہ طور پر تمام تر برطرف نہیں کر دیا تھا، بلکہ قالب وہی رکھ کر اُس کی روح نکال لی تھی۔ طرز حکومت اب خود مختارانہ تھا، لیکن وہی نیابت کے اصول کو آڑ بنائے ہوئے۔ عہدہ اب بھی تقریباً تمام وہی تھے، جو جمہوریت کے زمانے مین تھے، لیکن صرف ایک جسد بے جان کی حیثیت رکھتے تھے سینٹ اب بھی اصولاً سب سے اعلیٰ حکمران جماعت کا نام تھا، لیکن اب اس کی موت و زندگی کا فیصلہ شہنشاہ کے ایک جنبش ابرو پر تھا، اور شہنشاہ بھی کیسا، بالکل غیر مسئول۔ مخبر و جاسوس جن کا فرض جمہوریت کے آخر زمانے مین یہ تھا کہ سلطنت کے خلاف سازش کرنے والون کی مخبری کرین۔ اب اغسطس کے زمانے سے اُن کا کام یہ رہ گیا تھا، کہ شہنشاہ کی ذات کے خلاف سازش کرنے والون کی مخبری کرین۔ سلاطین اور خصوصاً ٹائبرس نے جو انھین منھ لگایا، تو ان کی تعداد مین روز افزون اضافہ ہونے لگا، یہان تک کہ رفتہ رفتہ ہر معزز و خوشحال شخص اپنی عزت و آبرو کے ڈر سے ان کا دباؤ ماننے لگا۔ امرا کا زور آہستہ آہستہ ٹوٹ گیا۔ اور غربا کو خوش کرنے کا طریقہ اب یہ نہین رہا، کہ اُنھین سیاسی حقوق عطا کیے جائین، یا اُن کی مستقل مرفہ الحالی کا کوئی انتظام کیا جاے، بلکہ یہ رہ گیا کہ انھین غلہ تقسیم کر دیا جائے، یا یہ کہ اُن کی تفریح طبع وضیافت ذوق کے لیے کھیل تماشون کا انتظام کر دیا جائے۔ سلاطین نے زمانے کا رنگ دیکھ کر اپنا اثر جمانے اور بڑھانے کے لیے یہ تدبیر اختیار کی، کہ اپنے معبودانہ اوصاف کا اشتہار و اعلان کرنا شروع کر دیا۔

یہ آخر الذکر عقیدہ، اہل سیاست ہی کے دماغ کا پیدا وار نہ تھا، بلکہ لوگون کا ذہن از خود اس کے ماننے کے لیے مستعد تھا، اور یہ استعداد مدت سے چلی آتی تھی۔ رومہ قدیم مین متعدد اشخاص، صفات الٰہانہ سے متصف سمجھے جاتے تھے، اور یونانیان شہر کی پرستش تو اہل شہر علی العموم کیا کرتے تھے۔ اس لیے اکثر حکمرانون مین شان کبریائی کا

وجود لوگ از خود ماننے لگتے تھے۔ اس سے یہ تو ہوتا نہ تھا، کہ تعلیم یافتہ نفوس حکمرانون پر نکتہ چینی بند کردین، یا یہ کہ اُن کی جان کے خلاف سازشین نہ ہوتی ہون۔ البتہ یہ ضرور ہوتا تھا، کہ عوام مین حکمرانون کو نائب خدا، خلیفۃ اللہ، وظل سبحانی ماننے کا عقیدہ از خود شائع ہوجاتا تھا، اور اس کے متعلق طرح طرح کے معجزات وخوارق عادت مشہور ہوجایا کرتے تھے۔ مثلاً ایک اغسطس کو لیجیے، اس کی بابت کتنی داستانین مشہور تھین کوئی یہ کہتا کہ ایک مدت ہوئی کسی کاہن نے یہ حکم لگا دیا تھا کہ اس کے وطن سے ایک شہنشاہ عالم پیدا ہوگا۔ اور کوئی یہ بیان کرتا، کہ اس کی شیر خوارگی کے زمانے مین کوئی غیبی ہاتھ اسے گہوارہ سے اُٹھائے گیا، اور ایک بلند بیتارہ پر لے جاکر رکھ دیا، جہان لوگون نے اسے اس حالت مین پایا کہ اس کا چہرہ طلوع ہونے والے آفتاب کی طرف ہے بعض حضرات یہ ارشاد فرماتے، کہ ایک مرتبہ اُس کے دادا کے مکان کے گرد مینڈک شور مچا رہے تھے، اُس نے اُنھین ڈانٹ بتائی، اور وہ ہمیشہ کے لیے خاموش ہوگئے اور بعض خوش عقیدہ اصحاب اس کے ناقل تھے کہ ایک بار ایک عقاب، روٹی کا ٹکڑا اس کے ہاتھ سے چھین لے گیا، ہوا مین بلند ہوا، اور پھر اُتر کر اُس کے ہاتھ مین وہ رکھ گیا۔ ایک روایت یہ مشہور تھی، کہ اس کی وفات کے بعد جب اس کی نعش جلائی جانے لگی، تو اس کی روح آگ کے شعلون سے آسمان کی طرف بلند ہوتی نمودار ہوئی۔ ایک اور نقل یہ بھی مشہور تھی، کہ ایک مرتبہ کسی شخص نے اُس بستر پر سونا چاہا، جس پر اغسطس پیدا ہوا تھا، مگر معاً اُس بے ادب کو یہ سزا ملی کہ ایک غیبی ہاتھ نمودار ہوا، اور اُس نے اُسے ڈھکیل دیا۔ خیر یہ روایات تو مشہور تھین ہی، سب سے بڑھ کر اس طرح کے واقعات ہونے لگے کہ ایک مرتبہ ایک شخص کو جب زناکاری کے جرم مین سزا ہونے لگی، تو اس نے اپنی بریت مین یہ عذر پیش کیا کہ "مین اُس زمین کا زمیندار ہون جس پر اغسطس کی

ولادت ہوئی تھی، یا ایشیا کے ایک شہر کے باشندون سے ٹائبریس نے سیاسی آزادی محض اس جرم مین سلب کرلی، کہ انھون نے اگسطس کی پرستش مین پہلوتہی کی تھی۔ غرض یہ کہ کچھ تو سیاسی مصلحت اندیشیون اور کچھ عوام کی خوش اعتقادیون نے مل ملاکر بادشاہ پرستی کا ایک عام دستور قائم کردیا، اور ہر صاحب تاج واورنگ کی ذات، معجزات وخوارق کی مرکز سمجھی جانے لگی۔

اکثر سلاطین خود، اس بادشاہ پرستی کو ایک ڈھکوسلا اور سوانگ سمجھتے تھے، بلکہ بعض تو بہ این اظہار معبودیت اپنی زندگی کی سادگی مین عدیم المثال ہوئے ہین، چنانچہ شاہ وسپیسین نے حالت سکرات مین، موت کی ناتوانائی کو محسوس کرکے کہا کہ "مین سمجھتا ہون، مین اب خدائی کے مرتبہ پر فائز ہورہا ہون"۔ الگزنڈر سیورس وجولین نے اس طرز مخاطبت کو، جس مین انھین خدائی القاب سے یاد کیا جاتا تھا، بالکل بند کردیا تھا، اور جن سلاطین نے اسے بند نہین کیا تھا، وہ بھی اپنے دل مین اس کی بے حقیقتی کو خوب سمجھے ہوئے تھے۔ اور تو اور، خود نیرو تک نے کبھی اپنی معبودیت کے کسی ٹکڑے کو سوانگ سے زیادہ وقعت نہین دی، بلکہ اگر اُسے کسی شے کا نشہ یا غرور تھا، تو اپنے اچھے گوّے یا اعلیٰ ایکٹر ہونے کا، نہ اس کا کہ وہ خلیفۃ اللہ ہے۔ مگر اس بڑی جماعت کے پہلو بہ پہلو چند افراد ایسے بھی ہوئے ہین، جو اپنے مین واقعی معبودانہ صفات سمجھتے تھے۔ مثلاً کیلوگلا کہ وہ فاتر العقل بھی تھا، ہمیشہ یہ خیال کرتا رہا، کہ وہ واقعی خدا ہے اور اس دُھن مین اکثر مجسمون سے جوپیٹر (مشتری) کی تصویر بگوکر کے اپنی تصویر لگادی۔ ایک مرتبہ کیا ہوا، کہ زور وشور کا طوفان آیا، جس سے ایک سیانی کے تماشے مین خلل پڑگیا۔ اس پر حضرت بہت جھنجھلائے، اور جھنجھلائے کیا، یہ کہنا چاہیے کہ جوپیٹر پر برس پڑے۔ فرط غیظ مین بار بار یہ ارشاد ہوتا تھا کہ "ایک ملک مین دو بادشاہون کا گزر نہین ہوسکتا، اب یا تو مین دنیا کا حاکم نہین اور یا جوپیٹر نہین"، دوسرے نمبر پر اس

دماغ کے شخص کلیوگیبلیس ہوے ہین۔ آپ بھی مدۃ العمر اس خبط مین گرفتار رہے، کہ آپ واقعی خدا ہین، اور مذہب کو اپنی پرستش کا مرادف سمجھتے رہے۔

عملی زندگی مین اس بادشاہ پرستی کا یہ نتیجہ ہوا، کہ سلاطین کی تصاویر اور بُت مثل دیوتاؤن کے، پوجے جانے لگے۔ اب وہ ایک ایسی مقدس و مطہر شے بن گئے تھے، کہ ان کے ساتھ خفیف سی بے ادبی کا ارتکاب شدید تعزیر کا مستوجب بنا دیتا تھا، اور ان کی آڑ مین پناہ لینا بڑے سے بڑے مجرم کو امان دیتا تھا۔ ٹائبیریس کے زمانے مین۔ ایک عام دستور ہو گیا تھا کہ غلام و ملزمین اپنے ہاتھ مین بادشاہ کی تصویر لے لیتے تھے، اور اس پر مطمئن و بیخوف ہو کر جو کچھ مُنھ مین آتا، حکام عدالت یا اپنے آقاؤن کو سُنا دیتے۔ اسی کے عہد مین ایک مرتبہ کسی شخص نے بادشاہ کی تصویر والی انگوٹھی پہنے ہوئے کسی غلیظ برتن کو چھو لیا، اور اس جرم مین اُسے فوراً سزا ملی۔ ایک اور شخص پر اسی زمانے مین اس بات پر مقدمہ چلایا گیا، کہ اُسنے اپنے باغ کے ساتھ بادشاہ کا وہ بُت بھی فروخت کر ڈالا، جو اس مین نصب تھا۔ آخری زمانے مین ایک عورت کو اس جرم پر سزاے موت دیدی گئی، کہ وہ شاہ ڈومیٹین کے بُت کے سامنے برہنہ ہو گئی تھی۔ اور اغسطس کے بُت کے سامنے غلام کو زدوکوب کرنا، یا برہنہ ہو جانا، انسان کو قانوناً سزاے موت کا مستوجب کر دیتا تھا۔

ظاہر ہے، کہ ایسے افراد، جن کی طاقت غیر محدود ہو، جو اپنے تئین مرتبۂ اُلوہیت پر فائز سمجھتے ہون، جن پر کسی قسم کی اخلاقی ذمہ داری نہ عاید ہو، اور جو ایسی سوسایٹی کے درمیان ہون، جہان سیہ کاری و بدچلنی پر فخر کیا جاتا ہو، وہ اخلاق کے حدود سے جس قدر بھی متجاوز ہو جائین، کم ہے۔ چنانچہ یہی ہوا۔ خصوصاً شہنشاہی کے دور اول مین، جب اس نشہ کا خمار تیز تھا، تب تو تاجداروں کے سر پھر گئے تھے، اور یہ معلوم ہی نہین ہوتا کہ یہ اپنے آپ مین ہین۔ سیوٹونیس کے اوراق کو ملاحظہ کیجیے،

شہوت پرستی بہیمیت، ظلم و شقاوت، ناخدا ترسی، غرض ذمائم اخلاق کے جتنے عنوانات ہو سکتے ہین، سب کے نشو و نما، بلکہ نشو و نماے کامل کا نظارہ کر لیجیے جس سے اس حقیقت پر پوری روشنی پڑے گی، کہ شہنشاہیت کے اثر سے رومن اخلاق کس قدر پست سطح پر پہونچ گیا تھا۔ یہ سچ ہے کہ اچھے بُرے سب کہین ہوتے ہین، اس ہجوم شیاطین مین بھی بعض فرشتون کی صورتین کبھی کبھی نظر آجاتی ہین، لیکن یہ ایک واقعہ ہے کہ شیطنت پر ملکوتیت نے کبھی مستقل غلبہ نہ حاصل کیا۔ دربار شاہی کی بدچلنی، مخبری و جاسوسی کی گرم بازاری، عیش پرستی کا اعلان، غربا کو غلہ تقسیم کر کرکے رام کر لینے کی ترکیب، کھیل تماشون کی بیحد کثرت، یہ سب چیزین تو بداخلاقی کی اشاعت مین معین تھین ہی، مگر سب سے بڑھ کر شہنشاہی کا وجود بذات خود اس کا اصلی باعث تھا۔ شہنشاہی نے حریت کا خاتمہ کر دیا تھا، اور حریت سے معرّیٰ ہو کر کون قوم، احرار کے درجۂ اخلاق کو قائم رکھ سکی ہے؟ سیاسی آزادی، مذہب کی کیسی ہی دشمن ہو، لیکن اخلاق کی ہمیشہ رفیق رہی ہے، کیونکہ لوگون کو بدچلنی کے مشاغل سے باز رکھنے کا اس سے بہتر کوئی طریقہ نہین، کہ ان کی توجہ کو سیاسی اعزاز و ناموری کی جانب مائل کر دیا جائے۔ شہنشاہی کے زمانے مین اِن سیاسی مصروفیتون کا کہین پتہ نہ تھا، اور اس لیے افراد کو لامحالہ سیہ کاری کے اُسی سانچہ مین ڈھل جانا پڑتا تھا، جو زمانہ رو لے وقت کا ہوتا تھا۔

(۲) دوسرا مسئلہ۔ غلامی کا اثر اخلاق پر۔ غلامی کے مُضر اثرات اس سے بھی زیادہ وسیع ہوے۔ قطع نظر اس کے کہ غلامی آقاؤن کے مزاج کو درشتی، سخت گیری، و بیدردی کا خوگر کر دیتی ہے، اس نے مشقت و مزدوری کو لوگون کی نظر مین ایک ذلیل پیشہ کر دیا، اور غریب شرفا یعنی اُن لوگون کا جو کسی کی غلامی مین نہ تھے) کا شمار بجاے ذی عزت طبقہ کے ذلیل لوگون مین ہونے لگا۔ آج کل طبقۂ اوسط (مڈل کلاس) کا وجود، جو کاروباری زندگی کے سنجیدہ مشاغل مین مصروف رہتا ہے، قومی اخلاق کا

بہت بڑا محافظ ہی، اس معنی مین کہ وہ طبقۂ امرا کی بداخلاقی کو زیادہ اور اس لیے سوسائٹی کے حق مین مہلک نہین ہونے دیتا، چنانچہ جب کبھی کسی خاص بداخلاقی کی ہوا چل جاتی ہی، تو یہی طبقہ آڑے آتا ہی، اور اس کو محض سطح تک محدود رکھتا ہی ایسی حالت مین طبقۂ امرا، خواہ کتنی ہی داد عیش دے، لیکن ان کی نظیر کا اثر عالمگیر نہین ہوتا، اور غربا بدستور اپنے اپنے پیشہ مین مشغول رہتے ہین، بلکہ یہ کہنا چاہیے، کہ یہ مشغولیت انھین سر اُٹھانے ہی کی مہلت نہین دیتی۔ لیکن رومہ کی یہ حالت نہ تھی وہان جب بداخلاقی کی ہوا چلی، تو ہیئت اجتماعیہ ایک ایک رگ و ریشہ مین سرایت کر گئی، اور جماعت کا کوئی گوشہ باقی نہین رہا، جو اس سے غیر متاثر ہو۔ آلات و مشینون کا وجود نہ تھا، اس لیے صنعت و حرفت ناپید تھی۔ اور تجارت تو گویا شرفا کے لیے حرام مطلق تھی۔ پھر آخر لوگ جاتے تو کدھر جاتے۔ صرف دو ہی راستے کھلے تھے۔ یا تو غلامی کرین، اور یا کسی ایسے پیشے کو اختیار کرین، جس مین اخلاق کا خون کرنا ہوتا ہو مثلاً ایکٹری، نقالی، سیّاقی، دلالی، مخبری و جاسوسی، نائکپن وغیرذلک۔ چنانچہ ہر بڑے آدمی کے ساتھ مصاحبون کا ایک انبوہ رہا کرتا تھا، جن کا کام صرف یہ تھا کہ رئیس کی جھوٹی خوشامد مین وقت صرف کیا کرین، یا اُس کے جذبات پروری مین دلالی کا کام کیا کرین۔ پھر حکومت کی طرف سے باضابطہ طور پر اور نہایت اہتمام کے ساتھ غربا مین غلہ و زر کی جو تقسیم ہوتی تھی، اُس نے انھین فکر معاش کی طرف سے مطمئن اور کاہلی کا خوگر کر دیا تھا۔ اور ظاہر ہی کہ کاہلی، اپاہج پن و مفت خوری کے نتائج سوا اس کے کیا ہو سکتے تھے، کہ طبیعت ہر وقت بدچلنی پر آمادہ رہے۔ سب سے آخر مین گورنمنٹ کی طرف سے مختلف ملاعب کا جو، بلا اخذ قیمت، انتظام تھا، اُس نے عام پبلک کی بیفکری و لعب پسندی کو اور ترقی دیدی تھی۔

ان حالات کے ساتھ آبادی گھٹنا شروع ہو گئی۔ متعدد اسباب کے اجتماع نے

لوگون مین تجرد کا ایک عام رواج پیدا کردیا۔ جس شخص کو دیکھیے، مناکحت کی قید سے گریزان نظر آتا تھا، یہ تحریک پیدا تو اغسطس ہی کے زمانے سے ہوگئی تھی لیکن رفتہ رفتہ اب وہ شہوت پرستی کے انتہائی مدارج تک پہونچ گئی۔ یونان سے تو حکومت کے ساتھ نیک چلنی رخصت ہی ہوچکی تھی، اور مصر و ایشیاے کوچک کے شہر بدچلنی کے مرکز عرصہ سے ہورہے تھے، اب جبکہ ان تمام جگھون سے رومی فاتح لوگون کو اسیر کرکر کے اپنے یہان لانے لگے، تو کچھ روز مین خود روما کی حالت ایک عصمت فروشی کے بازار یا چکلے کی ہوگئی۔ یونانی غلام حسن و جمال مین لاجواب ہوتے تھے، اور اسکندریہ کے غلامون کا خاص کمال یہ تھا، کہ انھین دیکھ کر شیخ فانی کے دل مین بھی شہوت رانی کی اُمنگ پیدا ہوجاتی تھی؛ اب لوگ روم مین گھر گھر کثرت سے پھیل گئے اور خود اہل روم کے بچے اور نوجوان انھین کی صحبت مین رات دن رہنے لگے۔ مناکحت سے نفرت کی جو ہوا چل گئی تھی، اُس کا اندازہ اس سے ہوسکتا ہے کہ ایک بہت بڑی جماعت ایسے افراد کی پیدا ہوگئی، جن کا پیشہ ہی یہ تھا، کہ دولتمند کنوارون کے حاشیہ نشینون مین جاکر داخل ہوگئے، اور اپنی خوشامد و لسانی سے اُسے موم بناکر اس کا ترکہ اپنے نام لکھوالیا۔ امرد غلام خود تو بدچلنی کی روٹی کھاتے ہی تھے، ستم یہ تھا کہ وبا ے ساریہ کی طرح اُن کا یہ مرض ہر طبقہ مین متعدی ہوگیا۔ اس پر شوق ملاعب و حمام، اطالوی آب و ہوا کی خوشگواری، اور سب سے بڑھ کر یہان کے مکانات کی طرز تعمیر نے یہ غضب ڈھایا، کہ لوگون کو گھر کے اندر رہنا وبال معلوم ہوتا تھا، اور اب عام حالت یہ تھی، کہ ایک تھوڑی سی وجہ کفاف پر لوگ فارغ اور معاش کی طرف سے بےفکر ہوکر سارا وقت کاہلی کھیل تماشہ اور تماشبینی کی نذر کردیتے تھے۔ مناکحت و ازدواج کا عام دستور تو یون گھٹ گیا تھا، جو کچھ رہے سہے افراد شادی کرتے بھی تھے، تو اس کا یہ حال تھا، کہ امرا اپنی بیویون سے اسقاط حمل کرا دیتے تھے، اور اگر یہ نہ کیا، تو اولاد کشی تو ہر طبقے مین کھلم کھلا رائج تھی۔

ایسی حالت مین پبلک اسپرٹ (قومی بیداری) کیونکر قائم رہسکتی تھی، قومیت و وطنیت کا احساس رخصت ہوا، اور ایسا رخصت ہوا، کہ اپنے پیچھے اپنے آثار بھی نہ چھوڑ گیا۔ جمہوریت کے زمانے مین، ایک بار جب کچھ اطالوی باشندون کو رومی شہریت کے حقوق، عطا کیے جانے لگے، تو اس تجویز کو پیش کرتے وقت یہ الفاظ کہے گئے تھے، کہ "جو کوئی حریت پر جان دینے کو تیار ہے، وہ رومی کہلانے کا مستحق ہی" کہان وہ وقت تھا، اور کہان اب یہ زمانہ آیا، کہ دور شہنشاہی مین لوگ نہایت خوشی و کشادہ دلی سے اپنی حریت سے دست بردار ہونے کو آمادہ رہتے، بشرطیکہ اس کی قیمت، ملاعب و غلہ کے ذریعے سے ادا کی جائے، اور بڑے سے بڑا، مستبد فرمان روا یہ سودا کرکے بہ اطمینان تمام اپنی ہوائے استبداد کو پورا کرتا تھا۔ دور جمہوریت مین ایک مرتبہ ماریس نے چند مجرمون کے مکانات کے دروازون کو کھول کر یہ صلاے عام دیدی، کہ جو چاہے انھین لوٹ لے، لیکن رومی خون مین اس قدر غیرت و حرارت باقی تھی، کہ ایک متنفس نے بھی اس اذن عام سے فایدہ نہ اٹھایا۔ اس کے مقابلہ مین عہد شہنشاہی مین جب ویٹیلیس و سپیسین کے لشکر صف آرا ہوئے تو انھین غیور اسلاف کے ہزارہا بے حمیت و آبرو یافتہ اخلاف، اس ذوق و شوق و بیتابی سے، جس سے وہ سیافی کے مناظر کا تماشہ کیا کرتے تھے، اس "ملعبہ" کو بھی دیکھنے نکل آئے، خالی مکانات کو لوٹنے لگے، پناہ گزینون کو قتل کرانے کے لیے گھسیٹ گھسیٹ کر باہر لانے لگے، اور اپنے ہیشمار ابناے وطن کو خون مین رنگتے دیکھ کر اس طرح اظہار مسرت کرتے تھے، کہ گویا کوئی بڑا جشن ہو رہا ہی۔ اور یہ اخلاقی انحطاط ہنگامی و عارضی نہ تھا، بلکہ مستقل و پایدار ہوگیا تھا۔ رواقیت کی تعلیم، انٹونائنس کی حکومت، اور مسیحیت کے عقاید، یہ تمام چیزین اسے مٹانے مین ناکام رہین۔ حریت سیاسی پر تو اہل روم مدت ہوئی فاتحہ پڑھ چکے تھے، اب جو آرزوے وحید ان کے دل مین

باقی رہ گئی تھی، وہ یہ تھی، کہ یہ ہون اور تماشہ اور ملاعب قدیم قدم پر غلہ کی تقسیم گاہین اور مختلف تماشون کے منڈوے اور پنڈال بنے ہوئے تھے۔

اس موقع پر اس نکتہ کو ملحوظ رکھنا چاہیے، کہ اگر آج کل کسی ملک پر اس طرح کا اخلاقی انحطاط چھا جائے، تو اس سے یہ اندیشہ نہین ہوسکتا، کہ دنیا سے اخلاق رخصت ہوجائے گا۔ کیونکہ آج دنیا، متعدد اقطاع متمدن مین تقسیم ہوگئی ہی، اور اگر کوئی ایک خاص ملک اخلاقی پستی مین آجاتا ہی، تو یہ اطمینان رہتا ہی کہ دوسرے ممالک تو بدستور اخلاق کی بلند سطح پر قائم رہین گے، اور اس طرح روے زمین کے کسی نہ کسی حصہ پر ہر وقت تمدن و اخلاق کا چراغ روشن رہے گا۔ لیکن رومہ کی یہ حالت نہ تھی اُس وقت آج کل کی سی علیحدہ علیحدہ متعدد متمدن قومین نہ تھین۔ اُس وقت دنیا مین صرف ایک قوم، اخلاق و تمدن، شایستگی و تہذیب کی حامل تھی، یعنی خود رومی قوم۔ اس لیے اگر اُس مین یہ انحطاط اخلاقی آگیا تھا۔ تو اس کے معنے یہ ہین کہ ساری دنیا سے اخلاق و تمدن کا چراغ گُل ہوگیا تھا۔ رہے روم کے بیرونی صوبجات، سو اول تو اُن مین اتنی قوت کہان تھی، کہ اپنے مرکز کی اصلاح کرسکتے، دوسرے یہ کہ اُن کی اخلاقی حالت تو خود روم سے بھی ابتر و زبون تر تھی۔

تاریخ اخلاق کے اس ٹکڑے پر بحث کرتے ہوئے ہمین دو باتون کا ضرور خیال رکھنا چاہیے۔ ایک کاشتکاری، اور دوسرے فوجی قواعد دانی کی اہمیت کا۔ ایک نہایت قدیم کہاوت، رومولس کے زمانے سے یہ چلی آتی تھی، کہ "شریف تو دو ہی پیشے اختیار کرسکتا ہی، یا سپہگری یا کاشتکاری"۔ اور اس مین ذرا شک نہین کہ مشغلہ کشاورزی کا رومی سیرت کو اعتدال پر رکھنے مین ہمیشہ نہایت اہم اثر رہا کیا ہی۔ کیٹو کی آج دنیا مین ایک ہی تصنیف موجود ہی، اور اس کا موضوع یہی کاشتکاری ہی۔ ورجل نے اس عنوان پر نظمین کہی ہین۔ خود رومی مذہب مین کاشت و زراعت کے

مختلف مدارج وادوار کو احترام کی نظرون سے دیکھا گیا ہی۔ ویرو کہا کرتا تھا کہ انسان نے شہر آباد کیے ہین، لیکن دیہات کی بستی خود خدا نے بسائی ہی، وسپسیین کے اصلاحات جو اس قدر مشہور ہین، انھین اُٹھا کر دیکھو، تو ان کا جزو غالب اسی پر مشتمل ہوگا، کہ صوبجات کے مرزبانون کو ترقی دی جائے۔ انٹونینس، جو شاید بہترین رومی تاجدار ہوئے ہین، مدۃ العمر مرزبانی سے نہایت دلچسپی لیتے رہے۔ لیکن شہنشاہی کے زمانے مین یہ حالت تدریجاً تبدیل ہونے لگی۔ خیر بیرونی علاقون کا حال تو غنیمت تھا۔ وہان کے صوبہ دارون کی غیظ سلطانی کے خوف سے کسی قانون شکنی کی چندان ہمت ہی نہین پڑتی تھی، بلکہ سڑکون کے پختہ ہونے، راستون کے صاف ہونے، اور کاروبار کے بے روک ٹوک جاری رہنے سے اُن مین فی الجملہ خوش انتظامی اور رعایا کو مرفہ الحالی حاصل تھی۔ لیکن خود اٹلی کی حالت ناگفتہ بہ ہو رہی تھی، زراعت و کشاورزی کا مشغلہ، جو عوام کے اخلاق کا قوام درست کیے ہوے تھا، اب ناپید ہو رہا تھا، اور کاشتکار برابر قرض سے زیر بار ہوتے چلے جا رہے تھے۔ غلامون کی کثرت کے باعث ساری زمینداری طبقۂ امرا کے ہاتھ مین چلی جا رہی تھی، اور کاشتکار روز بروز تہی دست ہوتے جاتے تھے۔ اُن کے بسر اوقات کے لیے یہ کافی تھا، کہ وہ دیہات چھوڑ کر شہر مین آبسین، اور یہان لنگر سے مفت کی روٹیان لیا کرین، چنانچہ بہت بڑی جماعت اسی طریقے پر بلا تکلف عامل تھی۔ تقسیم کے لیے یہ غلہ زیادہ تر دور دراز ممالک مثلاً افریقہ و سسلی سے آتا تھا، اور خود اٹلی سے کاشتکاری کا پیشہ گویا اُٹھ گیا تھا۔ جو کچھ زمین مزروعہ تھی، وہ اُمرا کے قبضے مین تھی، اور رفتہ رفتہ "آزاد کاشتکار" ایک ایسا لفظ رہ گیا تھا، جس کا کوئی مسمی اٹلی مین نہ تھا۔

یہ انقلاب حالت کچھ ایک دن مین یکایک تو پیدا نہین ہو گیا تھا۔ اس کی انتہا گو دور شہنشاہی مین ہوئی، لیکن ابتدا جمہوریت ہی کے دور آخر مین ہو چکی تھی۔ کاشتکارون کی

قرضداری، اور امرا کی زمینداری کے جو نتائج ہو سکتے تھے، ان کا ظہور اسی زمانے سے شروع ہو گیا، اور شہنشاہی کے اوائل ایام مین اکثرون کو اس کا احساس ہونے لگا۔ لیوی، دیرو، کولومیلا، و پلینی اپنی تصانیف مین بار بار اس افسوسناک واقعہ کا ذکر کرتے ہین، اور ٹیکیٹیس نہایت پُرحسرت لہجہ مین کہتا ہی کہ ہمارا وطن جو ایک زمانے مین غیرون کو غلہ پہونچایا کرتا تھا، اب اس قدر غیر مزروع ہو گیا ہی، کہ خود اپنے فرزندون کے سامان خورش کے لیے ہوا اور بادبانون کی موافقت کا دست نگر رہتا ہی۔ چنانچہ اکثر ایسے اتفاقات پیش آجایا کرتے تھے، کہ کسی ناگہانی سبب سے غلہ کی کشتیان وقت پر نہ پہونچ سکین، اور اس سے اہل رومہ کو سخت مصیبت کا سامنا کرنا پڑا۔ یہ صورت حال قدرۃً خود حکمران جماعت کے لیے سخت تشویش و بے اطمینانی کی باعث تھی، اور اس کی طرف سے بار بار اس کے دفعیہ کی کوششین ہوتی تھین، لیکن غلامی کا رواج اور لنگرون کا اجرا کسی تدبیر کو نہین چلنے دیتا تھا۔ اور اتنی قوت کسی بڑے سے بڑے شہنشاہ مین بھی نہ تھی، کہ غلامی کے سے قدیم وسیع، و عام دستور کو مٹا سکتا، یا لنگرون کے رواج کو بند کر کے سارے ملک سے عداوت مول لیتا۔ الگزنڈر سیویرس نے بطور تقاوی، کاشتکارون کو روپیہ قرض دیا، کہ اس سے وہ زراعت کرین اور روپیہ آہستہ آہستہ ادا کرتے رہین۔ پرٹینکس نے غیر مزروعہ زمین پر بہت سے غربا کو اسی شرط پر بسایا کہ وہ اُسے مزروعہ کرین۔ مارکس آرلیس اور پھر اس کے بعد آرلیس و ویلنٹینی آن نے ہزارہا وحشی اسیران جنگ کو اٹلی مین آباد کیا، اور اُن سے بہ جبر زراعت کرائی۔ مگر ان مین سے کوئی تدبیر راس نہ آئی، بلکہ بعض تدبیرین بالکل اُلٹی پڑین۔ مثلاً یہ آخرالذکر تدبیر یعنی سرزمین اٹلی مین غیر ملکیون کی اتنی کثیر آبادی، آگے چل کر خود اٹلی کے زوال کا پیش خیمہ ثابت ہوئی۔ خلاصہ یہ کہ جو اسباب، اٹلی سے زراعت کو فنا کر رہے تھے، وہ ناقابل دفع ہو گئے تھے، اور

معاشرت کی وہ سادگی، جو زراعت پیشہ افراد کا خاصہ ہوتی ہے، اب خواب و خیال ہو گئی تھی۔

تقریباً اسی انداز پر فوجی زندگی کا انحطاط بھی ہوا۔ شروع مین یہ قاعدہ تھا، کہ رومی فوج کوئی مستقل فوج نہ تھی، بلکہ جنگ کے موقع پر سپاہی بھرتی کیے جاتے، جو اپنے ملک کے واسطے بلا معاوضہ لڑتے، اور یہ لوگ روم کے طبقۂ اعلیٰ کے خاندانون مین سے ہوتے۔ یہ جمہوریت کے زمانے کا دستور تھا، لیکن جمہوریت کے ختم ہوتے ہوتے یہ دستور بھی ٹوٹ چکا تھا۔ محاصرہ دی آئی کے بعد سے سپاہیون کو باضابطہ تنخواہ ملنے لگی، اور جب روم و قرطاجنہ مین مخالفت شروع ہوئی، تو باشندگان اسپین بھی رومی سپاہ مین بھرتی کیے جانے لگے۔ ماریس نے یہ قید بھی اڑا دی، کہ رومی سپاہیون کے لیے عالی خاندان و صاحب جائداد ہونا ضروری ہے۔ ادھر یہ سب کچھ ہو رہا تھا، ادھر فوج کو جو عرصہ تک اسپین و ایشیائی صوبون مین قیام کرنا پڑا، تو ایشیائی آرام طلبی و عیش پسندی سپاہیون مین سرایت کر گئی، اور یہی سپاہی اُسے اپنے ہمراہ روما مین لائے۔ پھر باہمی خانہ جنگیان جو شروع ہو گئین، انھون نے دلون سے رہی سہی جنگی روایات کو اور فراموش کر دیا، گو اس کا اثر فوجی نقطۂ خیال سے اس لیے بہت زیادہ مضر نہین پڑنے پایا، کہ جنرل ابتک قابل تھے۔ اغسطس نے اپنے زمانے مین ایک جدید اسلوب پر فوجی نظام قائم کیا، جس کا خلاصہ یہ نکلا، کہ ایک مستقل جماعت، "پریٹورین گارڈ" کے نام سے، خاص مراعات کے ساتھ روما مین رکھی گئی، اور باقی لشکر کا قیام سرحد پر رکھا گیا۔ اغسطس و ٹابریس کے زمانے مین تو خیر سکون رہا، لیکن جب شہنشاہ کیلیگولا کو سپاہیون نے قتل کر ڈالا، تو اس کے بعد سے بغاوت و سرکشی کی ایک عام ہوا چلنے لگی۔ کلاڈیس نے یہ غضب کیا، کہ اپنی جان کی حفاظت کے لیے سپاہ کو رشوت دینا شروع کی۔ اس سے صوبون مین قیام رکھنے والی فوجون کی آنکھین کھلین،

اور انھین یہ خیال ہوا، کہ اپنی قوت سے وہ جس کو چاہین، تخت پر بٹھادین، چنانچہ گالیا، اوتھو، وائٹلیس، وسپیسین، اسی فوجی انقلاب کے سہارے سے اورنگ نشین حکومت ہوئے۔ ابھی تک مرض بالکل لاعلاج نہین ہوا تھا، وسپیسین وٹریجن نے اصلاح کی کوششین کین، اور فوجی پڑاون کا معاینہ کثرت سے کرنا شروع کیا۔ اس کا اچھا اثر پڑا، اور فوج کی تعداد چونکہ ابھی بہت قلیل تھی، اس لیے چندے مفاسد کی روک تھام ہوگئی، لیکن چند ہی روز کے بعد ایشیائی آب وہوا مین طویل قیام پھر اپنا رنگ لایا۔ عیش پرستی وآرام طلبی نے سپاہیون کے دل مین گھر کرلیا، اور مدت تک وطن سے باہر رہنے کا یہ نتیجہ ہوا، کہ قومیت ووطنیت کے احساس کو پس پشت ڈال کر سپاہی بجاے بادشاہ وقت کی اطاعت کے صرف اپنے جنرل کی اطاعت کو فرض سمجھنے لگے۔ اب انھون نے خود اپنے افسرون کو بغاوت پر آمادہ کرنا شروع کیا، چنانچہ کچھ عرصہ مین ایک عام فوجی طوائف الملوکی پیدا ہوگئی۔ اس کا علاج یہ سوچا گیا کہ خود شہنشاہی کی تقسیم ہوگئی، اور ہر فوج براہ راست اپنے شہنشاہ کے زیر کمان رہنے لگی، لیکن اس علاج سے عیش پرستی کا مطلق سدباب نہ ہوسکا۔ اسی اثنا مین مسیحیت نے پھیلنا شروع کیا، اور اس کا یہ اثر پڑا، کہ جہان ایک طرف سپاہیون سے فوجی جوش وخروش رخصت ہوگیا، وہان دوسری طرف ان کی سرکشی وتمرد بھی ہلکی پڑگئی۔ لیکن اور بھی متعدد موثرات قوی، فوجی انحطاط مین معین ہوئے، مثلاً شہنشاہی پالیسی کا ایک لازمی جزو، عام جمود وعدم حرکت تھا۔ سپاہی بیکار پڑے ہوئے تھے، اور سلاطین اپنی ہر دلعزیزی کو قائم رکھنے کے لیے اس جمود کو قائم رکھنے پر مجبور تھے۔ بیکاری نے رفتہ رفتہ سپاہیون کو کاہلی وآرام طلبی کا خوگر، اور فوجی مشقت کشی کے بالکل ناقابل بنادیا۔ خود "پریٹورین گارڈ"، جو ایک زمانہ مین صرف اطالویون کے لیے مخصوص تھا، اس مین بھی سیپٹیمس سیویرس کے بعد سے سرحدی

فوجون کے سپاہی بھرتی ہونے لگے، اور اٹلی مین لازمی جنگی خدمات کے سدّ باب ہو جانے سے، ہزارہا غیر ملکی، رومی فوج مین بھر ہوئے۔ اس کا جو کچھ اثر ہوا، وہ ہمارے بیان کا محتاج نہین۔ ایسے زمانے مین جبکہ توپ خانے کا وجود نہ تھا، متمدن فوج کے لیے وحشیون پر غلبہ حاصل کرنے کی صرف یہی صورت تھی، کہ اس کے افراد زیادہ مستعد، زیادہ شجاع، وزیادہ آزمودہ کار ہون۔ لیکن یہ حالات جو ہم ابھی بیان کر چکے ہین، بھلا کب اطالویون مین مستعدی، جفاکشی، و دلاوری قایم رہنے دیتے یہ تو سپاہیانہ خصوصیات کے عین منافی تھے۔ حالانکہ رومیون کے حریف اکثر خود مشہور رومی جنرلون سے تعلیم پائے ہوئے تھے۔ نتیجہ یہ ہوا کہ کاشتکاری کی طرح رومہ سے فوجی قابلیت وصلاحیت بھی، رخصت ہو گئی، اور رومیون کے تحفظ وبقاے اخلاق مین اب اس کا مطلق اثر نہین باقی رہا۔

مفصلۂ بالا حالات واسباب کی بنا پر اگر رومی شہنشاہی کو اخلاقی انحطاط وزوال ہوا، تو یہ مطلق حیرت انگیز نہین، بلکہ تعجب کی اگر کوئی بات ہے، تو یہ کہ یہ زوال اتنے عرصے مین کیون ہوا، اور اس بد اخلاقی کی فضاے مسموم مین وقتاً فوقتاً مصلحین کبار وبلند اخلاق اشخاص کیونکر پیدا ہوتے رہے۔ کیونکہ اب حالت یہ تھی، کہ کوئی صیغۂ عمل، کوئی شعبۂ حیات، ایسا نہ تھا جس مین بدکاری کی سمیّت نہ سرایت کر گئی ہو۔ اُمرا نشۂ دولت مین مست ہر وقت خوشامدی مصاحبون کے حلقہ مین محصور، اپنے بہیمانہ جذبات کی سیری مین مشغول رہتے تھے، اور غلامون کی جو کثیر تعداد وہ زیر فرمان رکھتے تھے، وہ غلام کیا تھے، افعال شنیعہ کے ارتکاب کے لیے اپنے آقاؤن کے آلات عمل تھے۔ رہے غربا، تو انھین صنعت وحرفت، مشاغل علمی وکاروبار سے کوئی واسطہ نہ تھا۔ محنت ومشقت سے عاری، یہ کاہلی، مفت خوری، اور لایعنی پن کو مقصود حیات سمجھے ہوئے تھے۔ لیکن تمام سیہ کاریون وشہوت پرستیون کا دفتر

گرد ہو جاتا ہی، جب ہم یہ خیال کرتے ہین، کہ ان لوگون کو اپنے ابنائے جنس کی تعذیب، عقوبت، ایذا دہی بلکہ قتل و ہلاکت مین خاص لطف آتا تھا۔

درحقیقت آج کل کے لوگون کے ذہن ہی مین یہ بات نہین آسکتی، کہ کوئی قوم سیانی جیسے شقاوت مجسم شغل کو کیونکر اپنا مشغلہ تفریح رکھ سکتی ہی۔ اور اس مین شبہ نہین، کہ ایک اعلیٰ متمدن قوم کے، جسے اخلاق فاضلہ کا نہ صرف زبانی دعویٰ ہوا بلکہ جو ایک حد تک اسے عمل سے بھی مطابق رکھتی ہو، افراد ذکور و اناث کا انسانی خون ریزی کو اپنی دایمی تفریح، و لبستگی، و لطف اندوزی کا ذریعہ بنائے رکھنا، تاریخ کا ایک عجیب ترین واقعہ ہی۔ لیکن یہ اخلاق کی عام رفتار کے موافق تھا، اور اخلاق کے ارتقاء طبعی کے ذرا بھی منافی نہین۔ البتہ اس کی بنا پر مورخ اخلاق کو نئے اسباب و علل کی تفتیش کی طرف متوجہ ہونا پڑے گا۔

یہ خون ریز مناظر، جن کی مقبولیت کے سامنے رومہ کے تمام ملاعب و تماشے ماند پڑ گئے، ابتداءً مذہبی مراسم تھے، جو مقابر پر ادا کیے جاتے تھے۔ اور ان کی بنیاد اول اول اسی حیثیت سے پڑی تھی، کہ یہ انسانی قربانیان ارواح کو راضی و خوش رکھنے کا ذریعہ ہین۔ بعد کو ان کے قیام کی تائید مین یہ دلیل بھی لائی جانے لگی، کہ موت و قتل کے ان نظارون سے انسان مین عسکریت کی روح پیدا ہو جاتی ہی۔ یہین سے اس دستور کی بنا پڑی، کہ جب کوئی فوج معرکۂ جنگ پر بھیجی جانے لگتی، تو پہلے اُس کی ضیافت انھین مناظر خونین سے کی جاتی۔ علاوہ ازین ان کا وجود ایک خاص سیاسی مصلحت کو بھی پورا کرتا تھا، اور وہ یہ تھا، کہ ایسے زمانے مین جبکہ حکومت کے کانون تک رعایا کی آواز پہونچنے کا اور کوئی ذریعہ باقی نہین رہا تھا، صرف یہی مواقع ایسے ہوتے تھے، جبکہ حاکم و محکوم کو یکجائی نصیب ہوتی، اور سلطان کے حضور مین رعایا اپنی عرضداشتین پیش کرتی، یا اُس کے اور اُس کے وزراء کے

افعال پر آزادانہ نکتہ چینی کر سکتی۔ روایت ہی، کہ یہ کھیل اطروریٰ[1] الاصل تھا۔ سب سے پہلے ۶۴۶ء قبل مسیح مین بروٹس نامے ایک شخص کے دو لڑکون نے اپنے والد متوفی کے جنازے پر سیافون کی تین جوڑون کو لڑایا۔ اس وقت سے سرزمین روم مین یہ بیج جڑ پکڑ گیا، اور رفتہ رفتہ اسے اتنی مقبولیت حاصل ہوئی، کہ ہر بڑے پبلک جلسے اور امرا کے یہان تقریبات مین یہ دھوم دھام سے منعقد کیا جاتا۔ سیزر و پامپی کی باہمی رقابت بھی اسے ترقی دینے کا ایک سبب ہوئی، کہ اسی کے ذریعہ سے ہر فریق اپنے تئین عوام مین زیادہ مقبول و ہر دلعزیز بنانا چاہتا تھا۔ اور اسی خواہش مسابقت نے اس فن مین نت نئی ایجادین بھی کرائین، مثلاً پامپی نے آدمیون اور جانورون کے درمیان جنگ کا طریقہ نکالا۔ یا سیزر نے یہ کیا، کہ اسے صرف مردون کی لغش پر محدود نہ رکھا، بلکہ عورتون کے جنازے پر بھی یہ تماشا رائج کر دیا، چنانچہ سب سے پہلے جس رومی خاتون کی نعش، انسانی خون کے قطرون سے ناپاک کی گئی، وہ خود حضرت سیزر کی صاحبزادی تھین۔ اس کے علاوہ عارضی پنڈالون کی جگہ مستقل چوبین عمارات اسی کام کے لیے تیار کرانا، تماشائیون کے آرام کے لیے ایک ریشمی سایبان کا انتظام کرنا، بجاے لوہے کے چاندی کے نیزے سیافون کے ہاتھ مین دینا، اور اُن کی اس قدر قدر کرنا کہ ان کی بیحد کثرت سے خایف ہو کر سینٹ کو ان کی ایک خاص تعداد متعین کرنے پر مجبور ہونا پڑا، یہ سب کارنامہ سیزر کے اولیات مین داخل ہین۔ جب شہنشاہی قائم ہوئی، تو آگسٹس نے پتھر کے کام کا پختہ ایمفی تھیٹر (تماشا گاہ) تعمیر کرا دیا۔ اب یہ حالت ہو گئی کہ سلاطین مابعد کو سیافون کی غیر معمولی تعداد کی روک تھام کرنا پڑی۔ چنانچہ آگسٹس نے یہ قانون نافذ کیا، کہ ایک موقع پر ایک سو بیس سے زاید سیافون کو اپنا کرتب دکھانا نا جائز ہی، نیز کوئی شخص سال مین دو مرتبہ سے زاید ان تماشون کی دعوت نہین کر سکتا، اور پھر

[1] اطروریا، قدیم اٹلی کے وسط مین ایک مملکت کا نام تھا،

اس کے بعد ٹایبریس نے بھی اسی طرح کے احکام جاری کیے، لیکن یہ سیلاب اتنا پُرزور تھا، کہ کوئی بند اسے نہین روک سکتا تھا۔ اب اس کی مقبولیت کی یہ کیفیت تھی، کہ اشخاص کی وفات، افسرون کی ترقی، فاتحین کی فتحمندی، امرا کے جشن، مختصر یہ کہ شادی وغمی کی ہر تقریب پر سیانی کا جلسہ ہونا ضروری تھا۔ سیانی کے اسکول، اٹلی کے شہر شہر مین قائم تھے، اور غلامون ومجرمون کے علاوہ خود آزاد شہری بھی اجرت پر اس مین شریک ہوتے تھے۔ لوگون کی سمجھ ایسی پھر گئی تھی، کہ جیتنے والے کو جو بیش بہا انعامات ملتے تھے، اُمرا و دربار شاہی مین ان کی جو قدر ومنزلت ہوتی تھی، اور عام طور پر اُن کا جس جوش وسرگرمی سے استقبال کیا جاتا تھا۔ اس کے مقابلے مین انھین اس پیشہ کے خطرناک پہلو نظر ہی نہین آتے تھے۔ موت کی طرف سے بجسی اور زندگی کی بے وقعتی اس طرح تماشاگرون اور تماشائیون دونون کے ذہن مین جاگزین ہوگئی۔ اس فن کی معلمی، ملک مین ایک معزز ووقیع پیشہ کی حیثیت سے دیکھی جانے لگی اور تماشاگرون کی کمپنیان سارے ملک مین دورہ کیا کرتی تھین۔ اس کا اثر یہ ہوا کہ سیانی کے مناظر، رومی زندگی کا ایک جزو لاینفک ہوگئے، جن کا عکس ہر شعبۂ حیات مین نظر آتا تھا۔ بچہ کھیل مین اسی کی نقل اُتارتے، عام صحبتون مین موضوع گفتگو یہی رہتا، فلاسفہ تشبیہات واستعارات اسی سے اخذ کرتے، ارباب فنون لطیفہ اسی کو اپنے فنون مین مختلف طریقون پر ظاہر کرتے "پاک کنواریون" کے لیے تماشاگاہ مین ایک معزز جگہ مخصوص کردی گئی تھی، اور کولوسیم (تماشاگاہ اعظم) جس مین اسّی ہزار تماشائی سما سکتے تھے، شہنشاہی عہد کی تمام عمارات پر غالب تھی، اور آج بھی رومی دور کی اس سے زیادہ پُرشوکت، عظیم الشان وگران قدر یادگار نہین مل سکتی۔

یہ کیفیت نہ صرف خاص اٹلی بلکہ تمام صوبجات ومقبوضات کی تھی، گال سے لے کر ملک شام تک جہان جہان رومی اثر واقتدار پہونچا تھا۔ اپنے جلو مین اس

خونفشانی کے دل بہلاؤ کو بھی ساتھ لیتا گیا تھا جس کی شہادت آج بھی بڑے بڑے عظیم الشان تماشا گاہون کے آثار دے رہے ہین۔ بیان کیا جاتا ہی کہ ٹابیریس کے عہد مین ایک مفصل کے شہر مین ایک پنڈال کے گرنے سے بتیس ہزار آدمی اس کے نیچے دب کر مر گئے۔ نیرو کے زمانے مین باشندگان سیراقوس نے ایک خاص عرضداشت کے ذریعہ سے یہ چاہا کہ ان کے وطن مین سیافون کی تعداد محدود نہ رکھی جائے، اور جب یہ درخواست منظور ہو گئی، تو اسے وہ ایک غیر معمولی نعمت سمجھے۔ شاہ ٹائیس، ملک یہودیہ سے جو ہزارہا اسیران جنگ اپنے ہمراہ لایا تھا، ان مین سے ایک بڑی تعداد اُس نے اسی کے واسطے مخصوص رکھی، کہ بیروبجات مین جا کر اس پیشے کو اختیار کرین۔ شام مین پہلے پہل جب یہ ملاعب لائے گئے، تو لوگون کو بجائے مسرت کے ان مناظر سے وحشت ہوئی، لیکن رفتہ رفتہ ان لوگون کو بھی اس مین لطف آنے لگا، یہان تک کہ ایک مرتبہ ایک مقام پر شہنشاہ اگریپا کے حکم سے پورے ایک ہزار چار سو سیافون کو اپنا کرتب دکھانا پڑا۔ اس عام وبا سے اگر کوئی ملک کسی حد تک محفوظ تھا، تو وہ یونان تھا، یہان جب اول اول اس کی تقریب کی جانے لگی، تو ایک کلبی حکیم دمی مونکس نے لوگون سے مخاطب ہو کر کہا، کہ اس کھیل کو اپنے یہان رائج کرنا ہی، تو پہلے رحم کے دیوتا کو شہید کر ڈالو۔ اس کا اثر خاطر خواہ ہوا۔ یعنی یہ دستور نہین پھیلنے پایا، البتہ ایک مدت کے بعد شاید پھر اس کا حملہ یونان پر ہوا، لیکن اس قدر یقینی ہی، کہ بجز کورنتھ کے سرزمین یونان مین اور کسی مقام پر یہ دباؤ نہین پکڑنے پائی۔

بداخلاقی کی ایک شاخ سے دوسری شاخ نکلتی ہی ٹیکیٹس و سوٹونیس جس رومی شہوت پرستی کا ذکر کرتے ہین، کیا عجب ہی اگر وہ اسی سے پیدا ہوئی ہو۔ ہر وقت مناظر خونین کے خوگر رہنے کا ایک عام اثر یہ تو صریحًا پیدا ہو گیا تھا، کہ لوگون کو

سنجیدہ دمتین مشاغل مین کوئی لطف نہین حاصل ہوتا تھا، اور بدمذاقی کی یہ نوبت آگئی تھی، کہ جب تک کسی ملعبہ مین جذبات شہوانی کو خوب جی بھر کر اکسایا نہ گیا ہو، تماشائیون کو کچھ مزہ نہین آتا تھا۔ جو لوگ نہایت چٹپٹی غذاؤن کے عادی ہوجاتے ہین، اُنھین سادہ کھانا پھیکا اور بیمزہ معلوم ہونے لگتا ہے۔ یہی حال رومی آبادی کا تھا، بعد مناظر خونین کے انھین اور کسی مشغلہ تفریح مین کچھ بھی لطف آتا، تو وہی ہوتا جس مین انسان کے قوائے شہوانی کی تصویر کھینچی گئی ہوتی۔ جن اشعار مین فحش و بیحیائی اور شہوت انگیز خیالات کی بھرمار ہوتی، وہ قدر کی نگاہون سے دیکھے جاتے اور جن کے کلام مین سادہ مضامین، آمیزش فحش سے پاک ہوتے، اُنھین کوئی پوچھتا تک نہ تھا۔

لیکن خیر، کامیڈی تو پھر بھی ملاعب سیانی کے علی الرغم جون توں قایم تھی، مگر ٹریجڈی کا گویا بالکل خاتمہ ہی ہوگیا تھا۔ یہ سچ ہے، کہ ایکٹر، سیانے سے زیادہ ہولناک و دردانگیز سمان کی تصویر پیش کرسکتا ہے لیکن یہ تصویر بہرحال تصویر ہوتی ہے، اصلی کیفیت زندگی تو نہین ہوتی۔ مانا کہ ایک اچھا ایکٹر، اپنے لب ولہجہ، حرکات وسکنات، وضع واندازکے لحاظ سے اپنے اندر عبرت آموزی و دردانگیزی کا بہترین مواد رکھتا ہے، لیکن جو لوگ خود اصلی واقعات قتل وہلاکت سے کوئی درد، عبرت و بصیرت نہین حاصل کرتے، انھین محض تصویر کشی کیونکر متاثر کرسکتی ہے؟ نفس بشری کی یہ حالت سلامتی ذوق، یہ ایک جبلی خصوصیت ہے، کہ خون وقتل کے مناظر سے اُسے وحشت ہوتی ہے اور ڈراما کا اصل مقصد یہ ہے کہ اسی جذبہ کو تقویت پہونچائے، لیکن جب مذاق اس قدر بگڑ جائے، کہ نفس مناظر خونین سے بجاے وحشت کے، لطف ولذت اٹھانے لگے تو ظاہر ہے کہ ایسی جماعت مین ڈراما کو کیونکر مقبولیت نصیب ہوسکتی ہے یہی سبب ہے کہ رومہ مین اس وقت ایک معمولی سیانے، بہتر سے بہتر ڈرامانویس وایکٹر سے

زیادہ کامیاب رہتا تھا۔

اس حقیقت پر تاریخ و تجربہ کا اجماع ہی، کہ ضمیر انسانی کو جو اذیت اپنے ابنائے جنس کے خون کو دیکھ کر ہوتی ہی، وہ بہ لحاظ نوعیت وہی ہوتی ہی، جو قتل حیوانات سے پیدا ہوتی ہی۔ فرق جو کچھ ہی، وہ صرف مدارج کا ہی، اور وہ کچھ اس سبب سے ہی کہ ہمین بہ نسبت حیوانات کے اپنے ہمجنسون کی تکلیف کا اندازہ کرنے مین زیادہ آسانی ہوتی ہی، اور کچھ باعث اس فرق کا ہماری ابتدائی تعلیم ہی۔ ورنہ نفس الامر کے لحاظ سے دونون جذبات ایک ہین۔ چنانچہ جس شخص نے ذبح حیوانات کا منظر کبھی نہ دیکھا ہو، وہ اگر پہلی بار کسی جانور کو ذبح ہوتے ہوئے دیکھے، تو اس کی تاب نہین لاسکتا ہی۔ مگر عادت ایسی شی ہی، جو کچھ عرصے کے بعد ہر تکلیف کو راحت بنا دیتی ہی۔ لوگ اول اول ذبح حیوانات کو دیکھ کر بیتاب ہو جاتے ہین، لیکن کچھ عرصے کے بعد اُنھین ذرا بھی تکلیف کا احساس نہین رہ جاتا۔ یہی حال انسانی خون ریزی کے مناظر کا ہی۔ عادت کا وہ قانون جو ذبح حیوانات پر عامل تھا، قتل انسانی پر بھی حاوی ہی۔ انسان پہلے تو جھجکتا ہی، لیکن عادی ہو جانے پر بالکل بیدردی و بیحسی چھا جاتی ہی، اور انسان بلا تکلف اپنے ہمجنسون کو خون مین غسل کرتے دیکھتا رہتا ہی۔ وحشیون کی ہر زمانے مین یہ عام حالت رہی ہی۔ آج بھی بعض مردم خور قبائل جو وحشت کی پست ترین سطح پر ہین، برابر اپنے ہمجنسون کو شکار کرتے رہتے ہین، اُسی بیدردی بلکہ لطف و مسرت کے ساتھ جیسے ہم جانورون کو شکار کرتے ہین۔ پس اگر رومی اپنے ابنائے جنس کے مناظر قتل و ہلاکت سے لطف اُٹھاتے تھے، تو یہ کوئی مستبعد و حیرت انگیز واقعہ نہین۔

بے شبہ آج ہمین ان واقعات کو پڑھ کر غصہ اور نفرت پیدا ہوتی ہی، لیکن ہمین بجاے خود اس پر غور کرنا چاہیے، کہ عادت کا اثر کس قدر عمیق و وسیع ہوتا ہی۔ نفس انسانی کی کوئی خصوصیت ایسی نہین، جسے انسان عادت کے ذریعہ سے کسب

نہ کر سکے، فرض کیجیے، کہ ایک شخص نیکی و حسن اخلاق کا مجسمہ ہے لیکن وہ پیدا ایسے
ملک مین ہوتا ہے جہان ان ملاعب سیاسی کی معصومیت بالکل مسلم سمجھی جاتی ہے اور
جہان ان کے متعلق اخلاقی حیثیت سے کسی کے ذہن مین شبہ بھی نہین پیدا ہوتا
ایسے ملک اور ایسی فضا مین، فرض کیجیے کہ وہ اپنے بچپن مین اسی نظارہ کے لیے
لے جایا جاتا ہے، تو فرمائیے، اس کی کیا حالت ہوگی؟ یہ ہوگی کہ شاید پہلی مرتبہ وہ
کچھ جھجکے، لیکن چند بار کے بعد یہ جھجک بالکل مٹ جائے گی، اور اُس پر اس بارہ
مین ایک کامل بےحسی چھا جائے گی۔ اور صرف یہی نہین، بلکہ اُسے ان مناظر مین لطف
بھی آنے لگے گا۔ ہمارے بعض معاصرین کو یہ کیفیت اس قدر مستبعد معلوم ہوتی ہے
کہ وہ اس سے انکار کرنے پر مایل ہین، لیکن میرے نزدیک اس مین کوئی ایسا
استبعاد نہین۔ اُس زمانے کے مخصوص حالات سے قطع نظر کرکے خود اپنے گرد و
پیش نظر کیجیے۔ آپ کے تمدن و شایستگی کے گہوارہ مین نشو و نما پانے والے بچون
کی کیا کیفیت ہے؟ انھین بھی تو اُن کھیلون مین زیادہ لطف آتا ہے جن مین کسی کو ستانا
اور ایذا پہونچانا ہوتا ہے۔ بڑے بڑے شکاریون کا کیا حال ہے؟ اُنھین بھی تو جانورون
کی جان لینے مین خاص لذت ملتی ہے۔ یہ بیجان چیزون کا کیون نہین شکار کرتے؟
صرف جان دارون کا کیون شکار کرتے ہین؟ اس لیے کہ انھین اسی مین زیادہ لطف
آتا ہے۔ جب یہ حال موجودہ دور کا ہے، جو ہم تن انسانیت و دردمندی کی تعلیم کا مدعی
ہے، پھر اگر ایسے دور مین جبکہ شقاوت و سفاکی کا معیوب ہونا بھی مشتبہ ہو، اگر سیاسی خونریزی
اس قدر عام، اور اس قدر مقبول ہو، تو حیرت و استعجاب کی کیا بات ہے؛ چنانچہ مشہور ہے
کہ شہنشاہ کلاڈیس کو مقتولون کی حالت نزع کے تماشے مین خاص لطف آتا تھا، اور
وہ دم توڑنے والے شخصون کے چہرے کو خاص دلچسپی و شوق سے بغور دیکھا کرتا۔
اور یہ تو ایک عام دستور تھا کہ جب کوئی سیاست مغلوب ہوکر گرتا، تو حاضرین اپنے

انگوٹھے کی ایک خاص علامت سے اس کا فیصلہ صادر فرماتے، کہ اُس کا حریف اُسے قتل کر ڈالے یا زندہ چھوڑ دے، اور سیانی کا وہ میزبان زیادہ شہرت حاصل کرتا، جو مہمانون (یعنی حاضرین) کی خوشی کے مقابلہ مین کسی مالی نفع کی پروا نہ کرتا۔

علاوہ ازین انسانی طبیعت مین جدت پسندی کا جو مادہ ودیعت کیا گیا ہی، وہ اس خصوص مین بھی نت نئی ایجادین دیکھنا چاہتا۔ دو آدمیون یا دو جانورون مین محض معمولی طور پر مساوی جنگ دیکھتے دیکھتے لوگون کا جی اُکتا گیا، اور اب اس مین طرح طرح کے اختراعات و تنوعات ہونے لگے۔ ایک مرتبہ ایک بالو کے ٹیلے پر ایک بیل اور ایک ریچھ زنجیرین باندھ کر لڑنے کے لیے چھوڑے گئے۔ ایک مرتبہ بہت سے قیدیون کو جنگلی جانورون کی کھال پہنا کر بیلون کے آگے چھوڑ دیا گیا، جنھین گرم آہنی سلاخون سے کونچ کونچ کر خوب مشتعل و غضبناک کر دیا گیا تھا۔ کیلوگلا کے عہد مین بصرف ایک دن مین چار سو ریچھ، اور کلاڈیس کے عہد مین تین سو ریچھ ہلاک کیے گئے۔ نیرو کے زمانے مین چار سو چیتون کو ہاتھیون اور بیلون سے مقابلہ کرنا پڑا، اور چار سو ریچھ اور تین سو شیر اس کے سپاہیون کے ہاتھ سے ہلاک ہوئے۔ ٹائیٹس نے ایک خاص تقریب کے موقع پر ایک دن مین پانچ ہزار جانورون کو کٹوا ڈالا۔ ٹریجن کے عہد حکومت مین ایک بار سیانی کا تماشہ لگاتار ۱۲۳ دن تک ہوتا رہا۔ شیر، چیتے، ہاتھی، گینڈے، سانڈ، زرافہ، بارہ سنگھے، گھڑیال، سانپ، غرض قسم قسم کا جانور حاضرین کے شوق جدت پسندی کو پورا کرنے کے لیے اکھاڑے مین چھوڑا جاتا۔ اور کیا انسانی خون ریزی مین اس سے کچھ کم بیدردی و شقاوت کا اظہار ہوتا تھا؟ گورڈی آن اول نے بارہ تماشے کرائے، اور ہر تماشے مین ۱۵۰ سے لیکر پان پان سو جوڑون کو سیانی کرنا پڑی۔ آریلین نے اپنی فتح کی خوشی مین ۸۰۰ جوڑین لڑائین۔ ٹریجن نے جو تماشہ عرصے تک جاری رکھا تھا، اس مین دس ہزار آدمیون کو لڑنا پڑا تھا۔ نیرو نے ایک شب کو اپنے باغ مین یون روشنی کرائی کہ عیسائیون کے قمیصون پر

تیل چھڑک کر ان مین آگ لگا دی۔ ڈومیٹین کے زمانے مین ملک بھر کے ضعیف الجثہ بوکنون کے باہمی مقاتلہ کی سیر دیکھی گئی، اور ایک سے زاید بار عورتون کو سیانی کے اکھاڑے مین اُترنا پڑا۔ ایک مرتبہ ایک قیدی کو صلیب مین جکڑ کر اُس پر ایک ریچھ چھوڑ دیا گیا ایک اور قیدی کو یہ سزا دی گئی، کہ جلتے ہوئے شعلہ مین اپنا ہاتھ داخل کر دے، ایک اور قیدی کا یہ حشر ہوا کہ اُسے زندہ آگ مین جلا دیا گیا غرض یہ کہ اہل روم مین خون آشامی اس درجہ بڑھی ہوئی تھی، کہ بڑے سے بڑے مناظر خونین کے تقاضے سے بھی یہ پیاس نہین بجھتی تھی، اور اس کے لیے بادشاہون کو مجبور ہو کر نئے نئے طریقے سفاکی و خون ریزی کے ایجاد کرنا پڑتے۔ یہ حالت رفتہ رفتہ اس قدر شدید ہو گئی تھی، کہ کوئی فرمان روا اگر لنگرون کی اجرا اور غلہ کی تقسیم مین بخل سے کام لیتا، تو اس سے وہ اپنی مقبولیت و ہر دلعزیزی کو اس قدر صدمہ نہ پہونچا سکتا، جتنا اس خاص پیشہ کی طرف بے اعتنائی کرنے سے۔ خود نیرو، جو تاریخ مین اپنی شقاوت کے لیے ضرب المثل ہے، غالبًا اپنی اسی خصوصیت کی بنا پر، رومیون کے نزدیک سب سے بہتر تاجدار ہوا ہے۔ شاہ ہیلیوگیبولس و گیلبریس کے بابت منقول ہے، کہ وہ کھانا کھاتے وقت بطور تفریح کے یہ مشغلہ کرتے رہتے، کہ اپنے سامنے قیدیون کو جنگلی جانورون سے پنجہ آزما ہوتے۔ بلکہ گیلبریس کی بابت تو یہ اُسی وقت سے مشہور تھا، کہ بغیر انسانی خون ریزی کے نظارہ کے کبھی اس کے حلق سے نوالہ نہین اُترا۔

ہمین ان واقعات کو سرسری نظر کے حوالہ نہ کر دینا چاہیے، بلکہ ان پر غور و تدبر کرنا چاہیے۔ کیونکہ مجھے یقین ہے، کہ جتنی بصیرت سیرت بشری کے حضیض اخلاقی کے متعلق ان کے ذریعہ سے ہو سکتی ہے، اتنی کسی فلسفیانہ مذاکرہ سے ممکن نہین۔ انھین کی مدد سے ہمین یہ معلوم ہوتا ہے کہ ہمارے موجودہ تمدن کی سطح اخلاقی حیثیت سے

کس قدر بلند ہی، اور انھین کی وساطت سے یہ پتہ چلتا ہی کہ مسیحیت نے اصلاح اخلاق عالم پر کیسا وسیع اثر ڈالا ہی، کیونکہ ملاعب سیانی کا خاتمہ تمامتر مسیحیت ہی کی کوششون کا نتیجہ ہی۔ فلسفہ ان پر لاکھ چین بجبین ہوتا رہتا، اخلاق ان پر ہزار لعن طعن کرتا، لیکن عوام کے نفوس پر ان کا اثر اتنا گہرا تھا، کہ بجز ایک مذہب جدید کے اور کوئی طاقت اس کے مٹانے مین کامیاب نہین ہوسکتی تھی۔

سیانی کی یہ مقبولیت و دلفریبی اس لحاظ سے مطلق حیرت انگیز نہین کہ دلکشی کے جتنے عناصر اس مین آکر مجتمع ہوگئے تھے، اتنے کسی دوسرے ملعبہ مین نہ تھے۔ لق و دق اکھاڑہ، امرا و اعیان دولت کی زرق برق پوشاکین، تماشائیون کا انبوہ کثیر، اُن کے ذوق و شوق کا اثر متعدی، اتنے بڑے مجمع مین ایک متوقعانہ سکون و خاموشی اسّی ہزار زبانون سے اکبار گی صدائے تحسین کا بلند ہونا، اس کی آواز سے شہر کیا معنی مضافات شہر تک کا گونج اُٹھنا، جنگ کا گھڑی گھڑی رنگ بدلتے رہنا، عدیم المثال جرأت و بیجگری کا اظہار، ان مین سے ہر شی تخیل کو متاثر کرنے کے لیے کافی ہی، اور ان کی مجموعی طاقت قدرتی طور پر نہایت قوی ہی۔ یہ معلوم ہی کہ سیّاف عموماً قیدی و غلام ہی ہوا کرتے تھے، لیکن تماشا کے جوش و خروش اور ان کے کرتب سے بیخود ہوکر حاضرین اس وقت ان کی غلامی و خطاکاری کو بالکل فراموش کرجاتے تھے بلکہ کوئی آنکھ ایسی نہین ہوتی تھی، جو انھین عزت و تعظیم کی نظرون سے نہ دیکھتی ہو۔ اور یہ عزت کچھ محض عارضی و ہنگامی نہین ہوتی تھی، بلکہ مدتون گھر گھر انھین کے تذکرہ رہتے تھے، گلی گلی انھین کے چرچے رہا کرتے تھے، اور جس سیاف نے غیر معمولی کامیابی حاصل کی، اس کی مدح مین تو شعرا قصاید خوانی کرتے تھے، اور نقاش و بُت تراش اپنے اپنے فن کو اس کی یادگار سے زینت دیتے تھے۔ مشہور سیّاف اسپارٹیکس، تین سال تک رومہ کی شجاع ترین افواج سے غیر مغلوب رہا۔ بہترین

رومی جنرل، سیافون کو بطور اپنے باڈی گارڈ کے رکھتے تھے۔ انٹونی جب زمانے کی
گردش مین آگیا، اور تمام رفقا نے اس کا ساتھ چھوڑ دیا، تو جو مختصر جماعت مرتے دم
تک اس کے ساتھ رہی، وہ یہی سیافون کی جماعت تھی۔ حسین کنواریان حریصانہ
انداز سے ان کو اکھاڑہ مین دیکھا کرتین، اور رومہ کی امیر سی امیر شریف زادیان
یہان تک کہ خود ملکۂ وقت، اس تمنا مین رہا کرتین، کہ کسی مشہور سیافون کا شمار اُن کے
عاشقون مین ہو۔ خود سیافون کی سیرت پر ان واقعات سے روشنی پڑے گی، کہ
وہ ان ملاعب کے اس قدر کم اور بدیر منعقد ہونے پر افسوس کیا کرتے تھے، اگر اکھاڑہ
مین اُترنے کی انھین اجازت نہ ملتی تو اس پر سخت شکایت کرتے، بجز نہایت قوی
حریف کے اور کسی سے مقابلہ کرنا اپنی توہین خیال کرتے۔ جس وقت ان کے زخمون
پر پٹی باندھی جاتی تو وہ بہ آواز بلند قہقہہ لگایا کرتے، اور جب زخمون سے چور ہو کر
زمین پر گرتے تو بلا تامل اپنا گلا اپنے حریف غالب کی تلوار کے آگے کر دیتے۔ پبلک
ان کا جس جوش و شوق سے استقبال کرتی، اس کے لحاظ سے بار بار ان کی
تعداد کو محدود رکھنے کے لیے قوانین نافذ کرنا پڑتے، مگر اکثر بے اثر رہتے۔ عام اہل شہر
خود، ان کے گروہ مین داخل ہونے کی کوشش کرتے، اور حکما اپنی تصانیف
کے لیے انھین ملاعب سے تمثیلات کا مواد اخذ کرتے۔ سیافون کے لیے جنگ سے
پیشتر تجرد لازمی تھا، پس ایسے ملک مین جہان شہوت پرستی کی اس قدر گرم بازاری
ہو، ان لوگون کا محتاط و مجرد رہنا، ان کی اخلاقی عظمت کی کافی دلیل ہے۔ اس سلسلہ
مین سب سے زیادہ عجیب بات یہ معلوم ہوتی ہے، کہ اُس زمانے کے اساطین مسیحیت تمام
بت پرستون مین سے سیافون ہی کے کیریکٹر کو مسیحی اخلاق سے ..... زیادہ
اقرب پاتے تھے۔ سینٹ آگسٹاین روایت کرتے ہین کہ میرے ایک مسیحی دوست
کو جب اس منظر کے دیکھنے کا اول بار اتفاق ہوا، تو اُس نے اس گناہ سے بچنے کے لیے

اپنی آنکھین بند کرلین، لیکن معاً ایک شور غیبی بلند ہوا، جس سے جھجک کر اُس نے آنکھین کھول دین، اور پھر تماشے کے خاتمے تک اپنی آنکھین بند کرنے پر قادر نہ ہوسکا۔"

ناظرین کے ذہن مین یہ سوال یقیناً پیدا ہوا ہوگا، کہ مانا، رومہ کے عوام الناس اس بہیمانہ خون آشامی پر عامل تھے، لیکن آخر حکما، اخلاق و مورخین اسے کس نقطۂ خیال سے دیکھتے تھے؟ اور ان کا ضمیر کیونکر مُردہ ہوگیا تھا؟ اس کا جواب یہ ہے کہ یہ ملاعب ابتداءً مذہبی قربانیان تھین، جن کے ذریعہ سے ارواح کو خوش کیا جاتا تھا، پھر رفتہ رفتہ اس عقیدہ نے بھی مذہبی شکل اختیار کی، کہ جانور کی طرح محض ذبح ہوجانے سے انسان کے لیے یہ طریقہ زیادہ قرین انسانیت و شرفیانہ ہے کہ وہ لڑکر جان دے۔ اب سیاف جو ہوتے تھے، وہ انھین چار طبقون مین سے ہوتے تھے۔ (۱) کچھ تو وہ لوگ ہوتے تھے، جو اپنے آزاد پیشہ رکھتے تھے، مگر اپنی خوشی و شوق سے انھون نے اس پیشہ کو اختیار کیا تھا۔ ایسے لوگون کا خون خود انھین کی گردن پر تھا۔ وہ خود سرفروشی کے لیے تیار ہوئے تھے، اور انھین اس سے کون باز رکھ سکتا؟ (۲) دوسرے اس طبقے مین غلام تھے۔ غلامون کی بابت پہلے تو یہی بحث رہی ہے، کہ ان مین روح ہوتی بھی ہے یا نہین۔ جب تک یہ مسئلہ نہین طے ہوا، تب تک تو ظاہر ہے کہ کسی کو ان پر کیون ترس آتا۔ البتہ جب خیالات مین اتنی وسعت آگئی، کہ یہ بھی ایک طرح کا حس رکھتے ہین، تب ان کے حقوق جان پر توجہ ہونے لگی، اور خود بادشاہ کو قانوناً ان کے حلقۂ سیافین مین داخلہ کی ممانعت کرنا پڑی۔ (۳) تیسرا گروہ اُن مجرمون پر مشتمل ہوتا تھا، جن کے لیے عدالت سزائے موت تجویز کرچکی ہوتی تھی۔ ایسی صورت مین اگر یہ سیافی مین مقتول ہوتے، تو تو ان کو وہی سزا مل جاتی، لیکن اگر یہ معرکے مین غالب آجاتے، تو اکثر حالتون مین ان کی جان بخشی ہوجاتی۔

اور اس طرح ان لوگون کی شرکت سیانی کسی طرح مذموم نہین خیال کی جاتی تھی۔
(۴) چوتھے نمبر پر اس مین اسیران جنگ ہوتے تھے۔ مگر ایسے زمانے مین جب کہ ہر اسیر جنگ کا قتل کر ڈالنا بالکل جائز تھا، اگر یہ غریب سیانی کر کے جان دیتے، تو اس مین کسی کو کیا قباحت نظر آسکتی تھی؟

اسباب بالا کی بنا پر حکماء اخلاق مین سے کسی کو اس دستور کے انسداد کا خیال تک نہین آیا۔ زیادہ سے زیادہ جس شخص نے اصلاح کرنا چاہی، وہ یہ کی، کہ اس کو کسی قدر محدود رکھنا چاہا۔ اس مسئلہ کی طرف، کہ قتل و ہلاکت کو، خواہ وہ مجرمون و خطا کارون ہی کی ہو، ایک مشغلۂ تفریح و لطف بنا لینا بجائے خود سخت مذموم ہی، اُس وقت کے کسی فلسفیانہ مسلک کا ذہن نہین منتقل ہوا تھا۔ البتہ چند افراد کو کبھی کبھی یہ خیال گزرتا تھا سسرو کہتا ہی "بعض اشخاص کو ملاعب سیانی ظالمانہ و خلاف انسانیت نظر آتے ہین، مین یہ نہین کہتا، کہ ان کا موجودہ طریقہ قابل اصلاح نہین ہی، لیکن اس مین شک نہین، کہ مجرمون کو جنگ پر مجبور ہوتے دیکھنے سے کوئی بہتر طریقہ تحمل شدائد و موت پر صبر کی تعلیم حاصل کرنے کا نہین ہو سکتا"۔ سینیکا کے خیالات اس سے زیادہ عالی ظرفانہ ہین۔ وہ ان ملاعب کو تمامتر قبیح سمجھتا ہی، اور ان کی قباحتون کو پُر قوت طریقے سے ظاہر کرتا ہی۔ اُسے اس استدلال کی صحت تسلیم نہین، کہ چونکہ مقتول مجرم ہوتے ہین، لہذا ان کے قتل سے لطف اندوزی جائز ہی۔ وہ کہتا ہی، کہ یہ ملاعب بہر صورت وحشیانہ، قصابانہ، بیرحمانہ، اور قابل نفرت ہین۔ پلوٹارک، اس باب مین اپنے تمام معاصرین سے آگے تھا۔ وہ صرف انسانی خون ریزی ہی کو نہین، بلکہ حیوانات کشی کو بھی ناجائز قرار دیتا ہی، اور کہتا ہی، کہ کشت و خون، خواہ انسان کا ہو یا حیوان کا، بہر صورت قابل نفرین ہی۔ ان کے علاوہ تین اشخاص کی اور مثالین ملتی ہین۔ پٹرونیس[1] کی جونیس[2] مارکیس کی، اور سب سے بڑھ کر مارکس آریلیس[3] کی، جس نے سیانون کو صرف

کُند تلوارون سے لڑنے کی اجازت دی تھی۔ پس ان چند افراد، اور اہل اتھنز کو مستثنیٰ کر دینے کے بعد ساری بُت پرست دنیا مین اس ملعبۂ شقاوت مجسم کے خلاف کسی صدائے احتجاج کے بلند ہونے کی نظیر نہین ملتی۔ جونیل، جس کی ہجو گوئی ونکتہ چینی سے، غلامی سے لیکر رومی اطوار وعوایدکی کوئی قباحت نہین بچی ہے، اس ملعبہ کا مکرر ذکر کرتا ہے، مگر اس کے لب ولہجے مین اس کی جھلک بھی نہین پائی جاتی کہ وہ اسے ذرا بھی قبیح ومذموم سمجھتا ہے۔

اسی طرح اکابر مورخین مین جنھون نے ان واقعات کو ہم تک پہونچایا ہے، ایک شخص بھی ایسا نہین ہوا ہے جو ان واقعات کا اس طرح تذکرہ کرتا ہو کہ گویا کسی معصیت یا بداخلاقی کا ذکر کر رہا ہے۔ ایک آدھ نے جو نکتہ چینی کی جرأت کی بھی ہے، تو اخلاقی حیثیت سے مطلق نہین، بلکہ اس خیال سے کہ اس سے ملک وحکومت کے لیے ایک خطرناک گروہ کی تعداد مین اضافہ ہوتا جاتا ہے، یا اس بنا پر کہ اس سے لوگون مین تماشا پسندی کا شوق بڑھتا جاتا ہے۔ رومیون کا مطمح نظر یہ تھا، کہ انسان بجائے منکسر وحلیم ہونے کے جری وبیباک ہو، اور جس کسی صورت سے بھی انسان کا دل موت کی طرف سے بیخوف ہوتا ہو، وہ ان کے نزدیک نہ صرف جائز بلکہ مستحسن تھی، خواہ اس سے جذبات فاضلہ کا کیسا ہی خون ہوتا ہو۔ ٹائیٹس وٹریجن جن کے عہد حکومت کی مدت قلیل مین یہ ملاعب خونین سب سے کثرت کے ساتھ منعقد ہوتے رہے، رحم دل وخداترس فرمانروا ہوئے ہین۔ اور گو ان کے دوران حکومت مین علی الترتیب ۳۰۰۰ و ۱۰۰۰۰ اشخاص کو اپنی جانین دینا پڑین، مگر کسی رومن نے ان کی جانب سفاکی وشقاوت کا انتساب نہ کیا۔ بلکہ سویٹونیس تو ٹائیٹس کی خوش مزاجی کی دلیل اس سے لاتا ہے کہ وہ سیانی کا تماشہ دیکھنے کی حالت مین لوگون سے ہنسی مذاق کرتا جاتا تھا، اور پلینی اس بنا پر ٹریجن کی مدح وثنا مین رطب اللسان ہے، کہ وہ صرف ایسے ملاعب کی سرپرستی وقدردانی کرتا تھا، جن سے انسان ہلاکت وجراحت کا عادی ہوتا ہے، نہ کہ اُن کی

جو مزاج مین نشائیت پیدا کرتے ہین۔ یہی مصنف، جو خود بھی نہایت حلیم الطبع وفیاض طبع شخص تھا، اپنے کسی دوست سے ایک مرتبہ باشندگان دیر دنا کی اس استدعا کی منظوری کی سفارش کرتا ہی، کہ ان کے شہر مین یہ ملعبہ خونین منعقد ہو۔ اور اس کے آخر مین کہتا ہی کہ "اس قدر عام استدعا کے بعد اس کو نامنظور کرنا، سیرت کی مضبوطی واستحکام کی دلیل نہین، بلکہ ان لوگون پر صریحًا ظلم کرنا ہی" اور زیادہ قدیم زمانے کو جانے دیجیے، چوتھی صدی عیسوی کے خاتمے تک یہ حال تھا، کہ ایک بزرگ نے جو اپنے معاصرین پرستون مین نہایت درجہ خوش اخلاق وپاکیزہ کردار سمجھے جاتے تھے، اپنے لڑکے کی کسی تقریب مین چند سیکسن قیدیون کو سیافی کے لیے تیار کیا، مگر ان غریبون نے یوم مقررہ سے پیشتر قید خانے ہی مین خودکشی کر لی۔ اس پر یہ بزرگ بیحد متاسف ہوئے، اسے اپنی بدنصیبی سے تعبیر کیا، اور اپنے آپ کو اس خیال سے تسکین دی کہ سقراط و دیگر فلاسفہ کو بھی اسی طرح کے مصایب صعب برداشت کرنا پڑے ہین۔

رومیون کی سیافی کی تاریخ مین تفصیل سے بیان کر چکا۔ لیکن "عیب مے جملہ بگفتی ہنرش نیز بگو" کے سررشتۂ اصول کو کبھی ہاتھ سے نہ دینا چاہیے۔ گزشتہ بیانات سے یہ نتیجہ نکالنا صحیح نہ ہوگا، کہ رومی اخلاق تمامتر بربریون کے اخلاق تھے، اور رومی سیرت کا خمیر وحشت وبربریت سے تھا۔ فطرت بشری، جسے اکثر فلاسفہ ایک سطح ہموار کی مانند سمجھے ہوئے ہین، متعدد ناہموارلیون اور تناقضات سے لبریز ہی۔ یکرنگی تو اسے چھو نہین گئی ہی۔ ہر جگہ دورنگی کا جلوہ نظر آئے گا۔ اور یہ بالکل ضروری نہین، کہ اگر کسی شخص کا کوئی ایک اخلاقی پہلو مذموم ہو، تو اس کے اخلاق یکسر قبیح ہون۔ اس لیے یہ نتیجہ ہرگز صحیح نہ ہوگا کہ جو اشخاص اُس زمانے مین ملاعب سیافی سے مسرت حاصل کرتے تھے، وہ لازمی طور پر اُسی قدر بداخلاق تھے جتنے زمانہ حال مین ان ملاعب مین دلچسپی لینے والے اشخاص ہو سکتے ہین۔ کیونکہ یہ اکثر دیکھنے مین آیا ہی، کہ جو لوگ

اپنے دور توحش کے معیار اخلاق پر قائم رہے، خواہ وہ ظالمانہ و خونخوارانہ ہی ہو، اُن لوگوں سے اخلاقاً بدرجہا برتر ہوئے ہین، جو دور تمدن جدید مین معیار اخلاق معاصرانہ سے تھوڑا بھی پست ہوئے ہین۔ اور یہ تو آئے دن کا مشاہدہ ہی کہ جو لوگ کسی ایک مخصوص طبقے کے ساتھ نہایت ظالمانہ برتاؤ رکھتے ہین، وہ دوسرون کے ساتھ بہ غایت عنایت و تلطف پیش آتے ہین۔ یا جو بعض مواقع پر بالکل موم معلوم ہوتے ہین، وہ دوسرے حالات مین فولاد ثابت ہوتے ہین۔ بعض افراد ایسے بھی ہوتے ہین، جو ظالمانہ رسوم کو تو بے تکلف برتتے رہتے ہین، لیکن رسمی حیثیت سے علیحدہ ہو کر اُن سے کسی ظالمانہ فعل کا ارتکاب ناممکن ہی۔ غرض یہ کہ اخلاق کے کسی ایک پہلو کو دیکھ کر اُس کے تمام پہلوؤن کے متعلق زیادہ سے زیادہ تقریبی و تخمینی نتائج نکال سکتے ہین، کوئی کلی و قطعی نتیجہ نہین نکال سکتے۔ مثلاً یہ دیکھ کر کہ ایک شخص حیوانات پر سخت ظلم کرتا ہی، یہ ظاہر یہ نتیجہ بالکل صحیح معلوم ہوتا ہی کہ وہ اپنے ہمجنسون سے بھی سخت ظالمانہ سلوک کرتا ہوگا۔ یا یہ کہ جو حیوانات پر رحیم ہی، وہ انسان پر بھی رحیم ہوگا۔ لیکن تجربہ کی شہادت اس نتیجہ کی بتمامہ تصدیق نہین کرتی۔ اسپینوزا، دنیا کے اُن معدودے چند افراد مین گزرا ہی، جو حلم و سلیم الطبعی، فیاضی و نیک مزاجی، اور عام پاکیزگی اخلاق کے لحاظ سے ضرب المثل کی شہرت رکھتا ہی، لیکن اسی اسپینوزا کا خاص مشغلۂ تفریح یہ تھا، کہ یہ مکھیون کو پکڑ پکڑ مکڑی کے جال مین ڈالتا تھا، اور خود بیٹھا ہوا اُن کے دم توڑنے کا تماشہ دیکھا کرتا تھا۔ علمبرداران انقلاب فرانس جو انسانی خون پانی کی طرح بہ کمال بیدردی بہایا کرتے تھے، (مثلاً فوریئر، میرٹ، پینیس، وغیرہ) ان مین سے اکثر ایسے ہوئے ہین، جو جانورون سے نہایت درجہ محبت رکھتے تھے۔ بیکن بیان کرتا ہی کہ ترک عموماً ایک ظالم قوم ہین، لیکن حیوانات کے ساتھ بہ غایت شفقت و محبت پیش آتے ہین، یہان تک کہ ایک عیسائی کو اس جرم مین انھون نے

سنگساری کرکے قریب بہ ہلاکت پہونچادیا کہ اُس نے ایک مرغ کو مار ڈالا تھا۔ مصر مین کیڑے مکوڑے تک کا علاج کیا جاتا ہی، لیکن انسانی درد و دکھ گویا اس قابل ہی نہین سمجھے جاتے کہ کوئی اُدھر اعتنا کرے۔ یہی حال کم و بیش تمام مشرقی اقوام کا ہی۔ اس کے مقابلے مین، سیاحون کا بیان ہی کہ اسپین مین بیلون کی جنگ دیکھنے کا شوق عام ہی، حالانکہ اہل اسپین بہت ہی نیک و حلیم الطبع ہوتے ہین۔ یا پھر اسی طرح بعض مشہور فاتحون کا حال سنا گیا ہی، کہ وہ بڑی بڑی بڑی فوجین تو بلا تامل کٹوا ڈالتے تھے، لیکن افراد کے ساتھ انتہا سے زیادہ ہمدردانہ و رحیمانہ برتاؤ کرتے تھے۔

اہل رومہ اس تناقض عملی سے مستثنیٰ تھے۔ جو اشخاص ایک طرف اکھاڑے مین انسانی خون ریزی کو بہ کمال مسرت دیکھا کرتے تھے، وہی تھیٹر مین جب شاعر ٹیرنس کی زبان سے اخوت انسانی کی تعلیم سنتے تو انھین کے نعرہ ہاے تحسین سے پورا پنڈال گونج اُٹھتا۔ ایک مرتبہ کسی رئیس کے قتل پر جب قاتل کا پتہ نہ چلا، تو سنیٹ نے مجبور ہو کر اُس کے چار سو غلامون مین سے سب کو سزاے موت کا حکم سنا دیا۔ اس پر شہر مین ایک تہلکہ مچ گیا، بلکہ علانیہ بغاوت شروع ہو گئی۔ ایک بار ایک سردار ارکسو نے (اغسطس کے زمانے مین) اپنے لڑکے کو کسی بات پر اتنا مارا، کہ وہ اس صدمہ سے مر گیا۔ اس پر شہر مین اتنی برہمی پھیلی کہ لوگون نے اس کے مکان کا نرغہ کیا، اور بڑی مشکل سے اس کی جان بچی۔ اسی طرح کیٹو اول نے اس خطا پر ایک ممبر سنیٹ کو اس کے عہدہ سے معزول کر دیا، کہ اُس نے ایک شخص کو سزاے موت دیے جانے کا ایسا وقت مقرر کیا تھا، کہ اس کی صاحبہ بھی اس منظر کو دیکھ سکتی تھی۔ خود ملاعب سیاتی تک مین کبھی کبھی انسانیت کی جھلک نظر آجاتی تھی۔ ڈرڈسس سے لوگ اس بنا پر ناخوش تھے، کہ وہ مناظر خونین مین خاص لطف حاصل کرتا تھا، اور کیلوگلا سے اس بنا پر، کہ وہ حالت نزع کو بہت ذوق و شوق سے

دیکھتا ہی۔ شاہ کریکلا اپنے بچپن مین اتنی بات پر سر دلغزیز ہوگیا تھا، کہ بعض قاتلون کو سزاے موت پاتے ہوئے دیکھ کر اس کے آنسو نکل آتے تھے۔ یہ آج کل بازیگر، جو دو بانس گاڑ کر اُن مین ایک رسّی باندھ کر اُس کے اوپر چلنے کا تماشہ کرتے ہین، یہ اُس زمانے مین بھی جاری تھا۔ لیکن مارکس آریلیس نے یہ قانون نافذ کردیا تھا کہ کوئی بازیگر بغیر اس کے کہ رسی کے نیچے جال یا مثل اُس کے کوئی شی اُسے صدمہ سے محفوظ رکھنے والی ہو، یہ تماشہ نہ کرے۔ یہ احتیاط ایسی ہی، جسے آج کوئی نہین برتتا لیکن اُس زمانے مین اسے برتا جاتا تھا۔ ان متفرق مثالون سے ثابت ہوتا ہی، کہ رومی سیرت سے جس انسانیت بالکل فنا نہین ہوگیا تھا۔

فصل (۶)

ملک کی بداخلاقی پر رواقیت کے اصلاحی اثرات

فصل ماسبق سے معلوم ہوا ہوگا، کہ رومی حکماء اخلاق، اور عام رومی آبادی کے درمیان ایک وسیع خلیج حائل تھا۔ ایک طرف تو رومی فلسفۂ اخلاق تھا، اس قدر بلند، اس قدر شان دار، اس قدر عالی ظرفانہ، کہ زمانے نے اُس کی نظیر تو شاید کبھی پیدا کی ہو، لیکن اس سے بہتر نمونہ تو دنیا مین آج تک نہین دکھائی دیا ہی۔ دوسری طرف رومیون کا طرز عمل تھا، اخلاق سے معرّیٰ، بدچلنی و سیہ کاری سے لبریز، اور اعمال بربریّت و وحشت سے پُر۔ متقدمین روم کا ضابطہ اخلاق اگرچہ محدود و ناقص تھا، تاہم اُن کی وطنیت، اُن کی عسکریت، اور اُن کی معیشت کی سادگی اُن سے اس پر عمل کرالیتی تھی۔ بہ خلاف اس کے متاخرین کا ضابطہ اخلاق تو نہایت بلند و مکمل تھا، لیکن عمل کا کہین پتہ نہ تھا۔ اصول اخلاق، کتابون کے صفحات، اور

حکمار کی زبانون تک محدود تھے۔ ایسی حالت مین حکما، اخلاق کے پیش نظر سب سے اہم یہ مسئلہ تھا، کہ اپنی تعلیمات کو عوام کے دلون تک کیونکر پہونچائین، اور اُن سے کیونکر عمل کرائین۔

اس مسئلہ کو رواقیت پوری طرح تو حل نہ کرسکی، تاہم اس سے جو کچھ بن پڑی اُس نے کیا۔ اور گو مرض کا کامل استیصال نہ ہوسکا، تاہم اس کی دوائین بالکل بے اثر بھی نہین رہین۔ رواقیت کا سب سے زیادہ مفید اثر یہ پڑا، کہ ایسے متعدد تاجدار پیدا ہوتے رہے، جنھون نے اپنے قوت و اقتدار سے نیکی کی مشعل کو روشن رکھا۔ اکثر ایسا بھی ہوا، کہ نالایق جانشین نے لایق پیش رووں کی اصلاحات کو مٹا دینا چاہا، تاہم ان کی پوری بیخکنی کبھی نہ ہوسکی، اور ان کے آثار کم و بیش بہرحال قائم رہے۔ رومی دسترخوان کی فضول خرچیان ایک زمانے مین حد سے بہت متجاوز ہوگئین تھین، لیکن جب سے شاہ وسپیسین نے خود اپنے دسترخوان کے اخراجات محدود کیے، الناس علی دین ملوکھم کے اقتضا سے تمام امرا، وارکان دربار کو از خود اعتدال کا سبق مل گیا، اور اس طرح شاہی طرز عمل خود بخود سارے ملک کے لیے ایک درس ہدایت بن گیا۔ اسی طرح نیرو کی تخت نشینی سے لیکر مارکس آریلیس کی موت تک، ۸۴ سال کی مدت حکومت، رومہ مین اخلاقی حیثیت سے اس قدر پُرامن رہی ہے، کہ اس کی نظیر کسی استبدادی حکومت مین نہین مل سکتی، اور یہ پانچ تاجدار، جنھون نے اس اثنا مین فرمان روائی کی، منجملہ دنیا کے بہترین فرمانروا ؤن کے ہوئے ہین۔ ٹریجن وہیڈرین کی اخلاقی زندگی اگرچہ سخت قابل اعتراض تھی، تاہم ان کی قابلیت مسلم ہے۔ انٹونیس و مارکس آریلیس بہ حیثیت مدبرین کے چندان شہرت نہین رکھتے، تاہم ان کے فضائل اخلاقی مین کس کو شک ہوسکتا ہے؟ اس چہل سالہ مدت مین تمام دنیاے متمدن پر امن، سکون، و صلح کی حکومت چھائی رہی۔

بربریون کے حملے ابھی نہین شروع ہوئے تھے، مختلف قومین جو رومی شہنشاہی کی ترکیب مین شامل تھین، حریت فکری پر قانع، اور حقوق سیاسی کی جدوجہد سے ناآشنا تھین، اور جس سرزمین کی حفاظت کے لیے اس وقت تیس لاکھ سے زاید سپاہی درکار ہین اُس وقت اُس کے لیے صرف تین لاکھ آدمی کافی تھے۔

اس صورت حال کی تخلیق کا، رواقیت اگر سب سے بڑا باعث نہین، تو ایک بڑا باعث ضرور تھی۔ اور دوسرے شعبون مین تو اس کا اثر اور بھی بدیہی و قطعی تھا۔ رواقیت کا ایک اہم اصول یہ تھا کہ حکیم کو ملک کی عملی زندگی مین حصہ لیتے رہنا چاہیے۔ اس کا قدرتی نتیجہ یہ نکلا، کہ رواقیت و وطنیت مین ایک تلازم پیدا ہوگیا۔ اور وہی اندرونی اخلاقی تحریک، جو اشراقیین کو خیالی تصوف مین مشغول رکھتی ہے، اور کتھولکون کو ترک دنیا پر آمادہ رکھتی ہے، اُس کا رواقیین پر یہ اثر پڑا، کہ ان مین خدمت ملک و وطن کا سرفروشانہ جوش پیدا ہوگیا۔ چنانچہ اس زمانے مین بھی، جبکہ رومیون سے اُن کے اخلاق ایک ایک کرکے رخصت ہو رہے تھے، جبکہ بیرونی مذاہب، اور غیر ملکی تمدن و تعیش کے متواتر حملون سے رومی قومیت کا شیرازہ درہم برہم ہو رہا تھا، اور جبکہ رومی حریت سیاسی اپنی عمر کی آخری گھڑیان پوری کر رہی تھی، اگر کوئی جماعت بدستور اپنے قدیم اخلاق پر قائم، اور روایات اخلاقی کی حامل موجود تھی، تو وہ رواقیین ہی کی جماعت تھی۔ انھین مین فضائل اخلاق مجتمع تھے، اور اب درحقیقت فضائل اخلاق، عبارت ہی انھین کی ذات سے تھے۔ یہ سچ ہے کہ اُن تمام لوگون کی مانند جو سیاسیات مین مذہبی غلو سے کام لیتے ہین، ان مین وہ اداری و روشن خیالی کی جگہ قدامت پسندی، جمود، و عدم مسالمت تھی، لیکن ان کی ان خامیون کا نعم البدل اُن کی شریفانہ استقامت و ہمت تھی۔ ان کی معاشرت کی سادگی، ان کی زندگی کی بے لوثی، اور اُن کی موت کی عظمت، نیرو و ڈومیٹن کے

عہد مین بھی رومی آزاد خیالی کی بات رکھے ہوئے تھی۔ اور جب تک ان کا وجود تھا، یہ کوئی نہین کہہ سکتا تھا، کہ اخلاق پر اجل طاری ہوگئی ہی، کیونکہ ان کی زندگی بجائے خود، نیک کرداری کی ضامن، استبداد کے خلاف ایک حجت قاطع، اور بدچلنی کے خلاف ایک بلند صدائے احتجاج تھی۔

ایک اور طریقے پر رواقیت، رومہ کی حیات اخلاقی کے قیام مین اور بھی زیادہ معین ہوئی، اور وہ رومی قوانین کی وساطت سے۔ علمی زندگی کے ہر شعبہ مین، رومہ و یونان ایک دوسرے کے حریف رہے ہین، اور اپنی اپنی فضیلت کے مدعی، لیکن انصاف یہ ہی، کہ جس شعبۂ وحید مین رومہ کو فی الواقع افضلیت حاصل ہی، وہ قانون ہی۔ "ہمارا کام ملکون پر حکومت کرنا ہی" یہ رومیون کا دعویٰ ان کے شعرا کی زبان سے ادا ہوا ہی، اور اس مین شبہ نہین، کہ ان کی بے نظیر انتظامی قابلیت ان کے اس دعویٰ کی شاہد عادل ہی۔ قانون کی عزت و تعظیم اُن کا قومی خاصہ تھا جس کی تعلیم وہ بچپن سے پاتے تھے، اور یہ عقیدہ ان کی سرشت کا جزو بن گیا تھا۔ مگر جمہوریت کے زمانے مین جو قوانین وضع ہوئے تھے، وہ چونکہ ایک محدود پیمانے پر، اور صرف مختص القوم و مختص المقام جنگی و مذہبی خصایص کو پیش نظر رکھ کر وضع کیے گئے تھے، اس لیے وہ دور شہنشاہی کے روز افزون سیاسی ضروریات کے لیے بالکل ناکافی تھے۔ اور اس لیے لامحالہ ان مین تجدید و ترمیم شروع ہوئی، جو اغسطس کے زمانے سے لیکر ہیڈرین و الگزنڈر سیورس کے زمانے تک ہوتی رہی، اور بالآخر تھیوڈوسیس و جسٹینین کے قلم سے مکمل ہوئی۔ اس وضع و تاسیس قانون کے دو حصے تھے۔ ایک حصہ تو بالکل اساسی و بنیادی اصول، اور عدالت و مقننین کے لیے عام ہدایات پر مشتمل تھا، اور جزو دوم مخصوص و متعین دفعات پر شامل تھا۔ ان مین سے جزو اول تمام تر رواقیت سے ماخوذ اور اسی پر متفرع تھا۔ اور چونکہ رواقیت کا سنگ بنیاد مسلّمات

ومساوات انسانی تھا، اس لیے یہی مسئلہ رومی قانون کا بھی اصل الاصول قرار پایا۔ رواقیین اس کے قائل تھے، کہ تمام انسان اصلاً متحد ہین، اور ذات پات، امارت وافلاس، حکمرانی ومحکومیت، ملکی وغیر ملکی، وغیرہ کی مصنوعی تفریقات محض خانہ ساز بندشین ہین اس اصول کو رومی واضعان قانون نے بتمامہ لے لیا۔ الپیین (مشہور واضع قانون) کہتا ہی، کہ "جہان تک قانون فطرت کا تعلق ہی، تمام افراد مساوی ہین"۔ "فطرۃً ہر شخص آزاد پیدا ہوا ہی"۔ دوسرا مقنن پال کہتا ہی، کہ "فطرت نے تمام اشخاص کے درمیان ایک رشتۂ اتحاد رکھا ہی"۔ ایک اور مقنن فلورنٹیس کے الفاظ یہ ہین:۔ "غلامی اُس انسانی دستور کا نام ہی جس کی بنا پر، قانون قدرت کے علی الرغم ایک شخص دوسرے پر حکمرانی کرنے لگتا ہی"۔ اسی قبیل کے احکام واصول سے رومی حکام کو بھی یہ ہدایت کردی گئی، کہ جب کسی مقدمے مین غلامی وحریت کے درمیان اشتباہ پڑ جائے، تو عدالت کو ہمیشہ آخر الذکر کے حق مین فیصلہ کرنا چاہیے۔

رومن قانون پر فلسفہ کا دُہرا اثر پڑا۔ ایک تو اس حیثیت سے کہ اُس کی وضع ونوعیت ہی فلسفیانہ رہی، یعنی یہ نہین ہوا، کہ مقامی ضروریات کی دفع الوقتی کے لیے کچھ سرسری قواعد مقرر ہوگئے، بلکہ حق واستحقاق کی ماہیت عقلی حیثیت سے طے کر لینے کے بعد عام کلیات واصول منضبط کیے گئے۔ اور دوسرے اس لحاظ سے کہ یہ اصول رواقیت ہی کے فروع تھے۔ رواقیت کو رومی حکماء اخلاق مین جو حسن قبول حاصل تھا، نیز قوم کی عملی زندگی مین اُسے جس قدر دخل تھا، اور پھر اس کے مواعظ وکلیات کی اعجاز بیانی، ان سب چیزون نے مل کر اُسے قانون کے ساتھ ایسا مدغم ومنضم کردیا، کہ پھر ان دونون مین کبھی افتراق نہ ہوسکا۔ اور چونکہ رومی قانون تمام دنیا پر محیط ہوگیا ہی، اور اب تک ہی، اس لیے رواقیت سے دنیاے متمدن کا کوئی قانون غیر متاثر نہین۔ اور آج دنیا مین جہان جہان قانون کے پردے مین اخلاق کام کرتا نظر آتا ہی، یہ سب رواقیت ہی کی

صدائے بازگشت ہی۔

اصول رواقیت، عملاً دنیا کے ہر ضابطۂ قوانین پر کس حد تک چسپاں ہوتے ہین؟ اس بحث کو چھیڑنا ہمارے فرایض مین داخل نہین۔ اس قدر اشارہ کر دینا کافی ہی کہ کوئی شعبہ ایسا نہین، جس کے اصول معدلت وانسانیت کی تہ مین رواقیت کا اثر اپنا کام نہ کر رہا ہو۔ سیاسی زندگی مین ہم دیکھ چکے ہین، کہ رواقیت ہی کے اثر سے رومی شہریت کے حقوق، جو حفاظت خود اختیاری وحقوق قانونی پر مشتمل ہین، کیونکر ایک مخصوص طبقے سے نکل کر تمام آبادی ملک کو ملے۔ اسی طرح خانگی زندگی مین افسر خاندان کو جو اختیارات شروع سے حاصل چلے آتے تھے، اُن پر بھی رواقیت نے کافی اثر ڈالا۔ اور چونکہ اس سے ایک نئے اصول کی بنیاد پڑی، جس پر سارے ملک کی حیات عمرانی قائم تھی، اس لیے ہم چند لفظون مین اس کی تشریح کر دینا چاہتے ہین۔

اتنی بات سے ہر شخص واقف ہو گیا، کہ ارتقا، اخلاق مین ترتیباً سب سے پہلے نمبر خانگی فضائل اخلاق کا آتا ہی۔ لیکن اپنے ابتدائی مدارج مین اس قانون کی صرف ایک دفعہ ہوتی ہی، یعنی افسر خاندان کی اطاعت، اور بس۔ رفتہ رفتہ جب جذبات الفت وہمدردی کا نشو ونما ہونے لگتا ہی، تو بجاے ایک ہی فریق کے سر ساری ذمہ داری عاید ہونے کے، طرفین پر فرایض کا بار ڈالا جاتا ہی، یہان تک کہ ترقی تمدن کے اقتضا سے بالآخر تمام اعضاء خاندان مین اشتراک، بلکہ ایک حد تک مساوات پیدا ہو جاتی ہی۔ اس کا ذکر مین تفصیل کے ساتھ کسی آیندہ باب مین کرون گا، کہ بیوی کیونکر ایک غلام محض کی حیثیت سے تدریجاً ترقی کر کے شوہر کی رفیق وہمسر بن جاتی ہی۔ یہان یہ کہنا ہی، کہ ارتقاء تمدن کے ساتھ اولاد کے مرتبہ و درجہ مین ترقی ہوتی جاتی ہی۔ پہلے سارے فرائض اولاد کے سر، اور سارے حقوق والد کے ہوتے ہین، لیکن بعد کو والد ومولود دونون کے ذمے کچھ کچھ فرائض اور کچھ کچھ حقوق آجاتے ہین۔ پہلے باپ محض حکومت کے لیے

اور بیٹا محض اطاعت کے لیے تھا، لیکن اب حکومت و محکومیت کی جگہ رفاقت، الفت وہمدردی لے لیتی ہی۔ قدیم روما (و نیز اسپارٹا) مین وہی پرانا دستور تھا۔ یعنی باپ سب کچھ اور اولاد کچھ بھی نہین۔ باپ صرف غیر مسئولانہ حکمرانی کے لیے تھا، اور بیٹا صرف اس لیے تھا، کہ اطاعت وغلامی کے دائرے سے کبھی قدم باہر نہ نکالے۔ رومی مقننین کو فخر تھا، کہ باپ کو اپنی اولاد پر جیسی غیر محدود حکومت ہمارے یہان حاصل ہی، ایسی اور کہین نہین۔ باپ جیسا بھی برتاو چاہے، اپنی اولاد کے ساتھ کرنے کا مجاز تھا، یہانتک کہ اُس کی جان لے سکتا تھا، اور اُس کو اپنی زبان سے اُف تک نہ نکالنا چاہیے تھا۔ اور پھر یہ مطلق العنان حکومت کسی خاص وقت وعمر تک کے لیے نہ تھی۔ بیٹا خواہ کتنا ہی مسن ہو جاتا، ہمیشہ باپ کا غلام ومملوک رہتا۔ ایک شخص کا سن پچاس ساٹھ سال ہی، وہ صاحب اولاد ہی، حکومت کے کسی اعلیٰ عہدہ پر فائز ہی، ملکی ذمہ داریون کے بڑے سے بڑے کام سرانجام دیتا ہی، لیکن اگر اُس کا باپ ابھی زندہ ہی، تو اُس کی کوئی مستقل ہستی نہین۔ اُس کی دولت، اولاد، جایداد، بلکہ خود جان تک اُس کی اپنی نہین۔ باپ چپ چاہے، اُسے جایداد و دولت سے بے دخل کر دے، بلکہ اُس کی جان تک، بغیر خوف باز پرس لیلے۔

اس قانون کے اسقام کھلے ہوئے ہین۔ ہزار سقم ہین کا ایک سقم یہ ہی، کہ اس کے نفاذ سے خود اسی کا مقصد فوت ہوا جاتا ہی۔ اس کے جاری کرنے کی غرض تو یہ تھی، کہ خاندان مین خلوص ویکجہتی قایم رہے، لیکن عملاً اسی سے سب سے زیادہ فساد وبخش پھیلتی تھی۔ درحقیقت اولاد کے دل مین باپ کی طرف سے نفرت وعداوت پیدا کرنے کا اس سے بہتر کوئی نسخہ ہی نہین، کہ وہ بغیر اُن کے دل کو ہاتھ مین لیے، بغیر اُن کا اعتماد حاصل کیے، اُن پر خود مختارانہ حکومت کرنے لگے۔ اس طرز عمل کے نتائج ہم مین سے ہر شخص اپنی آنکھون سے دیکھ سکتا ہی۔ کتنے گھر ایسے ہین، جو والدین کے اسی

برتاؤ کے باعث خانہ جنگیون کے آماجگاہ بنے ہوئے ہین! کتنے کنبہ ایسے ہین، جو اسی کے ہاتھون اُجڑ گئے! اور کتنے خاندان ایسے ہین جن کے ارکان اسی کے پیچھے ہر طرح کے فساد و رنجش و کدورتون کے مرکز بن گئے ہین! یہی نتیجہ اُس زمانے مین بھی ظاہر ہوتا تھا۔ ٹائبریس کے عہد کا مورخ کہتا ہے، کہ اُس زمانے مین خود اندرون ملک مین جو جنگین برپا تھین، اُن مین نہایت کثرت سے نظیرین ملتی تھین اُس جان نثاری کی جو بیویان اپنے شوہر پر کرتی تھین، اس وفاداری کی جو غلام اپنے آقاؤن کے ساتھ کرتے تھے، اور اُس غدّاری و بیوفائی کی جو اولاد اپنے والدون کے ساتھ کرتی تھی۔

رومی خاندانون مین یہ ابتری شائع تھی، کہ رومی سلطنت کے زمانے مین اصلاحات قانونی شروع ہوئین۔ ان اصلاحات کی ایک شاخ یہ بھی تھی، کہ اس خانگی استبداد کا زور ہلکا کر دیا گیا۔ اب جو برتاؤ والدین اور اولاد کے درمیان قرار پایا، اُس کا اندازہ ان واقعات سے ہو سکتا ہے، کہ جہان پیشتر لوگ اولاد کشی کو صبر و سکون کے ساتھ دیکھتے، اور قرطاحترام سے زبان نہین کھول سکتے تھے، اب یہ حالت ہو گئی کہ جب اغسطس کے عہد مین اریکسو نے اپنے لڑکے کو مارتے مارتے مار ڈالا، تو شہر مین ایک بلوہ مچ گیا، اور اریکسو کو اپنی جان بچانا مشکل ہو گیا۔ ہیڈرین نے اپنے عہد حکومت مین ایک شخص کو جس نے اپنے بیٹے کو قتل کر ڈالا تھا، جلا وطن کر دیا۔ بالغ اولاد کو قتل کر ڈالنا، عملاً تو پیشتر سے متروک تھا، لیکن الگزنڈر سیورس نے باضابطہ اسے ممنوع کر دیا، اور بچہ کشی بھی ناجائز قرار پا گئی۔ اولاد کو اپنی جایداد پر بھی اب کچھ حق حاصل ہو گیا۔ اسی زمانے مین اس کی بھی مثالین ملتی ہین کہ متعدد وصیت نامہ کالعدم قرار دیے گئے، اس بنا پر کہ ان مین اولاد کو محروم الارث کر دیا گیا تھا۔ ڈیوکلیئین نے اولاد فروشی قطعاً ممنوع کر دی اور ہیڈرین نے یہ حکم

نافذ کر دیا، کہ اولاد جو کچھ جنگی خدمات سے کمائے، اُس کی آپ ہر طرح مالک و مختار ہو۔ اسے پہلے بھی دو تاجداروں نے بند بند کہا تھا، لیکن ہیڈرین نے اسے بالکل صاف کر دیا۔

اس سے بھی اہم تر قانونی اصلاحات، غلامی کے متعلق ہوئیں۔ غلامی، رومی معاشرت و تمدن کا ایسا جزو بن گئی تھی، کہ وہاں کا تقریباً ہر اخلاقی مسئلہ غلامی سے کم و بیش متاثر ہوتا تھا۔ یہ تو ہم بتا آئے ہیں، کہ غلاموں کی کثرت تعداد اس کا ایک بڑا سبب ہوئی کہ عہد سلطنت کے فلسفۂ اخلاق میں ہمدردی کے دائرے کو وسیع کرے۔ یہ بھی ہمیں معلوم ہو چکا ہے، کہ آزاد طبقوں کی بدچلنی و بداخلاقی کا بھی خاص باعث یہی غلام تھے۔ اب خاص غلاموں کی حالت پر نظر کرتے ہوئے ہمیں تین مختلف مدارج یا ادوار کا خیال رکھنا چاہیے۔

(۱) دور اول، جمہوریت کے ایام ابتدائی کے معاصر ہوا ہے۔ اس زمانے میں افسر خاندان اپنے غلاموں پر حاکم مطلق تھا، لیکن حالات کچھ اس طرح کے تھے، کہ یہ استبداد کچھ بہت زیادہ مضرت رساں نہیں ہو سکتا تھا۔ ایک تو غلاموں کی تعداد بہت کم ہوتی تھی۔ ہر آقا کے پاس صرف دو ایک غلام ہوتے تھے، جو کاشتکاری میں اس کے کام میں معین ہوتے تھے، اور جب وہ جنگی خدمات پر باہر چلا جاتا تھا، تو اس کی غیبت میں اس کی جایداد کا انتظام کیا کرتے تھے۔ پھر معاشرت میں تکلفات ابھی تک پیدا نہیں ہوئے تھے، اس لیے آقا کو اپنے غلاموں سے قدم قدم پر سابقہ رہتا۔ دونوں محنت ساتھ کرتے، غذا ایک کھاتے، اور جتنی حکومت آقا کو غلاموں پر حاصل ہوتی، وہ وہی ہوتی جو اُسے خود اپنی اولاد پر حاصل رہتی۔ ان حالات کی بنا پر آقایانہ استبداد کے ہولناک نتائج زیادہ نہیں پھیل سکتے تھے۔ بلکہ غلاموں کی حمایت میں اس طرح کے مذہبی افسانے بھی مشہور تھے، کہ ہرقلس مشقت کا دیوتا،

غلامون پر خاص نظر عنایت رکھتا ہی؛ یا یہ کہ اسپارٹا مین چند غلامون کے دغا بازانہ قتل پر زہرہ کو ایک بار اتنا غصہ آیا، کہ اس نے ایک سخت زلزلے سے ملک کی اینٹ سے اینٹ بجادی؛ یا یہ کہ خود رومہ مین ایک مرتبہ عطارد نے خواب مین کسی شخص کو یہ ہدایت کی، کہ سینیٹ کو غلامون کے بابت ظالمانہ برتاؤ پر عنیظ ربانی سے مطلع کردے۔ بعض مذہبی تہوارون کے دن غلام کا شکارانہ مشقت سے معاف تھے اور جو دو تہوار خاص غلامون کے لیے مخصوص تھے، ان مین رومہ مین غیر معمولی پیمانے پر جشن ہوتے، جن مین غلام و آقا ایک ہی میز پر بیٹھ کر کھانا کھا سکتے باایں ہمہ ظلم و شقاوت کے واقعات کبھی کبھی پیش ہی آجاتے، کیونکہ قانوناً تو کوئی ان پر گرفت تھی نہین۔ کیٹو اول، جسے اس دور کے رومیون کا نمونہ سمجھنا چاہیے، کہتا تھا، کہ غلام محض افزایش ثروت کا ایک آلہ ہین۔ اور اپنی تقریرون مین طرز عمل سے برابر یہ ترغیب دیتا رہتا تھا، کہ جب غلام ضعیف و ازکار رفتہ ہوجائین، تو انھین فروخت کرڈالنا چاہیے۔

(۲) دور ثانی۔ یہ وہ زمانہ ہی، جبکہ رومیون کے فتوحات وسیع ہو رہے تھے، اور ان کی حکومت دور دراز ممالک تک پہونچ چکی تھی۔ یہ دور غلامون کے لیے انتہائی جور و تشدد کا ہوا ہی۔ پہلے غلام تعداد مین صرف چند تھے، اب وہ حد شمار سے خارج تھے پہلے رومیون کا طرز معاشرت بالکل سادہ تھا، اب اس مین تکلف و تعیش پیدا ہوگیا تھا۔ غرض اس طرح مختلف حالات کے تغیر سے آقاؤن کے استبداد مین بہت زیادہ اضافہ ہوگیا تھا۔ اسی کے ساتھ اب رومیون کی مذہبیت مین بھی ضعف آگیا تھا، اور سیانی کے روز افزون شوق نے اُن مین درد و تکلیف کے نظارون کی طرف سے بیحسی پیدا کردی تھی۔ اسی زمانے مین سسلی و اسپارٹا مین غلامون نے علم بغاوت بلند کیا، اور اس سے تمام اٹلی مین ان کی طرف سے نفرت و عداوت کا جذبہ موج زن ہوگیا

اب رومہ مین یہ ایک عام کہاوت ہوگئی، کہ دشمنون کی تعداد معلوم کرنا ہو تو غلامون کو شمار کرلو۔ بربری اسیرون کو سخت سے سخت وہشتناک سزائین ملتی تھین، اور ہزارہا باغی غلام بغاوت کے الزام مین سولی پر چڑھا دیا گیا۔ اسی زمانے مین آقاؤن کی تحفظ جان کے لیے ایک قانون نافذ ہوا جس کی رو سے جب کوئی آقا قتل ہوجاتا، تو اس کے تمام غلامون کو، بشرطیکہ وہ بیماری یا قید کی وجہ سے قطعاً معذور نہ ہوتے، سزاے موت دیدی جاتی۔ اسی طرح اور صدہا ستم، ان غریبون کی جان پر توڑے جاتے۔ ایک مرتبہ فلامینیس کے یہان کوئی مہمان آکر اترا، اُس کی تفریح کے لیے میزبان نے مہمان اور سامان کیے، وہان ایک غلام کے ذبح کیے جانے کا بھی تماشا اُسے دکھایا۔ ویڈیس پولیو نے مچھلیان پالین، اور ان کا طعمہ اپنے غلامون کا گوشت قرار دیا۔ اغسطس کا ایک شامت زدہ غلام اس کی ایک عزیز بٹیر کو مار کر کھا گیا، اس جرم مین اُسے سولی دی گئی۔ یہ چند واقعات، نمونہ ہین اُس برتاؤ کے، جو اس دور مین غلامون کے ساتھ کیا جاتا تھا۔ جمہوریت کے اواخر اور اوائل شہنشاہی مین اس طرز عمل کا دائرہ اور وسیع ہوگیا۔ غلامون کی شادی قانوناً ناجائز قرار پائی، اور ان کے ساتھ حرامکاری، تعدد ازدواج، وغیرہ بے معنی الفاظ رہ گئے۔ عدالتون مین ان کی شہادت ناقابل قبول قرار پائی، بجز اس صورت کے کہ وہ کسی تعذیب مین گرفتار ہون۔ ان شامت زدون کو سزاے موت بھی عجیب ہولناک طریقے پر دی جاتی تھی۔ یہی نہین کہ وہ قتل کردیے جائین، بلکہ طرح طرح کے آزار دیکر ہلاک کیے جاتے تھے۔ اِن کی خوابگاہین عموماً وہ زندان ہوتے تھے، جو ہر آقا کے گھر مین ہوا کرتے تھے۔ ضعیف و ازکار رفتہ ہوجانے کے بعد انھین جزیرۂ ٹائبر مین بے آب و دانہ چھوڑ دیا جاتا تھا، کہ وہین مرین۔ دروازہ پر یہ دربان مقرر کیے جاتے تھے، مگر پابہ زنجیر۔ کھیتون مین ان سے ہل چلائے جاتے تھے، مگر اس طرح کہ ان کے ہاتھ پیر

زنجیرون کے وزن سے فگار ہوئے تھے۔ خواتین بڑے بڑے سوئے ان کے جسم مین بھونکتین، اوران کے چہرے کے گوشت کو پھاڑتین۔ آقا کو اپنے غلامون پر ہر طرح کا تصرف واختیار حاصل تھا، چاہے انھین بطور سیاف کے فروخت کر ڈالے اور چاہے جنگلی جانورون سے لڑنے کے لیے۔

ان حالات کو پڑھ کر ناظرین کے رونگٹے کھڑے ہوگئے ہون گے لیکن انھین تصویر کے دوسرے رُخ پر بھی نظر رکھنا چاہیے۔ بات یہ ہے کہ بعض مسیحی مصنفین قصداً دوبت پرستی کی تصویر اسقدر تاریک کرکے دکھاتے ہین، کہ اس کے مقابلہ مین مسیحی اصلاحات کی بیحد افضلیت ثابت ہو، اوراس غرض کے لیے وہ صرف اپنے موافق مطلب واقعات کو چُن لیتے ہین، اور باقی کو نظرانداز کرجاتے ہین، حالانکہ دیکھا جائے، تو واقعات دونون طرح کے مل سکتے ہین۔ بلکہ میرے خیال مین اگر وہ بے کم وکاست، اصلی واقعات کو بجنسہ نقل کردین، تو رومی زندگی کی تصویر ہرگز اس قدر بدنما معلوم ہوگی۔ اس مین شک نہین، کہ جس طرح کے واقعات ہم نے اوپر بیان کیے، برابر پیش آتے رہتے تھے، لیکن اس سے یہ نتیجہ نکالنا صحیح نہین، کہ ہمیشہ اسی قسم کے واقعات ہوتے رہتے تھے، اور یہ اُس زمانے کی عام حالت تھی۔ مثلاً ایک مسئلہ ازدواج ہی کو لیجیے۔ یہ سچ ہے کہ قانون غلامون کی شادی کے جواز کا منکر تھا، لیکن قانون اگر منکر تھا، تو رواج تو منکر نہ تھا رسم ورواج کی بناپر برابر غلامون کی شادیان ہوتی رہتی تھین، اور کوئی نہین ٹوکتا تھا یا پھر جائداد کے بارے مین بھی اصل واقعہ یہ ہے کہ غلام اپنی زندگی بھر اپنی کمائی کے آپ مالک ہوتے تھے، البتہ اُن کی وفات کے بعد وہ جزواً یا کلاً آقا کی جانب منتقل ہوجاتی تھی، گو بعض بعض آقا، اپنے غلامون کو اس کا بھی مجاز کردیتے تھے، کہ جس کو چاہین اپنی جائداد وصیت کرجائین۔ غلامون کی آزادی کوئی نادر واقعہ نہ تھی، بلکہ اس کثرت سے ہوتی رہتی تھی، کہ آزاد شدہ غلامون کی تعداد سے سارا ملک بھر گیا تھا

سسرو کے ایک فقرے سے معلوم ہوتا ہی، کہ ایک محنتی اور وفادار غلام عموماً چھ سال کی مدت مین اپنی آزادی خرید سکتا تھا۔ بے شبہ وقتہً فوقتہً انتہائی ظلم و شقاوت کے مناظر بھی رونما ہو جاتے تھے، لیکن رائے جمہور ان کے بالکل مخالف ہوتی تھی، بلکہ بہ قول سنیکا، ظالم آقا، راستون مین انگشت نما اور ذلیل کیے جاتے تھے۔ غلامون کے سپرد جو خدمات تھین، وہ بھی کسی طرح ذلت آمیز نہین کہی جا سکتین، غلام طبیب ہوتے تھے، غلام، لڑکون کے اتالیق ہوتے تھے، غلام نقاش ہوتے تھے، جن کی صناعی پر سارا شہر فریفتہ رہتا تھا، غلام آقاؤن کے ساتھ گویا ارکان خاندان بن جاتے تھے، ان کے ساتھ بیٹھ کر کھانا کھاتے تھے، ان کے اُن کے شادی وغمی مین اشتراک ہوتا تھا۔ سسرو کے غلام ٹائیرو نے اپنے آقا کے مکاتیب جمع کر کے شایع کیے۔ ان مکاتیب مین بعض جگہ سسرو نے انتہائی محبت کے القاب کے ساتھ اپنے غلام کو مخاطب کیا ہی۔ پلینی کے اُس خط کا ذکر اوپر گزر چکا ہی، جس مین وہ اپنے بعض غلامون کی وفات پر شدید رنج وغم کا اظہار کرتا ہی، اور اپنے تئین اس خیال سے تسکین دیتا ہی، کہ وہ انھین کچھ پیشتر آزاد کر چکا تھا۔ اپیکٹیٹس ابتداً غلام تھا، مگر چند ہی روز مین بادشاہ کا جلیس و رفیق ہو گیا۔ غلامون کے تعدد سے یقیناً آقاؤن کو اپنے کام مین بہت مدد ملتی ہوگی۔ لامحالہ کبھی کبھی جور و تشدد بھی ہوتا ہوگا، لیکن اس کے لیے قانونی مواخذہ کا خوف موجود تھا، اور ایسا بہت کم واقع ہوتا تھا۔ اس مین بھی شک نہین کہ غلامون کی ذات سے بہت کچھ بدچلنی کی تحریک ہوتی تھی، مگر اس سے بھی انکار نہین ہو سکتا، کہ رومہ کی اندرونی جنگ کے موقع پر غلامون کی وفاداری و پاس نمک کے ہزارہا شواہد ملتے ہین۔ ایسے ایک دو نہین، پچاسون واقعہ تاریخ مین موجود ہین، کہ غلامون نے حصول آزادی سے انکار کر دیا، سخت سے سخت عذاب سہ لیے، اپنی جانون کو خطرہ مین ڈال دیا، لیکن اپنے مالک کی رفاقت سے

منھ نہ موڑا، بلکہ اکثر انھین اس کے معاوضہ مین واقعۃً جان دیدینا پڑی۔ اِن مثالون سے ثابت ہوتا ہی، کہ آقاؤن کا برتاؤ عموماً ہرگز اس قدر ظالمانہ نہ تھا، کہ غلامون کے دل مین ان کی طرف سے کوئی جگہ نہ باقی رہ جائے، اور ضد، عداوت، و نفرت سما جائے۔

"غلامون کے ساتھ عدل و انسانیت سے پیش آنا چاہیے" یہ ایک ایسا مسئلہ تھا، جو تمام حکما کے نزدیک متفق علیہ و مؤکد تھا۔ فلاطون و ارسطو، زینو و اپیکورس اس باب خاص مین سب متحد تھے۔ رواقیہ کی تعلیمات مین اس فرض کو ایک امتیازی حیثیت حاصل تھی، اور سنیکا کے صفحات مین بار بار اس طرح کی ہدایات ملتی ہین، کہ "دنیوی مرتبہ و وجاہت سے نفس انسانی کے حقیقی شرف و عظمت پر کچھ اثر نہ پڑنا چاہیے" "یہ بالکل ممکن ہی کہ مالک بند معاصی مین گرفتار، اور مملوک اپنے فضائل اخلاق کے لحاظ سے آزاد ہو" "مالک کو نہ صرف ظلم و جبر سے محترز رہنا چاہیے بلکہ اپنے غلامون کے ساتھ حقارت آمیز برتاؤ بھی نہ کرنا چاہیے" وغیرہ بعض مصنفین اس طرف گئے ہین، کہ یہ مواعظ مسیحیت کی تعلیمات کا نتیجہ ہین، لیکن یہ صحیح نہین دراصل، یہ سب یونانیون کی تلقین کا اثر تھا، خصوصاً زینو کی تلقین کا، جس نے بعثت مسیح سے مدتون پیشتر اپنا مقولہ یہ رکھا تھا، کہ "فطرۃً تمام انسان مساوی الرتبہ ہین۔ فارق جو شی ہی، وہ اخلاق کے مدارج ہین" انٹونائنیس کے زمانۂ امن کے بعد اس تحریک نے اور زور پکڑ لیا، اور عجیب بات یہ ہی، کہ خود مستبد قیاصرہ کا استبداد اس کا معین ہوا۔ یہ یون ہوا، کہ یہ سلاطین ہر وقت اپنی جان کے خلاف سازشون سے خائف رہا کرتے تھے۔ اس کے لیے ضرور ہوا، کہ یہ جاسوسون اور مخبرون کی ایک بڑی جماعت لگائے رکھین، اور چونکہ یہ ظاہر تھا، کہ جاسوسی و مخبری کی خدمت کو غلامون سے بہتر کوئی انجام نہین دے سکتا تھا، اس لیے لامحالہ حکومت کی

طرف سے ان کی حمایت و سرپرستی ہونے لگی۔

(۳) دورِ ثالث۔ یہان سے غلامی کی تاریخ کا تیسرا باب شروع ہوتا ہی۔ حالات بالا کی بنا پر اب قانون بھی غلامون کی حمایت و تحفظ حقوق پر مستعد ہوگیا۔ پٹرونین قانون، جو اغسطس یا نیرو کے زمانے مین نافذ ہوا، اُس کی ایک دفعہ یہ تھی کہ تاوقتیکہ عدالت اس کی باضابطہ اجازت نہ دیدے، کسی آقا کو یہ حق نہین کہ اپنے غلامون کا جنگلی جانورون سے مقابلہ کرائے۔ کلاڈیس کے زمانے مین بعض لوگون نے اپنے بیمار غلامون کو جزیرۂ عسقلیپیوس مین تنہا چھوڑ دیا تھا، اس پر بادشاہ نے یہ حکم جاری کیا، کہ اگر وہ غلام زندہ بچ جائین، تو آزاد ہین، اور اگر مرجائین تو آقاؤن پر قتل عمد کا مقدمہ چلایا جائے۔ ان قوانین سے یہ پتہ چلتا ہی کہ اس زمانے مین غلامون کی جان لینا قانوناً ممنوع ہوچکا تھا۔ اسی زمانے مین یہ دستور بھی قائم ہوگیا، کہ جو غلام، بادشاہ کے مجسمہ کے نیچے آکر پناہ لیتا تھا، اُسے پناہ مل جاتی تھی۔

نیرو کے عہد مین ایک عدالت خاص غلامون ہی کے استغاثون کے لیے قایم کی گئی، جس کا کام اُن آقاؤن کو سزا دینا تھا جو غلامون کے ساتھ ظالمانہ برتاؤ کرتے تھے، یا انھین اپنی شہوت رانی کا آلہ قرار دیتے تھے، اور یا اُن پر ضروریات زندگی کے بارے مین تنگی کرتے تھے۔ اس کے بعد کچھ روز تک سکون رہا۔ لیکن ڈومیٹین کے عہد مین پھر ایک قانون جاری ہوا، جس کا منشا یہ تھا، کہ غلامون کو مخنث بنانے کا دستور موقوف ہو، اور انٹونائنس کے زمانے مین ان اصلاحات کی از سر نو تجدید ہوئی۔ ہیڈرین اور اس کے جانشینون نے یہ قانون جاری کیا، کہ آقاؤن کو اپنے غلامون کے ہلاک کرنے، یا بطور سیاستون کے فروخت کر ڈالنے کا کوئی اختیار نہین، اُن کے ساتھ زیادہ سختی سے پیش آنا جرم ہی، اور جب کبھی کسی غلام پر ایسی سختی ہو، تو آقا اس بات پر مجبور ہوگا کہ اُسے فروخت کر ڈالے۔ اسی زمانے مین،

غلامون کی شکایات سننے کے لیے صوبہ دار علیحدہ علیحدہ عدالتین قائم ہوئین، ہر گھر مین جو ایک خانگی زندان قائم رکھنے کا دستور چلا آتا تھا، یہ مٹا دیا گیا، اور بجاے کسی مقتول آقا کے قصاص مین اس کے تمام غلامون کو ہلاک کیے جانے کے، اب یہ قاعدہ جاری ہوا، کہ صرف انھین غلامون سے قصاص لینا چاہیے ہی، جو آقا کے اس قدر متصل ہون، کہ اُس کے قتل کے وقت اُسکی چیخ کو سُن سکتے ہون - یہ صرف قانونی تحریرین ہی نہ تھین، بلکہ ان پر عملدرآمد بھی ہوتا تھا چنانچہ ہیڈرین کے زمانے مین ایک خاتون کو اس جرم مین پانچ سال کی جلاوطنی جھیلنا پڑی، کہ وہ اپنے غلام کے ساتھ بدسلوکی سے پیش آئی تھی - غرض یہ کہ بہ حیثیت مجموعی، یہ نہین کہا جا سکتا، کہ رومی غلامون کی حالت مسیحی قومون کے مقابلے مین کچھ بھی ابتر تھی -

فلسفۂ رواقیت کا رومی قانون پر جو گہرا اثر پڑا، اس کا اندازہ تصریحات بالا سے ہوا ہوگا، لیکن ابھی یہ بتانا باقی ہی، کہ یہ اثر صرف قانون کے دائرے تک محدود نہ تھا، بلکہ مختلف و متعدد راستون سے رومی سیرت تک آیا تھا - گھر مین جب غمی ہو جاتی ہی، تو انسان کی طبیعت مین ایک خاص گداز پیدا ہو جاتا ہی، اور راہ ہدایت کے قبول کرنے کی صلاحیت و استعداد غیر معمولی طور پر بڑھ جاتی ہی - ایسے اہم موقع پر یہ فلاسفہ کا کام ہوتا، کہ وہ آکر پسماندگان کو تسکین دین، اور تلقین صبر کرین - اکثر اشخاص اپنی جانکنی کے وقت بھی تسلی پانے کے لیے انھین فلاسفہ کو بلاتے تھے، جو اُن کی آخری گھڑیون کو خوشگوار بناتے تھے - بہت سے لوگ، جب کسی مصیبت شدید کے مرتکب ہو بیٹھتے، تو ہجوم یاس یا فرط پشیمانی مین انھین فلاسفہ سے استمداد کرتے - یا جب عملی زندگی مین کوئی نازک و دقیق اخلاقی مسئلہ حل ہوتا، تو بھی فلاسفہ ہی کی طرف رجوع کیا جاتا - بچون کی تعلیم و تالیقی بھی عموماً انھین کے ہاتھ مین تھی - یہ لوگ مختلف

معاصی کے مصلحات، اور مختلف امراض اخلاقی کے علاج تیار رکھتے تھے، اور ہر شخص کے مزاجی خصوصیات اور ہر موقع کی مناسبت کو ملحوظ رکھ کر ان کا استعمال کرتے تھے۔ اس کا یہ نتیجہ ہوتا تھا، کہ بارہا بڑے سے بڑا بدکار شخص ان کے مواعظ سے متاثر ہو کر اپنے گزشتہ افعال سے صدق دل سے تائب ہو جاتا، اور بہ کمال خلوص ان کا تلمذ اختیار کر کے آگے چل کر خود بھی صاحب اخلاق و برگزیدہ صفات ہو جاتا جس طرح آج عیسائی گھرانون سے متعلق ایک خاندانی پادری ہوتا ہی، اسی طرح اُس زمانے مین اکثر خاندانون مین یہ دستور تھا، کہ گھر پیچھے ایک مخصوص فلاسفر ہوتا تھا جو اُس گھر کے بسنے والون کی اخلاقی زندگی کی صحت کا ضامن و محافظ تھا، اور بازار مین وعظ کہنا اور اخلاق کی منادی کرنا تو ان فلاسفہ کا عام شیوہ تھا۔

لیکن یہ مبلّغین و منادّ، دو بالکل مختلف طبقات سے تعلق رکھتے تھے، جن کے درمیان کوئی شے قدر مشترک نہ تھی۔ اصول، معتقدات، طریق کار، طرز معاشرت، غرض ایک ایک بات مین ہر فرقہ دوسرے کی ضد تھا۔ اول الذکر فرقہ کے افراد، جنھین "راہبان رواقی" کا موزون لقب دیا گیا ہی، گروہ کلبیہ سے تعلق رکھتے تھے۔ ان کی زاہدانہ زندگی، جسے ہمہ تن رہبانیت کہنا چاہیے، اور مسیحی راہبون کی زندگی مین عجیب طرح کا اشتراک و توافق ہی۔ فرقۂ کلبیہ کے متبعین کے لیے شرایط ذیل لازمی تھے:۔

(۱) کلبی کو اپنا نصب العین، خلقت کی اصلاح قرار دینا چاہیے۔

(۲) اُسے صرف اسی کو اپنا فرض سمجھنا چاہیے، اور اس کے مقابلے مین کسی شے کی پروا نہ کرنا چاہیے۔ خوف و طمع دونون سے اسے غیر متاثر رہنا چاہیے۔ بڑے سے بڑے شخص کو اُسے سر راہ بلا تامل ٹوک دینا چاہیے۔ لوگ اُسے بنائین، ذلیل کرین، اُس پر آوازہ کسین، اُسے گالیان دین، ماریں پیٹین، اُسے

یہ سب بہ خوشی برداشت کرنا چاہیے، مگر امر بالمعروف ونہی عن المنکر کے دامن کو ہاتھ سے نہ دینا چاہیے۔

(۳) اُسے اپنی جان کی مطلق پروا نہ ہونا چاہیے۔ اُسے یہ سمجھنا چاہیے کہ یہ جان اُس کی اپنی ہے ہی نہیں، بلکہ محض ایک امانت الٰہی ہے، جسے اس کا مالک حقیقی جس گھڑی اور جس طرح چاہے، واپس لے سکتا ہے۔

(۴) اُسے دنیا کی کسی شے سے لوث نہ ہونا چاہیے۔ شادی کرنا اُس کے لیے حرام ہے، کہ اس سے دنیا کے ساتھ وابستگی پیدا ہو جاتی ہے۔

(۵) اُسے اپنے جسم کو سخت سے سخت ریاضتوں اور مشقتوں کا خوگر بنانا چاہیے۔ آرام وعیش ہر طرح کا اُس کے اوپر حرام ہے۔ اُسے ہمیشہ بلا فرش وبستر، ننگی زمین پر سونا چاہیے۔ موٹے سے موٹا کپڑا پہننا چاہیے، اور موٹے سے موٹا کھانا کھانا چاہیے۔

(۶) باایں ہمہ اُسے ہمیشہ ہشاش بشاش رہنا چاہیے۔ کبھی مغموم، مضمحل، وافسردہ نہ رہنا چاہیے۔ اس کا کمال یہ ہے کہ تکلیف سے آرام حاصل کرے، اور مشقت کو عیش سمجھے، تکلیف کو تکلیف سمجھ کر برداشت کیا، تو کیا کیا۔

(۷) اُسے تمام مردوں کو مثل اپنی اولاد کے، اور تمام عورتوں کو مثل اپنی بیٹیوں کے سمجھنا چاہیے۔ سب کے ساتھ یکساں لطف شفقت، واخلاق سے پیش آئے۔ کسی سے دشمنی، ناراضگی، کینہ وحسد نہ رکھے۔

(۸) جو لوگ اُسے ستاتے ہیں اُن سے اُسے خاص کر شفقت ولطف کے ساتھ پیش آنا چاہیے۔

(۹) اس فرقہ میں صرف انھیں لوگوں کو داخل ہونا چاہیے، جنھیں اپنی قوت استقلال، ہمت، واستقامت پر پورا اعتماد ہو، اور جو یہ اعتقاد کامل رکھتے ہوں

کر وہ اسے زندگی بھر نباہ لے جائین گے۔ جو لوگ اس بار کا آخر وقت تک تحمل نہین کر سکتے، جو آدھے راستے سے پھر پلٹ جانے والے ہین، انھین ہرگز اس کوچہ مین قدم نہ رکھنا چاہیے۔ ایسے لوگون کے لیے نہایت شدید و ہولناک عذاب الٰہی تیار ہے، جس سے انھین ڈرنا چاہیے۔

کلبیہ کے اصول و طرز عمل کا حال معلوم ہو چکا۔ اب آیئے، ذرا دوسرے گروہ کی حالت پر نظر دوڑایئے۔ یہان قدم قدم پر پہلے گروہ کا بالکل عکس نظر آئے گا۔ وہان جیسی سادگی تھی، ویسا ہی یہان تکلف و تعیش کا سامان موجود ہے۔ وہان خشکی تھی یہان رنگینی ہے۔ وہان زہد تھا، یہان رندی ہے۔ وہان فاقہ مستی تھی، یہان دولت و امارت کے قصر کھڑے ہوئے ہین۔ اُدھر صاف گوئی و آزاد بیانی تھی، اِدھر لسانی و چرب زبانی کے دریا بہ رہے ہین۔ غرض یہ گروہ ہر حیثیت سے فرقۂ سابق الذکر سے متغایر و متناقض تھا۔ بات یہ ہے کہ یہ جماعت خطیبون کی تھی، یعنے ایسے اشخاص کی جنھون نے خطابت کو اپنا ذریعہ معاش بنا لیا تھا۔ ان لوگون کے اخلاق تو علی العموم سخت مکروہ ہوتے تھے، لیکن یہ لسان غضب کے ہوتے تھے، اور اپنی اسی چرب زبانی سے یہ ایک دنیا کو اپنا گرویدہ اور اپنے سے متاثر بنائے ہوئے تھے۔ یہ جہان کھڑے ہو جاتے، سننے والون کے ٹھٹ کے ٹھٹ لگ جاتے، اور انھین حاضرین پر اتنا قابو حاصل ہو جاتا، کہ جس رُخ چاہتے، انھین پھراتے۔ یہ علی العموم صاحب ثروت و مالک جایداد ہوتے، جو اکثر دورہ کرتے رہتے۔ جس شہر مین جاتے، ہاتھون ہاتھ لیے جاتے، اور ان کے آگے روپیون کے ڈھیر لگ جاتے، عموماً ان کا موضوع تقریر، کوئی بہت حقیر شے ہوتی، مثلاً چوہا، طوطا، مکھی، مٹی، وغیرہ اور ان کا کمال یہ تھا، کہ ایسے ہی معمولی عنوانات پر تقریرین کر کے اپنی سحر بیانی سے لوگون کو دنگ کر دیتے۔ بعض ان مین سے یہ بھی کرتے، کہ کسی علمی مسئلہ کے کمزور پہلو یا کسی بدیہی غلطی کی حمایت پر

کھڑے ہو جاتے اور خطابیات کے زور سے اسی کو حاضرین کے ذہن مین صحیح ثابت کر دیتے۔ گویا جھوٹ کو سچ کر دکھانا، ان کا اصلی کمال تھا۔ اور یہ لوگ اثر ڈالنے کے بھی جتنے طریقے ممکن ہین، سب کو کام مین لاتے تھے۔ لب ولہجہ، حرکات وسکنات، لباس، بالون کی وضع، غرض ہر ایسی شے مین جس کا کچھ بھی اثر سامعین پر پڑ سکتا تھا، یہ اُس کو موثر بنانے مین پورے اہتمام سے کام لیتے تھے۔ ان مین سے بعض ازبر کیے مضامین سناتے، اور بعض برجستہ تقریرین بھی کر سکتے۔ یہ جب چلتے، تو اتباع وخدام کا پورا حلقہ جلو مین ہوتا، اور مختلف شہرون سے ان کی دعوتین آتین۔ کہین اس غرض سے کہ یہ وہان کے فرمان روا کے سامنے وہان کے ٹکس کی سختیون کو بیان کرین، اور کہین اس واسطے کہ کسی ملزم کی بریت کے لیے عدالت مین پیروی کرین۔ مختصر یہ کہ ان کا بھی حلقۂ اثر نہایت وسیع تھا اور لوگون کی تعلیم وتربیت، نیز تشکیل مذاق مین ان کے اثر کو بہت بڑا دخل تھا۔

بعض فلاسفہ کا شروع سے یہ طریقہ چلا آتا تھا کہ اس جماعت مین داخل ہو کر اپنے معتقدات وتعلیمات کی اشاعت خوب سرگرمی سے کرتے تھے۔ فلیوس انٹونائیس کے زمانے مین اسے ترقی ہوتی رہی، اور جب سے ہیڈرین، وسپیسین، ومارکس آریلیس نے فلاسفہ وخطیبون کو بیش قرار معاوضہ پر پروفیسر مقرر کرنا شروع کیا، تب سے فلسفہ وخطابت کا اتحاد اور بھی مضبوط ہو گیا۔ اس طرح کے فلسفی خطیبون مین سے دو شخصون کے خطبات ابتک موجود ہین، اور انھین دیکھ کر ہر شخص فیصلہ کر سکتا ہے، کہ یہ خطبات کس قدر بلند پایہ ہوتے تھے۔ ان مین سے ایک تو، اشراقی حکیم، میکزیمس آف ٹایر ہوا ہے۔ اس کے خطبات کے چند عنوات یہ ہین:۔ عملیت وخلوت گزینی کا موازنہ، سقراط کی روح، فریضۂ دعا، اشراقی عقیدۂ وجود باری، غایت فلسفہ، عشق واخلاق، وغیرہ۔ دوسرا شخص، رواقی، ڈیون کریزوسٹم تھا۔ یہ اپنے خطبات مین توحید کامل کی تعلیم دیتا ہے۔

بُت پرستی وعبادت کے باہمی تعلقات دکھاتا ہی، غلامون کے ساتھ شفقت و رافت کے ساتھ پیش آنے پر زور دیتا ہی، اور موروثی غلامی کو ممنوع قرار دیتا ہی۔ اس کی زندگی نہایت ہی با اخلاق و پُر از واقعات گزری ہی۔ یہ ابتدا مین بہت ہی مشہور و کامیاب خطیب تھا۔ اُس کے بعد کچھ تو ذاتی مصائب اور کچھ افلاطون کی تصانیف کے اثر سے، اس نے اپنے اس پیشے کو ترک کر کے خدمت خلق کا بیڑا اُٹھایا۔ کوئی غریب ڈومیٹین کے استبداد کا شکار ہو رہا تھا، اس کی حمایت مین اس نے پُر زور تقریر کی، نتیجہ یہ ہوا، کہ اسے خود جلاوطن ہونا پڑا۔ اب یہ حالت تھی کہ تن پر گداگری کا لباس تھا، اور زاد سفر مین فلاطون کا ایک مکالمہ اور ڈیماس تھینز کا ایک خطبہ تھا۔ اس حال مین یہ روما سے نکلا، اور مدتون دور دراز ممالک مین پھرتا رہا۔ جہان کہین جاتا، اصلاح اخلاق پر وعظ کرتا، لیکن اس کا کچھ معاوضہ نہ لیتا، بلکہ دستکاری کر کے رزق کماتا۔ یونانی نوآبادیون کے باشندے، بلکہ خود بربری قبائل تک اس کی باتون سے متاثر ہوئے۔ ڈومیٹین کے قتل کے بعد افسران فوج اس باب مین متردد تھے کہ نرواکو بادشاہ بنائین یا نہ بنائین، لیکن اس کی جادو بھری تقریر نے ان کے شک و تذبذب کا خاتمہ کر دیا۔ اسکندریہ و ایشیائے کوچک کے بعض شہرون مین اس نے متعدد بار بغاوتون کو فرو کیا ایک بار ہومر کے ایک شعر کو عنوان قرار دیکر اس نے شہنشاہ ٹریجن کے سامنے فرایض جہانبانی پر وعظ کیا۔ اس کی طبیعت مین گو آخر تک خطیبانہ مذاق کی جھلک باقی رہی، تاہم اس مین شک نہین، کہ اسے جو مختلف ممالک مین حسن قبول حاصل تھا، اُسے اس نے بجاے اپنے ذاتی منفعت کے، عقاید رواقیت کی اشاعت و تبلیغ مین صرف کیا، کہ یہی اُس نے اپنی زندگی کا مقصود قرار دے لیا تھا۔

ان دو کے علاوہ چند اور خطیبون مثلاً اٹیکس، قیورنیس، فرونٹو، مارکس،

فیبیانس، وجولیانس کے بھی نام آتے ہین، اور کہین کہین ان کے جستہ جستہ اقتباسات پر بھی نظر پڑ جاتی ہی۔ ان مین سے ہر شخص کے گرد اُس کے تلامذہ و معتقدین کا ایک وسیع حلقہ رہا کرتا تھا، اور ملک کی علمی زندگی کو جس قالب پر یہ ڈھالنا چاہتے تھے، ڈھالتے تھے۔ بہ طور نمونے کے ہم ان مین سے ایک شخص، آلس گیلیس کو لیتے ہین۔ اس کی تصنیف کا بعض حیثیات سے بالکل وہی انداز ہی جو انقلاب فرانس سے کچھ ہی پیشتر کے فرنچ مصنف ہلویشیس کا تھا۔ ہلویشیس کوئی دقیق النظر حکیم نہ تھا، اور نہ اُسے کوئی اخلاقی عظمت حاصل تھی، مگر دیکھو، کہ مختلف فنون کی جامعیت، اعلیٰ انشا پردازی و خطابت، جدت پسندی و طرز بیان کی صفائی نے اُس کی تصنیف کو کیسا شاندار بنا دیا ہی۔ وہ کہین ضخیم مجلدات کے حوالے نہین دیتا، بلکہ ہر مثال، یہی روزمرہ کے معمولی حالات اور گرد و پیش کے چھوٹے چھوٹے واقعات سے لاتا ہی۔ گویا اُس کی تصنیف اس کی گرد و پیش کی سوسائٹی اور اس کی معاصرانہ اجتماعی زندگی کا نہایت صاف آئینہ ہی، اور اس حیثیت سے اُس کی نظیر اگر کہین ملتی ہی، تو آلس گیلیس کے یہان۔ اس کے روزنامچہ کے اندراجات وہی مشاہدات ہین، جو روزمرہ اپنے آنکھون سے دیکھتا، اور وہی مسموعات ہین جن کی آواز اُس کے کانون مین ہر وقت آیا کرتی۔ وہ ایک آئینہ ہی جس مین اُس زمانے کے اکابر فلاسفہ کی طرز معاشرت، طریق کار، وسعت اثر، غرض اُن کی زندگی کے ایک ایک خط و خال کا عکس صاف نظر آتا ہی۔ اس کے مطالعے سے معلوم ہوتا ہی، کہ اس زمانے مین ہر فلسفی کے گرد اس کے پُرجوش متبعین کا ایک وسیع حلقہ رہا کرتا تھا، جن کے نعرہائے تحسین سے درسگاہ کا کمرہ گونج اُٹھا کرتا تھا اور جو اُسے اپنی زندگی کے ہر شعبہ مین مرشد کُل و ہادی سُبل سمجھتے تھے۔ اس کا کام یہ تھا کہ ان کے ہر عیب پر انھین ٹوکتا، ان کے گاڑھے وقت مین ان کے کام آتا، اور

ہر وقت ہر طرح پر ان کی امداد و اعانت کے لیے تیار رہتا۔ ٹارس، قیورنیس، فرنٹو، و اٹیکس کا شمار مشہور ترین حکماء مین ہوتا تھا۔ ان مین سے ہر ایک کے گرد و فاشعار، پُرجوش، و مخلص شایق علم نوجوانون کی ایک جماعت رہا کرتی تھی، دران حالیکہ سارا ملک بدمذاقی و بدچلنی کی پستی مین پڑا ہوا تھا۔ ملک مین کسی قسم کا اعلیٰ علمی مذاق باقی نہین رہا تھا، معلوم ہوتا تھا کہ ترقی علم و کمال کے دن ختم ہو چکے ہین، اور ایک صرف اسلاف پرستی و استخوان فروشی کا مشغلہ باقی رہ گیا ہے۔ علما کا کام صرف یہ تھا، کہ قدیم کتابون کے شروح و حواشی لکھا کرین، قوت اجتہاد معدوم ہو گئی تھی۔ کوئی نیا مسئلہ پیدا کرنا سخت معیوب سمجھا جاتا تھا، قدامت پرستی و جمود ہر شے پر طاری تھا۔ ذوق اس قدر فاسد ہو گیا تھا، کہ اینیس کو ورجل سے بہتر شاعر، اور کیٹو کو سسرو سے افضل نثر نویس مانا جاتا تھا۔ گفتگو مین بڑے بڑے مغلق و متروک الفاظ ٹھونس دینا، علم و فضل کی دلیل سمجھی جاتی تھی۔ نصاب تعلیم مین سارا زور صرف و نحو اور منطق پر تھا۔ صرف و نحو کے مسائل پر بڑی معرکہ آرا بحثین ہوتین، اور منطقی معمون کا حل کرنا مقصود زندگانی سمجھا جاتا۔ شام کے وقت ٹارس کے میز پر جب اس کے تلامذہ تفریح و تفنن کی غرض سے جمع ہوتے، تو ہمیشہ اس طرح کے مباحث چھڑ جاتے:۔

"انسان کو مردہ ٹھیک کس وقت پر کہنا چاہیے؟ آیا اُس کی زندگی کے آخری لمحہ پر؟ یا اُس کی موت کی اولین ساعت پر؟

"یہ ٹھیک کس وقت کہنا چاہیے، کہ آدمی کھڑا ہو گیا؟ آیا اُس کے چارپائی چھوڑنے کے آخری وقت، یا اُس کے کھڑے ہو جانے کی پہلی گھڑی پر؟"

یا پھر اس طرح کے استدلالات پر دادِ عقل آزمائی دی جاتی:۔

"جو شے تم سے کبھی ضائع نہین ہوئی، وہ تمھارے پاس موجود ہے؛
سینگ تمھارے سر سے کبھی ضائع نہین ہوئے، لہذا تمھارے
سر پر سینگ موجود ہین"

یا مثلاً

"جو مین ہون وہ تم نہین، مگر مین انسان ہون؛ لہذا تم انسان نہین"

وقس علی ہذا۔

اخلاق کی جانب بے شبہ اُنھین دل سے توجہ تھی، لیکن یہان بھی کٹھ حجتی اور قدامت پرستی دامن نہین چھوڑتی تھی۔ کوئی مسئلہ ہو، جب تک قدما کے یہان اس کی حلّت و حرمت، جواز و عدم جواز پر نصّ صریح نہ مل جائے گی، یہ ایک قدم آگے نہ بڑھائین گے۔ ضمیر و فرائض اخلاقی کے مسائل پر یہ خوب اپنی کج بحثیون کی قوت کو صرف کرتے۔

خطیبون اور رواقیون کا اتحاد، اگرچہ رواقیت کو مقبول بنانے مین بہت معین ہوا، تاہم دوسری حیثیات سے اس کا اثر بہت مُضر پڑا، بلکہ یہی رواقیت کے زوال کا پیش خیمہ ثابت ہوا۔ کج بحثیان اور دور از کار موشگافیان، رواقیت مین دبی ہوئی تھین، لیکن خطیبون کی تمام تر کائنات یہی تھی۔ اُنھون نے اسے خوب چمکایا۔ پھر انٹونائیس نے جو فلاسفہ کے لیے بیش قرار وظیفہ و معاوضہ مقرر کر دیے تھے، اس کی طمع مین صدہا مکار آکر فلاسفہ کے حلقے مین داخل ہو گئے۔ ان کے چہرے پر لانبی داڑھیان اور ظاہری وضع و قطع فلاسفہ ہی کی سی تھی، لیکن ان کی خباثت نفس کو معنیٰ فلسفہ و حکمت سے کوئی واسطہ نہ تھا۔ اسی طرح کلابیہ کے گروہ مین بھی ہزارہا بد معاش شامل ہو گیا تھا۔ یہ لوگ اس فرقۂ محترم کے اس اصول کی آڑ پکڑ کے، کہ فلسفی رسم و رواج و عوائد اجتماعی کی پابندی سے آزاد ہوتا ہے، بے تکلف شرم و حیا

تہذیب و شایستگی کے قیود سے آزاد ہو گئے، اور بے دھڑک سیہ کاریون کے مرتکب ہونے لگے۔ رفتہ رفتہ رواقیت مین گھُن لگنا شروع ہو گیا، اور زیادہ دن نہ گزرنے پائے تھے، کہ لوگون کے دیکھتے دیکھتے یہ آفتاب ڈھل گیا۔ بلکہ جن لوگون کو مارکس آریلیس کی تخت نشینی یاد تھی، انھین کی آنکھون نے یہ نظارہ بھی دیکھا، کہ رواقیت دم توڑ رہی ہے۔ اس کے اسباب و علل کی تشریح آیندہ دو فصلون مین ملے گی۔

فصل (۷)

مشرقی مذاہب کا پُرجوش استقبال

رواقیت کے اس زوال کے کچھ اندرونی اسباب بھی تھے، مگر ساتھ ہی اُن کے چند زبردست خارجی اسباب بھی تھے، اور بے اُن کو خیال مین رکھے یہ واقعہ پوری طرح سمجھ مین نہین آسکتا۔ سب سے بڑا سبب یہ آپڑا تھا، کہ لوگون کی اعتقادی زندگی مین ایک خاص انقلاب ہو رہا تھا، یعنی لوگون کا رجحان مشرقی مذاہب کی جانب بڑھتا جاتا تھا، اور پلوٹینس، پارفری، و پروکلس وغیرہ کی سرکردگی مین ایک طرح کا تصوف آمیز فلسفہ روز بروز شایع ہوتا جاتا تھا، جو کسی قدر مصری الاصل تھا، اور کسی قدر اشراقیت پر مبنی تھا۔ حیات اعتقادی کا یہ انقلاب ذرا تفصیل سے بیان کرنے والی بات ہے۔

اس کے متعدد اسباب تھے۔ ایک کھلا ہوا سبب تو خود نفس بشری کا یہ خاصہ ہے، کہ جس زور کا عمل ہوگا، اسی قوت کا ردِّ عمل بھی ہوگا۔ بہتے ہوئے دریا کی جتنی روک تھام کیجیے گا، جب بند ٹوٹے گا، وہ اسی زور و شور سے نہ نکلے گا یہی حال نفس انسانی کا ہے۔ بعض قوتیں کو آج آپ دباتے ہین، مگر کل جب وہ اُبھرین گے تو یاد رکھیے کہ نہایت خوفناک تیزی کے ساتھ اُبھرین گے۔ تاریخ ہر زمانے مین

اس سبق کا اعادہ کرتی رہی ہے۔ ایک زمانے مین آپ جذبات کو فنا کیے ڈالتے ہین، اور عقل کی پرستش کراتے ہین، نتیجہ یہ ہوگا، کہ کچھ روز کے بعد جذبات کی پرستش ہوگی، اور عقل کو لوگ ٹھوکرون سے پامال کرین گے۔ چنانچہ رواقیت و تشکیک کے خلاف جب ردّ عمل از خود شروع ہوا، تو اُس نے یہی شکل اختیار کی۔

دوسری بات یہ ہوئی، کہ رواقیت نے فضیلت انسانی کا جو تخیل قائم کیا تھا، وہ خود اس قدر روحانی تخیل کے قریب تھا کہ کچھ عرصے کے بعد اس کا تصوف کے قالب مین منقلب ہوجانا لازمی تھا۔ روحانیت و تصوف مین فرق ہی کیا ہے؟ ایک کے ڈانڈے دوسرے سے بالکل ملے ہوئے ہین۔ یہ کیونکر ممکن تھا، کہ لوگون مین روحانیت ترقی کرتی رہے، اور تصوف کی آمیزش نہ ہونے پائے۔ اس طرح رواقیت کی مذہبیت و روحانیت خود اُسے تصوف کے قالب مین ڈھالنے مین معین ہوئی۔

پھر کچھ تجارتی و سیاسی اسباب بھی ایسے آکر جمع ہوگئے جنھون نے مشرقی مذاہب کی خوب اشاعت کردی۔ مثلاً تجارت کی غرض سے، اہل اٹلی اور اہل مصر مین خوب آمد و رفت و خلا ملا پیدا ہوگیا۔ یا پھر وہ مشرقی غلام جو روما مین بہ کثرت تھے، اپنے آبائی مذہب کے سخت پیرو تھے۔ ان کے علاوہ اب اسکندریہ نے جو مرکزی حیثیت حاصل کرلی تھی، اس کی بنا پر ہر ملک کے حکما و علما، مذاہب آآکر وہان جمع ہوگئے تھے، اور ان کے اجتماع کے اثر سے بیسیون مختلف معتقدات و مذاہب وہان چل پڑے تھے، جن مین سے چار کو خاص اہمیت حاصل ہوئی:۔ یہودیت کی آمیزش مصری و یونانی فلسفہ سے، مسیحیت مین مصری و یونانی عناصر کا امتزاج، خود مصری و یونانی فلسفہ کی باہمی ترکیب،

اور فلاطون کی اشراقیت کا مشرق کے تصوف سے اختلاط۔ لوگون کو اس آخری صورت مین خاص طور پر موزونیت و مناسبت نظر آنے لگی، یہان تک کہ رفتہ رفتہ یہ دونون مدغم و ممزوج ہوکر ایک ہوگئے۔

ان سب سے بالاتر و قوی تر سبب خود نفس انسانی کا ایک نہ مٹنے والا جذبہ ہوا۔ وہ کون جذبہ؟ جذبہ مذہبیت۔ مذہبیت، درحقیقت انسان کی جبلت مین، انسان کی سرشت مین، انسان کی خمیر مین داخل ہی، تاریخ شاہد ہی کہ اس کے برگ و بار بارہا کاٹے گئے، لیکن اس کی جڑ جون کی تون قائم رہی۔ بلکہ میرے نزدیک تو مذہب کی حقانیت و صداقت کی سب سے بڑی دلیل ہی یہ ہی، کہ یہ جذبہ ہماری ہستی کا ویسا ہی جزو غیر منفک ہی، جیسے ہمارا جسم اور ہمارے قوی۔ ڈوی ڈوئین نے جو اس حیثیت سے ہمارے معاصرین مین کامٹ کے فلسفۂ حسی کے متبعین سے بہت کچھ مشابہ کہے جا سکتے ہین، یہ کوشش کی کہ انسان کی توجہ مذہب و الٰہیات کے مباحث سے ہٹا کر تمامتر اخلاقی مسائل پر مصروف رکھین۔ یہ کوشش عرصے تک چلنے والی نہ تھی۔ کچھ روز تو مذہب سے بے اعتنائی رہی، لیکن جبلت کے نقوش کو کون مٹا سکتا ہی؟ جذبۂ مذہبیت اُچھلا، اور اس زور کے ساتھ اُچھلا، کہ الحاد، انکار، تشکیک، و تغافل سب کو اپنے ساتھ بہالے گیا۔ پہلی صدی عیسوی کے وسط تک تو مذہب کی طرف سے تغافل و بے اعتنائی رہی، لیکن اس کے بعد انکار کی جگہ اعتقاد نے لینا شروع کی، اور لوگون مین طرح طرح کی وہم پرستیان پیدا ہونے لگین۔ حکومت نے اس کی روک تھام کرنا چاہی، مگر مذہب کی قوت کے آگے کچھ نہ چل سکی۔ بالآخر خود حکومت اس کی تائید پر آمادہ ہوگئی۔ اسی زمانے مین ایک طرف تو سیاسی انحطاط کے اقتضا سے لوگون کی توجہ و طمانیت و قومیت کی طرف سے جب ہٹی، تو خواہ مخواہ مذہب کی جانب مائل ہوئی

اور دوسری طرف ملک مین جو ہولناک وبا پھیلی، اُس نے رہی سہی بداعتقادی وبیدینی کا اور بھی خاتمہ کردیا۔ عین اسی وقت افلاطون وفیثاغورس کے فلسفون نے مقبولیت حاصل کرنا شروع کی، اور یہ دونون فلسفہ، خاص مذہبی رنگ مین رنگے ہوئے تھے۔ فرق اتنا تھا کہ مصری فلسفہ (یعنی فیثاغورس کا) انسان کی روحانی زندگی کی اصلاح پر زور دیتا تھا، اور یونانی فلسفہ (یعنی فلاطون کا) انسان کی عقلی زندگی کی اصلاح پر، لیکن ماحصل دونون اصلاحون کا، تزکیۂ روحانی وتخلیق مذہبیت ہی تھا۔

اشراقی تحریک کا علمبردار پلوٹارک تھا۔ یہ عقل کی اشرفیت وفضیلت کا قائل تھا۔ یہ وہم پرستی کو الحاد سے بھی بدتر جانتا تھا، کیونکہ الحاد تو وجود باری کا صرف انکار کرتا ہی، اور اس سے جو خرابیان پیدا ہوتی ہین، وہ محض سلبی یا منفعیانہ ہوتی ہین؛ بہ خلاف اس کے وہم پرستی، ذات باری کی غلط تصویر کھینچتی ہی اُس کی جانب بے اصل وبے بنیاد امور کا انتساب کرتی ہی، اور اس کے مفاسد بالکل صریح ایجابی، ومثبتانہ ہوتے ہین۔ تاہم پلوٹارک اساطیر قدیم کا سرے سے منکر نہ تھا۔ بعض چیزون سے انکار کرتا تھا، بعض کی تاویل کرتا تھا، اور بعض کا صراحتہً معتقد تھا۔ اس کی تعلیم خالص توحید کی تعلیم تھی۔ چھوٹے چھوٹے معبودون اور دیوتاؤن کو وہ یا تو مظاہر ربانی سے تعبیر کرتا ہی، اور یا انھین ملائکہ کے درجے مین رکھتا ہی۔ البتہ ان کے بابت جو بداخلاقی کے افسانے مشہور تھے، ان کا وہ شدت سے منکر ہی۔ وہم پرستون کی وہ خوب خبر لیتا ہی۔ ایک جگہ کہتا ہی، کہ

"وہم پرست شخص دیوتاؤن کا قائل ضرور ہوتا ہی، لیکن اس کا یہ تخیل نہایت غلط وناقص ہوتا ہی۔ جو ہستیان ہر وقت اس کی خبرگیری کرتی ہین اور اُس کی خطاؤن سے بہ کمال مہربانی چشم پوشی

کرتی رہتی ہین، اُنھین وہ ظالم وشقی القلب تصور کرتا ہی۔ وہ
دیوتاؤن کی جانب انسانی شکل وصورت کا انتساب کرتا ہی۔ وہ
بتون کی پوجا کرتا ہی، اور اہل علم کی آواز پر کان نہین دھرتا، جو خدا کی
عظمت ورافت کا خیال دلاتے رہتے ہین۔"

مگر خالص موحّد ہونے کے ساتھ پلوٹارک کہانت کا قایل تھا، معاد روحانی، و
تقدیر الٰہی کا معتقد تھا، اور باپ کے جرم پر اولاد کو سزا دینے کا حامی تھا۔

پلوٹارک کا جانشین میکزیمس آف ٹایر ہوا۔ اپنے پیشرو کی طرح یہ بھی خالص
عقیدۂ توحید کی تعلیم دیتا تھا، اور کہتا تھا کہ زی اس (خدا) تمام چیزون کا خالق،
سب کا حاکم، اور سب سے قدیم ہی۔ اُسی کی طرح یہ اس کا بھی قایل تھا کہ دیوتاؤن
سے مراد ملائک ہین۔ ہومر کے افسانہ بت پرستی کی شریعت کے صحیفہ تھے، اس نے
ان کی بھی نہایت آزاد خیالی سے تاویلات کین۔ غرض یہ کہ ہر طریقے پر اُس نے
شرک وبت پرستی کی آلایش سے مذہب کو پاک کرکے خالص عقیدۂ توحید کی
تعلیم دی۔ اُس کے الفاظ سننے کے قابل ہین:۔

"دیوتا خود اپنے وجود کے لیے کسی بُت اور مورت کے محتاج نہین
یہ پیکر تراشی تو صرف اسی واسطے ہی کہ ہم اسی ذریعے سے تصور
جما سکین۔ ایسے لوگ کہان ہوتے ہین جو بغیر بتون کی مدد کے
تصور باری کرسکین؟ لیکن جو شاذ ونادر لوگ ایسے ہین، اُنھین اُن کی
کچھ بھی حاجت نہین۔ یہ تو صرف عام افراد کے لیے لازمی نہین، جو
ان کی اعانت کے بغیر ذات الٰہی کا تخیل کر ہی نہین سکتے.....
خدا، جو تمام کائنات کا خالق ومبدع ہی، آفتاب وماہتاب، آسمان
وزمین، زمان ومکان، غرض جملہ موجودات سے قدیم تر ہی۔ اُسے

نہ کوئی آنکھ دیکھ سکتی ہی، نہ کوئی زبان اس کا بیان کرسکتی ہی۔۔۔۔ وہ ذات واحد دیکھتا ہی، اب خواہ ہم اس کا تصور یونانیون کی طرح بتون اور مجسمون کے ذریعہ سے کرین، خواہ مصریون کی طرح جانورون کے ذریعہ سے، اور خواہ ایرانیون کی طرح آگ کے ذریعہ سے، یہ ہماری اختیاری بات ہی، البتہ ہمین اس کی ذات کی وحدت کا ہمیشہ اعتقاد رکھنا چاہیے محبت صرف ایک سے کرنا چاہیے، اور اعتقاد صرف ایک پر رکھنا چاہیے"

اسی مسلک ومشرب کا ایک اور مصنف اسی زمانے مین اپولیس نامے ہوا ہی یہ بہ لحاظ معلم اخلاق ہونے کے اپنے دونون پیشروون سے کم درجے کا ہوا ہی۔ اسے مصری مذہب سے خاص انس تھا، لیکن فلسفہ مین یہ مسلک افلاطون کا پیرو ہوا ہی جنات کے بارے مین اس کے اقوال قابل غور ہین۔ کہتا ہی، کہ

"جنات" انسان ومعبودون کے درمیان بہ طور پیامبر کے کام دیتے ہین۔ انسان کی دعائین خدا تک پہونچانا اور پھر خدا کی رحمت وبرکت کو اہل دنیا پر نازل کرنا، یہ ان کا کام ہی۔۔۔۔ ہر طرح کے وحی والہام، کرامات واستدراج، کہانت ونجوم وغیرہ کے احکام واعمال انھین کے تصرف سے صادر ہوتے ہین۔ ان مین سے سب کے کام الگ الگ بٹے ہوئے ہوتے ہین۔ بعض خواب دکھلاتے ہین، بعض پرندون کے پرواز پر حاکم ہوتے ہین، وقس علی ہذا۔۔۔۔ معبود ان اعظم یہ کام نہین کرتے۔ یہ سب انھین کے ذریعہ سے انجام پاتے ہین۔۔۔۔ یہ ہمارے اعمال کے کاتب اور ہمارے اخلاق کے محافظ بھی ہوتے ہین۔ ہر شخص کے گرد وپیش اس کے اعمال زندگی کے غیر مرئی شاہد

ہر وقت موجود رہا کرتے ہین، جو نہ صرف اس کے اقوال و اعمال کو
بلکہ اس کے افکار و تصورات کو بھی لکھتے جاتے ہین۔ جب انسان موت
کے بعد داور محشر کے سامنے جاتا ہی، تو ہر شخص کے ساتھ اُس کے
یہ جنات بھی موجود ہوتے ہین، اور انھین کی تصدیق یا تردید کی بنا پر
اُس کو اُس کے اعمال کی پاداش ملتی ہی"

مذہبی اصلاح کی یہ کوششین متعدد حیثیات سے دلچسپ و اہم ہین۔ ایک تو اس لحاظ سے کہ وجود اجنہ کو مسیحی علما نے تمامتر لے لیا، بلکہ کاتب اعمال جن کی جگہ انھون نے کاتب اعمال فرشتہ قرار دے لیا، اور ایسے حاکم مطلق کا تصور، جو اپنے ماتحتون کے ذریعے سے کارفرمائی کرتا ہی، بداہۃً مسیحیت کی مقبولیت و اشاعت مین معین ہوا۔ پھر اس حقیقت کے انکشاف کے لحاظ سے بھی یہ اصلاحات کچھ کم دلچسپ نہین، کہ انسان اپنے مذہبی تخیلات کو اپنی دماغی و اخلاقی سطح تک بلند کرنے کی کس کس طرح کوشش کرتا ہی، اور اپنے مذہبی قوانین کو کیونکر اپنی اخلاقی ترقی کا ذریعہ بناتا ہی۔ مگر سب سے بڑھ کر یہ اس لحاظ سے دلچسپ ہین، کہ مصری و یونانی اصلاحات نے دو صاف سانچے تیار کر دیے، جن مین تمام اصلاحات مابعد ڈھلتی رہین۔ یونانی تحریک تمامتر عقلی و دماغی تھی، بہ خلاف اس کے مصری تحریک یکسر روحانی و باطنی تھی۔ یونانی اپنے مذہب پر ردوقدح کرتے تھے، مہملات کی تاویلات کرتے تھے، تناقضات کو رفع کرتے تھے، اور تخیلات دینی پر اُسی آزادی سے تنقید و تنقیح کرتے تھے، جیسے وہ اپنی روزانہ زندگی کے دوسرے اعمال مین کرتے تھے۔ مصریون کا طریق عمل اس کے بالکل برعکس تھا۔ وہ اپنی آنکھین بند کر لیتے تھے، اعتقاد کے سامنے عقل کی گردن خم کر دیتے تھے، اور تسلیم و رضا کا دامن کبھی ہاتھ سے نہین جانے دیتے تھے۔

یہی آپولیس ایک جگہ کہتا ہی کہ "مصری دیوتاؤن کی عزت آہ وزاری سے تھی، اور یونانی دیوتاؤن کی رقص وسرود سے" اور اس مین شبہ نہین، کہ اس مقولہ کے آخری جزو کی تصدیق تاریخ یونان مین قدم قدم پر ہوتی ہی۔ درحقیقت کسی مذہب کے مراسم مین جشن، کھیل، وتماشون کی اتنی آمیزش نہین پائی جاتی، جتنی اس مین۔ اور نہ کسی مذہب مین خوف ودہشت کا عنصر اس قدر قلیل پایا جاتا ہی، جتنا اس مین۔ اس مذہب مین خدا کا تقدس بس اسی درجہ کا تھا، جتنا کسی بزرگ شخص کا ہوتا ہی، اور اُسے چند معمولی مراسم کے ساتھ یاد کرنا اس کی عظمت وتمجید کے لیے بالکل کافی تھا۔ اس کے برخلاف، مصریون کے یہان مذہب کی ایک ایک شی اسرار وغوامض مین داخل تھی۔ تجرد، ترک حیوانات، غسل ووضو، قربانی وغیرہ کے پُراسرار مراسم عبادت کے لازمی اجزا تھے۔ اور فطرت کی قوتون کی جیسی پُراسرار پرستش ان کے یہان تھی، اس کی نظیر کسی قدیم مذہب مین نہین ملتی۔

مشرقی مذاہب کے ہمراہ جو فلسفہ اور فلسفۂ اخلاق آیا، وہ بھی اسی نوعیت کا تھا۔ اس فلسفہ کا اصل الاصول یہ تھا، کہ عقل کو اشراق ومکاشفہ کے سامنے مغلوب رکھا جائے۔ اشراقیت جدید اور اس کے متحد النوع فلسفہ اگرچہ وحدت وجود پر متفرع تھے، تاہم ان مین اور رواقیت کے وحدت وجود مین بہت فرق تھا۔ رواقیین عبد ومعبود مین رشتۂ اتحاد اس لیے قائم کرتے تھے، کہ انسان کی عظمت ہو، بخلاف اس کے اشراقیین اسے اس واسطے مانتے تھے، کہ اس سے خدا کی عظمت مین اضافہ ہو۔ اول الذکر کے نقطۂ خیال سے انسان ایک خودمختار واشرف الموجودات ہستی ہی۔ برخلاف اس کے آخرالذکر کے نزدیک، انسان، ایک ہستی مجبور ومجہول ہی، جس مین روح یزدانی سرایت کیے ہوئے ہی، تاہم اس کی یزدانیت کو اس کا جسم زیر کیے ہوئے ہی۔ اس بنا پر انسان کی زندگی کا اصل مقصد، جسمانی سرکشی کو

مغلوب کرنا، اور جسم کے قیود سے آزاد ہونا ہی۔ پارفری کہتا ہی، کہ فلسفہ کی غایت موت کا حصول قرب ہی، نہ اس معنی مین کہ بہ قول رواقیین کے اس سے موت کی طرف سے بیخوفی پیدا ہوجاتی ہی، بلکہ اس معنی مین کہ اس سے اصلی مقصود زندگی حاصل ہوتا ہی، یعنی جسم و روح کا انفصال۔ یہین سے ایک مہابنیت آمیز فلسفۂ اخلاق کی بنیاد پڑی اور اس طرح کے اقوال نظر آنے لگے، کہ "انسان کے لیے سب سے بڑی مصیبت، لذت و مسرت ہی، کہ اسی کے باعث روح کو جسم سے وابستگی و دلچسپی قائم ہوجاتی ہی۔ اور اسی کے باعث روح کا عنصر یزدانیت ماند پڑجاتا ہی، اور وہ راہ حقیقت چھوڑکر جسم کے بتائے ہوئے راستے پر چلنے لگتی ہی۔" "حسن حقیقی و عدل، اور ان کے مرکبات کو آج تک نہ کسی آنکھ نے دیکھا ہی، اور نہ کسی حواس مادی نے انھین محسوس کیا ہی۔ فلسفہ کی تحصیل، حواس ظاہری کو مردہ کرنے کے بعد صرف خالص و بے آمیز عقل کی بنا پر ہونا ممکن ہی۔ جسم روح کو گمراہ کرتا رہتا ہی، اور جب تک روح قید مادی مین گرفتار ہی، ہم کبھی حقایق اصلی کو نہین پا سکتے۔"

لیکن ان فقرون مین جس عقل کی بہ حیثیت کاشف حقایق اس قدر مدح و توصیف ہوئی ہی، اُس سے مراد استدلال سے ہرگز نہین۔ ان لوگون کے نزدیک عقل کی جو تعریف ہی، اُس مین قیاس و استقراء، برہان و استدلال، تحلیل و تنقید کی مطلق گنجایش نہین۔ بلکہ وہ ایک ودیعت فطری، ایک ملکۂ وہبی ہی، جس مین ایک مدت کی تمرین و ریاضت کے بعد روحانی جِلا آجاتی ہی۔ فرض کیجیے ایک شخص دفعۃً باہر سے کسی تاریک کمرہ مین داخل ہوتا ہی، تو داخل ہوتے ہی اس کی کیا حالت ہوتی ہی۔ یہ کہ اُسے مطلق سُوجھائی نہین دیتا۔ لیکن چند منٹ کے بعد جب اُس کی آنکھین اس تاریکی کی خوگر ہوجاتی ہین، تو رفتہ رفتہ اس کی بصارت کام دینے لگتی ہی، یہان تک کہ کچھ عرصے مین اُسے اپنے گرد و پیش کی اشیاء خاصی طرح دکھائی دینے لگتی ہین۔

اس تمثیل کے ذریعہ سے اشراقیین روح کی ماہیت سمجھاتے تھے، وہ کہتے تھے، روح جسم کی کثافت سے آلودہ ہو کر مثل ایک تیرہ و تار کمرہ کے ہو گئی ہے، تاہم اُس مین یزدانیت کی چشم بصیرت موجود ہے، جو اگرچہ ابتداءً مادیات کی تاریکی مین خیرہ رہتی ہے، لیکن کچھ عرصے کی ریاضت، مکاشفہ و مراقبہ کے بعد اُس مین رویت کی قوت پھر عود کر آتی ہے۔ اس بنا پر یک سوئی ذہن عقلی حیثیت سے، اور انسان کی فنائیت فی اللہ اخلاقی حیثیت سے، سب سے بڑی نعمت ہے۔ "انسان کا انجام، خدا ہے" یہ فیثاغورث کا مقولہ تھا۔ ذات احد، جو تمام اوصاف و اعراض سے منزہ ہے، اُس مین فنا ہو جانا، یہ غایت حیات انسانی ہے۔ مشہور یہ تھا، کہ یہ حالت، پلوٹینس پر کئی بار طاری ہوئی تھی اور پارفری پر مدت کی ریاضت کے بعد صرف ایک بار۔ اس حالت کے حصول مین عقل و دلیل، نہ صرف غیر مفید ہوتی ہے بلکہ صریحاً مُضر ہوتی ہے۔ یہان استدلال و استقرا، چون و چرا کو بالکل دخل نہین، بلکہ جو کچھ حاصل ہوتا ہے، سخت سے سخت ریاضت، نفس کُشی، ترک خواہشات، اور پُر اسرار جادۂ طریقت پر چلنے سے حاصل ہوتا ہے۔

فصل (۸)

اشراقیت جدید

اشراقیت جدید نے جو فلسفہ پیش کیا، وہ کچھ اپنی نوعیت مین انوکھا نہین، بلکہ مختلف قالبون اور مختلف نامون کے ساتھ ہمین اس کی جھلک متعدد جگہ نظر آتی ہے، روحانیت، تصوف، یوگ، یہ سب اسی کے مختلف نام ہین۔ ماحصل ان سب کا یہ ہے کہ مادیات سے پرے ایک ایسی اقلیم ہے، جہان حواس کا گزر نہین، بلکہ

جہان جو کچھ ہوتا ہی، مراقبہ و مکاشفہ کی مدد سے ہوتا ہی۔ اس فلسفہ کی تعلیم کا دماغی اثر یہ ہوا، کہ لوگون مین زود اعتقادی، وہم پرستی، و عجائب پسندی بڑھ گئی، کرامت و خرق عادت کا دور دورہ ہو گیا، اور عقل و منطق و قانون قدرت پر اعتماد لوگون کے دلون سے اُٹھ گیا۔ اخلاقی حیثیت سے یہ فلسفہ تزکیۂ باطن و تکملۂ انسانیت مین تو بے شبہ بہت معین ہوا، تاہم اس کا سب سے بڑا مہلک اثر یہ پڑا، کہ لوگون مین عملی زندگی کی طرف سے بے اعتنائی آگئی۔ اور اس حیثیت سے یہ فلسفہ ہمیشہ کے لیے رومن فلسفہ کا خاتم ثابت ہوا۔ اس سے پیشتر تمام رومی حکما، عمل کو اخلاق کا ایک لازمی جزو قرار دیتے تھے۔ سسرو کہتا تھا، کہ جو لوگ حکومت کی خدمت و فاداری سے کرتے ہین، ان کے لیے یقیناً عقبیٰ مین بخشش ہی۔ رواقیین کا قول تھا، کہ ہر نیکی بیکار ہی، تاوقتیکہ عمل و کردار مین اس کا اظہار نہ ہو۔ خود اپیکٹیٹس، مارکس آریلیس تک نے بہ این تعبس و رہبانیت، کبھی عملی زندگی کے حقوق و فرائض کو نظر انداز نہین کیا تھا۔ پلوٹارک کا مقولہ تھا، کہ ہماری زبان مین انسان اور نور کے لیے جو ایک ہی لفظ ہی، سو اس کا منشا یہ ہی، کہ انسان کو عملاً اپنے تئین دنیا کا نور ثابت کرنا چاہیے، اور کاشتکار کے لیے بھی کافی نہین کہ وہ اپنی خوش حالی کے لیے خدا سے دعا مانگتا رہے، بلکہ اس کی زبان کو دعا مین مشغول رہنا چاہیے اور ہاتھ کو ہل پر رہنا چاہیے۔ آپولیس کہتا تھا، کہ جو انسان نیکی کرنا چاہتا ہی، اُسے یہ سمجھنا چاہیے، کہ وہ تنہا اپنی ہی ذات کے لیے نہین پیدا ہوا ہی، بلکہ ساری دنیا کے حقوق اُس کے اوپر ہین۔ مثلاً سب سے پہلے اُس کے اوپر اُس کے وطن کا حق ہی، پھر اُس کے خاندان کا، اور پھر اُس کے ہم پیشون کا۔ اسی طرح میکربیس نے پورے دو مقالات اس باب مین لکھے ہین، کہ محض تصور و خیال مین نیکی کرتے رہنا، تاوقتیکہ عملاً اس کا اظہار نہو، محض لاحاصل ہی۔ اُس کے بعض فقرہ یہ ہین:-

"انسان کو علم سے کیا حاصل، اگر وہ اپنے علم سے دوسرون کو فایدہ نہین پہونچاتا؟ طبیب کو طب پڑھنے سے کیا فائدہ، اگر وہ دوسرون کا علاج نہین کرتا؟ صنعت و حرفت کس کام کی، اگر صناع مصنوعات نہین بناتا؟... ہرقلس ایک مشہور حکیم ہوا ہی، مگر کیون؟ اس لیے کہ وہ اپنی حکمت کو اپنی ذات تک محدود نہین رکھتا تھا، بلکہ اس سے تمام دنیا کو نفع پہونچاتا تھا... لیکن اگر وہ ساری دنیا سے الگ ہوکر کسی گوشے مین اپنے تئین مقید رکھتا، تو آج ہرگز وہ اس عظمت و عزت کے ساتھ نہ یاد کیا جاتا۔ خود خدا کو دیکھو، جو تمام ممکن محاسن کا جامع ہی، کہ وہ کسی لمحہ بیکار نہین ہوتا، ہر وقت عمل مین مشغول رہتا ہی۔ اگر وہ ایک گھڑی کے لیے بھی عمل سے غافل ہوجائے تو آسمان کی گردش، زمین کی قوت نامیہ، دریاؤن کا بہاؤ، موسمون کا تغیر و تبدل سب اکبارگی بند ہوجائے۔"

غرض یہ کہ جتنے حکما گزرے تھے، سب کے نزدیک، فضیلت اخلاق کی مقدم شرط عملیت تھی، لیکن اشراقیت جدید نے اس کے بالکل برعکس اثر ڈالا۔ اس کا سارا زور مراقبہ و مکاشفہ پر تھا، اور اس کے لیے ترک تعلقات، زاویہ نشینی و عزلت گزینی لازمی تھی۔ اس مسلک کا ماحصل انکسار غورس کے ان الفاظ مین تھا کہ "آفتاب و نجوم، اور واقعات فطرت کا مطالعہ کرو، اور ان مین تدبر سے کام لو، کہ آیات الٰہی مین یہی تدبر اصلی حکمت ہی۔" سینٹ کے ایک رکن، روگن ٹیانس پر پلوٹینس کی اس تعلیم کا ایسا گہرا اثر پڑا، کہ وہ اپنی ساری جایداد سے دست بردار ہوگیا، تمام فرائض منصبی سے استعفا دیدیا، اور ہر قسم کے مشاغل دنیوی سے علیحدہ ہوکر زاویہ نشین ہوگیا۔ اس پر پلوٹینس اُس سے اس درجہ خوش ہوا، کہ اُسے

اپنا خاص ممتاز تلمیذ قرار دیا، اور دوسرون کے سامنے اُسے بہ طور ایک حقیقی فلسفی کے نمونے کے پیش کرتا تھا۔

فیثاغورثی مسلک کے ان دونون خصوصیات، یعنی عقل کی مغلوبیت اور علائق دنیوی سے بے تعلقی کی جھلک یون تو اس مین ابتدا ہی سے نظر آتی تھی، لیکن تیسری و چوتھی صدی مین یہ زیادہ نمایان ہوگئین۔ تاہم بلوٹینس اب بھی ایک آزاد مشرب فلسفی تھا، جو یونانی روایات کو زندہ رکھے ہوئے تھا، اور جو اپنا نظام عقلی اصول پر قائم کیے ہوئے تھا، اور جو مذہبی ڈھکوسلون کا یکسر مُنکر تھا۔ لیکن اُس کے شاگرد پارفری نے مسیحیت کی مخالفت شروع کی، اور اسی ضد مین وہ اشراقیت جدید کو ایک مذہب کے قالب مین تبدیل کرنے لگا۔ اس کی اس کوشش کو آئمبلیکس نے تکمیل تک پہونچا دیا جو خود مصری مذہب کا ایک پادری تھا، اُس نے سارے فلسفہ اخلاق کو مذہبی اعجوبہ پرستیون کا محکوم کرکے، عقل کو اعتقاد کی لونڈی بنا دیا۔ اس کے بعد جولین کی یہ کوشش رہی، کہ فلسفہ کی آمیزش کے ساتھ بت پرستی کی پھر تجدید کرے۔ ان تمام مختلف تحریکات مین یہ شے بہ طور قدر مشترک کے رہی، کہ زود اعتقادی و اعجوبہ پرستی کا مرض برابر بڑھتا گیا۔ جنّات کا وجود روز بروز مسلم ہوتا گیا، اور قدیم مساکن مٹتا چلا گیا، کہ مختلف دیوتا، مختلف صفات ربانی کے مظہر ہین۔ اخلاقی حیثیت سے فلاطون کی تعلیمات اگرچہ رائج و شائع تھین، تاہم ان پر خارجی اثرات غالب آگئے تھے۔ مثلاً ایک خودکشی کا مسئلہ تھا۔ اس کے عدم جواز پر فلاطون اور اشراقیین جدید دونون متفق تھے، لیکن عدم جواز کے وجوہ مین دونون ایک دوسرے سے بالکل مختلف تھے فلاطون اس کی صرف یہ وجہ قرار دیتا تھا، کہ خدا نے زندگی مین ہمارا جو منصب قرار دے دیا ہے، اُس سے ہٹنا آئین فرض شناسی کے منافی ہے، بہ خلاف اس کے اشراقیین جدید یہ بھی کہتے تھے، کہ خودکشی کرنے سے روح نجاست سے آلودہ ہوجاتی ہے۔ معاد کا اعتقاد

جو فیثاغورس و فلاطون کے مسلکون مین مشترک تھا، اب عام ہو گیا تھا۔ وطنی عظمت کا اثر روز بروز ماند پڑ جاتا تھا، اور اس کی جگہ عقبیٰ کا تصور لیتا جاتا، خصوصاً مشرقی المذہب غلامون کی تعداد کثیر، جو رومیون کی زندگی پر ایک اثر عظیم رکھتی تھی، قدرتی طور پر اُس عالم کا ذوق و شوق سے انتظار کرتی رہتی تھی، جہان وہ آزاد ہو سکے گی۔ سیزر، لکریشیس، و پلینی کے زمانے مین جو انکار و تشکیک کی عام ہوا چلی ہوئی تھی، وہ اب مدت ہوئی فنا ہو چکی تھی۔ مذہب و اخلاق مدغم ہو گئے تھے، اور اب معلمین اخلاق، تزکیۂ اخلاق کا بہترین طریقہ، عبادات بتاتے تھے۔

باب ہذا کے موضوع پر مجھے جو کچھ لکھنا تھا، لکھ چکا۔ بُت پرست اخلاقیین کے اصل اقتباسات دیکر اور اس زمانے کے عام رُجحانات کو بیان کر کے یہ دکھایا جا چکا، کہ فلسفۂ رومی کے عروج اور شیوع مسیحیت کے درمیانی زمانے مین ان اخلاقیین کی تحریکات کا رخ کس جانب تھا۔ میرا مقصد اِن مصنفین کی، یا اُن کے فلسفہ کی تاریخ لکھنا نہ تھا، بلکہ مقصود صرف یہ دکھانا تھا، کہ یہ حکما ہر دور مین کس کس نیکی کو اوّل الفضائل یا اخلاقی سانچہ قرار دیتے تھے، اور پھر اس کی ابتدا و ماہیت کیا ہوتی تھی، چنانچہ مین سمجھتا ہون کہ مین اس فرض کو ادا کر چکا۔ تاریخ، محض سنہ وار متفرق واقعات کے مجموعہ کو نہین کہتے، بلکہ وہ نام ہے علت و معلول کی کڑیون کے ایک سلسلہ کا جس مین ہر پچھلے واقعہ کو پہلے سے مربوط ہونا چاہیے۔ پس جب ہم کسی جماعت کو نہایت نیک کار یا نہایت بد کار پائین، یا جب کوئی قوم ایک اخلاقی منزل سے دوسری مین قدم رکھنے لگے، تو ہمین چاہیے، کہ اس کیفیت کے اسباب و موثرات کا سراغ لگائین۔ چنانچہ رومن اخلاق کی تاریخ لکھنے کے معنی یہ ہین، کہ ہم اس کے تین دور قائم کر کے ہر دور کے خصوصیات الگ الگ کر کے گنا دین۔ یہ تین دور رومی تحریک کے

دور، یونانی تحریک کے دور اور مصری تحریک کے دور سے علی الترتیب موسوم کیے جا سکتے ہین۔

کیٹو و سسرو کے زمانے مین اخلاقی سانچہ کی نوعیت بالکل رومی انداز کی تھی، گو اس کا فلسفیانہ پہلو، رواقیین یونان سے ماخوذ تھا۔ اس مین رومی عظمت، قوت، شدت، و عملیت، اور وسیع المشربی کی جامعیت تھی، رفتہ رفتہ یونانی عنصر کو جو قدما کے یہان انسانیت کے لطیف و نازک پہلوؤن کا محافظ تھا، غلبہ حاصل ہوتا گیا۔ اس کا سبب کچھ تو خود اسی کی تبلیغ و اشاعت، اور کچھ عہد انٹونائنس کی طویل امن مدت ہوئی۔ اور پھر دولت و ثروت کی فراوانی سے ملک مین تعیش کی جو خو پیدا ہو گئی تھی، نیز دار الحکومت روم کی مرکزیت کے باعث اُس مین یونانیون کی جو جماعت کثیر آگئی تھی، وہ بھی اس مین معین ہوئی۔ ان سب پر مستزاد یہ ہوا، کہ پینیٹیس و سسرو نے اخوت انسانی کا جو سبق دیا تھا، اُس کا مفہوم اب لوگون کی سمجھ مین آنے لگا تھا، اور اب جا کر اُس پر عملدرآمد شروع ہوا تھا۔ اس تغیر کا سب سے بڑا مظہر یہ تھا، کہ اخلاقیین فلاطونیہ زور و شور سے رواقیین کی جذبات کشی کی تردید کرتے تھے، اور رواقیت کی سختیون کو ہلکا کرتے تھے۔ سینیکا کی تحریرون مین گو رواقیت کی سختیان بہت نمایان ہین، تاہم درمیان درمیان فیاضی و ہمدردی کے اقوال بھی کثرت سے آتے جاتے ہین، ڈیان کریزوسٹم کے صفحات مین بھی فیاضی و ہمدردی کی تعلیم موجود ہے، اور خودی و بیدردی کے عناصر بھی بہت کم ہین۔ اپیکٹیٹس کے یہان بے شبہ رواقیت کی پوری سختی پائی جاتی ہے، تاہم اس سے کون انکار کر سکتا ہے، کہ اُس کے یہان جذبۂ مذہبیت اور نہایت وسیع ہمدردیون کی تعلیم بھی موجود ہین۔ مارکس آرلیس کے ارشادات مین جذبات کا غلبہ صاف نظر آنے لگتا ہے، اور ملنساری کو ایثار پر صاف فضیلت حاصل ہونے لگتی ہے۔ اسی زمانے سے خیال و تصور کی پاکیزگی اور

جذبۂ تقدس پر خاص زور دیا جانے لگتا ہے۔

یہ دوسرا دور، رومی و یونانی تحریکات کا جامع تھا۔ اب بے غرضانہ عملی، اور یونانی موشگافیون سے معریٰ رواقیت، ایسے لوگون کا مذہب تھی، جو ایک طرف تو تمام دنیا کے حکمران و سردار، جوش و طینت سے لبریز اور فرض پر جان دینے والے تھے، مگر جن مین دوسری طرف روحانیت، لطافت و لینت بھی آگئی تھی۔ پہلے رواقیت ایک کرخت اور ٹھوس شے تھی، مگر اب اس مین اجزاء لطیفہ کی بھی آمیزش ہوگئی تھی، مگر عین اس زمانے مین، جبکہ رواقیت اپنے حسن و جمال، عظمت و قوت کے اوج کمال پر تھی، ایک نئی تحریک پیدا ہوئی، جس کے باعث فلسفہ ناقدری و کس مپرسی مین پڑ گیا، اور اس ڈراما کا آخری ایکٹ ہونے لگا۔

یہان سے تیسرا دور شروع ہوا۔ اس مین بھی مثل ادوار سابقہ کے کوئی نئی و غیر معمولی بات نہین ہوئی، بلکہ جو کچھ ہوا، واقعات کی عام و تدریجی رفتار سے ہوا۔ اب ایک طرف تو عرصۂ دراز کی مستبدانہ حکومت نے رواقیت کی پیدا کردہ عملیت و طینت کا خاتمہ کر دیا تھا، دوسری طرف یونانی موشگافیون کے داخلہ، اور خطیبون کے اژدحام کثیر نے فلسفہ کو ایک بازیچہ اطفال بنا دیا تھا۔ اور تیسری طرف جذبات پروری نے مرکز اخلاق کو اپنی جگہ سے ہٹا کر بجائے انضباط اعمال کے، جذبات کے نشو و پرداخت کو لوگون کی توجہ کا اصل مرکز بنا دیا تھا۔ ان سب اسباب کا مل ملا کر یہ نتیجہ ہوا کہ رومہ کے بجائے اسکندریہ مرکز اخلاق قرار پایا، قدیم تشکیک و عقل پرستی کا چراغ گل ہوگیا، رومی تحریک کا خاتمہ ہوگیا، اور مصری دیومالا نے یونانی اشراقیت سے ساز کر کے تمام قلوب پر قبضہ جما لیا، چنانچہ اب لوگ بجائے فلسفہ و منطق عقل و دلیل کے مراقبہ و مکاشفہ، کشف و کرامت کے قائل ہوگئے، اور وہم پرستیون کا جلوہ ہر جگہ نظر آنے لگا۔

یہ ہیں ان اثرات کی مختصر تاریخ جو باری باری ایک ایسی جماعت پر عامل ہوتے رہے جو صدہا سال سے استبداد، غلامی، سفاکانہ تفریحات، وانواع واقسام کی بداخلاقیوں کا شکار ہو رہی تھی۔ اس کی ہر مصلح نے اپنے اپنے مذاق کے مطابق اصلاح کرنا چاہی مثلاً رواقیت نے یہ کیا، کہ حق و باطل، گناہ و ثواب کے امتیازات نہایت واضح طور پر بتا دیے، عام اخوت انسانی کی تعلیم دی، وطمینت کا جوش پیدا کیا، اور ایک عالی ظرفانہ قانون وادب کی بنا ڈالی۔ اشراقیت قدیم نے اپنے عہد میں یہ کیا، کہ رواقیت کی افراط و تفریط میں اعتدال پیدا کیا اور جانبازی و سرفروشی کے پہلو بہلو روزانہ زندگی میں تپاک، ملنساری، وخوش خلقی کی بھی تعلیم دی۔ آخر میں جب اشراقیت جدید وفیثاغورثیت کا دور دورہ ہوا، تو اس نے یہ کیا، کہ مذہبیت کے قالب مردہ میں از سر نو روح پھونکی، استجابت دعا وخضوع وخشوع کی تعلیم دی، پاکیزگی خیال وانکسار کی طرف لوگوں کو متوجہ کیا، اور یہ بتایا کہ مکارم اخلاق کا مرکز و مرجع نفس انسانی نہیں، بلکہ ذات باری ہے۔

لیکن اب ان تمام اصلاحات کے خاتمے کی ساعت آچکی تھی۔ اب وہ آفتاب طلوع ہونے والا تھا، جو عرصے سے زیر سحاب تھا۔ اپنے اصول اخلاق کے حسن ولطافت، اپنے زبردست مذہبی نظام، دینوی طاقت سے کام لینے کی قابلیت، اور اپنے متبعین میں جو منتظم عقل وتدبیر کی صلاحیت اس نے پیدا کردی تھی، ان مختلف اسباب کی بنا پر مسیحیت چند ہی روز میں تمام مذاہب پر غالب آگئی، اور صدیوں تک دنیا ے اخلاق کی حاکم وحید رہی۔ روحانی عقیدۂ اخوت انسانی، یونانی تعلیم انکسار وخوش خلقی، اور مصری جذبۂ تقدس ومذہبیت، ان تمام چیزوں کی جامعیت نے مسیحیت میں وہ اثر واقتدار پیدا کردیا، جس کے لگ بھگ بھی اُس کا کوئی پیش رو فلسفہ نہیں پہونچتا۔ اب

ہم باب آیندہ مین یہ دکھانا چاہتے ہین، کہ روم مین اس مذہب کی اشاعت کے کیا کیا، اخلاقی اسباب ہوئے؟ اس نے کیا معیار اخلاق پیش کیا؟ اقوام کی سیرت کو اس نے اپنے سے کہان تک اور کیونکر متاثر کیا، اور پھر خود اس مین کیا کیا مفاسد پیدا ہوتے گئے؟

باب سوم

رومہ کا قبول مسیحیت

فصل (۱)

انسانی معلومات کی تاریخ مین شاید اس سے زیادہ حیرت انگیز کوئی واقعہ نہین کہ قسطنطین کی تخت نشینی سے پیشتر بت پرست مصنفین مسیحیت کی اہمیت اور اس کے اثرات کی طرف سے کامل بے اعتنائی برتتے رہے۔ اس زمانے کے سارے ذخیرۂ ادب مین مسیحیت سے متعلق کل دس بارہ اشارے ملتے ہین، اور اگر انھین کے بھروسے پر کوئی کام کرنا چاہے، تو مسیحیت کے قرون اولی کی تاریخ لکھنا بالکل ناممکن ہوگا۔ پلوٹارک، پلینی اول، وسینکا تو اس باب مین سرے سے خاموش ہین، اُن کے یہان مسیحیت کا کبھی نام تک نہین آتا۔ اپکٹیٹس و مارکس آرلیس ضمناً اس کا ذکر کرتے ہین، مگر صرف اس لیے کہ تحقیر سے اس کا نام لیتے ہوئے گزر جائین ٹیکیٹس، نیرو کے مظالم کے ضمن مین لکھتا ہے کہ مظلوم (مسیحی) مذہب ایک نفرت انگیز وہم تھا، اور سیوٹونیس بھی بعینہٖ اسی لقب سے یاد کرتے ہوئے اتنا اور بڑھا دیتا ہے، کہ نیرو کا یہ عمل اگر کار ثواب نہ تھا، تو کسی طرح مذموم بھی نہ تھا۔ سب سے زیادہ تفصیل جس تحریر مین ملتی ہے، وہ پلینی ثانی کا ایک مشہور خط ہے۔ اوسین کے صفحات سے اس کا پتہ چلتا ہے، کہ مسیحی فیاضی کے کیا حدود تھے، نیز یہ کہ اُس زمانے کے مذہبی بازیگر مسیحیون کو

کس نظر سے دیکھتے تھے۔ بس یہ چند اشارے، اور وہ ضمنی تذکرے جو ہیڈرین کی اورنگ نشینی سے عروج مسیحیت تک کے سلاطین کی سوانح عمریون مین پائے جاتے ہین،.... تمام تر وہ معلومات ہین، جو بت پرست مصنفین کی، وساطت سے ہم تک پہونچے ہین۔

ان لوگون کے سکوت کی اصل وجہ ان کا تعصب یا تنگ خیالی نہین، اور نہ یہ ہی، کہ یہ لوگ تاریخ کو صرف سلاطین وامرا کی داستانون تک محدود رکھتے تھے۔ کیونکہ واقعہ یہ ہی، کہ ان کے ذہن مین تاریخ کا نہایت صحیح مفہوم تھا، یہ اس حقیقت سے ناآشنا ہرگز نہ تھے، کہ تاریخ نام ہی عہد بہ عہد کے اخلاقی تغیرات وانقلابات کے سُراغ لگانے کا، اور گو یہ ظاہر ہی کہ آج کل کی سی اُس زمانے مین ترقی نہ تھی، تاہم یہ لوگ اس تعریف کو عملاً تاریخ نگاری کے وقت بھی ملحوظ رکھتے تھے۔ چنانچہ رومہ کے تعیش آفریدہ انحطاط کی تصویر کا انھون نے جس احتیاط سے ایک ایک خط وخال محفوظ رکھا ہی، وہ درحقیقت قابل صد مدح وستایش ہی۔

ایسی حالت مین یہ امر یقیناً حیرت انگیز ہی کہ مسیحیت کے نشوونما کی جانب سے کیون اتنی بے اعتنائی برتی گئی۔ فلاسفہ ومورخین کی ایک بلند پایہ جماعت کی جماعت سامنے موجود ہو، اُس کی آنکھون کے آگے دنیا کی سب سے زیادہ عظیم الشان اخلاقی تحریک کا نشوونما رہا ہو، اور وہ متصل تین صدیون تک اس کی طرف سے اپنی آنکھین بند کیے رہے، یہ کچھ سمجھ مین آنے والی بات نہین، اور اس پر ہمین جتنا اچنبھا ہو، کم ہی۔ لیکن اس کا اصل باعث مذہب اور اخلاق کے حدود کا وہ اختلاف ہی، جس کا ذکر ہم باب گزشتہ مین کر چکے ہین، آج کل اگر کوئی شخص دنیا کے اخلاق مستقبل کا اندازہ لگانا چاہتا ہی، تو وہ یقیناً سب سے پہلے مذہبی نظامات کے اثرات پر توجہ کرتا ہی۔ لیکن عہد رواقیہ مین مذہب واخلاق کے حدود بالکل علیحدہ تھے،

اور دونون مین کوئی شی مشترک نہ تھی۔ مذہب کی اصل اہمیت فلسفہ کو حاصل تھی۔ فلسفہ ہی کردار انسانی کا رہبر تھا، فلسفہ ہی غوامض الہیات کا حلاّل تھا، اور فلسفہ ہی قلب مین تعبد وخشوع کی کیفیت پیدا کرتا تھا۔ غرض یہ کہ فلسفہ سے قطع نظر کرکے مذہب کے کوئی معنے نہ تھے، بلکہ مذاہب وشرائع مروجہ کو تحقیر کے ساتھ توہمات وخرافات کا لقب دیا جاتا تھا۔ ان مین بھی خصوصیت کے ساتھ یہود کا مذہب اور بھی حقیر سمجھا جاتا تھا، کیونکہ یہود اپنی عملی زندگی مین سب سے زیادہ شریر، سب سے زیادہ ذلیل، اور سب سے زیادہ ان میل تھے۔ اور ایک پُر لطف بات یہ ہے، کہ اہل رومہ مسیحیت کو یہودیت ہی کی ایک شاخ سمجھتے تھے۔ یہ دعویٰ آج کل کسی کے سامنے کیا جاے، تو اُسے بے اختیار ہنسی آجائے، لیکن مسیحیت کے بارے مین رومیون کے معلومات اس قدر غلط، ناقص اور دور از حقیقت تھے، کہ اُن کے بہتر سے بہتر مورخین (مثلاً ٹیکیٹس) اس دعویٰ کو بہ کمال سنجیدگی اپنی تحریرون مین جگہ دیتے تھے۔

مین اگرچہ اس تصنیف مین مذہبی مباحث سے بالکل الگ رہنا چاہتا ہون اور مسیحیت پر صرف اُس کے ایک معلم اخلاق ہونے کی حیثیت سے نظر کرنا چاہتا ہون، تاہم بغیر اس کے بتائے، چارہ نہین، کہ مسیحیت کی کن کن اخلاقی اسباب سے ترویج ہوئی، اور معاصر فلسفہ سے اُس کے تعلقات کس نوعیت کے تھے؟ اب یہان سے اختلاف راے شروع ہوتا ہے۔ ایک گروہ نے روایۂ متاخرین اور قدماء مسیحین کے عقاید وتعلیمات مین مماثلت دیکھ کر یہ نتیجہ نکالا ہے، کہ مسیحیت کو ابتدا ہی مین فلسفہ پر خاص اقتدار واثر حاصل ہوگیا تھا، اور رومہ کے مشاہیر معلمین اخلاق مسیحیت ہی کے خوشہ چین تھے۔ دوسری جماعت اس طرف گئی ہے، کہ مسیحی علما نے بیانات اناجیل کے ایسے زبردست شواہد پیش کیے، کہ منکرین کو مجال انکار نہ رہی۔ ایک اور فریق اشاعت مسیحیت کو تمام تر تائید ایزدی کا نتیجہ سمجھتا ہے۔ وہ کہتا ہے، کہ حالات

واسباب ہر طرح پر قبول مسیحیت کے مخالف وغیر مساعد تھے، اور اُسے جو کچھ کامیابی حاصل ہوئی، وہ یکسر اُس کے منزل من اللہ ہونے کے سبب سے تھی۔

ان نظریات مین سے نظریۂ اول کی بابت مجھے کچھ زیادہ کہنا نہین جو باب گزشتہ مین جو کچھ کہ چکا ہون، اس کی تردید کے لیے کافی ہی۔ جب یہ مسلم ہی کہ رومہ کے اکابر اخلاقیین نے مسیحیت کا یا تو کبھی نام ہی نہین لیا، یا اگر کبھی نام لیا تو صرف تحقیر کی غرض سے، جب یہ مسلم ہی کہ اہل رومہ اپنے سوا تمام غیر مذاہب کو سخت بے اعتنائی بلکہ حقارت سے دیکھتے تھے، اور جب یہ مسلم ہی کہ ہمارے پاس رومیون کے مسیحیت سے متاثر ہونے کا قطعی ثبوت ذرہ برابر بھی نہین موجود ہی، تو ظاہر ہی کہ اس نظریہ کی کیا وقعت رہ جاتی ہی؟ اس نظریہ کی بنیاد، درحقیقت، اس قیاس پر ہی، کہ چونکہ یہ تین چیزین مسیحیون اور رومیون مین مشترک ہین، اس لیے ضرور ہی، کہ رومیون نے انھین مسیحیون سے اخذ کیا ہو۔ وہ تین چیزین یہ ہین:- محاسبۂ نفس، اخوت عامہ، اور عملی زندگی مین رحم و رافت۔ لیکن گزشتہ صفحات مین ہم یہ دکھا چکے ہین، کہ ان تینون چیزون کے آخذ مسیحی لاصل مطلقاً نہ تھے۔ محاسبۂ نفس کی تعلیم تو صریحاً فیثاغورث کے اصول کا جز تھی، جو شیوع مسیحیت سے مدتون قبل فیثاغورث کے عام عقاید کی اشاعت کے پہلو بہ پہلو رومہ مین رائج ہوتی گئی۔ اسی طرح اخوت عامہ کا خیال صاف ان حالات کا نتیجہ تھا، کہ سیاسی واجتماعی تغیرات کے باعث تمام دنیائے متمدن سمٹ کر رومی سلطنت مین سما گئی تھی، جس کی بنا پر مختلف اقوام وطبقات مین میل جول کا بڑھ جانا، اور طبقہ وار و فرقہ وار امتیازات کا مٹ جانا ناگزیر تھا۔ چنانچہ سسرو و سنیکا دونون اس باب مین یکسان قوت کے ساتھ اپنا اظہار خیال کرتے ہین۔ اس پر وحدت وجود کا اعتقاد، جو تمام ہستیون کو ذات باری کا جز و اور اُسی سے ماخوذ سمجھتا ہی، اس خیال کا اور معین ہوا۔ رہی وہ رافت و انسانیت جس کی جھلک ہمین متاخرین رواقیہ مین نظر آتی ہی، سو اُس کا ماخذ یونانی اثر کا غلبہ ہی۔

اس اثر کی بنا، رومن شہنشاہی کے قیام کے ساتھ ہی پڑنے لگی تھی، ہیڈرین کے زمانے مین اس تحریک کو اور تقویت پہونچی، اور پھر تمدن زائیدہ تعیش سے طبائع مین جو نفاست و لطافت پیدا ہوگئی تھی، اُس نے سُونے پر سُہاگے کا کام دیا۔ باایں ہمہ نظری و عملی دونون حیثیتون سے شاگرد (روی) استاد (یونانیون) سے کبھی نہ بڑھے، مگر اس لحاظ سے، کہ یونان مین انسانیت کا تخیل ایک خاص حلقے کے واسطے محدود تھا، بہ خلاف اُس کے روم مین یہ کسی فرقے یا کسی طبقے کے لیے محدود و مخصوص نہ تھا۔

میرے علم مین اب تک جو کسی حد تک معقول استثناء کیا جا سکا ہی، وہ سنیکا کی ایک استثنائی مثال ہی۔ دعوی یہ کیا جاتا ہی، کہ یہ حکیم عہد نامۂ جدید سے خاص طور پر متاثر تھا اور قرون وسطی کے مصنفین کا یہ عام خیال تھا، کہ یہ مذہبًا مسیحی تھا، جس کے ثبوت مین اس کی اور سینٹ پال کی مراسلت پیش کی جاتی تھی، مگر اس مراسلت سے متعلق جس پر تین صدیون تک کسی نے توجہ نہین کی تھی، اب یہ امر پایۂ تحقیق کو پہونچ گیا ہی، کہ وہ قطعًا جعلی ہی۔ اس کے ضمن مین اور بہت سے فرعی مباحث چھڑ گئے تھے، جن سے تعرض کرنا ناخن فیہ سے الگ جا پڑتا ہی۔ تاہم ان سے یہ قطعی ثابت ہوتا ہی، کہ مسیحی طرز تحریر اور سنیکا کی طرز تحریر کی جس باہمی مماثلت پر اس قدر زور دیا جاتا ہی، وہ بجاے خود ایک فرضی و وہمی شی ہی، اور جو تھوڑی بہت واقعی مماثلت ہی، اُس کا مدار صرف اتنے پر ہی، کہ بعض انجیلی فقرے اُڑتے پڑتے سنیکا کے کانون تک پہونچ گئے ہون گے۔ اس سے زیادہ کا جو شخص مدعی ہی، وہ مسیحیت اور واقعیت کے مبادیات و اصول اولیہ تک سے ناواقف ہی۔ اُسے اس کی بھی خبر نہین، کہ ان دونون نے جو اخلاقی تخیل پیش کیے ہین، اُس کے لحاظ سے یہ دونون ایک دوسرے کی بالکل ضد ہین۔ مسیحیت کے اصول اولین کیا ہین؟ انکسار و فروتنی، انابت الی اللہ، عظمت و اجلال الٰہی، انسان کی ضعیف البنیانی و بیچارگی،

اور آخرت کی جزا و سزا پر اعتقاد کامل۔ اس کے مقابلے مین سنیکا کے اخلاقیات کے عنوانات جلی کیا ہین؟ انسانی عظمت و رفعت، عالم عقبیٰ کی طرف سے بے اعتنائی، عبد و معبود دونون کی تحسین و نفرین سے بے پروائی، اور خالق و مخلوق کے درمیان عدم تفریق اور مروجہ امتیازات کی معدومیت۔ پھر یہود کے بارے مین کہ مسیحی انھین کی ایک شاخ سمجھے جاتے تھے، جانتے ہو کہ اس کا کیا خیال تھا؟ یہ کہ وہ ایک "ملعون جماعت" ہی۔ ظاہر ہی کہ ان عقاید و خیالات کے شخص کو مسیحیت سے متاثر کہنا کہان تک جائز ہو سکتا ہی؟ ہان البتہ رواقیہ کی جماعت مین ایک شخص، اور صرف ایک شخص ایسا ہوا ہی، جو اپنی جماعت کے عام خصوصیات غرور و پندار سے آزاد ہوا ہی، اور جو اپنے ذاتی حلم، فروتنی، و انکسار کی بنا پر مسیحی اخلاق سے لگا کھا سکتا ہی، لیکن اسے کیا کیجیے گا، کہ خود اس کے (یعنی مارکس آریلیس) دامن عمل پر مسیحیون کو قبول مسیحیت پر سخت مواخذہ کرنے کے دھبے نظر آتے ہین، اور اس کے مقالات مین تفریح کے ساتھ مسیحی شہدا پر اظہار حقارت و نفرت ملتا ہی۔

فصل (۲)

متاخرین اخلاقیین روما پر مسیحیت کا اثر

شروع شروع مین مسیحی علما مین خود، باہم اس بارے مین سخت اختلاف رہا ہی کہ اُن کے اور بُت پرست فلاسفہ کے باہمی تعلقات کیا ہین۔ ان مین سے ایک گروہ سقراط کے قتل کو واجبی بتاتا تھا، اُس کے نام کے ساتھ تمسخر کرتا تھا، اُس کی تعلیمات کو شیطانی اثر کا نتیجہ قرار دیتا تھا، حکمار روم کو جماعت ملاحدہ کے

لقب سے یاد کرتا تھا، اور اُن کا ذکر سخت سب و شتم کے ساتھ کرتا۔ دوسرا فریق اس کے مقابلے مین بت پرست حکماء کے فلسفہ اور مسیح کی تعلیمات مین مماثلت دکھانے کی کوشش کرتا رہتا۔ اس جماعت کے اکثر ارکان چونکہ بچپن سے فلسفۂ افلاطون کے خوگر ہوتے تھے، اس لیے اُنھین قدرۃً اپنے معتقدات مذہب، و تعلیمات فلسفہ کے درمیان مماثلت و مشابہت کے نظارے سے کمال مسرت حاصل ہوتی۔ اور بعض دفعہ ان کی یہ کوشش مطابقت جائز حدود سے متجاوز ہو کر مضحکہ خیز ہو جاتی۔ مسیحی علماء مین جسٹین مارٹیر سب سے پہلا شخص ہوا ہے جس کی تحریرون مین فلسفیانہ شان پائی جاتی ہے۔ یہ تمام تر اسی خیال کا ہوا ہے، اور اپنی اس کوشش مین اس نے عجیب عجیب و دراز کارباتین بیان کی ہین۔ اس کا جانشین کلیمنٹ اسکندروی، نہایت وسیع النظر و بے تعصب شخص تھا، تاہم اس کی عقل پر عجیب پردے پڑے ہوئے تھے۔ کہتا ہے کہ قدماء کے ذرائع معلومات دو تھے۔ ایک یہ کہ فرشتہ جو زمین پر آکر حسین عورتون کے عشق مین مبتلا ہو جاتے تھے، وہ اپنی معشوقون کی نظر مین اپنی عزت بڑھانے کے لیے علوم آسمانی، یعنی فلسفہ و الٰہیات کے مسائل انھین بتا دیا کرتے تھے۔ شدہ شدہ یہ باتین لوگون مین پھیلین، اور حکماء انھین کے مجموعہ کو فلسفہ کہنے لگے۔ مگر چونکہ ان فرشتون کے معلومات بجائے خود نامکمل ہوتے اس لیے ان حکماء کا فلسفہ بھی ناقص رہ جاتا۔ ایک ذریعہ تو یہ تھا، اور دوسرا ماخذ توریت تھا۔ فلاطون کا فلسفہ ہومر کی شاعری، ڈیماستھنیز کی بلاغت، ملٹیاڈس کی جنگ جوئی، سب کچھ اسی سے ماخوذ تھا، بلکہ فلاطون نے براہ راست ایک اسرائیلی پیمبر کی تعلیمات سے استفادہ کیا تھا، اور فیثاغورث تو ایک مختون یہودی تھا۔

یہ ایک نمونہ تھا اُس طرز مناظرہ کا، جس سے مسیحی متکلمین اپنے مخالفون کو ساکت کرنا چاہتے تھے۔ اس سے ناظرین کو اس کا اندازہ ہوا ہوگا، کہ ہمارے

پیشرو، مخالفانہ اعتراض کی قوت کو ذرہ بھر بھی تسلیم کرنے کے مقابلے مین بے بنیاد قصہ کس آسانی سے گڑھ لیتے تھے۔ مثلاً جب بت پرستون کی طرف سے یہ اعتراض پیش ہوتا کہ بائبل انسانی کلام معلوم ہوتا ہی، کیونکہ اس کے بہت سے قصے وہی ہین، جو ہمارے یہان پیشتر سے مشہور تھے، تو اس کے جواب مین مسیحی علما یہ کہتے، کہ کلام ربانی کے اثر کو زائل کرنے کے لیے شیاطین پیشتر سے جاکر آسمان سے ان قصون کو اُڑا لائے ہین، اور انھین دنیا مین مشہور کر رکھا ہی یا کبھی کبھی اس سے بڑھکر مسیحی علما یہ غضب ڈھاتے، کہ قدیم بت پرست مصنفین کے نام سے خود جعلی تصانیف کرکے ان کی طرف منسوب کر دیتے۔ لیکن یہ لحاظ رکھنا چاہیے، کہ باایںہمہ یہ ساری کوشش نہایت قدیم حکماء سے متعلق کی جاتی تھی معاصر حکماء روما سے اسے کوئی تعلق نہ تھا۔ یہ تو اکثر کہا جاتا تھا، کہ فلاطونؔ و فیثاغورث کی تعلیمات اور مسیحیت کے درمیان کوئی نہ کوئی خاص تعلق ہی لیکن اس کا کوئی بھی مدعی نہ تھا، کہ سنیکا، ماکس آریلیس یا سکیٹیٹس مسیحیت کے خوشہ چین ہوئے ہین۔

فصل (۳)

معجزات اور رومہ کا قبول مسیحیت

غرض یہ دعویٰ تو بے اصل ہی، کہ عروج رواقیت کے زمانے مین مسیحیت سے گروہ حکماء متاثر ہوا، اور اس پر مزید گفتگو کرنا تحصیل حاصل ہی۔ البتہ اب ہمین اس کی تحقیق کرنا ہی، کہ اہل رومہ مسیحی معجزات سے کہان تک متاثر ہوے۔ لیکن اس بحث مین پڑنے سے قبل، یہ مسئلہ طے ہو جانا ہی، کہ خود معجزہ فی نفسہ

کیا ہی۔ اور اس پر یقین کرنے کے کیا اصول و شرائط ہین؛

آج کل ہم اپنے گرد و پیش یہ پاتے ہین، کہ بجز رومن کیتھولک کی ایک محدود جماعت کے تقریباً ہر تعلیم یافتہ شخص وقوع معجزات کا منکر ہی۔ عام حالت اس وقت یہ ہی، کہ ہر شخص خواہ وہ کسی خاص معجزہ کا قائل ہو لیکن عموماً خرق عادت کی روایات کو، جو مستند سے مستند قدیم مورخین مین پائی جاتی ہی قطعاً غلط سمجھتا ہی، حالانکہ اگر وہی راوی کوئی معمول بہ واقعہ بیان کرتے ہین، تو اُسے بلا تامل تسلیم کر لیتا ہی۔ اس انکار کی یہ وجہ تو ہو نہین سکتی، کہ یہ بیانات عقلاً محال ہوتے ہین، کیونکہ معجزات مزعومہ کی ایک بڑی تعداد یقیناً ایسی موجود ہی، جن مین کسی قسم کا استحالہ منطقی عدم امکان نہین۔ مثلاً اس قسم کی روحانی مجرد ہستیون کے وجود کے تسلیم کرنے مین کیا استحالہ لازم آتا ہی، جو انسان سے بدرجہا زاید عقل و قوت رکھتی ہین، اور اس بڑھی ہوئی عقل و قوت کی بنا پر ایسے ایسے افعال کرتی رہتی ہین، جو ہمارے لیے ویسے ہی حیرت انگیز ہوتے ہین، جیسی ہماری ایجادین ریل، تار وغیرہ کی، افریقہ کے وحشیون کے لیے ہوتی ہین۔ اور نہ پھر اس انکار کی یہ وجہ ہو سکتی ہی، کہ ان کے راوی ضعیف ہوتے ہین۔ کیونکہ ہم بہت سے معجزات کے نام لے سکتے ہین۔ جن کے وقوع کے راوی ویسے ہی ثقہ اور اتنے ہی کثیر التعداد ہوئے ہین۔ جتنے مستند سے مستند تاریخی واقعات کے۔ صدہا معمول بہ تاریخی بیانات کو ہم محض معمولی درجے کے ایک آدھ مورخ کے اعتماد پر تسلیم کر لیتے تھے، لیکن جب مستند سا مستند رومی مورخ پورے وثوق کے ساتھ بھی کسی خرق عادت کا ذکر کرتا ہی، تو ہم بلا تامل اس کی قطعی تغلیط و تکذیب پر اپنے تئین آمادہ پاتے ہین، اور گویا زبان حال سے صاف صاف کہتے ہین، کہ معجزات کا وقوع

ممکن ہی نہین۔

پس اگر میرا خیال صحیح ہی، تو آج کل کے تعلیم یافتہ نفوس مین معجزات سے متعلق شک و تذبذب نہین، بلکہ قطعی و بلا دلیل انکار پایا جاتا ہی۔ یہ صورت حال حیرت انگیز ہی، نہ صرف اس لیے کہ اس عام انکار کے پہلو بہ پہلو چند مخصوص معجزات کو سبھی تسلیم کرتے ہین، بلکہ اس لیے بھی کہ یہ انکار کسی برہان و استدلال کا نتیجہ نہین بلکہ ایسا معلوم ہوتا ہی کہ امتداد زمانے کے اثر سے معجزات پر سے اعتقاد خود بخود ہٹ گیا ہی۔

ذہن مین کیفیت کس طریق سے پیدا ہوئی؟ اسے سمجھانے کے لیے ہم ایک صاف اور کھلی ہوئی مثال دیتے ہین۔ یہ مثال پریون کے وجود کی ہی۔ آج کسی تعلیم یافتہ شخص کی بابت یہ کہہ دیجیے، کہ وہ پریون کے وجود کا قائل ہی، تو وہ اسے اپنی انتہائی توہین سمجھے گا۔ لیکن اگر انھین حضرت سے انکار کی دلیل پوچھیے تو انھین مشکل پڑ جائے گی۔ ہم کہتے ہین، کہ ان کے ماننے سے آخر کیا استحالہ لازم آتا ہی؟ کن محالات عقلی کا سامنا کرنا ہوتا ہی؟ کون سے قوانین منطق کی خلاف ورزی ہوتی ہی؟ پری نام ہی ایک لطیف ہستی کا، جو پرندون کی طرح ہوا مین اڑتی ہی، انسان کی طرح عقل و شعور رکھتی ہی، ناچنے کا سودا رکھتی ہی، اور شاید نباتات کے خواص سے خاص طور پر واقف ہوتی ہی۔ ہمارے نزدیک تو ایسے وجود کے امکان مین کوئی بھی منطقی تناقض و استحالہ لازم نہین آتا۔ روایۃً دیکھیے تو اس سے زیادہ مضبوط شہادت کس کے وجود کی ہو سکتی ہی؟ صدیون تک لوگ ان کے وجود پر ایمان کامل رکھتے رہے۔ اب بھی کوئی ملک و صوبہ کیا معنی، کوئی گانون و قریہ بھی، مشکل سے ایسا نکلے گا، جہان پریون کے نظارے کے، چشمدید یا سماعی شاہد نہ موجود ہون۔ یہ تمام شواہد خواہ قطعی ثبوت کے لیے

کافی نہ ہون، تاہم ان سے اتنا تو بہرحال ثابت ہوتا ہی، کہ پریون کا وجود کوئی ایسا مسئلہ نہین، جسے سرسری طور پر، یا ہنسی مین اُڑا دیا جائے، بلکہ اس قابل ضرور ہی کہ انسان اس پر غور سے کام لے۔

لیکن عملاً ایسا کبھی نہین ہوتا۔ عملاً یہ ہوتا ہی، کہ جاہل وغیر تعلیم یافتہ آبادیون مین رات دن پریون کے تذکرہ رہتے ہین، لیکن جون جون تعلیم پھیلتی جاتی ہی، یہ عقیدہ لوگون کے دلون سے ازخود محو ہوتا جاتا ہی جس سے معلوم ہوتا ہی، کہ پریون کے قصے، ایک خاص سطح تخیل کے پیدا وار ہوتے ہین، اور جون جون انسان اُس سطح سے اوپر ہوتا جاتا ہی، یہ عقیدہ ازخود پیچھے چھوٹتا جاتا ہی۔

اصل یہ ہی کہ وحشی جب اپنے چارون طرف نظر کرتا ہی، اور نظام کائنات کے بابت کوئی رائے قائم کرنے لگتا ہی، تو وہ تین عظیم الشان غلطیون کا شکار ہوتا ہی، جو آگے چل کر اُس کی تمام رایون کو فاسد رکھتی ہین۔ اس کی تین اصولی غلط فہمیان یہ ہوتی ہین:- (۱) زمین مرکز کائنات ہی، اور جملہ موجودات اہل ارض کے لیے آفرینش کی گئی ہی۔ (۲) روے زمین کا ہر اہم تغیر و تبدل، خصوصاً واقعۂ موت، کسی نہ کسی تاریخی واقعہ سے وابستہ ہی۔ (۳) ہر اہم واقعہ کسی ذی ادراک وارادہ روح یا مادہ کے اشارہ سے انجام پا رہتا ہی۔ پھر ان تین غلط اصولون کے گرد، افسانون کا ایک میلہ لگ جاتا ہی۔ وحشی کے قریب اگر کوئی پتھر آگر گرتا ہی، تو وہ یقین کر لیتا ہی، کہ کسی شخص نے اسے پھینکا ہی۔ تارہ ٹوٹتا ہی، تو اُس کے خیال مین یقیناً یہ کسی آسمان نشین ہستی کی حرکت ہوتی ہی، غرض یہ کہ وہ اسی طرح ہر غیر معمولی واقعہ، شہاب ثاقب، طوفان، وبا، وغیرہ کو براہ راست وعلیحدہ علیحدہ کسی قوت ارادی کا معلول سمجھتا ہی۔ گویا اُس کے نزدیک نظام کائنات، کسی ایک خاص آئین وضابطے کے ماتحت نہین، بلکہ ہر فعل کا صدور علیحدہ علیحدہ کسی دیوتا یا پُر قوت ہستی کے ارادے سے ہوتا ہی۔

اس بنا پر معجزات کا وقوع نہ کسی عادت کا خارق ہی، اور نہ حیرت انگیز۔

اِن اہم عقلی خصوصیات کی تائید مین چند اور ضمنی مویدات بھی پیدا ہوجاتے ہین مثلاً ایک بات یہی ہی کہ بیجان چیزون کو جان دار سمجھا جانے لگتا ہی۔ شاعری و خطابیات کا ذکر نہین، جہان اس شی کا استعمال، بہ طور ایک صنعت کے قصداً کیا جاتا ہی۔ بلکہ جن مسائل مین ہم سنجیدگی سے رائین قائم کرتے ہین، اُن مین بھی ہمارے نفس کی یہ خصوصیت ہم کو بلا ارادہ متاثر کرتی رہتی ہی۔ جاہلون و وحشیون سے ذرا دیر کے لیے قطع نظر کرکے آپ خود اپنی حالت کا امتحان لیجیے، کہ آپ ایک تعلیم یافتہ و شایستہ فرد، اور ایک متمدن جماعت کے رُکن ہین۔ آپ اُٹھ کر چلتے ہین، اور اتفاقاً دروازہ مین آپ کے زور سے ٹھوکر لگتی ہی۔ غور کرکے بتائیے، کہ عین اسوقت آپ مین کون جذبہ پیدا ہوتا ہی؟ کیا صرف چوٹ کے درد و تکلیف کا؟ نہین، بلکہ ساتھ ہی غیظ و غضب کا۔ ٹھوکر لیتے ہی بے تحاشہ دروازے پر غصہ آتا ہی، اور جی چاہتا ہی کہ اُس سے فوراً انتقام لیا جائے۔ مگر عقل آکر فوراً ہاتھ پکڑ لیتی ہی، اور غصہ سرد پڑ جاتا ہی۔ یہ کیفیت، جب اعلیٰ سے اعلیٰ تعلیم یافتہ و متمدن افراد مین موجود ہوتی ہی، تو نا تعلیم یافتہ و غیر متمدن افراد مین تو یہ بدرجہا بڑھی ہوئی ہوگی۔ اسی جذبۂ جبلی کے اقتضا سے انسان، ہر اُس شی کو جس سے وہ تیزی کے ساتھ متاثر ہوتا ہی، ذی روح سمجھنے لگتا ہی۔ اسی کے اقتضا سے وحشی افراد اپنے معبودون کو بشری الصفات سمجھتے ہین، اور اسی ضعف تخیل کے باعث وہ اپنے تمام کیفیات غیر مادی کو قالب مادی مین دیکھنا چاہتے ہین۔ دو مختلف جذبات کے کشاکش کو وہ دو مختلف رُوحون کی جنگ سے تعبیر کرتے ہین۔ اس طرح سے رفتہ رفتہ افسانون اور دیومالا کا ایک طومار طیار ہوجاتا ہی۔

پس جب تک تمدن ایک خاص پست سطح تک رہتا ہی، ہمین اس پر

مطلق حیرت نہ کرنا چاہیے، کہ اس مین معجزات وخوارق عادات کا خاص شہرہ رہتا ہی
یہ تو اُس مخصوص سطح اور مخصوص موثرات کا لازمی نتیجہ ہی جسے دیکھنے کے لیے ہمین
بالکل اسی طرح تیار رہنا چاہیے، جیسے فصل بہار مین شادابی اور برسات مین بارش
کے لیے۔ ایسے وقت مین، جبکہ قوت تنقیہ مفقود ہو، جبکہ ارتقاء کے تخیل سے دماغ یکسر
بیگانہ ہون، جبکہ قانون قدرت وناموس فطرت کے الفاظ غیر مفہوم ہون، اعاظم رجال
کی شخصیت کے گرد، محیر العقول افسانون کا حلقہ قایم ہوجانا، بالکل قدرتی ہی ہر ملک
وہر زمانے مین برابر یہی ہوتا رہا ہی۔ تا آنکہ اشاعت ترقی تعلیم نے صورت حال بدل دی
ہی۔ مشرق ومغرب کے مروجہ افسانون کا مقابلہ کرو، ہر ملک کے معجزات وافسانے
دوسرے ملک کے معجزات وافسانون سے بہ لحاظ نوعیت بالکل متحد نظر آئین گے
فرق جو کچھ ہوگا وہ مختص القوم ومختص المقام حالات کی بنا پر جزئیات مین ہوگا جن چیزون
کو ایک ملک مین پری کہتے ہین، دوسرے مین اُنھین کو چڑیل کہتے ہین۔ ایک ہی
شی کا نام کہین ویو پڑ گیا ہی، اور کہین بھوت۔ یہ توہمات جو عالمگیر طور پر رائج ہوتے
ہین، کہین کہین ہمین ان کے مخصوص ومتعین اسباب بھی مل جاتے ہین، مثلاً خیال
کیا گیا کہ آفتاب زمین کے گرد حرکت کرتا ہی، صدہا افسانون کے وضع کیے جانے کا
باعث ہوا۔ یا مثلاً مرض مالیخولیا، جس مین آدمی یہ سمجھنے لگتا ہی کہ وہ کوئی حیوان
بن گیا ہی، جن وآسیب وغیرہ کے سیکڑون قصون کا اصل مبنیٰ ہوا ہی، لیکن
اکثر ان کا کوئی مخصوص ومتعین سبب نہین ملتا، اور ہمین صرف اس مشاہدہ پر
قانع ہونا پڑتا ہی، کہ معجزات وتوہمات کی اشاعت، سوسائٹی کی ایک خاص سطح
کے متناسب ہوتی ہی۔ جب تک وہ سطح قایم ہی، یہ افسانے بھی رائج رہتے ہین
اور جب تمدن اس سطح سے اونچا ہوجاتا ہی، تعلیم پھیلنے لگتی ہی، دماغون مین
روشنی وشایستگی آجاتی ہی، تو ان توہمات پر سے اعتقاد خود بخود ہٹ جاتا ہی۔

اس سے ہمارا یہ مقصود ہرگز ہرگز نہین، کہ معجزہ کا وجود ناممکن ہی، بلکہ ہم اس بیان سے اعتقاد معجزات وغیر تعلیم یافتگی کا تلازم دکھانا چاہتے ہین۔ بھوت پریت کے وجود کے ہم نہ منکر ہین نہ مدعی، لیکن یہ ضرور کہین گے، کہ اگر اُن کی رویت اور دماغ کی سرسامی حالت مین تلازم پایا جاتا ہی، تو ہر صحیح الدماغ شخص بجائے خود فیصلہ کرسکتا ہی، کہ اُن کا وجود کہان تک ثابت شدہ ہی۔

اشاعت تعلیم کے ساتھ اعتقاد معجزات کے مٹتے جانے کے اسباب ہمارے خیال مین تین ہین:-

(۱) اولاً۔ تعلیم کا ایک اثر یہ ہوتا ہی، کہ غیر محدود متخیلہ مقید و محدود ہوجاتا ہی۔ انسان بجاے خیالی پلاؤ پکانے کے حقایق و واقعات پر زیادہ متوجہ ہوجاتا ہی۔ اور اس لیے ہر روایت کو قبول کرنے کے لیے بہ نسبت ایک غیر تعلیم یافتہ شخص کے، زیادہ قطعی ثبوت کا طالب ہوتا ہی۔

(۲) ثانیاً۔ دور جہالت مین انسان ہر شی کو ذی روح و صاحب ارادہ سمجھتا رہتا ہی۔ تعلیم کی افزونی، نفس مین قوت تجرید کو بڑھا کر اس کیفیت کو گھٹاتی ہی۔

(۳) ثالثاً۔ سائنس کی ترقی، کائنات کے مستم النظام ہونے کا یقین دلا دیتی ہی وحشیون کا خیال ہوتا ہی، کہ نظام کائنات کسی خاص آئین و ضابطہ کا پابند نہین، لیکن سائنس کے اصول اس کے بالکل منافی ہین۔ سائنس سے معلوم ہوتا ہی، کہ تمام کائنات کا نظم و نسق، چند خاص ضوابط و قوانین کی ماتحتی مین انجام پا رہا ہی، جو قانون ہی، وہ جس طرح آفتاب و ماہتاب پر حاوی ہی، اسی طرح ایک ذرہ ریگ پر بھی عامل ہی۔ بڑے سے بڑے اور مہیب سے مہیب اجرام فلکی، اور حقیر سے حقیر مخلوقات خاکی، سب ایک ہی قانون، ایک ہی آئین کی محکوم ہین۔ سائنس کی ترقی سے صدہا امور جو پہلے کرامات و خرق عادت کے دائرے مین تھے، اب عقل و علم کی روشنی مین

آسکیے۔ دمدار ستارہ کا نکلنا، تارہ کا ٹوٹنا۔ پہلے کسی بلاے عظیم کا مقدمہ سمجھا جاتا تھا اب معلوم ہوا کہ وہ ایک معمولی طبعی واقعہ ہی، اور مدتون بیشتر سے اس کے وقت کی تعیین کی جاسکتی ہی۔ پہلے جو آسیب زدہ سمجھے جاتے تھے جن کے سرون پر جن اور بھوت آیا کرتے تھے، اور جو درگاہون و مزارون پر کھیلا کرتے تھے۔ اب وہ معمولی دماغی امراض مین مبتلا نکلے، اور اسپتالون و شفاخانون مین کامیابی کے ساتھ ان کا علاج کیا جاتا ہی۔ پہلے برق زدگی سے بچنے کے لیے دعائین مانگی جاتی تھین، ٹوٹکے کیے جاتے تھے، لیکن اب ایک نیم ملحد شخص (بنجمن فرانکلن) نے ایک برقی تار ایجاد کر دیا ہی، جو ہمارے کلیساؤن اور صلیبون کو آسانی سے بجلی کی زد سے محفوظ رکھتا ہی۔ غرض ہر شعبۂ کائنات، ہر صیغۂ موجودات مین ایک خاص نظام، ایک خاص آئین، اور ایک خاص ضابطہ کا پتہ چلتا ہی جس سے ہمارے سائنس دانون مین بجا طور پر یہ یقین پیدا ہو گیا ہی کہ دنیا، چند متعین قوانین قدرت کے بل پر چل رہی ہی جس مین کہین فرق و شکست نہین، اور یہ خیال کرنا کہ کوئی حاکم اعلیٰ اس کارخانے مین ہر وقت دخل دیتا رہتا ہی، ایک تصور بے معنی بلکہ سراسر وہم پرستی ہی۔

اشاعت تعلیم و سائنس کی ان خصوصیات کا اثر بھی عقیدۂ معجزات پر تین مختلف طریقون پر پڑا:۔

(۱) اول یہ کہ صدہا افسانہ، جو کائنات کی بے آئینی پر مبنی ہوتے ہین، وہ خود بخود مٹ جاتے ہین۔ مثلاً قدما یہ جو کہا کرتے تھے، کہ فلان فلان مرتبہ شہاب ثاقب کے نمودار ہونے پر فلان فلان شدید بلاؤن کا ظہور ہوا، اب جبکہ یہ ثابت ہو گیا، کہ شہاب ثاقب کا ظہور ایک خاص طبعی قانون کا محکوم ہی، اس کی نحوست کا اثر دلون سے، از خود زائل ہو گیا۔

(۲) دوسرے یہ کہ نظام کائنات کے مختلف اجزا کے باہمد گر مربوط و وابستہ ہونے نے بھی بہت سی وہم آرائیون کا خاتمہ کردیا۔ جس زمانے مین یہ لوگ یہ سمجھتے تھے، کہ زمین ساکن ہی، اور آفتاب محض ایک کرہ نور ہی، جو اس کے گرد گھومتا ہی، اُس وقت یہ تسلیم کرلینے مین کچھ زیادہ استبعاد نہین نظر آتا تھا، کہ کسی پیمبر یا بزرگ کی دعا سے آفتاب کی حرکت تھوڑی دیر کے لیے رُک گئی۔ لیکن اب جبکہ یہ ثابت ہوچکا ہی، کہ آفتاب کا وجود کائنات سے بے تعلق نہین، بلکہ اس کی حیثیت صرف ایک عظیم الشان نظام سیارگان کے مرکز کی ہی، جس کے گرد صدہا سیارہ ہر وقت ایک خاص ترتیب وقت اور ایک خاص اسلوب و وضع کے ساتھ گردش کرتے رہتے ہین، تو یہی معجزہ سخت مضحکہ خیز نظر آنے لگتا ہی۔ اسی طرح زمانہ قدیم مین یہ دعویٰ کہ کوئی نباتات خوار حیوان دفعۃً گوشت خوار ہوگیا، چندان عجیب نہین معلوم ہوتا تھا، لیکن اب جبکہ یہ ثابت ہوچکا ہی، کہ اس واقعہ سے صرف ایک تغیر مذاق لازم نہین آتا، بلکہ یہ اس کا بھی مستلزم ہی، کہ اس کے آلات ہضم و دانت وغیرہ سب بدل گئے ہون، تو ظاہر ہی کہ اس کا استبعاد بدرجہا بڑھ جاتا ہی۔

(۳) تیسرے یہ کہ علوم جدید کی ترقی نے صدہا اُن معتقدات و نظریات کا بھی خاتمہ کردیا، جو تمامتر اس خیال پر مبنی تھی، کہ کرۂ ارض مرکز کائنات ہی۔ اب جبکہ یہ ثابت ہوچکا ہی، کہ کرۂ ارض مرکز نہین، بلکہ منجملہ کرات دوری کے ایک یہ بھی ہی، جبکہ یہ طے ہوچکا ہی کہ زمین کا وجود ۶۰۰۰ ہزار سال سے نہین بلکہ لاکھون کرورون سال سے قائم ہی، اور جبکہ ہزارہا مشاہدات و تجربات نے اس حقیقت کو مسلم کردیا ہی کہ نظام کائنات قطعاً ایک قانون و آئین کی پابندی مین چل رہا ہی، جس مین کسی خارجی حاکم کا دخل دینا ایک مہمل خیال ہی، تو لازمی طور پر انسان کو اپنے خیالات پارینہ پر نظر ثانی کرنا پڑتی ہی۔ ان نئے حقائق و واقعات کی روشنی مین وہ اپنے معلومات سابقہ کو

جانچتا ہی، اور اپنے متخیلہ کے حدود کو ان جدید معلومات کے مطابق بناتا ہی۔
بہت سے لوگون کے دماغ مین اس شعبہ کائنات سے متعلق، سائینٹفک قوانین کی قطعیت دہمہ گیری کا تصور ابھی کامل نہین۔ یہ لوگ سمجھتے ہین کہ اس صیغے مین کوئی حاکم علی الاطلاق اب بھی دخل درمعقولات کرتا رہتا ہی۔ مثلاً اگرچہ تغیرات قوی بہ حیثیت مجموعی قوانین سائنس کے ماتحت ہین، تاہم بارش کی کمی وبیشی، اسباب طبعی پر نہین، بلکہ انسان کے طرز عمل و دعاؤن پر منحصر ہی۔ قحط وخشک سالی، اور طوفان وسیلاب، ان لوگون کے نزدیک اسرار ربّانی ہین، اور یہی خیال اُن کا بعض امراض سے متعلق ہی۔ جن امراض کے اسباب کی پوری طبّی تحقیقات ہوچکی ہی، انھین تو یہ معمولی بیماریان سمجھتے ہین، لیکن جن کی ابھی اس قدر کامل تحقیقات نہین ہوچکی ہی، انھین یہ قہر الٰہی وعذاب خداوندی سے تعبیر کرتے ہین۔ حالانکہ یہ لوگ یہ نہین دیکھتے، کہ جون جون ان امراض کی طبی تحقیقات مکمل ہوتی جاتی ہی، رفتہ رفتہ یہ برابر سائینٹفک قوانین کی ماتحتی مین آتے جاتے ہین، اور ان سے شفایابی، اصول حفظان صحت کو ملحوظ رکھنے پر منحصر ہوتی جاتی ہی، نہ کہ خوش اعمالی وبداعمالی پر اس سے بھی عجیب تر یہ ہی، کہ اس قہر الٰہی کے نتائج علی العموم بالکل برعکس نکلتے ہین۔ مثلاً ایک بار جب انگلستان کے مویشیون مین ایک سخت وبا پھوٹی، تو مقدس کلیساؤن سے صدائین آنے لگین کہ آج کل انجیل پر جو دریدہ دہنی سے تنقید کی گئی ہی، یہ اس پر قہر الٰہی نازل ہوا ہی۔ لیکن اس بوالعجبی کو دیکھیے، کہ جن مصنفین کے قلم سے یہ تنقیدین شائع ہوئی تھین، اُن کے پاس مویشی تھے ہی نہین، اس لیے وہ اس عذاب سے بالکل محفوظ رہے، اور جنھین اس وبا سے سب سے زیادہ نقصان پہونچا، یعنی زراعت پیشہ دیہاتی، وہ بعینہ وہ لوگ تھے، جن کے کان مین ان ملحدانہ تحریرون کی کبھی بھنک نہین پڑی تھی۔ پھر یہ بھی کبھی مشاہدے مین نہین آیا

کہ جو لوگ ان تحریرون کو زیادہ شوق سے پڑھتے تھے، ان کا نقصان زیادہ ہوتا، اور دوسرون کا کم، بلکہ دیکھا یہ گیا کہ غلہ کی گرانی سے گنہگار و بے گنہ، ملحد و زاہد، رند و شیخ، سب یکسان مصیبت مین گرفتار رہے۔ ان بدیہی کمزوریون اور نقایص کے باوجود بھی سنجیدہ سے سنجیدہ اشخاص مدتون قہر الٰہی کے نظریہ پر ایمان رکھتے رہے۔

ان وہم پرستیون کا اصلی باعث میرے نزدیک یہ ہے، کہ لوگ اس پر غور نہین کرتے، کہ اس قسم کے مسائل کسی بڑی حد تک استقرائی اصول پر حل کیے جانے کے قابل ہین۔ مفہوم چند مثالون کی مدد سے ہم سمجھاتے ہین۔

(۱) مثلاً جب یہ کہا جاتا ہے، کہ وبا گناہون کے پاداش مین بھیجی جاتی ہے تو اس دعوی کی تصدیق و تکذیب یون ہو سکتی ہے، کہ پہلے ہم وبا کی تاریخ کا سُراغ لگائین، یعنی یہ تلاش کرین، کہ یہ وبا کس کس زمانے مین پھیلتی رہی ہے پھر اس کا تفحص کرین، کہ سیہ کاری و بدچلنی کا کن کن زمانون مین زیادہ زور رہا ہے، اور پھر یہ دیکھین کہ یہ دونون واقعات (یعنی وبا کا پھیلنا اور گناہون کا عام ہونا) کتنی مرتبہ متعاصر رہے ہین۔

(۲) یا مثلاً جب یہ کہا جاتا ہے، کہ فلان جنگ کسی فوجی فضیلت کی بنا پر ایک فریق کے حق مین نہین فتح ہوئی، بلکہ تائید ایزدی کی بنا پر۔ تو ہمین اس کا ویسے ہی تجربہ و اختیار کرنا چاہیے، جیسے قوت برقی کا کیا کیا تھا۔

(۳) یا مثلاً جب یہ دعوی کیا جاتا ہے، کہ کوئی خاص مذہب منزل من اللہ ہے، تو اصول استقراء کے مطابق اس دعوی کی جانچ ان طریقون پر کرنا چاہیے، کہ اس کی تعلیمات مین کوئی تناقض، کوئی رد و بدل، کوئی ترمیم و اضافہ تو نہین ہوا ہے؟ اس نے کبھی حقایق تجربی کی مخالفت تو نہین کی؟ اس نے کبھی عوام کے غلط معلومات کی تائید تو نہین کی؟ اس نے کبھی محققین کی راہ اجتہاد و

وانکشاف مین ان کی مزاحمت تو نہین کی؟ وغیرہ۔

(۴) یا جب کبھی یہ بیان کیا جاتا ہی، کہ فلان مذہب کی اشاعت محض تائید غیبی سے ہوئی، تو ہمین پہلے یہ دیکھنا چاہیے، کہ کیا اسباب طبعی کی بنا پر اس کی توجیہ کسی طرح ممکن نہین؟

اس طرح مذہب سے متعلق جتنے عجیب دعوی کیے جاتے ہین، ہم سب کی تحقیق، استقرائی اصول پر کر سکتے ہین۔ بعض جگہ، بے شبہ، تعدد اسباب و پیچیدگی حالات کے باعث ہمین کسی خاص نتیجہ پر پہونچنا دشوار ہوگا، مثلاً جنگ مین کامیابی حاصل کرنا ظاہر ہی کہ صدہا مختلف پیچیدہ و گوناگون اسباب و حالات کا نتیجہ ہوتا ہی۔ اور پھر کبھی کبھی ہنگامی اتفاقات تک بنا پر ہم صحیح نتیجہ پر نہ پہونچ سکین گے تاہم اس طرح کے عوامل خارجی کو حذف کرنے کے بعد اکثر حالتون مین صحیح سبب تلاش کر لینا یقیناً ہمارے بس کی بات ہی۔ پھر یہ بھی یاد رہے، کہ تاریخ کا ہر انقلاب عظیم اپنے جلو مین فرعی نتائج کی ایک بڑی فوج ساتھ رکھتا ہی، جو، اگر پھیلا واقعہ نہ واقع ہوا ہوتا، ہرگز وجود مین نہ آتے فرض کیجیے، اگر ہنیبال اپنی عظیم الشان فتح کے بعد، روم کو بالکل تاخت و تاراج کر دیتا، تو کیا ہوتا؟ یہ ہوتا کہ رومن سلطنت کو عروج نہ حاصل ہوتا، اور اس سے جو کچھ نتائج نکلے ہین، یہ کبھی نہ نکلے ہوتے۔ رومی تمدن کی جگہ، ایک تجری، تجارتی و پر امن سلطنت قایم ہوئی ہوتی جس کے تمدن کی نوعیت رومی تمدن سے بالکل مختلف ہوتی۔ اور یہ ظاہر ہی کہ اس کے اثرات، رومی تمدن کے پیدا کردہ اثرات سے زمین و آسمان کا فرق رکھتے۔ اگر یہ کہین ہو گیا ہوتا، تو ہمارے حاملین شریعت فوراً ہنیبال کو ایک فرشتہ غیبی قرار دے کر اس کے تمام کارنامون کو معجزات گردانے لگتے۔

پس اگر ہم ان معاملات مین کسی صحیح نتیجہ تک پہونچنا چاہتے ہین، تو چاہیے کہ واقعات تاریخی پر ایک بالکل غیر جانبدارانہ و مبسوط نظر رکھین۔ ہمین اس کی خوب جانچ کرنا چاہیے کہ آیا واقعات کی رفتار کسی خاص سمت مین اس تواتر و تسلسل کے ساتھ رہی ہی، جو اسباب طبعی کی بنا پر ممکن نہین ہی۔ ہمین چاہیے کہ نہ صرف اُن واقعات کو ملحوظ رکھین جن سے ہماری تائید ہوتی ہی، بلکہ اُنھین بھی پیش نظر رکھین، جن سے ہماری تردید ہوتی ہی۔

مگر ایسا علی العموم نہین کیا جاتا۔ کیون نہین کیا جاتا؟ اس لیے کہ یہ قول بیکن، لوگ وہ نشانے تو یاد رکھتے ہین، جو لگ جاتے ہین، اور اُنھین بھول جاتے ہین، جو خطا ہو جاتے ہین۔ جو جو سندین انھین اپنے موافق ملتی ہین وہ اُنھین یاد رہ جاتی ہین، مگر جن مثالون سے ان کی مخالفت ہوتی ہی، انھین وہ بھلا دیتے ہین۔ نیک کردار و فرشتہ خو سلاطین عظام کو وہ سند مین ہر جگہ پیش کرتے ہین، لیکن تیمور، بایزید، ہینبال، وغیرہ ظلم مجسم فرمان رواؤن کو اپنی زندگی مین جو عظمت حاصل ہوئی، اُسے وہ صاف پی جاتے ہین۔ کسی اجنبی ملک مین تبلیغ مذہب کے لیے سو مشنری جاتے ہین۔ ان مین سے ننانوے ہلاک ہو جاتے ہین، اور کوئی اُن کا نام بھی نہین لیتا لیکن ایک اتفاق سے بچ جاتا ہی، اور اُسے اپنے کام مین کچھ کامیابی بھی ہو جاتی ہی، بس اُسی کی کامیابی یادگار رہ جاتی ہی، اور اسے بلند آہنگی کے ساتھ اس دعوی کی ثبوت مین پیش کیا جاتا ہی، کہ تائید ایزدی اس مذہب کے سر پر ہی۔ ایک مذہب مختلف ملکون مین داخل ہوتا ہی، ہر جگہ مختلف جنگی و سیاسی حالات پیش آتے ہین، جن کی بنا پر کہین اس کا قدم جم جاتا ہی، اور کہین سے اُکھڑ جاتا ہی۔ لیکن اول الذکر واقعہ کی تمام مثالین نظر انداز کر دی جاتی ہین، اور آخر الذکر کی، گویا پتھر کی لکیر ہو جاتی ہین،

جن سے قدم قدم پر تائید ربانی کا استشہاد کیا جاتا ہی۔ عرصۂ دراز کے امساک باران کے بعد، جب از خود بارش کا ہونا قرین قیاس ہو جاتا ہی، لوگ دعا کے لیے مجتمع ہوتے ہین۔ اس کے بعد کبھی پانی برستا ہی، اور کبھی نہین۔ لیکن کتنے آدمی ایسے ہین، جو پانی نہ برسنے کی مثالون کو اپنے دماغ مین محفوظ رکھتے ہین؟ یہ چند نمونے تھے اس عام کیفیت نفسی کے جس کا ظہور نہایت کثرت سے ہوتا رہتا ہی۔

زیادہ افسوسناک یہ واقعہ ہی، کہ اس طرح کے واقعات ہمیشہ از خود ذہن سے محو نہین ہو جاتے ہین، بلکہ بعض اوقات قصداً بھلا دیے جاتے ہین۔ ایک عام توہم یہ ہی جو مدت سے دلون مین جاگزین ہی، کہ پُر ہیبت واقعات طبیعی کی سائنٹفک تحقیق کرنا، اسرار ربانی کے ساتھ بے ادبی کرنا ہی، اس نے بہت سے امور مین ہمارے قوائے تحقیق و تنقیح کو شل کر رکھا ہی۔ ایک پادری صاحب کی زبان سے، اس سلسلہ مین ایک لطیفہ سننے کے قابل ہی، فرماتے ہین، کہ

"ایک فلسفی راہ مین کئی آدمیون کے ہمراہ سفر کر رہا تھا، اتنے مین زور کا طوفان آگیا۔ خوب بادل گرجنے لگا، اور بجلی چمکنے لگی۔ مسافر پریشان ہوئے۔ فلسفی انھین تسکین دینے لگا، اور رعد و برق کے اسباب طبعی پر تقریر کرنے لگا۔ ابھی اُس کی بے ادبانہ گفتگو ختم بھی نہین ہوئی تھی، کہ دفعۃً بجلی گری، اور وہ فلسفی صاحب انتقال کر گئے۔ اس سے زیادہ واضح طور پر خدا اُس شخص کو کیا سزا دے سکتا تھا، جو اس کے پُر ہیبت کارنامون سے مرعوب و متحیر ہونے کے بجائے اُن کی تحلیل و توجیہ مین مشغول رہے۔"

ان پادری صاحب کے نزدیک گویا رعد و برق کے اسباب طبعی کی تحقیق کرنا ایسی

شدید گستاخی ہی، جس کا مرتکب سزاے موت کا مستحق ہی! خیر مادی واقعات مین تو ایسا نہین، لیکن تاریخی مسائل مین تو ہر شخص کی اسباب طبعی کی بنا پر تحقیق کرنے کو ایک بڑا گروہ اب بھی معصیت شدید سمجھتا ہی۔

میری معروضات کا یہ منشا ہرگز نہین، کہ موثرات اخلاقی کو انسان کی مسرت وکامیابی مین کوئی دخل نہین ہوتا۔ اور نہ یہ میرا منشا ہی، کہ مین کائنات مین تصرف ایزدی کے وجود کے امکان سے انکار کرون، بلکہ میرے نزدیک تو ایسا ہونا بالکل ممکن ہی، اور اس مین کوئی استحالہ نہین، لیکن کسی شی کا ممکن ہونا علیحدہ ہی اور اس کا واقعۃً ہونا علیحدہ۔ اور میرا خیال ہی، کہ اس کائنات کے نظام مین ایسے امکان کو تسلیم کر لینے کے بعد بھی کوئی شخص اس کی واقعیت کو ثابت نہین کر سکتا اس سے قطع نظر کر کے میرے نزدیک، عام مصنفین کی اصلی غلطی یہ ہی، کہ وہ اپنی تمام بحث کو ان دو مسائل تک محدود رکھتے ہین، ایک یہ کہ معجزہ کا وقوع کہان تک ممکن ہی؟ دوسرے یہ کہ کسی معجزہ کا جو ثبوت پیش کیا جاتا ہی اس کی کیا نوعیت ہونی چاہیے؟ لیکن جو سوال اس سلسلہ مین، سب سے زیادہ اہم ہی، وہ ان دونون کے علاوہ ہی، اور وہ یہ ہی، کہ کسی جماعت مین معجزہ پر یقین لانے کی خود صلاحیت واستعداد کہان تک موجود ہی؟ یہ سوال میرے نزدیک اہم المسائل ہی۔

میری تحریر سے غلط فہمی نہ ہونا چاہیے، میرے مفہوم کا خلاصہ دو لفظون مین ادا ہو سکتا ہی:-

ایک یہ کہ معجزات کا اصلی مبدأ و ماخذ یہ خیال ہی، کہ کوئی معبود نظام کائنات مین ہر وقت خود مختارانہ دخل دیتا رہتا ہی۔

دوسرے یہ کہ یہ تخیل ذہن مین کچھ تو قوانین فطرت کی ناواقفیت، اور کچھ استدلال استقرائی کی ناقابلیت سے پیدا ہوتا ہی، جس کی بنا پر لوگ صرف انھین

واقعات کو محفوظ رکھتے ہین، جن سے ان کے تعصبات و تخیلات سابقہ کی تائید ہوتی ہی، اور جن سے ان کی مخالفت ہوتی ہی، انھین یکسر فراموش کر جاتے ہین۔

نفس بشری کی اس خصوصیت کا یہ اثر ہی، کہ مدار ستارہ کی نحوست کے ثبوت مین صدہا جنگون، قحطون، اور وباؤن کے تذکرے سے مجلدات کے مجلدات تیار ہو گئے ہین۔ اور کوئی ایسا شگون نہین جس کی بابت ہر شخص بیشمار مثالین مستحضر نہ رکھتا ہو۔ آپ کہین گے، تجربہ ان وہم پرستون کا مصلح ہو جاتا ہوگا۔ مگر یہ صحیح نہین۔ ملاح سے زیادہ کس کو موسم کی موافقت و ناموافقت کا پیشتر سے علم ہو سکتا ہی، لیکن باایں ہمہ وہ آثار موسم کو چھوڑ کر دن و تاریخ کی منحوسیت کا معتقد رہتا ہی! قمار بازی سے زیادہ کون شی بخت و اتفاق پر موقوف ہو سکتی ہی۔ لیکن کسی جواری کے دل کو ٹٹولیے، وہ کس درجہ تقدیر پرست ہوتا ہی! سخن پروری و سخن سازی کا تو وہم پرستون پر خاتمہ ہی مشاہدہ و تجربہ اُن کی کیسی ہی تردید کرے، مگر اپنی ہار یہ کبھی نہ مانین گے، بلکہ ہمیشہ کھینچ تان کر کوئی نہ کوئی تاویل کر ہی لین گے۔ مثلاً ایک خواب کو لیجیے قدماء کا خیال تھا، کہ خواب غیر مادی قوتون کا معلول ہوتا ہی۔ انسان روحانی ہستیون کی مدد سے خواب دیکھتا ہی۔ اب اگر کوئی خواب صحیح نکلا، تو تو ظاہر ہی کہ اس نظریہ کی عملی تائید ہو گئی۔ لیکن اگر اس کے بالکل برعکس کوئی واقعہ ظہور پذیر ہوا، تو یہ کہا جائے گا، کہ خواب کی تعبیر اُلٹی نکلتی ہی۔ پھر اگر ان مین کوئی ایسی بات ظاہر ہوئی، جسے براہ راست خواب سے کوئی صریحی تعلق نہین معلوم ہوتا، تو فوراً یہ تاویل پیش کر دی جائے گی، کہ یہ خواب تمثیلی تھا، یعنی جو واقعہ پیش آنے والا تھا، وہ خواب مین اپنی اصلی صورت مین نہین بلکہ

ایک تمثیل کے پیرایہ مین دکھایا گیا۔ اور پھر آخر مین اگر خواب و بیداری کے واقعات مین کوئی بعید سا بعید تعلق بھی نہ نکلا، تو کم از کم "اضغاث احلام" کا جواب تو کہین نہین گیا، یعنی یہ کہ شیطان کبھی کبھی انسان کو محض دق کرنے اور ستانے کے لیے پریشان خواب بھی دکھا دیتا ہی، جو سمبینی ہوتے ہین۔

پس جو شخص معجزات کے مبحث پر قلم اٹھاتا ہی، اُسے سب سے پہلے یہ دیکھنا چاہیے، کہ کسی قوم مین معجزات پر یقین کرنے کی استعداد کس حد تک تھی کیونکہ یہ ایک واقعہ ہی، کہ بعض قومون اور جماعتون مین یہ استعداد فوق الحد رہی ہی، اور انھون نے اپنی خود فریبون سے متعلق نہایت اہتمام سے شہادتون کا انبار جمع کیا ہی۔ ذیل مین ہم اس طرح کا ایک آدھ نمونہ درج کرتے ہین:۔ روم مین صدہا سال تک یہ عقیدہ مسلم رہا، کہ ہر بڑے واقعہ کی اطلاع پیشتر سے کسی نہ کسی خارق عادت ذریعہ سے ہو جاتی ہی، اور اگر کوئی مصیبت آنے والی ہی تو نذر و نیاز سے ٹالی جا سکتی ہی۔ یہ عقیدہ دو چار سال تک نہین، صدیون تک ہر طبقے مین شایع رہا، ہزارہا تجربات اس کی تصدیق مین پیش کیے جاتے تھے، ٹیکیٹس سے لیکر ادنی درجے کے مورخ تک تمام مورخین کا اس پر ایمان تھا، اور جمہوریت کے زمانے مین خود سینٹ نے سرکاری طور پر اس کی تحقیقات کر کے اس کی واقعیت پر باضابطہ اپنی مہر لگا دی۔ سچ کہا ہی سسرو نے، کہ متمدن و شایستہ یونانیون سے لیکر جاہل وحشیون تک، کوئی قوم قدیم زمانے مین ایسی نہین ہوئی ہی، جسے یہ اعتقاد کامل نہ ہو، کہ کہانت و نجوم وغیرہ مختلف طریقون سے انسان کے لیے غیب دانی ممکن ہی۔ دوسری مثال سحر و طلسم کی ہی۔ خیال بھی معجزات کے عقیدہ سے کچھ کم عالمگیر و مستحکم نہ تھا۔ عام پبلک کا اس پر

ایمان تھا، بڑے بڑے حکما، و فضلا اس کی تصدیق کرتے تھے، اور اعلیٰ سے اعلیٰ عدالتون نے کامل تحقیقات کے بعد اس کے موافق فیصلہ کیا تھا۔ یا پھر اسی طرح ایک اور مثال اس عقیدہ مین ملتی ہی کہ بادشاہ کے ہاتھ کے مس کرنے سے فیل یا فوراً اچھا ہوجاتا ہی۔ تاریخ انگلستان کا جو زمانہ روشن سے روشن کہا جاتا ہی، اُس مین یہ عقیدہ رائج تھا، اور سال دو سال نہین بلکہ دو سو برس تک رائج رہا۔ پھر اس کے قایل محض جاہل و ناخواندہ افراد نہ تھے، بلکہ شاہی کونسل کے ارکان، کیتھولک و پروٹسٹنٹ مذاہب کے نامور اساطین اور آکسفورڈ یونیورسٹی کے بڑے سے بڑے علما۔ ان دو تین مثالون سے ظاہر ہوا ہوگا کہ وقتاً فوقتاً قومون مین معجزہ و خرق عادت پر اعتقاد رکھنے کا مادہ کس قدر بڑھا ہوا رہا ہی۔ اب اگر اصول درایت پر دیکھیے، تو سحر کے موثر ہونے اور انسان کے پاس ذرائع غیب دانی ہونے مین نہ کوئی منطقی تناقض ہی اور نہ استحالہ عقلی ہی، اور روایۃً دیکھیے، تو ان چیزون کے ثبوت مین اس کثرت سے شہادتین ملین گی، کہ کسی مسلم تاریخی طبعی واقعہ کے ثبوت مین بھی اتنی نہین مل سکتین۔ لیکن باایںہمہ ہمین وقوع معجزات سے انکار ہی۔ اس انکار کی آخر کوئی وجہ ہو؟ وجہ یہی کہ ہمین تحقیق طور پر ثابت ہوچکا ہی، کہ سوسائٹی کی ایک خاص عقلی سطح، اور چند علمی مغالطات کے درمیان معجزات و سحر وغیرہ، ہفوات کا خاص طور پر دور دورہ ہوجاتا ہی۔ اور جب وہ خاص دور گزر چکتا ہی یا وہ مغالطات باطل ہوجاتے ہین، تو از خود دلون سے معجزات کا اعتقاد جاتا رہتا ہی۔

بے شبہ آج معمولی دل و دماغ کے اُس شخص کے لیے جو ماضی کی تاریخ و تصانیف سے کافی واقف نہین، اور جو زمانہ گزشتہ مین بھی عقل پرستی کا

وہی دور دورہ سمجھتا ہی، جو اس وقت ہی، اُس کے لیے یہ یقین کرنا سخت دشوار ہی، کہ عجیب عجیب مضحکہ خیز و بے سر و پا قصون پر مدتون لوگون کا ایمان رہا ہی، اور صدیون کسی کو ان کی تحقیق و تنقید کا خیال تک نہین آیا ہی۔ لیکن ہمین یہ لحاظ رکھنا چاہیے، کہ اول تو قدما بجاے آج کل کے علوم مادی و تجربی کے اُس وقت علوم نظری مین زیادہ مشغول رہتے تھے؛ دوسرے یہ کہ آج کل مطبع کی ایجاد کے باعث جن سے بہت سی غلطیون کا ازالہ ہو سکتا ہی، یہ اُس وقت ممکن نہ تھا؛ پھر آج جو طرح طرح کے آلات و وسائل تجربہ و اختبار سے تحقیقات مین مدد دے رہی ہی، یہ اُس زمانے مین کیونکر ممکن تھی؛ اور سب سے بڑھ کر یہ کہ اُس زمانے مین مسیحی اعتقاد جو شایع تھا، کہ ایمان و اعتقاد وسیلۂ بخشش اور شک و شبہ معصیت ہی، اس نے اور آزادانہ تحقیق کو دبائے رکھا۔ پھر ہمین اس نکتہ کو بھی نظر انداز نہ کر دینا چاہیے، کہ حرکت اجرام فلکی کے صحیح نظریہ کی دریافت، اور قانون کشش کے انکشاف سے قبل، جبکہ مختلف مظاہر فطری باہم غیر مربوط و غیر منتظم معلوم ہوتے تھے، تعلیم یافتہ دماغون مین بھی اس خیال کے شایع ہونے کی قدرۃً بہت گنجایش تھی، کہ کائنات کا ہر پرزہ کسی جداگانہ خارجی قوت کا مطیع ہی۔ اس حالت مین، اور یہ حالت رومی سلطنت کے سب سے بہتر زمانے کی تھی، ایک عام و عالمگیر قانون قدرت کا تخیل اگر لوگون کو مستبعد معلوم ہوتا تھا، تو یہ بالکل قدرتی امر تھا۔ ان حالات کے درمیان جبکہ معجزات و خوارق عادات کا قدم قدم پر سامنا تھا، ہر محقق کو مجبوراً عجیب عجیب تاویلات اختیار کرنا ہوتی تھین مثلاً لکریشیس نے جب تمام کائنات کو قانون طبیعی کے ماتحت لانے کی کوشش کی، تو اس سلسلہ مین اُسے اس واقعہ کی، کہ جو پیٹر کے مندر کے متصل ایک چشمہ کا پانی دن کی بہ نسبت رات مین کیون گرم رہتا ہی، یہ تاویل کرنا پڑی، کہ اُس

زمین مین پانی کے گرد، آگ کے کچھ تخم موجود ہین جنھین دن کو آفتاب اپنی طرف کشش کرلیتا ہی، اس واسطے پانی سرد رہتا ہی، مگر رات کو وہ پانی سے باہر نکلنے نہین پاتے، اس لیے پانی گرم ہوجاتا ہی۔ اسی قبیل سے چند مثالین اور ملاحظہ کیجیے۔ کسوف وخسوف کے بارے مین عام اعتقاد تھا، کہ یہ کسی مصیبت عظیم کی علامت ہوتے ہین، تاہم رومی سپاہیون کو یہ بھی اعتماد تھا، کہ زور سے ڈھول بجانے سے چاند گرہن سے نکل آتا ہی۔ خواب کے احکام اس درجہ مانے جاتے تھے کہ ایک مرتبہ انھین کی تعمیل مین شہنشاہ آگسٹس روم کی گلیون مین گداگری کرنے نکلا، اور مورخ سیوٹونیس نے انھین کی بنا پر ایک بار ایک مقدمہ کا التوا چاہا۔ بجلی کی بابت یہ عقیدہ مسلم تھا، کہ یہ ایک خاص نشانہ ہوتا ہی، جس کے ہدف بڑے آدمی ہوتے ہین، جنھین طوفان رعد وبرق مین خاص طور پر اپنی حفاظت کرنا چاہیے۔ چنانچہ شہنشاہ کلیگولا، باین عظمت وجبروت، اپنے پلنگ کے نیچے پناہ لینے لگتا تھا، آگسٹس ایک دریائی جانور کی کھال پہن لیتا تھا، اور ٹابیریس، باین آزاد مشربی، ٹیسو کی پتیون کی آڑ ڈھونڈھنے لگتا تھا۔ ایک بار جس زمانے مین جولیس سیزر کی شان مین مختلف ملاعب ہورہے تھے، ایک دمدار ستارہ نکلا، جو برابر چھ دن تک طلوع ہوتا رہا۔ لوگون کو یقین ہوگیا، کہ یہ مردون کی روح تھا، چنانچہ اُس کی یادگار مین ایک مندر تعمیر کردیا گیا۔

پھر یہ بھی کچھ ضرور نہ تھا، کہ جو لوگ ان ہفوات پر ایمان رکھتے تھے، وہ واقعات کے اسباب طبعی کے منکر ہون۔ نہین، بلکہ یہ ہوا ایسی چلی ہوئی تھی، کہ اچھے خاصے ملحد، جو مذہب کے نام سے چڑھتے تھے، سحر وطلسم، کہانت ونجوم کے ڈھکوسلون مین گرفتار تھے۔ اور جو اشخاص ایک طرف اسباب طبعی کے

اچھی طرح ماہر تھے، وہ تک دوسری طرف اسی خرافات پرستی مین مبتلا تھے۔ ان لوگون کے خیالات کے تناقضات اور اُلجھاؤ بھی سیر کے قابل ہین۔ لیوی کو ایک طرف پیشینگوئیون کا اذعان کامل ہی، مگر دوسری طرف کہتا ہی، کہ ان پیشینگون پر جتنا زیادہ کان دھریے، اتنا ہی ان کی اور کثرت ہوتی ہی۔ بہت سے لوگ جو کہانت وفال کے قایل تھے، یہ بھی دعوی کرتے تھے، کہ اس کی قوت ہر شخص مین فطرۃً موجود ہوتی ہی، مگر مجہول رہتی ہی۔ البتہ خواب کی حالت مین یا زہد وفقر کی زندگی سے یا سکرات موت مین، یا ہزیان سرسامی مین، یہ قوت چمک اُٹھتی ہی۔ اسی طرح زلزلہ ایک طرف تو اسباب طبعی کے معلول سمجھے جاتے تھے، دوسری طرف یہ بھی یقین تھا، کہ یہ مصائب عظیم کے مخبر ہین۔ البتہ ان کے مسببات مین اختلاف تھا۔ یونانی ان کی علت زمین دوز چشمون کو ٹھہراتے تھے، فیثاغورث مردون کی کشاکش کو، اور رومی اس باب مین مذبذب تھے۔ پلینی صاحب ایک طول طویل تقریر کے بعد اس نتیجے پر پہونچتے ہین، کہ زلزلہ اگرچہ مسامات زمین مین ہوا کے یک بیک زور سے بھر جانے سے پیدا ہوتے ہین، تاہم یہ کسی آفت عظیم کے مقدمۃ الجیش بھی ہوتے ہین۔ یہی مصنف ایک جگہ اُن حکماء وعلماء ہیئت کی مدح وستایش مین اپنے سارے زور فصاحت کو صرف کر دیتا ہی، جنھون نے جہالت ووہم پرستی کو دور کر کے قوانین طبعی کی حکومت قائم کی، لیکن کچھ ہی آگے بڑھ کر خود اپنا اعتقاد وُمدار ستارون کی نحوست پر ظاہر کرنے لگتا ہی۔

ان مثالون سے معلوم ہوا ہوگا، کہ سسرو وسنیکا کے بعد بھی، اور آگسٹس وانٹونائنس تک کے زمانے مین، رومی سرزمین مین معجزہ پرستی کی کس قدر استعداد موجود تھی۔ بے شبہ، اس وقت تک اشاعت تعلیم کے باعث، تخئیل، مادیت و تجسیم کے قیود سے آزاد ہو چکی تھی، اور مذہبی ضعیف الاعتقادیون کا خاتمہ ہو چکا تھا

تاہم اسباب طبعی سے لاعلمی اور قوانین استقرار سے بیگانگی جون کی توں قائم تھی۔ اس وقت کے اکابر رجال و ماہرین فن تک، خود اپنے اپنے مخصوص فنون سے متعلق جن عجیب عجیب غلط فہمیون مین مبتلا تھے، اس کا اندازہ وہی لوگ کر سکتے ہین، جنھون نے ان کی تصانیف کو پڑھا ہی۔ مشتے نمونہ از خروارے، ناظرین بھی ملاحظہ کرین۔ قدما مین پلینی سے بڑھ کر علم الحیوانات کا ماہر اور کون ہوا ہی، لیکن یہ حضرت باین فضل و تبحر اپنی تصانیف مین بہ کمال سنجیدگی فرماتے ہین کہ مہیب مہیب شیر مرغ کے بانگ دینے پر لرز اُٹھتا ہی؛ ہاتھیون کی جماعت مذہبی جشن مناتی ہی، بارہ سنگھا اپنے سانس کے زور سے سانپون کو اُن کے بل سے نکال کر اپنے پیرون سے کچل ڈالتا ہی؛ جہاز جب طوفان کے تھپیڑون سے اتنا بے قابو ہو گیا ہو کہ کسی لنگر سے نہ تھم سکے، اُسوقت اگر ایک خاص قسم کی مچھلی اسمین باندھ دی جاوے تو وہ فوراً رک جائے گا۔ اور سنیے لعاب دہن مین یہ کرامات ہوتی ہین، کہ اگر زہریلا شخص سانپ کے مُنھ مین تھوک دے تو سانپ فوراً مر جائے گا؛ اگر انسان اپنا لعاب دہن اپنی آنکھ مین لگاتا رہے تو بصارت کبھی نہ جائے گی؛ اگر کوئی گھونسہ باز اپنے حریف پر حملہ کرنے کے بعد اپنی کفدست کو اپنے لعاب دہن سے تر کر لے تو اُسے چوٹ نہ معلوم ہوگی؛ اور اگر اپنی مٹھی مین لعاب دہن لگا کر حملہ کرے، تو اس مین یقیناً بہت زیادہ قوت ہو جائے گی۔ یونان مین ارسطو سے بڑھ کر علم الحیوانات کا کوئی ماہر نہین ہوا ہی۔ ان کا یہ حال تھا کہ فرماتے ہین، کہ سمندر کے ساحل پر تمام حیوانات جزر کے زمانے مین مرتے ہین، مد کے زمانے مین کوئی نہین مرتا۔ ارسطو کا یہ بیان تو تھا ہی، کئی صدیون کے بعد پلینی صاحب پیدا ہوئے آپ نے مدت دراز کی سائنٹفک تحقیقات کے بعد یہ نتیجہ شایع کیا، کہ ارسطو کا یہ بیان نہایت مبالغہ آمیز تھا، کیونکہ اُس نے جو کچھ تمام حیوانات سے متعلق لکھا ہی

وہ صرف انسان کے بارے مین صحیح ہی! یہ مغالطہ اٹھارویں صدی عیسوی کی ابتدا تک رہا، اور ۱۷۲۷ء مین جاکر باطل ہوا۔

غرض رومی زندگی مین اس طرح کے عجیب عجیب افسانون اور دورازکار قصون سے مجلدات کے مجلدات تیار ہوسکتے ہین۔ ان مین سے صدہا ایسے تھے، جن کی پردہ دری نہایت آسانی سے ممکن تھی، تاہم علما و فضلا تک برابر ان پر ایمان رکھتے تھے۔ لیکن اس موقع پر ہمین اس اہم تحریک کی اہمیت اثر کو نظر انداز نہ کردینا چاہیے، جس کا ذکر ہم باب گزشتہ مین کرچکے ہین، اور جس کی بنا پر قسطنطین کے قبول مسیحیت سے ڈیڑھ صدی پیشتر رومہ مین وہم پرستی و ضعیف الاعتقادی کی وبا پھوٹ پڑی تھی۔ اس زمانے کے تعلیم یافتہ دماغون کا صحیح عکس نہ سسرو و سنیکا کی تصانیف مین نظر آسکتا ہی اور نہ پلینی و پلوٹارک مین لذتیئن کا الحاد و انکار، شککین کا شک وارتیاب، اور رواقیین کی سادگی و بے تکلفی، ان مین سے اس وقت کوئی شی بھی نہین قائم تھی۔ مارکس آریلیس کے "مقالات" اور لوسین کے "مکالمات" کا دور ردت ہوئی ختم ہوچکا تھا۔ ان سب کے بجاے اب مصری یا فیثاغورثی فلسفہ کا زور تھا۔ سسرو کے فلسفہ کا مقصد انسان کے قواے عقل و نقد کو جلا دینا تھا، فیثاغورث کا مقصود، اس کے بالکل برعکس روحانی طرز پر مکاشفہ و مراقبہ کو چمکانا تھا۔ اس فلسفہ کی ترویج و اشاعت کا اثر یہ ہوا، کہ ہر دماغ سحر و طلسم، دیو و پلید کے سودے مین گرفتار ہوگیا۔ اور ہر فلسفی کے گرد اس کے تلامذہ نے کشف و کرامات کا ایک حلقہ کھینچ دیا۔ اپولونیس آف ٹیانا، جسکو بت پرستون نے مسیح کا مدمقابل قرار دیا تھا، اس کی بابت یہ عام طور پر مشہور تھا، کہ وہ مردون کو جلا سکتا ہی، بیمار کو تندرست کردیتا ہی، جن و آسیب کو اُتار سکتا ہی، اور ایک ملک کے وقوعات کو دوسرے ملک مین بیٹھے بیٹھے

دیکھ سکتا ہے۔ اسی قبیل کی شہرت اپولیوس افلاطونی کو بھی حاصل رہی، باوجودیکہ وہ غریب خود اس سے انکار کرتا رہا۔ فلسفی اسکندر عجیب عجیب مکارانہ سازشین کرکے لوگون کے سامنے اپنی کراستون کا اظہار کیا کرتا تھا جن کی تفصیل لوسین نے دی ہے۔ بعض ساحرون کے بابت یہ روایات تھین، کہ اُن کا سحر کبھی کبھی خود اُلٹا اُنھین پر لوٹ پڑا۔ پارفری کی بابت منقول ہے کہ اُس نے حمام سے ایک بار ایک بھوت کو نکالا۔ آئیمبلیکس سے متعلق اُس کے تلامذہ کا مشاہدہ تھا، کہ حالت دعا مین اُس کے جسم ولباس کا رنگ سنہری ہوجاتا، اور وہ زمین سے ۱۰ فٹ بلند ہوجاتا، اور یہ تو سب کو مسلم تھا کہ اُس نے ایک چشمہ سے دو چڑیلون کو نکال کر انھین انسانی شکل مین اپنے سب مقلدین کو دکھلا دیا۔ اسی طرح ایک عورت سوسپٹرا کی بابت یہ روایت شایع تھی، کہ ایک بار دو روحین، دو بزرگ کلدانیون کی شکل مین اس کے پاس آئین، اور اُسے غیر معمولی حسن وجمال اور غیب دانی کے جوہر عطا کر گئین، چنانچہ وہ اپنی جگہ پر بیٹھی ہوئی ساری دنیا کا حال دریافت کرسکتی تھی، جس سے متاثر ہوکر لوگ اُسے ذات خداوندی مین شریک سمجھتے تھے، اور بجز موت وعشق سے مغلوب ہونے کے اُس مین کوئی انسانی کمزوری باقی نہین رہ گئی تھی۔

رومی دماغون کی یہ حالت تھی، جب مسیحیت کا ظہور ہوا۔ گویا یہ کہنا چاہیے، کہ ملک روما مین اُس سرے سے اُس سرے تک وہم آرائیون اور ضعیف الاعتقادی کا سمندر موج زن تھا، کہ اُس کے اوپر مسیحیت کا جہاز تیرنے لگا۔ یہ ضعیف الاعتقادیان کیا کیا تھین؟ وہی جنھین مشرقی مذاہب اپنے جلو مین لائے تھے۔ اس صورت حال کا لازمی نتیجہ یہ ہوا، کہ گو مسیحیت کے اخلاقی پہلو دوسرے مذاہب سے بدرجہا متباین رہے، تاہم اُس کے معجزات کو مخالف وموافق سب نے آسانی سے

تسلیم کرلیا۔ بت پرستون کی نظر مین یہودی خصوصیت کے ساتھ ضعیف الاعتقاد ہوتے تھے، اور مسیحیون نے اپنے طرز عمل سے اُن کے اس خیال کو اور پختہ کردیا۔ بت پرستون کے یہان، جن لوگون کا رجحان تشکیک و مادیت کی جانب ہوتا تھا، وہ یہ کہتے تھے کہ مختلف دیوتا پہلے انسان تھے، اور جو راسخ العقیدہ تھے، اُن کا خیال تھا کہ وہ پہلے جنات تھے۔ اب مسیحیت نے آکر ان دونون نظریات کو قبول کرلیا، اُس نے یہ تعلیم دی کہ یہ دیوتا پہلے سلاطین متوفی ہوا کرتے تھے، مگر پھر اُن کی جگہ جنات نے لیلی، اور مشرکین کے معجزات کے بارے مین تو علماء مسیحیت نے متفق اللفظ ہوکر فیصلہ کردیا، کہ یہ سب اُسی طرح قابل تسلیم ہین، جیسے مسیحیت کے معجزات۔ فال و کہانت کی واقعیت سے فلاسفہ منکر ہو چلے تھے، لیکن علماء مسیحیت نے اس انکار کی سختی سے روک تھام کی، کیونکہ اُن کے خیال مین خود اُن کے مذہب کی تصدیق بہت سی پیشینگوئیون کے پورے ہونے پر مبنی تھی۔ چنانچہ جہان تک مجھے علم ہے، یہ عقیدہ تقریباً سترھوین صدی کے خاتمہ تک بالکل مسلم و غیر مختلف فیہ رہا، اور سب سے پہلے جب اس کی مخالفت کسی مسیحی نے کی ہے، وہ ۱۷۱۰ء تھا، جبکہ ایک ڈچ پادری وان ڈیل نامے نے ایک رسالہ اس کی تردید مین لکھا، جس کا ملخص ترجمہ فونٹنل نے شائع کیا۔ ظاہر ہے کہ جن لوگون کے دماغ پر اس قدر وہم پرستی و ضعیف الاعتقادی مسلط ہو، اُن سے یہ کیونکر توقع کی جاسکتی ہے، کہ وہ اُن معجزات کے وقوع و عدم وقوع کی تحقیقات کرسکے ہون گے، جو ان سے صدی دو صدی پیشتر (یعنی پہلی صدی عیسوی مین) یہودیہ مین واقع ہونا بیان کیے جاتے ہین۔ اور پھر بالفرض تحقیق کے بعد اُن کا واقع ہونا ثابت بھی ہوجاتا، تو اس سے لوگون پر کیا خاص اثر پڑتا، دران حالیکہ ہر طرف معجزات کی کثرت تھی۔

حقیقت یہ ہے کہ موسوی معجزات کی واقعیت کا سوال، روما کے قبول مسیحیت کے

سوال سے بالکل علیحدہ ہی۔ یہ دو بالکل جداگانہ مسئلہ ہین۔ آج ہم اپنے موجودہ علم
معلومات کی روشنی مین موسوی مصنفین کی شہادت کا وزن کرنا چاہتے ہین، گو ہمارے
معاصرین متکلمین مین جو زیادہ دانشمند ہین، وہ محض شہادت کی سوال کو توہا تھ تک
نہین لگاتے، بلکہ ان مسائل کو ثابت کرنے مین مصروف رہتے ہین، کہ معجزات کا
وقوع ممکن ہی یا یہ کہ بایبل مین جو معجزات بیان ہوئے ہین، خود ان کا لب و لہجہ اُن کے
واقعی ہونے کی شہادت دے رہا ہی، یا یہ کہ مسیحی معجزات بہ لحاظ نوعیت بھی دوسرے
مذاہب کے معجزات سے مختلف ہین۔ وغیرہ۔ لیکن جس زمانے مین رومہ نے مسیحیت
کو اختیار کیا تھا، پچھلے معجزات کی تاریخی تحقیق ناممکن تھی، اور سچ یہ ہی کہ اُس زمانے
مین بجز آرنوبیس کے اور کوئی اُس کا نام بھی نہین لیتا تھا۔ پھر جب کبھی استدلال
مین شہادت کا نام لیا بھی جاتا تھا، تو اس سے مراد معجزات سے نہین بلکہ پیشینگوئیون
سے ہوتی تھی۔ گو یہ بھی ایک فضول ہی سی حرکت تھی، کیونکہ اس وقت رومیون
کے دماغ اس سطح پر کب تھے، جو وہ اس کی تحقیق کر سکتے، کہ یہودیہ مین جو واقعات
گزرے، وہ پیشینگوئیون کے عین مطابق تھے، یا یہ کہ پیشینگوئیان واقعی پیشینگوئیان ہی
تھین، اور بعد کو نہین گڑھ لی گئی تھین، خصوصًا ایسی حالت مین جبکہ ہمین معلوم ہی
ہی، کہ اُس وقت کے خوش عقیدہ مسیحیون نے فرط جوش مین دو ایک پیشینگوئیان
نہین، بلکہ صدہا ہزارہا جعلی پیشینگوئیون کا ایک سارا لٹریچر وضع کر لیا تھا۔ صدہا
موضوع پیشینگوئیون مین مسیح کی زندگی کے مصایب پوری تفصیل سے بیان
کیے گئے تھے، اور مسیحی علماء، موضوعات و مخترعات کے اس سارے دفتر کو بیچون و چرا
تسلیم کیے ہوئے تھے۔ جسٹن مارٹیر، کلیمنٹ آف الگزنڈریا، سلپیس، قسطنطین اعظم
وسینٹ اگسٹاین وغیرہ جملہ اساطین مسیحیت، مختلف پیرایون مین، ان پیشینگوئیون
پر ایمان لانے کی تاکید کرتے تھے، اور ان کے منکرین کو قابل مواخذہ و گنہگار

قرار دیتے تھے۔ بے شبہ بت پرست مصنفین ان پیشینگوئیون کو جعلی و موضوع کہتے تھے، لیکن مسیحیون مین سے ان کی بات پر کون کان دھرتا تھا؟ ان کے یہان ان کی واقعیت قطعاً مسلم تھی، اور نہ صرف اس زمانے مین مسلم رہی، بلکہ قرون مظلمہ قرون وسطیٰ سے گزرتے ہوئے سولھوین صدی تک کسی کو شک و انکار کی جرات نہ ہوئی۔ سب سے پہلے اصلاح کنیسا کے زمانے مین بدنصیب کسٹلیو نے متعدد عبارتون کے متعلق یہ خیال ظاہر کیا، کہ یہ الحاقی معلوم ہوتی ہین۔ اس کے بعد سترھوین صدی کے اوائل مین یوسوین نے یہ تحقیق کی، کہ سائیلیون کا زمانہ تو موسیٰ کے بعد ہوا ہی، پھر اس کے کیا معنی ہین، کہ ان کی تصانیف مین موسیٰ کی بابت پیشینگوئیان ملتی ہین؛ لہذا یقیناً یہ عبارتین شیطان کی الحاق کی ہوئی ہین۔ آخر کار سب سے پہلے سترھوین صدی کے عین وسط، یعنی ۱۶۴۹ء مین ایک فرنچ پروٹسٹنٹ پادری نے جرات کر کے یہ دعویٰ کیا، کہ یہ تصانیف تمام تر جعلی و موضوع ہین، چنانچہ مدت دراز کی رد و قدح کے بعد اب جا کر دنیاے مسیحیت کو اس کا یقین آیا۔

ہم ابھی کہ چکے ہین، کہ رومی مسیحیون کی رائے نہ تو تاریخی تحقیقات کے معاملہ مین سند ہو سکتی ہی، اور نہ ادبی حیثیت سے کسی تصنیف کے اصلی و جعلی ہونے کے بارے مین اُن سے حجت لائی جا سکتی ہی، لیکن معجزات کی ایک خاص صنف مین ان کی شہادت خاص طور پر قابل لحاظ ہو سکتی ہی۔ بات یہ ہی، کہ خرق عادت کی ایک خاص شکل، یعنی جھاڑ پھونک اور آسیب کے اُتارنے کو مسیحی برابر شروع سے اپنا حصہ بتاتے چلے آتے ہین۔ جسٹن مارٹیر سے لیکر متاخرین تک علی الاتصال مسیحی مصنفین اسے اپنی ملک مخصوص کہتے آئے ہین، بلکہ اس بارہ مین عجیب عجیب دعوی کرتے رہے ہین۔ مثلاً سینٹ آیرینیس فرماتے ہین، کہ تمام مسیحیون مین خرق عادت کی قوت تھی

وہ غیب کی باتین بتا دیتے تھے، بھوت پریت اُتارتے تھے، بیمار کو اچھا کر دیتے تھے، اور مردہ کو زندہ کر دیتے تھے۔ اور اُن کے زندہ کیے ہوئے مردے بعد کو کئی کئی سال تک زندہ رہا کیے ہین۔" سینیٹ اپی فینیس تحریر کرتے ہین، کہ "ہر سال معجزہ مسیح کے یادگار مین مسیحی صدہا دریاؤن اور چشمون کو شراب کی شکل مین تبدیل کر دیتے تھے چنانچہ مین نے خود اس طرح کے ایک چشمہ سے ایک بار اپنی پیاس بجھائی ہے" سینٹ اگسٹائن جن کا زمانہ اس قدر بعد مین ہوا ہے، وہ کہتے ہین کہ "ہمارے زمانے مین گو معجزات اُس قدر کثیر الوقوع نہین، جتنے پہلے تھے، تاہم وہ واقع ہوتے رہتے ہین، چنانچہ بعض کی مین خود چشم دید شہادت دے سکتا ہون۔ مین جب کبھی کسی معجزہ کے صدور کی خبر سنتا ہون، تو خاص طور پر اس کی تحقیقات کرتا ہون، اور گواہون کے بیانات کو پبلک مین شایع کر دیتا ہون۔ ایک مرتبہ ایک پادری لوسیانس کو خواب مین یہ القا ہوا کہ فلان مقام پر سینٹ اسٹیفن کی نعش مدفون ہے، چنانچہ تلاش کے بعد وہ وہین ملی، اور وہان سے اُس گرجا مین لائی گئی، جس کا مین پادری تھا۔ یہان پہونچکر اُس کی تاثیر سے پانچ مُردے زندہ ہو گئے۔ اور جتنے بیمارون کو شفا ہوئی، اس کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ اگرچہ بہت ہی کم شفا پانے والون کا نام درج رجسٹر کیا جاتا تھا، تاہم ان کی تعداد بھی دو سال مین ستر تک پہونچ گئی، اور ایک دوسرا گرجا جو ہمسایہ مین تھا، اُس مین تو شفا پانے والون کا کوئی شمار ہی نہین ہو سکتا۔ اسی طرح ایک مرتبہ سینٹ ایمروز نے جوش مناظرہ مین مشتعل ہو کر اپنی غیب دانی کا اس دعوی سے ثبوت دیا، کہ فلان مقام کو کھودو، وہان لاشین نکلین گی، چنانچہ وہ جگہ کھودی گئی، اس کے اندر خون سے لبریز قبرین نکلین، جن مین سے دو قوی ہیکل سر بریدہ ڈھانچے برآمد ہوئے، جن کے متعلق تحقیق ہوئی کہ یہ ۳۰۰ سال پیشتر کے دو شہید سینٹ جروسیس و سینٹ پروٹیسیس ہین، اس کی

تصدیق کے لیے وہ ہڈیاں جب ایک نابینا کے جسم سے مَس کی گئیں، تو اس کی بینائی فوراً عود کر آئی، اور جب آسیب زدوں سے مَس کی گئیں، تو فوراً ان کو صحت ہوگئی، بلکہ اُن آسیبوں اور جنات نے خود شہادت دی، کہ تثلیث برحق، اور یہ استخوان واقعی شہدا، کے ہیں۔ اس کے دوسرے دن، سینٹ ایمروز نے منکرین معجزات کو مخاطب کرکے تقریر کی۔ مین نے اسی دن اس واقعہ کو قلمبند کرلیا، اور ان دونون شہیدون کی پرستش تمام افریقہ مین پھیلادی۔ سینٹ ایمروز کی شہرت و مقبولیت مین اس روز سے چار چاند لگ گئے، لیکن اس کے مخالفین یہ کہتے رہے، کہ اس نے جنّات کو رشوت دیکر اپنے موافق بنالیا ہی۔"

ان اقتباسات سے آدمی چاہے، تو بہت سے نتائج نکال سکتا ہی، لیکن ہمین سر دست اور کسی شی سے بحث نہین، اس وقت تو ہمین یہ کہنا ہی، کہ یہ معجزات عموماً منکرین کو یقین دلانے کے لیے، بلکہ خود معتقدین کو زیادہ راسخ العقیدہ بنانے کے لیے صادر کیے جاتے تھے۔ البتہ ایک خاص صنف کے معجزات کا مقصد مخصوص، منکرین ہی کو قایل کرنا تھا۔ اس سے ہماری مراد جھاڑ پھونک سے ہی۔ یہ خیال تو بہت قدیم سے چلا آتا تھا، کہ امراض مادی اسباب سے نہین، بلکہ روحانی اسباب سے پیدا ہوتے ہین، لیکن یہ خیال یونانیون مین نہ تھا، کہ انھین بھوت پریت یا جن و شیطان پیدا کرتے ہین۔ آسیب زدگی کا تخیل، سب سے پہلے رومہ مین ظہور مسیحیت کے وقت، مشرقی وہم پرستیون کے ساتھ ساتھ داخل ہوا۔ اور یہودی جو اپنے ملک مین روزمرہ صدہا آسیب زدون کو ہر گلی کوچے مین دیکھنے کے عادی تھے، اور جو اپنے طریقۂ علاج کو حضرت سلیمان کی تعلیمات سے ماخوذ بتاتے تھے، اب خاص طور پر جھاڑنے والے مشہور ہوگئے۔ جوزفس اپنا ایک چشم دید واقعہ بیان کرتا ہی، کہ وسپسین کے عہد مین ایک یہودی ایلیزر نامے نے ایک شخص کے

ناک کے راستے سے آسیب نکالا۔ وہ شخص تو آسیب کے رخصت ہوتے ہی
زمین پر گر پڑا، اور ایلیزر نے پلید کو حکم دیا کہ کچھ فاصلہ پر پانی کا ایک کٹورہ رکھا ہوا تھا
اُسے پھینک دے، چنانچہ اُس نے اس کی فی الفور تعمیل کی۔ اشراقیت جدید
اور اس کے مثل نئے فلسفہ جواب شائع ہونا شروع ہوئے، انھون نے اس
خیال کو اور تقویت دیدی، اور ملک مین سیکڑون آسیب اُتارنے والے پیدا
ہوگئے۔ لیکن جو شہرت و نمود اس باب مین مسیحیون کو حاصل ہوئی، وہ اور کسی کو
نصیب نہ ہوئی۔ جسٹن مارٹیر سے لیکر دو صدی بعد تک کوئی ایک مسیحی مصنف بھی
ایسا نہین گزرا ہی جو اس کی اصلیت و کثیر الوقوع ہونے کی شہادت نہ دیتا ہو، مسیحی عامل
یہود و مشرکین مین بھی اس قوت کے وجود کے منکر نہ تھے، البتہ وہ اس دعوی پر
مضبوط تھے، کہ جو عظیم الشان قوت اُن کو حاصل ہی، وہ اور کسی مذہب والے کو نصیب
نہین۔ اُن کا یہ دعوی تھا، کہ بڑے بڑے سخت پلید، بڑے بڑے زبردست آسیب
جو کبھی کسی مشرک کے منترون سے نہ اُترے، انھین ہم نے دم بھر مین مسیح کا نام
لے کر یا صلیب کی تصویر بنا کر مسخر کرلیا، اور علانیہ اُن کی زبان سے مسیحیت کی صداقت کا
اعتراف کرالیا۔ اس سے بھی بڑھکر یہ کہ جو پلید حیوانات کے اجسام مین حلول
کرجاتے تھے، اُن کا اُتارنا بھی انھین مسیحی عاملین کا کام تھا۔ سینٹ جروم راوی
ہین، کہ سینٹ ہلیرین نے ایک مرتبہ بہ کمال جسارت ایک آسیب زدہ اونٹ سے
آسیب اُتارا۔ جولین کے عہد مین بابلیس شہید کی ہڈیان، ایک مشرکانہ دارالکہانت
کی آواز کو خاموش کرنے کے لیے کافی سمجھی گئین، اور جون ہی اس مندر سے یہ ہڈیان
جولین کے حکم سے نکالی جاچکین، فوراً بجلی گری اور اس مندر کو برباد کردیا۔
سینٹ گریگوری تھامیٹرگس کا واقعہ اور زیادہ دلچسپ ہی۔ انھون نے ایک مرتبہ
جب ایک مندر سے شیاطین کو خارج کردیا، تو لازمی طور پر کہانت کا سدباب ہوگیا

(کیونکہ غیب کے معلومات انھین شیاطین کے ذریعہ سے ہوتے تھے) اس پر اُس مندر کا مجاور بہت پریشان ہوا، اور اس نے سینٹ موصوف کی خدمت مین گڑگڑاکر یہ بیان کیا، کہ میری روزی اُس دن سے بند ہوگئی۔ سینٹ موصوف نے اُس پر ترس کھاکر ایک پرچے پر یہ لکھدیا، کہ "شیطان واپس آجا"، معًا اس حکم کی تعمیل ہوگئی اس واقعہ کو دیکھ کر وہ مجاور ایسا متاثر ہوا، کہ فورًا مسیح پر ایمان لے آیا۔ پھر جس زمانے مین مسیحیون پر طرح طرح کے مظالم توڑے جاتے تھے، اُس وقت ٹرٹولین نے مشرکون کو مخاطب کرکے بہت زور کے ساتھ لکھا، کہ کبھی آسیب زدہ کو سامنے لاؤ، اور کسی عیسائی عامل کو اس کے پاس لے جاؤ، تب دیکھو کہ وہ عفریت کس طرح اپنی شیطنت کا اقبال کرتا ہے۔ اس سے بڑھکر مسیحیت کے برسرِ حق ہونے کا کیا ثبوت چاہیے۔ غرض، اس طرح اُس زمانے کے تمام مسیحی مصنفین، آسیبون اور پلیدون کے اقبال پر زور دیتے ہین، اور بیان کرتے ہین، کہ مسیحی عامل جون ہی اپنا عمل شروع کرتا ہے، آسیب، آسیب زدہ شخص کی زبان سے فورًا چلاّ چلاّکر اور چیخ مار مارکر اپنے وجود کا اقبال کرنے لگتا ہے۔ شیاطین کی شہادتون اور اعتراف پر مسیحی جو اتنا زور دیتے تھے اس مین ایک نکتہ یہ تھا، کہ شیطان تو شیطان کو خارج کرنہین سکتا، پھر جو قوت شیطان کو خارج کررہی ہے، وہ سوا طاقت ربانی کے اور کیا ہوسکتی ہے؟

اس سلسلہ مین یہ معلوم ہونا یقینًا نہایت دلچسپ ہوتا، کہ مسیحیون کے اس ادعا وتحدی کا مشرکون کی طرف سے کیا جواب ہوتا تھا۔ لیکن افسوس ہے کہ مشرکون کی کوئی تحریر باقی نہین جو کچھ تھین وہ مسیحی سلاطین کے تعصب وعدم رواداری کی نذر ہوگئین تاہم کچھ نہ کچھ معلومات تو بہرحال ہم تک پہونچ گئی ہین۔ ان سے یہ ثابت ہوتا ہے، کہ اُس زمانے کے تعلیم یافتہ حلقون مین یہ "معجزات" ذرا بھی وقعت کی نظر سے نہین دیکھے جاتے تھے۔ سب سے پہلے اہل علم پر نظر کرو۔ قدیم فلاسفہ کے یہان تو آسیب

وپلید سے متعلق ایک حرف بھی نہین ملتا، حالانکہ روح وعالم ارواح کے مباحث سے دفتر کے دفتر بھرے پڑے ہین۔ یہ معنی خیز سکوت صاف اس امر پر دلالت کرتا ہی، کہ اس زمانے تک اس خیال کا کہین وجود نہ تھا۔ پلوٹارک اگرچہ ارواح خبیثہ کے وجود کا شدومد سے قایل ہوا ہی، تاہم جھاڑ پھونک وغیرہ کو وہ سخت حقارت کے ساتھ مرخرفات کے درجے مین رکھتا ہی۔ مارکس آرلیلیس اپنے محسنون کو شمار کرتے ہوئے حکیم ڈیوگنیٹس کے اس احسان کو خاص طور پر گنتا ہی، کہ اسی نے اسے، جھاڑ پھونک، جنتر منتر کرنے والون اور آسیب اُتارنے والون کی لغویت کا یقین دلایا۔ لوسین کہتا ہی کہ ہر چالاک ہت پھیر کرنے والا بھولے بھالے مسیحیون کو اپنے دام مین پھنسا سکتا ہی۔ سیلسس مسیحیون کی بابت یہ رائے قائم کرتا ہی، کہ یہ لوگ شعبدہ باز ہوتے ہین، جو نوعمرون وسادہ لوحون سے اپنا اُلّو سیدھا کرتے ہین۔ سب سے بڑھ چڑھ کر آلپین کے قانون کی ایک دفعہ مین اُن لوگون کو صاف صاف ملعون قرار دیا گیا ہی، "جو جھاڑ پھونک، جنتر منتر کا جال ڈالے ہوئے ہین"۔ جدید تحقیقات سے تو اس جھاڑ پھونک کی اصلیت بھی کسی قدر منکشف ہوتی جاتی ہی، مثلاً یہ کہ آسیب زدگی کے جو علامات بیان کیے جاتے ہین، وہ جنون وصرع سے بالکل ملتے جلتے ہین، اور یہ بالکل ممکن ہی، کہ کسی مذہبی رسم کی دھڑمین یہ اختلال عارضی طور پر دب جائے۔ اور مریض سائل کے حسب منشا سوالات کا جواب دینے لگے، چنانچہ یہ تو اُس زمانے کے پادریون کے لہجۂ بیان سے خود مترشح ہوتا ہی، کہ ان کی کامیابیان ہنگامی وعارضی ہی ہوتی تھین۔ یہ بھی ثابت ہوا ہی کہ ابتدا یہ قوت شفا بخشی تمام عیسائیون کو حاصل تھی، اس کے بعد رفتہ رفتہ محدود ہونا شروع ہوئی، تا آنکہ پانچوین صدی کے آغاز مین ایک طبیب نے آسیب زدگی کے وجود ہی سے انکار کر دیا۔

غرض اس ساری تفصیل سے ہماری یہ تھی، کہ پادریون کے معجزات و خارق عادات و کشف و کرامات جو ابتدا ظہور مسیحیت مین اس کی مقبولیت کے اسباب بیان کیے جاتے ہین، یہ صحیح نہین، بلکہ تاریخی شہادتون کے بالکل منافی ہی۔ پھر آخر اس واقعہ کے اصلی اسباب کیا تھے؟

اس کے اصلی اسباب مقتضیات حالیہ یا حالات عصریہ تھے۔ تشکیک و زوداعتقادی، الحاد و ایمان، اقرار و انکار، کی ہنگامہ آرائی، مختلف مذاہب و ملل کی کشمکش، جذبات کا تنوع، عوایدورسوم کا تغیر، تخیلات و مشاعر کا انقلاب، یہ تمام چیزین جن کا ذکر مین تفصیل کے ساتھ باب گزشتہ مین کر چکا ہون، اس واقعہ طبعی کی اصلی علت تھین۔ تنقید و نکتہ چینی، قدیم مذاہب و قدیم فلسفہ کی بنیادین یکسر متزلزل کر چکی تھی، اور روما کے عظیم الشان دارالسلطنت مین نئے نئے خیالات اپنی حکومت و ترقی کے لیے جد و جہد کر رہے تھے۔ علمی حلقون مین، رواقیت، جو کچھ دنون تک جذبات سے علیحدہ رہ کر، بہ این خشکی و تعبس، اپنا دور دورہ قائم رکھ چکی تھی، اب مذہبی مقتضیات عصریہ کے ناموافق ہونے کے باعث اپنی زندگی کی آخری گھڑیان ختم کر رہی تھی۔ اسی طرح دوسرے حلقون سے بھی یکے بعد دیگرے قدیم مذاہب کا سکہ اٹھتا جاتا تھا۔ ان کے مقابلہ مین یہود، باوجودے کہ ان کا مذہب بالکل مختص المقام تھا، اور وہ خود اہل شہر کے نزدیک سخت مبغوض تھے، تاہم ان کی توحید خالص، ان کی سخاوت، اور ان کے جھاڑ پھونک نے شریعت موسوی کو دور دور روشناس کر دیا۔ عورتین خصوصیت کے ساتھ یہودی آئین و رسوم کی گرویدہ ہونے لگین (چنانچہ ایک روایت تو یہ ہی کہ خود ملکہ پوپیا نے مذہب یہودیت قبول کر لیا تھا) سبت و دیگر یہودی شعایر کا عام رواج ہو گیا، اور موسوی قانون کی قدامت پر سرگرمی سے بحثین ہونے لگین۔ دوسرے ایشیائی مذاہب کو اس سے بھی

زیادہ کامیابی حاصل ہوئی۔ مصری دیویون اور دیوتاؤن کی پرستش کے لیے ہزارہا آدمی ذوق شوق سے جمع ہوتا تھا، اور ان کی مذہبی قربانیون وغیرہ کے موقع پر میلہ سے میلہ لگ جاتے تھے۔ چنانچہ آپولیس ان میلون کا حال تفصیل سے بیان کرتا ہی۔ اسی طرح جونیل عورتون کی ان سخت سے سخت ریاضتون کا ذکر کرتا ہی، جو وہ انھین دیبیون دیوتاؤن کی پوجا مین کرتی تھین، (مثلاً یہ کہ نیز بستہ دریا مین کود کود کر اپنے جسم کو خون سے رنگین کرتی تھین)۔ ان معبودون کے مندرون کی تعمیر مین بہتر سے بہتر صناعی صرف کی جاتی تھی۔ کہانت کا عرصہ سے سدباب ہوگیا تھا، مگر اب پھر دور دورہ شروع ہوگیا، نجومی گلی گلی مین پھرنے لگے، افسانہ خوانی و وہم پرستیون کے چرچے ہر جگہ دکھائی دینے لگے، غرض یہ کہ پچھلے مذاہب کی ہوا بالکل اکھڑ گئی تھی، انقلاب و اضطراب، بے اطمینانی و بے چینی، کی ہوا عام تھی، اور ایک نئے مذہب کی خواہش، ایک جدید روش کی تمنا کا سودا ہر سر مین سمایا ہوا تھا۔

ان حالات کے درمیان اگر مسیحیت کو عروج نصیب ہوگیا، تو اس مین حیران ہونے کی کیا بات ہی؟ جو لوگ اس کو تعجب انگیز و محیر العقول خیال کرتے ہین، انھین اس پر غور کرنا چاہیے، کہ مسیحیت کے سوا، اور کس مذہب مین اس وقت دلاویزی و قوت کے اتنے عناصر مجتمع تھے؟ یہودیت کے برخلاف، اس مین کوئی امر ایسا نہ تھا، جو اسے مختص القوم و مختص المقام رکھے، بلکہ یہ ہر قوم و ہر طبقے کے لیے یکسان موزون تھی۔ اسی طرح رواقیت کے برخلاف، اس کی تعلیم رہبانیت و جذبات کشی کی غیر فطری تعلیم نہ تھی، بلکہ اس نے جذبات لطیف کو تو خاص طور پر مخاطب کیا تھا یا پھر اسی طرح مصری مذاہب کے برعکس یہ کوئی غیر عملی مذہب نہ تھا، بلکہ اس مین عالم معاد کے ساتھ اخلاق کی بھی خاص تعلیم دی جاتی تھی، اور یہ انسان کو عملی بناتا تھا۔

جس وقت مختلف قومین اور جماعتین پہلی بار ایک دوسرے سے متصل ہو رہی تھین،
اس نے اخوت انسانی کا درس دیا جس وقت تمدن و تعلیم کے اثر سے طبیعتون مین
نفاست و نزاکت پیدا ہو رہی تھی، اس نے خلوص و محبت کی تعلیم دی۔ غلامون
کی بھیڑ اسے اپنے حق مین آیۂ رحمت سمجھی اور یہ خیال کرنے لگی کہ یہ شریعت محض
اُن کے ساتھ حسن سلوک کے لیے نازل ہوئی ہے۔ فلاسفہ کے گروہ نے اسے
اس لیے بڑھ کر لبیک کہا، کہ اس مین ان کو افلاطون کے محاسن اور رواقیہ کے
اخلاق کی جامعیت نظر آئی۔ اعیجوبہ پرست اس لیے اس کے گرویدہ ہو گئے، کہ
معجزات و کرامات، جھاڑ پھونک کے عجائب و غرائب جیسے اس مین تھے، ویسے
یہودیون، کلدانیون، مصریون، کسی کے یہان نہ تھے۔ ایک جماعت مین اس واسطے
اسے مقبولیت حاصل ہوئی، کہ یہ لوگ روز بروز کے سیاسی مناقشات و ملکی تنازع
سے تنگ آکر اپنے پس مرگ انجام کے لیے بیچین تھے، انھین آکر اس نے قیامت
کے آنے، بدکارون کے واصل جہنم ہونے، اور نیک کارون کے داخل جنت
ہونے کی بشارت دی۔ ایک اور گروہ نے اس لیے بڑھ کر اس کے ہاتھ پر بیعت
کی، کہ یہ رواقیت کی خشک و غیر فطری روایات و جذبات کشی کی تعلیم سے اُکتا
گیا تھا، انھین آکر اس نے لطف و محبت، خلوص و ہمدردی کی نوید سے محظوظ کیا۔
اور پھر سب سے آخر کچھ لوگ اس واسطے بھی اس کے حلقہ مین داخل ہو گئے، کہ اس نے
اپنی تعلیمات کو بہ طور انسانی دماغ کے پیداوار، اور بشری کوششون کے نتائج
کے نہین، بلکہ بہ طور فرمان ربانی، بہ طور کلام ایزدی کے پیش کیا، جس مین عقل کی
جگہ عقیدہ کام آتا ہے۔ اور یہ مختلف پیرایون مین بار بار ظاہر کیا، کہ حقیقت شناسی
کے لیے دماغ کی جگہ قلب کی، عقل و استدلال کی خضوع و خشوع کی، اور دلیل و
برہان کے بجائے ایمان بالغیب کی ضرورت ہے، غرض یہ کہ اس نے بجائے

عقل کے جذبات کو اپنا مخاطب بنایا، انسان کی جبلت مین جو مقتضیات روحانی ہین ان کی تشفی کی، زمانے کی اخلاقی ضروریات کو پورا کیا، اور زمانے کی دھار جس اخلاقی سانچے مین طبائع کو از خود ڈھال رہی تھی اسے اس نے اور روشن و واضح کر دیا۔ یہ تھا اس کی کامیابی کا راز، اس کے عروج کا گر، جس مین نہ کسی خرق عادت کو دخل ہے، اور نہ کسی کشف و کرامت کو۔

ہان ایک بات کہنے سے رہی جاتی ہے۔ وہ یہ کہ مسیحیت نے عصبیت کے زور سے اپنے نظام کو جس قدر مضبوط و مستحکم بنا لیا تھا، یہ بات کسی اور مذہب کو نصیب نہ تھی۔ کسی جماعت کی اندرونی پایداری کا سبب سے چلتا ہوا جادو یہ ہے، کہ اس کے ارکان مین عصبیت کی روح پھونک دی جائے۔ بڑے بڑے محبان وطن کو دیکھیے، انھون نے ہمیشہ یہ کہا ہے، کہ اپنے ہم وطنون مین وطن و قوم سے متعلق ایک عصبیت پیدا کر دی، اور اسی سے کامیاب رہے۔ یہی طریقہ مسیحیت نے بھی اختیار کیا۔ مسیحیت کچھ محض حکما، اخلاق کا حلقہ، یا خرق عادت دکھانے والون کا جتھا نہ تھا، وہ ایک باضابطہ، منضبط و منتظم، و مستحکم القوام جماعت تھی جس کے سے انضباط و عصبیت سے اس کے حریف یکسر معرّی تھے، اُس نے آتے ہی یہ صاف صاف کہہ دیا، کہ اس کے سوا دنیا کے تمام مذاہب باطل ہین، نجات ہے صرف اس کے پیرون کے لیے، اور لعنت ہے تمام اُن لوگون کے لیے جو اس کے حلقے سے باہر ہین۔ اسی کا نام عصبیت ہے۔ جس کی تقویت، نماز، روزہ، اور روزانہ زندگی کی تمام تقریبات مین مذہبی مراسم کے دخل سے ہوتی گئی۔ نجات کو اپنے پیرون کے ساتھ مخصوص کر دینے سے اس نے ایک طرف انسان کے خوف و دہشت کے تارون پر ضرب لگائی، اور دوسری طرف رحم و محبت کے نازک رشتون کو چھو دیا۔ بہت سے مشرکین نے محض اس ڈر سے اصطباغ لے لیا،

کہ ممکن ہی مسیحیت ہی حق ہو، پس حشر کے روز کیسی مصیبت کا سامنا ہوگا۔ پھر جو لوگ مسیح کی راہ مین جان دیتے تھے، اُن کے آگے بھی مسیحیت نے وہ سارا سامان عزت و تکریم کا پیش کر دیا تھا، جو انسان کے لیے ممکن ہو سکتا ہی۔ جنت مین اُس کا جو اعزاز ہوگا، وہ تو ہو ہی گا، خود دنیا مین اس کا یہ مرتبہ تھا، کہ اگر کوئی نو مسیحی غلام، راہ حق مین کام آجائے تو اس کا نام بڑے سے بڑے شہدا کی صف مین لیا جانے لگے گا، اس کی لاش انتہائی احترام کے ساتھ اُٹھائی جائے گی، اس کے مقبرے پر زایرین کا میلہ لگا رہے گا، لوگ اُس کی روح سے استمداد کرین گے اس کی شہادت کی سال گرہ (مسلمانون کی اصطلاح مین سالانہ عُرس) پوری دھوم دھام، تزک و احتشام سے منائی جائے گی، اور خون کا بپتسمہ لینے سے فوراً اُس کی تمام عمر کے گناہ دُھل جائین گے۔ اس سے زیادہ کون مذہب اپنے پیروون کی استقامت و جانبازی کے لیے ترغیب و تحریص کا سامان اکھٹا کر سکتا ہی؟۔

جو لوگ فطرت بشری کی اس خصوصیت کے رازشناس ہین، کہ بعض حالات کے درمیان انسان کا جذبۂ ایثار و جانبازی اپنے انتہائی حدود تک پہونچ جاتا ہی، وہ اس کا آسانی سے اندازہ کر سکتے ہین، کہ ان محرکات و مرغبات نے بیخوفی، جرات و سرفروشی کو کس حد تک پہونچا دیا ہوگا۔ درحقیقت اس وقت کے مسیحی زندگی کی محبت بھول گئے تھے، اور اُس کے بجاے موت کو محبوب رکھنے لگے تھے۔ سینٹ اگنیشیس کے الفاظ مین، ان سب کا یہ اعتقاد ہو گیا تھا، کہ وہ خدائی گندم ہین جن کا حسن انجام یہ ہی، کہ وحشی جانوروں کے دانتون کی چکی مین پسین، اور پس کر مسیح کی روٹی بنین۔ بس اس عقیدہ کے آگے، مال و دولت، عزیز و دوست، اولاد و والدین، کسی کی محبت نہین باقی رہ گئی تھی۔ آریجن کے لڑکپن کا یہ واقعہ ہی کہ وہ اپنے تئین؟ اہل تعدی کے حوالے کرنے جا رہا تھا جب اس ارادے سے لوگون نے زبردستی باز رکھا، تو اس نے اپنے محبوس والد کے نام

بہ صد منت والحاح خط لکھا، کہ آپ جان دینے سے ہرگز نہ ڈریے، خاندان و اولاد کی محبت کو ہرگز خیال مین نہ لائیے، اور جس طرح ممکن ہو مسیح کی راہ مین درجۂ شہادت حاصل کیجیے۔ اسی طرح سینٹ پرپٹوا کا یہ واقعہ ہوا، کہ وہ اپنے باپ کی اکلوتی لڑکی تھی، خود اس کا سن بائیس سال کا تھا، اور ایک ننھا بچہ تھا، اس حالت مین اُس نے قبول مسیحیت کا اعلان کیا، اور حکام کے سامنے دلیرانہ شہید ہونے کے لیے چلی گئی۔ اس موقع پر اُس کا ضعیف العمر باپ آتا ہی، اُسے اپنی پیرانہ سالی کا، اپنے سفید بالون کا واسطہ دلاتا ہی، اُس کے ننھے معصوم بچے کی قسمین دلاتا ہی، اُس سے رحم کی التجا کرتا ہی، اور جب اس پر بھی وہ نہین مانتی، تو اپنے زانو کے بل جھک کر اُس کے ہاتھ کو اپنے ہاتھ مین لے کر اپنے آنسوون سے بالکل بھگو دیتا ہی، لیکن یہ تمام آہ و زاری بے اثر رہتی ہی۔ جب وہ مقتل کی طرف لے جائی جاتی ہی، تو وہ دیکھتی ہی کہ اس کا باپ فرط غم سے دیوانہ ہو گیا ہی، بے اختیار پچھاڑین کھاتا ہی، داڑھی کے بال نوچے ڈالتا ہی، کپڑے پھاڑتا ہی، لیکن یہ سب مناظر اس کے لیے غیر موثر رہتے ہین۔ یہ کوئی استثنائی و نادر واقعہ نہ تھا۔ یہ ایک عام ہوا چل گئی تھی جس کو دیکھیے شہادت کے لیے مشتاق و بیتاب نظر آتا تھا۔ بلکہ کسی کسی زمانے مین تو یہ شوق ایک عام جنون کے درجے تک پہونچ جاتا تھا چنانچہ ٹرٹولین، ایک ایشیائی شہر کا واقعہ نقل کرتا ہی، کہ وہان ایک بار ساری آبادی دفعۃً مجتمع ہو کر وہان کے حاکم کے پاس پہونچی اور کہا "ہم ہانک پکار کر کہتے ہین کہ ہم مسیح پر ایمان لائے ہین، تو ہم کو خدارا شہید کر" حاکم مبہوت ہو کر انھین دیکھنے لگا، اور پھر اُس نے اُن سے کہا، کہ اگر تمھین اپنی زندگی ایسی ہی وبال ہی، تو تم سب کے سب اپنے گلون مین رسّی کے پھندے کیون نہین لگا لیتے"؟ یہ کہنے کے بعد اُس نے چند سرغناؤن کو قتل کیا، باقی کو چھوڑ دیا۔ مسیحیون کی اس بے جگری، بے خوفی، و سرفروشی کا ذکر بت پرست مصنفین کے یہان بھی

ملتا ہی۔ اقتباسات ذیل ملاحظہ طلب ہین:۔

"کچھ لوگ ایسے ہوتے ہین، جنھین جنون موت کی طرف سے بیخوف کردیتا ہی، اور بعض کو اُن کے یہان کا عام دستور، مثلاً عیسائیون کے یہان" (اپیکیٹٹس)

"کون روح اپنی خوشی، اور اپنے ارادے سے، جسم سے جُدا ہونا چاہتی ہی؟ ہان ضد، وہٹ کی اور بات ہی، جیسا کہ عیسائیون کا شیوہ ہی" (مارکس آرلیس)

"یہ بدنصیب عیسائی اس خبط مین گرفتار ہین، کہ یہ بعد موت بھی زندہ رہین گے، اس لیے انھین جان دینے مین کوئی باک نہین ہوتا بلکہ بہت سے تو اپنی خوشی سے جان دیدیتے ہین" (لوسین)

شاید بعض ناظرین کو معلوم ہو کہ مسیحیون کے زمانۂ انحطاط مین ایک مرتبہ ایک مسلمان بادشاہ نے شام کے نامور مسیحیون کو لکھا تھا، کہ "مین تمھارے خلاف اُن لوگون کو بھیجتا ہون، جو موت کے ویسے ہی حریص ہین" جیسے تم لوگ لذّات دنیوی کے ہو" اور درحقیقت یہی فقرہ ان کی حیرت انگیز فتحمندیون کی کنجی ہی۔ بس بعینہٖ یہی کیفیت اُس زمانے کے عیسائیون کی تھی۔ اُس وقت اُنھین بت پرستون پر ویسے ہی فضیلت حاصل تھی، جیسے زمانۂ مابعد مین مسلمانون کو اُن پر ہوئی۔ جوش و ہمت و استقلال کا بت پرستون مین کہین وجود نہ تھا، مسیحی ان چیزون سے پُر تھے۔ چنانچہ جب قسطنطین نے رومہ کا ملکی مذہب مسیحیت قرار دیا ہی، تو مسیحیون کی تعداد بہت ہی قلیل تھی، بلکہ تھیوڈوسیس تک کے زمانے مین سینیٹ مین اکثریت بت پرستون کی تھی، باایںہمہ قلت کو کثرت پر ہمیشہ غلبہ حاصل رہا۔ جماعت کثیر، اُس جوش و استقلال، اتحاد و اتفاق، عزم و خلوص سے یکسر معرا تھی،

جو کسی قوم مین اقدام و دفاع کی قوت قایم رکھتے ہین - بخلاف اس کے جماعت قلیل کے ایک ایک رگ و ریشے مین جوش، عزم، انضباط، یکجہتی و خلوص سرایت کیے ہوئے تھا، اور انھین خصوصیات نے قلت کو کثرت پر ہمیشہ غالب رکھا۔ پھر جب ایک بار مسیحیون کے قدم جم گئے، تو اب اس کے سوا کوئی صورت نہ تھی کہ یا تو انھین بالکل نیست و نابود کر دیا جائے، اور یا پھر وہی حکمران ہو کر رہین گے۔ مگر معدوم تو ہو نہ سکے، اس لیے اُن کا حاکم ہو جانا ایک لازمی نتیجہ تھا۔

ہمین اس سے انکار نہین، کہ واقعات تاریخی کی سطح تمام تر ہموار نہین بعض واقعات، بے شبہ تاریخ کی رفتار طبعی کے بظاہر مخالف معلوم ہوتے ہین - لیکن یہ قطعی ہے کہ رومی حکومت کا اصطباغ ان مستثنیات مین نہین - یہ تو ایک سیدھا سادہ، طبعی اور معمول بہ واقعہ ہے، جس کی توجیہ و تشریح علت و معلول کے عام سلسلہ مین بہ خوبی ہو جاتی ہے - یونان کی محدود و قلیل آبادی مین اکثر ایسے لوگ ایک دو کی تعداد مین نہین، بلکہ کثرت سے پیدا ہو گئے، جن کی نظیر فلسفہ، شاعری، ڈراما، خطابت، نقاشی، مصوری، سیاست، موسیقی، وغیرہ مین آج تک نہ پیدا ہو سکی؛ یا مثلاً جاہل سے جاہل اقوام مین، جن کے پست دماغون کے لیے شرک و بت پرستی کا تخیل ناگزیر تھا، مسلمانون کا خالص توحید کی روح پھونک دینا، بے شبہہ نہایت حیرت انگیز و عجیب واقعات ہوئے ہین، اور گو ان مین سے پہلے واقعہ کی توجیہ آب و ہوا، جغرافی، سیاسی، معاشری، و ذہنی خصوصیات کی بنا پر کی جاتی ہے، اور دوسرے کی اس بنا پر کی جاتی ہے، کہ محمد نے تصویر کشی و دیگر فنون لطیفہ کو کس قدر دبایا، تاہم ہمین اعتراف کرنا چاہیے، کہ پھر بھی ان واقعات کی ندرت و بوالعجبی باقی رہتی ہے لیکن مین مکرر کہتا ہون کہ روم مین مسیحیت کا عروج و شیوع مطلق حیرت انگیز نہین یہ تو تمام تر حالات معاصرانہ و اسباب طبعی کا صریحی نتیجہ تھا - (البتہ ناظرین کو اس

سلسلہ مین یہ خیال رکھنا چاہیے، کہ خود یہودیہ مین مسیحیت کا اُٹھان کیسے ہوا، مجھے اس سے بحث نہین۔ مین تو صرف روم مین اس کی ترقی واشاعت کا ذکر کر رہا ہون)

جن مصنفون کا خیال اس کے برعکس ہی، وہ یہ کہتے ہین، کہ "روم مین مسیحیون پر مظالم کیسے روا رکھے گئے، مسیحیت کو کس کس طرح حکومت نے کچلنا چاہا، اور تعذیب وعقوبت کی کوئی شکل باقی نہین رہی، جس کا استعمال مسیحیت قبول کرنے والون پر نہ کیا جاتا ہو۔ ایسی حالت مین، اور ان عظیم الشان موانع کے باوجود بھی، اگر مسیحیت نے قبولیت حاصل کی، تو اسے سوا تائید ربانی کے اور کیا کہا جا سکتا ہی" مین اس رائے کی غلطی آیندہ صفحات مین دکھاتا ہون، اور یہ بتاتا ہون کہ مسیحیون پر جو کچھ بھی مظالم ہوئے، وہ اپنی نوعیت کے لحاظ سے اس طرح کے نہ تھے، کہ مسیحیت کی رفتار ترقی کو روک دیتے۔

فصل (۴)

مذہبی تعدی کی نوعیت

اس بحث مین سب سے پہلے ہمین یہ امر پیش نظر رکھنا چاہیے کہ حکومت کی طرف سے جو مذہبی تعدی برتی جاتی ہی، یہ ایک ہی سبب سے لازمی طور پر پیدا نہین ہوتی، بلکہ اس کے متعدد اسباب ممکن ہین۔ مثلاً یہ بالکل ممکن ہی کہ حاکم وقت کسی مذہب کی تعلیمات کو اخلاق شکن سمجھتا ہو، اس صورت مین مذہبی تعدی کا محرک اخلاقی ہوگا۔ یا ممکن ہی کہ وہ انھین اپنے معبود کی مرضی کے خلاف سمجھتا ہو، اس صورت مین یہ محرک مذہبی کہلائے گا۔

اسی طرح یہ بھی ممکن ہی، کہ اس کے نزدیک وہ آئین وقوانین حکومت کے منافی ہون، اس صورت مین اُن کے روک تھام کا محرک خالص سیاسی ہوگا۔ یا پھر آخر مین، یہ بھی ممکن ہی کہ کسی سے فرمان روائے وقت کی محض ذاتی عداوت یا طمع اس کی محرک ہو، اس صورت مین اس کا سبب ذاتی کہا جائے گا۔ غرض اس طرح کے متعدد اسباب ومحرکات ممکن ہین، پس جب تک ہمین تفصیلات کا علم نہ ہو، ہم مجرد تعدی کو سُن کر یہ فیصلہ نہین کر سکتے، کہ اسباب بالا مین سے کون ایک سبب، یا مختلف اسباب مل کر اس کے محرک ہوئے۔

اس حقیقت کو ذہن نشین رکھنے کے بعد، یہ سمجھنا چاہیے، کہ مسیحی علما نے جو تعدی برتی وہ بعض حیثیات سے تمام دیگر تعدیون سے ممتاز ہی۔ جس استقلال، قوت وباضابطگی کے ساتھ یہ جاری رہی، اُس کے لحاظ سے یہ اپنی نظیر آپ ہی، اس کا دائرہ محض اعمال وکردار تک محدود نہین رہا، بلکہ معتقدات تک اس کی زد مین تھے، اور یہ صرف جائز ومباح ہی نہین بلکہ فرض سمجھی گئی اس کے وجوب وقطعیت پر فقیہون نے ایک پورا لٹریچر تیار کر دیا ہی اور اس کی تائید پر وہ سب فرقے متحد ہو گئے، جو خود باہم سخت مختلف الرائے رہا کرتے تھے۔

ہم نے اپنی ایک دوسری کتاب مین مسیحی تعدی کی تاریخ نہایت تفصیل سے بیان کی ہی، جس مین ہم نے یہ دکھایا ہی کہ یہ تعدی اکثر حالتون مین اُس وقت کے ایک مقبول ومتداول مسئلہ شرعی کا بالکل قدرتی ولازمی نتیجہ تھی۔ اور وہ مسئلہ یہ تھا، کہ عقیدہ کی صحت شرط نجات ہی، اور عقیدہ کی غلطی مستلزم عذاب ہی۔ مسیحیون نے غیر مسیحیون پر جو جو مظالم توڑے ہین، انسانی ترقی کی راہ مین جو جو رکاوٹین حایل کی ہین، درحقیقت تقریباً اُن سب کا باعث یہی ایک مسئلہ شرعیت ہوا ہی۔ اور یہین سے یہ نظریہ قائم ہونا ممکن ہی، کہ مسائل شرعیہ کی بے وقعتی اور

دماغی ترقی لازم ملزوم ہین۔

رواداری کی بنیاد، تمام تراس خیال پر ہے کہ جس طرح ہم دوسرون کے عقاید کو غلط جان کر اُن پر تعدی و تشدد جائز رکھتے ہین، اسی طرح خود ہمارا برسر غلط ہونا بھی ممکن ہے۔ لیکن یہ خیال، اُس زمانے مین، جبکہ شک و تذبذب کفر کے مرادف خیال کیا جاتا تھا، اور جبکہ ایمان بالغیب، نجات کی لازمی شرط تھا، کسی دماغ مین پیدا ہی نہین ہوسکتا تھا۔

مسیحی تعدیون کا سبب اصلی تو یہ تھا، لیکن اُس کی معین دو چیزین اور ہوئین۔ ایک تو یہ کہ مسیحی اخلاق کو روایات ایسی ملین، جن مین یہ مذکور تھا کہ فلان فلان موقع پر محض رضاے الٰہی کے لیے، محض ابتغاءً لمرضات اللہ کفار پر تلوار کھینچی گئی، اُنھین بزور دبایا گیا، اور اُن پر ہر طرح کے جور و تشدد برت کر شوکت دینی قائم کی گئی۔ دوسرے یہ کہ مسیحی فقہا کے ذہن مین منکرین کے لیے عقاب شدید کا جو ہولناک تخیل تھا، اُس کے لحاظ سے اس دنیوی جبر و تشدد کو وہ کوئی چیز نہین سمجھتے تھے، بلکہ اسے مظلومون کے حق مین خیر خواہی سمجھتے تھے، کہ ممکن ہے اسی ذریعہ سے وہ آخرت کے عذاب سے بچ جائین۔

مجھے یقین کامل ہے کہ مسیحی تعدیون کے بھی اسباب تھے۔ اس دعوی کا تفصیلی ثبوت میری دوسری کتاب مین ملے گا، تاہم مین اس قدر پورے وثوق سے کہتا ہون کہ اس کی تائید مین بہتر سے بہتر شواہد موجود ہین۔ اولاً تو اصول بالا پر اگر غور کرو، تو معلوم ہوگا کہ وہ خود ہی عدم رواداری و تعدی کی طرف مؤدی ہوتے ہین۔ دوسرے قسطنطین سے لے کر آخر زمانے تک مسیحی فقہا کی تصانیف اُٹھا کر دیکھو، برابر اُن مین یہی دلائل تعدی کی حمایت مین ملین گے۔ پھر یہ بھی ثابت ہے کہ رواداری کی بنیاد اُس وقت سے پڑتی ہے جب سے کہ اساسی و فرعی

عقاید مین امتیاز کیا جانے لگتا ہی، اور روشن خیال جماعت تعدی و تشدد کو زور روک دیتی ہی۔ اُسی وقت سے مسیحی فقہا نے اپنے معتقدات پر نظر ثانی کی، اور اب اُنھین یہ یاد آیا، کہ کسی شخص پر اُس کے عقاید کی بنا پر تعدی و تشدد کرنا خود مسیحیت کے منافی ہی۔ میرے نزدیک یہ تاریخ کی ایک مسلم و غیر مشتبہ حقیقت ہی۔ اور حیرت ہی کہ ہمارے بعض معاصرین اس مین تامل کرتے ہین۔ وہ یہ کہتے ہین کہ مشرکین بھی تو تعدی کرتے تھے، حالانکہ وہ نجات کو اپنے ساتھ مختص نہین رکھتے تھے اس سے معلوم ہوتا ہی کہ مسیحی تعدی کے کچھ اور اسباب تھے۔" یہ استدلال کس قدر عجیب ہی! مین یہ کب کہتا ہون کہ تمام تعدیون کا یہی ایک سبب ہوتا ہی؟ مین تو خود یہ تسلیم کرتا ہون، کہ اس کے مختلف اسباب ہوا کرتے ہین، کہین کچھ اور کہین کچھ۔ البتہ میرا یہ دعویٰ ہی کہ مسیحی تعدی کا یہ سبب تھا، اور مشرکانہ تعدی کے دوسرے اسباب تھے، جو درج ذیل ہین۔

میرے خیال مین یہ اسباب نیم مذہبی و نیم سیاسی تھے۔ قدیم حکومتون کا طرز حکومت، درحقیقت اس قسم کا واقع ہوا تھا، کہ وہ تمام رعایا کو ایک سانچے مین ڈھالنا چاہتی تھین، اور اس لیے کھانے پینے، پہننے اوڑھنے، غرض معاشری و خانگی زندگی کے جزئیات تک کے لیے آداب و ضوابط حکومت کی طرف سے موجود تھے اس بنا پر غیر ملکی جو چیز بھی داخل ہوتی، بدگمانی و بے اعتباری کی نظر سے دیکھی جاتی تھی۔ یہ خیال تو خیر تھا ہی، اس سے بھی ایک زبردست خیال اس زمانے مین یہ موجود تھا، کہ ملکی و دینوی فلاح کا دارمدار دیوتاؤن کے راضی رکھنے اور ان کے آگے باقاعدہ قربانیان چڑھاتے رہنے پر ہی۔ اس لیے کوئی ایسی شے جو اس مین خلل انداز ہوتی تھی یقیناً سخت مخالفت و نفرت کی مستحق سمجھی جاتی تھی۔ یہ اسی کا نتیجہ تھا کہ یونان کی ابتدائی چھوٹی چھوٹی ریاستون مین جہان

قربانی چڑھاوے، اور اور مذہبی رسمون کا انتظام حکومت کے ہاتھ مین تھا، وہان لازمی طور پر غیر ملکی مذہبی مراسم، بلکہ معتقدات تک سے عدم رواداری کی ہوا چل گئی۔ چنانچہ انکساغورس، تھیوڈورس، ڈیاگورس، اسٹلپو وسقراط کے ساتھ جو برتاؤ کیا گیا، فلاطون نے اپنے قانون مین جس شد و مد سے مذہبی وخانگی آزادی کو دبایا، اور اتھینز مین جس سرگرمی سے محکمۂ احتساب نے اپنا کام کیا، یہ سب اسی کے شواہد تھے۔ لیکن رفتہ رفتہ یہ عدم رواداری ہلکی پڑتی گئی، تا آنکہ یونان کے خاتمہ سے قبل وہان حریت عقلی کا کافی نشو ونما ہو گیا، اور لذتیہ و شکلین اپنے اپنے عقاید کی آزادی سے تعلیم دینے لگے بلکہ ارسطوفانس تو خود سقراط ہی کے زمانے مین ڈراما کے ذریعہ سے یونانی معبودون کے ساتھ استہزا کرنے لگا۔

رومہ مین بھی ابتداً سررشتۂ مذہب، حکومت ہی کے ہاتھ مین تھا، جس کا مقصد دیوتاؤن کو ملکی فلاح کے لیے راضی کرنا تھا، اور جس کے مراسم سینٹ کے حکم سے انجام دیے جاتے تھے۔ اُس وقت عام عقیدہ یہ رائج تھا، کہ ہر شخص کے لیے بہترین دین وہ ہے، جو اُس کے ملک کا دین ہے۔ اس خیال کے مطابق، مفتوح اقوام کے مذاہب کے ساتھ پوری رواداری کا برتاؤ کیا جاتا تھا، اُن کے معابد کا کامل احترام ملحوظ رکھا جاتا تھا، بلکہ رومی سپاہ جس شہر پر حملہ آور ہوتی تھی، پہلے اُسی شہر کے رب سے استمداد و استعانت کرتی تھی۔ درحقیقت، بجز ایک قوم ڈرویڈ کی استثنائی مثال کے، (اور اس استثنا کی وجہ یہ تھی کہ یہ قوم بیحد سرکش و شریر تھی، اور اُس کے یہان انسانی قربانی فرض تھی) رومیون نے کبھی کسی مفتوح قوم کے مذہب مین دست اندازی نہین کی۔

لیکن یہ رواداری، مفتوح قومون کے حدود وطن کے ساتھ مختص و محدود تھی یعنی وہ افراد جب تک اپنے وطن مین تھے، اپنے مذہبی فرائض کی پابندی مین

پوری طرح آزاد تھے، لیکن یہ ممکن نہ تھا، کہ اپنے ملک سے نکل کر اور خاص اٹلی مین آکر بھی اپنی اُس آزادی کو قائم رکھ سکین۔ جمہوریت کے زمانۂ قدیم مین، جبکہ محکمۂ احتساب نے خانگی زندگی کے جزئیات تک کو بال بال جکڑ رکھا تھا، درحقیقت حریت و رواداری کا نام بھی نہین لیا جا سکتا تھا۔ کارنیڈس نے جب ہر مسئلہ کے منفیانہ و مثبتانہ پہلو کو مساوی دکھا کر تشکیک کی تلقین کی، تو کیٹو نے صاف یہ کہہ کر سنیٹ سے اُس کے شہر بدر کیے جانے کی سفارش کی، کہ اُس کی تعلیمات سے ملک مین بداخلاقی کی اشاعت ہوگی۔ اور اسی دلیل سے تمام اہل خطابیات بھی خارج البلد کر دیے گئے اس سے بھی بڑھ چڑھ کر وہ موعظت ہے، جو میسینس نے، آگیٹولیس کی تخت نشینی پر اُسے مخاطب کر کے ارشاد فرمائی تھی، جس کے مقتبس فقرہ یہ ہین:-

"ہمیشہ اور ہر مقام پر اپنے ملک کے دستور کے بموجب اپنے دیوتاؤن کی عبادت کرنا، اور دوسرون کو بھی اسی پر مجبور کرنا۔ جو لوگ نئے نئے مذہب پھیلانا چاہین، اُنھین سخت سے سخت سزائین دینا نہ صرف اس لیے کہ وہ غلط راہ پر ہین، بلکہ اس لیے کہ ممکن ہے وہ نئے نئے دستور، قانون، و رسم و رواج کو بھی اپنے ہمراہ لائین، اور اس سے ملک مین بدامنی، نفاق، فرقہ بندی، اور سازشون کا اندیشہ ہے۔ سچے خداؤن کے منکرون اور دین مین اینچ پینچ پیدا کرنے والون کے ساتھ ہرگز کبھی رواداری کا برتاؤ نہ کرنا۔"

اس اقتباس سے معلوم ہوا ہوگا، کہ قدما مین عدم رواداری کس حد تک بڑھی ہوئی تھی، اور اُس کے محرکات کیا تھے۔ لیکن یہان ہمین حریت فکری، و حریت عملی، آزادی معتقدات، و آزادی اعمال مین تفریق کرنا ضروری ہے۔ ان دونون کے خلط ملط سے سخت غلط فہمی کا اندیشہ ہے۔

اصل یہ ہے کہ آزادی رائے جیسی رومی شہنشاہی کے زمانے مین پھیلی اُس کی نظیر تاریخ کے کسی دوسرے عہد مین نہین ملتی۔ اسیسیس پولیو نے جب پہلا عام کتب خانہ روما مین جاری کیا، تو اُسے اس نے اُس عمارت مین رکھا، جو آزادی کے دیوتا کا مندر تھی، اور اس نکتہ کو علمی گروہ نے زمانہ مابعد مین کبھی فراموش نہین کیا۔ سسرو، سنیکا، لکریشیس، ولوسین نے معاصرانہ معتقدات مذہبی پر شدت سے نکتہ چینی کی، لیکن کسی نے ان کی زبان نہین پکڑی۔ ڈومیسٹین وسپلیسین نے بے شبہ فلاسفہ پر تشدد کیا، لیکن اُن کے فلسفہ و حکمت کی بنا پر نہین بلکہ اس لیے کہ وہ لوگ استبدادی حکومت کے خلاف کارروائیان کر رہے تھے۔ اس قابل رشک رواداری کو دیکھ دیکھ کر یونانی مصنفین اپنے جی کو یہ کہہ کر تسکین دیتے تھے، کہ ان کی حکومت و سلطنت گئی تو کیا ہوا، اُس کا نعم البدل، اس آزادی رائے سے ہو گیا۔ اس زمانے کے شدید سے شدید فریقانہ مناظرہ بھی اسی رنگ سے متاثر ہوتے تھے، لذتیہ و رواقیہ کے مناظرے سے زیادہ پُرجوش و اشتعال انگیز کوئی اور مباحثہ اس وقت نہین ہوا تاہم اس کی بھی یہ حالت تھی کہ ہر فریق اپنے حریف کے محاسن و کمالات کا پوری طرح اعتراف کرتا تھا، چنانچہ آج اپیکورس کے اخلاقی فضائل سے متعلق دنیا کو جو کچھ علم ہے، اس کا ایک خاص ماخذ اُس کے مخالفین کی تصانیف ہین۔

یہ تصویر آزادی رائے کی تھی۔ لیکن آزادی عمل سے متعلق اس کے بالکل برعکس قوانین رومی فرمان روایون نے نافذ کر رکھے تھے۔ سسرو ایک قدیم رومی قانون کا ذکر کرتا ہے جس کے بموجب ملک مین کسی نئے مذہب کی اشاعت قطعاً ممنوع تھی، اور قانون صرف دفتر مین تحریر ہی نہ تھا، بلکہ اُس کا نفاذ بھی ہوتا رہتا تھا۔ چنانچہ ایک بار ۲۶۳ء مین جب قحط شدید پڑا اور لوگ نئے معبودون سے

استمداد کرنے لگے، تو سینیٹ نے پولیس کو حکم دیدیا، کہ بجز رومی معبودوں کے اور کسی کی پرستش نہ ہونے پائے۔ لوٹے شیس نے ایک بار غیر ملکی دیوتاؤں سے استعانت کی، اس پر سینیٹ کی طرف سے یہ ڈانٹ پڑی کہ ملک کی فلاح کے لیے ملکی خداؤں کی طرف رجوع کرنا چاہیے، کہ غیر ملکیوں کی طرف؟ اسی طرح کچھ عرصے کے بعد پھر سینیٹ نے ایک فرمان جاری کیا، کہ ملک میں جو جدید بدعات جاری ہوئی ہیں، ان کی سختی سے روک تھام کی جائے گی ۶۱۵ء میں جو لوگ غیر ملکی دیوتا عطارد کی پرستش کے ذمہ دار ثابت ہوئے تھے، وہ سب خارج البلد کر دیے گئے۔ مصری دیوتاؤں آئیسس و سرا پیس کی پرستش جب روما میں جاری کی جانے لگی، تو شروع شروع میں اس پر بڑی دار و گیر ہوئی۔ یہ پرستش اپنے ہمراہ جو بداخلاقیاں لائی تھی، اور غلامی کی جو تحریک پھیلا رہی تھی، وہ اہل روما کی سیرت و مزاج کے بالکل منافی تھی، اور حکومت کی اس سے برہمی بالکل حق بجانب تھی۔ سب سے پہلے جب ان معابد کے مسمار کرنے کا فرمان نافذ ہوا، تو لوگ اتنے بڑے معبود کے مندر کو ہاتھ لگاتے ہوئے دہشت کھاتے تھے، لیکن کانسل پالس نے پہلا پتھر خود اپنے ہاتھ سے لگا کر لوگوں کو اس کے منہدم کرنے پر آمادہ بھی کر دیا۔ اس کے بعد مصری معابد کے انہدام کے لیے وقتاً فوقتاً فرمان نافذ ہوتے رہے۔ آکٹیونیس نے اپنی نوعمری میں مصری عبادت کو رواج دینا چاہا، لیکن آگے چل کر اُسے بھی دب جانا پڑا۔ ٹائبریس کے عہد میں یہ ایک بار پھر اُبھری، لیکن پجاریوں کی مکاری کا پردہ فاش ہو جانے پر شاہی غیظ کو حرکت ہوئی۔ معبد فوراً مسمار کر دیا گیا، بت دریا میں ڈال دیے گئے اور پجاریوں کو سولی دیدی گئی۔ اسی بادشاہ کے عہد میں چار ہزار شخصوں کو جلاوطنی پر مجبور ہونا پڑا، اس جرم میں کہ اُن میں یہودیوں اور مصریوں کی ضعیف الاعتقادیاں سرایت کر گئی ہیں۔

ان نظائر سے پہلی نظر مین یہ معلوم ہوتا ہی، کہ مذہب پر براہ راست تعدیون کا سلسلہ جاری تھا لیکن درحقیقت ان کا یہ مقصود نہ تھا۔ اس دار دگیر، روک تھام سے اصلی منشا رومی حکومت کا یہ تھا، کہ رعایا مین کسی طرح کی بدنظمی و بےانضباطی نہ پیدا ہونے پائے۔ اہل رومہ کو قومی یکرنگی و باضابطگی سب سے زیادہ محبوب تھی اور وہ کسی ایسی شی کے ہرگز روادار نہین ہو سکتے تھے، جس سے اس مین خلل واقع ہو۔ وہ زیادہ تر اسی خیال سے، اور کچھ اس لحاظ سے بھی کہ نئے مذاہب اپنے ہمراہ بداخلاقیون کو لاتے تھے، انھین دباتے رہے۔ لیکن جب جمہوریت ٹوٹ کر شہنشاہی قائم ہوئی، اور اہل رومہ کو یہ نظر آیا، کہ وہ قدیم عسکری خصوصیات اب مزون نہین رہے، تو انھون نے مذہبی تعدی کو فوراً ترک کر دیا، اور بجز عیسائیون کے وہ ہر مذہب و ملت کے ساتھ پوری فراخ دلی و رواداری کے ساتھ پیش آنے لگے۔ نہ صرف زبانی، بلکہ عملاً بھی یہ ہونے لگا، کہ عیسائیون کو چھوڑ کر جملہ مذاہب و ادیان کے متبعین اپنے اپنے فرائض روم مین بےخوف و خطر انجام دیتے تھے۔

لیکن ابھی ایک اور غلط فہمی کو صاف کرنا باقی ہی۔ مذہبی آزادی و رواداری کے یہ معنی نہین، کہ اہل رومہ، غیر ملکی مذہب کے معتقد ہو کر اپنے ملکی مذہب کے مراسم کی پابندیون سے مستغنی ہو جاتے تھے۔ نہین، بلکہ دوسرے مذہب کے متبع ہونے کے باوجود بھی انھین اپنے ملک کے مذہبی مراسم کی پابندی بھی ضرور تھی۔ اصل یہ ہی کہ اہل رومہ کے نزدیک مذہب کے تین حصے تھے، ایک حصہ تخیلی تھا، یعنی شاعرون نے قدیم روایات و افسانے کیا کیا بیان کیے ہین۔ دوسرا عقلی، یعنی حکما نے عقلی حیثیت سے مذہب کے کیا کیا اصول قرار دیے ہین، اور تیسرا عملی تھا، یعنی عبادت وغیرہ سے متعلق مذہبی مراسم۔ ان مین سے اول الذکر دو حصون سے متعلق ہر شخص کو پوری آزادی حاصل تھی، لیکن تیسرے یعنی جزء عملی کو

ہر شخص ماننے پر مجبور تھا۔ کیونکہ یہ عقیدہ لوگون کے دل مین پوری طرح راسخ تھا، کہ قوم و ملک کی خوشحالی و بدحالی، سرسبزی و پریشانی تمام تر انھین رسوم کے ملحوظ رکھنے پر منحصر ہی۔ اس خیال سے، بڑے سے بڑے حکماء بھی مستثنےٰ نہ تھے۔ فلاسفہ مشرکین کی حقیقت سنجی، و صداقت شعاری اور ہر حیثیت سے مسلم ہی، لیکن اس بارۂ خاص مین اُن کی ساری صداقت شعاری کُند ہو جاتی تھی۔ انھین اس مین کوئی مضایقہ ہی نہین نظر آتا تھا، کہ آدمی قایل تو کسی اور عقیدہ کا ہو، لیکن عملاً رومی مراسم کی پابندی کرتا رہے۔ یہ مسئلہ کہ انسان کے عقیدہ و عمل مین توافق ہونا چاہیے، اور ان کے درمیان تناقض ہونا ایک طرح کی بددیانتی ہی، تمامتر ایک جدید تخیل ہی، جس سے قدماء بالکل ناآشنا تھے۔ ممکن ہی کہ قدماء کے مثل، کوئی جدید آج کل ہمارے ذہن مین بھی پیدا ہوتا ہو، لیکن ہم لوگ کم از کم اُسے زبان سے تو نہین نکال سکتے۔ مگر قدماء کے نزدیک اس مین ذرا عیب نہ تھا۔ اُس وقت ہر بڑے سے بڑے متشکک کی زبان پر الحاد و انکار، تشکیک و تذبذب کے پُرزور دعوی ہوتے تھے، لیکن اعضا و جوارح علانیہ مذہبی مراسم کی پابندی مین مشغول رہتے تھے اور وہ اسے جائز ہی نہین، بلکہ فرض سمجھتا تھا۔ سسرو سے زیادہ قدیم وہم پرستیون اور ضعیف الاعتقادیون کی کس نے پردہ دری کی ہی؟ سنیکا سے بڑھ کر کس نے عبادات رائج الوقت کا استخفاف کیا ہی؟ اپیکٹیٹس سے بڑا موحد قدماء مین اور کون ہوا ہی؟ لیکن باایں ہمہ یہ سب کے سب اس پرزور دیتے تھے، کہ ملکی مراسم کی پابندی بہرحال کرتے رہنا چاہیے کہ یہ بہترین فرض شناسی و بہترین آئین دوستی ہی، اور اس کا منکر قانون شکنی کا مجرم ہی۔ یہ عقیدہ تمام ملک مین چھایا ہوا تھا، صرف یہودی و مسیحی اس سے مستثنےٰ تھے، اور یہ اسی استثناء کی سزا تھی کہ انھین مشرکون کی تعدی کا ہدف بننا پڑا۔ یہ لوگ ایک ایسے اصول کا

اتباع کرنا چاہتے تھے، جس کی بھنک بھی مشرکون کے کان مین نہین پڑی تھی۔
پھر یہ بھی ملحوظ رہے کہ رومہ نے مشرق سے بادشاہ پرستی کا سبق سیکھ لیا تھا، اور سلاطین کے مجسمون کے آگے خوشبوون کا جلانا عین علامت وفاداری کی سمجھا جاتا تھا۔ اس سے کچھ یہ لازم تو آتا نہین، کہ انسان خواہ مخواہ سلاطین کو اپنا معبود بھی سمجھنے لگے۔ یہ تو خالی ایک دستور رہتا جیسے مشرقی ممالک مین بادشاہ وقت کو ظل سبحانی کہنے کا دستور ہے۔ مگر عیسائیون کو اس کے ادا کرنے مین تامل ہوتا تھا کہ وہ اسے مسیح کی تعلیمات کے منافی پاتے تھے۔ اور ان کے اس انکار پر رومیون کو قدرۃً وحشت ہوتی تھی۔
مشرکانہ اعمال و مراسم کی پابندی جس طرح مسیحیون کے لیے دشوار تھی، اسی طرح یہودیون کے لیے بھی تھی۔ تاہم یہودیون پر تعدی کی کوئی شہادت نہین ملتی۔ بلکہ جہان تک تاریخ سے پتہ چلتا ہے وہ روم کے ایک خاص محلہ مین سب سے علیحدہ، نہایت سکون، اطمینان، و اعزاز کے ساتھ رہا کرتے تھے، جو نہ خود مشرکانہ رسوم کے نزدیک جاتے، اور نہ کوئی اُن کے اعمال مین دست اندازی کرتا۔ ایک تائبریس کی استثنائی مثال ہے، جس نے اُن کو چھیڑنا چاہا، مگر اُس وقت خاص حالات بھی آپڑے تھے۔ ورنہ عموماً اُن پر شاہانہ لطف و نوازش کا یہ حال تھا، کہ محض اُن کی خاطر سے اغسطس نے غلہ تقسیم کرانے کا دن بجائے ہفتہ کے کوئی اور دن مقرر کر دیا۔ کیونکہ ہفتہ کے روز تقسیم غلہ کا یہ نتیجہ تھا کہ یہود یا تو غلہ سے محروم رہتے، اور یا اپنے یوم السبت کے احترام کو نقصان پہونچاتے۔
القصہ، جمہوریت کی قدیم عدم رواداری اب رومی سلطنت کے زمانے مین معدوم ہو چکی تھی، آزادی رائے، و حریت اعتقاد تو خیر عرصے سے عام طور پر شائع تھی ہی لیکن اب حریت عمل بھی، باوجود قانون کی روک تھام کے رفتہ رفتہ

پھیلتی جاتی تھی، اور ٹائبیریس کے انتقال کے بعد پوری طرح پھیل گئی تھی۔ ملکی اعمال و مراسم کی پابندی جس پر اتنا زور دیا جاتا تھا، اب یہود اُس سے بھی آزاد ہو گئے۔ پھر سوال یہ ہے کہ عیسائیون نے کیا قصور کیا تھا جو تنہا وہی ہدف تعدی رہے؟ شرک و بت پرستی کے دشمن ہونے کے لحاظ سے یہود و مسیحی دونون یکسان تھے، پھر آخر یہود کیون بچ گئے، اور مسیحی غریب کیون مورد عقوبت قرار پائے؟

اس کا اصلی سبب، قدما کا وہی مذہبی تخیل تھا جس کی جانب مین اوپر اشارہ کر چکا ہون، یعنی یہ کہ دنیا مین جنگی، سیاسی، طبعی، جتنی آفات آتی ہین، سب کا باعث دیوتاؤن کی ناخوشی ہوتی ہے؛ دیوتاؤن کی جب نافرمانی کی جاتی ہے، یا اُن کی عبادت کی طرف سے غفلت برتی جانے لگتی ہے، تو وہ اپنی ناراضگی کا اظہار، قحط، خشک سالی، طاعون، زلزلہ، سیلاب، یا کسی اور بلا کی صورت مین کرتے ہین۔ اس خیال کے بموجب جب کبھی روم مین کوئی مصیبت نازل ہوتی تھی، تو جو لوگ دیوتاؤن کو ناخوش کرنے کے اصل بانی سمجھے جاتے تھے، اُنھین سخت سے سخت سزائین دی جاتی تھین، چنانچہ اس طرح کے دو واقعات کی تاریخی شہادت موجود ہے، کہ "مذہبی کنواریون" کو اس جرم مین قتل کر ڈالا گیا، کہ اُن کی بدچلنی کے باعث ملک پر مصیبت نازل ہوئی۔ اس تھیوری (نظریہ) کے مطابق یہود و مسیحی دونون یکسان نافرمان، اور محرکات غیظ ربانی تھے۔ لیکن ان دونون مین ایک اہم فرق یہ تھا، کہ یہودیون کا مذہب تبلیغی نہ تھا، مسیحیون کا مذہب تبلیغی تھا۔ یہودیون کا حلقہ محدود و مختصر تھا، مسیحیون کا وسیع و روز افزون تھا۔ یہود مین بالطبع سکون تھا، اور وہ سب سے الگ تھلگ رہتے تھے جس سے اُن کی بدمذہبی متعدی نہین ہونے پاتی تھی، اور پھر وہ سب کے سب اسرائیلی

نسل کے لوگ تھے۔ برخلاف اس کے مسیحیون مین ایک خاص حرکت تھی، یہ اہل ملک سے ملتے جلتے، انھین اپنے عقاید کی تلقین کرتے، اپنا ہم خیال بناتے، رومی بت پرستی پر لعن طعن کرتے، اور ہزارہا رومی کو اپنے حلقے مین شریک کرتے۔ اس بنا پر قدرۃً اہل روم کی آتش غضب انھین کے خلاف بھڑکی، اور وہ انھین کو ساری مصیبتون اور آفتون کا باعث سمجھنے لگے۔ قحط، وبا، زلزلہ، خشک سالی، غرض ہر مصیبت پر مسیحیون کی قربانی کی جاتی۔ خصوصًا زلزلہ کے موقعون پر، اور زلزلہ اس طرف تھے بھی کثیر الوقوع۔

مشرکین کے اس تخیل کا مختلف ادیان کی ترقی و تنزل پر جو اثر پڑا، اس کی عظیم الشان اہمیت کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ مسیحیت کو اپنی زندگی کے ابتدائی تین سو سال تک متصل اسی کے باعث سخت سے سخت مصائب کا سامنا کرتے رہنا پڑا۔ لیکن ایک عجیب بات یہ ہے کہ خود مسیحی بھی اس اصول کے منکر نہ تھے۔ وہ بھی اس کی صداقت کے ایسے ہی قائل تھے، جیسے مشرکین تھے، البتہ عملاً وہ اس کی تعبیر اپنے موافق کرتے تھے۔ مثلاً ہمارے قدیم مسیحی مصنفین ٹرٹولین وغیرہ اپنا یہ مستحکم یقین ظاہر کرتے ہین، کہ دنیا پر جو مصیبت آتی ہے، وہ بت پرستی پر غضب الٰہی ہوتی ہے اور برحق پرستی پر جو تعدی و تشدد ہوتا ہے، اس کی سزا کی طور پر نازل ہوتی ہے چنانچہ ایک فہرست بھی ان اشخاص کی تیار کی گئی، جو مسیحیت کے دشمن تھے، اور جن کی موت سخت دردناک طریقون پر ہوئی تھی۔ اور قسطنطین، اولین حکمران مسیحی کو جو فتوحات عظیم حاصل ہوئین اور ایرنیس کی جو دفعۃً موت ہوئی، ان واقعات سے صاف مسیحیت کے احقاق اور الحاد کے بطلان کا نتیجہ نکالا گیا۔ ایک طرف تو مسیحیون کا یہ خیال تھا، دوسری طرف رومی حکومت کے روز افزون انحطاط کو دیکھ کر اہل رومہ مین قدرۃً یہ خیال پیدا ہوا

کہ یہ سب معبودان حقیقی کی طرف سے اُن کی غفلت و بے اعتنائی کا نتیجہ ہے،
اور اس بنا پر وہ جوش مین آکر اور تعدی و تشدد کرنے لگے۔ مگر جب مشرکون کی
کامیابیان بڑھین اور انھون نے روم کو محصور کر لیا، تو مسیحی علما کو بھی اپنا نقطۂ نظر
تبدیل کرنا پڑا۔ اب وہ اس طرح کی باتین لکھنے لگے۔ کہ روم پر تو قبول مسیحیت کے
قبل بھی سخت سے سخت بلائین آچکی ہین، اور اب جو بلائین آتی ہین وہ عیسائیون
کے لیے اس امر کے تازیانے ہین کہ وہ خود مسیح کی تعلیمات پر عملدرآمد کیون نہین
کرتے۔ سینٹ آگسٹائین نے یہ تاویل پیش کی، کہ روم خداوند کا شہر ہی نہین، اور
اس لیے اُس کے محاصرے سے مسیحیت کو کچھ نقصان نہین پہونچ سکتا،
سینٹ گریگوری نے یہ ارشاد فرمایا، کہ اٹلی کے یہ مصایب قیامت کے ابتدائی علامات
ہین۔ آخر کار جب روم مسیحیون سے نکل کر غنیم کے ہاتھ آگیا، تو مسیحی بجاے اپنی
تعلیمون پر نادم ہونے کے یہ کہنے لگے، کہ یہ تو ایک خاص پیشینگوئی پوری ہوئی اور
اپنا مذہبی تقدس و وقار اس آن بان سے قائم رکھا کہ اُن کے بت پرست فاتحین
عین فتحمندی کے وقت اُن سے مرعوب ہو گئے۔ پھر یہ تائید ایزدی کا مسئلہ اور
بہت سے موقعون پر مسیحیون کے مفید پڑا، مثلاً باشندگان برگنڈی کو جب وحشی
قومون نے بہت ستایا، تو ایک بار اُنھون نے یہ عہد کیا، کہ سب سے بڑے معبود
یعنے خدائے روم کی پناہ مین آجائین، اور اس طرح وہ مسیحیت پر ایمان لے آئے۔
اسی طرح کلووس شاہ فرنگ نے ایک مرتبہ ایک سخت لڑائی کے موقع پر اپنے
دل مین یہ منت مانی، کہ جنگ کا فیصلہ اگر اُس کے موافق ہوا، تو وہ اپنی بیوی کے
خدا پر ایمان لے آئے گا۔ اُس کی آرزو پوری ہوئی، اور وہ مع اپنے ہزارہا اتباع
کے مسیحیت مین داخل ہو گیا۔ خود انگلستان مین دو صوبون، یعنی نارتھمبریا و مرسیا کے
مسیحیت قبول کرنے کا ایک سبب یہی ہوا، کہ ان کے خیال مین ایک مسیحی تاجدار کو

محض تائید ایزدی سے فتح حاصل ہوئی تھی بگیریا کا بھی ایک فرمان رواے اپنی رعایا کے مسیحیت پر اسی طرح ایمان لے آیا۔ یہ مسئلہ تائید ایزدی مسیحیون کے دل مین ایسا راسخ ہوگیا تھا کہ آگے چل کر مسیحیون کو مسلمانون کے مقابلے مین جو پے در پے شکستین ہوئین اور جس بُری طرح سے وہ کروسیڈ (محاربات صلیبی) مین ناکام رہے، اُن مین کوئی شے اُن کے اس عقیدہ کو متزلزل نہ کرسکی۔ قرون وسطی مین یہ عقیدہ برابر شایع رہا، قسم قسم کی مسیحی انجمنون، خانقاہون، اور درگاہون کی خوب ترقی ہوتی رہی، اور اس درمیان مین جتنے غیر معمولی واقعات وحوادث پیش آتے رہے، مختلف پارٹیان انھین برابر خدا کی دست اندازی وربانی تصرف پر محمول کرتی رہین مثلاً کوئی اُن کا ذمہ دار اشاعت الحاد کو قرار دیتا، کوئی انھین تھیٹر کے تماشون سے منسوب کرتا اور کوئی یہ کہتا کہ یہ ساحرون اور ملحدون کے ساتھ رعایت کرنے کا نتیجہ ہے۔ رفتہ رفتہ یہ عقیدہ، غیر محسوس طریقے پر مٹتا گیا، تا آنکہ بالکل فنا ہوگیا۔ الفاظ کے ذریعے سے بے شبہہ، اب بھی کبھی کبھی اظہار ہوجاتا لیکن عقیدے کی اندرونی قوت بالکل مٹ گئی۔

یہ مسیحیون پر جو تعدی وتشدد جاری تھا، اس کا تعلق جہان تک رومہ کے عام غیر تعلیم یافتہ افراد سے تھا، اس کا سبب تو یہی تھا، جو اوپر بیان ہوچکا لیکن ایک سبب اور تھا، جو تعلیم یافتہ رومیون مین مسیحیت کی طرف سے منافرت پیدا کیے ہوئے تھا، اور یہ سبب دینی ومذہبی نہین، بلکہ خالص ملکی وسیاسی تھا بات یہ ہے، کہ مسیحیت کی حیثیت اُس زمانے مین ایک مضبط، عظیم الشان وخفیہ انجمن کی تھی، اور اس سے زیادہ کوئی شے اُس وقت حکومت کی نظرون مین ناپسندیدہ ومبغوض نہ تھی، اُس وقت درحقیقت حکومت کی طرف سے ہر ایسی انجمن کی قیام کی ممانعت تھی، جو کسی وقت مین بھی سازشی کارروائیون کی

جگھٹ بن سکے۔ ایسی حالت مین ایک ایسی جماعت، جس کے صدہا عہدہ دار ہون، جو اپنی مجالس کی کارروائیون اور اپنی تعلیمات کو راز رکھتی اور جو ملک کے گوشے گوشے مین محیط ہو، جو اپنے ارکان مین اپنے لیے انتہائی ایثار بلکہ سرفروشی کا جذبہ پیدا کرسکتی ہو، اور جس کی وسعت اثر و تعمیم روزافزون ہو، قدرۃ حکومت کے زیر دست ہی، زبردست شبہ، بدگمانی، و خوف کا باعث بن سکتی تھی۔ چنانچہ یہی ہوا۔ اور اس اثر کے منکر اُس زمانے کے مسیحی متکلمین بھی نہین، گو اسی کے ساتھ وہ یہ کہتے تھے، کہ ان کی ساری جماعت مین کسی ایک فرد واحد پر بھی حکومت کے خلاف سازش یا بغاوت کا الزام کبھی ثابت نہ ہوسکا اور غور کیجیے، تو یہ کوئی چھوٹی نہین، بلکہ بہت بڑی بات تھی۔ یہ سب کچھ سہی، پھر بھی رومیون کا ایسی جماعت کی طرف سے بدگمان رہنا کچھ بھی بیجا نہ تھا، جو ان کی حکومت کو دجال کی حکومت سمجھتی تھی، جو اُس کی بربادی کی آرزومند رہتی تھی، جس نے قومیت کے مایۂ خمیر جذبۂ وطنیت کو مٹا کر اس کے بجائے ایک نیا جذبہ پیدا کیا تھا، اور جس نے قدیم محرکات عمل و توقعات کی بالکل بیخکنی کر ڈالی تھی۔

یہ بھی کچھ کم حیرت انگیز بات نہین، کہ عیسائی، جن کی مذہبی تعلیمات کی بنیاد وفا و محبت، خلوص و الفت پر ہی، اُنھین مشرکین روما عناد پیشہ، واعدا نسل انسانی، کہتے تھے۔ مگر اس خیال کی ذمہ داری خود مسیحیون کے طرز عمل پر ہی، جو اپنے تئین روما کی عام آبادی سے بالکل الگ و بے تعلق رکھتے تھے، جو رومیون کی عام خوشیون، تفریحون اور تقریبون مین شریک ہونے سے محترز رہتے، اور ہر شعبۂ حیات مین اُن سے گریز رکھتے تھے۔ یہ بھی ممکن ہی کہ اس خیال کو عیسائیون کے اُس تخیل نے اور تقویت دیدی ہو جو وہ رومیون کی حیات اخروی سے متعلق رکھتے تھے۔ ظاہر ہی کہ مشرکین روما اس علم کے بعد

کہ مسیحی اُن کے مردود ازلی وجہنمی ہونے کا یقین رکھتے ہین، کیونکر اُن سے محبت ولطف قائم رکھ سکتے ہین۔

اس عام بدظنی، مغایرت وبیگانگی سے قطع نظر کرکے شدید ترین جرائم کے مخصوص الزامات بھی مسیحیون پر لگائے جاتے تھے۔ مثلاً یہ کہا جاتا تھا کہ یہ لوگ جب رات کو اپنی خفیہ انجمنون مین جمع ہوتے ہین تو سخت سے سخت بداخلاقیون کے مرتکب ہوتے ہین۔ خوب شراب کباب اُڑاتے ہین، انسان کا گوشت کھاتے ہین، اور پھر روشنی گل کرکے زناکاری مین مشغول ہوجاتے ہین جس مین حلال حرام، ماں بہن تک کی تمیز اُٹھ جاتی ہے۔ یہ الزامات قطعاً غلط وبے بنیاد تھے۔ چنانچہ مسیحی متکلمین اُس وقت بار بار یہ دعوی وتحدی سے کہتے تھے، کہ "ہمارے شہیدون مین کسی ایک پر بجز مسیح پر ایمان لانے کے اور کوئی جرم ثابت تو کرو۔ ہان یہ البتہ کہو، اور اس کے ہزارہا شواہد اپنی آنکھون سے دیکھو کہ ہمارا مذہب شقی کو سعید، بدمعاش کو صالح، بدکار کو نیک چلن بنادیتا ہے، اور فسادت کی جگہ دلون مین الفت وخلوص، رافت واخوت کی پاکیزگی بھر دیتا ہے"۔ ان کے اس دعوے کو مخالفین تک تسلیم کرتے تھے، اور یہ تسلیم کرنے والے کون لوگ تھے، کوئی ایسے ویسے نہین، بلکہ لوسین، جولین، پلینی، جیسے جلیل المرتبہ اکابر۔

ان اتہامات کے بے بنیاد ہونے مین تو کلام ہی نہین، لیکن آخر یہ پھیلے کیونکر؟ اس کے متعدد اسباب ہوئے۔ ایک سبب تو خود عیسائیون کی حد سے بڑھی ہوئی رازداری تھی۔ یہ اپنی اکثر رسمین غیرون سے بالکل چھپا چھپا کر ادا کرتے، جس کا اُنھین کسی طرح علم نہ ہونے پاتا، اس سے قدرۃً باہر والون کو طرح طرح کے شبہ پیدا ہوتے، اور یہی شبہ، مبالغہ بیانیون کی مدد سے طرح طرح کے

اتہامات کی شکل اختیار کر لیتے۔ پھر عیسائیون کے یہان بعض چیزین تھین بھی ایسی، جن مین خواہ مخواہ مبالغہ کا بہت موقع حاصل تھا، مثلاً بوسۂ محبت کی رسم، یا ان کا یہ عقیدہ کہ تمام مسیحی، مسیح کے جسم کے جزو ہین، وغیرہ۔ اس کے علاوہ پولیس کا انتظام اس زمانے مین ایسا ناقص تھا، کہ مخفی جرائم کی سراغ رسانی نہایت دشوار تھی؛ اس سے یہودیون کے پُراسرار رسوم بھی مدتون جرائم شدید کے مرادف سمجھے گئے، اور اسی سے مسیحیون پر بھی بے بنیاد اتہامات کی پردہ دری نہ ہو سکی۔ ان تمام اسباب سے قطع نظر کر کے ایک اور سبب، جس سے مشرکون کے اس خیال کی تائید ہوئی، یہ تھا، کہ مشرکین، مسیحیون کو یہود کی ایک شاخ سمجھتے تھے، اور یہود چونکہ پیشتر سے سخت مطعون و بدنام تھے، لہذا اُن کی ساری بدنامی مسیحیون کے نامۂ اعمال مین بھی لکھی گئی۔ مشرکون کو تو یون منافرت پیدا ہوئی۔ رہے یہود، تو وہ مشرکون سے بھی زیادہ عیسائیون کے دشمن نکلے۔ ان کے نزدیک مسیحی اس معصیت کبیرہ کے مرتکب تھے، کہ موسوی شریعت سے مرتد ہو گئے تھے۔ وہ یہ کس طرح بھول سکتے تھے، کہ جب یروشلیم کا مشرکون نے محاصرہ کر لیا، اور یہود کے زن و مرد، بوڑھے بچے، سب اپنے مقدس وطن کی آخری حفاظت کے لیے اپنا خون بہانے کو اُٹھ کھڑے ہوئے، تو اُس وقت جن لوگون نے بیوفائی کر کے شرکت سے انکار کر دیا تھا، وہ یہی عیسائی مذہب کے لوگ تھے؟ اُن کے ذہن سے یہ کیونکر فراموش ہو سکتا تھا، کہ مسیح موعود، جس کی بعثت پر اسرائیلیون کی شوکت و عظمت مرحومہ کی حیات ثانیہ کا انحصار تھا، اُس کے بابت جو لوگ یہ دعویٰ کرتے تھے، کہ وہ عیسیٰ کی شکل مین مبعوث ہو چکا، وہ یہی عیسائی تھے؟ وہ اس حقیقت کو کیونکر نظر انداز کر سکتے تھے کہ قوم بنی اسرائیل جو اس وقت تک خدا کی خاص مقبول و برگزیدہ سمجھی جاتی تھی، اُس کی برگزیدگی و شرف مخصوص کے

طلسم کو جس نے باطل کر دیا، وہ یہی متبعین مسیح تھے؟ ان واقعات کی یاد داشت
کے ساتھ، اور خصوصاً اس حالت مین کہ یہود خود اپنے تئین تمام دنیا کی نظر مین
مبغوض پاتے تھے، اُن مین اور مسیحیون مین عداوت پیدا ہوگئی، اور ایسی سخت
عداوت ہوئی، کہ اس کے آگے مشرکون کی عداوت بھی ماند پڑ گئی۔ اس کا اثر مشرکون
کے تعلقات پر یہ پڑا، کہ جہان ایک طرف عیسائی، یہود کی مصیبتون پر جی بھر کے
خوش ہوتے تھے، کہ یہ خدا کے قہر و غضب مین مبتلا قوم مستحق اسی کی ہے، وہان
یہود اس کا انتقام یون لیتے تھے، کہ مسیحیون پر تہمتین تراش تراش کے مشرکون
مین خوب اس کی اشاعت کرتے، اور اس طرح مشرکون کے دلون مین مسیحیون
کی طرف سے اور زیادہ میل آتا جاتا۔ اسی سلسلے مین ایک اور پُر لطف واقعہ یہ ہوا
کہ راسخ العقیدہ و قدیم الخیال مسیحی خود تو مشرکون کی تعدی و تشدد سے تنگ تھے،
لیکن خود ہی اپنی جماعت کے آزاد مشربون اور روشن خیالون کے ساتھ انتہائی
عدم رواداری کا برتاؤ کرتے تھے، بلکہ گویا اُن سے اسی طرح پیش آتے تھے، جیسے
خود اُن سے مشرکین پیش آتے تھے۔ یہان تک کہ جو اتہامات اُن پر مشرکین
لگاتے تھے، اُنھین وہ بلا تامل اپنی آزاد مشرب جماعت کے سر تھوپ دیتے
تھے۔ پہلے کچھ دنون تو ان کے لہجے مین شک و تذبذب رہا، لیکن اس کے بعد
اس مین بالکل قطعیت پیدا ہوگئی۔ مثلاً جب مشرکین نے کہا، کہ اپنی مجلسون
مین انسان کا گوشت کھاتے ہین، اور روشنی گل کر کے اپنی ماؤن بہنون کے
ساتھ زنا کاری کرتے ہین، تو قدیم الخیال عیسائیون نے اس کی تردید مین کہا
کہ "ہم تو ان عیوب سے بالکل پاک ہین، البتہ ممکن ہے کہ روشن خیالون کی مجلسون مین
شاید ایسی کارروائیان ہوتی ہون"۔ کچھ دنون اس طرح کے بیانات مین "شاید"
و "غالباً" کی آمیزش رہی، مگر اس کے بعد یہ روایات بہ طور مسلمات کے بیان

ہونے لگین۔ آزاد خیال فرقہ کی طرف سے اس بہبودگی کا قدرتی جواب یہ ملا، کہ "یہ حرکتین خود تمھاری ہین" مشرکون نے عیسائیون کی اس اندرونی جوتی پیزار سے فایدہ اُٹھایا۔ اُن کے نزدیک یہود، اور جدید و قدیم عیسائی فرقہ، سب ایک تھے۔ وہ ان جرائم مین سب کو شریک سمجھتے، اور ان کے ارتکاب کو سب کی جانب یکسان منسوب کرتے۔

یہ سارے مذہبی وسیاسی اسباب تو تھے ہی، اِن کے علاوہ ایک معاشری سبب بھی مسیحیون ومشرکون کے درمیان منافرت ومغایرت کا پیدا ہوگیا، اور وہ سبب بالکل خانگی زندگی سے متعلق، یعنی بیویون کا اپنے شوہرون کے دین کو چھوڑکر مسیحیت کا قبول کرنا تھا۔ اُس زمانے مین یہ مشہور تھا، کہ مسیحیت کے منادی کرنے والے کو عورت کا دل تسخیر کرنے مین یدطولیٰ حاصل ہے۔ اور اس ملکۂ خاص کا یہ اثر ہوا، کہ سیکڑون ہزارون عورتون نے اپنے شوہرون کے دین کو چھوڑکر مسیحیت پر ایمان لانا شروع کردیا، دران حالے کہ رومی مشرکون کے لیے بیوی کے ارتداد سے بڑھ کر کوئی شے دل آزار تکلیف دہ، واشتعال انگیز نہین ہوسکتی تھی۔ پلوٹارک، اپنے ہم مذہبون کے حقیقی جذبات کی ترجمانی ان الفاظ مین کرتا ہے:-

"بیوی کا کوئی دوست نہ ہونا چاہیے، بجز اُس کے کہ جو اس کے شوہر کا دوست ہو۔ اور چونکہ خدا سے بڑھ کر کوئی دوست نہین ہوسکتا لہذا بیوی کو ہرگز کسی خدا پر ایمان نہ لانا چاہیے، بجز اس خدا کے کہ جس پر اُس کے شوہر کا ایمان ہے۔ اسی واسطے عورت کو چاہیے کہ تمام غیر مذاہب وادیان پر اپنا دروازہ ہمیشہ بند رکھے۔ خود خدا بھی کسی ایسی عبادت سے خوش نہین ہوتا، جو بیوی نے شوہر کے

علم کے بغیر کی ہو"

یہ مسئلہ، مشرکون کے یہان اصل الاصول کا مرتبہ رکھتا تھا، جس کی بنیاد پر اُن کے سارے نظام معاشرت کی عمارت کھڑی تھی۔ عیسائیون نے جب اسی کو اکھاڑنا شروع کیا، تو مشرکون کو اُن سے کیونکر نہ نفرت پیدا ہو جاتی؟ دنیا مین کون شوہر اسے گوارا کر سکتا ہے، کہ اُس کی بیوی گو اس کی اطاعت کرتی جائے، لیکن ساتھ ہی دل مین یہ بھی سمجھتی رہتی ہو، کہ وہ قابل نفرت، مستحق لعنت، اور دوزخ کا کندا بننے والا ہے۔

ہان ایک بات اور بھی تھی، جسے مشرکین کی اصطلاح مین مسیحیون کی وہم پرستی کہنا چاہیے۔ وہم پرستی سے جھاڑ پھونک مراد نہین، کیونکہ تو عوام مشرکین کے نزدیک بھی قابل اعتراض نہین بلکہ مستحق ستایش تھی۔ ہان جو شے اس سلسلہ مین اُن کے نزدیک مجرمانہ حیثیت رکھتی تھی، وہ کہانت سیاسی تھی، یعنی یہ پیشینگوئی کرنا کہ آیندہ وارث سلطنت کون ہوگا؟ لیکن اس جرم کے مسیحی کبھی مرتکب ہی نہین ہوئے۔ وہم پرستی سے اصل مراد مشرکون کی وہ تخویف تھی، جو عذاب اُخروی سے عوام کے قلوب مین مسیحی پیدا کر دیتے تھے۔ حشر و نشر کی دہشت مسیحی تعلیم کا جزو غیر منفک تھی، اور کسی ایسی شے کی دہشت دلون مین بٹھانا، رواقیین و لذتیین، تمام بُت پرست فلاسفہ کے نزدیک شدید ترین بداخلاقی و معصیت تھی۔ یہ لوگ اس کے سننے کی تاب ہی نہین لا سکتے تھے، کہ بجز گنتی کے چند عیسائیون کے، ساری مخلوقات ہمیشہ جہنم مین پڑی جلا اور سڑا کرے گی۔ بچہ، عورتین، غیر تعلیم یافتہ مرد، غرض تمام ضعیف الدماغ افراد عیسائیون کے عقیدۂ نجات مختص سے خاص طور پر متاثر ہو ہو کر جوق جوق مسیحیت کے زمرے مین آتے جاتے، اور اسی کو دیکھ کر مشرک حکما، و فرمان روا

جلتے تھے، اور سخت سے سخت قوانین نافذ کرتے تھے۔ مارکس آریلیس کے زمانے مین جو یہ قانون نافذ ہوا تھا، کہ "جو شخص کمزور دل و دماغ کے آدمیون کے ذہن مین کسی قسم کی وہمی دہشت بٹھائے گا، وہ جلاوطنی کی سزا کا مستوجب ہوگا" یہ اسی قسم کے مشاہدات کا نتیجہ تھا۔

مگر ان تمام اسباب سے بھی بالاتر سبب، خود مسیحیون کی عدم رواداری تھی۔ رومیون کو رواداری سب سے زیادہ عزیز تھی۔ وہ ہر مذہب و ملت کے ساتھ روادارانہ برتاؤ کے لیے تیار رہتے تھے۔ چنانچہ یہود کے ساتھ انھون نے مطلق تعدی نہین کی، حالانکہ یہود بھی مسیحیون کے برابر ہی اُن سے بیگانہ رہتے تھے۔ لیکن مسیحیت کی تعلیم محض اتنی ہی تو نہ تھی، کہ وہ صحیح ہے، بلکہ یہ بھی تھی، کہ بجز مسیحیت و یہودیت کے، جملہ مذاہب باطل و شیطان کے پیدا کردہ ہین، جن کے متبعین یقیناً مورد آلام اُخروی ہون گے۔ جو لوگ اس عقیدہ کے نشہ مین سرشار تھے، اور مشرکون کی ہر ریت رسم کے پیچھے شیطان کا ہاتھ دیکھتے تھے، اُن سے یہ کیونکر ممکن تھا، کہ ان کے ساتھ صلح و رواداری، رفق و آشتی کا برتاؤ رکھتے۔ وہ تبلیغ کے کام مین سرگرمی سے مشغول تھے، اور اس لیپیٹ مین اپنے حریفون کے ساتھ سب و شتم تمسخر و طنز، تذلیل و توہین، کسی شے مین بند نہ تھے، بلکہ اکثر ان کے معبودون تک کی جن کی خوشی پر اُن کے خیال مین ملک کی امن و خوشحالی کا دار و مدار تھا، انتہائی تحقیر مین مطلق باک نہ رکھتے تھے۔ غلو و تعصب کا یہ سیلاب تند دیکھ کر مشرکین گھبرا اُٹھے اور انھین یہ یقین ہوگیا، کہ ملک پر جتنی آفتین نازل ہو رہی ہین، یہ سب قہر الٰہی کی شکلین ہین، جو ان بے ادبیون کے پاداش مین مسلط کی گئی ہین۔ یہ حال تو عوام کا تھا۔ رہے ارکان حکومت، تو اگرچہ وہ خود لامذہب سے تھے، تاہم ملک و سلطنت کی بقا، اور ایسی سلطنت کی بقا، جس کی رعایا مین ہر ملت و مذہب کے

لوگ آباد ہون، تو اسی مین نظر آتی تھی، کہ رواداری عامہ کو قایم رکھا جائے، اور ہر مذہب وملت کو اپنے اپنے مراسم کی پابندی کی پوری آزادی دی جائے۔ اس خیال کو پیش نظر رکھ کر وہ ایسے مذہب کی اشاعت کیونکر پسند کر سکتے تھے، جو قدم قدم پر اپنی غیر مصالحانہ روش سے دوسرون سے ٹکراتا تھا، جو اپنے سوا دنیا کے مذاہب وادیان کو مٹا دینا چاہتا تھا، اور جس کے متبعین سے دوسرے مذہب والون سے دایمی جنگ رہتی تھی؟ پھر جب یہ جوش وخروش، غلو وتعصب، اس کی محکومیت وقلت تعداد کی حالت مین تھا، تو اگر کہین اُس کو غلبہ یا کثرت تعداد نصیب ہو گئی، تو اس صورت مین معلوم نہین، وہ غیر مذاہب پر کتنا جور وتشدد روا رکھے گا! اس مین شبہ نہین کہ یہ قیاس رومی ارکان حکومت کا، اُس وقت کے حالات ومشاہدات کو پیش نظر رکھتے ہوئے، بالکل صحیح تھا۔

اس مین ذرا شبہ نہین، کہ زمانۂ تعدی مین، عیسائیون نے جو باہمی یگانگت دکھائی، وخلوص کا نمونہ پیش کیا، اس کی جھلک دنیا کی کسی قوم وجماعت مین کبھی نہین نظر آئی۔ یہ بھی مسلم ہے کہ بدکارون کی اصلاح اخلاق مین جو کارنمایان مسیحیت نے کیا، اس کی نظیر بھی کہین، اور نہین ملتی، لیکن ان دو حقیقتون کے اعتراف کے ساتھ یہ بھی قطعی ہے، کہ عدم رواداری وعدم مسالمت کے شواہد جیسے اس جماعت مین نظر آتے ہین، ان کے جواب سے بھی تاریخ کے صفحے یکسر خالی ہین۔ مسیحیت کے ان تینون خصوصیات کا ایک عملی نمونہ ہمین حواری یوحنا کی زندگی کی تین حکایتون مین خوب ملتا ہے۔ پہلی حکایت یہ ہے، کہ جب اس کے وعظ کے شایقین کا میلہ اُس کے گرد لگ جاتا، اور وہ وعظ کہنے کھڑا ہوتا، تو صرف یہ فقرہ اس کی زبان سے نکلتا، کہ "اے میرے فرزندو، ایک دوسرے سے محبت رکھو"، کہ یہی ایک فقرہ بہ قول اُس کے سارے قوانین واحکام مسیحیت کا ملخص تھا۔ دوسری حکایت یہ ہے،

کہ ایک بار اس نے ایک نوعمر شخص کو ایک پادری کی سپردگی مین تعلیم و تربیت کے لیے دیا۔ پادری صاحب اُسے نہ سنبھال سکے، لڑکے نے آوارگی و بدمعاشی اختیار کی، یہان تک کہ کچھ روز مین رہزنون کا سردار ہو گیا۔ یوحنا کو اس کی اطلاع ہوئی، تو وہ اُس پادری پر سخت ناخوش ہوا، اور اس کے بعد باوجود اپنی انتہائی کبرسنی کے خود جنگل مین گیا، جہان وہ رہزن رہا کرتے تھے۔ ڈاکوون نے حملہ کر کے اُسے گرفتار کیا، اور اپنے سرغنہ کے پاس لے گئے۔ وہان اس نے اس سے مغلگیر ہو کر اپنے آنسوون سے اس کی گردن کو تر کر دیا، اور آخرکار اُسے اس پیشہ سے تائب کرا کے چھوڑا۔ تیسری حکایت یہ ہے کہ ایک بار یہی بزرگ ایک حمام مین غسل کر رہے تھے، اتنے مین دیکھا کہ ایک آزاد مشرب عیسائی بھی اسی حمام مین داخل ہو رہا ہے۔ معًا یہ گھبرا کر باہر نکل آئے، کہ کہین غضب الٰہی سے حمام کی چھت نہ گر پڑے۔ یہ تینون حکایتین اُس وقت کے مسیحی مزاج و سیرت کی آئینہ ہین۔ ان سے جہان مسیحیون کے خلوص و اخوت، اور سعی اصلاح پر روشنی پڑتی ہے، وہان یہ حقیقت بھی بے نقاب ہو کر آجاتی ہے، کہ وہ رواداری سے کس درجہ بیگانہ تھے۔ دوسری صدی عیسوی مین ایک ادنی سی بات یہ بھی، کہ راسخ العقیدہ مسیحیون کے لیے آزاد مشربون کے ساتھ بات چیت بلکہ صاحب سلامت تک حرام تھی۔ مشرکون کے ہدف مظالم بننے مین راسخ العقیدہ و آزاد مشرب دونون طرح کے مسیحی برابر تھے، لیکن یہ اشتراک مظلومیت بھی رفع تعصب کے لیے کافی نہ تھا، جس نے اکثر خانگی زندگی تک کو تلخ و ناقابل برداشت بنا دیا تھا۔

سینٹ سایپرین نے ایک مستقل رسالہ لکھ کر یہ ثابت کیا، کہ مسیحیت کے قدیم و مروج طریقے سے باہر رہ کر کسی انسان کے لیے نجات حاصل کرنا اُسی قدر ناممکن ہے، جسقدر طوفان نوح مین کشتی نوح کے باہر رہ کر طوفان سے بچنا ناممکن تھا،

اور یہ کہ آزاد مشرب و بدعتی مسیحی خواہ مسیح ہی کے راہ مین جان دے، مگر اسے شہادت کا ثواب نہین نصیب ہوتا، بلکہ وہ سیدھا جہنم مین جھونک دیا جاتا ہی۔ اس خیال نے یہان تک قوت حاصل کی تھی، کہ عین قتل گاہ مین بھی قدیم خیال کے کٹر عیسائی، بدعتی و آزاد مشرب عیسائیون سے الگ ہوکر کھڑے ہوتے تھے، کہ مبادا ان کی لاش اُن کی لاشون سے مل جائے۔ سینٹ آگسٹاین اپنے بچپن کی ایک روایت بیان کرتے ہین، کہ "جس وقت تک مین عیسائی نہین ہوا تھا، میری مسیحی والدہ میرے ساتھ ایک میز پر بیٹھ کر کھانا تک نہین کھاتی تھین"۔ صدہا ہزارہا عیسائیون نے خاص خاص طرح کے لباس، اور خاص خاص طریقۂ معاشرت ترک کر دیے تھے، کہ کہین مشرکون سے مشابہت کا شائبہ تک شامل ہو جائے۔ آگے چل کر سینٹ ایمبروز نے مسیحی سلاطین کو، جو شدید متعصبانہ مشورے دیے، یہ سب اسی ابتدائی تعصب و عدم رواداری کی صدائے بازگشت تھے۔ اُس وقت متکلمین، مشرکون کو تو رواداری کی تلقین کرتے تھے، لیکن خود اپنے گروہ کو ان وعدون سے خوش کرتے رہتے تھے، کہ حصول حکومت کے ساتھ ہی ہم مشرکون کے معابد کو مسمار کرنا شروع کر دین گے۔ چنانچہ کچھ عرصے کے بعد دنیا نے اس وعدہ کا ایفا دیکھا۔ سلطنت حاصل کرنے کے بعد پہلے تو مصلحت اندیشی، اور مشرکون کی کثرت تعداد کے خوف نے چند روز روک تھام کی، لیکن قسطنطین کے زمانے سے مشرکون پر تشدد و تعدی کرنے والے قوانین کا نفاذ شروع ہو گیا۔ اسی زمانے مین فلاسفر انٹونینس، ایک مشہور مشرک کاہنہ کا فرزند، ایک بار اسکندریہ مین سرا پیس کے مشہور مندر مین اپنے مریدون کے سامنے کھڑا ہوا تھا، کہ دفعتہً اُس پر غیب دانی کی حالت طاری ہوئی، اور اس نے پیشینگوئی کرنا شروع کی۔ اس وقت اس نے علانیہ کہا کہ "وہ دن آ رہا ہی، جبکہ یہ عظیم الشان عمارت، جہان ہم لوگ کھڑے ہوئے ہین،

مسمار کردی جائے گی۔ ہمارے مقدس معابد گورستان کا کام دین گے۔ ہمارے بتون کو توڑ پھوڑ کر پھینک دیا جائے گا، اور نوع انسان پر ظلمت کی گھٹا چھا جائے گی۔" یہ پیشینگوئی اس قدر مقتضائے قیاس تھی کہ اس کے لیے کسی خاص غیب دانی یا کہانت کی قوت کی حاجت نہ تھی، بلکہ ہر تیز فہم شخص جو پیش بینی رکھتا تھا، رفتار واقعات کو دیکھ کر یہی نتیجہ نکال سکتا تھا۔

اور پھر لطف یہ کہ مسیحیت کی عدم مسالمت سے مشرکون کی صرف حریت عبادات ہی خطرے مین نہ تھی، بلکہ اُن کی حریت افکار و حریت عقاید تک کی اب خیریت نہین نظر آتی تھی۔ کیونکہ، بہ خلاف بت پرستون کی رسم کے مسیحیت محض احتساب عمل کی نہین بلکہ احتساب فکری کی بھی مدعی تھی اور اپنے مخالفین کی بہ جبر زبان بندی پر تیار تھی۔ اس مین شک نہین، کہ حریت کی یہ شکل سب سے زیادہ دیر تک قائم رہی، چنانچہ قسطنطین کے عہد کے بعد تک بھی، جبکہ مشرکون کے اعمال و عبادات کی راہ مین ہر طرح کی رکاوٹین حایل کی جا چکی تھین، اُن کے مشاہیر اپنے خیالات کو پوری بے تکلفی و آزادی سے ظاہر کر سکتے تھے، بلکہ بعض سخت متعصبین اور ان کے روشن خیال معاصرین مین بڑی گہری دوستی بھی تھی۔ لیکن یہ بے اصولی کب تک چل سکتی تھی؟ جب یہ اصول مسلم تھا، کہ رائے و عقیدہ کی ہر غلطی ایک معصیت ہے، تو کیا وجہ تھی، کہ یہ معصیت، تعزیر و احتساب کی مستوجب نہ ہوتی؟ پادریون کی روز افزون قوت، راہبون کا مجنونانہ جوش، اور ایتھنیسیس و اگسٹائین کا غلو، یہ تمام واقعات اس نتیجے کے مقدمات ثابت ہوئے۔ چنانچہ تھیوڈوسیس کے عہد مین تمام مذاہب باطلہ کا بہ زور دبایا جانا، سیرل اور اس کے اتباع کے ہاتھون ہایپشیا کا قتل ہونا، اور جسٹینین کا ایتھنز کی درسگاہون کو بند کرا دینا، ان تینون واقعات نے، حریت فکری کا قطعاً سد باب کر دیا۔ اِن اثرات سے

حریت فکری مٹی، اور ایسی مٹی، کہ پورے ایک ہزار سال کے بعد دنیا کو پھر اس کی جھلک دیکھنا نصیب ہوئی۔

فصل ہذا مین مین نے جو کچھ کہا، اس سے ہرگز میرا مقصود عیسائیون کی مظلومیت کو ہلکا کرکے دکھانا نہین، اور نہ مجھے ان کے اعلیٰ ترین ایثار، جانبازی وسرفروشی کے اعتراف مین ذرا بھی تامل ہی۔ بلکہ مجھے جو کچھ معروضات بالا کی مدد سے دکھانا تھا، وہ یہ ہی، کہ مشرک فرمان رواؤن کی، جن مین سے بعض نہایت نیکنام گزرے ہین، اور جن مین سے خصوصًا مارکس آریلیس تو ایسا رحیم، رعایا پرور، عادل تاجدار ہوا ہی، کہ اُس کی نظیر تمام دنیا کی تاریخ مین نہین ملتی، عیسائیون پر یہ تعدی کچھ بیجا و بلاوجہ نہ تھی۔ بلکہ اگر ایک طرف ان کی اس خصوصیت کو پیش نظر رکھا جائے، کہ سیّانی کے مناظر نے ان کے دلون کو سخت کردیا تھا، اور اُن مین وہ احساس ہی نہین باقی رہا تھا جو آج ہم مین ہی، اور دوسری طرف اُن کے اس خوف واندیشہ پر لحاظ رکھا جائے جو مسیحیون کے عروج واقتدار سے انھین اپنی مذہبی آزادی سے متعلق، پیہم تجربات ومشاہدات کے بعد پیدا ہوگیا تھا، تو وہ اپنی پیش بندیون، اور مسیحی اقتدار کے روک تھام کی کوششون مین بالکل حق بجانب معلوم ہوتے ہین۔ ممکن ہی، اس موقع پر آپ یہ سوال کرین، کہ پھر مسیحی اقتدار رک کیون نہین گیا؟ اس کا جواب یہ ہی، کہ مشرکانہ تعدی، اُن زبردست معاشری، اخلاقی، ودماغی موثرات کے مقابلے مین بالکل ضعیف تھی، جو مسیحیت کے نشرواشاعت مین معین تھے۔ یہ ایک اجمالی دعویٰ تھا۔ اس اجمال کی تفصیل، یعنی مشرکانہ تعدی کی کمزوری فصل آیندہ کا موضوع ہی

فصل (۵)

تعدّیون کی تاریخ

کسی گذشتہ فصل مین ہمین معلوم ہوچکا ہی کہ جب مصری رسوم و آئین، رومہ مین داخل ہونے لگے، تو معًا اُن کی سختی سے مخالفت کی گئی، اُن کے انسداد کے لیے قوانین نافذ ہوئے، اور ایسے قوانین کا نفاذ بار بار ہوتا رہا، لیکن جب حکام نے دیکھا، کہ یہ روک تھام بے اثر رہتی ہی تو سختی کرنا خود ہی چھوڑ دی، اور مصری مذہب ملک مین متعارف ہوگیا۔ اس کے بالکل برعکس مسیحیت و رومی حکومت کا تعلق رہا ہی۔ اُس کا داخلہ رومہ مین بالکل بلا مخالفت و مزاحمت ہوا، بلکہ بعض ضعیف روایات تو ایسی بھی ملتی ہین، کہ شروع شروع مین اس کی بڑی آؤ بھگت ہوئی۔ خیر یہ تو غالبًا صحیح نہین، لیکن اس قدر قطعی ہی کہ نیرو سے پیشتر کسی نے مسیحیون پر تعدی نہین کی تھی۔ اور نیرو کی تعدیون کا زمانہ آخر سنہ ۶۴ء سے شروع ہوتا ہی۔ لیکن اس وقت بھی مسیحیون پر بہ حیثیت اُن کے مسیحی ہونے کے تعدی نہین ہوتی تھی، بلکہ اس غلط شبہ کی بنا پر کہ انھون نے شہر روم مین آگ لگادی تھی۔ اور پھر چونکہ یہ آتش زنی کی سزا تھی، لہذا کوئی عیسائی مسیحیت سے مرتد ہوکر اس سے بچ نہین سکتا تھا۔ اس کے علاوہ یہ غالبًا خاص شہر روم کی چار دیواری کے اندر محدود تھی، گو اس محدود حلقہ مین پوری قوت کے ساتھ جاری تھی۔ اُس وقت تک عیسائی جو مدتون سے (یعنی کوئی ۳۰-۳۲ سال سے) تبلیغ کے کام کو جاری کیے ہوے تھے، شہر مین اپنی ایک بہت بڑی جماعت پیدا کرچکے تھے، اور اہل شہر کی نظرون مین سخت مبغوض تھے۔ لیکن نیرو کی سفاکانہ تعدیون نے

اور نیز اس حقیقت کے آشکارا ہو جانے نے کہ ان پر آتش زنی کا الزام قطعاً بے بنیاد تھا، اُن کی مظلومیت کا لوگون کو یقین دلا دیا، اور لوگون کو اُن پر خود بخود ترس آنے لگا اُن پر جو مظالم توڑے جاتے تھے، اُن کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے، کہ انھین جنگلی جانورون کی کھال پہنا کر اُن پر شکاری کتے چھوڑ دیے جاتے تھے، جو اُن کے جسم کی بوٹی بوٹی کر ڈالتے۔ یا اُن کے کپڑون پر تیل چھڑک کر اُن کے جسم مین جیتے جی آگ لگا دی جاتی۔ یا پھر بہتون کو صلیب مین لٹکا دیا جاتا۔ غرض انھین بیدردیون سے سیکڑون کی جانین لی جائین۔ ان مظالم کا جو اثر مسیحی متخیلہ پر پڑا، اُس کا نمونہ اس سارے لٹریچر مین ملتا ہے، جو اسی زمانے مین مسیحیون مین تیار ہوا، اور جس مین ایک روایت یہ بھی ہے، کہ نیرو نے ہنوز وفات نہین پائی ہے، وہ زندہ ہے، اور خروج دجال کے وقت تک زندہ رہے گا، بلکہ دجال سے پیشتر اس کا ایک بار پھر خروج ہوگا، تاکہ اس کے ہاتھ سے آخری بار مسیحیون کا امتحان ہو۔ یہ روایت صرف کتابون ہی مین مندرج نہین رہی، بلکہ صدیون تک لوگون کا اس پر ایمان و اعتقاد رہا۔

نیرو نے ۶۸ء مین وفات پائی۔ اُس وقت سے لے کر کم از کم ۲۰۰ سال تک گرجا کو کسی نے مطلقاً نہین ستایا۔ اس زمانے سے لیکر ڈوسیٹین کے عہد کے آخری سال تک مسیحیون پر کسی قسم کے تعدی و تشدد کی شہادت نہین ملتی، بلکہ جس آزادی سے وہ اس عرصے مین رہا کیے، اُس کا تازہ ثبوت ابھی حال مین اس انکشاف سے ملا ہے، کہ نیرو و ڈوسیٹین کے عہد کے درمیانی زمانے کا تعمیر شدہ روم کی ایک شارع عام کے متصل ہی ایک بہت وسیع و خوشنما برآمدہ نکلا ہے، جو کسی بڑے مسیحی مقبرہ کا برآمدہ معلوم ہوتا ہے۔ ڈوسیٹین نے تعدیون کی تجدید کی، اور گو بہ لحاظ شقاوت ڈوسیٹین نیرو کی ہمسری نہین کر سکتا

تاہم جس دانشمندی و استقلال کے ساتھ اُس نے تعدیون کو جاری رکھا، اس کے لحاظ سے اس کا نمبر نیرو سے کہین بڑھ گیا۔ روایتیہ واہل علم باوجود اسکے ان کے تشدد کے اب تک حریت سیاسی کی مشعل کو روشن کیے ہوئے تھے، آپ سخت ترین دار و گیر سے نہ بچ سکے۔ ان کے تمام اکابر یا قتل کر ڈالے گئے، یا جلاوطن کر دیے گئے۔ اول اول عیسائی اس زد سے محفوظ رہے، اُن کے خلاف سب سے پہلے ۹۵ء مین معمولی و خفیف کارروائی شروع کی گئی، لیکن اس کے متعلق ہمارے معلومات کافی نہین، بلکہ ہماری یہ اطلاع تو بہت ہی مشتبہ ہی، کہ اس کی علت قریبہ کیا تھی۔ مثلاً ایک روایت جس کا ماخذ ایک قدیم مگر ضعیف الروایت مسیحی مصنف ہی تو یہ ہی، کہ بادشاہ کو جب یہ خبر پہونچی کہ مسیح کے بھائی یہودا کے پوتے موجود ہین، تو اس نے حکم دیا کہ اُس کے سامنے حاضر کیے جائین، کہ وہ داؤد کی نسل سے ہین، اور اس لیے ممکن ہی کہ تخت و تاج کے دعویدار ہون، لیکن جب وہ سامنے آئے، تو اُسے معلوم ہوا کہ وہ محض غریب دہقان زادون کی طرح بسر کرنے والے ہین، اور جس حکومت کا وہ ذکر کرتے ہین، وہ حکومت روحانی ہی، ملک و دولت کی حکومت نہین، تو اس نے اُنھین رہا کر دیا، اور جو تعدیان شروع کی تھین، انھین روک دیا۔ ایک دوسری روایت، جو مشرکانہ ماخذ سے آئی ہی یہ ہی کہ ڈومیٹین نے جب لہو و لعب مین اسراف بیجا کر کے خزانہ خالی کر دیا، تو لوگون نے اسے ترغیب دی، کہ یہودیون پر ایک سخت ٹیکس لگا کر کے روپیہ وصول کرے، چنانچہ اسی لپیٹ مین یہود و مسیحی دونون آ گئے۔ غرض اس طرح کی مختلف روایات مشہور ہین، لیکن غالباً واقعہ یہ ہی، کہ ڈومیٹین جیسا استبداد پسند تاجدار قدرۃً یہ نہ دیکھ سکا کہ ایک بڑی جماعت اُس کے اقتدار سے اگر بالکل آزاد نہین، تو کم از کم اس کی

طرف سے غیر ملتفت رہے۔ چنانچہ تعدی و تشدد کا آغاز ہوا، اور ان صورتوں مین ہوا، کہ سینٹ جان (یوحنا) باوجود انتہائی کبر سنی کے جلاوطن کیا گیا؛ کلیمنس جو خود بادشاہ کا عزیز اور کانسل کے مرتبہ پر سرافراز تھا قتل کر دیا گیا، اس کی بیوی یا بھتیجی مع رفقا کی ایک کثیر تعداد کے جلاوطنی پر مجبور کی گئی، صدہا اشخاص اپنے عہدون سے معزول کے گئے، اور سیکڑون قتل کر ڈالے گئے۔ ڈومیٹین کی ان تعدیون کا یہ سلسلہ ختم کیونکر ہوا؟ اس کے متعلق بھی دو مختلف روایات ہین۔ ایک تو یہ ہی، کہ خود ڈومیٹین ہی نے چند روز مین اپنے فرمان سابق کو منسوخ کر دیا، اور جلاوطنون کو پھر وطن مین واپسی کی اجازت دیدی۔ دوسری یہ ہے کہ ڈومیٹین کے یہ قوانین، اُس کی وفات کے بعد، نروا کے زمانے مین منسوخ ہوئے۔

یہ تعدی جس قلیل عرصے تک، اور جس کمزوری کے ساتھ جاری رہی، اُس کے لحاظ سے یہ امر مطلق حیرت انگیز نہین، کہ یہ مسیحیت کی زبردست تحریک کو روکنے مین ناکام رہی۔ ڈومیٹین کے قتل کے بعد سے تاریخ روما کا عہد زرین شروع ہوتا ہے۔ یہ زمانہ یعنی ۹۶ء مین نروا کی تخت نشینی سے لے کر ۱۸۰ء مین مارکس آریلیس کی وفات تک، بت پرست مورخین کی نظر مین بہ لحاظ انتظام حکومت، عدل گستری، اصلاح شعاری، امن و آشتی، بہترین زمانہ ہوا ہے۔ اور عیسائی مورخین بھی اسے کچھ کم اہم نہین سمجھتے، کہ اس کی ابتدا مین گرجا کی قوت محدود تھی، اور اس کے اختتام پر گرجا نے اس قدر طاقت حاصل کر لی تھی، کہ اپنے بڑے سے بڑے مخالف کا بہ آسانی مقابلہ کر سکتا تھا۔ پس اب دیکھنا یہ ہے کہ اس ۸۴ سال کے زمانے مین، جس کی اہمیت سب کو مسلم ہے، گرجا پر کس قسم اور درجہ کی تعدی جاری رہی؟ آیا وہ ایسی قوی تھی، کہ اُس کی مقاومت کرتے رہنا، اور اُس پر غالب آجانا بجز تائید ایزدی کے، اور کسی طبعی سبب پر محمول نہین ہو سکتا؟

اُس زمانے کے اختتام کے قریب، پادری سینٹ میلیٹو نے ایک تفہیم نامہ مارکس آریلیس کی خدمت مین بھیجا تھا، اس مین یہ صاف مندرج تھا، کہ ایشیا مین مسیحیون پر کبھی تعدی روا نہین رکھی گئی، اور اب یہ ایک بالکل انوکھی بدعت ہی، بلکہ اس کے قبل تمام سلاطین، بجز نیرو و ڈومیٹین کے، ہمیشہ مسیحیون کے ساتھ عزت و احترام سے پیش آتے رہے ہین۔ اس کے ۲۰ سال، یا کچھ زاید کے بعد کا مسیحی مصنف ٹرٹولین اس سے بھی زیادہ تصریح و قطعیت کے ساتھ کہتا ہی، کہ نیرو و ڈومیٹین صرف دو مسیحی سلاطین ایسے ہوئے ہین، جنھون نے گرجا پر تعدی کی ہی، بلکہ یہ مصنف تو ایک غلط فہمی کی بنا پر مارکس آریلیس کو محافظین مسیحیت کے طبقے مین شمار کرتا ہی۔ اس کے ایک صدی کے بعد لیکٹینٹیس اس باب مین جو شہادت دیتا ہی، وہ اور زیادہ قابل توجہ ہی۔ وہ کہتا ہی کہ ڈومیٹین کے جانشین، تعدی و تشدد سے محترز رہے، اور ڈومیٹین کے بعد پھر اگر کوئی تعدی کرنے والا حکمران پیدا ہوا، تو وہ ڈیسیس تھا۔ اس سلسلہ مین اس کے اصل الفاظ لایق ملاحظہ ہین۔ لکھتا ہی، کہ

"ڈومیٹین کی وفات پر اُس کے احکام منسوخ ہو گئے، اور گرجا نہ صرف اپنی قدیم حالت پر عود کر آیا، بلکہ اُس کو زیادہ قوت و عظمت حاصل ہو گئی۔ اب نیک سلاطین کا دور دورہ شروع ہوا، جن کے عہد مین گرجا کو کسی مخالفت کا مقابلہ نہین کرنا پڑا، بلکہ اُس کے ڈانڈے مشرق سے لیکر مغرب تک وسیع ہو گئے۔ مگر ایک عرصہ کے بعد اس حالت نے بھی پلٹا کھایا، اور بالآخر وہ حیوان صفت و شقی القلب ڈیسیس پیدا ہوا، جس نے پھر گرجا کو ستانا شروع کیا"

اقتباس بالا مین مین مختلف بیانات ہین۔ ان مین سے پہلے دو کا صاف منشا یہ ہی

کہ ۸۴ سال تک مسیحیون پر کسی قسم کا تشدد نہین ہوا، اور وہ غایت امن وسکون سے رہے، بلکہ اگر آخری بیان کو بھی صحیح تسلیم کر لیا جائے، تو یہ مدت بہت زیادہ بڑھ جاتی ہے۔ لیکن یہ مدت امن کی سطح بالکل ہموار نہین رہی تھی، بلکہ اس مین وقتہ فوقتہ رخنے پڑتے رہتے تھے۔ اصل یہ ہے کہ مسیحیت جس کی حیثیت شروع شروع یہودیت کی ایک شاخ سے زیادہ کی نہ تھی، اسی زمانے سے رفتہ رفتہ بطور ایک علیحدہ و مستقل مذہب کے تسلیم کی جانے لگی۔ مگر رومی قانون کے بموجب انھین مذاہب کے ساتھ رواداری کا برتاؤ جائز تھا جن کا وجود قانون کی نگاہ مین باضابطہ مُسلّم ہو چکا تھا۔ اب یہ درمیانی زمانہ جو مسیحیت پر گزرا یعنی ایک طرف تو وہ یہودیت کی شاخ بھی نہین رہی، اور دوسری طرف ابھی اُس کا علیحدہ باضابطہ وجود قانون کے نزدیک غیر مسلم تھا۔ یہ ایک ایسا دور تھا، جس مین اُس کے ساتھ حکومت کا کوئی خاص طرز عمل متعین نہ تھا۔ مختلف صوبون کے گورنر اپنی اپنی مرضی کے موافق کام کرتے۔ چنانچہ اس زمانے مین بارہا ایسا ہوتا رہتا، کہ ایک صوبے مین تو مسیحیون کو پوری آزادی حاصل ہے، مگر اُس کے ملحق دوسرے صوبہ مین وہ تعدی و تشدد کے شکار ہو رہے ہین۔

اس موقع پر ہمین یہ نکتہ ملحوظ رکھنا چاہیے، کہ مسیحیون پر جو تعدی ہوتی تھی وہ دو بالکل مختلف راستون سے ہوتی تھی۔ ایک تو حکومت کی طرف سے، اور دوسرے خود بت پرست رعایا کی طرف سے۔ ہم پیچھے کہین بتا آئے ہین، کہ مسیحی خود رعایا کے طبقون مین بھی مقبول نہ تھے، بلکہ سخت مبغوض تھے، اور اس کے اسباب بھی بتا چکے ہین۔ چنانچہ عہد زیر نظر مین بار بار اس طرح کے شواہد ملتے ہین۔ کہ رعایا عیسائیون پر زیادتی کرنا چاہتی ہے، مگر حکومت روکتی ہے۔ نیرو کے مختصر عہد حکومت مین تو کسی تعدی کی شہادت موجود نہین، اور اس زمانے مین حکومت اور مسیحیون کے تعلقات

پتہ صرف ایک بت پرست مورخ کے ان دو ضمنی فقرون سے چلتا ہی کہ

"بادشاہ نے اُن تمام قیدیون کو آزاد کر دیا جو بیدینی کے الزام مین اسیر تھے"

"بادشاہ نے حکم دیا کہ بیدینی، یا یہودیت اختیار کرنے کے جرم مین کسی کو سزا نہ دی جائے"

اس کے بعد ٹیریجن تخت نشین ہوا، اس کے زمانے مین چند مقامی فسادات ہوئے یہ بادشاہ نہایت معدل اور نہایت دانشمند ہوا ہی، مگر یہ اپنی رعایا مین انجمن سازی اور گروہ بندی سے نہایت خائف رہا کرتا تھا چنانچہ عیسائیون پر اس نے جو کچھ داروگیر کی، اسی حیثیت سے کی۔ اس کے زمانے مین، روایت ہی کہ متعدد صوبون مین بلوے وفسادات ہوئے، اور اُن کی تادیب وتعزیر کے لیے عیسائیون پر بھی تعدی ہوئی۔ صوبہ بیتھینیا کا گورنر پلینی تھا۔ اس نے اس کے نام ایک بڑا سا مراسلہ تحریر کیا، جو خاص اہمیت رکھتا ہی۔ اس مین وہ کہتا ہی کہ "مین نہین جانتا کہ عیسائیون کے مقابلہ مین اب کیا کارروائی کرنا چاہیے، درانحالیکہ اُن کی تعداد اتنی بڑھ گئی ہی کہ وہ بڑے بڑے گروہون مین عدالت کے سامنے پیش ہوتے ہین اور لوگون نے اس کثرت سے مسیحیت کو قبول کر لیا ہی کہ بتکدون مین سناٹا سا رہنے لگا ہی۔ مین نے اُن ملزمون کو رہا کر دیا ہی جنھون نے جہان پناہ کے مجسمہ کے آگے خوشبوئین جلائی، اور مسیح پر تبرا کہنے کا اقرار کیا، مگر اُن مجرمون کو قتل کر ڈالا، جو اپنی ہٹ پر برابر قایم رہے، کیونکہ میرے نزدیک ایسے لوگون کو رومی رعایا ہرگز نہ کہنا چاہیے، اور ضد اور ہٹ کی پوری سختی سے سزا دینا چاہیے۔ مین نے ملزمون سے اُن کے مذہب واعتقاد کی نوعیت سے متعلق سوالات کیے، بلکہ دو لونڈیون کو شکنجہ مین کس کر جوابات حاصل کیے، لیکن مجھے ان کے مذہب مین سوا ایک لغو

ومزخرف باطل پرستی کے اور کچھ نہین نظر آیا۔ مین نے ان سے ان کی خفیہ انجمنون اور پُراسرار نمازون کی بابت بھی دریافت کیا معلوم یہ ہوا کہ یہ لوگ ہفتہ مین ایک مخصوص دن پر طلوع آفتاب سے قبل مجتمع ہوکر مسیح کی حمد مین راگ گاتے ہین، معاصی سے ترک واجتناب کی قسمین کھاتے ہین، اور پھر متفرق ہونے سے قبل معمولی ضیافت مین شریک ہوتے ہین، لیکن اب نئے قوانین کے نفاذ کے بعد سے انھون نے یہ دستور بھی اُٹھا دیا ہے۔" اس مراسلہ کے جواب مین ٹریجن نے یہ حکم صادر کیا کہ مسیحی جس وقت عدالت کے سامنے آجائین، تب تو انھین سزا دینی چاہیے لیکن اس کے لیے انھین خاص طور پر تلاش کرنے کی ضرورت نہین؛ اور اگر وہ قربانیان کرنے پر راضی ہوجائین، تو ان کی گذشتہ زندگی پر احتساب و بازپرس کی حاجت نہین؛ نیز یہ کہ ان کے خلاف جو گمنام شکایات آتی ہین، ان پر توجہ نہ کرنا چاہیے۔ اس عہد مین دو مسیحی شہادتون کی مستند روایات ملتی ہین۔ ایک تو شمعون، یروشلیم کے پادری کی، جس کا سن ۱۲۰ سال کا بیان کیا جاتا ہے، اور جو کئی دن کے عذاب جھیلنے کے بعد سولی پر چڑھا دیا گیا۔ دوسرے انطیوخ کے پادری اگنیشیس کی، جو گرفتار کرکے روم لایا گیا، اور یہان خود بادشاہ کے حکم سے جنگلی درندون کے آگے چھوڑ دیا گیا۔ یہ آخری قتل بے شبہ بیحد وحشیانہ تھا۔ ہمین اس کے اصلی سبب کی اطلاع نہین، تاہم دو باتین معلوم ہوتی ہین، ایک تو یہ کہ یہ پادری صاحب خود بھی نہایت پرجوش واقع ہوئے تھے، اور شہادت کے مشتاق رہا کرتے تھے، دوسرے یہ کہ اُسی زمانے مین انطیوخ مین ایک ہیبتناک زلزلہ آیا تھا، اور ایسے موقع پر مشرکون کا جوش غضب عیسائیون کے خلاف قدرۃً ہیجان مین آجاتا تھا۔ اس پادری کے خطوط جو محفوظ رہ گئے اُن سے ظاہر ہوتا ہے کہ روم مین مسیحیت کی علانیہ اور آزادانہ تلقین ہوتی تھی، اور حکومت کی طرف سے ٹریجن کی

۱۹ سالہ مدت حکمرانی مین کبھی عیسائیون پر کسی بڑے پیمانے پر دار وگیر نہین ہوئی۔ چھوٹے چھوٹے چند روزہ بلوون اور فسادات کا ذکر نہین۔

اس کے بعد دو تاجدارون کے عہد مین حکومت کا طرز عمل مسیحیون کے ساتھ یقیناً زیادہ موافقانہ رہا۔ ہیڈرین کو جب یہ خبر معلوم ہوئی، کہ مختلف جلسون۔ تماشون مین لوگ مسیحیون کے خلاف شور غل کرتے ہین، اور اس شور وغل سے متاثر ہوکر حکام اُنھین قتل کرڈالتے ہین، تو اُس نے یہ فرمان جاری کردیا، کہ کسی شخص کو بغیر باضابطہ عدالتی چارہ جوئی کے محض عوام کے شور وشغب پر کبھی سزا نہ دینا چاہیے، بلکہ جو لوگ الزامات لگانے مین پیش پیش رہتے ہین، اگر وہ اپنی شکایات کو ثابت نہ کرسکین، تو انھین البتہ سزا ملنی چاہیے۔ اس فرمان روا کا برتاؤ درحقیقت مسیحیون کے ساتھ اس قدر دوستانہ تھا، کہ لوگون نے مبالغہ کرکے یہ افواہ مشہور کردی، کہ اس کا ارادہ ہے کہ مسیح کو رومی دیوتاؤن کی فہرست مین شامل کرلے۔ خیر یہ تو نری گپ تھی، لیکن اس مین شک نہین، کہ یہ عیسائیون کو اُسی نقطۂ نظر سے دیکھتا تھا، جس سے ایک آزاد خیال رومی کو دیکھنا چاہیے ایک خط بھی اس کے جانب منسوب کیا جاتا ہے، جس مین اس نے مسیحیت کو مصری مذہب سمجھا ہے۔ اس کے عہد مین حکومت کی طرف سے مسیحیون کو پوری آزادی حاصل رہی، البتہ اکثر یہودی مفسدون و بلوائیون نے انھین سخت تکالیف پہونچائین، یہودیون نے اُس کے زمانے مین ایک آخری اور سخت، مگر لاحاصل کوشش، خودمختار ہوجانے کی کی تھی، اور اسی لیے اکثر اُن سے اور مسیحیون سے آویزش ہوجاتی تھی۔ اس آویزش کا ایک اثر یہ ہوا کہ بُت پرست، ان دونون مذہبون کو ایک دوسرے سے علیحدہ ومتمایز سمجھنے لگے۔ چنانچہ خود ہیڈرین نے یہودیون کو یروشلیم مین داخل ہونے کی قطعاً ممانعت کردی، درانحالیکہ مسیحیون کے لیے اس کی

پوری آزادی رکھی۔

ہیڈرین کی وفات پر انٹونینس اورنگ نشین ہوا۔ اُس نے اور زیادہ کوشش کی، کہ مسیحیون کے خلاف اُس کی رعایا کا جوش و تعصب کم ہو۔ اس نے یہ فرمان جاری کردیا، کہ کوئی کسی مسیحی سے ہرگز تعرض نہ کرے، بلکہ جب ایشیائے کوچک مین ایک سخت زلزلہ کے آنے پر رعایا مین عیسائیون کی طرف سے زیادہ شورش پھیلی، تو اس نے صاف اعلان کردیا، کہ ان شورش کرنے والون کو سزا دی جائے گی غرض رعایا کی ان معمولی شورشون کو مستثنےٰ کردینے کے بعد اس کی ۲۳ سالہ مدت حکمرانی مین ایک مرتبہ بھی عیسائیون کے معاملات مین دست اندازی نہین کی گئی، بلکہ یہ سارا زمانہ کامل امن و چین سے گزرا۔ اور یہ عام سکون اس کے جانشین مارکس آرلیس کے عہد مین بھی ایک مدت تک قائم رہا، لیکن بالآخر تعزیری احکام جاری ہوئے۔ ان کے اجرا کے اور ایسے فرمان روا کے حکم سے جس سے زیادہ رحمدل و معدلت شعار پردۂ زمین پر کوئی تاجدار نہین گزرا ہے، اسباب و علل کے متعلق افسوس ہے کہ ہمارے معلومات کچھ مدد نہین پہونچاتے۔ تاہم اس قدر بالکل یقینی ہے، کہ اس کا محرک نہ کوئی مذہبی عصبیت تھی، اور نہ خلقی بدمزاجی غضب ناکی و تندمزاجی کا ایسے شخص کے جانب کیونکر انتساب کیا جاسکتا ہے، جس کا خمیر حلم، تحمل، درافت و رحم سے ہوا تھا، جس کے اخلاق مین اگر کوئی عیب تھا تو یہی تھا کہ وہ بیموقع بھی عفو و درگزر کو کام مین لاتا تھا، اور جس نے اپنی محبوب ملکہ کے انتقال پر سینیٹ سے، کمال حزن مین صرف یہ التجا کی کہ جن لوگون نے اس کے خلاف بغاوت کی تھی، اُنھین رہا کردیا جائے! اسی طرح مذہبی عصبیت کو اُس شخص کی طرف منسوب کرنا کس طرح جائز ہوسکتا ہے، جس نے فلسفۂ رواقیت کو اپنا دین و ایمان بنا رکھا تھا، جو تمام تر اُس کے احکام پر عامل تھا

اور جس نے مدارس اور کالجون مین اپنے شدید ترین مخالف حکماء کو تنخواہین دیدکر مقرر کیا تھا! غرض اسی طرح کے اسباب تو مارکس آریلیس کے ان تعزیری احکام کے محرک ہو نہین سکتے۔ بلکہ ہمارے سمجھ مین جو وجہ آتی ہی، وہ یہ ہی، کہ اس وقت گرجا نے حکومت کے مقابلہ مین سیاسی نقطۂ نظر سے ایک بالکل رقیبانہ حیثیت پیدا کرلی تھی، حکومت جس طرح کی قومیت رعایا مین پیدا کرنی چاہتی تھی گرجا اُس کے بالکل مخالف راستے پر لے جانا چاہتا، اور طرز حکومت، تخیلات و مشاعر، معتقدات و آمال، غرض ہر شے مین قوم کی عام شاہراہ کے بالکل مخالف مسیحیون نے اپنا راستہ اختیار کیا۔ اس پر مستزاد یہ ہوا کہ مسیحیون پر مردم خواری، شہوت پرستی، و زناکاری کے جو الزامات لگائے جارہے تھے، اب ان مین بھی واقعیت کی جھلک آنے لگی، بلکہ ایک خاص فرقہ نے تو ان الزامات کو اپنے طرز عمل سے ایک حد تک ثابت ہی کر دکھایا۔ ایک طرف تو یہ سارا مواد جمع ہو رہا تھا، دوسری طرف مارکس آریلیس کی رواقیت، عیسائیون کی جھاڑ پھونک، اور حیات اخروی کی تخویف کی تاب نہین لاسکتی تھی، اب عیسائیون کے خلاف کارروائی شروع ہونے مین جو کچھ رہی سہی کسر رہ گئی تھی، وہ یون پوری ہوگئی کہ شاہ کے گرد جن حکماء کا مجمع رہتا تھا، وہ مسیحیت کے سخت دشمن تھے۔ مثلاً شاہ کے اُستاد عزیز دوست فرونٹو، کہ اس نے مسیحیت کے رد مین ایک کتاب لکھی تھی، یا کریسنس کلبی، کہ اُسی کے جوڑ توڑ نے جسٹن مارٹر کی جان لی۔ ان اسباب کا اجتماع میرے نزدیک مارکس آریلیس کے حکم سے تعزیری احکام کے اجراء کے مسئلہ کو حل کر دیتا ہی۔ پھر یہ بھی ملحوظ رہے، کہ اُسکے عہد مین مسیحیون پر جو بہیمی بیدردیان و سفاکیان ہوئین، ان کی ذمہ داری بادشاہ پر نہین بلکہ رعایا کے جوش، اور دور دراز صوبون کے گورنرون کے تعصب پر ہی۔ اگر یہ بیرحمیان شاہ کے اشارے سے ہوتین، تو یہ ناممکن تھا،

کہ ٹرٹولین، جس نے ان واقعات کے ۲۰ ہی سال کے بعد کتاب لکھی، انھین نظرانداز کرکے مارکس آریلیس کو محافظین و حامیان مسیحیت کے طبقے مین شمار کرنے لگتا۔

لیکن بہرحال، اسباب کچھ بھی ہون، اس حقیقت پر پردہ نہین ڈالا جاسکتا، کہ مارکس کے عہد حکومت کے دامن پر، گرجا کے پہلے فلسفی، جسٹن مارٹیر کے خون کا داغ ہی، اور تعدی کے نظائر بہ کثرت ملتے ہین۔ تعدیون کا سلسلہ اسمرنا و لیانس جیسے دور دراز مقامات تک پھیلا ہوا تھا، اور اشتداد مین ان کا نمبر نیرو کی سفاکیون سے بھی بڑھا ہوا تھا۔ مگر ظالمون کی انھین سختیون کے سامنے صبر و استقلال، ایثار و جانبازی کا اظہار مظلومون کی طرف سے بھی ہوتا تھا اسمرنا کی تعدیان، جن مین سینٹ پولی کرپ اور اُس کے کثیر التعداد رفقا نے جان دی، عام کھیل تماشون سے شروع ہوئین، اور اُن کے تہ مین یہودیون کا اشتعال انگیز ہاتھ صاف کام کرتا نظر آتا ہی۔ لیانس کی تعدیان، جو شدت بیرحمی کے لحاظ سے اپنی نظیرین بہت کم رکھتی ہین، عوام کے جوش غضب اور گورنر کی چشم پوشی کا مشترک نتیجہ تھین اس موقع پر مسیحیون کے بعض ملازمون نے خوف عقوبت سے دہشت کھا کر اُن تمام الزامات کو اپنے آقاؤن کے نامۂ اعمال مین لکھ دیا، جو افواہ عام مین ان کی جانب منسوب کیے جاتے تھے، مثلاً مردم خواری، اولاد کشی، محرمات ابدیہ سے زناکاری، نفرت انگیز بدچلنی وغیرہ۔ اس پر عوام کی آتش غضب نہایت زور شور سے بھڑکی تعذیب و عقوبت کی وہ وہ صورتین، جن کے ذکر سے بھی رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہین، کبیر السن مردون، اور ضعیف الجثہ عورتون پر برابر استعمال کی جاتی تھین، اور مظلومون کی جانب سے استقلال و پامردی کے وہ نمونے پیش ہوتے تھے، جو آج تک دنیا کے لیے باعث حیرت ہین۔ چنانچہ فرانسیسی گرجا کی تاریخ کا پہلا صفحہ انھین مین سے دو شہیدون بلینڈینا و پوتھینس نے خون کے حروف سے لکھا ہی۔ لیکن بانیمہ ہمین آخرین

یہ اعتراف کرنا چاہیے، کہ گو مارکس آریلیس کے آخری زمانے مین تین چار صوبون مین شدید تعدیون کا سلسلہ جاری رہا، تاہم سارے ملک مین مسیحیت کو بہ جبر دبانے کی کبھی کوئی باقاعدہ مسلسل و مستقل کوشش نہین کی گئی۔

تیسرا دور ۱۸۰ء مین مارکس آریلیس کی وفات سے ۲۴۹ء مین ڈیسیس کی اورنگ نشینی تک رہتا ہے۔ اس ساری مدت کو ہم ایک دور قرار دے سکتے ہین۔ اس سارے دور مین مسیحیت کی قوت و طاقت بڑھتی رہی، اور اس کے بڑے حصہ مین مسیحی اعلیٰ سے اعلیٰ ملکی و جنگی عہدون پر ممتاز رہے۔ اب ان کی مخالفت جو کچھ ہوتی تھی وہ سیاسی حیثیت سے ہوتی تھی، اور اسی حیثیت کو روز بروز ترقی ہوتی جاتی تھی۔ اس زمانے کے حکمرانون کے آگے درحقیقت یہ ایک نہایت دشوار مسئلہ پیش ہوتا تھا، کہ ایک زبردست و روز افزون منتظم جماعت کو، جو رومی نظام حکومت سے بالکل الگ تھلگ رہتی تھی، کیونکر قابو مین رکھا جائے؟ بعض سلاطین، مثلاً کموڈس و ہیلیوگیبولس کو تو اپنی عیش پرستیون سے ادھر متوجہ ہونے کی فرصت ہی نہین ہوتی تھی، لیکن دانشمند و رعایا پرور حکمران، یا تو مثل مارکس آریلیس و الیوکلٹین کے اس جدید مذہب کو بہ زور دباتے تھے، اور یا مثل اسکندر سیورس و قسطنطین کے اسکی ترقی و حمایت مین کوشش کرتے تھے۔ مارکس آریلیس نے جو تعزیری قوانین نافذ کیے تھے، انھین کموڈس نے منسوخ کر دیا، اور یہ امر قابل لحاظ ہے کہ یہ منسوخی اسکی معشوقہ مارسیا کے اثر سے ہوئی، حالانکہ عورتون کا اثر بالعموم تعدیون کے پھیلانے اور ترقی دینے مین صرف ہوا ہے، (اسپیلا، کیتھرائن، و ملکہ میری کے نام کسے فراموش ہو سکتے ہین) اگرچہ اس عہد مین بھی ایک مسیحی فلاسفر اپولونیس کا قتل ہوا ہے۔ اس استثنائی واقعہ کے علاوہ اس ۶۹ سال کی مدت مین صرف دو موقعون پر اور گرجا کے امن مین دست اندازی کی گئی۔

ایک تو شاہ تیٹمیس سورس کے عہد مین، جو شروع شروع عیسائیون کے بہت موافق تھا، مگر جس نے ۲۰۲ یا ۲۰۳ء مین یہ حکم جاری کر دیا، کہ کوئی بت پرست عیسوی یا موسوی مذہب نہ قبول کرے۔ اس فرمان کے بعد ہی افریقہ و شام مین عیسائیون پر سخت خونریز تعدی شروع ہوئی، جس مین آریجن سینٹ فیلی سیٹس، وسینٹ پرپٹوا کی جانین گئین۔ مگر یہ تعدی مشرق مین محدود رہی، مغرب تک نہین پھیلی، اور اسکی کارروائیون کی ذمہ داری زیادہ تر صوبے کے گورنرون پر ہے، جنھون نے شاہی فرمان سے عام عیسائیون کی مخالفت کے معنے لیے، حالانکہ اُس کا محض اس قدر تھا، کہ نئے لوگون کو مسیحیت قبول کرنے سے روکے۔ اس سلسلہ مین آریجن کے اس قول کو بھی یاد رکھنا چاہیے، کہ "اُس زمانے سے پیشتر مسیحی شہدا کی تعداد بہت ہی قلیل تھی"۔ پہلی تعدی یہ تھی، دوسری میکزیمینس کے ہاتھون شاہ اسکندر سورس کے قتل کے وقت سے شروع ہوتی ہے، قاتل نے مقتول کے ارکان دربار پر سخت تعدی شروع کی، جن مین اکثر عیسائی پادری تھے اسی زمانے مین اتفاق سے بعض مہیب زلزلے بھی آئے، اور انھون نے حسب معمول مسیحیون کے خلاف رعایا کے جذبات کو خوب برانگیختہ کر دیا۔ بس ان دو تعدیون کے سوا، اور کبھی اس سارے دور مین عیسائیون پر کسی قسم کا تشدد نہین ہوا، سلاطین کیریکلا، میکرینس، وہیلیو گیبلس نے ان کے خلاف کبھی کوئی کارروائی نہین کی، اور شاہ اسکندر سورس نے تو علانیہ ان کی حمایت و تائید شروع کر دی۔ اُس کے رُجحان طبیعت کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے، کہ اُس نے مسیح کے اس قول کو اپنے قصر، اور تمام عمارات سرکاری پر کندہ کرا دیا تھا کہ "دوسرون کے ساتھ اسی طرح پیش آؤ، جس طرح تم اُن سے اپنے ساتھ پیش آنے کی توقع رکھتے ہو"۔ یا ایک مرتبہ کسی زمین سے متعلق عیسائیون اور غیر عیسائیون مین

جھگڑا ہوا، اس نے فیصلہ عیسائیون کے حق مین کیا، اس بنا پر کہ انھین معبد بنانا ہی، اور معبد کا حق عام عمارات پر راجح ہی، اس سے بھی بڑھ کر یہ کہ اپنے نج کے معبد مین مسیح، ابراہیم و دیگر اعیان مسیحیت کی پرستش کرتا تھا، اور بہ قول ایک بُت پرست مورخ کے، مسیح کے لیے عام معابد تعمیر کرانے کا قصد رکھتا تھا اس کے بعد فلپ، پانچ سال تک مسند آرائے جہانبانی رہا۔ اس کے زیر حکومت تو عیسائیون کو وہ آزادیان اور سہولتین نصیب ہوئین کہ بہت سے لوگ اسے دل سے عیسائی خیال کرنے لگے۔

اب ہم تیسرے دور کا بھی تبصرہ کر چکے جو ۲۴۹ء مین یا گویا رومہ مین مسیحیت کے داخلہ کے ۲۰۰ سال پر ختم ہوتا ہی۔ یہان تک ہمین اپنی تلاش و تفتیش مین جو کچھ معلومات حاصل ہوئے، ان کے نتائج کو دفعات ذیل کی صورت مین رکھ سکتے ہین:-

(۱) اس دو صد سالہ مدت مین بے شبہ وقتاً فوقتاً عیسائیون پر سخت مظالم ہوئے، لیکن نیرو کے عہد حکومت کو کسی قدر مستثنیٰ کرنے کے بعد کبھی سارے ملک مین مسیحیت کو دبانے کی باقاعدہ و مسلسل کوشش نہین ہوئی، مارکس آریلیس کے عہد مین اسمرنا و لیانس کے صوبون مین اور سیورس کے عہد مین افریقہ و ایشیا کے صوبون مین، تعدیان ہوئین؛ اور ان کے علاوہ کبھی کبھی زلزلہ، سیلاب، یا اور کسی اتفاقی سبب سے خود بت پرست رعایا کی طرف سے دست درازیان ہوتی رہین، لیکن ویسی باضابطہ، مسلسل و مستقل کوشش مسیحیت کے خلاف کبھی نہین ہوئی، جیسی آگے چل کر خود عیسائیون نے اپنے مخالفین کے مقابلہ کے لیے اختیار کی، رومی حکومت مین پشتہا پشت ایسی گزر جاتی تھین جو تعدی و تشدد کے نام سے بھی نہین آشنا ہوتی تھین۔ گال و ایشیائے کوچک مین مارکس آریلیس کے وقت تک ایک شخص بھی شہید نہین کیا گیا۔ اور خود اٹلی مین،

نیرو کی وفات کے بعد مسیحی شہیدون کا شمار چندے بڑھنے نہین پایا۔
(۲) پادری خصوصیت کے ساتھ مظالم کے ہدف تھے، لیکن رسولون کے زمانے کے بعد اُن کا قتل بھی شاذ و نادر ہو گیا۔
(۳) مسیحیت اگر باضابطہ بہ طور ایک مستقل مذہب کے تسلیم نہین کی گئی تو اس کے ساتھ کوئی خاص خصوصیت بھی نہین برتی گئی، بلکہ اکثر حالتون مین اعلی ملکی و جنگی عہدون مین عیسائیون کے لیے کبھی روک تھام نہین ہوئی۔
(۴) سلاطین کی تعداد غالب، یا تو مسیحیت کے صریحًا موافق رہی، اور یا غیر متعلق و ساکت رہی۔
(۵) مشرک ایمۂ مذہب کا خود اپنے حلقے مین برائے نام اثر تھا، اور اسلیے ڈایوکلیشین کے زمانے سے پہلے اُن کا کوئی حملہ عیسائیون پر تعدی مین نہین ہوا۔
(۶) یہ عقیدہ، بجز یہود کے، اور کسی جماعت کا نہ تھا کہ ہر خطاے اعتقادی لایق تعزیر ہے۔ اس لیے جس نقطۂ خیال سے مسیحیون نے بعد کو دوسرون پر تعدی کی، اُسکے لحاظ سے خود اُن پر تعدی کرنے والا کوئی نہ تھا۔ بت پرستون کا بے شبہہ یہ اعتقاد تھا، کہ ملک پر آفات سچے دیوتاؤن کی پرستش نہ کرنے سے آتی ہین، لیکن اس کے باعث عملاً شورشین نادر الوقوع ہوتی تھین۔
(۷) مسیحیون نے اپنے اقتدار کے زمانے مین جو تعدیان کین، ان کے وسائل مختلف تھے مثلاً بچون کی تعلیم و تربیت انھون نے اپنے ہاتھ مین لی، مخالفین کی کتابون کو ممنوع الاشاعت قرار دیا، اور پولیس کے ذریعہ سے مخالفین کی زندگی کے جزئیات تک کو احتساب کے شکنجے مین جکڑ دیا۔ مگر دسیون کے زمانے مین یہ چیزین کبھی نہین اختیار کی گئین، اور نہ اُن کا اختیار کرنا اُس وقت ممکن تھا۔ اُس زمانے مین فوج تو تقریبًا ساری کی ساری سرحد پر رہا کرتی تھی،

اور پولس کے سپاہیون کا شمار اُنگلیون پر ہو سکتا تھا۔ تعلیم و تربیت کا حکومت سے کوئی واسطہ نہ تھا، اس باب مین والدین کو پوری آزادی حاصل تھی۔ کتابون کی اشاعت کو بھی کبھی کسی نے نہین روکا، بجز اس کے کہ ایک بار آگسٹس نے جعلی پیشینگوئیون کی چند جلدین جلوا دین، اور دو ایک بار اور اسی طرح کے استثنائی واقعات پیش آگئے۔

(۸) غرض یہ کہ، بہ حیثیت مجموعی، گرجا کو ایسی سوسائٹی کے درمیان تبلیغ و اشاعت کا موقع ملا جس مین رواداری کا اصول عام تھا، اور جس کے حکمرانون کو کسی مذہب سے کوئی خاص پرخاش یا مخالفت نہ تھی۔

ان حالات کو پیش نظر رکھنے کے بعد، جو تیسری صدی کے وسط تک قائم رہے، یہ ادّعا کس قدر مہمل و مضحک معلوم ہونے لگتا ہے، کہ "شدید ترین تعدّیون کے علی الرغم مسیحیت کا اپنے وجود کو برقرار رکھنا صاف اس امر کی دلیل ہے کہ تائید غیبی و نصرت الٰہی اس کے ساتھ تھی"! اخیر، تعدّیون کی جو حقیقت تھی، وہ تو اوپر گزر چکی لیکن مان لیجیے، کہ وہ جس قدر مبالغہ کے ساتھ بیان کی جاتی ہین، اُسی قدر درست سہی، تو بھی مسیحی حضرات، تخویف و ترغیب، دونون کے اُن وسائل کو کیون نظر انداز کیے جاتے ہین، جو اُن کے پاس موجود تھے جن سے وہ کام لیتے تھے، اور جن کے بل پر وہ بڑی سی بڑی مخالفتون کا بھی مقابلہ کر سکتے تھے، اور اپنی تعداد مین برابر اضافہ کرتے رہ سکتے تھے۔ اور یہ ایک واقعہ ہے کہ اُن کی تعداد مین روز افزون ترقی ہوتی رہتی تھی جس کا خود اُس زمانے کے مصنفین کو کھلے لفظون مین اعتراف ہے مثلاً جسٹن مارٹیر کہتا ہے کہ

"دنیا کی کوئی قوم ایسی نہین، خواہ متمدن ہو یا وحشی، جس مین مسیح کے نام پر جان دینے والے موجود نہ ہون"

ٹرٹولین کے الفاظ رومیون کو مخاطب کرکے، یہ ہین:-

"ہم لوگ ابھی کل عالم وجود مین آئے ہین، لیکن آج دیکھو، تو تمھارے شہر و قریہ، بحر و بر، قلعہ و جزیرہ، عدالتین و دربار، سینیٹ و قصر شاہی، غرض سب ہم ہی سے بھرے ہوے ہین"

یوسیبیس نے شہر روم کے پادری، کورنیلیس کا ایک خط محفوظ رکھا ہی، جس مین روم کے گرجا کے اُن عہدہ دارون کی فہرست مندرج ہی، جو ڈیسیس کی تعدی کے وقت موجود تھے۔ اس سے معلوم ہوتا ہی کہ سب ملاکر ۱۵ عہدہ دار تھے، اور گرجا کی طرف سے ۱۵۰۰ بیواؤن اور محتاجون کی پرورش ہوتی تھی!!

ڈیسیس کی تعدیون کا آغاز ۲۴۹ء سے ہوتا ہی۔ اِن کا مقصد غالباً یہ تھا، کہ ملک سے غیر ملکی عناصر کو خارج کرکے وطنیت و قومیت کی قدیم روح پھر پیدا کی جائے۔ یہ تعدی بیشک پہلی باقاعدہ و مستقل کوشش اس امر کی تھی، کہ سارے ملک سے مسیحیت یکلخت بیخکنی کردی جائے۔ اس تعدی کے ذیل مین جو انسانیت سوز کارروائیان ہوئین، اور جس درندگی و سبعیت کا اظہار کیا گیا، اس کے بیان کے لیے ہمارے پاس الفاظ کافی نہین۔ مختصر کہ عوام کے غضب و انتقام کے جو جذبات مدت سے دبے ہوئے تھے، وہ اب اکبارگی انتہائی قوت کے ساتھ اُبل پڑے، اور حکام نے اپنی اعانت کے دامن سے ہوا دیکر اس آگ کو اور تیز کردیا۔ اس تعدی مین شقاوت کے اصلی مظہر وہ قتل نہین تھے، جو بیدریغ مسیحیون کے ہوتے جاتے تھے، بلکہ وہ ہولناک طریقہ تعذیب کے تھے، جن سے مسیحیون کو ارتداد پر مجبور کیا جاتا تھا، اور کنواری لڑکیون کو جس طرح عذاب دیا جاتا تھا، اس کا تو ذکر بھی ہمارے لیے ناممکن ہی۔ بلکہ قتل سے زیادہ یہ ظالم، تعذیب و عقوبت ہی پر زور دیتے تھے، کیونکہ وہ جانتے تھے، کہ مسیحیون کو فوراً قتل کرڈالنا اُن کے

عقیدے کے مطابق اُن پر احسان کرنا، یعنی درجۂ شہادت دلاتا ہو اس واسطے وہ ان کی جان کم لیتے تھے، مگر ترسا ترسا کر اور طرح طرح کے روح فرسا عذابوں مین مبتلا کر کے زندہ رکھتے تھے۔ یہ طرز عمل تو حکام کا تھا؛ ادھر مسیحیون کا یہ حال تھا کہ مدت سے امن وسکون کی زندگی بسر کرتے کرتے اُن مین ایک طرح کی نامردی آگئی تھی، اور اعتقاد کی وہ قوت و پختگی نہین باقی رہ گئی تھی، جو شروع شروع مین اُن کا خاصہ تھی، بلکہ اب عیسائی زیادہ تر اس بنا پر عیسائی تھے، کہ وہ عیسائی والدین کے گھر مین پیدا ہوئے تھے، اُن کے اُمرا عیش پرستیون مین پڑے رہتے تھے، اور پادریون تک مین حُبّ جاہ کا مرض پھیل گیا تھا۔ ان حالات کا نتیجہ یہ ہوا، کہ معًا ہزارہا عیسائی مرتد ہوگیا۔ تعدی کی کارروائیان جون ہی شروع ہوئین، ہزارون نے حکام کے سامنے آآ کر اپنی بت پرستی کا اعلان شروع کردیا۔ بڑے بڑے گرجاؤن مین اکبارگی سناٹا چھا گیا، اور ہر طرف شرک وارتداد کی گرم بازاری ہوگئی۔ ان مناظر کو دیکھ کر مشرکین فاتحانہ طنز کے ساتھ قہقہہ لگاتے تھے، اور راسخ الاعتقاد پادری دانت پیس پیس کر رہ جاتے تھے۔ یہ عام حالت تھی، ورنہ اس مین بھی مستثنیات ہوتے تھے۔ بعض بعض ضعیف الجثہ مسیحیون نے اس موقع پر اپنی ایمان کی پختگی وعدم تزلزل کا ایسا قطعی ثبوت دیا، جس پر آج بھی سب کو حیرت ہوتی ہے۔ یہ تعدی البتہ بہ حیثیت مجموعی ایسی تھی، جو مسیحیت کو فنا کر دینے کے لیے کافی ہوسکتی تھی، اگر یہ زیادہ عرصہ تک جاری رہتی، یا پیشتر شروع ہوئی ہوتی، تو یقینًا اس کا نتیجہ یہی ہوا ہوتا۔ اور آج مسیح کا نام لینے والا روے زمین پر ایک شخص بھی نہ دکھائی دیتا لیکن اس نے صرف دو سال کی زندگی پائی، اور ہوئی ایسے زمانے مین کہ اس کا مخالف مذہب دو سو سال سے زائد کی عمر حاصل کر چکا تھا۔ ایسے قدیم مذہب کو اتنی تھوڑی مدت مین مٹا دینا ممکن نہ تھا۔

اس تعدی کے مدارج اشتداد، مختلف صوبون مین مختلف تھے کہین انتہائی گرمجوشی تھی، اور کہین معمولی۔ اسکندریہ اور اس کے مضافات مین یہ پورے شباب پر تھی۔ قرطاجنہ مین اول اول کسی کو سزاے موت نہین دی گئی، بلکہ صرف قید و جلاوطنی پر اکتفا کیا گیا۔ لیکن جب حاکم اعلیٰ (پروکانسل) آگیا، تو قتل اور دیگر ہولناک عذابون کی سزائین جاری ہوگئین۔ لوگون کو پادری سینٹ سپرین کے خلاف سخت برہمی تھی۔ انھون نے بڑی مصلحت اندیشی سے کام لیا، کہ شورش کے زمانے بھر روپوش رہے۔ اس تعدی کا مقصد اصلی عیسائیون کو قتل کرنا نہین، بلکہ انھین ارتداد پر مجبور کرنا تھا، اسی کے واسطے طرح طرح کے ہولناک عذاب ایجاد کیے گئے تھے، اور جب یہ سب عذاب بے سود ثابت ہوتے تھے، تو بہت دفعہ اسیرون کو رہائی بھی مل جاتی تھی۔

یہ ڈیسین تعدی مسیحیت کی تاریخ مین اس لحاظ سے بھی اہم ہے، کہ اس مین پہلی بار زمین دوز مقبرون کی بے حرمتی کی گئی۔ یہ وسیع تہ خانہ، جن مین مقبرون کے علاوہ گرجے بھی ہوتے تھے، اور جو فن تعمیر کے لحاظ سے اکثر نہایت خوشنما ہوا کرتے تھے، ہمیشہ مظلوم مسیحیون کے ملجا و مامن رہا کیے تھے، رومی مقننین مسیحیون پر اور خواہ کسی طریقے پر سختیان روا رکھتے، لیکن یہ ان سے نہین ہوسکتا تھا، کہ قبرون کی بے حرمتی جائز رکھین، اس لیے یہ تہ خانہ قانوناً عیسائیون کی ملک قرار پا گئے تھے۔ رومی حکومت کی نظر مین مقابر و مدافن کا اس قدر احترام تھا، کہ اگرچہ وہ کسی طرح کی انجمن سازی کی روادار نہ تھی، تاہم ایسی انجمنون کے لیے اس نے بھی، بہ طور استثنا کے، جواز کا فتویٰ دیدیا تھا، جن کا مقصد اپنے ارکان کی وفات پر اُن کی تکفین و تدفین کا سامان کرنا تھا۔ ان زمین دوز مقبرون کے شمول مین مسیحیون نے چھوٹے چھوٹے گرجے بھی تعمیر کرلیے تھے، تاکہ تعدیون کے وقت اُن مین پناہ

لیکر نمازین پڑھا کرین۔

ڈیسیس کی مدت فرمان روائی کل دو سال کی تھی۔ اور تعدیون کا سلسلہ اس کی وفات سے پیشتر ہی ختم ہو چلا تھا۔ اُس کا لڑکا، گالس دسمبر ۲۵۱ء مین مسند نشین ہوا، اور چند ماہ تک کامل امن رہا۔ اس کے بعد اُس نے بھی اپنے باپ کی سنت کو زندہ کیا، اور ایک سال تک اس کو جاری رکھا، گو اس کے زمانے مین تعدی نے وہ وسعت و شدت نہین حاصل کی، جو اُس کے باپ کے وقت مین تھی۔ دو مشہور پادری کورنیلیس و لوسیس اسی کے عہد مین قتل ہوئے۔ ۲۵۴ء مین عنان حکومت ویلیرین کے ہاتھ مین آئی، اس نے شروع شروع مسیحیون کے ساتھ نہ صرف رواداری کا برتاؤ کیا، بلکہ ان کی خوب خاطر کی۔ چار سال کے بعد اس کی طبیعت نے پلٹا کھایا، اور اب اُسے مسیحیون سے عداوت ہو گئی۔ ایک مصری ساحر میکریینس کے اشارہ پر اُس نے ۲۵۸ء مین یہ فرمان جاری کیا، کہ مسیحی ارکان سینیٹ و عہدہ داران کلیسا قتل کیے جائین، عام عیسائی جلا وطن ہون ان کی جائدادین ضبط ہون، اور زمین دو زمزارون مین جانے سے روکے جائین۔ اس فرمان کی تعمیل خون ریزی کی کارروائیون سے ہوئی۔ اس کے عہد مین سیکسٹس روم کے پادری، اور سایپرین قرطاجنہ کے پادری کو اپنی جانین نذر کرنی پڑین۔ قرطاجنہ کا یہ پہلا پادری تھا، جو ہلاک کیا گیا۔ ۲۶۰ء مین جب ایرانیون نے گالس کو گرفتار کر لیا، گالینس سریر آرا ہوا، اور اُس نے فوراً ہی عیسائیون کے ساتھ پوری رواداری کا حکم دیدیا۔

۲۴۹ء مین ڈیسیس کی تاجپوشی سے لیکر ۲۶۰ء مین گالینس کی تاجپوشی تک کا زمانہ، جس کی تاریخ ہم نے یہان دو لفظون مین بیان کر دی، گرجا کے سخت ترین ابتلا کا زمانہ ہوا ہے۔ اس گیارہ سال کی مدت مین سے پورے چھ

سال تک برابر گرجا پر دست درازیان جاری رہین، گو ان دست درازیون کے مدارج مختلف رہے رابتدا مین تو خصوصًا اس کے شدائد ایسے سخت تھے، کہ اُن سے زیادہ ناقابل تحمل شدائد کی نظیر شاید ہی کہین ملے۔ رفتہ رفتہ ان کی زد خاص پادریون پر ہوگئی تھی، چنانچہ جیسا کہ گزر چکا ہی، چار روی پادریون کی جانین گئین۔ اس تعدی کے اسباب، سیاسی تو تھے، مگر اُن کے علاوہ رعایا کے اس عقیدے کو بھی اس مین بہت دخل تھا، کہ ملک پر آفات و مصائب ناگہانی، عیسائیون ہی کی بیدینی و بداعمالیون کی پاداش مین آتے ہین۔ سیاسی شورش و بدامنی تو جو روی الخطاط کا پیش خیمہ تھی، ملک مین پھیل ہی رہی تھی، مگر اسی کے ساتھ قحط و طاعون کی بھی گرم بازاری تھی۔ مشرکین ان کو دیکھ دیکھ کر اور عیسائیون سے بدظن و برہم ہوتے، لیکن ایک عجیب بات یہ ہی کہ عیسائی بھی انھین طبعی اسباب کا معلول نہین خیال کرتے تھے، بلکہ قرب قیامت کی علامات قرار دیتے تھے۔ سینٹ سایپرین نے اپنے ستانے والون کو مخاطب کر کے جو رسالہ لکھا ہی، اُس سے یہ حقیقت آشکارا ہو جاتی ہی کہ خود مسیحی ان حوادث کی کیا تعبیر کرتے تھے۔ سینٹ موصوف کو اس کا پورا یقین ہی کہ قیامت کے دن آگئے۔ وہ کہتا ہی کہ "دیکھو، قرب قیامت نے کیسا نظام کائنات کو درہم و برہم کر رکھا ہی؛ قوانین قدرت نے مستعدی کے ساتھ عمل کرنا چھوڑ دیا ہی؛ آفتاب مین نہ وہ اگلی سی آب و تاب رہی، اور نہ زمین مین وہ قوت پیداوار رہی؛ اب نہ موسم بہار مین وہ لطف و خوش فضائی رہی ہی، اور نہ برسات مین وہ شادابی و زرخیزی؛ انسان کی قوتون نے جواب دیدیا ہی، اور ہر شی فنا کی طرف تیزی سے روان ہی۔ قحط و طاعون، قیامت کے مقدمات ہین، جو دنیا پر اس لیے نازل کیے گئے ہین کہ بت پرست دنیا کو گمراہی اور حق پرستون کو تکلیف دینے کی سزا دین۔ چنانچہ جب جب مسیحیت پر تعدی کی گئی ہی، ہمیشہ

قہر الٰہی کسی نہ کسی شکل مین ظاہر ہوا ہی۔ غرض اسی طرح کی باتون سے سارا رسالہ لبریز ہی۔ سنیٹ کو اس کا کبھی بھولے سے بھی خیال نہین آتا کہ مسیحیت کو ایک روز کامیابی و جہانگیری حاصل ہوگی۔ اُسے اگر کسی فتح و کامیابی کا یقین ہی، تو وہ عالم آخرت کی کامیابی ہی، جبکہ اس عارضی دنیا کے ستانے والے مشرکین سخت سے سخت دائمی عذاب کا شکار ہون گے، اور مسیحی، دنیا کی ہنگامی تکالیف جھیلنے کے صلہ مین جنت کے لطف اُٹھائین گے۔ مشرکین کے لیے اب بھی موقع ہی کہ توبہ و استغفار کرکے نجات اخروی کے مستحق ہوجائین۔

گالیلنس کی تاجپوشی کی تاریخ سے مسیحیون کے لیے پھر امن کامل کا دور شروع ہوتا ہی، جو ایک برائے نام استثنا کے ساتھ پورے چالیس سال تک قائم رہا۔ اس برائے نام استثنا سے ہماری مراد یہ ہی کہ آرلیین، جو اپنی عہد حکومت مین عرصۂ دراز تک مسیحیون پر حد درجہ مہربان رہا، بلکہ جس کی دلچسپی و مہربانی یہانتک بڑھ گئی تھی، کہ پادری لوگ اپنے اندرونی انتظامات مین اس سے استعانت کرنے لگے تھے، اس نے اپنی حکمرانی کے ختم ہونے کے قریب اکبارگی اپنا رجحان طبیعت بدل دیا اور مسیحیون کے لیے تعزیری احکام جاری کردیے۔ لیکن قبل اس کے کہ وہ ان پر احکام اپنے دستخط ثبت کرے، یا ان احکام کی دفتر سے اشاعت ہو، وہ قتل کرڈالا گیا، اور اس کے احکام کالعدم ہوگئے۔ غرض اس چہل سالہ دور مین مسیحیت کو ہر طرح ترقی ہوتی رہی۔ اس درمیان مین مسیحیون کو نہ صرف پوری آزادی حاصل رہی، بلکہ ملک مین ان کا اعزاز و اقتدار بھی برابر بڑھتا رہا۔ صوبون کی گورنری عیسائیون کو ملنے لگی، اور قربانی وغیرہ مشرکانہ مراسم سے وہ مستثنیٰ کردیے گئے۔ ملکی حکام، پادریون کا خاص احترام کرنے لگے۔ شاہی محل مین کثرت سے عیسائی خدمتگار داخل ہوگئے، جنھین اپنے

مذہب پر قائم رہنے کی پوری اجازت حاصل تھی، اور جن کی دیانت و وفاداری، شک و اشتباہ سے ارفع تھی۔ عوام کی برہمی و بدظنی بھی دب گئی تھی، اور مسیحیون کے حلقے مین روز افزون اضافے پر کسی قسم کی مخالفت یا برہمی نہین ہوتی تھی بڑے بڑے وسیع گرجے ہر شہر مین تعمیر ہونے لگے، اور وہ بھی نمازیون کی کثرت کے سامنے ناکافی ٹھہرتے تھے۔ اکیلے شہر روم مین چالیس گرجے تھے۔ یہ سچ ہے کہ بت پرستون کے مقابلے مین اب بھی اُن کا شمار کم تھا، لیکن جو یکجہتی، جو انضباط، جو سرگرمی، ان مین تھی، اس کے لحاظ سے ان کی کامیابی یقینی معلوم ہوتی تھی۔

لیکن اس آخری و قطعی کامیابی سے قبل ابھی ان کو ایک اور سخت ابتلا و آزمایش سے گزرنا باقی تھا۔ ڈایوکلیٹن تعدیون کے لیے عموماً بہت بدنام ہے لیکن دراصل ان کی ذمہ داری، خاص اس کی ذات پر نہین، بلکہ زیادہ تر اس کے شریک و سہیم گیلیریس پر ہے۔ ڈایوکلیٹن نے اپنے عہد حکومت مین پورے ۱۸ سال تک مسیحیون کے ساتھ کامل رواداری کا برتاو رکھا، لیکن اس مدت کے بعد اسے خیال پیدا ہوا، کہ ملک سے غیر ملکی عناصر کو خارج کر دیا جائے۔ یہ تاجدار محض اپنے ذاتی کمالات کی بنا پر، بہت ہی معمولی درجے سے ترقی کر کے تخت شاہی تک پہونچا تھا، اپنی روزانہ زندگی مین نہایت سادگی سے بسر کرتا تھا، اور بدرجہ غایت رحیم، اعتدال پسند، اور منکسر المزاج تھا۔ خیر یہ باتین تو مارکس آرلیس و انٹونینس مین بھی تھین، لیکن اُن لوگون پر جمہوریت کی روایات اور واقعیت کا فلسفہ اس قدر چھایا ہوا تھا، کہ وہ بہت اچھے مدبر تھے اور تدبر سلطنت اور پالیسی پر کوئی دیرپا اثر نہ چھوڑ سکے۔ یہ خلاف اس کے ڈایوکلیٹن ایک اعلیٰ درجہ کا مدبر ہی تھا جو اپنے تمام انتظامات و قوانین مین مستقبل کو بھی پیش نظر رکھتا تھا، اور قدیم نظامات کو موجودہ تمدن کے موافق ڈھالنا چاہتا تھا۔ اسی نقطۂ نظر سے اُس نے یہ دیکھ کر کہ رومیون کا

انحطاط اب رُکتا نہین معلوم ہوتا، ان مین ایک نئی روح پھونکنے کی اس طور پر کوشش کی کہ بجاے روم کے اطراف کے شہرون کو، جن کی حالت ابھی نسبتہً اصلاح پذیر تھی، حیات سیاسی کا مرکز بنا دیا، اور نکومیڈیا، قرطاجنہ، میلان، راوینا، وغیرہ اُس کی خاص عنایات سے مستفیض ہونے لگے۔ اسی کے ساتھ اُس نے دراصلاحین شروع کین، جمہوریت کے جو قدیم و بیکار نظامات باقی تھے، اُنھین اُس نے شکست کر دیا، نظام سلطنت مین مشرقیت کی آمیزش کر دی، سلطنت کو چار حصون مین تقسیم کر کے ہر حاکم کی قوت کو محدود کر دیا، صوبون کی حکومت کی نگرانی کے کام کو آسان کر دیا، فوج کی بغاوت و غدر کا دھڑکا جو ہر وقت لگا رہتا تھا، اُسے توڑ دیا، ٹکس کی تشخیص و تحصیل کے لیے بالکل نئے قواعد جاری کیے، اور تجارتی کاروبار کے لیے بھی ایک جدید آئین تیار کیا۔ اس مزاج کے حکمران کے لیے، جو ہر صیغہ مین اصلاحات و تغیرات کر کے رومیون مین قومیت و وطنیت کی روح از سر نو پھونکنا چاہتا تھا، یہ فکر لازمی تھی، کہ مسیحیت جیسے قومیت شکن و وطنیت کش مذہب کا استیصال کرے۔ اس پر مستزاد یہ ہوا کہ ڈایوکلیٹین کی خلقت ہی مسیحی تعلیمات کے بالکل برعکس واقع ہوئی تھی، تلون، و مشرکانہ وہم پرستی اس کے سرشت مین داخل تھی، اور سب سے بڑھ کر یہ کہ یہ فوج کے مطالبات سے ہمیشہ مرعوب و خایف رہا کرتا تھا، اور فوج کے جذبات، یکسر مسیحیون کے خلاف برانگیختہ تھے۔

یہ کیفیت تو ڈایوکلیٹین کی تھی۔ رہا اسکا شریک و سہیم گیلیریس تو وہ مسیحیت کا جانی دشمن تھا کچھ تو اس سبب سے، کہ اپنی والدہ کے اثر سے اُسے بت پرستی کے ساتھ خاص شغف و انہماک تھا، اور کچھ اس سبب سے، کہ بہ قول مسیحی مصنفون کے، وہ طبعًا حد درجہ کا شقی القلب، آزار دوست، شہوت پرست

وتند مزاج واقع ہوا تھا۔ اسکی سربراہی مین، دربار کی وہ پارٹی جو بت پرستون کی دشمن تھی، خوب زور پکڑ گئی۔ یہ وہ زمانہ تھا جبکہ ملک کا فلسفیانہ مسلک نیشا غوریت داشراقیت جدید ہوگیا تھا، جس کے ائمہ ومجتہدین مسیحیت کے سخت مخالف تھے۔ اسی کے ساتھ یہ خیال بھی پیدا ہوا، کہ سیاسی حیثیت سے بھی مسیحیون کا زور توڑنا چاہیے، کیونکہ اس مین شبہ نہین، کہ اسوقت مسیحیون کو خاص اقتدار حاصل ہوگیا تھا۔ ڈایوکلیشین کی بیوی اور لڑکی اگر مسیحی ہو نہین گئی تھین، تو نیم مسیحی ضرور تھین، متعدد ارکان دربار علانیہ اپنی مسیحیت کا اقبال کرتے تھے، نکومیڈیا مین قصر سلطانی کے جواب پر ایک عظیم الشان گرجا تعمیر ہوچکا تھا، پادریون کو تقریباً ہر شہر مین ایک خاص نفوذ واقتدار حاصل ہوگیا تھا، جس سے اکثر اوقات طریقون پر کام لیا جاتا تھا، جا بجا متعصب مسیحیون نے مشرکون کے معابد کی توہین بھی کر ڈالی تھی، اور بعض مرتبہ مسیحیون نے فوج مین بھرتی ہونے سے اس بنا پر انکار کردیا تھا، کہ سپاہیانہ زندگی اُن کے مذہب کی تعلیمات کے منافی ہے۔ غرض یہ تمام اسباب ایسے جمع ہوگئے تھے، جو مسیحیون پر تعدی کے قوانین کے نفاذ مین ممد ومعین ہوئے۔

ایک عرصہ دراز تک، تو ڈایوکلیشین وگیلیریس کے اصرار کا مقابلہ کرتا رہا، اور اس اثنا مین مسیحیون پر کچھ سختی ہوئی وہ یہ تھی، کہ کچھ مسیحی افسران فوج برطرف کردیے گئے لیکن ۳۰۳ء مین ڈایوکلیشین، پوری طرح اپنے شریک سلطنت کی رفاقت پر آمادہ ہوگیا، اور ایک شدید تعدی جاری ہوگئی۔ اسی زمانے مین بعض خارجی اسباب بھی ایسے جمع ہوگئے، جنھون نے اس تعدی کو اور تیز کردیا، مثلاً اپولو کی دارالاخبار سے ڈایوکلیشین کو حکم ملا، کہ مسیحیون پر تعدی شروع کرے، یا ایک عیسائی نے ایک بار تعزیری فرمان کو نوچ ڈالا، اور اس کے بجائے بادشاہ کے متعلق کچھ کلمات طنز

چسپان کردیے نکومیڈیا کے قصر شاہی مین، جہان دونون فرمان روا رہتے تھے، عیسائیون نے دومرتبہ آگ لگادی، اور تمام مین شورشین برپا کین۔ ان حالات کا نتیجہ یہ ہوا کہ پے در پے تعزیری فرامین جاری ہونا شروع ہوگئے۔ پہلا فرمان یہ تھا، کہ تمام گرجے منہدم کردیے جائین، تمام انجیلین، سوخت کردی جائین، مسیحیون سے ملکی حقوق سلب کرلیے جائین، اور وہ عبادت کے لیے خفیہ طور پر کہین مجتمع ہون، تو قتل کرڈالے جائین۔ دوسرا فرمان یہ شایع ہوا، کہ تمام پادری گرفتار کرلیے جائین، اور تیسرے اور چوتھے کا ماحصل یہ تھا، کہ تمام عیسائیون کو قربانیان کرنے پر مجبور کیا جائے۔ اول اول ڈایوکلیٹین نے اس کی خاص کوشش کی تھی، کہ جانین نہ ضایع ہون، لیکن نکومیڈیا مین آتش زنی کے بعد اُس نے یہ قید اُڑادی۔ صدہا قیدی زندہ جلادیے گئے، اور واقعی یہ سزاے موت ہولناک عذابون کے مقابلے مین ہزار درجہ غنیمت تھی۔ ایک صوبہ گال ایسا تھا، جو اکیلا ان تعدیون سے بچا ہوا تھا، گو مارکس آرلیس کے زمانے مین وہ ان کا مزہ چکھ چکا تھا۔ آج کل وہان کا گورنر کلورس تھا، جو مسیحیون کو جسمانی عذاب سے امن دیے ہوئے تھا، گو فرمان سلطانی کی تعمیل مین اُسے گرجاؤن کو تو بہرحال منہدم کرنا ہوتا تھا۔ اسپین مین بھی، جو اسی کلورس کے زیر اثر تھا، تعدیون کا زور کم تھا، ورنہ ملک کے اور تمام صوبون مین تو وہ پوری قوت کے ساتھ جاری رہین تا آنکہ ۳۰۵ء مین ڈایوکلیٹین تخت سلطنت سے علیحدہ ہوگیا۔ اس کے ہٹتے ہی مغربی صوبون مین تو امن ہوگیا، البتہ مشرقی صوبون مین جو اب تنہا گیلیریس کی حکومت مین آگئے تھے، عیسائیون پر بیحد تشدد ہونے لگا۔ آزار و ایذا، تعذیب و عقوبت کے طرح طرح کے نئے نئے طریقہ استعمال کیے جاتے تھے، جنمین سے ایک طریقہ یہ تھا، کہ دھیمی دھیمی آنچ مین زندہ عیسائیون کو بھونا جاتا۔ یہ عذاب ۳۱۱ء مین رُکا اور رُکنے کا سبب یہ ہوا، کہ گیلیریس، جو مسیحیون کا اعدعدو

ایک عجیب دردناک مرض مین گرفتار ہوا۔ سارے جسم مین ناسور پڑ گئے تھے، جن سے زخم سڑ گئے تھے، اور اُن مین کیڑے پڑ گئے تھے۔ گویا سارا جسم ایک بڑا پھوڑا ہو گیا تھا جس مین لاکھون کیڑے بجبجاتے تھے، اور جسم سے سخت بو اور تعفن آتی تھی۔ طبیب پر طبیب بدلے جاتے تھے، ایک ایک مندر اور دیوتا سے رجوع کیا جاتا تھا، مگر کچھ فایدہ نہین ہوتا تھا۔ بالآخر مسیحی تعدیون سے اُس نے توبہ کی، تعزیری قوانین کو منسوخ کیا، مسیحیون کو پوری آزادی دی، گرجاؤن کی تعمیر کی اجازت دی، اور اُن سے التجا کی کہ اس کی صحت کے لیے دعا کرین، اس واقعہ پر تعدیون کا دور ختم ہوا۔ بے شبہ ایک بار پھر ایشیاے کوچک مین یہ فتنہ شروع ہو چلا تھا، مگر فوراً ہی دب گیا۔ قسطنطین کی تخت نشینی ۳۱۲ء مین میلان کا فرمان، لیسینیس کی شکست، اور قسطنطین کا اصطباغ، یہ سب واقعات یکے بعد دیگرے سُرعت کے ساتھ پیش آتے گئے، تا آنکہ روم کا ملکی مذہب مسیحیت ہو گیا۔

گرجے پر آخری، اور سب سے شدید تعدی کی اجمالی تاریخ جس قدر صحت کے ساتھ ہمارے امکان مین تھی، اوپر گزر چکی۔ اب آخر مین اس کی صحت و اہمیت کے متعلق چند ضروری معروضات پیش کر کے یہ باب ختم کیا جاتا ہے۔

(۱) سب سے زیادہ ناظرین کو اس امر کا خیال رکھنا چاہیے، کہ آج اس تعدی کے اصل محرکات، اور اس کے مظلومون کی تعداد سے متعلق کوئی صحیح اور قطعی اطلاع نہین حاصل ہو سکتی۔ فریق ثانی یعنی بت پرستون کی کوئی تصنیف آج اس بحث مین موجود نہین، اس لیے ہمارے جو کچھ بھی معلومات ہین مسیحی ذرایع سے آئے ہوئے ہین، اور ان مین بھی ہمارے مآخذ صرف دو ہین:- ایک یوسیبیس کی تاریخ، اور دوسرے لیکٹینٹس کا رسالہ اہل تعدی کی موتون سے متعلق۔ اِن

دونون کا بھی یہ حال ہی، کہ یوسیبیس اگرچہ اپنے زمانے کے معیار سے ایک عالم و وسیع النظر شخص تھا، تاہم اُس نے اس کا کبھی غلط دعویٰ نہین کیا کہ اُس نے یہ کتاب مورخانہ بے تعصبی و ناطرفداری کے ساتھ لکھی ہی، بلکہ وہ غریب صاف صاف کہتا ہی کہ "اس تصنیف مین مین اُن واقعات کو بی گیا ہون، جن سے گرجا کی اہانت ہوتی تھی" رہے لیکٹینٹیس، تو ان کے رسالہ کو آج کل کی اصطلاح مین ایک "پارٹی پمفلٹ" کہنا زیادہ موزون ہوگا۔ اس مین اول سے لیکر آخر تک ہر جگہ یہی دکھلایا گیا ہی، کہ مسیحیون کو آزار پہونچانے والون کا کتنا بُرا انجام ہوا، اور اس کے ایک ایک لفظ سے مبالغہ و تعلّی کی جھلک نظر آتی ہی۔ مآخذ صحیح کے اس فقدان، اور مآخذ موجودہ کے اس ضعف نے تعدیون کی تاریخ کو ایک مجموعۂ اکاذیب بنا دیا ہی۔ کچھ غلط بیانیان تو قصداً داخل کی گئین، اور کچھ اُن پر خوش اعتقادیون نے رنگ چڑھایا، چنانچہ جوجو زمانہ گزرتا گیا، یہ رنگ اور پختہ ہوتا گیا۔ ایک ہی واقعہ بیسیون طرح پر رنگ آمیزیون کے ساتھ بیان کیا جانے لگا۔ عجیب عجیب و دراز کار قصّہ، مثلاً یہ کہ ٹریجن کے عہد مین دس ہزار عیسائی کوہ ارارات پر قتل کر ڈالے گئے، داخل تاریخ سمجھ لیے گئے۔ اس عقیدہ نے کہ یہ تعدیان قرب قیامت کی علامات ہین، نیز اس نے کہ شہدا کی ہڈیون مین عجیب تاثیرین و خواص ہوتے ہین مبالغہ آمیزیون کو اور ترقی دیدی، اور ایک ایک قریہ نے اپنے لیے ایک شہید مرد پیدا کر لیا۔ رُوینارٹ نے تاریخ کو قصہ کہانیون سے الگ کرنا چاہا، لیکن شاید اس کوشش مین پوری کامیابی ناممکن ہی، ڈاڈول کا مضمون، جو سترھوین صدی کے آخر مین شایع ہوا، اگرچہ بجاے خود بہت سے اغلاط کا مجموعہ ہی، تاہم اس نے قدیم روایات کو خوب پرکھا ہے، اور گبن نے اپنی کتاب مین جو خاص باب اسی موضوع پر لکھا ہی، اس نے ڈاڈول کی تحقیقات کو اور چمکا دیا ہی۔ بہرحال بہ حیثیت مجموعی

یہ کہا جا سکتا ہے، کہ جدید تحقیقات و تلاش نے اصلی حالات کو بہت کچھ آئینہ کر دیا ہے، اور پچھلی روایات کی ایک کافی حد تک تنقید و تصحیح ہو گئی ہے۔

(۲) دوسری بات یہ ہے، کہ باوجودیکہ ہم نے اس باب مین معلومات کا پورا ذخیرہ اکٹھا کر دیا ہے، اور اُن کے فراہم کرنے مین انتہائی احتیاط و تحقیق سے کام لیا ہے، تاہم میرا خیال ہے کہ ناظرین اس کے خاتمے پر بغیر غیر مطمئن و متنفر ہوئے نہین رہ سکتے۔ مورخ کا قلم جس سرد مہری کے ساتھ غریب و مظلوم شہدا کے افسانۂ خونین کو بلا ان سے کسی قسم کے اظہار ہمدردی کے ضبط تحریر مین لاتا ہے، اس سے یقیناً فیاض و رحیم مزاج ناظرین کے جذبات کو صدمہ پہونچتا ہے؛ ساتھ ہی اگر وہ مقتولین کے شمار سے ان تعدیون کے شدائد کو قیاس کرنا چاہین تو یقیناً ان کا اندازہ غلط ہو گا۔ مورخ تو یہ جانتا ہے، کہ اگرچہ پادری ان تعدیون کے خاص ہدف تھے، تاہم ڈایوکلیٹین کے پُر آشوب عہد مین مقتول پادریون کی تعداد کُل ۹ تھی، اور گیلیریس کے زمانے مین کل مسیحی مقتولین کا شمار صرف ۹۲ تک پہونچا تھا، ان اعداد سے گبن نے حساب لگایا ہے، کہ ڈایوکلیٹین کے زمانے مین ملک بھر مین شہدا کی مجموعی تعداد تقریباً ۲۰۰۰ ہوئی ہو گی حالانکہ خود مسیحیون کے زمانے مین ایسین کے محکمۂ احتساب کے حکم سے اکیلے تورکیڈا کی زیر صدارت ۲۰۰۰ نفوس زندہ جلا دیے گئے، (اور ۱۰۰۰ ہزارہا اشخاص جنھون نے مختلف شدائد کے بعد اپنے عقاید سے توبہ کر لی اُن کا ذکر نہین) اور چارلس پنجم کے عہد مین شہدا کا شمار تو تقریباً ۵۰۰۰۰ تک پہونچا تھا۔ غرض جہان تک مقتولین کی تعداد کا تعلق ہے، مشرکانہ تعدیان مسیحی تعدیون کے مقابلے مین بہت ہی ہلکی تھین، لیکن اگر مقتولین کے عددی معیار سے قطع نظر کر کے شدائد و تعذیبات کے لحاظ سے دیکھا جائے گا، تو یقیناً مشرکانہ تعدیون کا پلہ بدرجہا وزنی نکلے گا۔

اس مین شبہ نہین مشرک حکام مسیحیون کے ساتھ اکثر نہایت رحم دلی کا برتاؤ کرتے تھے،
اُن کے ساتھ خاص طور پر رعایت کرتے تھے، قانون کی گرفت سے بچنے کی
اُنھین طرح طرح کی ترکیبین بتاتے تھے، قید کی حالت مین انھین بھاگ
جانے کے موقع دیدیتے تھے، اُن کی عورتون کو قید کی حالت مین بھی برابر
اُن سے ملنے جلنے دیتے تھے۔ لیکن باایںہمہ یہ بالکل قطعی ہی، کہ مسیحی جن دردناک
عذابون مین بھی مبتلا کیے جاتے تھے، اور جو ناقابل بیان شدائد اُن پر ڈالے
جاتے تھے، اُن کے آگے مسیحی محکمۂ احتساب کے کارنامے بالکل ماند پڑجاتے
ہین۔ یہ سچ ہی، کہ آگ مین زندہ جلانا، اور خصوصًا جشن یا تہوارون کے موقع پر مسیحی
احتساب کا خاص کارنامہ تھا؛ تاہم ظالمون کی جس شقاوت، اور مظلومون کی
جس مردانگی و استقلال کا نمونہ مشرکانہ تعذیبون کے زمانے مین ملتا ہی، اُس کی
نظیر اور کہین نہین ملتی۔ ایک زمانہ تھا، جب رومیون کو اس پر فخر تھا اور بجا فخر
تھا، کہ اُن کے ضابطۂ تعزیرات مین تعذیب وعقوبت کی مطلق گنجایش نہین؛
لیکن آخر زمانے مین ان کا یہ فخر جاتا رہا تھا، اور مناظر سیانی کے وہ رفتہ رفتہ
ایسے خوگر ہوگئے تھے، کہ ان کے قلوب پر شقاوت وقساوت مسلط ہوگئی تھی،
اور اُنھین سفاکیون، بیدردیون اور خون آشامیون مین وہی مزا آنے لگا تھا
جو آج شاید افریقہ کے وحشیون کو آتا ہو تو ہو، ورنہ اور تو کسی انسان کو نہین
آتا۔ یہ اسی طبیعت کا نتیجہ تھا، کہ مسیحی، لوہے کی سرخ انگارہ کرسیون پر
بٹھلائے جاتے تھے، اور اُن کے بھنتے ہوئے گوشت سے دھوان اُٹھتا تھا؛
اُن کا گوشت لوہے کے کانٹون کی مدد سے اُن کی ہڈیون سے کھرچا جاتا تھا؛
ان کے گرجاؤن کی کنواریان، سیانون کی شہوت پرستیون کی نذر کردی جاتین؛
یا کسی نایکہ کے حوالے کردی جاتی تھین، دھیمی دھیمی آگ مین وہ گھنٹون اس طرح

بھونے جاتے تھے، کہ اس عذاب کے مقابلے مین اکبارگی اُنھین قتل کر ڈالنا
اُن پر رحم کرنا تھا، ایک ایک عضو دوسرے سے کاٹ کر الگ کیا جاتا تھا،
اور اس مین جلتا ہوا سیسہ پلا دیا جاتا تھا، ان زخمون پر نمک مرچ اور سرکہ ڈالا
جاتا تھا، یہ عذاب سارے سارے دن جاری رکھے جاتے تھے، اور ایک مرتبہ تو
یہانتک ہوا کہ ۲۲ آدمی اس حالت مین باہر نکالے گئے، کہ ان مین سے
ہر شخص کی ایک ایک آنکھ اپنے حدقہ سے باہر نکال لی گئی ہی، اور ایک ایک
پیر سے ایک گوشت کا لوتھڑا سرخ انگارہ لوہے سے کاٹ لیا گیا ہی۔ یہ دردناک
عذاب جن کے سننے سے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہین، نازل کیے جاتے تھے
اور مرد و عورتین، بلکہ کمزور و نازک لڑکیان تک انھین برداشت کرتی تھین،
حالانکہ صرف ایک لفظ انکار سے وہ ان سے بچ سکتی تھین۔ یہ سب کیون؟
محض اپنے آقاے آسمانی کی رضا کی خاطر، محض راہ حق پر قائم رہنے کے لیے۔
پس، پادریون کی حرکتون کے بارے مین ہم خواہ کچھ ہی راے قائم کریں، ہم مین
سے ایسا کون ہی، جو ان شہیدان راہ حق پرستی کے متعلق کوئی بے ادبی کا خیال
اپنے ذہن مین لا سکتا ہی؟

۸ بجے صبح ۲۰ نومبر ۱۹۱۵ء

Socrates	سقراط	Tiberius	ٹائبریس
Spinoza	اسپنوزا	Timagenes	ٹایمیجنس
Stael, Madame	میڈم اسٹیل	Tiro	ٹایرو
Statius	اسٹیشیس	Titus	ٹائیس
Stewart, Dugald	ڈیوگالڈ اسٹوارٹ	Trajan	ٹریجن
Stilpo	اسٹلپو	Tucker	ٹکر
Strozzi	اسٹروزي	Tundale	ٹنڈیل
Suetonius	سیٹونیس	Ulphilas	الفیلاس
Swinburne	سوینبرن	Ulpian	الپین
Symmachus	سیمیکس	Valerian	ولیرین
Synesius	سینسیس	Valerius Maximus	ولیریس
Tacitus	ٹیکیٹس	Varro	ویرو
Telemachus	ٹیلیمیکس	Vespasian	وسپیسین
Telesphorus	ٹیلسفورس	Virgil	ورجل
Tertullian	ٹرٹولین	Vitalius	ویٹیلیس
Thalasius	تھیلیسیس	Voltaire	والٹیر
Theodebert	تھیوڈي برٹ	Warburton	واربرٹن
Theodoric	تھیوڈورک	Wollaston	ولاسٹن
Theodorus	تھیوڈورس	Xenocrates	زنوکریٹس
Theodorus,	سینٹ تھیوڈورس	Xenophon	زنافن
Theodosius	تھیوڈوسیس	Zeno	زینو
Theon, St.	سینٹ تھیون	Zeus	زئوس
eresa, St.	تھریسیا	Zosimas	زوسی ماس

Newul Kishore Press, Lucknow—No. 1244 of 1917.

Philip	فلاپ	Reid	ريڈ
Phocas	فوكس	Romuald, St.	سينٹ روموالڈ
Phocion	فوشين	Sabinus, St.	سينٹ سيبنس
Phrynicus	فرينيكس	Salamis	سيلامس
Pilate, Pontius	پائيليٹ	Sallust	سالوسٹ
Pior, St.	سينٹ پيور	Scifi, Clara	سسيفي
Plato	فلاطون	Sedgwick	سيجوک
Pliny	پلينی	Sejanus	سيجانس
Plotinus	پلوٹينس	Seneca	سينيكا
Plutarch	پلوٹارک	Severus	سورس
Poemen	پيمن	Severus, Septimus	سيورس
Polybius	پوليبيس	Sextius	سيكسٹيس
Polycarp	پولی كارپ	Shaftesbury.	شيفٹسبری
Pompey	پامپی	Shakespeare	شيكسپير
Poppaea	پوپيا	Sighebert	سجبرٹ
Porcia	پورشيا	Silius Italicus	سيليس
Porphyry	پارفری	Sylvia	سلويا
Possevin	پوسوين	Simeon, Bishop	پادری سيميون
Pothinus	پوتھينس	Simeon Stylites, St.	سينٹ سيميون
Prometheus	پرومينھيس	Sismondi	سسموندی
Protagoras	پروٹوگورس	Sisoes	سسويس
Protasius	پروٹيسيس	Sixtus, Bishop	پادری سيكسٹس
Pythagoras	فيثاغورث	Sixtus, V, Pope	سيكسٹس پوپ پنجم
Regulus	ريگولس	Smith, Adam	ٹم اسمتھ

Martin of Tours, St.	سینٹ مارٹن آف ٹور
Mary, St.	سینٹ میری
Mary, the Virgin	مریم باکرہ
Maurice	ماریس
Maxentius	میکزینٹیس
Maximilianus	میکزیملنس
Maximinus	میکزیمنس
Maximus of Tyre	میکزیمس آف ٹائر
Melania, St.	سینٹ ملینیا
Melito, St.	سینٹ میلیٹو
Miletus	ملیٹس
Mill, James	جیمس مل
Mill, J. S.	مل
Molinos	مولینوس
Monica, St.	سینٹ مونیکا
More, Henry	هنري مور
Musonius	موسونی اس
Napoleon	نیپولین
Nero	نیرو
Nilus, St.	سینٹ نیلس
Nolasco, Peter	نولاسکو
Numa	نوما
Ockham	اوکہم
Odin	اوڈن
O'Neale	اونیل
Origen	اریجن
Otho	اوتو
Ovid	اوڈ
Pachomius	پیکومیس
Paetus	پیٹس
Paley	پیلی
Pambos, St.	سینٹ پیمبوز
Pammachus	پیمیکس
Panaetius	پینیٹیس
Pascal	پیسکل
Paul, St.	سینٹ پال
Paul, the Hermit	پال راهب
Paul, St. Vincent de	سینٹ ونسنٹ ڈی پال
Paula	پال
Paulina	پالینا
Pelagia	پیلیجیا
Pelagius	پیلیجیس
Pepin	پیپن
Peregrinus	پریگرینس
Pericles	پیری کلس
Perpetua, St.	سینٹ پرپھوٹیوا
Perugino	پروگینو
Petronius	پٹرونیس

Hutcheson	هيچسن
Hypatia	هاپيشيا
Iamblichus	ائمبليكس
Ignatius, St.	سينت اگنيشيس
Irenaeus	آيرنيس
Isidore	آيسيذور
James, the Apostile	جيمس
James, St.	سينت جيمس
Jenyns, Soame	سوم جينس
Jerome, St.	سينت جروم
Joffre, Juan	جون ژوفرے
John the Hermit	جان راهب
John, St.	سينت جان
John XXIII, Pope	جان پاپاے ۲۳
Johnson, Dr.	ڈاکٹر جانسن
Julian	جولين
Julen L'Hospitalier	جولين لی هاسپيٹيليير
Justinian	جسٹينين
Justin Martyer	جسٹن مارٹر
Juvenal	جوينل
Kames, Lord	لارڈ کيمس
Labienus	لابينس
Lactantius	ليکٹينٹيس
Laetorius	ليٹوريس
Leibnitz	لايبنٹز
Leo the Isaurian, Pope	پوپ ليو
Leonardo da Vinci	ليونارڈو ڈا ونسي
Locke, John	جان لاک
Lombard, Peter	پيٹر لومبرڈ
Longinus	لانگينس
Lucan	لوسن
Lucius	لوسيس
Lucretius	لکريشيس
Luther	لوتھر
Lyons	ليانس
Macarius	ميکيريس
Mackintosh	ميکنتاش
Macrianus	ميکريانس
Macrina, Caelia	کيليا ميکرينا
Maecenas	ميسيناس
Mallonia	ميلونيا
Malthus	مالتھس
Mandeville	ميندیول
Manilius	مينيليس
Marcellinus	مارسيلينس
Marcia	مارسيا
Marcian, St.	سينٹ مارسين
Marcus, St.	سينٹ ماركس

Eusebius	یوسیبیس
Eusebius, St.	سینٹ یوسیبیس
Eusathius, St.	سینٹ یوستھیئس
Evagrius	اویگریس
Fabianus	فیبیانس
Fabiola	فیبیولا
Fabius	فےبیس
Fabius Pictor	فےبیس پکٹر
Faustina	فاسٹینا
Felicitas, St.	سینٹ فیلی سیٹس
Fenelon	فینلن
Flavianus, Bishop	بشپ فلیوانس
Francis	فرانسس
Fredegonde, Queen	ملکہ فریڈیگونڈ
Galerius	گیلریس
Gall, St.	سینٹ گال
Gallienus	گالینس
Gallus	گالس
Gaul	گال
Gay	گے
George of Cappadocia	جارج آف کیپیڈوسیا
Germanicus	جرمینیکس
Germanus, St.	سینٹ جرمینس
Gervasius	جرویسیس
Gibbon	گبن
Gracchi	گریکسون (۱)
Gregory the Great	گریگوری اعظم
Gregory of Nyssa	گریگوری آف نیازا
Gregory of Tours	گریگوری آف ٹور
Gundebald	گنڈابالڈ
Guy	گے
Hadrian	ھیڈرین
Hall, Robert	رابرٹ ھال
Hartley	ھارٹلی
Hegesius	ھیجیسی اس
Heliogabalus	ھلیوگیبلس
Helvetius	ھلویٹیس
Herbert of Cherbury	ھربرٹ آف چربری
Hercules	ھرکیلس
Hereford	ھرفرڈ
Hilarius, St.	سینٹ ھیلیریس
Hildebrand	ھلڈیبرانڈ
Hobbes	ھابس
Homer	ھومر
Horace	ھوریس
Hume	ھیوم

(۱) اس نام کے دو شخص ہوئے ہیں—تایبیریس گریکس اور کایس گریکس، یہہ لفظ ان دونوں کی جمع ہے—

Clemens, Flavius	کلیمنس
Clement of Alexandria	کلیمنٹ اسکندروی
Cleombrotus	کلیومبروٹس
Clotaire	کلوٹھر
Clotilda	کلوٹیلڈا
Clovis	کلووس
Coemgenus	کویمجنس
Coleridge	کالرج
Colman, St.	سینٹ کولمین
Columbanus	کولمبنس
Condillac	کانڈلک
Constantine	قسطنطین
Cordeilla	کارڈیلیا
Cornelia	کارنیلیا
Cornelius	کارنیلیس
Cornutus	کارنوٹس
Cousin, Victor	وکٹر کزن
Crantor	کرینٹر
Cremutius Cordus	کریموشس کورڈس
Cromaziano	کرومیزیانو
Crusius	کروسیس
Cudworth	کڈورتھ
Cumberland, Bishop	پادری کمبرلینڈ
Cyprian	سائپرین
Cyril	سرل
Cyzicus	سایزیکس
Dale, Van	وان ڈیل
Decius	ڈیسیس
Defoe, Daniel	ڈینیل ڈیفو
Demonax	ڈی مونکس
Deogratias	ڈیوگریٹس
Diagoras	ڈیاگورس
Diodorus	ڈیوڈورس
Dion Chrysostom	ڈیان کریزوسٹوم
Dionysius	ڈایونی سی اس
Dodwell	ڈاڈول
Domitian	ڈومیٹین
Domitilla	ڈومیٹیلیا
Domnina	ڈومینا
Donne	ڈون
Dumont	ڈیمونٹ
Ennius	اینیس
Ephrem	اِفرم
Epictetus	اپکٹیٹس
Epiphanius	اپیفینیس
Epponina	اپونینا
Eupraxia	یوپریکسیا
Euripides	یوریپیڈیس

Babylas	بابیلس	Butler, Bishop	بادري بٹلر
Bacon, Francis	فرانسس بیکن	Caesar, Julius	جولیس سیزر
Bacon, Roger	راجر بیکن	Caligula	کیلیگولا
Bain	بین	Camma	کاما
Balbus, Cornelius	کارنیلیس بیلبس	Carlyle, Thomas	ٹامس کارلائل
Baltus	بیلٹس	Carneades	کارنیڈس
Bassus, Ventidius	وینٹیڈیس باسس	Carpocrates	کارپوکریٹس
Bathilda, Queen	ملکہ بیتھلڈا	Cassius	کیسیس
Benedict, St.	سینٹ بینیڈیکٹ	Castellio	کسٹلیو
Bentham, Jeremy	جرمي بنتھم	Cato	کیٹو
Besarion	بیساریون	Catullus	کیٹیلس
Blandina	بلنڈینا	Cautinus	کاٹینس
Blesilla	بلیسلا	Celsus	سلسس
Blondel	بلانڈل	Charlemagne	ٹارلیمین
Boadicea	بوڈیشیا	Charles V	چارلس پنجم
Bolingbroke	بولنگبروک	Charles Martel	چارلس مارٹل
Boniface	بونیفیس	Chilon	چلون
Bonnet	بونٹ	Chrysippus	کرسیپس
Bossuet	بوسے	Chrysostom	کرسوستم
Brown	براون	Cicero	سسرو
Brunehaut, Queen	ملکہ برونہات	Clarke	کلارک
Brutus	بروٹس	Claudius	کلاڈیس
Buckle, Thomas	ٹامس بکل	Claver, Father	پادري کلیور
Butler, Archer	آرچر بٹلر	Cleanthes	کلینتھس

افسوس ہے کہ اسماء مندرجہ فہرست ذیل کا صحیح تلفظ اردو میں ادا نہیں ہوسکتا۔ناظرین کو
انہیں پر قناعت کرنا چاہئیے - البتہ انگریزی الفاظ کی مدد سے وہ بطور خود
انکی تصحیح کرسکتے ہیں

Acacius	اکیشیس	Apollonius of Tyana	اپولونیس آف ٹوانا
Aeschylus	عسقلیوس	Apollonius	اپولونیس
Agnes, St.	سینٹ ایگنس	Apuleius	اپولیس
Alberic	البریک	Archytas of Tarentum	أرکیٹس
Alexander, the Abbot	اسکندر راہب	Aristides	ارسٹیڈس
Alexander, the Great	سکندر اعظم	Aristotle	ارسطو
Alexis, St.	سینٹ الیکسس	Arius	ایرئیس
Alimentus	ایلی منٹس	Arnobius	ارنوبیس
Amafanius	امافینیس	Arria	ایریا
Ambrose, St.	ایمبروز	Arrian	ایرین
Ammon, St.	سینٹ ایمن	Arsenius	أرسینیس
Amour, William, de St.	سینٹ ولیم ڈی امور	Artemis	أرٹیمس
Anaxagoras	انکسا غورس	Asella	اسیلا
Angelo, Michael	مایکل اینگلو	Aspasia	اسپیسیا
Antigonus of Socho	انٹیگونس	Atticus	اٹیکس
Antioch	انطاخ	Augustine, St.	سینٹ اگسٹائن
Antisthenes	انٹستینس	Augustus	اغسطس
Antoninus	انٹونینس	Aulus Gellius	آلس گلیس
Antoninus Pius	انٹونیس پی اس	Aurelius Marcus	مارکس آرلیس
Antony	انٹونی	Austin	آسٹن
Aphrodite	ایفروڈایٹ	Avitus	اویٹس

کے مطالعے اور کامل غور وخوض کا نتیجہ ہی جسکی اہل ملک کو پوری قدر کرنا چاہیئے محترم مولف چونکہ قدیم اور جدید علوم دونوں کے یکسان طور پر ماہر ہین اسوجہ سے اصطلاحات علمیہ کا ترجمہ نہایت خوبی سے کیا ہی اور اُن اصطلاحات کی یک فرہنگ بھی کتاب کے آخر مین دیدی گئی ہے قیمت عہ مجلد عہ

طبقات الارض (مولفہ جناب مرزا مہدی خان صاحب موصوف کی کتاب مقدمات الطبیعیات کی طرح یہ کتاب بھی علم طبقات الارض مین اردو کی پہلی کتاب ہی جسمین نہایت وضاحت کے ساتھ اس علم کے تمام اصول وقوانین، تازہ ترین تحقیقات کے بموجب لکھے گئے ہین اور آخر مین بہت قیمتی فرہنگین اصطلاحات علمیہ اور اشیٔ مخلوقات کے اسمائی دی گئی ہین۔ یہ اصطلاحات اکثر و بیشتر مولف کتاب کی وضع کردہ ہین قیمت عہ مجلد عہ

فلسفۂ اجتماع ۔ مسٹر عبدالماجد بی۔ اے مصنف فلسفۂ جذبات نے علم النفس کی یہ دوسری کتاب لکھی ہی فلسفۂ جذبات مین جہان افراد انسانی کے نفسیاتی ادراک اور اُسکے زیر اثر جو افعال سرزد ہوتے ہین اُن سے بحث کی گئی تھی وہان فلسفۂ اجتماع مین ان کیفیات وحسیات کا بیان ہی جو مجامع اور اُن کے اثرات سے پیدا ہوتی ہین۔ اس مین فاضل مصنف نے بڑی خوبی و امثال کے ساتھ اُن تعلقات کا ذکر کیا ہی جو لیڈرون اور عوام مین پایا جاتا ہی قیمت عہ مجلد عہ

البیرونی ۔ اس مین مسٹر سید حسن برنی بی۔ اے (علیگ) نے بڑی کوشش وجستجو سے علامہ ابوریحان بیرونی کے حالات جمع کیے ہین اور اس علامہ اجل کی سوانح عمری مرتب کرکے اہل ملک کو کتاب الہند کے مصنف کی زندگی کے اہم واقعات اور اُس کے کمال ذوق علمی اور طالبعلمانہ تجسس وتلاش سے آشنا کردیا ہی جس کے مطالعہ سے اس بات کا کسی قدر اندازہ ہوسکتا ہی کہ کہ کسی علم وفن کے حاصل کرنے کے لیئے کس درجہ استقلال، ہمت اور جفاکشی کی ضرورت ہی بیرونی کی حقیقی عظمت کا زیادہ احساس اُردو خوان اصحاب کو اُس وقت ہو سکے گا جب کتاب الہند کا ترجمہ ہماری زبان مین ہو جائیگا۔ مگر نسبتہً اس مختصر سوانح عمری اور تبصرہ سے بھی ایک حد تک اس جلیل القدر محقق کے مرتبہ و مدارج کمال کا اندازہ ہو جائیگا قیمت مجلد عہ

مشاہیر یونان و روما یعنی حکیم پلوٹارک یونانی کی شہرۂ آفاق ولاجواب کتاب پے رسے لائیوز کا اردو ترجمہ (جلد اول) حسین یونان وروما کے اولوالعزم مدبرین کے سوانحی حالات اور اُن کے بیش بہا خیالات درج کرکے ازراہ تبصرہ ایک سے دوسرے کا مقابلہ کرکے دکھایا گیا ہی۔ یورپ مین یہ کتاب اس درجہ عظمت کی نگاہون سے دیکھی جاتی ہی کہ بڑے بڑے فلسفی شاعر اور مدبرین سلطنت اس سے استفادہ کرنے پر فخر و ناز کا اظہار کرتے ہین۔ انگریزی زبان مین جس شخص نے اسکا ترجمہ کیا اُسے برٹش گورنمنٹ نے اُس کے صلہ مین نائٹ کا خطاب عطا کیا اور حقیقت مین یہ کتاب ہی بھی اسی قابل کہ اسکی عزت وعظمت کیجائے کیونکہ یہ منجملہ اُن چند کتابون کے ہی جنھون نے مغرب کو تعزندلت سے نکال کر اوج کمال پر پہونچادیا۔ آپ اس کتاب مین حب وطن، کامل ایثار، بے نفسی و جان نثاری اور اولوالعزمی کی ایسی زندہ اور سچی تصویرین دیکھینگے کہ ان کو پڑھکر انسان بخود ہو جاتا ہی اور اُسکا دل بے اختیار سچے جذبات سے اُبلنے لگتا ہی" دنیا مین سکڑون آدمی ایسے گذرے ہین کہ اس کتاب نے اُن پر جادو کا اثر کیا ہی اور اسکی بدولت اُنھین حیات جاودانی حاصل ہوئی ہی"، سید ہاشمی صاحب نے اس کتاب کا ترجمہ جس جانکاہی شوق ومحنت سے کیا ہی اُس کے لحاظ سے فاضل دیب جناب مولوی عبدالحق صاحب بی۔ اے کی راے ہی کہ یہ اردو ترجمہ بلحاظ طرز بیان، سلاست واظہار مطالب انگریزی ترجمہ پر فوقیت رکھتا ہی" لائق مترجم نے کتاب کے شروع مین ایک تاریخی مقدمہ بھی اضافہ کیا ہی جو گویا یونان وروما کی قدیم تاریخ کا خلاصہ ہے اور یونان وروما کی قدیم سلطنتون کے رنگین نقشون سے بھی کتاب مزین کی گئی ہے قیمت عہ مجلد سے،

دریاے لطافت ۔ یہ لاجواب کتاب مشہور استادان فن سید انشاء اللہ خان انشا اور مرزا قتیل کی متحدہ

کوششون کا نتیجہ ہی جو ایک دفعہ پہلے بھی مطبع آفتاب عالمتاب مرشد آباد مین طبع ہوئی تھی مگر اب نہین ملتی تھی - انجمن ترقی اردو نے اب مناسب ترمیمات و اختصار کے بعد اسے پھر شایع کرایا ہے اُن تمام اصحاب کے لیے جن کو اردو زبان کے متعلق تحقیقات یا اپنی معلومات مین اضافہ کرنا ہو یہ نہایت عمدہ رہنما ہوگی اور اُردو کے کسی کتب خانے کو اس کتاب سے خالی نہ رہنا چاہیئے - قیمت ۴ر مجلد ۱۲ر

خلافت اندلس یعنی عربون کی ہشت صد سالہ حکومت اندلسی کی تاریخ مؤلفہ عالیجناب نواب ذوالقدر جنگ بہادر ایم - اے بیرسٹر ایٹ لا سابق جج ہائیکورٹ ریاست حیدرآباد دکن - جسکے دو سوسٹ موصوف نے ازراہ ہمدردی انجمن ترقی اُردو کو عنایت فرمائے ہین -

قیمت ہر سہ جلد مجلد صہ غیر مجلد للہ ر

اردو کا نیا قاعدہ - انجمن ترقی اردو کی طرف سے ایک کمیٹی اس غرض سے منعقد ہوئی تھی کہ موجودہ قاعدون مین جو نقایص ہین اُن کو رفع کرکے ایک ایسا قاعدہ ترتیب دیا جائے جس کا پڑھانا ہر طرح طلبا کی ذہنی و دماغی ترقی و تعلیم کے لیے مفید ہو - چنانچہ کئی سال کی محنت اور بہت سے اصحاب کی منفردہ و متحدہ مساعی کا اب نتیجہ ظاہر ہوا ہے جو اہل کی خدمت مین پیش کیا جاتا ہی - تمام ہی خواہان ملک و قوم کو چاہیے کہ رایج الوقت قاعدون کے بجاے اس قاعدہ کو اپنے یہان ذریعہ تعلیم بنائین جسکے بیش بہا منافع سے اُن کی آیندہ نسلین متمتع ہوسکین گی - قیمت ۲ر

کلید قاعدہ - انجمن کا جدید قاعدہ جن اصولون پر مرتب کیا گیا ہی اسکی توضیح کے لیے اور نیز معلمین کی اس بارہ مین رہنمائی کرنے کی غرض سے کہ اس قاعدہ کے پڑھانے مین کن باتون کا خاص طور پر لحاظ رکھا جائے یہ کلید مدون کی گئی ہی - جو انجمن کا قاعدہ پڑھانے والون کے لیے نہایت کارآمد ہوگی - قیمت ۴ر

علم المعیشت یعنی اصول اکنامکس یا پولیٹکل اکانومی (اقتصادیات) پر اُردو مین سب سے پہلی اور مستند کتاب مصنفہ مسٹر محمد الیاس برنی - ایم اے - ایل ایل بی - (علیگ) پروفیسر اکنامکس علی گڈھ کالج - اقتصادیات کی واقفیت یون تو ہر صورت مین نہایت ضروری اور کارآمد ہے، مگر مفلس و درماندہ قوم و ملک کے باشندون کے واسطے دنیا کے تمام علوم سے زیادہ اسی کا مطالعہ لازمی اور سودمند ہوگا کیونکہ دقت فکر اور روپے کا مصرف بتانے کے سوا موجودہ دور مسابقت مین اس بات کا مناسب معیار قائم کرنے مین بھی اسی سے مدد ملتی ہے کہ دنیا کے مختلف شعبہ جات مین کم سے کم خرچ سے زیادہ سے زیادہ آمدنی کیسے حاصل ہوسکتی ہے، اور نیز یہ سکھاتی ہی کہ دولت مندی کا حقیقی مفہوم کیا ہے

حجم نامداز ۸۰۰ صفحے خوشنما جلد - قیمت ۴ر

دیوان رضا جناب ابوالبرکات مولانا برکت اللہ صاحب رضا فرنگی محلی جو اس زمانہ کے مشہور کہنہ مشق شاعرون مین شمار ہوتے ہین اُنھون نے اُردو کانفرنس کے موقع پر ازراہ ہمدردی انجمن ترقی اردو کو اپنے نو طبع دیوان کے پچاس نسخے عنایت فرمائے شایقین سے قیمت اگرچہ اسکی دو روپیہ معین ہی مگر ممبے ہمدردان انجمن کے لیے صرف نصف کردی ہے -

اسباق النحو - زبان عربی کی تحصیل مین جو دشواریان عام طور پر محسوس کیجاتی ہین اُن کو رفع کرنے کیلئے جناب مولانا حمید الدین صاحب بی اے پرنسپل دارالعلوم حیدرآباد دکن نے بالکل نئے اور سہل طریقہ پر عربی صرف و نحو سکھانے کیلئے یہ رسالے تالیف فرماکر انجمن ترقی اُردو کو عطا کیے ہین

حصۂ اول ۴ر حصہ دوم ۵ر

(محصول ہر صورت مین ذمہ خریدار رہے گا)

ملنے کا پتہ کتب خانہ دارالاشاعت انجمن ترقی اردو لکھنؤ

۱۷۰۵۹

آخری درج شدہ تاریخ پر یہ کتاب مستعار
لی گئی تھی مقررہ مدت سے زیادہ رکھنے کی
صورت میں ایک آنہ یومیہ دیرانہ لیا جائے گا۔